وفاق المدارس العربیہ کے درجہ عالیہ کے

حل شدہ پرچہ جات کا مجموعہ

# الجوابُ لِلعالِیة

لِلبنات (اول)

# لِحلّ اسئلة العالیة

مؤلف


استاذ العلماء حضرت مولانا محمد یسین شاکر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

استاذ الحدیث والتفسیر جامعہ خیر المدارس، ملتان



مولوی ابو اسامہ محمد یامین رحمانی صاحب



مکتبہ زکریا

ملتان پاکستان

0300-6357913, 0313-6357913

www Maktaba Tul Ishaat .com

تمام فنون کے کتب کے پی-ڈی-ایف ہمارے ویب سائٹ سے اور پلے سٹور سے فری ڈاون لوڈ کریں۔ ہم روزانہ کی بنیاد پر اس میں مزید کتب شامل کر رہے ہیں اس لیے آپ ہفتے میں ایک بار ضرور ہمارے پلے سٹور اور ویب سائٹ کو چیک کیا کریں۔

ابھی مطلوبہ پی-ڈی-ایف مفت ڈاون لوڈ کریں

| | | |
|---|---|---|
| تفاسیر | خطبات | منطق |
| احادیث | سیرت | معانی |
| فقہ | تاریخ | تصوف |
| سوانح حیات | صرف | تقابل ادیان |
| درس نظامی | نحو | تجوید |
| لغت | فلسفہ | نعت |
| فتاوی | حکمت | تراجم |
| اصلاحی | بلاغت | تبلیغ و دعوت |
| تمام فنون | | |

مکتبۃ الاشاعت ڈاٹ کام
Maktaba Tul Ishaat.com

## فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۳ | انتساب | ۱ |
| ۲۲ | پیش لفظ | ۲ |
| ۲۳ | ﴿الورقة الاولٰی فی التفسیرؔ﴾ | ۳ |
| ۲۵ | ۱٤۲۷ھ | ٤ |
| ۲۵ | الم، غلبت الروم (روم:۱تا٦) ترجمہ، شانِ نزول، تفسیر، بضع سنین کی تحقیق، لله الامر الخ کی ترکیب، ادنی الارض کی مراد | ۵ |
| ۲٦ | الم تر ان الله انزل من السماء (فاطر:۲۷) ترجمہ، تفسیر، لغوی وصرفی تحقیق | ٦ |
| ۲٦ | ماکان محمد ابا احدمن رجالکم (احزاب:٤۰) ترجمہ، تفسیر، خاتم کی لغوی وصرفی تحقیق | ۷ |
| ۲۷ | واضرب لهم مثلاً اصحٰب القرية (یٰس:۱۳،۱٤) ترجمہ، پسِ منظر، تشریح، قریہ اور پیغمبروں کے نام | ۸ |
| ۲۷ | لقد رضی الله عن المؤمنین اذیبایعونك (فتح:۱۸،۱۹) ترجمہ، شانِ نزول، لغوی وصرفی تحقیق | ۹ |
| ۲۸ | یا ایها الذین آمنوان جاءکم فاسق (حجرات:٦) ترجمہ، شانِ نزول، صرفی تحقیق، نون اعرابی کے گرنے کی وجہ | ۱۰ |
| ۲۹ | ۱٤۲۸ھ | ۱۱ |
| ۲۹ | یٰبنی اقم الصلوٰة وأمر بالمعروف (لقمان:۱۷تا۱۹) ترجمہ، صرفی تحقیق، ان انکر الاصوات الخ کی ترکیب | ۱۲ |
| ۲۹ | یعملون له مایشآء من محاریب (سباء:۱۳،۱٤) ترجمہ، لغوی تحقیق، پیغمبر کا نام اور وفات کا واقعہ، دابة الارض کی مراد | ۱۳ |
| ۳۰ | اذلك خیرٌ نزلاام شجرة الزقوم (صٰفٰت:٦۲تا٦۵) ترجمہ، ذلك کا مشارالیہ، انا جعلنا ها فتنة الخ کی مراد، طلعها کانه رؤس الشیٰطین کا مطلب | ۱٤ |
| ۳۱ | وقالوا لولا نزل هذا القرآن علی رجل من القریتین عظیم (زخرف:۳۱،۳۲) ترجمہ، کفار کا شبہ اور اسکا جواب | ۱۵ |
| ۳۱ | افلم ینظروا الی السمآء فوقهم کیف بنینها (قٓ:٦تا۱۱) ترجمہ، لغوی وصرفی تحقیق، تبصرة وذکرٰی لکل عبد منیب اور رزقا کی ترکیب، میتا کی ترکیبی تحقیق | ۱٦ |
| ۳۲ | فاذا لقیتم الذین کفروا (محمد:٤) ترجمہ، لغوی صرفی ونحوی تحقیق، فاما منا بعد سے ذلك تک نحوی ترکیب | ۱۷ |
| ۳۳ | ۱٤۲۹ھ | ۱۸ |
| ۳۳ | ام ابرموا امرًا فانا مبرمون (زخرف:۷۹تا۸۲) ترجمہ، ابتدائی آیات کا شانِ نزول، قل ان کان للرحمٰن ولد میں حضرات مفسرین کے اقوال اور راجح قول کی تعیین، سبحٰن رب السمٰوات سے آخر تک نحوی ترکیب | ۱۹ |
| ۳٤ | واذکر عبدنا ایوب (صٓ:٤۱تا٤٤) ترجمہ، تفسیر وشانِ نزول، مسنی الشیطان کی تشریح، حیلہ کرنے کا جواز، نعم العبد انه اوّاب کی ترکیب، المصطفین کا صیغہ تعلیل | ۲۰ |
| ۳٦ | وان یونس لمن المرسلین (صٰفٰت:۱۳۹تا۱٤٦) ترجمہ، تشریح، حضرت یونس علیہ السلام کا قصہ | ۲۱ |
| ۳۷ | انا عرضنا الامانة علی السمٰوات والارض (احزاب:۷۲) ترجمہ، لغوی وصرفی تحقیق، امانت کی مراد، جنات کے مکلف ہونے کے باوجود بارامانت کے متحمل نہ ہونے کی وجہ، انسان کو بارامانت اُٹھانے کے باوجود ظلوما جهولا کہنے کی وجہ | ۲۲ |
| ۳۹ | ادعوهم لاٰبآئهم هو اقسط عند الله (احزاب: [illegible]) [illegible] تشریح، شانِ نزول، منہ بولے بیٹے کی شرعی حیثیت | ۲۳ |
| ۳۹ | وما کان لبشران یکلمه الله (شوریٰ: [illegible]) ترجمہ، تفسیر، وحی کی اقسام، خط کشیدہ جملوں کی ترکیب | ۲٤ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ | ۱۴۲۰ھ | ٤١ |
| ۲۶ | یاایها الذین آمنوا لاتقدموا بین یدی الله (حجرات:۱،۲) ترجمہ، تفسیر، شانِ نزول، حبطِ اعمال کے موجب کی وضاحت، لاتجهروا الله سے آخر آیت تک ترکیب، اتقوا کی تعلیل | ٤١ |
| ۲۷ | وجآء من اقصا المدینة رجل یسعٰی (یٰسٓ:۲۰تا۲۲) ترجمہ، تفسیر، المدینہ کی مراد، اقصائے مدینہ سے آنے والے شخص کا نام، اتبعوا من لایسئلکم اجرا وهم مهتدون کی ترکیب، اتبعوا المهتدون کے ابواب کی نشاندہی | ٤٢ |
| ۲۸ | ولئن سألتهم من خلقهم لیقولن الله (زخرف:۸۷تا۸۹) ترجمہ، وقیله یٰرب ان هؤلاء قوم لایؤمنون کی ترکیب، لیقولن صیغہ کی وضاحت، انّٰی اللہ کی ترکیبی حیثیت | ٤٣ |
| ۲۹ | ماجعل الله لرجل من قلبین فی جوفه (احزاب:۳،۵) ترجمہ، تفسیر، ادعیاء ابناء افواه کا مفرد، ذلکم قولکم بافواهکم کی نحوی ترکیب، رسوماتِ باطلہ کی وضاحت، الفاظِ مخطوطہ کے ابواب ومعانی | ٤٤ |
| ۳۰ | وقال رجل مؤمن من آل فرعون یکتم ایمانه (مؤمن:۲۸) ترجمہ، تفسیر، رجل مومن کا نام، بینات کا مصداق، مخطوطہ جملوں کی ترکیب، یکتم اور یعدکم کی ضمیر مرفوع کا مرجع | ٤٥ |
| ۳۱ | یاایها الذین آمنوا لایسخر قوم (حجرات:۱۱) ترجمہ، تفسیر، لغوی تحقیق، بئس الاسم الخ کی ترکیب | ٤٦ |
| ۳۲ | ۱۴۲۱ھ | ٤٧ |
| ۳۳ | قد یعلم الله المعوقین منکم والقآئلین (احزاب:۱۸تا۲۰) ترجمہ، تفسیر، کلماتِ مخطوطہ کی لغوی تحقیق، تدور اعینهم کی ترکیب | ٤٧ |
| ۳۴ | یاایها الذین آمنوا لاتکونوا کالذین آذوا موسٰی (احزاب:۶۹تا۷۱) ترجمہ، تفسیر، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ، یصلح لکم کے مجزوم ہونے کی وجہ، تقویٰ کا معنی، قولِ سدید کی تخصیص کی وجہ | ٤٨ |
| ۳۵ | اولٰئک لهم رزق معلوم (صٰفٰت:۴۱تا۴۹) ترجمہ، تفسیر، تحقیق، فواکه اور متقابلین کی ترکیبی حیثیت | ٥٠ |
| ۳۶ | ونفخ فی الصور فصعق من فی السمٰوٰت (زمر:۶۸،۶۹) ترجمہ، تفسیر، من شاء الله کا مصداق، صعق کی مراد، نفخات کی تعداد اور تعیین، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق، نفخ کا نائب فاعل | ٥٠ |
| ۳۷ | ومن اٰیٰته الجوار فی البحر کالاعلام (شوریٰ:۳۲تا۳۵) ترجمہ، تفسیر، لغوی تحقیق، یعف کے مجزوم اور یعلم کے منصوب ہونے کی وجہ | ٥١ |
| ۳۸ | ومن اٰیٰته ان یرسل الریاح (روم:۴۶،۴۷) ترجمہ، تفسیر، لغوی تحقیق، مبشرات کی ترکیبی حیثیت، وکان حقا الخ کی ترکیب | ٥٢ |
| ۳۹ | ۱۴۲۲ھ | ٥٣ |
| ۴۰ | یاایها الذین آمنوا لاتدخلوا (احزاب:۵۳) ترجمہ، تفسیر، شانِ نزول اور سنِ نزول، تحقیق مسئلہ حجاب کی تفصیل | ٥٣ |
| ۴۱ | والصّٰٓفّٰت صفا فالزّٰجرٰت زجرا (صٰفٰت:۱تا۹) ترجمہ، تفسیر، والصّٰٓفّٰت صفا کا جوابِ قسم، لغوی وصرفی تحقیق، حفظا اور دحورا کے منصوب ہونے کی وجہ | ٥٥ |
| ۴۲ | حٰمٓ، تنزیل من الرحمٰن الرحیم (حٰمٓ سجدہ:۱تا۵) ترجمہ، تفسیر، لغوی تحقیق، حروفِ مقطعات کی مراد میں اختلاف، تنزیل، قرآنا اور بشیرا کی ترکیبی حیثیت | ٥٦ |
| ۴۳ | واذ صرفنا الیک نفرا من الجن یستمعون (احقاف:۲۹تا۳۲) ترجمہ، تفسیر، واقعہ کی تفصیل، لغوی تحقیق، یستمعون القرآن کی ترکیبی حیثیت، سورت کا نام | ٥٧ |
| ۴۴ | الله الذی یرسل الریٰح فتثیر (روم:۴۸،۴۹) ترجمہ، تفسیر، تحقیق، من قبل ان ینزل اور من قبله کا متعلق | ٥٨ |
| ۴۵ | ولوترٰی اذ فزعوا فلا فوت واخذوا من مکان (سبا:۵۱تا۵۴) ترجمہ، تفسیر، تحقیق، واخذوا من مکان قریب کی وضاحت، وحیل بینهم کی تفسیر | ٥٩ |


Maktaba Tul Ishaat.com

| | | |
|---|---|---|
| ٤٦ | ١٤٢٣ھ | ٦١ |
| ٤٧ | لهم من فوقهم ظلل من النار (زمر:١٦، ١٧) ترجمہ، تفسیر، ظلل اور الطاغوت کا مصداق، ان يعبدوها کی ترکیبی حیثیت | ٦١ |
| ٤٨ | حٰمٓ، والكتاب المبين انا انزلنه (دخان:١تا٧) ترجمہ، تفسیر، ليلة مبٰركة کی تعیین، امرًا اور رحمة کی ترکیبی حیثیت | ٦١ |
| ٤٩ | انا فتحنالك فتحًا مبينًا (فتح:١تا٣) ترجمہ، تفسیر، شانِ نزول، ليغفرلك کا ترکیبی تعلق | ٦٢ |
| ٥٠ | اولم يتفكروا في انفسهم ماخلق (روم:٨، ٩) ترجمہ، تفسیر، فينظروا کی ترکیبی حیثیت، فما كان الله الخ کی ترکیب | ٦٣ |
| ٥١ | اولم يروا انا نسوق المآء (سجدہ:٢٦تا٣٠) ترجمہ، تفسیر، الفتح کا مصداق، الماء، الارض الجرز کی مراد | ٦٤ |
| ٥٢ | ولقد نادٰنا نوح فلنعم المجيبون (صٰفٰت:٧٥تا٨٢) ترجمہ، تفسیر، ربط، اهل اور كرب عظيم کا مصداق، هم الباقين کی ترکیبی حیثیت | ٦٥ |
| ٥٣ | ١٤٢٠ھ | ٦٦ |
| ٥٤ | قل يٰعبادى الذين اسرفوا على انفسهم (زمر:٥٣تا٥٥) ترجمہ، تفسیر، شانِ نزول، بغتة کے منصوب ہونے کی وجہ | ٦٦ |
| ٥٥ | والذين يجتنبون كبائر الاثم (شوریٰ:٣٧تا٤٠) ترجمہ، تفسیر، شوریٰ (مشورہ) کی اسلام میں اہمیت، گناہ کبیرہ کی تعریف | ٦٧ |
| ٥٦ | ولما ضرب ابن مريم مثلًا اذا قومك (زخرف:٥٧تا٦١) ترجمہ، تفسیر، وانه لعلم کی ضمیر کا مرجع، خط کشیدہ الفاظ کے لغوی معنی | ٦٨ |
| ٥٧ | ومن اٰيته ان خلقكم من تراب (روم:٢٠تا٢٤) ترجمہ، مذکورہ قدرتوں کی تفصیل، وجعل بينكم مودة و رحمة کی ترکیب | ٦٩ |
| ٥٨ | فاقبل بعضهم على بعض يتسآءلون (صٰفٰت:٥٠تا٥٥) ترجمہ، جنتی اور کافر ملاقاتی کا واقعہ، فاطلع فراٰه فى سواء الجحيم کی ترکیب | ٦٩ |
| ٥٩ | فما اوتيتم من شيئٍ فمتاع الحيٰوة (شوریٰ:٣٦تا٣٨) ترجمہ، كبائر الاثم کی وضاحت، مؤمنین کی صفات کی تفصیل | ٧١ |
| ٦٠ | ١٤٢٥ھ | ٧١ |
| ٦١ | يٰايها الذين اٰمنوا اذكروا نعمة الله عليكم (احزاب:٩تا١١) ترجمہ، ربط، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی دعوت کا واقعہ، حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے زخمی ہونے کا واقعہ، الفاظ خط کشیدہ کے ابواب اور معانی | ٧١ |
| ٦٢ | يٰايها الذين اٰمنوا اذا نكحتم المؤمنٰت (احزاب:٤٩تا٥٠) ترجمہ، پہلی آیت میں مذکور احکام کی وضاحت، حصۂ طلاق سے متعلق شرعی حکم | ٧٣ |
| ٦٣ | وما ارسلنا في قرية من نذير الا قال مترفوها (سبا:٣٤تا٣٦) ترجمہ، تفسیر، شانِ نزول | ٧٤ |
| ٦٤ | الله الذى خلقكم من ضعف ثم جعل (روم:٥٤تا٥٧) ترجمہ، تفسیر، الفاظ خط کشیدہ کے ابواب و معانی | ٧٥ |
| ٦٥ | الله الذى خلق السمٰوٰت والارض (سجدہ:٤تا٦) ترجمہ، فى يوم كان مقداره الخ کی تفسیر، الفاظ خط کشیدہ کے ابواب و معانی | ٧٦ |
| ٦٦ | يٰايها الذين اٰمنوا اذكروا الله ذكرًا (احزاب:٤١تا٤٦) ترجمہ، تحيتهم يوم يلقونه سلٰم کی تفسیر، ابواب و معانی | ٧٧ |
| ٦٧ | ١٤٢٦ھ | ٧٨ |
| ٦٨ | ان تبدوا شيئًا او تخفوه (احزاب:٥٤تا٥٦) ترجمہ، صلوٰۃ وسلام کا طریقہ، الفاظ خط کشیدہ کے ابواب و معانی | ٧٨ |
| ٦٩ | واذكر عبدنا ابراهيم واسحٰق ويعقوب اولى الايدى والابصار (صٓ:٤٥تا٥٢) ترجمہ، حضرت یسع علیہ السلام کا تعارف، وعندهم قٰصرات الطرف اتراب کی وضاحت | ٧٩ |
| ٧٠ | لله ما فى السمٰوٰت والارض ان الله هو الغنى الحميد (لقمان:٢٦تا٢٩) ترجمہ، قل لو كان البحر الخ کا شانِ نزول، الفاظ خط کشیدہ کے ابواب اور معانی | ٨٠ |

| | | |
|---|---|---|
| ٧١ | واما الذین فسقوا فماوٰھم النار (سجدہ:١٨تا٢٢) ترجمہ ولنذیقنھم الخ کی تفسیر، الفاظ مخطوطہ کے اعراب اور معانی | ٨٠ |
| ٧٢ | یاایھا النبی انا احللنالک ازواجک التی (احزاب:٥٠) ترجمہ وامراۃ مؤمنۃ الخ کی تفسیر، اعراب اور معانی | ٨١ |
| ٧٣ | وللہ ملک السمٰوات والارض (جاثیہ:٢٧تا٣٠) ترجمہ وتری کل امۃ جاثیۃ کی تفسیر، اعراب اور معانی | ٨٢ |
| ٧٤ | ١٤٣٧ھ | ٨٣ |
| ٧٥ | لقد کان لسبأ فی مسکنھم اٰیۃ (سباء:١٥تا١٧) ترجمہ تفسیر قوم سبا کا تعارف | ٨٣ |
| ٧٦ | ھٰذا وان للطٰغین لشر ماٰب جھنم یصلونھا (ص:٥٥تا٦٠) ترجمہ تفسیر وتحقیق | ٨٤ |
| ٧٧ | اللہ نزل احسن الحدیث کتٰبا متشابھا (زمر:٢٣) ترجمہ تفسیر، متشابھا مثانی کا مفہوم | ٨٤ |
| ٧٨ | ما یقال لک الا ما قد قیل للرسل (حم سجدہ:٤٣،٤٤) ترجمہ تفسیر، اولئک ینادون من مکان بعید کا مفہوم | ٨٥ |
| ٧٩ | یاایھا الناس اتقوا ربکم (لقمان:٣٣تا٣٤) ترجمہ تفسیر بارش اور رحم مادر میں موجود بچہ کے متعلق بندوں کے علم کی توجیہ | ٨٦ |
| ٨٠ | قل افغیر اللہ تامرونی اعبد ایھا الجاھلون (الزمر:٦٤تا٦٧) ترجمہ تفسیر سمٰوٰت بیمینہ کا مطلب، تحقیق | ٨٧ |
| ٨١ | ١٤٣٨ھ | ٨٨ |
| ٨٢ | وعدکم اللہ مغانم کثیرۃ تاخذونھا (الفتح:٢٠تا٢٣) ترجمہ تفسیر، تحقیق | ٨٨ |
| ٨٣ | قد سمع اللہ قول التی تجادلک (مجادلہ:١تا٤) ترجمہ شان نزول ظہار کی لغوی واصطلاحی تعریف، کفارہ ظہار کی تفصیل | ٨٩ |
| ٨٤ | سال سائل بعذاب واقع (معارج:١تا٦) ترجمہ تفسیر کان مقدارہ خمسین الف سنۃ کی نحوی ترکیب | ٩٠ |
| ٨٥ | الٓمّٓ ۚ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ (لقمان:١تا٦) ترجمہ آلات لہو ولعب کا شرعی حکم، مکی سورۃ میں زکوٰۃ کی ادائیگی کے حکم کی وضاحت | ٩١ |
| ٨٦ | وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ اِحْسٰنًا (احقاف:١٥) ترجمہ تفسیر، اکثر مدت حمل ورضاعت میں فقہاء کرام کے اقوال | ٩٢ |
| ٨٧ | اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۙ لَیْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۘ (واقعہ:١تا٦) ترجمہ تفسیر، سورۂ واقعہ کی خصوصیات وفضائل اور وجہ تسمیہ | ٩٣ |
| ٨٨ | ١٤٣٩ھ | ٩٤ |
| ٨٩ | او لم یروا ان اللہ یبسط الرزق الخ (روم:٣٧تا٣٩) ترجمہ تفسیر حق وذوی القربیٰ کی مراد اور سود کی وضاحت | ٩٤ |
| ٩٠ | ولقد اٰتینا لقمٰن الحکمۃ ان اشکر للہ (لقمان:١٢تا١٥) ترجمہ تفسیر، حضرت لقمانؑ کے نبی یا ولی ہونے کی وضاحت شرک کی تعریف اور ظلم عظیم ہونے کی وجہ، والدین کی اطاعت پر جامع نوٹ ومن کفر فان اللہ غنی حمید کی ترکیب | ٩٥ |
| ٩١ | افرأیت الذی تولّٰی الخ (نجم:٣٣تا٤٢) ترجمہ تفسیر شان نزول، حنفیہ کے نزدیک ایصال ثواب کا حکم | ٩٨ |
| ٩٢ | ١٤٤٠ھ | ٩٩ |
| ٩٣ | ومن الناس من یشتری لھو الحدیث (لقمان:٦تا٩) ترجمہ تفسیر شان نزول، کلمات مخطوطہ کی لغوی تشریح، مستکبرًا اور حقًا کے منصوب ہونے کی وجہ، لھو الحدیث کی مراد | ٩٩ |
| ٩٤ | یاایھا النبی قل لازواجک ان کنتن تردن الحیٰوۃ الدنیا (احزاب:٢٨،٢٩) ترجمہ شان نزول | ١٠٠ |
| ٩٥ | ولقد اٰتینا داود منا فضلا (سباء:١٠تا١٣) ترجمہ تفسیر لغوی تحقیق، الریح اور آل داود کے منصوب ہونے کی وجہ | ١٠٢ |
| ٩٦ | فارتقب یوم تاتی السماء بدخان مبین (دخان:١٠تا١٤) ترجمہ پس منظر اور شان نزول دخان مبین کی مراد | ١٠٤ |
| ٩٧ | یاایھا الذین اٰمنوا اجتنبوا کثیرًا من الظن (حجرات:١٢) ترجمہ تفسیر غیبت کی تعریف، خط کشیدہ جملہ کی ترکیب | ١٠٥ |
| ٩٨ | یاایھا النبی لم تحرم ما احل اللہ لک الخ (تحریم:١تا٤) ترجمہ شان نزول، تفسیر، آپ ﷺ کا اجتہادی اختیار | ١٠٦ |


Maktaba Tul Ishaat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۹۹ | ﴿الورقة الثانية: فی الحديث﴾ | ۱۰۹ |
| ۱۰۰ | ۱۴۲۳ھ | ۱۱۱ |
| ۱۰۱ | عن ابی ثابت — مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ تَعَالٰی الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ اللّٰهُ منازل الشهداء الخ،اعراب،ترجمہ،مفہوم | ۱۱۱ |
| ۱۰۲ | عن ابی موسٰی — قال رسول الله ﷺ من صلی البردین دخل الجنة ترجمہ،قال قال میں معنوی فرق،بردین کی مراد | ۱۱۱ |
| ۱۰۳ | عن ابی هريرة — قال رسول الله ﷺ الا أدلكم علی ما يمحو الله به الخطايا الخ ترجمہ،فذالكم الرباط کا مفہوم | ۱۱۱ |
| ۱۰۴ | عن عائشة — نهاهم النبیؐ عن الوصال رحمة لهم الخ ترجمہ،انی لست كهيئتكم کی ترکیب،وصال کی مراد | ۱۱۲ |
| ۱۰۵ | عن ابی بشر — قال تحملت حمالة فأتيت النبی ﷺ اسأله فيها الخ ترجمہ،تشریح | ۱۱۲ |
| ۱۰۶ | عن ابن عباس — قال لو أن لابن آدم واديا من ذهب أحب الخ ترجمہ،ولن يملأ فاه الاالتراب کی نحوی ترکیب،ويتوب الله علی من تاب کا مفہوم اور ماقبل سے ربط | ۱۱۳ |
| ۱۰۷ | ۱۴۲۴ھ | ۱۱۴ |
| ۱۰۸ | عن ابی هريرة — قال ليس الشديد بالصرعة انما الشديد الذی الخ ترجمہ،تشریح،يملك نفسه عند الغضب کی نحوی ترکیب،صرعة کی لغوی تحقیق | ۱۱۴ |
| ۱۰۹ | عن ابی يعلی — قَالَ الْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا الخ،اعراب،ترجمہ،وتمنّی علی الله کا مطلب | ۱۱۵ |
| ۱۱۰ | عن ابی هريرة — لما خلق الله الخلق كتب فی كتاب الخ ترجمہ،کتاب کی مراد،ان رحمتی تغلب غضبی کی نحوی ترکیب | ۱۱۵ |
| ۱۱۱ | عن ابن عمر — كُن فی الدنيا كأنك غريب الخ ترجمہ،منکبی کی وضاحت،غریب اور عابر سبیل میں فرق | ۱۱۵ |
| ۱۱۲ | عن ابی امامة — ان البذاذة من الايمان الخ،اعراب،ترجمہ،عندنا کی ضمیر کا مرجع،بذاذة اور تقحل کی مراد | ۱۱۶ |
| ۱۱۳ | بَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ فَسَتَكُوْنُ فِتَنٌ الخ،اعراب،ترجمہ،تشریح | ۱۱۶ |
| ۱۱۴ | ۱۴۲۵ھ | ۱۱۷ |
| ۱۱۵ | بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ عَلَی السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ الخ،اعراب،ترجمہ،تشریح،تحقیق،كفرا بواحا کی مراد | ۱۱۷ |
| ۱۱۶ | ألا اخبركم بأهل الجنة؟ كل ضعيف متضعف الخ ترجمہ،تشریح،صرفی ولغوی تحقیق | ۱۱۸ |
| ۱۱۷ | ينام الرجل النومة فتقبض الامانة من قلبه فيظل الخ ترجمہ،تشریح،لغوی وصرفی تحقیق | ۱۱۹ |
| ۱۱۸ | أَلدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ، مَلْعُوْنٌ مَا فِيْهَا إِلَّا ذِكْرَ اللّٰهِ،اعراب،ترجمہ،دنیا کے ملعون ہونے کا معنی،ملوالاہ کی مراد،مستثنٰی کی وضاحت | ۱۱۹ |
| ۱۱۹ | لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِيْدًا وَصَلُّوْا الخ،اعراب،ترجمہ،لا تجعلوا قبری عيدا کی تشریح،فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ تَبْلُغُنِیْ حَيْثُ كُنْتُمْ کی ترکیب | ۱۲۰ |
| ۱۲۰ | أَللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ الخ،اعراب،ترجمہ،تشریح | ۱۲۰ |
| ۱۲۱ | ۱۴۲۶ھ | ۱۲۱ |
| ۱۲۲ | مَنْ أَحْدَثَ فِیْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ،اعراب،ترجمہ،تشریح،بدعت کی تعریف،موجودہ بدعات میں سے دس کی نشاندہی | ۱۲۱ |
| ۱۲۳ | إِتَّقُوا الظُّلْمَ فَإِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الخ،اعراب،ترجمہ،تشریح،فَإِنَّ الشُّحَّ أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ کی نحوی ترکیب،ظلم اور شح کی وضاحت | ۱۲۲ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲۴ | عن النبی ﷺ قال قمت علی باب الجنة فلذا عامة من يدخلها المسكين الخ ترجمہ،تشریح،اصحاب الجد کے محبوس ہونے کا سبب،عورتوں کے زیادہ جہنم میں جانے کا سبب،واصحاب الجد محبوسون کی ترکیب | ١٢٢ |
| ۱۲۵ | عن سھل ...... قَالَ لِعَلِيٍّ فَوَاللّٰهِ لَأَنْ يَّهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا الخ ،اعراب،ترجمہ، ھدایت و حمر النعم کی مراد،جملہ کی ترکیب | ١٢٣ |
| ۱۲۶ | إِنَّ مِنْ أَفْضَلِ أَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَأَكْثِرُوْا الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح، عرض صلوٰۃ کی وضاحت،مذکورہ جملہ کی ترکیب | ١٢٤ |
| ۱۲۷ | عن عائشة......قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ الخ،اعراب،ترجمہ،مطلب،متفق علیہ کی مراد،تحقیق | ١٢٥ |
| ۱۲۸ | ١٤٢٧ھ | ١٢٥ |
| ۱۲۹ | عن ابی سعید الخدری..... إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ الخ ،اعراب،ترجمہ،مطلب،ان اول فتنة بنی اسرائیل کی مراد،ان الدنیا حلوة الخ کی ترکیب،مستخلفکم صیغہ کی وضاحت | ١٢٥ |
| ۱۳۰ | عن ابی سعید..... نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الْخَذْفِ الخ ،اعراب،ترجمہ،مطلب مہاب کی نشاندہی | ١٢٦ |
| ۱۳۱ | عن ابن مسعود..... لَيْسَ مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح،سب سے پہلے قاتل کا نام | ١٢٧ |
| ۱۳۲ | عن ابی امامة...... قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَفْضَلُ الصَّدَقَاتِ ظِلُّ فُسْطَاطٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الخ ،اعراب، ترجمہ،تشریح،لغوی تحقیق،جہاد کا لغوی واصطلاحی معنی | ١٢٧ |
| ۱۳۳ | اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَإِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيْعُ الخ ،اعراب،ترجمہ،فَإِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ کی ترکیب، کتاب الدعوات میں سے پانچ دعائیں | ١٢٨ |
| ۱۳۴ | عن عائشة......قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَغْزُوْ جَيْشٌ اَلْكَعْبَةَ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی وصرفی تحقیق،مذکورہ واقعہ کی تفصیل،واقعہ کے وقوع کا زمانہ | ١٢٩ |
| ۱۳۵ | ١٤٢٨ھ | ١٣٠ |
| ۱۳۶ | عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ وَهُوَ يُوْعَكُ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ الخ ،اعراب،ترجمہ،تحقیق | ١٣٠ |
| ۱۳۷ | عن ابی هريرة..... يَانِسَاءَ الْمُسْلِمَاتِ لَاتَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا الخ ،اعراب،ترجمہ،مطلب،فرسن شاة کا معنی،یانساء المسلمات الخ کی نحوی ترکیب | ١٣٠ |
| ۱۳۸ | عن سھل..... قَالَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی تحقیق | ١٣١ |
| ۱۳۹ | عن ابن مسعود...... لَقِيْتُ إِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی تحقیق | ١٣١ |
| ۱۴۰ | عن ابی هريرة..... بَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ سَبْعًا هَلْ تَنْتَظِرُوْنَ الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح،لغوی وصرفی تحقیق | ١٣٢ |
| ۱۴۱ | عن ابی هريرة......قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَاتَحَاسَدُوْا الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح،کونوا عباد الله اخوانًا کی ترکیب | ١٣٣ |
| ۱۴۲ | ١٤٢٩ھ | ١٣٤ |
| ۱۴۳ | عن ابی ذر...... إِنِّيْ أَرٰى مَا لَاتَرَوْنَ أَطَّتِ السَّمَاءُ الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح،لغوی تحقیق | ١٣٤ |
| ۱۴۴ | عَنْ أَنَسٍ أَنَّ فَتًى مِنْ أَسْلَمَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ أُرِيْدُ الْغَزْوَ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی وصرفی تحقیق | ١٣٥ |
| ۱۴۵ | قَالَ يُصْبِحُ عَلٰى كُلِّ سُلَامٰى أَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ الخ ،اعراب،ترجمہ،یصبح علی کل سلامی احدکم صدقة کی ترکیب،لغوی وصرفی تحقیق | ١٣٥ |
| ۱۴۶ | لَلّٰهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ حِيْنَ يَتُوْبُ إِلَيْهِ الخ ،اعراب،ترجمہ،مطلب،لغوی تحقیق | ١٣٦ |
| ۱۴۷ | عن عمر...... لَوْأَنَّكُمْ تَتَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح،توکل کا معنی اور اقسام،لغوی تحقیق | ١٣٧ |


Maktaba Tul Ishaat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴۸ | عن جابر—مَثَلِیْ وَمَثَلُکُمْ کَمَثَلِ رَجُلٍ أَوْقَدَ نَارًا الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح،لغوی تحقیق | ۱۳۸ |
| ۱۴۹ | ۱۴۳۰ھ | ۱۳۸ |
| ۱۵۰ | عن ام کلثوم—لیس الکذاب الذی یصلح بین الناس فینمی خیرا او یقول خیرا ،ترجمہ، تشریح،ترکیب،جن مواقع پر جھوٹ کی اجازت ہےان کی نشاندہی | ۱۳۸ |
| ۱۵۱ | عن ابی ہریرۃ—قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: تَضَمَّنَ اللّٰہُ لِمَنْ خَرَجَ فِیْ سَبِیْلِہٖ الخ ،اعراب،ترجمہ،ابواب ومعانی | ۱۳۹ |
| ۱۵۲ | عن ابی ہریرۃ—مَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ الخ ،اعراب،ترجمہ،الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی | ۱۴۰ |
| ۱۵۳ | عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا ثَقُلَ النَّبِیُّ ﷺ جَعَلَ یَتَغَشَّاہُ الْکَرْبُ الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح،الطلبات انفسکم کی ترکیب | ۱۴۰ |
| ۱۵۴ | عن انس—اِذَا تَقَرَّبَ الْعَبْدُ اِلَیَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح،شبرًا اور ذراعًا کے منصوب ہونے کی وجہ | ۱۴۱ |
| ۱۵۵ | عن ابی ہریرۃ—قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَقُوْلُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ الخ ،اعراب،ترجمہ،اعراب، لغوی تحقیق،اللہ کے قول کی مراد | ۱۴۲ |
| ۱۵۶ | ۱۴۳۱ھ | ۱۴۲ |
| ۱۵۷ | عن عقبۃ—اِنَّ اللّٰہَ یُدْخِلُ بِالسَّہْمِ الْوَاحِدِ ثَلَاثَۃَ نَفَرٍ الْجَنَّۃَ الخ ،اعراب،ترجمہ،الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی | ۱۴۲ |
| ۱۵۸ | عن زید بن ارقم—اللّٰہم انی أعوذبک من العجز والکسل الخ ترجمہ،اعوذبک من علم لاینفع، ومن قلب لایخشع کی ترکیب،مخطوطہ الفاظ کے ابواب اور معانی | ۱۴۳ |
| ۱۵۹ | قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اَلطُّہُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ الخ ،اعراب،ترجمہ،مطلب،الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق | ۱۴۴ |
| ۱۶۰ | مَنْ قَالَ یَعْنِیْ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَیْتِہٖ بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ الخ ،اعراب،ترجمہ،مطلب،الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق | ۱۴۵ |
| ۱۶۱ | عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اَرَادَ بَنُوْ سَلِمَۃَ اَنْ یَنْتَقِلُوْا قُرْبَ الْمَسْجِدِ الخ ،اعراب،ترجمہ،مطلب،بنی سلمۃ دیارکم تکتب آثارکم کی ترکیب | ۱۴۵ |
| ۱۶۲ | عَنْ مُعَاوِیَۃَ بْنِ حَیْدَۃَ قَالَ قُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَاحَقُّ زَوْجَۃِ اَحَدِنَا عَلَیْہِ؟ الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح، حقوق زوجہ کی نشاندہی،الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔ | ۱۴۶ |
| ۱۶۳ | ۱۴۳۲ھ | |
| ۱۶۴ | عن عبداللہ—قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ مَامِنْ غَازِیَۃٍ اَوْ سَرِیَّۃٍ تَغْزُوْ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی تحقیق | ۱۴۷ |
| ۱۶۵ | عن ابی ہریرۃ—قَالَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ جَہْدِ الْبَلَاءِ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی تحقیق | ۱۴۸ |
| ۱۶۶ | عن ابی موسٰی—قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ عَنِ الرَّجُلِ یُقَاتِلُ شُجَاعَۃً الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی تحقیق،کلمۃ اللہ کی مراد | ۱۴۸ |
| ۱۶۷ | عَنْ عَائِشَۃَ اَنَّہَا سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ عَنِ الطَّاعُوْنِ فَاَخْبَرَہَا ،اعراب،ترجمہ،طاعون زدہ علاقے میں رہنے کا حکم | ۱۴۹ |
| ۱۶۸ | عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ—اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ دَخَلَ عَلَیْہَا فَزِعًا الخ ،اعراب،ترجمہ،ردم یاجوج ماجوج کی مراد،حلق باصبعیہ الابہام الخ کا مطلب | ۱۴۹ |
| ۱۶۹ | عن ابی ہریرۃ—قَالَ مَنْ کَانَتْ عِنْدَہٗ مَظْلَمَۃٌ لِاَخِیْہِ مِنْ عِرْضِہٖ الخ ،اعراب،ترجمہ،حدیث سے مدعیٰ کا تعارض | ۱۵۰ |
| ۱۷۰ | ۱۴۳۳ھ | ۱۵۱ |
| ۱۷۱ | عن معاذ—مَنْ قَاتَلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی تشریح، ھا ضمیر کا مرجع | ۱۵۱ |
| ۱۷۲ | عن ابی موسٰی—عن النبی ﷺ اَنَّہٗ کَانَ یَدْعُوْ بِہٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰہُمَّ اغْفِرْلِیْ الخ ،اعراب،ترجمہ،مفہوم | ۱۵۱ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷۳ | عن ابی سعید۔۔۔۔عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ اِحْتَجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ الخ ،اعراب،ترجمہ،جنت وجہنم کو بھرنے کی کیفیت | ١٥٢ |
| ۱۷۴ | عن عائشة۔۔۔مَاغِرْتُ عَلٰی اَحَدٍ مِنْ نِسَاءِ النَّبِیِّ ﷺ الخ ،اعراب،ترجمہ،ثم یبعثها فی صدائق خدیجة کی ترکیب | ١٥٢ |
| ۱۷۵ | عن المطلب۔۔۔یَقُوْلُ تَلْتَمِی الشَّمْسُ يَوْمَ اللَّيْلَةِ الخ ،اعراب،ترجمہ،تلتمنی الشمس یوم اللیلة من الخلق کی ترکیب | ١٥٣ |
| ۱۷۶ | عن فضالة۔۔۔اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ اِذَا صَلّٰی بِالنَّاسِ يَخِرُّ الخ ،اعراب،ترجمہ،اصحاب صفہ کے احوال | ١٥٤ |
| ۱۷۷ | ۱۴۳۴ھ | ١٥٤ |
| ۱۷۸ | عن ابی هریرة۔۔۔اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ ﷺ يَتَقَاضَاهُ فَاَغْلَظَ لَهُ الخ ،اعراب،ترجمہ،مفہوم،لغوی تشریح | ١٥٤ |
| ۱۷۹ | عن عطاء۔۔۔قَالَ لِیَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلَا اُرِيْكَ اِمْرَاَةً مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ الخ ،اعراب،ترجمہ،ابواب اور معانی | ١٥٥ |
| ۱۸۰ | عن ابی عطیة۔۔۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَا فُلَانُ اِذَا اَتَيْتَ اِلٰی فِرَاشِكَ فَقُلْ الخ ،اعراب،ترجمہ،ابواب اور معانی | ١٥٦ |
| ۱۸۱ | عَنْ اَبِیْ فِرَاسٍ رَبِيْعَةَ بْنِ كَعْبِ الْاَسْلَمِیِّ خَادِمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الخ ،اعراب،ترجمہ،ابواب اور معانی | ١٥٦ |
| ۱۸۲ | عن عبداللہ۔۔۔قَالَ اُخْبِرَ النَّبِیُّ ﷺ اَنِّیْ اَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَاَصُوْمَنَّ النَّهَارَ الخ ،اعراب،ترجمہ،ابواب اور معانی | ١٥٧ |
| ۱۸۳ | عن ابی هریرة۔۔۔مَرَّ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بِشِعْبٍ فِيْهِ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی تحقیق، فواق ناقة کی مراد | ١٥٨ |
| ۱۸۴ | ۱۴۳۵ھ | ١٥٨ |
| ۱۸۵ | عن عبداللہ۔۔۔قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ الخ ،اعراب،ترجمہ،انتزاعا کے نصب کی وجہ | ١٥٨ |
| ۱۸۶ | عن عبداللہ۔۔۔وَكَانَ قَائِدَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ مِنْ بَنِيْهِ حِيْنَ عَمِیَ الخ ،اعراب،ترجمہ،ابواب اور معانی | ١٥٩ |
| ۱۸۷ | عن ابی ابراهیم۔۔۔اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فِیْ بَعْضِ اَيَّامِهِ الَّتِیْ لَقِیَ الخ ،اعراب،ترجمہ،ابواب اور معانی | ١٦٠ |
| ۱۸۸ | عن عائشة۔۔۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّهُ خُلِقَ كُلُّ اِنْسَانٍ مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ الخ ،اعراب،ترجمہ،ابواب اور معانی | ١٦٠ |
| ۱۸۹ | عن جابر۔۔۔اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَمَرَ بِلَعْقِ الْاَصَابِعِ وَالصَّحْفَةِ الخ ،اعراب،ترجمہ،ابواب اور معانی | ١٦١ |
| ۱۹۰ | عن سلمة۔۔۔قَالَ مَرَّ النَّبِیُّ ﷺ عَلٰی نَفَرٍ يَنْتَضِلُوْنَ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی تحقیق | ١٦١ |
| ۱۹۱ | ۱۴۳۶ھ | ١٦٢ |
| ۱۹۲ | عن ابی موسٰی۔۔۔اِنَّ مَثَلَ مَا بَعَثَنِیَ اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْهُدٰی الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح،لغوی تحقیق | ١٦٢ |
| ۱۹۳ | عن ابی هریرة۔۔۔مَا لِعَبْدِیَ الْمُؤْمِنِ عِنْدِیْ جَزَاءٌ اِذَا قَبَضْتُ صَفِيَّهٗ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی تشریح | ١٦٣ |
| ۱۹۴ | عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال ان الدین یسر ولن یشاد الدین الخ ترجمہ،مفہوم،لغوی تشریح | ١٦٤ |
| ۱۹۵ | عن عائشة۔۔۔صوت خصوم بالباب عالیة اصواتهما الخ ترجمہ،یستوضع، یسترفقه، المتالی کے معنی،فله ای ذلك أحب کا مطلب | ١٦٤ |
| ۱۹۶ | عن المغیرة۔۔۔اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ اِذَا فَرَغَ مِنَ الصَّلٰوةِ الخ ،اعراب،ترجمہ،وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ کا مطلب | ١٦٥ |
| ۱۹۷ | وَعَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَحَدِ الْعَشَرَةِ الْمَشْهُوْدِ الخ ،اعراب،ترجمہ،عشرہ مبشرہ کے اسماء، وصیت کی لغوی واصطلاحی تعریف،وصیت کے بارے میں شرعی احکام | ١٦٥ |
| ۱۹۸ | ۱۴۳۷ھ | ١٦٦ |
| ۱۹۹ | عن جابر۔۔۔كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا خَطَبَ اِحْمَرَّتْ عَيْنَاهُ الخ ،اعراب،ترجمہ،انا والساعة کهاتین کا مطلب،بدعت کی لغوی واصطلاحی تعریف،بدعت کی اقسام | ١٦٦ |


Maktaba Tul Ishaat.com

| | | |
|---|---|---|
| ٣٠٠ | عن حذيفة بن اليمان — أن الأمانة نزلت في جذر قلوب الرجال الخ ۔اعراب، ترجمہ، لفظ "جذر" کا مطلب | ١٦٧ |
| ٣٠١ | عن المنذر — قال: أتي علي باب الرحبة فشرب قائما الخ ۔اعراب، ترجمہ، تحقیق، کھڑے ہو کر کھانے پینے کا حکم | ١٦٨ |
| ٣٠٢ | عن أم كلثوم — ليس الكذاب الذي يصلح بين الناس الخ ۔اعراب، ترجمہ، کذب کی تعریف، کن صورتوں میں کذب جائز ہے | ١٦٩ |
| ٣٠٣ | عن زينب — لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تحد على ميت فوق ثلاث ليال الخ ۔اعراب، ترجمہ، تخریج، حداد کی تعریف اور شرعی جواز کی صورت، الفاظ کی لغوی تحقیق | ١٧٠ |
| ٣٠٤ | عن أبي نجيد — أن امرأة من جهينة أتت رسول الله وهي حبلى من الزنى الخ ۔اعراب، ترجمہ، رجم کی شرائط، حدود کے کفارات ہونے کی وضاحت | ١٧١ |
| ٣٠٥ | ١٤٢٨ھ | ١٧٢ |
| ٣٠٦ | عن أبي هريرة — يقول إن ثلاثة من بني إسرائيل أبرص وأقرع وأعمى الخ ۔اعراب، ترجمہ، تیسرے شخص کا مطلب | ١٧٢ |
| ٣٠٧ | عن ابن عباس — قال رسول الله ﷺ عرضت على الأمم الخ ترجمہ، لا يرقون ولا يسترقون ولا يتطيرون کی تخریج، سبقك بها عكاشة کا مطلب | ١٧٤ |
| ٣٠٨ | عن أبي عمرو — قال كنا في صدر النهار عند رسول الله ﷺ فجاءه قوم عراة الخ ترجمہ، مسجد میں چندے کے اعلان کی جائز صورت، الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق | ١٧٥ |
| ٣٠٩ | عن أسير بن جابر أن أهل الكوفة وفدوا على عمر الخ ۔اعراب، ترجمہ، حضرت اویس قرنی کا تعارف اور بلند مرتبہ کی وجہ، حضرت عمر کے حضرت اویس کا انکار کرنے کی وجہ | ١٧٦ |
| ٣١٠ | وعن قيس — قال دخلنا على خباب بن الأرت نعوده وقد اكتوى سبع كيات الخ ۔اعراب، ترجمہ، تخریج | ١٧٧ |
| ٣١١ | أن ناسا من الأنصار سألوا رسول الله ﷺ الخ ۔اعراب، ترجمہ، تخریج، صبر کے فضائل | ١٧٨ |
| ٣١٢ | ١٤٢٩ھ | ١٧٩ |
| ٣١٣ | قال: مثل القائم في حدود الله الخ ۔اعراب، ترجمہ، القائم في حدود الله والواقع فيها کا مطلب، مقصد | ١٧٩ |
| ٣١٤ | إذا دخل الرجل بيته فذكر الله الخ ترجمہ، تخریج، ... کی دعا، کھانے پینے سے متعلق آپ کی تعلیمات | ١٨٠ |
| ٣١٥ | قال: ثلاثة لا يكلمهم الله يوم القيامة الخ ترجمہ، تخریج، نیا لباس پہننے کی دعا، ... آپ ﷺ کی تعلیمات | ١٨١ |
| ٣١٦ | عن أنس — قال مر النبي ﷺ بامرأة تبكي عند قبر الخ ترجمہ ... على فلانة لم تصب الخ کی نحوی ترکیب، اس میں ذکر الفاظ کی صرفی تحقیق | ١٨٢ |
| ٣١٧ | عن أبي هريرة ... قاربوا وسددوا الخ ترجمہ، قاربوا وسددوا ... تخریج، حدیث سے ظاہر ہونے والے اشکال کا جواب | ١٨٤ |
| ٣١٨ | عن أسامة — يؤتى بالرجل يوم القيامة فيلقى الخ ۔اعراب، ترجمہ، تخریج، الفاظ کی صرفی تحقیق ... | ١٨٥ |
| ٣١٩ | قال رجل للنبي ﷺ يا رسول الله والله إني لأحبك الخ ترجمہ، تخریج، الفاظ کی تحقیق | ١٨٥ |
| ٣٢٠ | ١٤٤٠ھ | ١٨٦ |
| ٣٢١ | عن أبي ذر و معاذ بن جبل ... اتق الله حيث كنت الخ ترجمہ، تخریج، وأتبع السيئة الحسنة تمحها کا مطلب | ١٨٦ |
| ٣٢٢ | عن أبي هريرة ... المسلم أخو المسلم الخ ترجمہ، تخریج، مسلمان کے مسلمان پر حقوق | ١٨٧ |
| ٣٢٣ | عن أبي هريرة ... لا يحل لامرأة أن تصوم وزوجها شاهد الخ ۔اعراب، ترجمہ، میاں بیوی کے باہمی حقوق کی اہمیت | ١٨٧ |
| ٣٢٤ | عن أبي موسى الأشعري ... إنما مثل الجليس الصالح الخ ترجمہ، تخریج، کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق | ١٨٨ |
| ٣٢٥ | عن أبي هريرة ... بينما أيوب يغتسل عريانا الخ ترجمہ، تخریج، ... کی حقیقت، کلمات مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق | ١٨٩ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲۶ | عن انس انّ رسول اللّٰہ ﷺ کان اذا اکل طعاما لعق اصابعہ الثلاث الخ ترجمہ، تشریح، لغوی وصرفی تحقیق | ۱۹۰ |
| ۲۲۷ | ﴿الورقة الثالثة : فی الفقه﴾ | ۱۹۱ |
| ۲۲۸ | ۱۴۲۲ھ | ۱۹۳ |
| ۲۲۹ | الاقالة جائزة فی البیع للبائع الخ ترجمہ، مسئلہ کی وضاحت، اقالہ کا غیر متعاقدین کیلئے بیع جدید ہونے کا فائدہ، اقالہ کی لغوی اور اصطلاحی تعریف، شرط فاسدہ کی وجہ سے اقالہ کا حکم | ۱۹۳ |
| ۲۳۰ | الشرکة علی ضربین، شرکة املاک الخ اعراب، ترجمہ، شرکت املاک میں تصرف کی وضاحت، شرکت عقود کی اقسام مع تعریفات | ۱۹۳ |
| ۲۳۱ | وَلَایَجُوْزُ بَیْعُ ذِرَاعٍ مِنْ ثَوْبٍ وَلَابَیْعُ الخ اعراب، ترجمہ، مسائل کی تشریح، بیع کی اقسام مذکورہ کی تعریف | ۱۹۴ |
| ۲۳۲ | اَلسَّلَمُ جَائِزٌ فِی الْمَکِیْلَاتِ وَالْمَوْزُوْنَاتِ الخ اعراب، ترجمہ، تشریح، بیع سلم کی تعریف وشرائط، صاحبین کی شرائط مختلفہ، مسلم الیہ، مسلم فیہ، رأس المال، رب السلم کی وضاحت | ۱۹۵ |
| ۲۳۳ | ویجوز البیع بثمن حال و مؤجل اذا کان الاجل معلوما الخ ترجمہ، تشریح | ۱۹۶ |
| ۲۳۴ | ولاباس بالانتباذ فی الدباء والحنتم والمزفت الخ مطلب، ترکیب، شریعت کی تعریف، دباء، حنتم، مزفت، نقیر کا معنی | ۱۹۷ |
| ۲۳۵ | ۱۴۲۳ھ | ۱۹۸ |
| ۲۳۶ | اذا تمت الحوالة برئ المحیل من الدیون الخ ترجمہ، حوالہ کی اصطلاحی تعریف، محال، محال علیہ، محیل کی تعریف، توی کی صورتوں کی وضاحت | ۱۹۸ |
| ۲۳۷ | اَلشُّفْعَةُ وَاجِبَةٌ لِلْخَلِیْطِ فِیْ نَفْسِ الْمَبِیْعِ الخ ترجمہ، مطلب، شفعہ کا لغوی واصطلاحی معنی، شفعہ والی اشیاء | ۱۹۸ |
| ۲۳۸ | ولاتصح المرابحة والتولیة حتی یکون العوض الخ مطلب، بیع مساومہ، مرابحہ، تولیہ کی تعریف | ۱۹۹ |
| ۲۳۹ | مضاربت، حوالۃ، کفالۃ، مساقاۃ، صرف، اجارہ کی تعریف | ۲۰۰ |
| ۲۴۰ | قال ابو حنیفة رحمه الله المزارعة بالثلث والربع باطلة الخ تشریح، مزارعت کا لغوی واصطلاحی معنی | ۲۰۰ |
| ۲۴۱ | الهبة تصح بالایجاب والقبول وتتم بالقبض الخ تشریح، ہبہ میں رجوع کا حکم، رقبیٰ میں فقہاء کا اختلاف | ۲۰۱ |
| ۲۴۲ | ۱۴۲۴ھ | ۲۰۲ |
| ۲۴۳ | وخیار الشرط جائز الخ ترجمہ، تشریح، قیمت وثمن میں فرق، خیار شرط کی تعریف، مدت خیار کی مقدار | ۲۰۲ |
| ۲۴۴ | وَلَاتَجُوْزُ الْهِبَةُ فِیْمَا یُقْسَمُ اِلَّامَحُوْزَةً الخ اعراب، مطلب، ہبہ کی تعریف، طریقہ محوزة مقسومة مشاع کی تشریح | ۲۰۳ |
| ۲۴۵ | والقاصد فی الیمین والمکرہ والناسی الخ مطلب، یمین غموس منعقدہ ولغو کی تعریف، وجوب کفارہ والی قسم وکفارہ کی تفصیل، اللّٰہ افعل کذا قسم کیوں ہے، علیّ نذرٌ او نذر اللّٰہِ فھو یمینٌ کا مطلب وترکیب | ۲۰۴ |
| ۲۴۶ | قتل کی اقسام خمسہ کی تعریف اور ان کا حکم | ۲۰۵ |
| ۲۴۷ | وَتَنْفَسِخُ الْاِجَارَةُ بِالْاَعْذَارِ کَمَنْ اِسْتَاْجَرَ الخ ترجمہ، تشریح، اعراب، طیفہ جرمیتہ کی وضاحت | ۲۰۵ |
| ۲۴۸ | وَمَنْ حَلَفَ اَنْ لَایَاْکُلَ لَحْمًا فَاَکَلَ السَّمَكَ الخ اعراب، ترجمہ، مسائل کی وضاحت، لم یحنث، لایشرب کا باب | ۲۰۶ |
| ۲۴۹ | ۱۴۲۵ھ | ۲۰۷ |
| ۲۵۰ | وَمَنِ امْتَنَعَ مِنَ الْجِزْیَةِ اَوْقَتَلَ مُسْلِمًا الخ اعراب، ترجمہ، مسائل کی وضاحت، عہد ٹوٹنے یا نہ ٹوٹنے کی مراد، ولاینتقض العهد الخ کی ترکیب | ۲۰۷ |
| ۲۵۱ | ومن جمع بین حر وعبد اوشاة ذکیة ومیتة بطل البیع الخ ترجمہ، تشریح | ۲۰۸ |
| ۲۵۲ | والاجراء علی ضربین، اجیر مشترک واجیر خاص الخ ترجمہ، اجیر مشترک اور اجیر خاص کی تعریف وحکم، منافع واجرت معلوم ہونے کی صورتیں | ۲۰۸ |


Maktaba Tul Ishaat.com

فہرست

| | | |
|---|---|---|
| ٢٥٣ | ومن حجر ارضا ولم یعمرها ثلث سنین الخ ،مطلب ،موات کی تعریف ،عادی ومملوک فی الاسلام کا مطلب و حکم ،امام اعظمؒ وصاحبینؒ کے مسلک میں فرق یمشی علیها ویلقی علیها طینه کی ترکیب | ٢١٠ |
| ٢٥٤ | وَمَنْ شُرِطَ لَهُ الْخِيَارُ فَلَهُ أَنْ يَفْسَخَ فِيْ مُدَّةِ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،خیار شرط کی مدت میں اختلاف مع الدلائل | ٢١٠ |
| ٢٥٥ | العارية جائزة ...... وللمعير ان يرجع في العارية الخ ،ترجمہ ،تشریح ،عاریہ کا لغوی واصطلاحی معنی | ٢١٢ |
| ٢٥٦ | ١٤٣٦ھ | ٢١٣ |
| ٢٥٧ | ودیعت کی تعریف ،ودیعت اور امانت کے درمیان فرق | ٢١٣ |
| ٢٥٨ | ووكيل البائع اذا باع وهو الشفيع فلا شفعة له الخ ،مذکورہ مسائل کی صورت مع التشریح ،معروضی سوالات | ٢١٣ |
| ٢٥٩ | نهى رسول الله ﷺ عن النجش وعن السوم على سوم غيره الخ ،ترجمہ ،مسائل مذکورہ کی تشریح | ٢١٤ |
| ٢٦٠ | واذاقضى للشفيع بالدار ولم يكن رأها فله خيار الرؤية الخ ،عبارت میں مذکورہ مسائل کی تشریح | ٢١٥ |
| ٢٦١ | فان اطلع المشترى على خيانة في المرابحة ،تشریح ،مرابحہ اور تولیہ کی تعریف | ٢١٦ |
| ٢٦٢ | وفي كل سن خمس من الابل والأسنان ،تشریح ،عبارت کا باب ،الحارصة ، الدامعة ، الدامية کا تعارف | ٢١٧ |
| ٢٦٣ | ١٤٣٧ھ | ٢١٨ |
| ٢٦٤ | ولايجوز بيع السمك في الماء قبل ان يصطاده الخ ،ترجمہ ،مسائل کی تشریح ،معروضی سوالوں کے جواب | ٢١٨ |
| ٢٦٥ | وَلَا يَجُوزُ الْبَيْعُ إِلَى الْحَصَادِ وَالدِّيَاسِ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،مسائل کی وضاحت | ٢١٩ |
| ٢٦٦ | ولايصح الرهن الّا بدين مضمون وهو مضمون بالاقل الخ ،ترجمہ ،مسائل کی وضاحت | ٢٢٠ |
| ٢٦٧ | وہ الفاظ جن سے ہبہ درست ہے ،عمریٰ ورقبیٰ کی تعریف وحکم ،صدقہ کا حکم | ٢٢٠ |
| ٢٦٨ | وَمَنْ حَلَفَ عَلَى مَعْصِيَةٍ مِثْلَ أَنْ لَا يُصَلِّيَ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،قسم منعقد ہونے والے الفاظ | ٢٢١ |
| ٢٦٩ | وَمَنْ ضَرَبَ عُضْوًا فَأَذْهَبَ مَنْفَعَتَهُ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،دیت کا معنی ،والشجاج عشرة الخ کی وضاحت وحکم | ٢٢٢ |
| ٢٧٠ | ١٤٣٨ھ | ٢٢٣ |
| ٢٧١ | وَالْأَعْوَاضُ الْمُشَارُ إِلَيْهَا لَا يُحْتَاجُ إِلَى مَعْرِفَةِ الخ ،اعراب ،تشریح ،بیع کی لغوی واصطلاحی تعریف ،بیع فاسد وباطل میں فرق | ٢٢٣ |
| ٢٧٢ | وَكُلُّ شِرْكَةٍ فَاسِدَةٍ فَالرِّبْحُ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،مسئلہ مذکورہ میں اختلاف ائمہ کی وضاحت | ٢٢٤ |
| ٢٧٣ | إِذَا غَابَ الرَّجُلُ فَلَمْ يُعْرَفْ لَهُ مَوْضِعٌ الخ ،اعراب ،تشریح ،مفقود کی تعریف ،مفقود کی موت کیلئے مدت کی وضاحت | ٢٢٤ |
| ٢٧٤ | إِذَا اشْتَرَكَ جَمَاعَةٌ فِيْ سَرِقَةٍ الخ ،اعراب ،تشریح ،سارق اور قاطع الطریق میں فرق وحکم ،سرقہ کی مقدار حد | ٢٢٥ |
| ٢٧٥ | وَإِذَا اخْتَلَفَ الشَّفِيعُ وَالْمُشْتَرِيْ فِي الثَّمَنِ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،مسائل کی تشریح واختلاف | ٢٢٧ |
| ٢٧٦ | وَإِذَا وَهَبَ إِثْنَانِ مِنْ وَاحِدٍ دَارًا جَازَ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،مسائل کی تشریح | ٢٢٨ |
| ٢٧٧ | ١٤٣٩ھ | ٢٢٩ |
| ٢٧٨ | وَإِذَا أَوْجَبَ أَحَدُ الْمُتَعَاقِدَيْنِ الْبَيْعَ الخ ،اعراب ، ترجمہ ،تشریح ،بیع کی لغوی واصطلاحی تعریف اور مشروعیت ،خیار قبول کی وضاحت | ٢٢٩ |
| ٢٧٩ | الرَّهْنُ يَنْعَقِدُ بِالْإِيْجَابِ وَالْقَبُوْلِ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،خط کشیدہ لفظ کا مطلب | ٢٢٩ |
| ٢٨٠ | ومن باع بشرط الخيار فلا شفعة للشفيع الخ ،ترجمہ ،مسائل کی وضاحت بالدلیل ،ہبہ بشرط العوض میں ثبوت شفعہ کا حکم | ٢٣٠ |
| ٢٨١ | معروضی سوالات کے جوابات | ٢٣١ |
| ٢٨٢ | ١٤٤٠ھ | ٢٣٢ |

| | | |
|---|---|---|
| ٢٨٣ | ومن باع صبرة طعام كل قفيز بدرهم جاز البيع في قفيز واحد الخ بمسائل کی تشریح، بیع کا معنی، دوسرے مسئلہ میں بیع فاسد ہونے کی وجہ | ٢٣٢ |
| ٢٨٤ | اذا اطلع المشتري على عيب في المبيع فهو بالخيار الخ ترجمہ تشریح، نقصان کا معاوضہ لینے کی صورت میں مبیع کا حکم، خیار رؤیت، خیار شرط وخیار عیب کی مثالوں سے وضاحت، عیب کی تعریف اور غلام وجاریہ کے عیوب | ٢٣٣ |
| ٢٨٥ | و ان استاجرها ليركبها فأردف معه الخ ترجمہ، عبارت کی تشریح واختلاف | ٢٣٤ |
| ٢٨٦ | وَاِذَا دَفَعَ الْوَكِيْلُ بِالشِّرَاءِ الثَّمَنَ مِنْ مَالِهِ الخ اعراب، مسائل کی وضاحت، وکالہ کا لغوی اور اصطلاحی معنی، وکالت کن چیزوں میں درست نہیں، ضمان رہن وضمان بیع کی مراد ، معروضی سوالات کے جوابات | ٢٣٥ |
| ٢٨٧ | ﴿الورقة الرابعة : في اصول الفقه والميراث﴾ | ٢٣٧ |
| ٢٨٨ | ١٤٣٢ھ | ٢٣٩ |
| ٢٨٩ | نسخ کا لغوی واصطلاحی معنی، جواز نسخ کی دلیل، منسوخ من الکتاب کی اقسام اربعہ مع امثلہ | ٢٣٩ |
| ٢٩٠ | وحی اور اسکی اقسام کی تعریف مع امثلہ، وحی کا اطلاق ظاہر وباطن پر حقیقت ومجاز یا اشتراک کے قبیل سے ہے؟ | ٢٣٩ |
| ٢٩١ | الراوي ان عرف بالفقه والتقدم في الاجتهاد الخ، وضاحت، عبادلہ کا مصداق، ائمہ کا اختلاف مع الدلائل | ٢٤٠ |
| ٢٩٢ | اخت عینیہ، زوج، زوجہ، بنت، بنت الابن کے احوال | ٢٤١ |
| ٢٩٣ | ردّ وعول کا لغوی واصطلاحی معنی، ردّ اور عدم ردّ والے ورثاء کی تعیین مع امثلہ | ٢٤٢ |
| ٢٩٤ | وَاَمَّا اِثْنَا عَشَرَ فَهِيَ تَعُوْلُ اِلٰى سَبْعَةَ عَشَرَ الخ، اعراب، تشریح، مسئلہ منبریہ کی وجہ تسمیہ | ٢٤٢ |
| ٢٩٥ | ١٤٣٤ھ | ٢٤٤ |
| ٢٩٦ | وَالضَّبْطُ : هُوَ سِمَاعُ الْكَلَامِ كَمَا يَحِقُّ سِمَاعُهُ الخ، اعراب، خلاصہ، حدیث اور سنت کی تعریف | ٢٤٤ |
| ٢٩٧ | والطعن المبهم من ائمة الحديث لايجرح الراوي الخ تشریح، طعن مبہم اور مفسر کی تعریف | ٢٤٥ |
| ٢٩٨ | بیان ضرورت کی تعریف، ضرورت کی مذکورہ صورتوں کی وضاحت | ٢٤٥ |
| ٢٩٩ | وَاَمَّا اللَّامُ فَلِلْحَوَالِ ثَلَاثٌ: اعراب، ترجمہ تشریح، امام ابو یوسفؒ کے اختلاف کی وضاحت | ٢٤٦ |
| ٣٠٠ | محجوب کا لغوی اور اصطلاحی معنی، محروم اور محجوب میں فرق، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور جمہور میں اختلاف | ٢٤٧ |
| ٣٠١ | مسائل کامل (زوج ، ٣ بنات)(زوج ، ٦ بنات)(زوج ، ٥ بنات) | ٢٤٨ |
| ٣٠٢ | ١٤٣٥ھ | ٢٤٨ |
| ٣٠٣ | فَرُكْنُ الْمُعَارَضَةِ تَقَابُلُ الْحُجَّتَيْنِ عَلَى السَّوَاءِ الخ اعراب، وضاحت، معارضہ بین الآیتین کی مثال سے وضاحت | ٢٤٨ |
| ٣٠٤ | وَاِذَا انْتَقَلَ اِلَيْنَا اِجْمَاعُ السَّلَفِ بِاِجْمَاعِ كُلِّ عَصْرٍ عَلٰى نَقْلِهِ الخ، اعراب، مطلب | ٢٤٩ |
| ٣٠٥ | وَالرَّاوِيْ اِنْ عُرِفَ بِالْفِقْهِ وَالتَّقَدُّمِ بِالْاِجْتِهَادِ الخ، اعراب، ترجمہ، بحث کے متعلق کی نشاندہی، حضرت انس وابوہریرہ رضی اللہ عنہما میں دون الفقہ کے لفظ کا استعمال، حدیث مصراۃ کی تفصیل | ٢٤٩ |
| ٣٠٦ | اخ حقیقی واخت حقیقیہ کے احوال، امور خمسہ باولاد الام کی نشاندہی، جدصحیح وفاسد، جدہ صحیحہ وفاسدہ کے درمیان فرق | ٢٥٢ |
| ٣٠٧ | علم میراث کے ماخذ ومصادر، میراث کے مستحقین کے اسماء، ورثاء کی اقسام، ترکہ کی تعریف، فروض مقدرہ کی نشاندہی | ٢٥٣ |
| ٣٠٨ | اب، ام، جد کے احوال، مسئلہ کامل (بنتان، اخ حقیقی، زوجہ، بنت الابن، اب) | ٢٥٣ |
| ٣٠٩ | ١٤٣٦ھ | ٢٥٤ |
| ٣١٠ | وَالْمَرْوِيُّ عَنْهُ اِذَا اَنْكَرَ الرِّوَايَةَ الخ، اعراب، بحث کے متعلق کی نشاندہی، عبارت میں مذکور اصول کی وضاحت | ٢٥٤ |
| ٣١١ | وكونه من الصحابة أو من العترة لايشترط الخ، عبارت، قیودات احترازیہ کی تشریح | ٢٥٥ |


Maktaba Tul Ishaat.com

فہرست


| | | |
|---|---|---|
| ٣١٢ | وَالصَّغِيرَةُ وَهِيَ الْإِسْتِقَالَةُ فِي الدِّيْنِ الخ ،اعراب ،تشریح ،گناہ صغیرہ وکبیرہ کی تعریف اور کبیرہ کی تعداد، مدالسعر قاصرہ کی مراد اور روایت حدیث میں معتبر نہ ہونے کی وجہ | ٢٥٥ |
| ٣١٣ | مسائل کا حل (٦ بنات، ٣ جدات، ١٣ اعمام) (اب، ام، زوج) (زوج، اب، ام، ٦ بنات) (بنت، بنت الابن، اخت عینیہ) | ٢٥٧ |
| ٣١٤ | ذوی الارحام کی تعریف، اصناف، ذوی الارحام کے وارث بننے میں صحابہ کرام کا اختلاف، مسئلہ مذکورہ میں ائمہ اربعہ کا مذہب | ٢٥٧ |
| ٣١٥ | تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوْهَا النَّاسَ ،اعراب ،ترجمہ ،علم الفرائض کی تعریف، تعلم کا شرعی حکم ،موضوع ،غرض وغایت اور وجہ تسمیہ | ٢٥٨ |
| ٣١٦ | ١٤٣٧ھ | ٢٥٩ |
| ٣١٧ | وَلَمَّا إِنَّا وَقَعَ التَّعَارُضُ بَيْنَ الدَّلِيْلَيْنِ الخ ،اعراب ،تشریح ،مجمل بالدلیل تقریر الاصول کی وضاحت ،امام شافعی کی رائے | ٢٥٩ |
| ٣١٨ | أَفْعَالُ النَّبِيِّ ﷺ سِوَى الزَّلَّةِ أَرْبَعَةُ أَقْسَامٍ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،زلّۃ کی تعریف اور استثناء کی وجہ ،بالنسبة الینا کا مطلب ،ثم انهم اختلفوا في اقتداء افعال کی تفصیل | ٢٦٠ |
| ٣١٩ | اَلتَّقْسِيْمُ الْأَوَّلُ فِيْ كَيْفِيَّةِ الْإِتِّصَالِ بِنَا مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ اعراب ،ترجمہ ،وضاحت ،علم ضروری واستدلالی میں فرق | ٢٦١ |
| ٣٢٠ | مسائل کا حل (بنت، ام، عم) (٦ بنات، ام، اب) (٣ زوجہ، ٥ اخت حقیقی، ٧ عم) (زوج، ٣ اخت عینی، ام) | ٢٦١ |
| ٣٢١ | عصبہ کی تعریف، اقسام مع امثلہ، ہر قسم کے مستحق میراث ہونے کا حکم | ٢٦٢ |
| ٣٢٢ | تماثل، توافق، تداخل اور تباین کی تعریف مع امثلہ، علم الفرائض کو نصف العلم کہنے کی وجہ | ٢٦٣ |
| ٣٢٣ | ١٤٣٨ھ | ٢٦٤ |
| ٣٢٤ | وَالتَّقْسِيْمُ الثَّالِثُ فِيْ بَيَانِ مَحَلِّ الْخَبَرِ :اعراب ،ترجمہ ،تشریح | ٢٦٤ |
| ٣٢٥ | باب الاجماع، ركن الاجماع نوعان ،ہر رکن اجماع کی قسم ،ان میں امام شافعی کا اختلاف ،والأمة لما اختلفوا.....الخ کی وضاحت | ٢٦٥ |
| ٣٢٦ | وبنات الابن كبنات الصلب ولهن أحوال ست : النصف الخ ،ترجمہ ،تکملة للثلثين کی وضاحت | ٢٦٦ |
| ٣٢٧ | واما لأولاد الأم فأحوال ثلاث: السدس للواحد الخ ،ترجمہ ،ذكورهم واناثهم الخ کی تفسیر ،بالاب والجد بالاتفاق کی وضاحت ،اولاد الام کے احوال | ٢٦٦ |
| ٣٢٨ | عصبہ کی نشاندہی ،مذکورہ مسئلوں کا حل (١) زوج، ٣ بنت، ام، عم (٢) زوج، ٣ اخت عینی، ام (٣) زوجہ، ٥ بنات، ام، اب | ٢٦٧ |
| ٣٢٩ | ١٤٣٩ھ | ٢٦٨ |
| ٣٣٠ | من يرد عليه اور من لا يرد عليه میں وراثت کی تقسیم ،مسائل کا حل (زوجہ، ٣ بنی، ٥ چچے، ام) (زوج، علاتی، ٣ بنت) | ٢٦٨ |
| ٣٣١ | اسباب ارث کی وضاحت ،ثلثان کے مستحق ورثاء کے نام و احوال | ٢٦٨ |
| ٣٣٢ | مسئلہ بنانے کا طریقہ ،مسائل کا حل (زوجہ، ٢ اخت عینی، ٢ اخت حقیقی، ام، ابن قاتل) (٣ زوجہ، اب، أم، ٥ بنت) | ٢٦٩ |
| ٣٣٣ | ١٤٤٠ھ | ٢٧١ |
| ٣٣٤ | أو يكون اتصالا فيه شبهة صورة ومعنى كخبر الواحد الخ ترجمہ ،وضاحت ،خبر واحد ،متواتر و مشہور کی تعریف و حکم | ٢٧١ |
| ٣٣٥ | وانما جعل الخبر حجة بشرائط في الراوي الخ ،ترجمہ ،تشریح ،خبر واحد کے موجب عمل ہونے کے لئے راوی کی شرائط اربعہ کی وضاحت ،عقل کامل و عقل قاصر کی وضاحت ،عقل مدرک ہے یا آلۂ ادراک؟ | ٢٧٣ |
| ٣٣٦ | وَلَمَّا فَرَغَ عَنْ أَقْسَامِ السُّنَّةِ ،اعراب ،ترجمہ ،وضاحت ،اجماع کی لغوی اور اصطلاحی تعریف ،حکم و مراتب | ٢٧٤ |
| ٣٣٧ | حقوق متعلقہ بالترکہ کی تفصیل ،موانع ارث کی وضاحت ،مختلف مذاہب کی مراد اور مذہب میں مسلم و کافر کے مساوی ہونے کی تفصیل | ٢٧٥ |
| ٣٣٨ | اَلْفُرُوْضُ الْمُقَدَّرَةُ فِيْ كِتَابِ اللهِ سِتَّةٌ :اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،على التضعيف و التنصيف کا مطلب | ٢٧٦ |
| ٣٣٩ | يحتاج في تصحيح المسائل الى سبعة اصول ،ترجمہ ،تصحیح کی لغوی و اصطلاحی تعریف ،تصحیح کے اصول | ٢٧٧ |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۳۰ | ﴿الورقة الخامسة: في البلاغة﴾ | ۲۸۳ |
| ۳۳۱ | ۱٤۳۱ھ | ۲۸۵ |
| ۳۳۲ | علم معانی کی تعریف، ہمزہ اور ھل استفہامیہ میں فرق اور مواقع استعمال مع امثلہ | ۲۸۵ |
| ۳۳۳ | واما النكرة فيؤتي بها انالم يعلم للمحكي عنه الخ، اعراب، ترجمہ، تشریح، اغراض نکرہ کی وضاحت مع امثلہ | ۲۸۵ |
| ۳۳۴ | حکم کو نعت اور بدل کے ساتھ مقید کرنے کی وجوہ مع امثلہ | ۲۸۷ |
| ۳۳۵ | وان صخرا لتاتم الهداة به الخ، اشعار کا ترجمہ، مذکورہ اشعار کے استشہاد اور وجہ استشہاد کی وضاحت | ۲۸۸ |
| ۳۳۶ | وَ التَّعْقِيْدُ أَنْ يَكُوْنَ الْكَلَامُ خَفِيَّ الخ، اعراب، ترجمہ، تشریح، تعقید کا معنی، تعقید کی اقسام مع تعریفات سَأَطْلُبُ بُعْدَ الدَّارِ عَنْكُمْ لِتَقْرُبُوْا الخ شعر کا ترجمہ، شعر کے مثل لہ کی تعیین و وضاحت | ۲۸۹ |
| ۳۳۷ | هل ادلكم على تجارة، هل جزاء الاحسان الا الخ، مذکورہ الفاظ استفہام کے معانی مع ترجمہ | ۲۹۰ |
| ۳۳۸ | ۱٤۳۲ھ | ۲۹۱ |
| ۳۳۹ | فَقَالَ لِيْ كَيْفَ أَنْتَ قُلْتُ عَلِيْلُ الخ، اعراب، ترجمہ، اشعار و آیت میں محذوف اشیاء کی تعیین اور ان کے دواعی حذف | ۲۹۱ |
| ۳۵۰ | مندرجہ دواعی تقدیم کی تشریح مع امثلہ، ① مراعاة الترتيب الوجودي ② النص على عموم السلب او سلب العموم ③ التخصيص | ۲۹۲ |
| ۳۵۱ | التفات، تجاہل عارف، اسلوب الحکیم مندرجہ بالا اخراج الکلام علی خلاف مقتضی الظاہر کی انواع کے معانی، صورتیں اور امثلہ | ۲۹۳ |
| ۳۵۲ | اَلْإِيْجَازُ إِمَّا أَنْ يَكُوْنَ بِتَضَمُّنِ الْعِبَارَةِ الخ، اعراب، ترجمہ، ایجاز کی تعریف، ایجاز کی اقسام مع امثلہ | ۲۹۵ |
| ۳۵۳ | فَبَلَاغَةُ الْكَلَامِ مُطَابَقَتُهُ لِمُقْتَضَى الخ، اعراب، ترجمہ، بلاغت کا لغوی و اصطلاحی معنی، حال و مقتضی حال کی تشریح مع امثلہ | ۲۹٦ |
| ۳۵٤ | أَمَّا الْأَمْرُ فَهُوَ طَلَبُ الْفِعْلِ الخ، اعراب، ترجمہ، امر کی تعریف و صیغے مع امثلہ، امر کا مجازی معانی میں استعمال مع امثلہ | ۲۹۷ |
| ۳۵۵ | ۱٤۳۳ھ | ۲۹۹ |
| ۳۵٦ | إِذَا أُرِيْدَ إِفَادَةُ السَّامِعِ حُكْمًا فَأَيُّ لَفْظٍ الخ، اعراب، تشریح، پانچ دواعی حذف و دواعی ذکر کا ذکر مع امثلہ | ۲۹۹ |
| ۳۵۷ | ذكر الخاص بعد العام، ذكر العام بعد الخاص، الايضاح بعد الابهام، التوشيع، الاعتراض، الايغال کی وضاحت | ۳۰۲ |
| ۳۵۸ | نحن بما عندنا، والذي حارت البرية، ان الذين ترونهم اخوانكم، اشعار کا ترجمہ، محل استشہاد کی وضاحت | ۳۰۳ |
| ۳۵۹ | فَفَصَاحَةُ الْكَلِمَةِ سَلَامَتُهَا الخ، اعراب، فصاحت کی اقسام، تنافر حروف، مخالفت قیاس و غرابت کی تعریف مع امثلہ | ۳۰٤ |
| ۳٦۰ | اَلْخَبَرُ إِمَّا أَنْ يَكُوْنَ جُمْلَةً فِعْلِيَّةً أَوْ اِسْمِيَّةً الخ، اعراب، ترجمہ، تشریح، فائدة الخبر اور لازم فائدة الخبر کی تعریف | ۳۰۵ |
| ۳٦۱ | واما النهي فهو طلب الكف الخ، اعراب، ترجمہ، تشریح، صیغہ نہی کے مجازی معانی مع امثلہ | ۳۰٦ |
| ۳٦۲ | ۱٤۳٤ھ | ۳۰۷ |
| ۳٦۳ | وَأَمَّا اِسْمُ الْإِشَارَةِ فَيُؤْتَى بِهِ الخ، اعراب، ترجمہ، تشریح، اسم اشارہ کا مجازی اغراض میں استعمال، كَمْ عَاقِلٍ عَاقِلٍ أَعْيَتْ مَذَاهِبُهُ الخ کے مابعد والے بیت کی نشاندہی | ۳۰۷ |
| ۳٦٤ | وَضُعْفُ التَّأْلِيْفِ كَوْنُ الْكَلَامِ الخ، اعراب، ترجمہ، تشریح، ستمار کا تعارف، اضمار قبل الذکر کے جواز کی صورت | ۳۰۸ |
| ۳٦۵ | أَمَّا الضَّمِيْرُ فَيُؤْتَى بِهِ لِكَوْنِ الْمَقَامِ لِلتَّكَلُّمِ الخ، اعراب، تشریح، علم کے فوائد، اسم علم اور اسم ضمیر کے فوائد میں فرق | ۳۰۹ |
| ۳٦٦ | مَوَاضِعُ الْوَصْلِ بِالْوَاوِ وَيَجِبُ الْوَصْلُ الخ، اعراب، ترجمہ، وصل اور فصل کی تعریف مع امثلہ، وصل کے مقامات مع امثلہ | ۳۱۰ |
| ۳٦۷ | وَمِنْهَا التَّغْلِيْبُ وَهُوَ تَرْجِيْحُ أَحَدِ الشَّيْئَيْنِ عَلَى الْآخَرِ فِيْ إِطْلَاقِ الخ، اعراب، مطلب | ۳۱۲ |
| ۳٦۸ | وَمِنْهَا تَنْزِيْلُ غَيْرِ الْمُنْكِرِ مَنْزِلَةَ الْمُنْكِرِ الخ، اعراب، تشریح، جَاءَ شَقِيْقٌ عَارِضًا رُمْحَهُ شعر کی ترکیب | ۳۱۳ |


Maktaba Tul Ishaat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۳۶۹ | ۱۴۳۵ھ | ۲۱۴ |
| ۳۷۰ | الانشاء اما طلبي او غير طلبي الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،انشاءِ طلبی کے امورِ خمسہ کی تعریف مع امثلہ | ۲۱۴ |
| ۳۷۱ | وَبَلَاغَةُ الْمُتَكَلِّمِ مَلَكَةٌ يَقْتَدِرُ بِهَا الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،تنافر ،مخالفتِ قیاس ،ضعفِ تالیف ،تعقید وغرابت کی معرفت کے طریقے | ۲۱۵ |
| ۳۷۲ | وَالْفِعْلِيَّةُ مَوْضُوعَةٌ لِمُجَرَّدِ ثُبُوْتِ الْمُسْنَدِ ،اعراب ،تشریح ،فعلیہ کی مراد و الاصل في الخبر سے غرض متکلم | ۲۱۵ |
| ۳۷۳ | مِنَ الْمَعْلُوْمِ اَنَّهُ لَا يُمْكِنُ النُّطْقُ بِاَجْزَاءِ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،چھ دواعی تقدیم مع امثلہ | ۲۱۶ |
| ۳۷۴ | اَمَّا الْمُضَافُ لِتَفْرِقَةٍ فَيُؤْتٰى بِهٖ اِذَا تَعَيَّنَ طَرِيْقًا الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،مضاف کے استعمال کی اغراض | ۲۱۸ |
| ۳۷۵ | هُوَ عِلْمٌ يُعْرَفُ بِهٖ اَحْوَالُ اللَّفْظِ الْعَرَبِيِّ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،علم معانی کی لغوی و اصطلاحی تعریف ،مثال کی وضاحت | ۲۱۹ |
| ۳۷۶ | ۱۴۳۶ھ | ۲۲۰ |
| ۳۷۷ | وَكَلَّا لِطَلَبِ التَّضْيِيْقِ فَقَطْ نَحْوُ كَلَّا الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،کلا کی دونوں قسموں کی وضاحت مع امثلہ | ۲۲۰ |
| ۳۷۸ | لفظ اِنْ اور اِذَا میں فرق مع امثلہ — مواضع فصل کی وضاحت مع امثلہ | ۲۲۱ |
| ۳۷۹ | اِخْرَاجُ الكلام على حسب ما تقدم من القواعد الخ ،وضاحت ،خلافِ مقتضیٰ ظاہر کے پانچ مواقع کی وضاحت مع امثلہ | ۲۲۳ |
| ۳۸۰ | وَالتَّعْقِيْدُ اَنْ يَّكُوْنَ الْكَلَامُ خَفِيَّ الدَّلَالَةِ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،مثل لہ کی نشاندہی | ۲۲۴ |
| ۳۸۱ | وَاَمَّا التَّمَنِّيْ فَهُوَ طَلَبُ شَيْءٍ مَحْبُوْبٍ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،ادوات تمنی کی نشاندہی مع امثلہ ،تمنی اور ترجی میں فرق | ۲۲۵ |
| ۳۸۲ | التفات کی تعریف واقسام مع امثلہ ،تغلیب کی تعریف واقسام مع امثلہ | ۲۲۵ |
| ۳۸۳ | ۱۴۳۷ھ | ۲۲۶ |
| ۳۸۴ | وَاَمَّا الْعَلَمُ فَيُؤْتٰى بِهٖ لِاِحْضَارِ مَعْنَاهُ فِيْ ذِهْنِ السَّامِعِ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح | ۲۲۶ |
| ۳۸۵ | وَقَدْ تُخْرَجُ اَلْفَاظُ الْاِسْتِفْهَامِ عَنْ مَعْنَاهَا الخ ،اعراب ،ترجمہ ،الفاظِ استفہام کا غیر معنی اصلی میں استعمال مع امثلہ | ۲۲۶ |
| ۳۸۶ | وَاَمَّا الْمَوْصُوْلُ فَيُؤْتٰى بِهٖ اِذَا تَعَيَّنَ طَرِيْقًا الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،موصول کے استعمال کی اغراض مع امثلہ ،معرف باللام کو ذکر کرنے کی صورتیں مع امثلہ | ۲۲۷ |
| ۳۸۷ | يَجِبُ الْفَصْلُ فِيْ خَمْسَةِ مَوَاضِعَ الْاَوَّلُ اَنْ يَّكُوْنَ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،کمالِ اتصال بین الجملتین اور کمالِ انقطاع بین الجملتین کی صورتیں مع امثلہ | ۲۳۰ |
| ۳۸۸ | وَ الْاِطْنَابُ وَهُوَ تَاْدِيَةُ الْمَعْنٰى بِعِبَارَةٍ زَائِدَةٍ الخ ترجمہ ،اعراب ،اطناب تطویل وحشو کی وضاحت مع امثلہ | ۲۳۱ |
| ۳۸۹ | وَ اَمَّا الْاِسْتِفْهَامُ فَهُوَ طَلَبُ الْعِلْمِ بِشَيْءٍ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،ادوات استفہام کی مثال | ۲۳۲ |
| ۳۹۰ | ۱۴۳۸ھ | ۲۳۲ |
| ۳۹۱ | وَ مِنْهَا التَّذْيِيْلُ وَهُوَ تَعْقِيْبُ الْجُمْلَةِ بِاُخْرٰى الخ ترجمہ ،اعراب ،تشریح مع امثلہ | ۲۳۲ |
| ۳۹۲ | وَ اَمَّا النَّفْيُ فَالتَّقْيِيْدُ بِهٖ يَكُوْنُ بِسَلْبِ النِّسْبَةِ الخ ترجمہ ،اعراب ،لم ولما میں فرق مع امثلہ | ۲۳۳ |
| ۳۹۳ | وَاَمَّا الشَّرْطُ فَالتَّقْيِيْدُ بِهٖ يَكُوْنُ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،اِنْ ،اِذَا اور لَوْ کے استعمال میں فرق مع امثلہ | ۲۳۳ |
| ۳۹۴ | يَنْقَسِمُ التَّشْبِيْهُ بِاعْتِبَارِ طَرَفَيْهِ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشبیہ کی چاروں اقسام کی وضاحت مع امثلہ ،طرفین مفرد و مرکب کی تعریف | ۲۳۴ |
| ۳۹۵ | اَلْمَجَازُ الْعَقْلِيُّ هُوَ اِسْنَادُ الْفِعْلِ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،مجاز عقلی کی اقسام کی وضاحت مع امثلہ | ۲۳۶ |
| ۳۹۶ | تَاْكِيْدُ الْمَدْحِ بِمَا يُشْبِهُ الذَّمَّ ضَرْبَانِ الخ ،اعراب ،ترجمہ ،تشریح ،تاکید الذم بما یشبہ المدح کی وضاحت مع امثلہ | ۲۳۸ |
| ۳۹۷ | ۱۴۳۹ھ | ۲۳۹ |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۹۸ | الكناية هي لفظ اريد به لازم معناه الخ ،اعراب، کنایہ کی لغوی اور اصطلاحی تعریف، کمنی عنہ کے اعتبار سے کنایہ کی اقسام مع امثلہ، کنایہ کو کوتج درحر کے نام سے ذکر کرنے کی وضاحت | ۳۳۹ |
| ۳۹۹ | محسنات معنوية، التورية: ان يذكر لفظ له الخ تشریح، علم بدیع کی تعریف، محسنات معنویہ اور لفظیہ کی تعریف | ۳۴۰ |
| ۴۰۰ | اَلْاِسْتِعَارَةُ هِيَ مَجَازٌ عَلَاقَتُهُ اَلْمُشَابَهَةُ الخ ،اعراب، ترجمہ، تشریح | ۳۴۱ |
| ۴۰۱ | ۱۴۴۰ھ | ۳۴۲ |
| ۴۰۲ | كُلُّ كَلَامٍ فَهُوَ اِمَّا خَبَرٌ اَوْ اِنْشَاءٌ الخ ،اعراب، ترجمہ، کلام خبری وانشائی کی تعریف اور فرق، صدق وکذب خبر کی مراد، تاکید پر مشتمل ہونے کے اعتبار سے خبر کی اقسام ثلاثہ کی وضاحت | ۳۴۲ |
| ۴۰۳ | نداء کی تعریف، ادوات نداء کی نشاندہی، قرب اور بعد کے اعتبار سے ادوات نداء کی تفصیل، اسكان نعمان الاراك تيقنوا الخ شعر کے استشہاد کی وضاحت | ۳۴۳ |
| ۴۰۴ | القصر تخصيص شيئ بشيئ الخ ترجمہ، قصر کا لغوی واصطلاحی معنی، قصر حقیقی واضافی میں فرق، قصر افراد، قصر قلب، قصر تعیین کی مثالوں سے وضاحت، قصر الصفۃ علی الموصوف اور قصر الموصوف علی الصفۃ کے درمیان فرق کی وضاحت مع امثلہ | ۳۴۳ |
| ۴۰۵ | ایجاز اطناب ومساوات کی تعریف مع امثلہ، واعلم علم اليوم والامس قبله کا مستدل، اخلال کی تعریف ومثال | ۳۴۵ |
| ۴۰۶ | وقد يذكر فعل ينبئ عن التشبيه الخ تشریح، تشبیہ کی تعریف اور وضاحت مع مثال، ارکان تشبیہ کی تعداد ونشاندہی، تشبیہ بلیغ کی مثال | ۳۴۶ |
| ۴۰۷ | اَلْاِسْتِعَارَةُ هِيَ مَجَازٌ الخ اعراب، ترجمہ، واصل الاستعارة تشبيه حذف احد طرفيه ووجه شبهه واداته کی تشریح، عبارت میں مذکور استعارہ کی اقسام کی وضاحت مع امثلہ | ۳۴۷ |
| ۴۰۸ | ﴿الورقة السادسة: فى الادب العربى والعقائد﴾ | ۳۴۹ |
| ۴۰۹ | ۱۴۳۱ھ | ۳۵۱ |
| ۴۱۰ | وَغَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ تِلْكَ الْغَزْوَةَ حِيْنَ طَابَتِ الخ ،اعراب، ترجمہ، لغوی وصرفی تحقیق | ۳۵۱ |
| ۴۱۱ | فَطَافَ ابْنُ الدُّغُنَّةِ فِي اَشْرَافِ قُرَيْشٍ عَشِيَّةً الخ ،اعراب، ترجمہ، عبارت کے مضمون کی نشاندہی | ۳۵۱ |
| ۴۱۲ | دَخَلَ الْقَوْمُ وَاللّٰهِ ثُمَّ خَرَجُوْا وَعَرَفُوْا الخ ،اعراب، ترجمہ، صاحب مضمون (حسن بصریؒ) کا مختصر تعارف | ۳۵۲ |
| ۴۱۳ | فَلَمْ اَزَلْ اَتَفَكَّرُ فِيْهِ مُدَّةً وَاَنَا بَعْدُ عَلٰى مَقَامِ الْاِخْتِيَارِ الخ ،اعراب، ترجمہ، لغوی وصرفی تحقیق | ۳۵۳ |
| ۴۱۴ | وَلَا يَكُوْنُ اِلَّا مَا يُرِيْدُ وَلَا تَبْلُغُهُ الْاَوْهَامُ الخ ،اعراب، ترجمہ، تشریح، مسئلہ ارادہ میں معتزلہ کا اختلاف | ۳۵۴ |
| ۴۱۵ | وَالْاِسْتِطَاعَةُ الَّتِيْ يَجِبُ بِهَا الْفِعْلُ مِنْ نَحْوِ الخ ،اعراب، ترجمہ، تشریح، استطاعت کی دونوں قسموں کے درمیان فرق | ۳۵۵ |
| ۴۱۶ | ۱۴۳۲ھ | ۳۵۶ |
| ۴۱۷ | ثُمَّ جَاءَ الْقَاضِي الْفَاضِلُ مُجَدِّدُ اُسْلُوْبِ الخ ،اعراب، ترجمہ، مفہوم وخلاصہ | ۳۵۶ |
| ۴۱۸ | فَلَمَّا اجْتَمَعُوْا اَتَى سَعْدٌ فَقَالَ قَدِ اجْتَمَعَ الخ ،اعراب، ترجمہ، الخطابة المعجزة کا خلاصہ | ۳۵۷ |
| ۴۱۹ | يَا عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ اُنْظُرْ مَا عَلَيَّ مِنَ الدَّيْنِ؟ الخ ،اعراب، ترجمہ، لغوی وصرفی تحقیق | ۳۵۸ |
| ۴۲۰ | فَكَانَ اَوَّلُ مَنْ صَانَعَهُمْ عُمَّالَكَ بِالْهَدَايَا الخ ،اعراب، ترجمہ، عنوان اور صاحب مضمون کی نشاندہی | ۳۵۸ |
| ۴۲۱ | وَلَا يَثْبُتُ قَدَمُ الْاِسْلَامِ اِلَّا عَلٰى ظَهْرِ التَّسْلِيْمِ الخ ،اعراب، ترجمہ، تشریح، لغوی وصرفی تحقیق | ۳۵۹ |
| ۴۲۲ | ولا نرى السيف على احد من امة محمد ﷺ الخ، تشریح، تلوار اٹھائے جانے والے لوگوں کی تعیین | ۳۶۰ |
| ۴۲۳ | ۱۴۳۰ھ | ۳۶۰ |
| ۴۲۴ | ومن الناس لا يأتون الصلوة الا دبرا الخ اعراب، ترجمہ، وشر المآكل مال اليتيم والسعيد من وعظ بغيره کی ترکیب | ۳۶۰ |


Maktaba Tul Ishaat.com

| نمبر | عنوان | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۳۱۵ | قَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ فَلَمَّا بَلَغَنِي أَنَّهُ تَوَجَّهَ قَافِلًا حَضَرَنِي الخ ،اعراب،ترجمہ،فَقَبِلَ مِنْهُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ عَلَانِيَتَهُمْ وَبَايَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ کی ترکیب | ۲۶۱ |
| ۳۱۶ | وَلَامِنَ الْبَلَسِ لِبِنَةٌ مَلِيٌّ وَلٰكِنَّكَ رَهَلَتْ فِيهِ لِمَا بَيْنَ يَدَيْكَ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی وصرفی تحقیق | ۲۶۲ |
| ۳۱۷ | وَأَمَرَ غُلَامَهُ أَنْ يُطْعِمَنِي رَغِيفَيْنِ بِمِلْحٍ فَجِئْتُ وَعِنْدِي أَنَّهُ صَائِمٌ وَلَمْ أَزَلْ الخ ،اعراب،ترجمہ | ۲۶۳ |
| ۳۱۸ | مَازَالَ بِصِفَاتِهِ قَدِيمًا قَبْلَ خَلْقِهِ لَمْ يَزْدَدْ بِكَوْنِهِمْ شَيْئًا لَمْ يَكُنْ قَبْلَهُمْ مِنْ صِفَاتِهِ الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح | ۲۶۴ |
| ۳۱۹ | وَالْعَرْشُ وَالْكُرْسِيُّ حَقٌّ الخ ،اعراب،ترجمہ،باری تعالیٰ کے زمان اور مکان سے منزہ ہونے کے باوجود عرش وکرسی کا مطلب،عرش وکرسی کے الگ الگ یا ایک ہی چیز ہونے کی وضاحت | ۲۶۴ |
| ۳۲۰ | ۱۴۳۴ھ | ۲۶۵ |
| ۳۲۱ | وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَاسْتَوٰى آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا الخ ،اعراب،ترجمہ،آیات میں مذکور واقعہ | ۲۶۵ |
| ۳۲۲ | قَالَ سُرَاقَةُ فَعَرَفْتُ أَنَّهُمْ هُمْ فَقُلْتُ لَهُ إِنَّهُمْ لَيْسُوْا الخ ،اعراب،ترجمہ،مضمون کا عنوان | ۲۶۶ |
| ۳۲۳ | اَلْمُؤْمِنُ فِي الصَّلَاةِ خَاشِعٌ وَإِلَى الرُّكُوْعِ مُسَارِعٌ الخ ،اعراب،ترجمہ،تحقیق | ۲۶۷ |
| ۳۲۴ | يَا أَصْحَابَنَا مَا عِنْدَكُمْ مِنْ حَدِيثِ النَّاسِ؟ فَقَدْ وَاللّٰهِ طَالَ عَطَشِيْ الخ ،اعراب،ترجمہ | ۲۶۷ |
| ۳۲۵ | والايمان هو الايمان بالله و ملائكته الخ ،ایمان کی توضیح،دنیا میں اجراءِ احکام کیلئے اقرار باللسان کی وضاحت | ۲۶۸ |
| ۳۲۶ | وَالْمِعْرَاجُ حَقٌّ قَدْ أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ ﷺ الخ ،ترجمہ،اعراب،معراج واسراء کے متعلق عقیدہ،منکرینِ معراج کا حکم،معراج اور اسراء میں فرق،معراج کے جسمانی یا روحانی ہونے کی وضاحت مع الدلائل | ۲۶۹ |
| ۳۲۷ | ۱۴۳۵ھ | ۲۷۰ |
| ۳۲۸ | حَتّٰى مَضَتْ سَنَتَاهُ وَفَصَلْتُهُ وَكَانَ يَشِبُّ شَبَابًا لَا يَشِبُّهُ الْغِلْمَانُ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی وصرفی تحقیق | ۲۷۰ |
| ۳۲۹ | قَالَ كَعْبٌ فَجَاءَتْ اِمْرَأَةُ هِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ الخ ،اعراب،ترجمہ،مضمون کا عنوان | ۲۷۱ |
| ۳۳۰ | وَصِرْنَا إِلٰى أَبِيْ زَكَرِيَّا الزَّاهِدِ فَلَمَّا دَخَلْنَا رَحَّبَ بِنَا وَفَرِحَ الخ ،اعراب،ترجمہ | ۲۷۱ |
| ۳۳۱ | فَيَدْخُلُ مَنْزِلَهُ فَلَا يَطْعَمُ فِيهِ طَعَامٌ حَتّٰى الخ ،اعراب،ترجمہ،مضمون کے کاتب ومکتوب علیہ کی نشاندہی،لغوی تحقیق | ۲۷۲ |
| ۳۳۲ | لَيْسَ مُنْذُ خَلَقَ الْخَلْقَ اِسْتَفَادَ اِسْمَ الْخَالِقِ وَ لَا بِإِحْدَاثِهِ الْبَرِيَّةَ الخ ،اعراب،ترجمہ،تشریح | ۲۷۲ |
| ۳۳۳ | ولا نقول لا يضر مع الاسلام ذنب لمن عمله و نرجو للمحسنين من المؤمنين الخ ،ترجمہ،تشریح | ۲۷۳ |
| ۳۳۴ | ۱۴۳۶ھ | ۲۷۴ |
| ۳۳۵ | وَالَّذِيْنَ إِذَا أَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا الخ ،اعراب،ترجمہ،مفہوم وخلاصہ | ۲۷۴ |
| ۳۳۶ | وَاللّٰهِ مَا كَانَ لِيْ مِنْ عُذْرٍ وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ قَطُّ أَقْوٰى وَلَا أَيْسَرَ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی وصرفی تحقیق | ۲۷۵ |
| ۳۳۷ | كَانَ مِنْ أَخْلَاقٍ مَعْلُوْمَةٍ أَنَّهُ كَانَ يَأْذَنُ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ خَمْسَ مَرَّاتٍ الخ ،اعراب،ترجمہ،ترکیب | ۲۷۵ |
| ۳۳۸ | وَلَمَّا كَانَ النَّسِيْمُ حَلَّتْ عَلَيْهِ غَشْيَةٌ وَامْتَنَعَ مِنْ تَنَاوُلِ الْمَشْرُوْبِ الخ ،اعراب،ترجمہ،لغوی وصرفی تحقیق | ۲۷۶ |
| ۳۳۹ | ولانفضل أحدا من الأولياء على احد من الأنبياء ونقول نبي واحد أفضل من جميع الأولياء ،ترجمہ،تشریح | ۲۷۷ |
| ۳۴۰ | ومن احسن القول في أصحاب النبي ﷺ وازواجه و ذرياته فقد برئ من النفاق الخ ،ترجمہ،تشریح | ۲۷۷ |
| ۳۴۱ | ۱۴۳۷ھ | ۲۷۸ |
| ۳۴۲ | أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ أَصْدَقَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَأَوْثَقَ الْعُرٰى الخ ،اعراب،ترجمہ،الفاظ کے مفرد وجمع | ۲۷۸ |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۴۳ | إِنَّ مِنْ تَوْبَتِي أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَإِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ الخ، اعراب، ترجمہ، صیغے | ٣٧٩ |
| ۳۴۴ | لَايَزَالُ الْإِنْسَانُ مُسْتَمِرًّا فِيْ إِقْبَالِهِ مَالَمْ يَعْلَمْ الخ، اعراب، ترجمہ | ٣٧٩ |
| ۳۴۵ | فَقُلْتُ: شَيْخٌ ضَعِيْفٌ لَيْسَ صِنَاعَتُنَا كَصِنَاعَتِكُمْ الخ، اعراب، ترجمہ، امام احمد بن حنبلؒ کے حالات | ٣٨٠ |
| ۳۴۶ | وَإِنَّ الْقُرْآنَ كَلَامُ اللّٰهِ مِنْهُ بَدَأَ بِلَا كَيْفِيَّةٍ الخ، اعراب، ترجمہ، خلق قرآن کے قائلین کی نشاندہی اور ہمارا عقیدہ، اہلِ قبلہ کی تعیین اور عدمِ تکفیر کا معنی | ٣٨١ |
| ۳۴۷ | وفي دعاء الاحياء للاموات وصدقتهم منفعة للاموات الخ مُردوں کو زندوں کے اعمال کا نفع اور ایصالِ ثواب کا حکم، حُبِ صحابہ رضی اللہ عنہم کے اثبات اور تفریط کی نفی کی وضاحت، بغضِ صحابہ رضی اللہ عنہم کا حکم مع الدلیل | ٣٨٢ |
| ۳۴۸ | ١٤٣٨ھ | ٣٨٤ |
| ۳۴۹ | فَمَا مِنَّا امْرَأَةٌ إِلَّا وَقَدْ عَرَضَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الخ، اعراب، ترجمہ، مضمون کا عنوان، لغوی وصرفی تحقیق | ٣٨٤ |
| ۳۵۰ | فَلَمَّا جِئْتُهُ قَالَ: أَيْنَ كُنْتَ؟ قُلْتُ تَزَوَّجْتُ لِعَلِيِّ الخ، اعراب، ترجمہ، ابن خلکان کے حالات، لغوی وصرفی تحقیق | ٣٨٥ |
| ۳۵۱ | أَنَا إِنْ كُنْتُ حَاسِدًا أَحَدًا عَلَى نِعْمَةٍ فَإِنِّي لَحَسِيْدُ الخ، اعراب، ترجمہ، مضمون کا حاصل، لغوی وصرفی تحقیق | ٣٨٦ |
| ۳۵۲ | مِنَ السَّيِّدَةِ زُبَيْدَةَ: كُلُّ ذَنْبٍ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الخ، اعراب، ترجمہ، لغوی تحقیق، حضرت زبیدہ کا تعارف ورشتہ | ٣٨٧ |
| ۳۵۳ | وَأَهْلُ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ ﷺ الخ، اعراب، ترجمہ، گناہ کبیرہ کی تعریف ونشاندہی، مرتکب کبیرہ کے حکم میں اختلاف | ٣٨٨ |
| ۳۵۴ | وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ الْمُصْطَفٰى وَنَبِيُّهُ الخ، اعراب، ترجمہ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے باوجود آپ ﷺ کے خاتم النبیین ہونے کی وضاحت، فتنۂ قادیانیت کے متعلق جامع اور مختصر نوٹ | ٣٨٩ |
| ۳۵۵ | ١٤٣٩ھ | ٣٩١ |
| ۳۵۶ | إِعْلَمْ أَنَّ الْعَجَمَ وَالرُّوْمَ لَمَّا تَوَارَثُوا الْخِلَافَةَ قُرُوْنًا كَثِيْرَةً الخ، اعراب، ترجمہ، مضمون کا خلاصہ | ٣٩١ |
| ۳۵۷ | إِنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ لَمْ أَعْقِلْ أَبَوَيَّ قَطُّ إِلَّا وَهُمَا يَدِيْنَانِ الدِّيْنَ الخ، اعراب، ترجمہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے احوال، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ابن الدغنہ کے جواب کی وضاحت | ٣٩٢ |
| ۳۵۸ | وَقَدْ رَأَيْتُ فِيْ هٰذَا السَّيِّدِ الْمُسْنَدِ بِالْعِيَانِ الخ، اعراب، ترجمہ، عبارت میں مذکورہ شخص کا تذکرہ، لغوی وصرفی تحقیق | ٣٩٣ |
| ۳۵۹ | فَلَبِثْنَا عَلٰى ذٰلِكَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً الخ، اعراب، ترجمہ، تحقیق | ٣٩٣ |
| ۳۶۰ | وَنُؤْمِنُ بِمَلَكِ الْمَوْتِ الْمُوَكَّلِ بِقَبْضِ أَرْوَاحِ الخ، اعراب، ترجمہ، قبر کی مراد اور دریا برد، جل کر راکھ ہو کر اڑ جانے والے مُردے کا حکم، ملک الموت کی مراد اور اُس کا نام | ٣٩٤ |
| ۳۶۱ | و نرى الصلوة خلف كل برو فاجر الخ ترجمہ، تشریح، کن لوگوں کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی؟ | ٣٩٥ |
| ۳۶۲ | ١٤٤٠ھ | ٣٩٦ |
| ۳۶۳ | فَلَكُ ثُمَّ قِيْمْنَا مَنَازِلَنَا مِنْ بِلَادِ بَنِيْ سَعْدٍ الخ اعراب، تشریح، کلمات کی تحقیق، مضمون کا عنوان | ٣٩٦ |
| ۳۶۴ | مَا ابْتُلِيَ الْإِنْسَانُ قَطُّ بِأَعْظَمَ مِنْ عُلُوِّ هِمَّتِهِ الخ اعراب ما ترجمہ، فَإِنَّ مَنْ عَلَتْ هِمَّتُهُ يَخْتَارُ الْمَعَالِيَ کی ترکیب | ٣٩٦ |
| ۳۶۵ | قال ابن السماك ---- يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ أَهْلَ الدُّنْيَا الخ، اعراب، ترجمہ، ابن سماک وداؤد طائی کا تعارف، ترکیب | ٣٩٧ |
| ۳۶۶ | فبكى المنصور ثم قال: ليتني لم اخلق الخ، ترجمہ، تشریح، ان للناس اعلاما ---- في دينهم کی ترکیب | ٣٩٨ |
| ۳۶۷ | الحوض الذي اكرمه الله تعالى به الخ، ترجمہ، تشریح، شفاعت کے مفہوم میں معتزلہ اور اہلسنت کا اختلاف | ٣٩٩ |
| ۳۶۸ | و ان العشرة الذين سماهم رسول الله ﷺ الخ ترجمہ، عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم کے نام، امام طحاوی کی ذکر کردہ علامات قیامت، کاہن اور عراف میں فرق اور وجہ عدم تصدیق | ٤٠٠ |


Maktaba Tul Ishaat.com

الورقة الاولیٰ

# تفسیر

سورۂ روم تا مرسلات

## ﴿الورقة الاولیٰ: فی التفسیر﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۲۷ھ

**الشق الاوّل** ...... الٓمّٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝ فِیْٓ اَدْنَی الْاَرْضِ وَھُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِھِمْ سَیَغْلِبُوْنَ ۝ فِیْ بِضْعِ سِنِیْنَ ۝ لِلّٰہِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ۝ وَیَوْمَئِذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰہِ ۝ یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ ۝ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۝ وَعْدَ اللّٰہِ ۝ لَا یُخْلِفُ اللّٰہُ وَعْدَہٗ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝ (پ۲۱۔روم:۱تا۶)

آیات کا ترجمہ کریں، آیات کا شانِ نزول وتفسیر تحریر کریں بضع سنین کی لغوی تحقیق کریں نیز للّٰہ الامر من قبل ومن بعد، لایخلف اللّٰہ وعدہ ولکن اکثر الناس لایعلمون کی ترکیب کریں۔ادنی الارض سے کیا مراد ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چھ امور توجہ طلب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کا شانِ نزول (۳) آیات کی تفسیر (۴) بضع سنین کی لغوی تحقیق (۵) للّٰہ الامر الخ کی ترکیب (۶) ادنی الارض کی مراد

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ "اللّٰہ اعلم بمرادہ" رومی مغلوب ہو گئے قریب کے ملک میں اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب ہوں گے چند برسوں میں اللہ ہی کے اختیار میں ہے سب کام پہلے بھی اور بعد میں بھی اور اس دن خوش ہوں گے مسلمان اللہ کی نصرت سے وہ اللہ جس کی چاہتا ہے مدد کرتا ہے اور وہ غالب ہے نہایت رحم والا ہے یہ اللہ کا وعدہ ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

❷ آیات کا شانِ نزول:۔ نبوت کے پانچویں سال بصری اور اذرعات کے درمیان ایرانیوں نے رومیوں کو ایک مہلک شکست دی اور قیصر نے ہرقل شاہ روم کو قسطنطنیہ تک بھگا دیا یہ خبر سن کر کفارِ مکہ نے مسلمانوں پر آوازے کسے کہ جس طرح ہمارے بھائی یعنی مجوسیوں نے تمہارے بھائیوں یعنی اہلِ کتاب کو ہرا دیا ہے اسی طرح ہم بھی تم کو مٹا دیں گے (اہلِ کتاب کو مسلمانوں کا بھائی کہنا چند احکام کے اندر مشابہت کی وجہ سے تھا) اس پر مسلمانوں کو بہت دکھ ہوا اور بہت پریشان ہوئے جس پر اللہ نے یہ آیات نازل فرمائیں جن کا خلاصہ اور حاصل یہ ہے کہ عنقریب رومی یعنی اہلِ کتاب اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت سے غالب آنے والے ہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے جو کہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا، چنانچہ اسی طرح ہوا اور کچھ عرصہ کے بعد رومی ایرانیوں پر غالب آگئے۔

❸ آیات کی تفسیر:۔ ان آیات میں نو سال کے اندر اندر رومیوں کی عظیم الشان فتح کی پیشین گوئی ہے اور یہ قرآن کریم کے کلام الٰہی ہونے کی بڑی محکم دلیل ہے اور یہ شکست اذرعات اور بصریٰ کے درمیان ملک شام میں واقع ہوئی جو عرب کے بالکل قریب ہے اور رومی ایرانیوں پر عنقریب فتح یاب ہوں گے چنانچہ نو سال کے اندر اندر رومیوں کو ایرانیوں پر بڑی بھاری فتح ہوئی اور بات دراصل یہ ہے کہ رومیوں کی شکست اور ان کی فتح یہ سب اللہ کے اختیار میں ہے اور جب رومیوں کو فتح ہوگی تو مسلمان اس سے بہت زیادہ خوش ہوں گے اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہے اپنی مدد سے نوازے وہ غالب ہے مہربان ہے۔

❹ بضع سنین کی لغوی تحقیق:۔ تین سے لیکر نو تک لفظ بضع بولا جاتا ہے اور سنین، سنۃ کی جمع ہے بمعنی سال۔

❺ للّٰہ الامر الخ کی ترکیب:۔ للّٰہ لام حرف جار لفظ اللّٰہ مجرور ثابت کے متعلق ہے، ثابت اسم فاعل ھو ضمیر اس کا فاعل، من قبل ومن بعد کی تقدیری عبارت ہے من قبل کل شیئ و من بعد کل شیئ، کل شیئ مضاف مضاف الیہ ملکر

Maktaba Tul Ishaat.com

مضاف الیہ قبل کا اور اسی طرح بعد کا مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور ہوئے من حرف جار کے، جار مجرور ملکر متعلق ہوا ثابت کے، ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور تینوں متعلقات سے ملکر خبر مقدم، الامر مبتداء مؤخر، مبتداء خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لایخلف فعل الله فاعل وعده مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ، فعل فاعل مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لکنّ حرف مشبہ بالفعل اکثر اسم تفضیل مضاف الناس مضاف الیہ فاعل، اکثر اسم تفضیل مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل سے ملکر اسم ہوا لکنّ کا لایعلمون فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ ہوکر لکنّ کی خبر، لکنّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

❻ ادنی الارض کی مراد:۔ اس کی تفسیر میں علماء کے مختلف اقوال ہیں، بعض کہتے ہیں کہ عرب کے قریب کی زمین اطراف شام اذرعات، بصریٰ ہے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اردن اور فلسطین مراد ہے۔ مجاہد کہتے ہیں کہ ارض جزیرہ مراد ہے۔

**الشق الثانی** ...... اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ (پ۲۲۔ فاطر:۲۷)

آیات مذکورہ کا سلیس ترجمہ تحریر کریں، مختصر تفسیر بھی تحریر کریں، خط کشیدہ الفاظ کی صرفی اور لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) خط کشیدہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی آسمان سے پانی اتارتا ہے پھر ہم اس پانی کے ذریعے مختلف رنگوں کے پھل نکالتے ہیں اور پہاڑوں میں سے حصے ہیں سفید اور سرخ جن کے رنگ مختلف ہیں اور بعض سخت سیاہ ہیں۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ اے مخاطب کیا تو نے اللہ کی قدرت میں غور نہیں کیا کہ وہ اپنی قدرت کاملہ سے بادلوں میں سے پانی برسا کر اس کے ذریعے زمین سے مختلف رنگوں کے پھل پیدا کرتا ہے اور اس کی قدرت کاملہ سے پہاڑوں میں بھی مختلف رنگوں کے سفید اور سرخ اور کالے سیاہ حصے ہوتے ہیں۔

الغرض ان آیات میں آپ ﷺ کو تسلی دی جارہی ہے کہ جس طرح نباتات، حیوانات اور جمادات کے مختلف رنگ ہیں حالانکہ ایک ہی زمین ہے، ایک ہی پانی ہے، ایک ہی آب وہوا ہے لہٰذا جس طرح یہ سب کچھ مختلف ہے اسی طرح انسان بھی مختلف ہیں۔ بعض مؤمن، بعض منافق، بعض کافر، بعض نیک، بعض بدکار وغیرہ لہٰذا آپ ﷺ ان کے اختلافات کی وجہ سے غمگین نہ ہوں۔

❸ خط کشیدہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "الجبال" جبل کی جمع ہے بمعنی پہاڑ۔ "جُدَدٌ" جُدَّۃٌ کی جمع ہے بمعنی علامت اور طریقہ۔

"بِیْضٌ" یہ صفت مشبہ ابیض کی جمع ہے بمعنی سفید۔ "حُمْرٌ" یہ صفت مشبہ احمر کی جمع ہے بمعنی سرخ۔

"غرابیب سود" اصل میں سود غرابیب تھا اس میں قلب ہوا سود جمع ہے اسود کی بمعنی سیاہ۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۲۷ھ

**الشق الاول** ...... مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا

آیات مذکورہ کا سلیس ترجمہ تحریر کریں، شان نزول بیان کریں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق کریں۔ (پ۲۲۔ احزاب:۴۰)

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کا شان نزول (۳) خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** حضرت محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی ایک کے بھی باپ نہیں ہیں لیکن اللہ کے رسول اور انبیاء ؑ کے خاتم (ختم کرنے والے) ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر ایک کو جاننے والا ہے۔

❷ **آیات کا شانِ نزول:۔** جب حضور ﷺ نے حضرت زینب ؓ سے نکاح کر لیا تو لوگوں نے طعنہ دینا شروع کر دیا کہ محمد ﷺ نے اپنے بیٹے (زید بن حارثہ ؓ) کی بیوی سے نکاح کر لیا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ محمد ﷺ تم میں سے کسی ایک شخص کے بھی نسب میں حقیقی باپ نہیں ہیں وہ تو اللہ کے رسول اور خاتم الانبیاء ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جانتے ہیں۔

❸ **خط کشیدہ لفظ کی لغوی تحقیق:۔** "خاتم" تاء کے فتحہ کیساتھ بمعنی مہر اور تاء کے کسرہ کے ساتھ بمعنی ختم کرنیوالا۔

**الشق الثانی** ...... وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ إِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُونَ ۝ إِذْ أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوٓا إِنَّآ إِلَيْكُم مُّرْسَلُونَ ۝ (پ ۲۲۔ یٰس: ۱۳، ۱۴)

آیات مبارکہ کا سلیس ترجمہ تحریر کریں، آیات کا مختصر پس منظر بیان کر کے تشریح کریں، اس قریہ اور پیغمبروں کا نام بتائیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کا پس منظر (۳) آیات کی تشریح (۴) قریہ اور پیغمبروں کے نام۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اور آپ ﷺ ان کے لئے بستی والوں کی مثال بیان کریں جبکہ آئے ان کے پاس بھیجے ہوئے جب بھیجا ہم نے ان کی طرف دو کو تو انہوں نے ان کو جھٹلا دیا پس تقویت دی ہم نے تیسرے کے ذریعے پس کہا انہوں نے کہ ہم تمہاری طرف بھیجے ہوئے آئے ہیں۔

❷ **آیات کا پس منظر:۔** ماقبل والی آیات میں منکرین نبوت و رسالت کفار کا ذکر تھا۔ اس پر تنبیہ کرنے کیلئے بطور مثال پہلے زمانہ کے ایک قصہ کا ذکر ہے جو انطاکیہ نامی بستی میں پیش آیا کہ اس میں نصاریٰ کے عبادت خانے اور کنیسے بڑی تعداد میں موجود ہیں تو اس بستی میں پہلے دو رسول بھیجے گئے بستی والوں نے ان کی تکذیب کی تو اللہ تعالیٰ نے پہلے دو رسولوں کی تائید و تقویت کیلئے تیسرے رسول کو اس میں بھیجا تو تینوں نے مل کر بستی والوں سے خطاب کیا کہ انا الیکم مرسلون تو اس بستی والوں نے ان کی بات نہ مانی اور ان کو منحوس قرار دیا، پیغمبروں نے پھر بھی ان کو دعوت دی۔ جب شہر کے لوگوں کی طرف سے ان پیغمبروں پر یلغار ہوئی تو وہ شخص جو پہلے سے ان پیغمبروں پر ایمان لے آیا تھا اور شہر کے کنارے پر رہتا تھا، جس کا نام حبیب نجار تھا وہ دوڑتا ہوا آیا اور اس نے ان پیغمبروں کی تائید کی اور قوم کو دعوت دی کہ ان پیغمبروں کا کہنا مانو جو تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتے اور خود راہ راست پر ہیں۔ اور کہا کہ مجھے کیا عذر ہے کہ میں اس خدا کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا ہے اور اپنا ایمان ظاہر کر دیا تو قوم اس پر ٹوٹ پڑی اور ایک قول کے مطابق اسے مار مار کر شہید کر دیا۔

❸ **آیات کی تشریح:۔** کما مرّ آنفا۔

❹ **قریہ اور پیغمبروں کے نام:۔** جمہور مفسرین کی رائے کے مطابق قریہ سے مراد انطاکیہ نامی مشہور بستی ہے اور پیغمبروں کے نام صادق، صدوق اور شلوم اور ایک روایت کے مطابق تیسرے کا نام شمعون تھا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۲۷ھ

**الشق الاوّل** ...... لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنزَلَ السَّكِينَةَ

Maktaba Tul Ishaat.com

عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ۝ وَمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَأْخُذُونَهَا وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ۝ (پ ۲۶۔ فتح: ۱۸، ۱۹)

آیات مبارکہ کا سلیس ترجمہ تحریر کریں، مختصر شان نزول بیان کریں، خط کشیدہ الفاظ کی صرفی اور لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کا شان نزول (۳) لغوی اور صرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ بیشک اللہ تعالیٰ راضی ہو گئے مؤمنین سے جبکہ بیعت کر رہے تھے وہ آپ ﷺ سے ایک درخت کے نیچے۔ پس جان لیا اس نے جو کچھ ان کے دلوں میں ہے پس نازل کر دیا اطمینان ان پر اور جلد ہی ان کو فتح دے گا اور بہت سی غنیمتیں جن کو وہ لیں گے اور اللہ بڑا غالب حکمت والا ہے۔

❷ آیات کا شان نزول:۔ یہ آیات اصل میں اُن صحابہ کرام ؓ کی شان میں نازل ہوئی ہیں جنہوں نے حدیبیہ کے مقام پر ایک درخت کے نیچے آپ ﷺ کے دست مبارک پر حضرت عثمان غنی ؓ کی شہادت کی جھوٹی خبر پر انکے خون کا بدلہ لینے کے لئے جہاد کی بیعت کی تھی، جس بیعت کو بیعت رضوان بھی کہتے ہیں۔

❸ کلمات مخطوطہ کی لغوی اور صرفی تحقیق:۔ "یَأْخُذُوْنَ" صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر الاخذ (نصر) بمعنی پکڑنا۔

"رَضِیَ" صیغہ واحد مذکر غائب بحث فعل ماضی معروف از مصدر الرضوان (سمع) بمعنی راضی ہونا۔

"یبایعونك" صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معروف از مصدر المبایعۃ (مفاعلہ) بمعنی بیعت کرنا۔

"اثابھم" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف از مصدر الاثابۃ (افعال) بمعنی بدلہ دینا۔ "مغانم" مغنم کی جمع ہے بمعنی غنیمت۔

**الشق الثانی** ...... يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا أَنْ تُصِيبُوا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَىٰ مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِينَ ۝ (پ ۲۶۔ حجرات ۶)

مطلب خیز ترجمہ کریں، خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق کرنے کے بعد نون اعرابی گرنے کی وجہ لکھیں، آیت کا شان نزول بھی بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) خط کشیدہ کی صرفی تحقیق (۳) نون اعرابی کے گرنے کی وجہ (۴) آیات کا شان نزول۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی فاسق آدمی خبر لیکر آئے تو خوب تحقیق کر لیا کرو کہیں تم جا پڑو کسی قوم پر نادانی سے پھر صبح اپنے کئے ہوئے پر پشیمان ہو۔

❷ خط کشیدہ کی صرفی تحقیق:۔ "فتبینوا" صیغہ جمع مذکر فعل امر حاضر از مصدر تَبَیُّنْ (تفعل) بمعنی تحقیق و تفتیش کرنا۔

"تصیبوا" اصل میں تصیبون تھا صیغہ جمع مذکر حاضر فعل مضارع معلوم از مصدر الاصابہ (افعال) بمعنی پہنچانا۔

"تُصْبِحُوْا" صیغہ جمع مذکر حاضر بحث فعل مضارع معلوم فعل از افعال ناقص۔

❸ نون اعرابی کے گرنے کی وجہ:۔ "تبینوا" چونکہ یہ فعل امر حاضر معلوم ہے اور مضارع سے حالت جزم میں نون اعرابی ساقط ہو جاتا ہے لہٰذا یہاں پر بھی نون اعرابی ساقط ہو گیا۔ "تصیبوا" میں أنْ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی ساقط ہوا ہے۔

"فتصبحوا" میں أنْ ناصبہ کی وجہ سے بواسطۂ عاطفہ کے نون اعرابی ساقط ہوا ہے۔

❹ آیات کا شان نزول:۔ ولید بن عقبہ کو حضور ﷺ نے قبیلہ بنی المصطلق سے زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا، بنی المصطلق

کے ساتھ ولید کو جاہلیت کے زمانے سے کچھ عداوت تھی جب وہ لوگ ولید کے استقبال کے لئے نکلے تو انہوں نے اس کو آمادۂ جنگ سمجھا اور واپس آ کر حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ وہ مرتد ہو گئے اور زکوٰۃ بند کر دی ہے تو آپ ﷺ نے حضرت خالد بن ولید کو بھیجا کہ خفی طور پر جا کر ان کا حال معلوم کرو، اگر ان کا اسلام ثابت ہو تو زکوٰۃ وصول کرو چنانچہ وہ گئے اور ان کو مغرب اور عشاء کی نماز پڑھتے ہوئے پایا اور ان سے زکوٰۃ وصول کر کے لائے تو اس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔

# ﴿الورقة الاولىٰ: فى التفسير﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱٤۲۸ھ

**الشق الاوّل** ...... يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ مَرَحًا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۝ وَاقْصِدْ فِىْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ۝ (پ۲۱۔لقمان:۱۷تا۱۹)

مذکورہ آیات مبارکہ کا سلیس ترجمہ کریں، خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق کریں، ان انکر الاصوات لصوت الحمیر کی نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات مبارکہ کا ترجمہ (۲) خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق (۳) ان انکر الاصوات لصوت الحمیر کی نحوی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ آیات مبارکہ کا ترجمہ:۔ اے بیٹے قائم رکھ نماز کو اور سکھلا بھلی بات اور منع کر برائی سے اور تحمل کر جو تجھ پر پڑے، بیشک یہ ہیں ہمت کے کام اور اپنے گال مت پھلا لوگوں کی طرف اور مت چل زمین پر اتراتا ہوا، بیشک اللہ کو نہیں بھاتا کوئی اتراتا ہوا بڑائیاں کرنے والا اور چل درمیانی چال اور نیچی کر آواز اپنی، بیشک بری سے بری آواز گدھے کی آواز ہے۔

❷ خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق:۔ اَقِمْ" صیغہ واحد مذکر حاضر بحث امر حاضر معلوم از مصدر اِقَامَةٌ (افعال) بمعنی قائم کرنا۔

اَلصَّلٰوةَ" اسم ہے بمعنی دعاء۔ اِنْهَ" صیغہ واحد مذکر حاضر بحث امر حاضر معلوم از مصدر اَلنَّهْيُ (فتح) بمعنی روکنا۔

اَصَابَكَ" صیغہ واحد مذکر غائب بحث ماضی معلوم از مصدر اِصَابَةٌ (افعال) بمعنی پہنچانا۔

اُغْضُضْ" صیغہ واحد مذکر حاضر بحث امر حاضر معلوم از مصدر غَضًّا، غَضَاضًا، غَضَاضَةٌ (نصر) بمعنی لگا دیا آواز پست کرنا۔

❸ ان انکر الاصوات لصوت الحمیر کی نحوی ترکیب:۔ ان حرف مشبہ بالفعل انکر اسم تفضیل مضاف الاصوات مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر ان کا اسم، لام تاکید یہ صوت مضاف الحمیر مضاف الیہ، مضاف اور مضاف الیہ ملکر ان کی خبر، اِنّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی** ...... يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ۝ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِى الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ۝ (پ۲۲۔سباء:۱۳،۱۴)

مذکورہ آیات کا سلیس ترجمہ تحریر کریں، جس پیغمبر کا یہ واقعہ بیان ہو رہا ہے ان کا نام متعین کر کے ان کی موت کا واقعہ مختصر بیان کریں، دابۃ الارض سے کیا مراد ہے؟

Maktaba Tul Ishaat.com

شیاطین کا ترجمہ سانپوں کیساتھ کیا ہے یعنی زقوم کا پھل ایسی شکل میں ہوتا ہے جیسے سانپ کا پھن، اسلئے اسکو اردو میں ناگ پھن بھی کہتے ہیں، لیکن اکثر مفسرین نے فرمایا یہاں شیاطین سے اسکے معلوم معنی ہی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ زقوم کا پھل اپنی بدصورتی میں شیطانوں کے سر کی مانند ہوتا ہے اور محاورہ ہے بدصورت بدشکل اشیاء کو جن بھوت کے ساتھ تشبیہ دی جاتی ہے۔ اس آیت کا مقصد زقوم کی بدصورتی کو بیان کرنا ہے۔

**الشق الثانی** ...... وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ۝ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۭ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۭ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ (پ ۲۵۔ زخرف: ۳۱، ۳۲)

آیات کا ترجمہ تحریر کریں مذکورہ آیات میں کفار کے جس شبہ کا جواب دیا گیا ہے وہ شبہ اور اس کا جواب وضاحت سے تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) کفار کا شبہ اور اس کا جواب۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اور کہتے ہیں (یہ مشرک لوگ) کہ کیوں نہیں نازل کیا گیا یہ قرآن ان دو بستیوں میں سے کسی ایک بڑے آدمی پر، کیا وہ تیرے رب کی رحمت کو بانٹتے ہیں، ہم نے بانٹ دی ہے ان میں ان کی روزی دنیا کی زندگی میں اور بلند کر دیئے درجے بعض کے بعض پر تا کہ بنائے انکا بعض بعض کو خدمتگار اور تیرے رب کی رحمت بہتر ہے ان چیزوں سے جن کو وہ جمع کرتے ہیں۔

❷ کفار کا شبہ اور اس کا جواب:۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین عرب کے ایک اعتراض کا جواب دیا ہے جو آپ ﷺ کی رسالت پر کیا کرتے تھے۔ وہ اعتراض یہ ہے کہ اگر کسی انسان ہی کو نبوت سونپنی تھی تو حضور ﷺ مالی اعتبار سے کوئی صاحب حیثیت نہیں ہیں یہ منصب حضور ﷺ کی بجائے مکہ اور طائف کے کسی بڑے دولت مند اور صاحب جاہ و منصب انسان کو کیوں نہیں دیا گیا؟

ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے انکے اس اعتراض کا جواب دیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ تمہیں اس معاملہ میں کوئی دخل دینے کا حق ہی نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نبوت کا منصب کس کو دے رہا ہے اور کس کو نہیں دے رہا، نبوت کی تقسیم تمہارے ہاتھ میں نہیں ہے کہ کسی کو نبی بنانے سے پہلے تم سے رائے لی جائے یہ کام کلیۃً اللہ کے ہاتھ میں ہے اور وہی اپنی عظیم مصلحتوں کے مطابق اس کو انجام دیتا ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۲۸ھ

**الشق الاول** ...... اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَاۗءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ۝ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ۝ (پ ۲۶۔ ق: ۶ تا ۱۱)

خط کشیدہ الفاظ کی لغوی اور صرفی تحقیق کریں، ترجمہ کریں، تبصرۃ و ذکری اور رزقا ترکیب میں کیا واقع ہے؟ نیز بتائیں کہ میتا، بلدۃ کی صفت ہے یا نہیں؟ اگر صفت ہے تو مطابقت کیوں نہیں اور اگر صفت نہیں ہے تو کیا واقع ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) الفاظ مخطوطہ کی لغوی و صرفی تحقیق (۲) آیات کا ترجمہ (۳) تبصرۃ و ذکری اور رزقا کی ترکیب (۴) میتا کی ترکیبی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ الفاظ مخطوطہ کی لغوی و صرفی تحقیق:۔ "القینا" صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم از مصدر القاء (افعال) بمعنی ڈالنا۔

"بنینٰھا" صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از مصدر بِنَایَةً (ضرب) بمعنی بنانا، تعمیر کرنا۔

"انبتنا" صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از مصدر اِنْبَاتٌ (افعال) بمعنی اُگانا۔

"نزّلنا" صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از مصدر تَنْزِیْلٌ (تفعیل) بمعنی تدریجاً اتارنا۔

❷ آیات کا ترجمہ:۔ کیا پس انہوں نے اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھا کہ کیسے ہم نے اس کو بنایا اور اسکو مزین کیا اور نہیں ہے اس کیلئے پھٹن اور زمین کو ہم نے بچھا دیا اور ڈالے ہم نے اس کے اندر مضبوط پہاڑ اور اگائیں اس میں ہر قسم کی خوشنما چیزیں، بصیرت اور نصیحت ہے ہر رجوع کرنے والے بندے کے لئے اور ہم نے اتارا آسمان سے پانی برکت والا پھر اُگایا ہم نے اسکے ذریعے سے باغ اور اناج جن کے کھیت کاٹے جاتے ہیں اور کھجوریں لمبی لمبی جن کے خوشے گتھے (گھنے) ہوئے ہوتے ہیں۔ روزی بندوں کے لئے اور زندہ کیا ہم نے اس سے ایک مردہ شہر کو اسی طرح ہے دوبارہ نکلنا۔

❸ تبصرۃً وذکریٰ اور رزقًا کی ترکیب:۔ تبصرۃ وذکری مفعول لہ ہیں یا حال ہیں مددنھا کی ھا ضمیر سے، رزقًا مفعول لہ ہے انبتنا فعل سے یا رزقًا مفعول مطلق ہے انبتنا فعل سے من غیر لفظہ۔

❹ میتا کی ترکیبی تحقیق:۔ میتا بلدۃ کی صفت ہے اور صفت مشبہ کا صیغہ مذکر و مؤنث دونوں کی صفت آسکتا ہے، یا بلدۃ موضعًا مذکر کی تاویل میں ہو کر موصوف ہے۔

**الشق الثانی** ...... فَإِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّىٰ إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً حَتَّىٰ تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ذَٰلِكَ وَلَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَانتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَٰكِن لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ وَالَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ (پ۲۶۔ محمد:۴)

خط کشیدہ الفاظ کی لغوی، صرفی ونحوی تحقیق کریں، سلیس اردو میں ترجمہ کریں، فاما منًّا بعد سے ذلک تک نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) خط کشیدہ الفاظ کی لغوی، صرفی ونحوی تحقیق (۲) آیات کا سلیس ترجمہ (۳) فاما منا بعد سے ذلک تک نحوی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ خط کشیدہ الفاظ کی لغوی، صرفی ونحوی تحقیق:۔ "ضَرْبٌ" یہ باب ضَرَبَ کا مصدر ہے بمعنی مارنا، چلنا، بیان کرنا۔

"الرقاب" یہ الرقبۃ کی جمع ہے جس کا معنی ہے گردن یا پسِ گردن۔ فضرب الرقاب اس کی اصل فضربوا الرقاب ضربًا ہے فعل کو حذف کر دیا مفعول مطلق کو مقدم کر کے فعل محذوف کے قائم مقام کر دیا اور مضاف کر دیا مفعول (الرقاب) کی طرف اس میں دوسرا احتمال یہ ہے کہ اصل میں فاضربوا ضرب الرقاب تھا۔ ضرب الرقاب مفعول تھا فاضربوا کا، فعل کو حذف کر دیا ضرب الرقاب رہ گیا۔ "شدّوا" صیغہ جمع مذکر حاضر بحث فعل امر حاضر معروف از مصدر الشدّ (نصر) بمعنی باندھنا۔

"اثخنتموھم" صیغہ جمع مذکر حاضر بحث فعل مضارع معروف از باب افعال بمعنی خونریزی میں مبالغہ کرنا۔ مجرد از مصدر ثخنًا وثخونۃ (کرم) بمعنی موٹا ہونا، سخت ہونا۔

"الوثاق" یہ اسم ہے بمعنی باندھنے کی چیز جیسے رسّی وغیرہ، یہ ترکیب میں شدّوا کا مفعول بہ ہے۔

❷ آیات کا سلیس ترجمہ:۔ پس جب تم مقابل ہو ان کافروں کے تو مارو ان کی گردنیں، یہاں تک کہ جب تم ان کو خوب

Maktaba Tul Ishaat.com

مغلوب کرلو تو ان کی مشکیں کس لو پھر یا تو احسان کرو اس کے بعد یا تاوان لے لو یہاں تک کہ ڈال دے لڑائی اپنے ہتھیار، یہی ہے (حکم) اور اگر اللہ چاہتا تو انتقام لے لیتا ان سے لیکن تا کہ وہ آزمائے تم میں سے ایک کو دوسرے سے اور جو لوگ قتل کیے گئے اللہ کی راہ میں وہ ہرگز ضائع نہیں کرے گا ان کے عملوں کو۔

❷ **فاما منا بعد سے ذلك تک نحوی ترکیب:۔** اما حرف عطف منا مفعول مطلق ہے فعل محذوف تمنون کا ہذہ مفعول فیہ او حرف زائد ما اما حرف عطف فدا، مفعول مطلق ہے فعل محذوف تفدون کا تفدون فعل و فاعل حتی حرف جار اسکے بعد آن مقدر ہے آن ناصب مصدریہ تضع فعل مضارع الحرب اس کا فاعل آوزارھا مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ، تضع فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مفرد کی تاویل میں ہوکر مجرور حتی کا، جار مجرور ملکر متعلق ہوا تفدون کے تفدون فعل اپنے فاعل مفعول مطلق اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہا اپنے معطوف سے ملکر جملہ معطوفہ ہوا۔ ذلك یہ خبر ہے مبتدا محذوف الامر کی الامر مبتدا ذلك خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ ذلك مفعول بہ ہے افعلوا فعل محذوف کا افعلوا فعل امر مع فاعل ذلك مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

## ﴿الورقة الاولی: فی التفسیر﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۲۹ھ

**الشق الاول** ...... أَمْ أَبْرَمُوا أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ ۝ أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُم ۚ بَلَىٰ وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ ۝ قُلْ إِن كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ وَلَدٌ فَأَنَا أَوَّلُ الْعَابِدِينَ ۝ سُبْحَانَ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ ۝ (پ۲۵۔الزخرف۔۷۹تا۸۲)

مذکورہ آیات کا ترجمہ کریں، ابتدائی آیات کا شان نزول بتائیں، قل ان کان للرحمن ولد اس آیت میں حضرات مفسرین کے اقوال ذکر کرکے راجح قول متعین کریں، آخری آیت سبحٰن رب السمٰوات کی آخر تک نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) ابتدائی آیات کا شان نزول (۳) قل ان کان للرحمن ولد میں حضرات مفسرین کے اقوال اور راجح قول کی تعیین (۴) سبحٰن رب السمٰوات سے آخر تک نحوی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** کیا انہوں نے طے کرلی ہے کوئی بات تو ہم بھی طے کرنے والے ہیں کیا وہ خیال کرتے ہیں کہ ہم نہیں سنتے ان کا بھید اور ان کا مشورہ؟ کیوں نہیں اور ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) ان کے پاس لکھتے رہتے ہیں کہہ دیجئے اگر ہو (خدائے) رحمان کی کوئی اولاد تو بلاشبہ میں سب سے پہلے اس کی عبادت کرنے والا ہوں، پاک ہے رب آسمانوں اور زمین کا، مالک عرش کا اس سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

❷ **ابتدائی آیات کا شان نزول:۔** کفار عرب پیغمبر ﷺ کے مقابلہ میں طرح طرح کے منصوبے بناتے اور تدبیریں کرتے رہتے تھے مگر اللہ کی خفیہ تدبیر ان کے سب منصوبوں پر پانی پھیر دیتی تھی، ان ابتدائی آیتوں کے بارے میں حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ کافروں نے ملکر مشورہ کیا کہ ہمارے تغافل (غفلت) سے اس نبی کی دعوت بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہے، لہٰذا آئندہ اگر کوئی اس دین میں آئے تو اسی کے رشتہ دار اس کو مار مار کر نبی ﷺ کے دین سے ہٹادیں اور جو اجنبی شخص شہر میں آئے اس کو پہلے سنادو کہ اس شخص (ﷺ) کے پاس نہ بیٹھے۔ اس موقع پر آیات نازل ہوئیں کہ ہم نے بھی ان کی تدبیر کے مقابلہ میں ان کو ذلیل و

رسوا کرنے اور اپنے پیغمبر ﷺ کو عروج دینے کی تدبیر کرلی ہے اور ہماری تدبیر ہی غالب رہے گی۔

**❷ قل ان کان للرحمٰن ولد میں حضرات مفسرین کے اقوال اور راجح قول کی تعیین:۔** حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، حسنؒ اور سدیؒ نے کہا ہے کہ اِنْ، مَا کے معنی میں ہے یعنی ماکان للرحمٰن ولدٌ یہاں پر جملہ تام ہوگیا کہ آپ کہہ دیجئے رحمٰن کیلئے اولاد نہیں ہے، اگلا الگ جملہ ہے فانا اول العابدین ای موحدین میں تو مکہ والوں میں سے پہلا موحد ہوں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اِنْ شرطیہ ہے اور کلام علی سبیل الفرض والمحال ہے کہ آپ کہہ دیجئے کہ اگر رحمٰن کیلئے اولاد ثابت ہوتی تو سب سے پہلے میں اس اولاد کی عبادت کرتا لیکن محال ہے کہ اس کیلئے اولاد ہو یہ کلام ایسے ہے جیسے کوئی مناظرہ کرنے والا دوسرے کو کہے کہ اگر تمہارا قول ثابت ہوجائے تو میں سب سے پہلے اس کا اعتقاد رکھوں گا۔ عابدین معتقدین کے معنی میں ہے۔

**❸ سبحٰن رب السمٰوٰت سے آخر تک نحوی ترکیب:۔** سبحٰن مصدر مضاف، رب مضاف الیہ مضاف السمٰوٰت مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف الارض معطوف، معطوف علیہ و معطوف ملکر مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف محذوف ہے رب العرش مضاف مضاف الیہ ملکر معطوف، معطوف علیہ و معطوف ملکر سبحٰن مصدر کا مضاف الیہ عن حرف جار ما موصولہ یصفون فعل اس میں ضمیر فاعل، فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول صلہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا سبحٰن مصدر کے سبحٰن مصدر اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے ملکر مفعول مطلق ہوا فعل محذوف اُسَبِّحُ کا، اُسَبِّحُ فعل اس میں انا ضمیر مستتر اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

**السؤال الثانی** ...... وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ۝ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ۝ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ۭ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِى الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ۝ اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۝ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ۝ (پ۲۳۔ ص:۴۱تا۴۷)

مذکورہ آیات کا ترجمہ مختصر تفسیر کریں، شان نزول بیان کریں، انی مسنی الشیطٰن کی بے غبار تشریح کریں۔ نیز بتائیں کہ حیلہ کرنا کب جائز ہے؟۔ نعم العبد انہ اوّاب کی ترکیب لکھیں المصطفین کونسا صیغہ ہے؟ اس میں اگر کوئی تعلیل ہوئی ہو تو تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں سات امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) آیات کا شانِ نزول (۴) مسنی الشیطٰن کی تشریح (۵) حیلہ کرنے کا جواز (۶) نعم العبد انہ اوّاب کی ترکیب (۷) المصطفین کا صیغہ و تعلیل۔

**جواب** ...... **❶ آیات کا ترجمہ:۔** اور یاد کر تو ہمارے بندے ایوب علیہ السلام کو جب کہ پکارا اس نے اپنے رب کو کہ بیشک پہنچائی ہے مجھ کو شیطان نے تکلیف اور عذاب (ہم نے حکم دیا کہ) زمین پر لات مارو (جس سے تمہارے لئے چشمہ نکل آئے گا) ہم نے فرمایا تمہارے نہانے اور پینے کے لئے سرد چشمہ بہہ رہا ہے (جس میں نہانے سے ان کو شفاء ہوئی) اور عطاء کئے ہم نے ان کو اہل و عیال اور اتنے ہی اور بھی اپنی مہربانی سے تاکہ عقلمندوں کیلئے یادگار رہے اور حکم دیا ہم نے کہ جھاڑو کا مٹھا ہاتھ میں لیکر مارو اور اپنی قسم میں جھوٹے نہ بنو بیشک ہم نے ایوب علیہ السلام کو صابر پایا اور وہ بڑے اچھے بندے اور اللہ کی طرف رجوع کرنے والے تھے۔ اور ذکر کیجئے ہمارے بندے ابراہیم، اسحاق و یعقوب علیہم السلام کا جو بڑی قوت اور بصیرت والے تھے، بلاشبہ ہم نے چن لیا تھا ان کو ایک خاص

Maktaba Tul Ishaat.com

فضیلت یعنی ذکرِ آخرت میں اور بلاشبہ وہ ہمارے نزدیک برگزیدہ نیک بندوں میں سے تھے اور ذکر کیجئے اسماعیل و یسع اور ذوالکفل علیہم السلام کا اور ہر ایک ان میں سے نیک تھا۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ ابتدائی آیات میں آپ ﷺ کو کفارِ مکہ کی تکلیف پر صبر کرنے کا حکم ہے اور مثال حضرت ایوب علیہ السلام کے قصہ کو بنایا کہ جس طرح انہوں نے صبر سے کام لیا آپ ﷺ بھی صبر کریں چنانچہ جب حضرت ایوب علیہ السلام بیمار ہوئے تو شیطان طبیب کی صورت میں ان کی بیوی کے پاس آیا اور کہا میں طبیب ہوں اور اس شرط پر علاج کرتا ہوں کہ جب ایوب علیہ السلام کو شفاء ہو جائے تو کہنا کہ میں نے شفاء دی ہے اس بات کی حضرت ایوب علیہ السلام اللہ سے شکایت کر رہے ہیں کہ اس نے مجھے دکھ دیا۔ حکم ہوا کہ زمین پر پاؤں مار، اس کے مارنے سے سرد چشمہ نمودار ہوا جس میں نہانے سے وہ تندرست ہو گئے اور ان کی مردہ اولاد زندہ ہو گئی اور بھی پیدا ہوئے۔ ایوب علیہ السلام نے قسم کھائی کہ اگر میں تندرست ہو گیا تو بیوی کو سو کوڑے ماروں گا کہ اس نے کیوں شیطان کی بات سنی، خدا تعالیٰ نے حکم دیا کہ تو قسم میں بھی جھوٹا نہ ہو اور بیوی بھی بے خطا ہے تیری خدمت گزار ہے لہٰذا تو جھاڑو لے جس میں سو تنکے ہوں وہ مار دو قسم پوری ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ ایوب علیہ السلام کے صبر کی تعریف کر رہے ہیں کہ وہ بڑے صابر اور نیک بندے تھے۔

اُس کے بعد اللہ تعالیٰ نے چند انبیاء علیہم السلام کا تذکرہ فرمایا کہ وہ ہمارے اطاعت گزار و برگزیدہ بندے تھے، وہ اپنی فکر و عملی توانائیاں اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں صرف کرتے تھے اور اُن کو خصوصی طور پر فکرِ آخرت کی نعمت سے بھی نوازا گیا تھا اور وہ ہمارے منتخب و افضل ترین لوگوں میں سے تھے۔

❸ آیات کا شانِ نزول:۔ شانِ نزول کا مکمل واقعہ تفسیر کے ضمن میں گزر چکا ہے۔

❹ مسنی الشیطان کی تشریح:۔ شیطان نے مجھے رنج اور ایذاء پہنچائی ہے، بعض حضرات نے شیطان کے رنج اور ایذاء کی تفصیل یہ بیان کی ہے کہ ایوب علیہ السلام بیماری میں مبتلا ہوئے وہ شیطان کے تسلط کی وجہ سے آئی تھی اور ہوا یہ تھا کہ ایک مرتبہ فرشتوں نے حضرت ایوب علیہ السلام کی بہت تعریف کی جس پر شیطان کو سخت حسد ہوا اور اس نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مجھے ان کے جسم اور مال اولاد پر ایسا تسلط عطا کیا جائے جس سے میں ان کے ساتھ جو چاہوں سو کروں، اللہ تعالیٰ کو بھی ایوب علیہ السلام کی آزمائش مقصود تھی اسلئے شیطان کو یہ حق دے دیا گیا اور اس نے آپ کو اس بیماری میں مبتلا کر دیا لیکن محقق مفسرین نے اس قصے کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ قرآن کریم کی تصریح کے مطابق انبیاء علیہم السلام پر شیطان کو تسلط حاصل نہیں ہو سکتا اس لئے یہ ممکن نہیں ہے کہ اس نے آپ کو بیماری میں ڈال دیا ہو، بعض حضرات نے شیطان کے رنج اور ایذاء کی یہ تشریح کی ہے کہ بیماری کی حالت میں شیطان حضرت ایوب علیہ السلام کے دل میں طرح طرح کے وسوسے ڈالا کرتا تھا اس سے آپ کو اور زیادہ تکلیف ہوتی تھی، یہاں آپ نے اسی کا ذکر فرمایا ہے۔

❺ حیلہ کرنے کا جواز:۔ کسی نامناسب یا مکروہ بات سے بچنے کیلئے کوئی شرعی حیلہ اختیار کیا جائے تو یہ جائز ہے جیسے کہ حضرت ایوب علیہ السلام کے واقعہ کے اندر حیلہ کیا گیا جو کہ جواز پر دلالت کرتا ہے، لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اس قسم کے حیلے اس وقت جائز ہوتے ہیں جبکہ انہیں شرعی مقاصد کے ابطال کا ذریعہ نہ بنایا جائے اور اگر حیلہ کا مقصد یہ ہو کہ کسی حقدار کا حق باطل کیا جائے یا کسی صریح فعل حرام کو اس کی روح برقرار رکھتے ہوئے اپنے لئے حلال کر لیا جائے تو ایسا حیلہ بالکل ناجائز ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ حیلہ اگر شرعی تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے کیا جائے تو درست ہے ورنہ قطعاً جائز نہیں۔ (معارف القرآن)

❻ **نعم العبد انه اوّاب کی ترکیب:۔** نعم فعل از افعال مدح العبد مخصوص بالمدح فاعل اَنّ حرف از حروف مشبہ بالفعل ہ ضمیر اس کا اسم اوّاب خبر ہاَنّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مفعول بہ فعل مدح نعم کا نعم فعل مدح اپنے مخصوص بالمدح فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوا۔

❼ **المصطفین کا صیغہ اور تعلیل:۔** المصطفین صیغہ جمع مذکر بحث اسم مفعول از باب افتعال از مصدر الاصطفاء بمعنی چننا۔ مصطفین اصل میں مُصْتَفَوِیْنَ تھا باب افتعال کا فاء کلمہ صاد واقع ہوا افتعال کی تاء کو طاء سے بدل دیا مصطفوین ہو گیا۔ واؤ چوتھی جگہ سے زائد واقع ہوئی، ماقبل کی حرکت اس کے مخالف تھی اس کو یاء سے بدل دیا تو مُصْطَفَیِیْنَ ہو گیا پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یا کو الف سے بدل دیا تو دو ساکن جمع ہوئے الف اور یا مالف کو گرا دیا مصطفین ہو گیا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۲۹ھ

**الشق الاول** ...... وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ۝ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ ۝ فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ ۝ فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ ۝ لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ سَقِيمٌ ۝ وَأَنْبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِنْ يَقْطِينٍ ۝ (پ۲۳۔صٰفّٰت:۱۳۹تا۱۴۶)

حضرت یونس علیہ السلام کا مختصر قصہ ذکر کیجئے، آیات کا ترجمہ کیجئے، آیات کی تشریح کیجئے کہ نبی کی عصمت بالکل پاک صاف رہے۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) حضرت یونس علیہ السلام کا قصہ (۲) آیات کا ترجمہ (۳) آیات کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ **حضرت یونس علیہ السلام کا قصہ:۔** حضرت یونس علیہ السلام کی قوم عراق میں موصل کے مشہور مقام نینویٰ میں رہتی تھی، اللہ نے اس قوم کی ہدایت کیلئے اپنے نبی حضرت یونس علیہ السلام کو بھیجا، انہوں نے ایمان لانے سے انکار کیا حضرت یونس علیہ السلام نے بحکم الٰہی انکو تین دن کے اندر اندر عذاب آنے سے آگاہ کیا اس پر قوم یونس علیہ السلام نے آپس میں مشورہ کیا اور طے پایا کہ اگر یونس علیہ السلام رات کو ہمارے اندر رہتے ہیں تو کچھ نہیں ہوگا اور اگر کہیں چلے جائیں تو عذاب الٰہی کا یقین کرلو حضرت یونس علیہ السلام بارشاد خداوندی اس بستی سے چلے گئے، صبح کو عذاب الٰہی کے آثار نمودار ہوئے، قوم نے حضرت یونس علیہ السلام کو تلاش کیا تا کہ ایمان لائیں جب حضرت یونس علیہ السلام کہیں نہ ملے تو انہوں نے خود ہی توبہ واستغفار، گریہ وزاری شروع کردی اور میدان میں ساری قوم مع جانوروں کے آ گئی اور خوب روئے، اللہ نے انکی توبہ قبول کر لی اور آنیوالے عذاب کو ہٹا دیا، دوسری طرف حضرت یونس علیہ السلام بستی سے باہر عذاب الٰہی کے آنے کے انتظار میں تھے کیونکہ ان کو قوم کی توبہ کا حال معلوم نہ تھا، جب عذاب ٹل گیا تو ان کو فکر لاحق ہوئی کہ مجھے جھوٹا قرار دیا جائیگا اسلئے انہوں نے بحر روم کی طرف رُخ کیا اور کشتی میں سوار ہو گئے جب سمندر کے درمیان میں کشتی پہنچی تو وہیں رُک گئی چنانچہ کشتی والوں نے کہا کہ ہم قرعہ ڈالتے ہیں جس کا نام نکلے گا اس کو سمندر میں پھینکا جائیگا تا کہ وزن کم ہو اور کشتی چل پڑے چنانچہ حضرت یونس علیہ السلام کا نام نکلا مگر لوگوں نے سمندر میں ڈالنے سے انکار کر دیا تو پھر خود یونس علیہ السلام نے فرمایا کہ مجھے کشتی سے سمندر میں ڈالدو لوگوں نے ایسا کرنے سے گریز کیا، حضرت یونس علیہ السلام نے خود ہی سمندر میں چھلانگ لگا دی، اُدھر سے اللہ کے حکم سے مچھلی نے حضرت یونس علیہ السلام کو اپنے پیٹ میں لے لیا، آپ علیہ السلام نے لا الٰہ الا انت سبحانك انی كنت من الظالمين دعا کی اللہ نے قبول فرمائی، مچھلی نے سمندر کے کنارے پر پھینک دیا، اللہ نے کدو کی بیل سائے کیلئے اور بکری دودھ کے لئے اپنی قدرت سے مقرر کر دی اس طرح حضرت

Maktaba Tul Ishaat.com

یونس علیہ السلام کو اس لغزش (کوئی نقل و حرکت اللہ کی اجازت کے بغیر نہیں ہونی چاہیے تھی) پر تنبیہ ہوگئی اور قوم کو بھی پورا حال معلوم ہو گیا۔

❷ آیات کا ترجمہ:۔ اور بیشک یونس علیہ السلام بھی رسولوں میں سے تھے، جب بھاگ کے وہ بھری ہوئی کشتی کی طرف پھر قرعہ ڈلوایا پس تھا وہ خطاوار پھر لقمہ بنالیا اس کو مچھلی نے اور وہ الزام کھایا ہوا تھا اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے (آیت کریمہ کا ورد نہ کرتے) تو مچھلی کے پیٹ میں قیامت تک رہتے۔ پھر ڈال دیا ہم نے اُس کو چٹیل میدان میں اِس حال میں کہ وہ بیمار تھے اور اُگایا ہم نے اُس پر ایک بیل والا درخت۔

❸ آیات کی تشریح:۔ حضرت یونس علیہ السلام نے جو قوم کو تین دن کے اندر عذاب آجانے سے ڈرایا تھا ظاہر یہ ہے کہ یہ اپنی رائے سے نہیں بلکہ وحی الٰہی سے ہوا تھا اور اس وقت قوم کو چھوڑ کر ان سے الگ ہو جانا بھی حسبِ قدیم عادتِ انبیاء علیہم السلام ہے، ظاہر یہ ہے کہ یہ بھی بحکم خداوندی ہوا ہوگا یہاں تک کوئی بات لغزش کی موجبِ عتاب نہیں تھی مگر جب قوم کی سچی توبہ اور الحاح وزاری کو اللہ تعالیٰ نے قبول فرما کر ان سے عذاب ہٹا دیا اس وقت حضرت یونس علیہ السلام کا اپنی قوم میں واپس نہ آنا اور بقصد ہجرت سفر اختیار کرنا یہ اپنے اس اجتہاد کی بناء پر ہوا کہ اس حالت میں اگر میں واپس اپنی قوم میں گیا تو جھوٹا سمجھا جاؤں گا اور میری دعوت بے اثر و بے فائدہ ہو جائے گی بلکہ اپنی جان کا بھی خطرہ ہے اور اگر میں اُن کو چھوڑ کر کہیں چلا جاؤں تو یہ بات اللہ تعالیٰ کے نزدیک قابلِ مواخذہ و گرفت نہیں ہوگی اپنے اجتہاد کی بناء پر ہجرت کا قصد کر لینا اور اللہ تعالیٰ کے صریح حکم کا انتظار نہ کرنا اگرچہ کوئی گناہ نہیں تھا مگر اللہ تعالیٰ کو یونس علیہ السلام کا یہ طرزِ عمل پسند نہ آیا کہ وحی کا انتظار کئے بغیر ایک فیصلہ کر لیا یہ اگرچہ کوئی گناہ نہیں تھا مگر خلافِ اولیٰ ضرور ہوا۔ انبیاء علیہم السلام اور مقربانِ بارگاہِ الٰہی کی شان بہت بلند ہوتی ہے اُن کو مزاج شناس ہونا چاہیے، ان سے اس معاملے میں ادنیٰ کوتاہی ہوتی ہے تو اس پر بھی عتاب اور گرفت ہوتی ہے یہی معاملہ تھا جس پر عتاب ہوا۔

تفسیر قرطبی میں قشیری سے بھی یہ نقل کیا گیا ہے کہ ظاہر ہے کہ یہ صورتِ غضب یونس علیہ السلام کی اس وقت پیش آئی جبکہ قوم سے عذاب ہٹ گیا ان کو یہ پسند نہ تھا اور مچھلی کے پیٹ میں چند روز رہنا بھی کوئی تعذیب نہیں بلکہ تادیب کے طور پر تھا جیسے اپنے نابالغ بچوں پر زجر و تنبیہ تعذیب نہیں ہوتی تادیب ہوتی ہے تاکہ آئندہ وہ احتیاط برتیں۔

**الشق الثانی** ...... اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالۡجِبَالِ فَاَبَیۡنَ اَنۡ یَّحۡمِلۡنَهَا وَاَشۡفَقۡنَ مِنۡهَا وَحَمَلَهَا الۡاِنۡسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوۡمًا جَهُوۡلًا ۙ (پ۲۲۔احزاب:۷۲)۔

خط کشیدہ الفاظ کی لغوی و صرفی تحقیق کریں، سلیس ترجمہ کریں، امانت سے کیا مراد ہے؟ تفصیل کے ساتھ لکھیں، جنات باوجود مکلف ہونے کے بارِ امانت کے متحمل کیوں نہیں سمجھے گئے؟ انسان کو بارِ امانت اٹھانے کے باوجود ظلوماً جهولا کیوں قرار دیا گیا؟

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل پانچ امور ہیں (۱) خط کشیدہ کی لغوی و صرفی تحقیق (۲) آیت کا ترجمہ (۳) امانت کی مراد (۴) جنات کے مکلف ہونے کے باوجود بارِ امانت کے متحمل نہ ہونے کی وجہ (۵) انسان کو بارِ امانت اُٹھانے کے باوجود ظلوما جهولا کہنے کی وجہ۔

**جواب** ...... ❶ خط کشیدہ کی لغوی و صرفی تحقیق:۔ "عرضنا" صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم از مصدر العرض (ضرب) بمعنی پیش کرنا۔

"فَاَبَيْنَ" صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از مصدر الاباء و الاباءة (ضرب و فتح) بمعنی انکار کرنا۔

"اَشْفَقْنَ" صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از مصدر الاشفاق (افعال) بمعنی خوف کرنا۔

"ظَلُوْمًا" یہ اسم مبالغہ کا صیغہ ہے از مصدر اَلظُّلْم (ضرب) بمعنی ظلم کرنا۔

"جَهُوْلًا" اسم مبالغہ کا صیغہ ہے از مصدر الجهل والجهالة (سمع) بمعنی جاہل ہونا، نہ جاننا۔

❷ آیت کا ترجمہ:۔ بے شک ہم نے پیش کیا امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پس انکار کیا انہوں نے اس کو اٹھانے سے اور ڈر گئے اس سے اور اٹھایا اس کو انسان نے بے شک وہ تھا ظالم نادان۔

❸ امانت کی مراد:۔ لفظ امانت کی تفسیر میں ائمہ تفسیر، صحابہ و تابعین وغیرہم رحمہم اللہ کے بہت سے اقوال منقول ہیں۔ امانت سے مراد احکام شرعیہ کا مامور و مکلف ہونا ہے، فرائض شرعیہ، حفاظت عفت، امانات اموال، غسل جنابت، نماز، زکوۃ، روزہ، حج وغیرہ اسی لئے جمہور مفسرین نے فرمایا ہے دین کے تمام وظائف و اعمال امانت کے اندر داخل ہیں۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ امانت سے مراد احکام الٰہیہ کا بار اُٹھانے کی صلاحیت و استعداد ہے جو عقل و شعور کے خاص درجہ پر موقوف ہے۔

❹ جنات کے مکلف ہونے کے باوجود بار امانت کے متحمل نہ ہونے کی وجہ:۔ انسان کو اس آیت شریفہ میں ظلوم جهول کہا گیا ہے اور ظلوم وجهول اسم فاعل مبالغہ کے صیغے ہیں اور اسم فاعل میں ذات کے لئے معنی مصدری کا بالفعل ثبوت ہوتا ہے اور بالقوہ اس کی ضد کا بھی امکان ہوتا ہے۔ معلوم ہوا کہ انسان میں ظلم کی ضد عدل اور جہالت کی ضد علم کا ثبوت ہے اور یہ دونوں صفتیں جنات میں بہت ہی کمزور ہیں، اس لئے جنات کو بار امانت کا متحمل نہیں سمجھا گیا۔

❺ انسان کو بار امانت اُٹھانے کے باوجود ظلوما جهولا کہنے کی وجہ:۔ انه كان ظلومًا جهولا اس جملے سے بظاہر یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ مطلقاً انسان کی مذمت میں آیا ہے کہ اس نادان نے اپنی جان پر ظلم کیا کہ اتنا بڑا بار اُٹھالیا جو اس کی طاقت سے باہر تھا مگر قرآنی تصریحات کے مطابق واقعہ ایسے نہیں کیونکہ انسان سے مراد حضرت آدم علیہ السلام ہیں یا پوری نوع انسانی، ان میں سے حضرت آدم علیہ السلام تو نبی اور معصوم ہیں، انہوں نے جو بار اُٹھایا تھا اس کا حق یقینی طور پر ادا کر دیا اسی کے نتیجے میں ان کو خلیفۃ اللہ بنا کر زمین پر بھیجا گیا اور اگر نوع انسانی مراد ہو تو اس پوری نوع میں لاکھوں تو انبیاء علیہم السلام ہیں اور کروڑوں صالحین و اولیاء اللہ رحمہم اللہ ہیں جن پر فرشتے بھی رشک کرتے ہیں جنہوں نے اپنے عمل سے ثابت کر دیا کہ وہ اس امانت الٰہیہ کے اہل اور مستحق تھے۔ انہی حق امانت ادا کرنے والوں کی بناء پر قرآن حکیم نے نوع انسانی کو اشرف المخلوقات ٹھہرایا۔ اس سے ثابت ہوا کہ نہ آدم علیہ السلام قابل مذمت ہیں اور نہ پوری نوع انسانی، اسی لئے بعض حضرات مفسرین نے فرمایا کہ یہ جملہ مذمت کیلئے نہیں بلکہ اکثر افراد نوع کے اعتبار سے بیان واقعہ کے طور پر ارشاد ہوا ہے۔ خلاصہ یہ کہ آیت میں ظلوم وجهول خاص ان افراد کو کہا گیا جو احکام شرعیہ کی اطاعت میں پورے نہ اترے، امانت کا حق ادا نہ کیا یعنی امت کے کفار و منافقین، فساق و فجار اور گنہگار مسلمان مراد ہیں۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۲۹ھ

**الشق الأول** ...... ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللَّهِ فَإِنْ لَمْ تَعْلَمُوا آبَاءَهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيمَا أَخْطَأْتُمْ بِهِ وَلَكِنْ مَا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝ (پ۲۱۔الاحزاب:۵)

ترجمہ تشریح کریں، شان نزول بتائیں، دور حاضر میں بعض بے اولاد اپنے عزیزوں میں سے کسی کا بچہ لے کر پالتے ہیں اور اس کو اپنا بچہ سمجھتے ہیں اور سرکاری کاغذات میں نیز شناختی کارڈ میں اس کا والد اسی کو لکھا جاتا ہے جس نے پرورش کی ہوتی ہے اور حقیقی

Maktaba Tul Ishaat.com

والد کا نام نہیں لکھا جاتا آپ بتائیں کہ اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تشریح (۳) منہ بولے بیٹے کی شرعی حیثیت (۴) آیات کا شانِ نزول۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ پکارو تم ان کو ان کے باپوں کے ساتھ یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات ہے، پس اگر تم کو ان کے باپ معلوم نہ ہوں تو پس وہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور تمہارے دوست ہیں اور نہیں ہے کوئی حرج بھول چوک میں (غلطی سے اگر نام لے لیا ہو) لیکن وہ جس کا تمہارے دلوں نے ارادہ کیا اور اللہ تعالیٰ معاف کرنے والے مہربان ہیں۔

❷ آیات کی تشریح:۔ ان آیات میں اس بات کی طرف راہنمائی کی گئی ہے کہ منہ بولے بیٹوں کو حقیقی بیٹے نہ سمجھا جائے چنانچہ فرمایا کہ اللہ کے ہاں انصاف کی بات یہی ہے کہ منہ بولے لڑکوں کو ان کے باپوں کی طرف نسبت کر کے پکارا کرو اور اگر تم ان کے باپوں کو نہیں جانتے تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور دوست ہیں انہی القاب سے ان کو پکارا کرو مثلاً یا اخی یا مولائی اور اگر بھول چوک سے تم نے انہیں غیر باپ کی طرف منسوب کیا تو کوئی حرج نہیں ہاں اگر ارادۃً تم نے ایسا کیا تو ضرور گناہ ہوگا اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد تمام صحابہ رضی اللہ عنہم زید بن محمد ﷺ کی بجائے زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے۔

❸ منہ بولے بیٹے کی شرعی حیثیت:۔ زمانہ جاہلیت میں دستور تھا کہ کوئی کسی کو بیٹا بنا لیتا تھا یعنی متبنیٰ کر لیتا تھا جس طرح کہ اب (اس زمانے میں) گود لے لیتے ہیں، پھر وہ شخص اصلی بیٹا سمجھا جاتا تھا اور اسی کی میراث بھی پاتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے بھی وحی سے پہلے زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو بیٹا کر لیا تھا لوگ اس کو زید بن محمد کہا کرتے تھے، جب آیت ادعوھم الخ نازل ہوئی تب آپ ﷺ نے خود کہہ دیا کہ تو زید بن حارثہ ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بتلایا کہ آج کے بعد زید کو زید بن حارثہ کہہ کر پکارا جائے نہ کہ زید بن محمد۔ اللہ تعالیٰ نے اس الحاق اور اس نسبت جاہلیت کو رد کر دیا، اب اسلام میں متبنیٰ بنانا کوئی چیز نہ رہا یعنی متبنیٰ بنانے سے حقیقی بیٹا نہیں بنے گا جب حقیقی بیٹا نہیں تو اس پر حقیقی بیٹوں جیسے احکام بھی نافذ نہیں ہوں گے مثلاً وراثت وغیرہ۔

❹ آیات کا شانِ نزول:۔ یہ گزشتہ امر سے معلوم ہو چکا ہے۔

**الشق الثانی** ...... وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ (پ۲۵۔ شوریٰ: ۵۱، ۵۲)

ترجمہ وتفسیر کریں مندرجہ بالا آیات میں جو وحی کی اقسام ذکر کی گئی ہیں وہ تفصیل کے ساتھ تحریر کریں خط کشیدہ جملوں کی ترکیب کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) وحی کی اقسام (۴) خط کشیدہ جملوں کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اور نہیں حق کسی انسان کو کہ کلام کرے اس سے اللہ مگر بذریعہ وحی یا پردے کے پیچھے سے یا بھیج دے کوئی فرشتہ کہ وہ القاء کرے اس کے حکم سے جو وہ چاہے، بے شک وہ بڑا عالی شان حکمت والا ہے اور اسی طرح ہم نے وحی کی آپ کی طرف ایک روح اپنے حکم سے آپ نہیں جانتے تھے کہ کیا ہے کتاب اور نہ ایمان لیکن ہم نے بنا دیا اس کو نور، ہم راہ

دکھاتے ہیں اسکے ذریعہ سے جسے چاہیں اپنے بندوں میں سے اور بلاشبہ آپ تو راہنمائی کرتے ہیں سیدھے راستے کی۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ کسی بشر کی بحالت موجودہ یہ شان نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے کلام فرماوے مگر تین طریق سے یا تو الہام سے کہ قلب میں کوئی اچھی بات ڈالدے یا حجاب کے پیچھے سے کچھ کلام سنادے جیسے موسیٰ علیہ السلام نے سنا تھا یا کسی فرشتہ کو بھیج دے کہ وہ خدا کے حکم سے جو خدا کو منظور ہوتا ہے پیغام پہنچا دیتا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ بڑا عالیشان ہے اس سے جب تک وہ خود طاقت نہ دے کوئی ہم کلام نہیں ہوسکتا مگر اسکے ساتھ بڑی حکمت والا بھی ہے۔ اسلئے بندوں کی مصلحت سے اس نے کلام کے تین مذکورہ طریقے مقرر فرما دیئے ہیں اور جس طرح بشر کے ساتھ ہمارے ہم کلام ہونے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے اسی طرح یعنی اس قاعدے کے مطابق ہم نے آپ کے پاس بھی وحی یعنی اپنا حکم بھیجا ہے اور آپ کو نبی بنایا ہے اور یہ وحی ایسا ہدایت نامہ ہے کہ آپ کے لئے بے حد علوم میں اسی کی بدولت ترقی ہوئی چنانچہ اس سے پہلے نہ آپ کو یہ خبر تھی کہ کتاب اللہ کیا چیز ہے اور نہ یہ خبر تھی کہ ایمان کا مکمل ترین درجہ جواب حاصل ہے کیا چیز ہے (گو نفس ایمان نبی کو نبوت سے پہلے بھی حاصل ہوتا ہے) لیکن ہم نے آپ کو نبوت اور قرآن دیا اور اس قرآن کو آپ کے لئے اولاً اور دوسروں کے لئے ثانیاً ایک نور بنایا جس سے آپ کو یہ عظیم علوم اور بلند مرتبہ احوال حاصل ہوئے اور جس کے ذریعہ سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں۔ پس اس کے نور عظیم ہونے میں کوئی شبہ نہیں اب جو اندھا ہی ہو وہ اس نور کے نفع سے محروم بلکہ اس کا منکر ہے جیسے یہ معترضین اور اسمیں کوئی شبہ نہیں کہ آپ اس قرآن اور وحی کے ذریعہ سے عام لوگوں کو ایک سیدھے راستہ کی ہدایت کر رہے ہیں۔

❸ وحی کی اقسام:۔ اس آیت میں یہ بھی بتلایا گیا کہ کسی بشر سے اللہ کے کلام کرنے کی تین صورتیں ہوسکتی ہیں ① وحیاً یعنی کسی مضمون کو قلب (دل) میں ڈال دینا یہ جاگتے ہوئے بھی ہوسکتا ہے اور نیند یعنی بصورت خواب بھی۔ اس صورت میں عموماً الفاظ اللہ کی طرف سے نہیں ہوتے صرف ایک مضمون دل میں آتا ہے جس کو وہ اپنے الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں ② دوسری صورت من وراء حجاب ہے یعنی جاگتے ہوئے کوئی کلام پس پردہ سنے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کوہ طور پر پیش آیا کہ اللہ کا کلام سنا مگر زیارت نہیں ہوئی ③ تیسری صورت یرسل رسولا فیوحی باذنہ یعنی کسی فرشتہ جبرائیل علیہ السلام وغیرہ کو اپنا کلام دے کر بھیجا جائے وہ رسول کو پڑھ کر سنادے اور یہی طریقہ عام رہا ہے۔ پورا قرآن مجید اسی طرح بواسطۂ جبریل امین علیہ السلام نازل ہوا ہے۔ مذکورہ تفسیر میں لفظ وحی کو صرف القاء فی القلب کے معنی میں لیا گیا ہے مگر اکثر یہ لفظ تمام اقسام کلام ربانی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ فرشتے کے ذریعے جو وحی آتی ہے اس کی بھی دو صورتیں ہوتی ہیں کبھی تو فرشتہ اپنی اصلی شکل میں ہوتا ہے اور کبھی بشکل انسانی سامنے آتا ہے۔

❹ خط کشیدہ جملوں کی ترکیب:۔ ما نافیہ کان فعل ناقص لبشر جار مجرور ملکر کائن کے متعلق ہوکر کان کی خبر مقدم اَن ناصبہ مصدریہ یکلم فعل ہ ضمیر مفعول بہ اللہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد کان کا اسم مؤخر کان اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہ ضمیر اسکا اسم علیٌّ خبر اوّل حکیمٌ خبر ثانی اِنَّ اپنے اسم اور دونوں خبروں سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

روحا مفعول بہ ہے اَوحَینا کا مِن حرف جار امرنا مضاف ومضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر اوحینا کا متعلق ہوا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

## ﴿الورقة الاولىٰ: فی التفسیر﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۰ھ

**الشق الاول** ...... يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيِ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُونَ ۝ (حجرات:۱،۲)

ترجمہ وتفسیر کریں، شانِ نزول تحریر کریں نیز وضاحت کریں کہ حبطِ اعمال کا موجب تو کفر ہے مگر اس آیت میں آپ ﷺ کے سامنے **رفع صوت اور جهر بالقول** کو بھی حبطِ اعمال کا موجب قرار دیا گیا ہے وضاحت کریں نیز **ولا تجهروا له** سے آخر تک آیت کی ترکیب لکھئے **اتقوا** میں کیا تعلیل ہوئی ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال کا خلاصہ چھ امور ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) آیات کا شانِ نزول (۴) حبطِ اعمال کے موجب کی وضاحت (۵) **لاتجهروا له** سے آخر آیت تک ترکیب (٦) **اتقوا** کی تعلیل۔

**جواب** ...... ❶ __آیات کا ترجمہ:__ اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کے سامنے پہل نہ کرو اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ سننے والے جاننے والے ہیں، اے ایمان والو! نہ بلند کرو تم اپنی آوازوں کو نبی ﷺ کی آواز پر اور زور سے نہ بولو آپ ﷺ کے سامنے جیسے ایک دوسرے کے سامنے زور سے بولتے ہو کہیں ضائع نہ ہو جائیں تمہارے اعمال اور تمہیں خبر ہی نہ ہو۔

❷ __آیات کی تفسیر:__ ان آیات میں کچھ آدابِ نبوی ﷺ کا ذکر ہے کہ اے مسلمانو! اللہ اور اس کے رسول کے سامنے کسی بات میں بھی قولاً ، فعلاً سبقت نہ کیا کرو، اللہ سے ڈرتے رہا کرو بے شک اللہ سب کچھ سنتا جانتا ہے اور اسی طرح اے مسلمانو! نبی ﷺ کی آواز سے اپنی آواز بلند نہ کرو اور حضور ﷺ کے سامنے زور سے نہ بولا کرو جیسا کہ تم ایک دوسرے کے سامنے زور سے بولتے ہو کہ کہیں سوءِ ادبی کی وجہ سے تمہارے اعمال ضائع نہ ہو جائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو یعنی مجلسِ رسول اللہ ﷺ کا احترام ملحوظ رکھتے ہوئے شور وغل نہ کیا کرو ورنہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں گے۔

❸ __آیات کا شانِ نزول:__ ایک مرتبہ قبیلہ بنوتمیم کے لوگ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، یہ بات زیرِ غور تھی کہ اس قبیلہ پر حاکم کس کو بنایا جائے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے قعقاع ابن معبد رضی اللہ عنہ کے متعلق رائے دی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ کے متعلق رائے دی، اس معاملہ میں حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے مابین آپ ﷺ کی مجلس میں گفتگو بڑھی اور دونوں کی آوازیں بلند ہو گئیں اس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔ (رواہ البخاری)

امام بغویؒ نے بروایت قتادہ رضی اللہ عنہ ذکر کیا ہے کہ قبیلہ بنوتمیم کے لوگ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے جن کا ذکر اوپر آیا ہے یہ دوپہر کے وقت مدینہ میں پہنچے جبکہ آپ ﷺ کسی حجرہ میں آرام فرما رہے تھے، یہ لوگ اعرابی آدابِ معاشرت سے ناواقف تھے۔ انہوں نے حجرہ کے باہر سے ہی پکارنا شروع کر دیا کہ **اخرج الينا يا محمد** اس پر یہ آیات نازل ہوئیں جن میں اس طرح پکارنے کی ممانعت اور انتظار کرنے کا حکم دیا گیا۔

④ **حبط اعمال کے موجب کی وضاحت:۔** اس کا مطلب یہ ہے کہ آواز کا بلند کرنا جو صورۃً بے باکی اور بے پرواہی ہے اور بلند آواز سے ایسے باتیں کرنا جیسے آپس میں ایک دوسرے سے بے تکلف باتیں کرتے ہیں ایک قسم کی گستاخی ہے۔ اپنے تابع اور خادم سے اس طرح کی گفتگو تکلیف دہ اور ایذاء رساں ہوتی ہے اور اللہ کے رسول کو ایذاء پہنچانا تمام اعمال خیر کو برباد کرنے والا ہے۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ اپنی تفسیر مظہری میں فرماتے ہیں جو شخص رسول اللہ ﷺ کو کسی طرح کی ایذاء پہنچائے آپ ﷺ کی ذات یا صفات میں کوئی عیب نکالے خواہ صراحۃً ہو یا کنایۃً وہ کافر ہوگیا اور آیت ان الذین یؤذون اللہ و رسولہ الآیۃ کی رُو سے اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت دنیا میں بھی ہوگی اور آخرت میں بھی۔ اور مذکورہ آیت کے پیش نظر یہ فعل موجب حبط اعمال ہوگا۔

⑤ **لاتجہروا لہٗ سے آخر آیت تک ترکیب:۔** لاتجہروا فعل وفاعل لام حرف جر ہٗ ضمیر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق اوّل ہا جارہ قول مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ثانی ہوا کَ حرف جار جَہر مصدر مضاف بعض مضاف الیہ مضاف کم ضمیر مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر جَہرَ مصدر کا مضاف الیہ فاعل لام جارہ بعض مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا مصدر کے مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل و متعلق سے ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ثالث ان تحبط اصل میں لِان لاتحبط تھا لام جار ان ناصبہ مصدریہ تحبط فعل مضارع اعمال مضاف کم ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ انتم مبتداء لاتشعرون فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتداء خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال حال مل کر اعمال کا مضاف الیہ، اعمال مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر تحبط کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کی تاویل میں ہو کر مجرور، جار مجرور مل کر متعلق رابع لاتجہروا فعل اپنے فاعل اور تمام متعلقات سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

⑥ **اتقوا کی تعلیل:۔** اتقوا اصل میں اِوْتَقِیُوْا تھا باب افتعال کا فاکلمہ واؤ واقع ہوا اس کو تاء سے بدلا اور تاء کا تاء میں ادغام کر دیا۔ اِتَّقِیُوْ ہو گیا یاء کسرہ کے بعد واقع ہوئی اس کے بعد واؤ ہے ماقبل کی حرکت دور کر کے یاء کا ضمہ ماقبل کو دیا اب یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہوئی یاء کو واؤ سے بدلا دو واؤ ساکن جمع ہوئے پہلے واؤ کو گرا دیا اِتَّقُوْا ہو گیا۔

**الشق الثانی** ...... وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ رَجُلٌ یَّسْعٰی قَالَ یٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِیْنَ ۙ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا یَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۚ وَمَالِیَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِیْ فَطَرَنِیْ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ۚ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنْ یُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّیْ شَفَاعَتُهُمْ شَیْـًٔا وَّلَا یُنْقِذُوْنِ ۚ (پ۲۲و۲۳۔ یٰس: ۲۰تا۲۳)

آیات کریمہ کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، المدینہ سے کون سا شہر مراد ہے؟ اقصائے مدینہ سے آنے والے اس شخص کا نام کیا تھا؟ اتبعوا من لایسئلکم اجرا وھم مھتدون کی ترکیب لکھیں اور بتائیں اتبعوا اور مھتدون کس باب سے ہیں؟

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں چھ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) المدینہ کی مراد (۴) اقصائے مدینہ سے آنے والے شخص کا نام (۵) اتبعوا من لایسئلکم اجرا وھم مھتدون کی ترکیب (۶) اتبعوا اور مھتدون کے ابواب کی نشاندہی۔

**جواب** ...... ① **آیات کا ترجمہ:۔** اور آیا شہر کے دوسرے کنارے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا کہنے لگا اے میری قوم! پیروی کرو تم رسولوں کی پیروی کرو ان کی جو نہیں مانگتے تم سے کوئی اجر اور وہ خود ہدایت یافتہ ہیں اور کیا (عذر) ہے میرے لئے کہ میں

Maktaba Tul Ishaat.com

عبادت نہ کروں اس کی جس نے پیدا کیا مجھ کو اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ کیا میں بنالوں اس کے سوا اوروں کو معبود کہ اگر ارادہ کرے رحمٰن مجھے تکلیف دینے کا تو کام نہ آئے میرے ان کی سفارش کچھ بھی اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں۔

③ آیات کی تفسیر:۔ اہل انطاکیہ نے جب رسولوں کی تکذیب کی تو ایک شخص جو مسلمان تھا اس شہر کے کسی دور مقام سے جو وہاں سے بہت دور تھا، اپنی قوم کی خیر خواہی کے لئے کہ ان رسولوں کا وجود قوم کی فلاح ہے یا رسولوں کی خیر خواہی کے لئے کہ کہیں یہ لوگ ان کو قتل نہ کر دیں دوڑتا ہوا آیا اور ان لوگوں سے کہنے لگا اے میری قوم! ان رسولوں کی راہ پر ضرور چلو ایسے لوگوں کی راہ پر چلو جو تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے اور وہ خود راہ راست پر بھی ہیں یعنی خود غرضی جو مانع اتباع ہے وہ موجود نہیں ہے اور راہ راست پر ہونا جو مقتضی اتباع ہے وہ ان میں موجود ہے پس کیوں ان کی اتباع نہ کی جائے اور میرے پاس کونسا عذر ہے کہ میں اس معبود کی عبادت نہ کروں جس نے مجھ کو پیدا کیا جو کہ منجملہ دلائل استحقاق عبادت کے ہے اور اپنے آپ سے بات اس لئے شروع کی تاکہ مخاطب کو اشتعال نہ ہو جو کہ مانع تدبر ہو جاتا ہے اور اصل مطلب یہی ہے کہ تم کو ایک اللہ کی عبادت کرنے میں کونسا عذر ہے تم سب کو اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے، اس لئے دانشمندی کا تقاضا یہ ہے کہ اس کے رسولوں کی اتباع کرو۔ یہاں تک تو معبود حق کے استحقاق عبادت کا بیان تھا آگے معبودان باطلہ کے عدم استحقاق عبادت کا مضمون ہے یعنی کیا میں خدا کو چھوڑ کر ایسے معبود قرار دے لوں جن کی بے بسی کی یہ کیفیت ہے کہ اگر خدائے رحمٰن مجھ کو کچھ تکلیف پہنچانا چاہے تو نہ ان معبودوں کی سفارش میرے کچھ کام آئے اور نہ وہ مجھ کو خود اپنی قدرت وزور کے ذریعہ اس تکلیف سے چھڑا سکیں یعنی نہ وہ خود قادر ہیں اور نہ قادر تک واسطۂ سفارش بن سکتے ہیں۔

③ المدینه کی مراد:۔ اس سے مراد انطاکیہ شہر ہے۔

④ اقصائے مدینہ سے آنے والے شخص کا نام:۔ اس شخص کا نام حبیب نجار تھا۔

⑤ اتبعوا من لا یسئلکم اجرا وهم مهتدون کی ترکیب:۔ اتبعوا فعل ضمیر فاعل من موصولہ لا یسئل فعل اس کے اندر ضمیر ذوالحال کم مفعول بہ اول اجرا مفعول بہ ثانی واؤ حالیہ ھم مبتدا مهتدون خبر، مبتداء خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال حال ملکر فاعل، لا یسئل فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ، موصول صلہ ملکر مفعول بہ اتبعوا کا، اتبعوا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

⑥ اتبعوا اور مهتدون کے ابواب کی نشاندہی:۔ یہ دونوں باب افتعال سے ہیں۔ اتبعوا امر کا صیغہ ہے اور مهتدون اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ١٤٣٠ھ

**الشق الاول** ...... وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ فَأَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ إِنَّ هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ (پ ٢٥۔ زخرف: ٨٩،٨٧)

آیات کریمہ کا ترجمہ کیجئے، وقیله یرب ان هؤلاء قوم لا یؤمنون کی نحوی ترکیب کیجئے لیقولن کونسا صیغہ ہے اور لفظ اللہ اس کے بعد ترکیب میں کیا واقع ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (١) آیات کا ترجمہ (٢) وقیله الخ کی ترکیب (٣) لیقولن

صیغہ کی وضاحت (۴) لفظ اللہ کی ترکیبی حیثیت۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اور البتہ اگر آپ ان سے سوال کریں کہ کس نے پیدا کیا ان کو البتہ ضرور بالضرور کہیں گے کہ اللہ نے، پھر کہاں پھرے جاتے ہیں وہ اور رسولوں کا یارب کہہ کر پکارنے کی قسم کہ یہ قوم ایمان نہیں لائے گی۔ پس درگذر کیجئے آپ ان سے اور سلام کہہ دیجئے پس عنقریب جان لیں گے وہ۔

❷ **وقیله الخ کی ترکیب:۔** واؤ قسمیہ قیل مصدر مضاف یا حرف ندا قائمقام فعل ادعو کے، ادعو فعل اس میں انا ضمیر اس کا فاعل رَبِّ منادیٰ (رَبِّ اصل میں ربی تھا ی کو تخفیف کی وجہ سے گرادیا تو رَبِّ ہوگیا) اِنّ حرف مشبہ بالفعل هؤلاء اس کا اسم قوم موصوف لایومنون فعل ضمیر اس کا فاعل، فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قوم کی صفت موصوف صفت ملکر اِنّ کی خبر اِنّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر ندا ادعو فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ (منادیٰ) اور ندا سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قیل کا مفعول بہ قیل مصدر اپنے لفظاً مضاف الیہ معنًا فاعل اور مفعول بہ سے ملکر شبہ جملہ ہوکر مجرور ہوا، جار مجرور ملکر متعلق ہوا اُقسم فعل محذوف کے اقسم فعل اس میں انا ضمیر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

❸ **لیقولن صیغہ کی وضاحت:۔** صیغہ جمع مذکر غائب بحث مضارع معلوم مؤکد بلام تاکید بانون ثقیلہ از مصدر القول (نصر) بمعنی کہنا۔

❹ **لفظ اللہ کی ترکیبی حیثیت:۔** لفظ اللہ فعل محذوف خلق کا فاعل ہے ای خلقهم الله۔

**الشق الثانی** ...... مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهِ ۚ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِي تُظَاهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ۚ ذَٰلِكُمْ قَوْلُكُم بِأَفْوَاهِكُمْ ۖ وَاللّٰهُ يَقُولُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيلَ ﴿٤﴾ ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِندَ اللّٰهِ ۚ فَإِن لَّمْ تَعْلَمُوا آبَاءَهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ ۚ (پ ۲۱۔ الاحزاب: ۴، ۵)

آیات کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، ادعیاء، ابناء اور افواہ کا مفرد تحریر کریں، ذلکم قولکم بافواھکم پورے جملے کی نحوی ترکیب لکھیں۔ ان آیات میں جو رسومات باطلہ ذکر ہوئی ہیں ان کی وضاحت کریں، مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں چھ امور مطلوب ہیں (۱) آیت کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) ادعیاء، ابناء، افواہ کا مفرد (۴) ذلکم قولکم بافواھکم کی نحوی ترکیب (۵) رسومات باطلہ کی وضاحت (۶) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اللہ نے کسی شخص کے سینہ میں دو دل نہیں بنائے اور تمہاری ان بیویوں کو جن سے تم ظہار کر لیتے ہو تمہاری ماں نہیں بنایا اور جو تمہارے منہ بولے بیٹے ہیں ان کو تمہارا بیٹا نہیں بنایا، یہ تمہارے منہ سے کہنے کی بات ہے اور اللہ حق بات فرماتا ہے اور وہی راستہ دکھاتا ہے، پکارو تم ان کو ان کے باپوں کے نام سے، یہ اللہ کے نزدیک انصاف کی بات ہے، پس اگر تم ان کے والدین کو نہ جانتے ہو تو وہ دین میں تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے دوست ہیں۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے آزاد کردہ غلام تھے اور آپ نے انہیں متبنیٰ بنالیا تھا، جب انہوں نے اپنی بیوی حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کو ناموافقت کی وجہ سے طلاق دی تو حضور ﷺ نے ان سے نکاح کرلیا اس پر منافقین کہنے لگے کہ محمد ﷺ نے اپنے بیٹے کی بیوی سے نکاح کرلیا جو زمانہ جاہلیت میں ممنوع تھا نیز قریش میں ایک بڑا یادداشت

Maktaba Tul Ishaat.com

والا شخص ابو معمر نامی تھا لوگ اسے دو دل والا کہتے تھے اس کے علاوہ جاہلیت میں ایک رسم یہ بھی تھی کہ جس عورت سے ظہار کر لیا کرتے تھے تو وہ ان کے نزدیک حقیقی ماں بن جاتی اور خاوند سے ہمیشہ جدا ہو جاتی ان تینوں باتوں کی تردید میں یہ آیت نازل ہوئی غرضیکہ تو اللہ نے کسی میں دو دل بنائے اور نہ ہی ظہار سے عورتیں حقیقی مائیں بنتی ہیں اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹے حقیقی بیٹے بنتے ہیں یہ تو تمہارے منہ کی بات ہے اسے حقیقت سے کچھ واسطہ نہیں اور حق بات وہی ہے جو اللہ فرماتا ہے اور وہی راہ راست دکھلاتا ہے۔

❸ **ادعیاء، ابناء، افواہ کا مفرد:۔** ادعیاء کا مفرد دَعِیٌّ، ابناء کا مفرد ابن، افواہ کا مفرد فوہ ہے۔

❹ **ذلکم قولکم بافواھکم کی نحوی ترکیب:۔** ذلکم اسم اشارہ مبتدا، قول مصدر مضاف، کُمْ ضمیر مضاف الیہ، با جار افواھکم مضاف ومضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا مصدر کے، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل و متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتداء خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❺ **رسومات باطلہ کی وضاحت:۔** آیات مذکورہ میں کفار کی تین رسموں اور باطل خیالات کی تردید ہے ① جاہلیت کے زمانے میں عرب لوگ ایسے شخص کو جو زیادہ ذہین ہو یہ کہا کرتے تھے کہ اس کے سینے میں دو دل ہیں ② ان میں اپنی ازواج کے متعلق ایک رسم تھی کہ جس شخص نے اپنی بیوی کو اپنی ماں کی پیٹھ یا کسی عضو سے تشبیہ دی اور کہہ دیا کہ تو میرے لئے ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ اس کو ظہار کہا جاتا ہے اور ان کا خیال یہ تھا کہ جس شخص نے اپنی بیوی سے ظہار کر لیا وہ ہمیشہ کیلئے اس پر حرام ہو گئی ③ ایک رسم ان میں یہ تھی کہ ایک آدمی کسی دوسرے کے بیٹے کو متبنی بنا لیتا تھا اور جو اس طرح بیٹا بنتا یہ لڑکا انہی کا بیٹا مشہور ہو جاتا اور اسی کا بیٹا کہہ کر پکارا جاتا تھا اور ان کے نزدیک یہ منہ بولا بیٹا تمام احکام میں اصلی بیٹے کی طرح سمجھا جاتا تھا مثلاً میراث میں بھی اس کی اولاد کے ساتھ مثل حقیقی اولاد کے شریک ہوتا تھا اور نسبی رشتوں سے جن عورتوں کے ساتھ نکاح حرام ہوتا ہے یہ منہ بولے بیٹے کے رشتے کو بھی ایسا ہی قرار دیتے مثلاً اپنے حقیقی بیٹے کی بیوی سے اس کے طلاق دینے کے بعد بھی نکاح حرام رہتا ہے یہ منہ بولے بیٹے کی بیوی کو بھی طلاق کے بعد اس شخص کے لئے حرام سمجھتے تھے، پس ان آیات میں ان سب رسومات کی نفی کی گئی ہے۔

❻ **الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔** "جعل" یہ باب فتح یفتح سے ہے بمعنی بنانا و کرنا۔

"تظھرون" یہ باب تفاعل سے ہے بمعنی ظہار کرنا و پشت سے تشبیہ دینا۔ "تعلموا" یہ باب سمع یسمع سے ہے بمعنی جاننا۔

"یقول" یہ باب نصر ینصر سے ہے بمعنی کہنا۔ "ادعوھم" یہ باب نصر ینصر سے ہے بمعنی بلانا و پکارنا۔

"یھدی" یہ باب ضرب یضرب سے ہے بمعنی راہنمائی کرنا، راہ دکھانا و بتلانا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۰ھ

**الشق الاول** ...... وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗۤ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۗ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ۝ (پ ۲۴۔ مومن: ۲۸)

آیات کریمہ کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، رجل مؤمن کا نام لکھیں، بینات کا مصداق لکھیں خط کشیدہ دونوں جملوں کی نحوی ترکیب لکھیں اور یکتم اور یعدکم کی ضمیر مرفوع کا مرجع متعین کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چھ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) رجل مومن کا نام (۴) بینات کا مصداق (۵) خط کشیدہ جملوں کی ترکیب (۶) یکتم اور یعدکم کی ضمیر مرفوع کا مرجع۔

**جواب**...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** آل فرعون میں سے ایک مومن آدمی نے کہا جو اپنے ایمان کو چھپاتا تھا کیا تم ایسے آدمی کو قتل کرتے ہو جس کا قصور صرف یہ ہے کہ وہ یوں کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے حالانکہ وہ تمہارے پاس واضح دلائل لایا ہے تمہارے رب کی طرف سے اور اگر وہ بالفرض جھوٹا ہے تو اس کے جھوٹ کا وبال اسی پر ہے اور اگر وہ سچا ہے تو بعض اس چیز کا جس کا وہ تم سے وعدہ کرتا ہے ضرور تم کو پہنچ کر رہے گا۔ بیشک اللہ تعالیٰ اس کو جو حد سے بڑھنے والا جھوٹا ہے ہدایت نہیں دیتا۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** فرعون کے خاندان میں سے ایک ایماندار مرد نے (جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آیا تھا مگر فرعون کے ڈر سے اس کو مخفی رکھتا تھا) کہا کہ تم ایک شخص کو اس جرم پر قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ اللہ کو اپنا رب کہتا ہے اور حقیقت حال یہ ہے کہ وہ تمہارے پاس اپنی صداقت پر معجزات ونشانیاں لیکر آیا ہے، مطلب یہ کہ یہ کوئی ایسا جرم نہیں ہے جس پر قتل کیا جائے، پس اگر وہ جھوٹا ہے تو اسکا وبال اسی پر ہے اور اگر وہ سچا ہے تو پھر تمہیں اسکی بات نہ ماننے کی وجہ سے عذاب چکھنا پڑے گا وہ شخص دل میں موسیٰ علیہ السلام کو سچا جانتا تھا مگر انکے سمجھانے کیلئے اس طریق پر مصلحت آمیز کلام کرتا تھا کہ جو انکے دل میں اثر کرے بشرطیکہ کچھ عقل سلیم بھی ہو۔

❸ **رجل مومن کا نام:۔** اس مومن آل فرعون کا نام بعض نے حبیب بتلایا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ حبیب اس شخص کا نام ہے جسکا قصہ سورۂ یٰسین میں گزرا ہے اسکا نام شمعان ہے اور بعض نے اسکا نام حزقیل بتلایا ہے، ثعلبی رحمہ اللہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہی قول نقل کیا ہے۔

❹ **بینات کا مصداق:۔** اس کا مصداق معجزات ہیں جو انبیاء علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ بطور دلیل نبوت عطا فرماتے ہیں اور موسیٰ علیہ السلام کے معجزات میں سے ید بیضاء، عصاء مشہور ہیں۔

❺ **خط کشیدہ جملوں کی ترکیب:۔** "یکتم ایمانه" یکتم فعل اس میں هو ضمیر راجع بسوئے رجل مومن اس کا فاعل، ایمان مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ "یصبکم بعض الذی یعدکم" یصیب فعل کم ضمیر مفعول بہ بعض مضاف الذی اسم موصول یعد فعل اسمیں هو ضمیر فاعل کم ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا بعض مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل ہوا یصیب فعل کا، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❻ **یکتم اور یعدکم کی ضمیر مرفوع کا مرجع:۔** یکتم کی ضمیر کا مرجع رجل مومن ہے اور یعدکم کی ضمیر کا مرجع حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں۔

**الشق الثانی**...... يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ (پ ۲٦۔ حجرات:۱۱)

آیات کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تشریح کریں، بئس الاسم الفسوق بعد الایمان کی نحوی ترکیب لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق (۴) بئس الاسم الخ کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اے ایمان والو! نہ مذاق کرے ایک قوم دوسری قوم سے، عجب نہیں کہ وہ بہتر ہوں ان سے اور نہ مذاق کرے کوئی عورت کسی عورت سے عجب نہیں کہ وہ بہتر ہوں ان سے، اور نہ طعنے دو ایک دوسرے کو اور نہ نام دھرو ایک دوسرے کے، ایمان لانے کے بعد بہت برا نام ہے بدتہذیبی کا اور جو باز نہ آئیں وہی ظالم ہیں۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** اس سورت میں اللہ تعالیٰ نے چند آداب بیان فرمائے ہیں منجملہ ان آداب میں سے ایک ادب یہ ہے کہ کوئی قوم کسی قوم سے تمسخر نہ کرے گو لفظ قوم کا ہے مگر مراد اس سے افراد ہیں اور مجموعی حالت بھی مراد ہے اسی طرح قوم کا لفظ بظاہر مردوں کو شامل تھا اس لئے اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو بھی مخاطب فرمایا و لا نساء من نساء الخ اور نہ کوئی عورت دوسری عورت سے تمسخر کرے، کیا معلوم کہ وہی اس سے خدا کے نزدیک بہتر ہو تو کیا یہ دوسری عورت سے مذاق اور تمسخر کر کے حیثیت الٰہی پر ہنستی ہے؟

اسی طرح ان آداب میں سے ایک ادب یہ بھی ہے کہ کوئی کسی کو طعنہ نہ دے کیونکہ طعنہ زنی دل کو دکھانے والی چیز ہے جس سے محبت واتفاق میں فرق آجاتا ہے اسی طرح ایک ادب یہ ہے کہ کسی چڑانے والے نام سے نہ پکارو جیسا کہ اگر کوئی یہودی مسلمان ہو جائے اس کو کہنا اے یہودی وغیرہ ذالک، پھر اسی کو مؤکد کرنے کیلئے کہا کہ بئس الاسم الخ کہ ایمان لانے کے بعد فسق اور برائی کے ناموں سے پکارنا یاد کرنا بہت بری بات ہے اور جو کوئی ایسے ناموں کے لینے سے باز نہ آئے تو وہی ظالم یعنی برا، گنہگار اور دل دکھانے والا ہے۔

❸ **خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق:۔** "لایسخر" یہ باب سمع سے نہی غائب کا صیغہ ہے بمعنی مذاق نہ کرے کوئی۔

"لاتلمزوا" یہ باب ضرب سے نہی کا صیغہ جمع مذکر حاضر ہے بمعنی نہ طعنہ زنی کرو تم۔

"لاتنابزوا" یہ باب مفاعلہ سے نہی حاضر کا صیغہ جمع مذکر ہے بمعنی ایک دوسرے پر کسی چیز کا پھینکنا یہاں پر ایک دوسرے کو برے القاب سے پکارنا مراد ہے۔ "القاب" یہ جمع ہے لقب کی جس کا معنی ہے تخلص۔

"لم یتب" باب نصر سے نفی جحد بلم کا واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے معنی ہے جس نے توبہ نہ کی۔

❹ **بئس الاسم الخ کی ترکیب:۔** بئس فعل ذم الاسم بمعنی الذکر مصدر موصوف الفسوق صفت بعد مضاف الایمان مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ، مصدر موصوف اپنی صفت اور مفعول فیہ سے ملکر بئس کا فاعل، بئس فعل ذم اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

## ﴿الورقة الاولٰى: فى التفسير﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۳۱ھ

**الشق الاوّل** ...... قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ۚ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِى الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ۚ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ۝ (پ۲۱۔الاحزاب:۱۸تا۲۰)

آیات کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق لکھیں؟ تدور اعینهم کی ترکیبی حیثیت واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق (۴) تدور اعینهم کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ تم میں سے روکنے والوں کو جانتا ہے اور ان لوگوں کو بھی جانتا ہے جو اپنے بھائیوں کو کہنے والے ہیں کہ ہماری طرف آجاؤ اور وہ تھوڑی دیر لڑائی میں شامل ہوتے ہیں اور بس اور یہ بھی اس وجہ سے کہ تم پر بخل کرتے ہیں پس جب خوف آتا ہے تو آپ دیکھتے ہیں ان کو کہ تکتے ہیں آپ کی طرف گھومتی ہیں ان کی آنکھیں جیسے کسی شخص پر غشی طاری ہو موت سے پس جب خوف چلا جاتا ہے تو وہ طعنہ زنی کرتے ہیں تم پر تیز زبانوں کے ساتھ مال پر بخل کرتے ہوئے یہی وہ لوگ ہیں جو ایمان نہیں لاتے، پس اللہ نے ان کے اعمال ضائع کر دیے اور یہ بات اللہ پر آسان ہے۔ وہ گمان کرتے ہیں لشکروں کے متعلق کہ وہ نہیں گئے، اور اگر وہ لشکر آجائیں تو پھر یہ لوگ پسند کریں کہ کاش یہ دیہاتوں میں جا کر رہیں (اور لوگوں سے) تمہاری خبروں کے متعلق سوال کرتے ہیں اور اگر (اتفاقاً) کچھ تم میں ہی رہ جائیں تب بھی معمولی مقدار میں لڑائی کریں۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ ان آیات میں غزوۂ احزاب کا کچھ ذکر ہے کہ منافقین جو یہود کے کہنے سے انصار کو نصرتِ رسول سے روکتے تھے یہ کہہ کر کہ تم ہماری طرف چلے آؤ اور رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ دو اور وہ خود بھی محض ریاء کے طور پر تھوڑی دیر کے لئے جنگ میں شریک ہوتے تھے، اللہ ان کو خوب جانتا ہے اور فرمایا کہ یہ منافقین تمہارے ساتھ محض اس بخل کی وجہ سے کہ تم کو فتح اور غنیمت حاصل نہ ہو جنگ میں شریک نہ ہوتے تھے اور اگر دشمن کی طرف سے کوئی خوف و خطرہ پیش آجائے تو وہ آپ کی طرف اس طرح تک رہے ہیں اور اپنی آنکھوں کو اس طرح گھما کر دیکھ رہے ہیں جیسے کوئی نزع کی حالت میں ہو اور جب خوف ہٹ جائے اور اسلام اور مسلمانوں کو فتح ہو جائے تو وہ مالِ غنیمت میں شرکت کی لالچ سے بڑی تیز زبانوں کے ساتھ چلا چلا کر باتیں کرتے ہیں کہ ہمارا حصہ بھی دو ہم بھی تمہارے ساتھ دشمن سے لڑتے تھے یہی لوگ منافق ہیں جو دل سے ایمان نہیں لائے اور اللہ تعالیٰ نے انکے تمام ریاء کارانہ اعمال ضائع کر دیے ہیں اور یہ اللہ پر آسان ہے۔ کوئی اس سے مزاحمت نہیں کر سکتا۔ اُسکے بعد فرمایا کہ اِن منافقین کی بزدلی کا یہ حال ہے کہ احزاب کے چلے جانے کے باوجود بھی اِنکا خیال یہ ہے کہ وہ واپس نہیں گئے اور اگر واقعتاً وہ لشکر واپس ان پر لوٹ آئیں تو پھر ان کی کوشش یہ ہو وہ اس لڑائی کو دیکھیں بھی نہ، بلکہ دور دیہاتوں میں جا کر محض جنگ کی خبریں سن کر اکتفاء کریں اور اتفاقاً یہ لوگ دیہاتوں میں نہ جا سکیں تو پھر بھی غیرت و حمیت سے نہ لڑیں بلکہ محض ریاء کاری و نام کیلئے معمولی طور پر جنگ میں شرکت کریں۔

❸ خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق:۔ "هَلُمَّ" یہ اسماءِ افعال بمعنی امر میں سے ہے اس کا معنی ہے آؤ۔

"اَلْمُعَوِّقِيْنَ" صیغہ جمع مذکر بحث اسم فاعل از مصدر تعویق (تفعیل) بمعنی روکنا، باز رکھنا۔

"سَلَقُوْكُمْ" صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف از مصدر اَلسَّلْقُ (نصر) بمعنی طعنہ دینا۔

"اَلْحِدَادُ" یہ حدید کی جمع ہے بمعنی تیز۔ مصدر حَدًّا و حِدَادًا (ضرب) بمعنی تیز ہونا، باریک دھار ہونا۔

"اَشِحَّةً" یہ شحیح کی جمع ہے بمعنی بخیل و حریص، اَلشُّحُّ مصدر (نصر، ضرب، سمع) بمعنی بخل کرنا۔

❹ تدور اعینهم کی ترکیب:۔ یہ جملہ ینظرون کی ضمیرِ فاعل سے حال ہے۔

**الشق الثانی** ...... يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ۭ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا

Maktaba Tul Ishaat.com

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ۙ۝ یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ ۭ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا ۝ (پ ۲۲۔ احزاب: ۶۹ تا ۷۱) آیات کا ترجمہ وتفسیر لکھیں، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جس واقعے کی طرف اشارہ ہے اسے بیان کریں یصلح لکم کے مجزوم ہونے کی وجہ لکھیں۔ تقویٰ کا لغوی وشرعی معنی اور "قول سدید" کی تخصیص کی وجہ کیا ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چھ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ (۴) یصلح لکم کے مجزوم ہونے کی وجہ (۵) تقویٰ کا معنی (۶) قول سدید کی تخصیص کی وجہ۔

**جواب** ...... ❶ <u>آیات کا ترجمہ:</u>۔ اے ایمان والو! حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تکلیف دینے والے لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ پس لوگوں نے جس کو عیب خیال کیا تھا اللہ نے ان کو اس سے بری کر دیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ کے ہاں بڑی عزت والے تھے، اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سیدھی بات کہو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو درست کر دیں گے اور تمہاری مغفرت کر دیں گے اور جو آدمی اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کرتا ہے وہ بہت بڑی کامیابی کو پہنچتا ہے۔

❷ <u>آیات کی تفسیر:</u>۔ اے مسلمانو! تم ان منافقین (قارون اور اسکے ہمراہیوں) کی سی چال نہ چلو جنہوں نے ایک عورت کو لالچ دیکر حضرت موسیٰ علیہ السلام پر زنا کی تہمت لگا کر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اذیت پہنچائی تھی اور اللہ نے انکو اس تہمت سے بری کیا تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ کے نزدیک اولوالعزم پیغمبروں میں سے تھے۔ مسلمانو! اللہ سے ڈر کر ہمیشہ سچ کہا کرو کہ اس سچ بولنے کی برکت سے اللہ تمہارے اعمال کو صحیح کر دے گا اور تمہارے گناہوں کو معاف کر دے گا اور اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کرنے والے کو بڑی بھاری کامیابی نصیب ہوگی۔

❸ <u>حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ:</u>۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام بہت زیادہ شرمیلے تھے جب غسل کرتے تو پردہ کر کے غسل کرتے جبکہ ان کی قوم میں پردہ کر کے نہانے کا رواج نہیں تھا تو اس پر بنی اسرائیل کے بعض لوگوں نے یہ کہنا شروع کیا کہ موسیٰ علیہ السلام کے جسم پر کوئی عیب ہے جس کو وہ ہم سے چھپاتا ہے جب موسیٰ علیہ السلام نے یہ بات سنی تو ان کو بہت زیادہ رنج ہوا۔ ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پتھر پر کپڑے رکھ کر نہا رہے تھے کہ پتھر کپڑے لیکر بھاگ گیا اور جہاں بنی اسرائیل کا مجمع تھا وہاں لیکر آ گیا، موسیٰ علیہ السلام پتھر کے پیچھے بھاگ رہے تھے جب قوم کی نظر موسیٰ علیہ السلام کے جسم پر پڑی تو انہیں یقین ہو گیا ان کے جسم پر کوئی عیب نہیں ہے اسی کو اللہ نے فرمایا **فبرأہ اللہ مما قالوا الخ**۔

❹ <u>**یصلح لکم** کے مجزوم ہونے کی وجہ:</u>۔ یہ امر کا جواب ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے جو کہ **قولوا** ہے، مطلب یہ ہے کہ جب تم درست بات کہو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری اصلاح کرے گا۔

❺ <u>تقویٰ کا معنی:</u>۔ تقویٰ کا لغوی معنی بچنا، اجتناب کرنا، ڈرنا ہے۔ تقویٰ کا شرعی مفہوم یہ ہے کہ ہر ایسی چیز سے بچنا جو آخرت میں ضرر اور تکلیف کا باعث ہو خواہ اُس کا تعلق کفر و شرک سے ہو یا گناہ و معصیت سے ہو یا مشتبہ اُمور سے ہو۔ (مظہری)

بالفاظِ دیگر اپنے ظاہر و باطن کو گناہوں سے بچانا تقویٰ ہے۔

❻ <u>قول سدید کی تخصیص کی وجہ:</u>۔ اگرچہ قول سدید بھی تقویٰ کا ہی ایک جزو ہے مگر یہ ایسا جزو ہے کہ اگر اس پر عمل کر لیا جائے تو تقویٰ کے باقی اجزاء خود بخود حاصل ہو جائیں گے۔ جیسا کہ خود اگلی آیات سے معلوم ہو رہا ہے۔ باقی سدید کا لفظ خاص کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ لفظ صدق واستقامت وغیرہ تمام اوصاف کو جامع ہے کیونکہ سدید وہ قول ہے جو سچا ہو، اس میں جھوٹ کا شبہ نہ ہو، صواب ہو، اس میں خطاء کا شبہ نہ ہو۔ ٹھیک بات ہو، مذاق و دل لگی نہ ہو، نرم کلام ہو، دلخراش نہ ہو۔ (معارف القرآن)

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۱ھ

**الشق الاوّل** ...... أُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۴۵﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ (پ۲۳۔صٰفٰت:۴۱تا۴۹)

آیات کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق کریں ـفواکہ ومتقابلین ترکیب میں کیا واقع ہیں؟ وضاحت کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) خط کشیدہ کلمات کی تحقیق (۴) فواکہ اور متقابلین کی ترکیبی حیثیت۔

**جواب** ...... ❶ <u>آیات کا ترجمہ:۔</u> یہی لوگ ہیں جن کے لئے روزی معلوم ہے یعنی میوے اور انہی کو نعمتوں کے باغات میں عزت دی جائے گی، تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے ہوں گے ان میں صاف شراب کا دور چلے گا جو سفید ولذیذ ہوگی پینے والوں کے لئے، نہ اس میں درد سر ہوگا اور نہ اس سے مخمور (نشہ والا) ہوں گے، ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے والی بڑی آنکھوں والی عورتیں ہوں گی گویا کہ وہ پردوں میں چھپے ہوئے انڈے ہیں۔

❷ <u>آیات کی تفسیر:۔</u> ان آیات مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے جنت میں ملنے والے انعامات کو ذکر فرمایا کہ جو اللہ کے برگزیدہ بندے ہیں ان کے لئے عمدہ رزق اور بہت سی انواع واقسام کے جنتی میوے ہوں گے اور بلند تختوں پر بیٹھ کر ایک دوسرے کا نظارہ کریں گے اور ان پر شراب طہور اور معین کا دور چلے گا لیکن وہ شراب دنیا کی شراب کی طرح نہیں ہوگی بلکہ عمدہ، صاف وپاکیزہ ہوگی جس کو پی کر انسان مخبوط الحواس نہیں ہوں گے اور ان کے لئے شرم وحیاء کی پیکر بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں ہوں گی جو اپنے شوہروں کے سوا کسی کی طرف نظریں اُٹھا کر نہیں دیکھیں گی اور صفائی اور خوبصورتی میں گویا گرد وغبار سے محفوظ انڈے ہیں۔

❸ <u>خط کشیدہ کلمات کی تحقیق:۔</u> "فَوَاكِهُ" فاكهة کی جمع ہے بمعنی ہر قسم کا پھل جس کو کھا کر لذت حاصل کی جائے۔

"مُكْرَمُوْنَ" صیغہ جمع مذکر بحث اسم مفعول از مصدر اکرام (افعال) بمعنی عزت واکرام کرنا۔

"سُرُرٍ" سریر کی جمع ہے بمعنی تخت عمومی وتخت شاہی۔ "غَوْلٌ" اسم ہے بمعنی دردسر اور غول مصدر (نصر) بمعنی ہلاک کرنا۔

"يُنْزَفُوْنَ" صیغہ جمع مذکر غائب مضارع مجہول از مصدر نَزْف (سمع) بمعنی بدمست ہونا اور بے عقل ہونا۔

❹ <u>فواکہ اور متقابلین کی ترکیبی حیثیت:۔</u> فواکہ کی ترکیب میں دو احتمال ہیں ① یہ بدل ہے رزق معلوم سے ② یہ خبر ہے مبتداء محذوف ھو کی۔ متقابلین یہ مکرمون سے حال ہے۔

**الشق الثانی** ...... وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۚ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾ (پ۲۴۔زمر:۶۸،۶۹)

آیات کریمہ کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، من شاء اللہ کا مصداق کون ہے اور صعق سے کیا مراد ہے؟ نفخات کی تعداد کتنی ہوگی اور آیت میں کونسا نفخہ مراد ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔ خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق کریں۔ نفخ کا نائب فاعل متعین کریں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝ اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ۝ وَيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝ (پ۲۵۔شوریٰ:۳۲تا۳۵)

آیات کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق لکھیں یَعْفُ کے مجزوم اور یَعْلَمَ کے منصوب ہونے کی وجہ تحریر کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق (۴) یَعْفُ کے مجزوم اور یَعْلَمَ کے منصوب ہونے کی وجہ۔

**جواب**...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں سے کشتیاں (بحری جہاز) ہیں سمندر میں پہاڑوں جیسی اگر وہ چاہے تو ٹھہرادے ہوا کو اور وہ پس کھڑے ہو جائیں سمندر کی سطح پر بیشک اس میں صبر کرنے والے شکر کرنے والے کیلئے نشانیاں ہیں یا تباہ کردے ان کو ان کے بُرے اعمال کے سبب سے اور معاف کر دیتا ہے بہت ساروں کو اور جان لیں وہ لوگ جو ہماری آیات میں جھگڑتے ہیں کہ ان کے لئے چھٹکارا نہیں ہے۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ اور فیض عامہ کا نقشہ اپنی ایک روزمرہ کی کبریائی کی مثال سے کھینچا ہے جس کا معائنہ ہر دریائی سفر میں ہوتا ہے چنانچہ جہازوں کا پانی میں کھڑا ہونا یہ اس کی قدرت ہے اور اجسام ثقیلہ پانی پر ایسے چلتے ہیں جس طرح مویشی زمین پر چلتے ہیں یہ اللہ کی قدرت ہے کہ اس نے ہوا اور پانی کو کس طرح اپنے بندوں کے لئے مسخر کردیا۔ اسی طرح اللہ نے تم کو علوم سکھادیئے ہیں بایں ہمہ اگر ہوا کو (اس میں دھواں اور بھاپ بھی شامل ہے کہ جس کے زور سے انجن حرکت کرتا ہے) روک دے تو یہ جہاز کھڑے ہو جائیں گے۔ البتہ اس میں ہر صبر کرنے والے اور شکر کرنے والے کیلئے بڑی نشانیاں ہیں، سفر دریا میں تکالیف بھی پہنچتی ہیں اور بالآخر کامیابی بھی، اس لئے صبار اور شکور فرمایا اور چاہے تو ان کے گناہوں کی وجہ سے ان کو غرق کردے سارے علم و فن دھرے رہ جائیں لیکن وہ اللہ درگذر کرتا رہتا ہے اور ہماری آیت میں جھگڑے والے دل میں اس بات کو خوب جانتے ہیں کہ ان کو عذاب الٰہی اور اس کی بلاؤں سے کوئی پناہ نہیں مگر پھر بھی اپنی بدکرداری سے باز نہیں آتے۔

❸ **کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔** "اَلْجَوَارِ" یہ جاریہ کی جمع ہے بمعنی کشتی (بحری جہاز)۔ مصدر جریًا (ضرب) بمعنی چلنا۔

"يَظْلَلْنَ" صیغہ جمع مؤنث غائب فعل مضارع معروف از افعال ناقصہ بمعنی ہونا۔

"رَوَاكِدَ" یہ رَاكِدَة اسم فاعل کی جمع ہے بمعنی ٹھہرانے والی، از مصدر رُكُوْدٌ (نصر) بمعنی ٹھہرنا۔

"يُوْبِقْهُنَّ" صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معروف از مصدر ایباق (افعال) بمعنی ہلاک کرنا، ذلیل کرنا، قید کرنا۔ مجرد وَبْقًا (ضرب) بمعنی ہلاک ہونا۔ كَالْاَعْلَامِ "عَلَمٌ" کی جمع ہے بمعنی راستہ کا نشان، اونچا پہاڑ۔

"مَحِيْصٍ" یہ باب ضرب سے حَيْصًا و مَحِيْصًا مصدر ہے یا ظرف کا صیغہ ہے بمعنی محفوظ رہنا۔

❹ **يَعْفُ کے مجزوم اور يَعْلَمَ کے منصوب ہونے کی وجہ:۔** یہ يُسْكِنْ پر معطوف ہے جو جواب شرط ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔ يَعْلَمَ: یہ تعلیل مقدر پر معطوف ہے جو لام کَی کی وجہ سے منصوب ہے ای یوبقهن لینتقم منهم ويعلم الذين يجادلون في آياتنا۔

**الشق الثانی**...... وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ

فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (پ۲۱۔روم ۴۶، ۴۷)

آیات کریمہ کا ترجمہ اور تفسیر کریں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق لکھیں؟ مبشرات کی ترکیبی حیثیت واضح کرنے کے بعد وکان حقا علینا نصر المؤمنین کی نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق (۴) مبشرات کی ترکیبی حیثیت (۵) وکان حقًا الخ کی ترکیب۔

جواب ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ چلاتا ہے ہوائیں خوشخبریاں لانے والی اور تا کہ چکھائے تم کو کچھ مزہ اپنی مہربانی کا اور تا کہ چلیں کشتیاں اس کے حکم سے اور تا کہ تلاش کرو تم اس کے فضل کو اور تا کہ تم شکر گزار بن جاؤ اور ہم بھیج چکے ہیں تم سے پہلے کتنے رسول اپنی اپنی قوم کے پاس، سو پہنچے وہ ان کے پاس نشانیاں لیکر پھر بدلہ لیا ہم نے ان سے جو گنہگار تھے اور حق ہے ہم پر ایمان والوں کی مدد کرنا۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ ان آیات میں اوّل تو ہواؤں کا ذکر فرمایا جن کے چلنے سے یہ اندازہ ہو جاتا ہے کہ بارش آنیوالی ہے، یہ ہوائیں بارش آنے سے پہلے بارش کی خوشخبری دے دیتی ہیں پھر جب بارش ہو جاتی ہے انسان اس کے منافع سے مستفید ہوتے ہیں ان منافع میں سے یہ بھی ہے کہ انکے ذریعے بادبانی کشتیاں چلتی ہیں، جب ان کشتیوں میں سوار ہو کر سفر کرتے ہیں تو ان سفروں میں اللہ تعالیٰ کا رزق بھی تلاش کرتے ہیں اور تجارت کیلئے مال بھی لاتے ہیں اور آل واولاد کیلئے کھانے پینے کیلئے بھی ان سب چیزوں میں اللہ تعالیٰ کے انعامات بھی ہیں اور اسکی قدرت کے دلائل بھی ہیں ان دلائل کے ذریعے اسکو پہچانے اور اسکی نعمتوں کا شکر ادا کرے اسکے بعد آپ ﷺ کو تسلی دی گئی ہے کہ جو آپ کی بات نہیں مانیں گے ہم ان سے یعنی مجرمین سے انتقام لیں گے اور جو مؤمنین ہیں ہم انکی مدد کرینگے۔

❸ خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق:۔ "البیّنٰت" یہ بینۃ کی جمع ہے بمعنی واضح نشانی۔

"اَلْفُلْکُ" بمعنی کشتی فلک اگر واحد ہو تو قُفْلٌ کے وزن پر ہوگا اور اگر جمع ہو تو اُسُدٌ کے وزن پر ہوگا۔

❹ مبشرات کی ترکیبی حیثیت:۔ مبشراتٍ لفظ الریح سے حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

❺ وکان حقًا الخ کی ترکیب:۔ واؤ استینافیہ کان ناقصہ حقا مصدر علینا جار مجرور ملکر مصدر کے متعلق ہو کر کان کی خبر مقدم نصر المؤمنین مضاف ومضاف الیہ ملکر اسم مؤخر، کان اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## ﴿الورقة الاولى: فی التفسیر﴾

## ﴿السؤال الاوّل﴾ ۱۴۳۲ھ

الشق الاوّل ...... يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔــلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَاۗءِ حِجَابٍ ۭ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا (پ۲۲۔احزاب ۵۳)

Maktaba Tul Ishaat.com

آیات کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، شانِ نزول تحریر کرتے ہوئے بتلائیں کہ یہ آیت کس سنہ میں نازل ہوئی، خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق لکھیں نیز مسئلہ حجاب کی تفصیل بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) آیات کا شانِ نزول اور سنِ نزول (۴) خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق (۵) مسئلہ حجاب کی تفصیل۔

**جواب**...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اے ایمان والو! نہ داخل ہو نبی ﷺ کے گھروں میں مگر اس وقت کہ اجازت دی جائے تم کو کھانے کے لئے، نہ انتظار کرتے ہوئے اس کی تیاری کا، لیکن جب تم کو بلایا جائے تب داخل ہو پس جب تم کھا چکو تو اُٹھ کر چلے جاؤ بات چیت کی طرف رغبت نہ رکھتے ہوئے، بیشک یہ تمہاری بات تکلیف دہ ہوتی ہے نبی ﷺ کو، پس وہ تم سے شرم کرتے تھے اور اللہ نہیں شرماتا حق بیان کرنے سے اور جب تم ازواج النبی رضی اللہ عنہن سے کوئی چیز مانگو تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو، یہ بات تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کے لئے بہت پاکیزہ ہے اور نہیں جائز تمہارے لئے کہ تم رسول اللہ ﷺ کو ایذاء دو اور نہ یہ کہ تم آپ ﷺ کی بیویوں سے نکاح کرو کبھی بھی، بیشک تمہارا ایسا کرنا اللہ کے نزدیک بڑا گناہ ہے۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** کچھ مسلمانوں کی عادت تھی کہ کھانا تیار ہونے سے پہلے آنحضرت ﷺ کے گھر میں آجاتے تھے اور کھانا کھا لینے کے بعد دیر تک وہیں باتیں کرنے بیٹھ جاتے، آپ ﷺ کو اگرچہ تکلیف ہوتی تو مروت میں ان سے کچھ نہ فرماتے اس پر اللہ نے یہ فرمایا کہ مسلمانو! بلا اجازت کھانا تیار ہونے سے پہلے ہی نبی ﷺ کے گھر میں داخل ہو کر کھانے کا انتظار نہ کیا کرو لیکن جب کھانا تیار ہو جائے اور تم کو اندر بلایا جائے تب داخل ہوا کرو اور جب کھانا کھا کر فارغ ہو جاؤ تو فوراً اُٹھ کر باہر چلے جاؤ اور وہاں بیٹھ کر باتیں نہ کرو اس سے حضور ﷺ کو ایذاء پہنچتی ہے، وہ شرم کی وجہ سے تم کو اُٹھ جانے کو نہیں فرماتے مگر اللہ تم سے حق بات کہہ رہے ہیں اور جب تمہیں کوئی چیز ازواج النبی رضی اللہ عنہن سے مانگنی ہو تو پردے کے پیچھے سے مانگا کرو یہ بات تمہارے اور امہات المؤمنین کے لئے بہت پاکیزہ ہے۔ مسلمانوں کو جائز نہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو اپنی کسی حرکت سے ایذاء دیں، حضور ﷺ کی وفات کے بعد آپ کی ازواج سے نکاح کرنا بھی ہمیشہ کے لئے ناجائز ہے بلاشبہ تمہارا یہ فعل اللہ کے ہاں جرمِ عظیم ہے۔

❸ **آیات کا شانِ نزول اور سنِ نزول:۔** حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا بنت جحش سے نکاح کیا اور ولیمہ کھانے کے لئے آپ ﷺ کی دعوت کے پر لوگ حاضر ہوئے تو طعام ولیمہ کھا کر وہیں باتیں کرتے ہوئے بیٹھے رہ گئے، حضور ﷺ نے چاہا کہ وہ لوگ اُٹھ جائیں لہٰذا آپ ﷺ نے ایسا طرز اختیار فرمایا کہ جیسے آپ اُٹھ رہے ہیں اصل وجہ اس کی یہ تھی کہ آپ ﷺ کے مزاج میں اخلاق کے باعث لحاظ بہت تھا اس وجہ سے آپ ﷺ نے صاف طور سے یہ نہ فرمایا کہ چلے جاؤ وہ آپ کو اٹھتے دیکھ کر بھی نہ اُٹھے جب آپ ﷺ نے یہ دیکھا تو اُٹھ کر چلے گئے، آپ ﷺ کے اُٹھ جانے پر کچھ لوگ تو چلے گئے اور کچھ رہ گئے تھوڑی دیر کے بعد واپس تشریف لائے تو دیکھا کہ وہ لوگ بیٹھے ہوئے ہیں لہٰذا آپ ﷺ پھر واپس ہو گئے اس کے بعد وہ لوگ کھڑے ہوئے اور چلے گئے، میں (انس رضی اللہ عنہ) نے آپ ﷺ کو چلے جانے کی خبر دی آپ ﷺ تشریف لائے یہاں تک کہ گھر میں داخل ہو گئے میں بھی آپ ﷺ کے ساتھ داخل ہونے لگا تو آپ ﷺ نے مجھ کو روک دیا اور میرے اور اپنے درمیان پردہ ڈال دیا اور اللہ تعالیٰ نے آیت یایها الذین آمنوا لاتدخلوا بیوت النبی الخ نازل فرمائی۔

اور یہ آیت حضرت زینب رضی اللہ عنہا بنت جحش کے ساتھ نکاح والے سال سن ۳ھ میں نازل ہوئی۔

④ خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق:۔ "کُرِہْتُمْ" صیغہ جمع مذکر حاضر بحث ماضی مجہول از مصدر دُعَاءٌ و دَعْوَۃٌ (نصر) بمعنی بلانا۔

"مستانسین" صیغہ جمع مذکر بحث اسم فاعل از مصدر استئناس (استفعال، مہموز الفاء) بمعنی مانوس ہونا و کان لگانا۔

⑤ مسئلہ حجاب کی تفصیل:۔ مسئلہ حجاب کے متعلق قرآن مجید کی سات آیات اور ستر روایات کا حاصل یہ معلوم ہوتا ہے کہ اصل مطلوب شرعی حجاب اشخاص ہے یعنی عورتوں کا وجود اور ان کی نقل و حرکت مردوں کی نظروں سے مستور ہو، جو گھروں کی چار دیواری یا خیموں اور معلق پردوں کے ذریعہ ہو سکتا ہے اس کے سوا جتنی صورتیں حجاب کی منقول ہیں وہ سب ضرورت کی بناء پر وقت ضرورت اور قدر ضرورت کے ساتھ مقید اور مشروط ہیں۔

اسطرح پردہ کا پہلا درجہ جو اصل مطلوب شرعی ہے وہ حجاب اشخاص ہے کہ عورتیں اپنے گھروں میں رہیں لیکن شریعت اسلامیہ ایک جامع اور مکمل نظام ہے جس میں انسان کی تمام ضروریات کی رعایت پوری کی گئی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ عورتوں کو ایسی ضرورتیں پیش آنا ناگزیر ہیں کہ وہ کسی وقت گھروں سے نکلیں اس کیلئے پردہ کا دوسرا درجہ قرآن وسنت کی رُو سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سر سے پاؤں تک برقع یا طویل و بڑی چادر میں پورے بدن کو چھپا کر نکلیں، راستہ دیکھنے کیلئے چادر میں سے صرف ایک آنکھ کھولیں یا برقع میں جو جالی آنکھوں کے سامنے استعمال کی جاتی ہے وہ لگالیں، ضرورت کے مواقع میں پردہ کا دوسرا درجہ بھی پہلے کی طرح سب علماء و فقہاء کے درمیان متفق علیہ ہے۔

ایک تیسرا درجہ بھی بعض روایات سے مفہوم ہوتا ہے جس میں صحابہ و تابعین اور فقہاء امت کی رائیں مختلف ہیں وہ یہ کہ عورتیں جب ضرورت گھروں سے باہر نکلیں تو وہ اپنا چہرہ اور ہتھیلیاں بھی لوگوں کے سامنے کھول سکتی ہیں بشرطیکہ سارا بدن مستور ہو۔

**الشق الثانی** ...... وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ (پ ۲۳۔ صٰفٰت: ۱تا۹)

آیات کریمہ کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں نیز والصّٰفّٰت صفًّا کا جواب قسم تحریر کریں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی اور صرفی تحقیق قلمبند کریں اور بتلائیں کہ حفظًا، دحورًا کیوں منصوب ہیں؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) والصّٰفّٰت صفًّا کا جواب قسم (۴) خط کشیدہ کلمات کی لغوی و صرفی تحقیق (۵) حفظًا اور دحورًا کے منصوب ہونے کی وجہ۔

**جواب** ...... ① آیات کا ترجمہ:۔ قسم ہے صف بنا کر کھڑے ہونے والے فرشتوں کی، پھر ان فرشتوں کی جو ڈانٹنے والے ہیں جھڑک کر، پھر ان کی جو ذکر کی تلاوت کرنے والے ہیں، بلاشبہ تمہارا معبود ایک ہے جو آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ان سب کا رب ہے اسی طرح مشارق کا رب ہے، بیشک ہم نے قریب والے آسمان کو زینت دی ہے خاص زینت یعنی ستاروں کے ذریعے اور حفاظت کی ہے سرکش شیطان سے، یہ عالم بالا کی باتیں نہیں سن سکتے اور دھکیل دیئے جاتے ہیں ہر جانب سے بھگانے کیلئے اور ان کیلئے دائمی عذاب ہے۔

② آیات کی تفسیر:۔ پہلی تین آیات میں اللہ تعالیٰ نے اہتمام شان کی وجہ سے فرشتوں کے مختلف کاموں کی قسمیں کھائیں اور پھر اثبات توحید کے لئے فرمایا کہ تمہارا معبود ایک ہے جو تمام آسمانی اور زمینی چیزوں کا رب ہے اور مالک ہے اور پھر اللہ کی کاریگری کہ آسمانوں کو ستاروں سے مزین کیا اور احکام الٰہی اور غیب کی باتوں کو سرکش شیاطین اور جنات سے محفوظ کرنے کے لئے حفاظت

Maktaba Tul Ishaat.com

کا انتقام کر دیا اور باز نہ آنے والوں کے لئے عذاب واصب (دائمی عذاب) کی ڈانٹ پلائی۔

❸ **والصّٰفّٰت صَفًّا کا جوابِ قسم:۔** اس کا جواب قسم اسی سورت کی چوتھی آیت انّ الٰهکم لواحد ہے۔

❹ **خط کشیدہ کلمات کی لغوی وصرفی تحقیق:۔** "زاجرات" صیغہ جمع مؤنث بحث اسم فاعل از مصدر اَلزَّجْرُ (نصر) بمعنی ڈانٹنا۔

"الصّٰفّٰت" صیغہ جمع مؤنث بحث اسم فاعل از مصدر الصَّفّ (نصر) بمعنی صف بنانا۔

"التّٰلِیٰت" صیغہ جمع مؤنث بحث اسم فاعل از مصدر اَلتِّلاوۃ (نصر) بمعنی تلاوت کرنا۔

"مارد" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر مرادۃً ومُرُوْدَۃً (کرم) ومُرُوْدًا (نصر) بمعنی سرکشی کرنا۔

"یسّمّعون" صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معروف از مصدر اِسَّمُّعٌ (افتعال) بمعنی کان لگانا۔ مجرد سَمْعًا بمعنی سننا۔

"مَلَأ" قوم کی جماعت، اشراف قوم، مَلَاء: یَمْلَاءُ مَلَاءً بھرنا مَلُوْءٌ (کرم) بمعنی تونگر، مالدار ہونا۔

"یُقْذَفُوْنَ" صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع مجہول از مصدر القذف (ضرب) بمعنی پھینکنا۔

"دحورًا" مصدر ہے از باب فتح بمعنی دھتکارنا، دفع کرنا، دور کرنا۔

"واصب" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر الوصب (سمع) بمعنی ہمیشہ رہنا، ثابت ہونا۔

❺ **حفظًا اور دحورًا کے منصوب ہونے کی وجہ:۔** حفظًا مفعول لہٗ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے دوسرا احتمال مفعول مطلق ہونے کا ہے اس صورت میں اس کا فعل محذوف ہوگا حفظنها حفظا۔ دحورًا بھی مفعول لہٗ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور اس میں دوسرا احتمال مفعول مطلق ہونے کا ہے۔ اگر مفعول مطلق ہو تو یقذفون سے مفعول مطلق ہوگا من غیر لفظہ۔ تیسرا احتمال دحورًا مصدر اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال ہوگا یقذفون کی ضمیر فاعل سے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ١٤٣٢ھ

**الشق الاوّل**...... حٰمٓ ۚ تَنْزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۚ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۙ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ۝ (پ۲۴۔ حٰم سجدہ: ۵تا۱)

آیات کریمہ کا ترجمہ اور تفسیر تحریر کریں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق کرتے ہوئے حروف مقطعات کی مراد سے متعلق اہل علم کا اختلاف تحریر کریں۔ تنزیل، قرانا اور بشیرا کی ترکیبی حیثیت واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق (۴) حروف مقطعات کی مراد میں اختلاف (۵) تنزیل، قُرانا اور بشیرًا کی ترکیبی حیثیت۔

**جواب**...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** حم (الله اعلم بمراده) یہ قرآن بڑے مہربان نہایت رحم کرنے والے کی طرف سے نازل کیا ہوا ہے، ایک کتاب ہے الگ الگ کی گئی ہیں اس کی آیتیں، قرآن عربی میں ہے ان لوگوں کیلئے جو عقلمند ہیں، بشارت دینے والا اور ڈرانے والا، پس اعراض کیا ان میں سے اکثر لوگوں نے پس وہ نہیں سنتے اور وہ کہتے ہیں ہمارے دل پردوں میں ہیں اس بات سے جس کی طرف تو بلاتا ہے ہمیں اور ہمارے کانوں میں ڈاٹ یعنی ثقل ہے اور ہمارے اور آپ کے درمیان پردہ ہے، پس تو اپنا کام کر ہم اپنا کام کر رہے ہیں۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ حٰمٓ سے کسی خاص بات کی طرف اشارہ کر کے قرآن مجید کا اللہ کی کتاب ہونا بیان فرمایا ہے کہ بندوں کی حاجت روائی کے لئے اس رحمٰن رحیم نے یہ کتاب نازل کی ہے جس میں یہ صفتیں ہیں کہ یہ ایسی کتاب ہے جس میں آیات تفصیل سے ہیں، ابہام نہیں کہیں وعظ ونصیحت ہے کہیں مسائل حلت وحرمت ہیں اور کہیں آخرت کا ذکر ہے اور کہیں پہلوں کا عبرت انگیز نصیحت خیز حال ہے۔ عربی زبان میں عرب کی سہولت کیلئے بشیر ونذیر ہے، کتاب اللہ کی خوبی اور اس کی ضرورت کے بعد اعراض سے غفلون تک کفار کی اس سے اعراض اور نفرت بیان کر کے ان کی بدبختی اور حماقت کو بیان کیا گیا ہے۔

❸ خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق:۔ "آذان" اُذُن کی جمع ہے بمعنی کان۔ مصدر اَذَنًا (سمع) بمعنی کان لگانا، سننا۔

"اَکِنَّۃ" الکِنَان کی جمع ہے بمعنی چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی۔ کَنًّا وکُنُوْنًا (نصر) بمعنی چھپانا وبچانا۔

"وَقْرٌ" یہ مصدر ہے (ضرب) بمعنی کان کا بوجھل ہونا یا بہرا ہونا۔

"حِجَاب" پردے کو کہتے ہیں اس کی جمع حُجُب ہے۔ مصدر حَجْبًا وحِجَابًا (نصر) بمعنی چھپانا۔

❹ حروف مقطعات کی مراد میں اختلاف:۔ حروف مقطعہ جو سورتوں کے شروع میں آئے ہیں انکے متعلق بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہ ان سورتوں کے نام ہیں۔ بعض نے فرمایا کہ یہ اسمائے الٰہیہ کے رموز ہیں مگر جمہور صحابہ اور تابعین اور علماء امت کے نزدیک راجح یہ ہے کہ یہ حروف رموز واسرار ہیں جس کا علم سوائے خداتعالیٰ کے کسی کو نہیں اور ہو سکتا ہے رسول اللہ ﷺ کو اس کا علم بطور ایک راز کے دیا گیا ہو جس کی تبلیغ اُمت کیلئے روک دی گئی ہو اس لئے آنحضرت ﷺ سے ان حروف کی تفسیر وتشریح میں کچھ منقول نہیں۔ امام قرطبیؒ نے اپنی تفسیر میں اسی کو اختیار فرمایا ہے اور ابن کثیرؒ نے قرطبی وغیرہ سے نقل کر کے اسی مضمون کو ترجیح دی ہے اور بعض اکابر علماء سے جو ان کے معانی منقول ہیں اس سے صرف تمثیل، تشبیہ اور تسہیل مقصود ہے، نہ یہ کہ اس سے اللہ کی یقینی مراد یہی ہے۔

❺ تنزیل، قُرْاٰنًا اور بشیرًا کی ترکیبی حیثیت:۔ تنزیل: یہ خبر ہے اور اس کا مبتدا حٰم ہے گویا کہ حٰم مبتدا اور تنزیل خبر ہے۔ قُرْاٰنًا: اس کی ترکیب میں دو احتمال ہیں یہ منصوب ہے اس وجہ سے کہ یہ مدح ہے اور یا یہ حال ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔ بشیرًا: یہ قرآنًا کی صفت ہے۔

**الشق الثانی** ...... وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (پ ۲۶۔ احقاف: ۳۲،۲۹)

آیات کا ترجمہ اور تفسیر کرتے ہوئے اس واقعے کی تفصیل لکھیں جس کی طرف آیات میں اشارہ کیا گیا ہے، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق لکھیں یستمعون القرآن کی ترکیبی حیثیت واضح کرتے ہوئے بتلائیں کہ یہ کس سورۃ کی آیات ہیں سورۃ کا نام ذکر کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں چھ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) واقعہ کی تفصیل (۴) خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق (۵) یستمعون القرآن کی ترکیبی حیثیت (۶) سورت کا نام۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اور جب ہم نے پھیر دیا آپ کی طرف چند جنوں کو جو قرآن سن رہے تھے، پس جب حاضر

Maktaba Tul Ishaat.com

ہوئے وہاں کے پاس تو انہوں نے کہا کہ خاموش رہو پس جب وہ ختم ہوا تو وہ واپس لوٹے اپنی قوم کی طرف انہیں ڈراتے ہوئے کہنے لگے اے ہماری قوم بیشک ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو نازل ہوئی ہے موسیٰ علیہ السلام کے بعد تصدیق کرنیوالی انکی جو ان سے پہلے ہو چکیں وہ رہنمائی کرتی ہے حق کی طرف اور سیدھے راستے کی طرف اے ہماری قوم اللہ تعالیٰ کے داعی (اللہ کی طرف بلانے والے) کا کہنا مانو اور اُس پر ایمان لاؤ کہ وہ تمہارے گناہوں کو بخش دے گا اور تمہیں دردناک عذاب سے نجات دے گا اور جو شخص اللہ کے داعی کا کہنا نہ مانے گا وہ اللہ تعالیٰ کا زمین میں عاجز نہیں کر سکتا اور اللہ کے علاوہ اُس کا کوئی حامی و مددگار بھی نہ ہوگا ایسے لوگ واضح گمراہی میں ہیں۔

❷ <u>آیات کی تفسیر:۔</u> کفار مکہ کو سنانے کیلئے اس سے پہلی آیات میں کفر اور استکبار کی مذمت اور انکا مہلک ہونا بیان ہوا ہے مذکور الصدر آیات میں اہل مکہ کو عار دلانے کیلئے جنات کے ایمان لانے کا واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ جنات تو تکبر و غرور میں تم سے بھی زیادہ ہیں مگر قرآن سن کر انکے دل موم ہو گئے وہ مسلمان ہو گئے تمہیں تو اللہ نے زیادہ شعور بخشا ہے مگر اسکے باوجود تم ایمان نہیں لاتے چنانچہ آیات مذکورہ میں انہی جنات کا واقعہ بیان فرمایا اور انکا قرآن سننا اور پھر اس پر ایمان لانا اور اپنی قوم کو ڈرانا مذکور ہے کہ اگر تم اللہ پر ایمان لے آؤ گے تو بخشے بھی جاؤ گے اور آخرت کے عذاب سے بھی نجات پاؤ گے اور اگر اللہ پر ایمان نہ لاؤ گے تو پھر اُس کے عذاب سے کوئی بھی تمہیں نہیں بچا سکتا پھر تم واضح گمراہی و ناکامی میں ہو۔

❸ <u>واقعہ کی تفصیل:۔</u> روایت میں ہے کہ نبی ﷺ کی بعثت پر جب جنوں کو آسمانی خبروں کو سننے سے روک دیا گیا تو انہوں نے اس کی وجہ دریافت کرنے کیلئے اہل نصیبین میں سے سات یا نو رؤسائے جن کو زمین پر بھیجا جب وہ وادی نخلہ میں پہنچے تو حضور ﷺ کو طائف سے واپسی پر آدھی رات کو نماز میں دیکھ کر آپ ﷺ کی قرات سننے لگے اور مؤمن ہو کر واپس آئے اس پر یہ آیات نازل ہوئیں کہ جب ہم نے وادی نخلہ میں نصیبین کے جنوں کی ایک جماعت کو آپ کی طرف متوجہ کر دیا جبکہ وہ آپ ﷺ کی قرات سن رہے تھے پس جب وہ وہاں آ گئے جہاں حضور ﷺ قرآن پڑھ رہے تھے تو وہ جنات آپس میں کہنے لگے کہ خاموش ہو کر سنو اور جب صبح کے وقت آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو وہ جن اپنی قوم کی طرف واپس لوٹے اور انہیں عذاب الٰہی سے ڈرایا اور دعوت الی الاسلام دینے لگے۔

❹ <u>خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق:۔</u> "قُضِیَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول از مصدر القضاءُ (ضرب) بمعنی فیصلہ کرنا۔

"نفرًا" تین سے دس تک مردوں کی جماعت اس کی جمع اَنْفَار ہے نَفَرًا (ضرب) بمعنی نفرت کرنا۔

"اَنْصِتُوْا" صیغہ جمع مذکر حاضر امر حاضر معلوم از مصدر اِنْصَات (افعال) بمعنی بات سننے کے لئے خاموش رہنا۔

"منذرین" صیغہ جمع مذکر بحث اسم فاعل از مصدر الاِنْذارُ (افعال) بمعنی ڈرانا۔

❺ <u>یستمعون القرآن کی ترکیبی حیثیت:۔</u> یستمعون القرآن جملہ بننے کے بعد نفرًا سے حال ہے۔

❻ <u>سورت کا نام:۔</u> یہ آیات جس سورت میں مذکور ہیں اس کا نام سورۃ احقاف ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاوّل** ...... اَللّٰهُ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا فَیَبْسُطُهٗ فِی السَّمَآءِ كَیْفَ یَشَآءُ وَ یَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ یَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖۚ فَاِذَاۤ اَصَابَ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَۚ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّنَزَّلَ عَلَیْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِیْنَ۝ (پ۲۱۔روم:۴۸، ۴۹)

آیات کا ترجمہ اور تفسیر کریں، خط کشیدہ کلمات کی تحقیق لکھیں، من قبل ان ینزل اور من قبلہ کا تعلق کس سے ہے؟ وضاحت کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) خط کشیدہ کلمات کی تحقیق (۴) من قبل ان ینزل اور من قبلہ کا تعلق۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اللہ وہ ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے پھر وہ اٹھالاتی ہیں بادل کو پھر پھیلا دیتا ہے وہ ان کو جس طرف چاہے اور کر دیتا ہے ان کو ٹکڑے پھر دیکھے گا تو بارش کو نکلتی ہے انکے درمیان سے، پس جب اللہ حکم دیتا ہے اس بارش کو اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے تو اسی وقت وہ خوش ہو جاتے ہیں اگر چہ بارش کے نازل ہونے سے پہلے وہ البتہ ناامید ہونے والے ہوں۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** ان آیات سے پہلے (ومن آیتہ) ہواؤں کے کچھ فوائد کا بیان تھا پھر ایک آیت کو درمیان میں جملہ معترضہ کے طور پر ذکر فرمایا اور پھر ان مذکورہ آیات میں ہواؤں کا تذکرہ ہے اور انکے بعض فوائد کا بیان ہے چنانچہ ارشاد فرمایا کہ اللہ وہی ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے یہ ہوائیں بادلوں کو اٹھا کر لاتی ہیں پھر اللہ تعالیٰ ان بادلوں کو جیسے چاہے پھیلا دیتا ہے کہ بادلوں کے اندر سے بارش آرہی ہے پھر اللہ ان بارشوں کو اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے پہنچاتا ہے، جنہیں بارش پہنچ گئی وہ خوش ہو جاتے ہیں حالانکہ اس سے پہلے یہ لوگ ناامید ہو چکے تھے ناامیدوں کی امیدوں کو پورا کرنا یہ اللہ کا انعام ہے، بارش آنے پر خوشی بھی منائیں اور شکر بھی کریں۔

❸ **خط کشیدہ کلمات کی تحقیق:۔** "یبسط" صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر البَسْطُ (نصر) بمعنی پھیلانا۔

"تُثِیْرُ" صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم از مصدر الاثارۃ (افعال) بمعنی جوش دلانا، بلند کرنا۔

"کِسَفًا" کِسْفَۃٌ کی جمع ہے بمعنی ٹکڑا اور کسفۃ کی دوسری جمع کساف اور کسوف آتی ہے۔

"خِلٰل" یہ خَلَلٌ کی جمع ہے بمعنی سستی، فساد، شگاف (سوراخ) دراڑ۔

"یستبشرون" صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معروف از مصدر استبشار (استفعال) بمعنی خوش ہونا۔

"مُبْلِسِیْنَ" صیغہ جمع مذکر بحث اسم فاعل از مصدر ابلاس (افعال) بمعنی شکستہ دل ہونا، غمگین ہونا۔

❹ **من قبل ان ینزل اور من قبلہ کا تعلق:۔** من قبلہ ثانی، اوّل کی تاکید ہے اور یہ مبلسین کے متعلق ہے۔

**الشق الثانی** ...... وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۙ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۚ وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۝ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ۝ (پ۲۲۔سبا:۵۱تا۵۴)

آیات کریمہ کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، واخذوا من مکان قریب کی وضاحت کریں، وحیل بینھم وبین مایشتھون کما فعل باشیاعھم کی تفسیر کریں۔ الفاظ مخطوطہ کی تحقیق لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل پانچ امور ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) واخذوا من مکان قریب کی وضاحت (۴) کما فعل باشیاعھم کی تفسیر (۵) الفاظ مخطوطہ کی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اور کاش کہ آپ دیکھیں جبکہ وہ گھبرائے ہوئے ہوں گے، پس نہ بچ سکیں گے اور پکڑے

Maktaba Tul Ishaat.com

جائیں گے قریب جگہ سے اور کہیں گے وہ کہ ایمان لائے ہم اس پر اور کہاں میسر ہوگا انہیں ایمان کا لانا اتنی دور جگہ سے حالانکہ وہ انکار کر چکے تھے اس سے پہلے دنیا کی زندگی میں اور بن دیکھے اٹکل کے تکے چلاتے رہے اور حائل کر دی جائیگی انکے اور انکی خواہش کے درمیان جیسا کہ سلوک کیا گیا ان کے ہم خیال لوگوں کے ساتھ اس سے پہلے بیشک وہ حیرت انگیز شک میں پڑے ہوئے ہیں۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** اللہ تعالی نے اس سے پہلی آیات میں مسئلہ رسالت کا اثبات کیا اب یہاں سے حشر کا بیان ہے کہ مرنے کے وقت یا قیامت میں ان کا کیا حال ہوگا جبکہ وہ گھبرائے ہوئے ہونگے لیکن وہ لوگ حشر سے بچ کر کہیں نہیں جاسکیں گے اور جہاں بھی جائیں گے ان کو پکڑ لیا جائے گا اور وہ کہیں گے کہ ہم ایمان لائے لیکن اس وقت کا ایمان لانا ان کے کسی کام نہیں آئے گا اس لئے کہ ایمان لانے کا مقام دنیا تھی اور اس دنیا میں انہوں نے اس کو نہیں مانا تو اب وہ جگہ یعنی دنیا ان سے بہت دور ہوگی اس دور دراز جگہ سے ان کو اب ایمان نہیں مل سکتا اور جب وہ دنیا کے اندر تھے تو یہاں کی بابت (قیامت کے دن اور حشر میں) کہتے تھے ایسی باتیں جو انہوں نے دیکھی نہیں تھی بے تکی یعنی غیب کی باتیں بے تکی کہتے تھے لہٰذا اب ان کو ان کی مراد نہیں مل سکتی جیسا کہ ان سے پہلوں کو حاصل نہ ہوئی اور نہ ہوگی کیونکہ وہ شک میں تھے۔

❸ **واخذوا من مكان قريب کی وضاحت:۔** اکثر مفسرین کے نزدیک یہ روز محشر کا حال ہے کہ کفار و فجار بھاگنا چاہیں گے تو چھوٹ نہ سکیں گے اور یہ بھی نہ ہوگا جیسے دنیا میں کوئی مجرم بھاگ جائے تو اسے تلاش کرنا پڑتا ہے بلکہ سب کے سب اپنی ہی جگہ میں گرفتار کر لئے جائینگے کسی کو بھاگنے کا موقع نہ ملے گا اور بعض حضرات نے اس کو نزاع اور موت کا حال قرار دیا ہے کہ جب موت کا وقت آجائے گا اور ان پر گھبراہٹ طاری ہوگی تو فرشتوں کے ہاتھ سے چھوٹ نہ سکیں گے اور وہیں اپنی جگہ سے روح قبض کر کے پکڑ لئے جائینگے۔

❹ **كما فعل باشياعهم کی تفسیر:۔** یعنی ان کو جو چیز محبوب اور مقصود تھی ان کے اور اس چیز کے درمیان پردہ حائل کر کے ان کو محروم کر دیا گیا، یہ مضمون قیامت کے حال پر بھی صادق ہے کہ قیامت کے دن یہ لوگ (کافر) نجات اور جنت کے طالب ہوں گے وہاں تک نہ پہنچ سکیں گے اور دنیا میں موت کے وقت پر بھی صادق ہے کہ دنیا میں ان کو یہاں کی دولت و سامان مقصود تھا، موت نے ان کے اس مطلوب کے درمیان حائل ہو کر ان کو اس سے جدا کر دیا۔ **اشیاع، شیعه** کی جمع ہے کسی شخص کے تابع اور ہم خیال کو اس کا شیعہ کہا جاتا ہے، مطلب یہ ہے کہ جو عذاب ان کو دیا گیا کہ وہ اپنے مطلوب سے محروم کر دیئے گئے یہی عذاب اس سے پہلے انہی جیسے اعمال کفر کرنے والوں کو دیا جا چکا ہے کیونکہ یہ سب لوگ شک میں پڑے ہوئے تھے یعنی رسول اللہ ﷺ کی نبوت اور قرآن کے کلام الٰہی ہونے پر ان کو یقین اور ایمان نہیں تھا۔

❺ **الفاظ مخطوطہ کی تحقیق:۔** "فَزِعُوا" صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف از مصدر فَزَعٌ (سمع) بمعنی دہشت زدہ ہونا۔

"يَقْذِفُوْنَ" صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معروف از مصدر القذف (ضرب) بمعنی پھینکنا۔

"آمَنَّا" صیغہ جمع متکلم ماضی معروف از مصدر ایمان (افعال) بمعنی ایمان لانا، مطیع و فرمانبردار ہونا۔

"يَشْتَهُوْنَ" صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم از مصدر الاشتهاء (افتعال) بمعنی خواہش کرنا، رغبت شدید کرنا۔

"مُرِيْبٌ" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر ارابة (افعال) بمعنی شک میں ڈالنا، بیقرار کرنا۔

## ﴿الورقة الاولیٰ: فی التفسیر﴾

### ﴿السوال الاوّل﴾ ١٤٣٣ھ

**الشق الاوّل** ---- لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ۭ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ۭ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ۝ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝ (پ٢٣۔زمر،١٦،١٧)

آیات کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، ظلل اور طاغوت کا مصداق تحریر کریں، ان یعبدوھا کی ترکیبی حیثیت واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (١) آیات کا ترجمہ (٢) آیات کی تفسیر (٣) ظلل اور طاغوت کا مصداق (٤) ان یعبدوھا کی ترکیبی حیثیت۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ ان کیلئے (مشرکین) اوپر بھی آگ کے سائبان ہوں گے اور ان کے نیچے بھی آگ کے سائبان ہوں گے، یہی بات ہے جس کا اللہ اپنے بندوں کو خوف دلاتا ہے، اے میرے بندو! مجھ سے ڈرتے رہو اور جو لوگ شیطان کی عبادت کرنے سے بچتے رہے اور اللہ کی طرف متوجہ رہے ان کے لئے خوشخبری ہے، پس میرے بندوں کو خوشخبری دے دیجئے۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ یہاں سے منکرین قیامت کے احوال کا بیان ہے کہ جو لوگ دنیا میں قیامت کا انکار کرتے تھے آج قیامت کے دن ان کے اوپر اور ان کے نیچے آگ ہوگی یعنی انکا اوڑھنا بچھونا سب کا سب آگ کا ہوگا۔ اس عذاب دوزخ سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو انبیاء ﷺ کی وساطت سے بچاتے رہے ہیں اور ڈراتے رہے ہیں کہ اے میرے بندو! میرے عذاب سے ڈرتے رہو اسی طرح جو لوگ شیاطین کے اغواء سے غیر اللہ کو پوجنے سے بچتے رہے، کنارہ کش رہے اور ہمیشہ ہر کام میں اللہ کی طرف رجوع کرتے رہے انہی کے لئے خوشخبری ہے لہٰذا آپ میرے صالح بندوں کو میری رحمت کی خوشخبری سنا دیجئے یعنی جو لوگ حق بات کو توجہ سے سنتے ہیں اور اچھی بات کی پیروی کرتے ہیں یہی لوگ اللہ کی طرف سے ہدایت یافتہ ہیں اور یہی لوگ اہل عقل ہیں۔

❸ ظلل اور طاغوت کا مصداق:۔ ظلل کا مصداق آگ کے شعلے ہیں۔ طاغوت کا مصداق بت اور شیطانی طریقے اور انکی پرستش ہے۔

❹ ان یعبدوھا کی ترکیبی حیثیت:۔ ان ناصبہ کی وجہ سے مفرد کی تاویل میں ہو کر الطاغوت سے بدل ہے۔

**الشق الثانی** ...... حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۝ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۝ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ۭ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝ (پ٢٥۔دخان،١تا٧)

آیات کریمہ کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، لیلة مبرکة کی تعیین کریں، امرا اور رحمة کی ترکیبی حیثیت واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (١) آیات کا ترجمہ (٢) آیات کی تفسیر (٣) لیلة مبرکة کی تعیین (٤) امرا اور رحمة کی ترکیبی حیثیت۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ حم (اللہ اعلم بمرادہ) قسم ہے واضح کتاب کی بیشک ہم نے اس کتاب کو مبارک رات میں نازل کیا کیونکہ بلاشبہ ہمیں ڈرانا مقصود تھا۔ اسی میں جدا کیا جاتا ہے ہر ایک امر حکمت والا جو حکم ہماری طرف سے ہوتا ہے کیونکہ ہم رسول بنا کر بھیجنے والے ہیں۔ آپ کے رب کی رحمت سے بیشک وہ سننے والا جاننے والا ہے اور وہ آسمانوں اور زمینوں اور جو کچھ ان کے درمیان ہے وہ اس کا رب ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

❷ آیات کی تفسیر:۔ حمٓ کی مراد تو اللہ ہی جانتے ہیں قسم ہے اس کتاب واضح المعنی کی ہم نے اس کو لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر ایک برکت والی رات (شب قدر) میں اتارا ہے کیونکہ ہم بوجہ شفقت کے اپنے ارادہ میں اپنے بندوں کو آگاہ کرنے والے تھے یعنی ہم کو یہ منظور ہوا کہ ان کو مضرتوں سے بچانے کیلئے خیر وشر پر مطلع کردیں یہ قرآن کو نازل کرنے کا مقصد تھا آگے اس شب کے برکات ومنافع کا بیان ہے کہ اس رات میں ہر حکمت والا معاملہ ہماری پیشی سے حکم صادر ہو کر طے کیا جاتا ہے یعنی سال بھر کے معاملات جو سارے کے سارے ہی حکمت پر مبنی ہوتے ہیں جس طرح انجام دینے اللہ کو منظور ہوتے ہیں اسی طریقے کو متعین کر کے انکی اطلاع متعلقہ فرشتوں کو کر کے انکے سپرد کردیئے جاتے ہیں چونکہ وہ رات ایسی ہے اور نزول قرآن سب سے حکمت والا امر تھا اسلئے اس کیلئے بھی یہی رات منتخب کی گئی اور قرآن اسلئے نازل کیا گیا کہ ہم بوجہ رحمت جو آپ کے رب کی طرف سے ہوئی آپ کو پیغمبر بنانے والے تھے تاکہ آپ کی معرفت اپنے بندوں کو آگاہ کریں بیشک وہ بڑا سننے والا اور جاننے والا ہے اسلئے بندوں کی رعایت کرتا ہے اور وہ اللہ ایسا ہے جو آسمان اور زمین اور جو کچھ انکے درمیان ہے سب کا مالک ہے اگر تم یقین کرنا چاہو تو یہ توحید کے دلائل یقین کرنے کیلئے کافی ہیں۔

❸ لیلۃ مبٰرکۃ کی تعیین:۔ اس سے مراد جمہور مفسرین کے نزدیک شب قدر ہے جو رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں ہوتی ہے اور بعض مفسرین عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ سے منقول ہے کہ اس سے مراد نصف شعبان کی رات یعنی شب براءۃ ہے۔

❹ امرًا اور رحمۃ کی ترکیبی حیثیت:۔ "امرًا" بمعنی فرقًا یہ مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب ہے (یفرق فرقًا) یا مفعول مطلق من غیر لفظہ ہے۔ "رحمۃ" یہ مفعول لہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ١٤٣٣ھ

**الشق الاول** ...... إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۝ وَيَنصُرَكَ اللَّهُ نَصْرًا عَزِيزًا ۝ (پ٢٦۔ ع:٣،١)

آیات کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، سورۃ الفتح کا شان نزول تحریر کریں، لیغفر لك کا ترکیبی اعتبار سے کس سے تعلق ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (١) آیات کا ترجمہ (٢) آیات کی تفسیر (٣) آیات کا شان نزول (٤) لیغفر لك کا ترکیبی تعلق۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ بیشک ہم نے آپ کو کھلم کھلا فتح عطا کی تاکہ اللہ آپ کی اگلی اور پچھلی کوتاہیاں معاف کردے اور اپنی نعمت آپ پر تمام کردے اور تاکہ اللہ آپ کو سیدھے راستہ پر چلائے اور تاکہ اللہ آپ کی زبردست مدد کرے۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ صلح حدیبیہ سے واپسی پر اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل کی جس میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو فتح مبین کی خوشخبری دی گئی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ہم نے کفار پر ایک بہت ہی بھاری فتح دی ہے اس صلح حدیبیہ کے ذریعے تاکہ آپ کی اگلی پچھلی اجتہادی کوتاہیاں اللہ تعالیٰ معاف کردیں اور آپ پر اپنا انعام کامل کردے اور آپ کو ہمیشہ اسلام کے صحیح راستہ پر ثابت قدم رکھے اور آپ کو ایسی زبردست نصرت عطا فرمائے کہ کوئی آپ کا مقابلہ نہ کر سکے۔

❸ آیات کا شان نزول:۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ٦ھ کے اواخر میں تقریباً چودہ سو صحابہ رضی اللہ عنہم کے ہمراہ عمرہ کے ارادے مدینہ سے کوچ کر کے مکہ کے قریب مقام حدیبیہ میں قیام فرمایا، قریش نے آپ کو عمرہ کرنے سے روک دیا اور آخر کار کئی روز کے بحث و

مباحثہ کے بعد ان شرائط پر صلح قرار پائی کہ دس سال تک فریقین کے درمیان لڑائی بند رہے گی اور مسلمان اگلے سال غیر مسلح ہو کر عمرہ کریں گے اور اس عرصہ میں قریش کا کوئی آدمی مکہ سے بھاگ کر مدینہ آ گیا تو اسے واپس کرنا ہوگا اور اگر مدینہ سے کوئی مسلمان مکہ آ گیا تو اسے واپس نہیں کریں گے چنانچہ صلح نامہ لکھا گیا۔ آپ ﷺ نے اپنی قربانیاں اسی مقام پر کر دیں اور واپس مدینہ تشریف لائے چونکہ اس صلح سے مسلمانوں کو بہت فائدہ پہنچا بہت سے لوگ اسلام میں داخل ہوئے اسلئے حدیبیہ سے واپسی پر راستہ ہی میں سورۂ فتح نازل ہوئی۔

❹ **لیغفر لك کا ترکیبی تعلق:۔** اس کا ترکیبی تعلق لفظ فَتَحْنَا سے ہے۔

**الشق الثانی** ...... اَوَلَمْ یَتَفَكَّرُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى وَاِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝ اَوَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ۝ (پ۲۱۔روم:۹،۸)

آیات کا ترجمہ و تفسیر تحریر کریں، فینظروا کی اعرابی حیثیت واضح کریں۔ فما کان الله سے آخر تک ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) فینظروا کی اعرابی حیثیت (۴) فما کان الله الخ کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** کیا انہیں غور کیا انہوں نے اپنے نفسوں میں نہیں پیدا کیا اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان میں ہے مگر حقیقی مصلحت سے اور ایک وقت مقررہ کے لئے اور بہت سے لوگ اپنے رب کے ملنے سے منکر ہیں، کیا انہیں چلے پھرے وہ زمین میں کہ وہ غور کرتے کیسا ہوا ان لوگوں کا انجام جو ان سے پہلے ہوئے تھے وہ زیادہ طاقتور تھے ان سے اور انہوں نے زمین کو جوتا اور آباد کیا، زیادہ اس سے جو انہوں نے آباد کیا اور آئے تھے ان کے پاس رسول واضح دلائل لیکر، پس نہیں تھا اللہ ایسا کہ ظلم کرتا ان پر مگر وہ خود ہی اپنے اوپر ظلم کر رہے تھے۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت اور جبروت کا مشاہدہ کرایا ہے کہ یہ لوگ دنیا کی چند روزہ فانی لذتوں میں ایسے مست ہو گئے کہ اس کارخانہ کی حقیقت اور انجام سے بالکل غافل ہو گئے، یہ خود بھی اگر اپنے اندر غور کرتے تو ان پر کائنات کا راز منکشف ہو جاتا کہ اللہ نے آسمان و زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بیکار پیدا نہیں فرمایا بلکہ ان چیزوں کی تخلیق سے مقصود خالق کائنات کو پہچاننا ہے اور اس کی رضا کی جستجو میں لگنا ہے اور اس کی ناراضگی سے بچنا ہے۔ اس کے بعد یہ معلوم کرنا کہ اللہ کن اعمال سے راضی ہوتا ہے اور کن سے ناراض ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ ان دونوں قسم کے کاموں کی کچھ جزاء و سزا ہونا بھی ضروری ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ دنیا دار الجزاء نہیں ہے کہ اس میں انسان کو اس کے اچھے یا برے عمل کی جزا ملے اس لئے ضروری ہے کہ کوئی ایسا دن آئے جس میں ہر ایک کو اس کے کئے کا بدلہ ملے اسی کا نام قیامت ہے اور آخرت ہے۔

خلاصہ یہ کہ یہی لوگ اگر غور و فکر کرتے تو آسمان و زمین اور ان کی مخلوقات اس کی گواہی دیتی کہ یہ چیزیں دائمی نہیں کچھ مدت کے لئے ہیں بلکہ ان کے بعد دوسرا عالم آنے والا ہے جو دائمی ہوگا۔ دوسری آیت میں ارشاد فرمایا کہ اہل مکہ اپنے تجارتی سفروں میں ان قوموں کی بستیوں کا مشاہدہ کرتے ہیں جنہوں نے اپنے نبی کی بات نہ مانی تو اللہ نے ان کو ہلاک کر دیا باوجود اس بات کے کہ وہ

Maktaba Tul Ishaat.com

سلاقتہ کے اعتبار سے کفار مکہ سے زیادہ تھے تو غور کرکے ان کے انجام میں غور کرکے عبرت پکڑنی چاہیے تھی کہ اگر ہم نے اپنے نبی کی بات کو نہ مانا تو ہمارا حشر بھی انہی قوموں کی طرح ہوگا جو ہم سے پہلے گزر چکی ہیں۔

❸ **فینظروا کی اعرابی حیثیت:** فینظروا کا عطف ہے یسیروا پر اصل میں یسیرون تھا لَمْ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا فا عاطفہ ہے اور ینظرون کا یسیرون پر عطف ہونے کی وجہ سے ینظرون پر جزم آئی اور نون اعرابی گر گیا۔

❹ **فما کان اللہ الخ کی ترکیب:** ف تفصیلیہ ما نافیہ کان فعل از افعال ناقصہ اللہ اسم ل کی یظلم فعل با فاعل ھم ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر کان کی خبر، کان اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مستدرک منہ واؤ زائدہ لکن حرف استدراک کانوا فعل از افعال ناقصہ ضمیر اس کا اسم انفس مضاف ھم ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ مقدم یظلمون فعل اپنے فاعل اور مفعول مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوئی کان کی، کان اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مستدرک، مستدرک منہ اپنے مستدرک سے ملکر جملہ استدراکیہ ہوا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاوّل** ...... أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوقُ الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا تَأْكُلُ مِنْهُ أَنْعَامُهُمْ وَأَنْفُسُهُمْ أَفَلَا يُبْصِرُونَ ۝ وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْفَتْحُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِيمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ۝ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ إِنَّهُمْ مُنْتَظِرُونَ ۝ (پ۲۱۔ سجدہ:۲۷۔۳۰)

آیات کریمہ کا ترجمہ کریں، آیات کریمہ کی تفسیر کرتے ہوئے بتلائیں کہ دونوں آیتوں میں الفتح کا مصداق ایک ہے یا الگ الگ؟ الماء اور الارض الجرز کی مراد واضح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) الفتح کا مصداق (۴) الماء، الارض الجرز کی مراد۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:** کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ ہم چلاتے ہیں پانی کو خشک زمین کی طرف، پھر نکالتے ہیں ہم اس کے ذریعے کھیتی کو، کھاتے ہیں اس میں سے ان کے چوپائے اور وہ خود بھی، کیا وہ دیکھتے نہیں اور وہ کہتے ہیں کہ کب ہوگا یہ فیصلہ اگر ہو تم سچے؟ کہہ دیجئے کہ فیصلے کے دن کافروں کو ان کا ایمان لانا نفع نہیں دیگا اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی، پس آپ اعراض کیجئے ان سے اور انتظار کیجئے بیشک وہ بھی منتظر ہیں۔

❷ **آیات کی تفسیر:** ان آیات میں منکرین بعث بعد الموت کو دعوت فکر دی جارہی ہے کہ کیا انہوں نے غور سے نہیں دیکھا کہ ہم بارش اور دریاؤں کا پانی خشک زمین کی طرف بہا کر اسکے ذریعے سے اس میں کھیتی اگاتے ہیں جس میں سے وہ خود بھی کھاتے ہیں اور ان کے جانور بھی، کیا وہ چشم بصیرت سے ان مظاہر قدرت کو نہیں دیکھتے اور وہ منکرین حشر ونشر تم سے کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ کہ یہ حق وباطل میں فیصلہ کب ہوگا یعنی قیامت کب آئیگی؟ تو ان کے جواب میں آپ ان سے کہہ دیجئے کہ تمہارا اس دن ایمان تمہیں نفع نہیں دے گا اور نہ ہی کچھ مہلت ملے گی کہ آئندہ وہ ایمان لاکر اعمال صالحہ کرسکیں، پھر آپ ﷺ کو حکم دیا جارہا ہے کہ پس آپ انہیں چھوڑ دیجئے وہ ایمان نہیں لاتے تو نہ لائیں اور نہیں مانتے تو نہ مانیں اور آپ فتح ونصرت کیلئے وعدۂ الٰہی کا انتظار کیجئے اور وہ بھی تم پر غلبہ پانے کا انتظار کررہے ہیں۔

③ الفتح کا مصداق: یہ دونوں جگہ الفتح کا مصداق ایک ہے اور اس سے مراد قیامت کا دن ہے۔

④ الماء، الارض الجرز کی مراد:۔ الماء سے مراد یا تو بارش کا پانی ہے یا پھر دریاؤں اور سمندروں کا پانی ہے۔
الارض الجرز: سے مراد وہ زمین ہے جو پانی کے نہ ملنے کی وجہ سے بنجر اور خشک ہوگئی ہو پانی کے ذریعے اللہ تعالیٰ اسکو آباد کردیتے ہیں۔

**الشق الثانی** ...... وَلَقَدْ نَادٰنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ۝ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ۝ (پ۲۳۔ طٰفٰت: ۷۵ تا ۸۲)

آیات کریمہ کا ترجمہ کریں، آیات کریمہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے اھل اور کرب عظیم کا مصداق تحریر کریں ھم الباقین کی ترکیبی حیثیت واضح کریں نیز آیات مبارکہ کا ماقبل سے ربط بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) آیات کا ماقبل سے ربط (۴) اھل اور کرب عظیم کا مصداق (۵) ھم الباقین کی ترکیبی حیثیت۔

**جواب** ...... ① آیات کا ترجمہ:۔ اور نوح علیہ السلام نے ہمیں پکارا پس ہم خوب اچھا جواب دینے والے ہیں اور نجات دی ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو بڑی بھاری مصیبت سے اور ہم نے ان کی ذریت کو باقی رہنے والا کردیا اور پیچھے چھوڑا ہم نے اس پر پیچھے آنے والوں میں کہ سلام ہو نوح علیہ السلام پر سارے جہاں میں، بیشک ہم ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں نیکی کرنے والوں کو، بیشک تھے وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے پھر غرق کردیا ہم نے دوسروں کو۔

② آیات کی تفسیر:۔ ان آیات میں حضرت نوح علیہ السلام کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کی سرکشی سے تنگ آکر ہمیں امداد کے لئے پکارا تو ہم نے بروقت ان کی فریاد سن لی اور ہم اچھے فریاد سننے والے ہیں اور ہم نے ان کو اور انکے تابعین کو بڑے بھاری غم سے جو کفار کی تکذیب اور ایذا اور رسانی سے پیش آیا تھا نجات دی یعنی طوفان سے کفار کو غرق اور انکے تابعین کو بچالیا اور ہم نے انہی کی اولاد کو باقی رہنے دیا یعنی انہی سے نسل کا سلسلہ چلا اور ہم نے ان کیلئے پیچھے آنے والوں میں یہ بات مدت دراز کیلئے رہنے دی کہ نوح علیہ السلام پر سارے عالم والوں کی طرف سے سلام ہو اور ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں۔ بیشک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے پھر ہم نے کافروں کو غرق کردیا۔

③ آیات کا ماقبل سے ربط:۔ پچھلی آیت میں تذکرہ کیا گیا تھا کہ ہم نے پہلی امتوں کے پاس بھی ڈرانے والے پیغمبر بھیجے تھے لیکن اکثر لوگوں نے انکی بات نہیں مانی اسلئے ان کا انجام بہت برا ہوا اب یہاں سے اسی اجمال کی کچھ تفصیل بیان کی جارہی ہے اور اس ضمن میں کئی انبیاء علیہم السلام کے واقعات بیان کئے گئے ہیں سب سے پہلے ان آیات میں حضرت نوح علیہ السلام کا تذکرہ کیا گیا ہے۔
حضرت نوح علیہ السلام کا واقعہ تفصیل کے ساتھ سورۃ ہود میں مذکور ہے۔

④ اھل اور کرب عظیم کا مصداق:۔ اھل سے مراد ان کے متبعین ہیں، کرب عظیم سے مراد نوح علیہ السلام کی تکذیب اور کفار کی ایذا رسانی ہے۔

⑤ ھم الباقین کی ترکیبی حیثیت:۔ ھم ضمیر فصل ہے اور الباقین جعلنا کا مفعول ثانی ہے، پوری آیت کی ترکیب یہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے جعلنا فعل وفاعل لہ ربتہ مضاف بمضاف الیہ ملکر مفعول بہ اوّل ہم ضمیر فصل الباقین مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## ﴿الورقة الاولیٰ: فی التفسیر﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۴ھ

**الشق الاوّل** ...... قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ (پ۲۴، سورۃ زمر:۵۳تا۵۵)

آیات کریمہ کا ترجمہ کریں، آیات کریمہ کی تفسیر اور شان نزول بیان کریں، بغتۃ کے منصوب ہونے کی وجہ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) آیات کا شانِ نزول (۴) بغتۃ کے منصوب ہونے کی وجہ۔

**جواب** ...... ❶ <u>آیات کا ترجمہ:۔</u> کہہ دیجئے اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا وہ اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں بیشک اللہ سب گناہ معاف کردے گا، بیشک وہ بخشنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے اور اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور اسی کا حکم مانو قبل اس کے کہ تم پر عذاب آجائے پھر تم کو مدد بھی نہ مل سکے اور اتباع کرو ان اچھی باتوں کی جو تمہاری طرف نازل کی گئیں تمہارے رب کی طرف سے قبل اس کے کہ تم پر اچانک عذاب آجائے اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔

❷ <u>آیات کی تفسیر:۔</u> اے پیغمبر! سوال کرنے والوں کو میری طرف سے کہہ دیجئے کہ اے میرے بندو جنہوں نے کفر وشرک کرکے اپنے اوپر ظلم کیا ہے میری رحمت سے مایوس نہ ہوں اور یہ خیال نہ کرو کہ ایمان لانے کے بعد گزشتہ کفر وشرک پر مواخذہ ہوگا، سو یہ بات نہیں بلکہ بالیقین اللہ تعالیٰ اسلام کی برکت سے گزشتہ تمام گناہوں کو خواہ کفر وشرک ہی کیوں نہ ہوں معاف فرمادے گا اور چونکہ اس معافی کی شرط کفر سے توبہ کرنا ہے اور اسلام لانا ہے اس لئے تم کفر سے توبہ کرنے کیلئے اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور اسلام قبول کرنے میں اس کی فرمانبرداری کرو، ورنہ اسلام نہ لانے کی صورت میں تم پر عذاب الٰہی نازل ہوسکتا ہے پھر اس وقت کسی کی طرف سے تمہاری مدد نہ کی جائے گی، مطلب یہ کہ اسلام لانے کی صورت میں جس طرح کفر وشرک جیسے گناہ معاف ہوجائیں گے اسی طرح ایمان نہ لانے کی صورت میں اس کفر وشرک پر عذاب ہوگا جس کا کوئی دفیعہ نہیں اور جب یہ بات ہے تو تم کو چاہیے کہ اپنے رب کی طرف سے آئے ہوئے حکموں پر چلو ورنہ اچانک تم پر عذاب آئے گا اور تمہیں خبر بھی نہ ہوگی۔

❸ <u>آیات کا شانِ نزول:۔</u> حضرت وحشی جو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے قاتل تھے اسی طرح دیگر مشرکین کو اسلام کی طرف بلایا گیا تو انہوں نے اپنے جرائم کی بناء پر مغفرتِ الٰہی سے مایوسی کا اظہار کرکے اسلام قبول کرنے سے گریز کیا تو یہ آیات نازل ہوئیں۔

❹ <u>بغتۃ کے منصوب ہونے کی وجہ:۔</u> بغتۃ مفعول مطلق ہے اس کا موصوف محذوف ہے جو کہ اتیانًا ہے، دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ العذاب سے حال ہے۔

**الشق الثانی** ...... وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۞ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۞ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ۞ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۞ (پ ۲۵۔ شوریٰ: ۴۰-۳۷)

آیات کا ترجمہ کریں، آیات کی تفسیر کرتے ہوئے اسلام میں شوریٰ کی اہمیت پر روشنی ڈالیں، گناہ کبیرہ کی تعریف ذکر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) شوریٰ (مشورہ) کی اسلام میں اہمیت (۴) گناہ کبیرہ کی تعریف۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ جو لوگ کبیرہ گناہوں سے اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب غضب میں ہوتے ہیں تو معاف کر دیتے ہیں اور جو لوگ اپنے رب کا حکم مانتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور ان کا کام آپس میں مشورہ کرنا ہے اور جو مال ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جب ان پر ظلم ہوتا ہے تو وہ اس سے بدلہ لیتے ہیں اور برائی کا بدلہ برائی ہے اس کی مثل، پس جس نے معاف کر دیا اور صلح کر لی تو اس کا اجر اللہ پر ہے بیشک اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ جو لوگ کبیرہ گناہوں (شرک، قتل، چوری وغیرہ) اور بے حیائی کے کاموں مثلاً زنا وغیرہ سے اجتناب کرتے ہیں اور ان کو کہیں سے اگر تکلیف پہنچے اور وہ اس سے ناراض ہو جائیں تو فوراً معاف کر دیتے ہیں اور یہ لوگ ہمیشہ اللہ کا حکم مانتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور ضروری و اہم امور میں باہم مشورہ کرتے ہیں اور اللہ کے دیئے ہوئے مال میں سے اس کے حکم پر خرچ کرتے ہیں اور جب ان کو کسی کی طرف سے ظلم پہنچے تو صرف بدلہ پر اکتفاء کرتے ہیں اور کوئی زیادتی نہیں کرتے اور برائی کے بدلہ میں ویسی ہی برائی جائز ہے زیادتی درست نہیں ہے پس جس نے برائی کرنے والے کو معاف کر دیا اور اس سے صلح کر لی تو اس کے لئے بہت بڑا ثواب ہے، جو اللہ کے ذمے ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔

❸ شوریٰ (مشورہ) کی اسلام میں اہمیت:۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے میں نے عرض کیا کہ آپ ﷺ کے بعد اگر ہمیں کوئی ایسا معاملہ پیش آئے جس میں قرآن نے کوئی فیصلہ نہیں کیا اور آپ ﷺ سے بھی اس کا کوئی حکم ہمیں نہیں ملا تو ہم کیسے عمل کریں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس کے لئے میری امت کے عبادت گزاروں کو جمع کر لو اور آپس میں مشورہ کر کے طے کر لو کسی کی تنہا رائے سے فیصلہ نہ کرو، اس روایت کے بعض الفاظ میں فقہاء و عابدین کا لفظ آیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ مشورہ ان لوگوں سے لینا چاہیے جو فقہاء دین کی سمجھ بوجھ رکھنے والے اور عبادت گزار ہوں۔ صاحب روح المعانی نے فرمایا کہ جو مشورہ اس طریق پر نہیں بلکہ بے علم بے دین لوگوں میں دائر ہو اس کا فساد اس کی اصلاح پر غالب رہے گا اور ایک روایت میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے کسی کام کا ارادہ کیا اور اس میں مشورہ لیکر عمل کیا تو اللہ تعالیٰ اس کو ارشد امور کی طرف ہدایت فرما دے گا یعنی اس کا رُخ اس طرف پھیر دے گا جو اس کے لئے انجام کے لحاظ سے کار خیر اور بہتر ہو۔ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ مہمات مملکت میں مشورہ لینا واجب ہے اسلام میں امیر کا انتخاب بھی مشورہ پر موقوف کر کے زمانہ جاہلیت کی شخصی بادشاہتوں کو ختم کیا ہے، اسلام نے سب سے پہلے اس کو ختم کر کے حقیقی جمہوریت کی بنیاد ڈالی مگر مغربی جمہوریت کی طرح عوام کو ہر طرح کے اختیارات نہیں دیئے بلکہ اہل شوریٰ پر بھی کچھ پابندیاں عائد فرمائی ہیں وغیرہ۔

Maktaba Tul Ishaat.com

④ **گناہِ کبیرہ کی تعریف:۔** فرائض یا واجبات کو ترک کرنا اور محرمات کا عمل میں لانا گناہِ کبیرہ کہلاتا ہے مثلاً شرک باللہ، زنا، قتل، سود کھانا، یتیم کا مال کھانا، جہاد سے بھاگنا، پاکدامنوں پر تہمت لگانا وغیرہ۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ١٤٣٤ھ

**الشق الاوّل** ...... وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ۝ وَقَالُوا أَآلِهَتُنَا خَيْرٌ أَمْ هُوَ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًا بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنَاهُ مَثَلًا لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ وَلَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَلَائِكَةً فِي الْأَرْضِ يَخْلُفُونَ ۝ وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُونِ هَٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ۝ (پ٢٥۔زخرف:٥٧تا٦١)

آیات کا ترجمہ لکھیں، آیات کی تفسیر کرتے ہوئے **وانه لعلم** میں ضمیر کا مرجع متعین کریں، خط کشیدہ الفاظ کے لغوی معنی تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) **وانه لعلم** کی ضمیر کا مرجع (۴) خط کشیدہ الفاظ کے لغوی معنی۔

**جواب** ...... ① **آیات کا ترجمہ:۔** جب ابن مریم کی مثال بیان کی گئی تو اسی وقت آپ کی قوم کے لوگ کھل کھلا کر ہنسنے لگے اور کہنے لگے کہ ہمارا معبود اچھا ہے یا وہ انہوں نے یہ مثال محض جھگڑا کرنے کے لئے بیان کی بلکہ وہ لوگ تو ہیں ہی جھگڑالو نہیں ہیں وہ (عیسیٰ) مگر ایک بندہ جس پر ہم نے فضل کیا اور ہم نے اس کو بنی اسرائیل کے لئے ایک مثال بنادیا اور اگر ہم چاہتے تو بنادیتے تم میں سے فرشتے جو زمین میں تمہارے قائمقام ہوتے اور بیشک وہ تو ایک قیامت کا نشان ہے پس تم ہرگز اس کے آنے میں شک نہ کرو اور میری پیروی کرو، یہی سیدھا راستہ ہے۔

② **آیات کی تفسیر:۔** جب حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے متعلق ایک معترض کی طرف سے ایک عجیب مضمون بیان کیا گیا، عجیب اسلئے کہ سرسری نظر سے اس کا بطلان معلوم ہو جاتا، جب یہ اعتراض کیا گیا تو یکا یک آپ کی قوم اس اعتراض کو سننے کیلئے خوشی کے مارے چلانے لگے اور اس معترض کے ساتھ متفق ہو کر کہنے لگے کہ بتلایئے آپ کے نزدیک ہمارے معبود زیادہ بہتر ہیں یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام بہتر ہیں یعنی اس سے ہمارے معبود بہتر ہیں پھر جب اس کی پرستش جائز ہے تو ہمارے معبودوں کی پرستش کیوں ناجائز ہوئی؟ یہاں تک تو ان کی گفتگو تھی اب اس کا جواب دیتے ہیں کہ یہ مثال ان کی محض ناحق شناسی سے ہے اور بیجا ہے کہ یہ لوگ ناحق جھگڑا کرنے والے ہیں غلط حجت جو محض سخن پروری کی وجہ سے ہو جدل باطل ہے یہ تمہید تھی اب اس کا اصل حال بیان فرماتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام نہ خدا تھے اور نہ ہی خدا کا بیٹا بلکہ وہ ہمارا بندہ تھا صرف یہ بات تھی کہ اس پر ہم نے انعام کیا تھا اور فضیلت دی تھی من جملہ اسکے یہ بات تھی کہ اس کو بغیر باپ کے پیدا کیا تھا جس کی وجہ سے اس کو جاہل خدا اور اس کا بیٹا سمجھنے لگے وہ ملائکہ سے تو اس بات میں بڑھ کر نہ تھا جنکی نہ ماں ہے نہ باپ، کھانے پینے سے بھی پاک ہیں اگر ہم چاہیں تو تمہاری جگہ ان کو دنیا میں بھیج دیں کہ یہاں خلافت کریں، اصل بات یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا کرنے میں ہم نے اُن کو بنی اسرائیل کیلئے اپنی قدرت کی نشانی بنایا تھا تاکہ وہ اس پر ایمان لائیں اور ان پر قیامت کی نشانی ہے کہ قیامت کے قریب دنیا پر اتریں گا جیسا کہ حدیث صحیحہ میں آیا ہے، تم اس میں یعنی قیامت کے قائم ہونے میں شک نہ کرو، میرا کہا مانو یہ سیدھا راستہ ہے اور شیطان کے بہکانے میں نہ آؤ وہ تمہارا دشمن ہے۔

③ **وانه لعلم میں ضمیر کا مرجع:۔** انه میں ضمیر کا مرجع حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔

❷ خط کشیدہ الفاظ کے لغوی معنی:۔ "ضرب" ماضی مجہول کا صیغہ ہے لفظی معنی مارنا، مراد یہاں مثال بیان کرنا ہے۔
"یصدون" مضارع کا صیغہ ہے بمعنی کھل کھلا کر ہنسنا۔ "خصمون" بمعنی جھگڑالو۔
"فلا تمترن" نہی حاضر کا صیغہ ہے بمعنی ہرگز شک نہ کرو۔

**الشق الثانی** ...... وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَاۤ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ ۝ (پ۲۱۔روم:۲۰تا۲۲)

آیات کا ترجمہ کریں ان آیات میں جن قدرتوں کا ذکر ہے ان کی تفصیل بیان کریں و جعل بینکم مودۃ ورحمۃ کی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات میں مذکور قدرتوں کی تفصیل (۳) وجعل بینکم مودۃ و رحمۃ کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر اچانک تم آدمی بن کر پھیلے ہوئے پھرتے ہو اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہارے لئے تمہاری جنس سے جوڑے بنائے تاکہ تم انکے پاس آرام کرو اور تمہارے درمیان محبت اور ہمدردی پیدا فرمادی اس میں ان لوگوں کیلئے نشانیاں ہیں جو فکر کرتے ہیں اور اسکی نشانیوں میں سے آسمانوں کو پیدا فرمانا اور تمہاری بولیوں اور رنگوں کا مختلف ہونا ہے، بلاشبہ اس میں جاننے والوں کیلئے نشانیاں ہیں۔

❷ آیات میں مذکور قدرتوں کی تفصیل:۔ اوّل تو یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے باپ آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا فرمایا تم لوگ انہی کی نسل میں سے ہو جیسا کہ سورۃ نساء میں ہے یا اس طرح کہ نطفہ کی اصل غذا ہے اور اسکی اصل عناصر ہیں جن میں جزو غالب مٹی ہے پھر تھوڑے ہی روز بعد کیا ہوا کہ تم آدمی بن کر زمین پر پھیلے ہوئے پھرتے نظر آتے ہو اور اسی کی قدرت کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے فائدے کے واسطے تمہاری جنس کی بیویاں بنائیں تاکہ تم کو انکے پاس سے راحت و آرام ملے اور تم میاں بیوی میں محبت اور ہمدردی پیدا کی، اس میں بھی ان لوگوں کیلئے قدرت کی نشانیاں ہیں جو فکر سے کام لیتے ہیں اور اسی کی نشانیوں میں سے آسمان اور زمین کا بنانا ہے اور تمہارے لب ولہجہ اور رنگوں کا الگ الگ ہونا ہے اس میں بھی دانشمندوں کیلئے قدرت کی نشانیاں ہیں۔

❸ وجعل بینکم مودۃ و رحمۃ کی ترکیب:۔ جعل فعل ھو ضمیر فاعل بین مضاف کم ضمیر مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ مودۃ معطوف علیہ واؤ عاطفہ رحمۃ معطوف، معطوف علیہ معطوف ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۴ھ

**الشق الاول** ...... فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّیْ كَانَ لِیْ قَرِیْنٌ ۝ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِیْنَ ۝ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِیْنُوْنَ ۝ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ۝ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِیْ سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ۝

آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں، ان آیات مبارکہ میں جس جنتی اور اسکے کافر ملاقاتی کا ذکر ہے ان کا پورا واقعہ بیان کریں، فاطلع فراٰہ فی سواء الجحیم کی ترکیب کریں۔(پ۲۳۔صٰفّٰت:۵۰تا۵۵)

Maktaba Tul Ishaat.com

﴿خلاصہ سوال﴾ ..... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) جنتی اور کافر ملاقاتی کا واقعہ (۳) فاطلع فراٰہ فی سواء الجحیم کی ترکیب۔

جواب ..... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ سوان میں بعض بعض پر متوجہ ہوکر ایک دوسرے سے سوال کریں گے ان میں سے ایک کہے گا کہ بلاشبہ میرا ایک ساتھی تھا وہ کہتا تھا کہ کیا تو تصدیق کرنے والوں میں سے ہے کہ کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈی ہوجائیں گے تو کیا ہمیں اپنے کاموں کا بدلہ دیا جائیگا وہ کہے گا کیا تم جھانک کر اسے دیکھنا چاہتے ہو؟ سو وہ شخص جھانکے گا تو اس کو جہنم کے بیچ میں دیکھ لے گا۔

❷ جنتی اور کافر ملاقاتی کا واقعہ:۔ ابتدائی دس آیتوں میں اہلِ جنت کے عمومی حالات بیان کرنے کے بعد ایک جنتی کا خاص طور پر واقعہ ذکر کیا گیا ہے کہ وہ جنت کی مجلس میں پہنچنے کے بعد اپنے ایک کافر دوست کو یاد کرے گا جو دنیا میں آخرت کا منکر تھا اور پھر اللہ تعالیٰ کی اجازت سے اسے جہنم کے اندر جھانک کر اس سے باتیں کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ قرآن کریم میں اس شخص کا کوئی نام و پتہ نہیں دیا گیا اس لئے یقین کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا کہ کون ہوگا تاہم بعض مفسرین نے یہ خیال کیا ہے کہ اس مومن شخص کا نام یہودا اور اسکے کافر ملاقاتی کا نام مطروس ہے یہ وہی دو ساتھی ہیں جن کا تذکرہ سورۂ کہف کی آیت واضرب لھم مثلا الرجلین الخ میں موجود ہے۔ علامہ سیوطیؒ نے متعدد تابعین سے اس شخص کی تعیین کے لئے ایک اور واقعہ نقل کیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ دو آدمی کاروبار میں شریک تھے ان کو آٹھ ہزار دینار کی آمدنی ہوئی اور دونوں نے چار چار ہزار دینار آپس میں بانٹ لئے، ایک شریک نے اپنی رقم میں سے ایک ہزار دینار خرچ کرکے ایک زمین خریدی، دوسرا ساتھی بہت نیک تھا اس نے یہ دعا کی یا اللہ فلاں شخص نے ایک ہزار دینار میں ایک زمین خریدی میں آپ سے ایک ہزار دینار کے عوض جنت میں زمین خریدتا ہوں اور ایک ہزار دینار کا صدقہ کردیا پھر اس کے ساتھی نے ایک ہزار دینار خرچ کرکے ایک گھر بنایا تو اس شخص نے کہا یا اللہ فلاں شخص نے ایک ہزار میں ایک گھر تعمیر کیا ہے، میں آپ سے ایک ہزار دینار میں جنت کا ایک گھر خریدتا ہوں تو اس نے مزید ایک ہزار دینار صدقہ کردیئے اس کے بعد اس کے ساتھی نے ایک عورت سے شادی کرلی اور اس پر ایک ہزار دینار خرچ کردیئے تو اس نے کہا یا اللہ فلاں نے ایک عورت سے شادی کرکے ایک ہزار دینار خرچ کردیئے ہیں اور میں جنت کی عورتوں میں سے کسی کو پیغام اور یہ ایک ہزار دینار نذر کرتا ہوں یہ کہہ کر وہ ایک ہزار بھی صدقہ کردیئے پھر اسکے ساتھی نے ایک ہزار دینار میں کچھ غلام اور سامان خریدا تو پھر اس نے ایک ہزار صدقہ کرکے اللہ تعالیٰ سے اسکے عوض جنت کے غلام اور جنت کا سامان طلب کیا اس کے بعد اتفاق سے اس مومن بندے کو کوئی شدید حاجت پیش آئی اسے خیال ہوا میں اپنے سابق شریک کے پاس جاؤں شاید وہ نیکی کا ارادہ کرے چنانچہ اس نے اپنے ساتھی سے اپنی ضرورت کا ذکر کیا ساتھی نے پوچھا تمہارا مال کیا ہوا اس کے جواب میں اس نے پورا قصہ سنایا اس پر اس نے حیران ہوکر کہا کیا واقعی تم اس بات کو سچا سمجھتے ہو کہ ہم جب مرکر خاک ہوجائیں گے تو ہمیں دوسری زندگی ملے گی اور وہاں ہم کو ہمارے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا جاؤ میں تمہیں کچھ نہیں دوں گا، اسکے بعد دونوں کا انتقال ہوگیا۔ مذکورہ آیات میں جنتی سے مراد وہ آدمی ہے جس نے آخرت کی خاطر اپنا سارا مال خرچ کردیا تھا اور اس کا جہنمی ملاقاتی وہی شریک کاروبار ہے جس نے آخرت کی تصدیق کرنے پر اس کا مذاق اڑایا تھا۔

❸ فاطلع فراٰہ فی سواء الجحیم کی ترکیب:۔ فا جزائیہ یا جوابیہ اطلع فعل ھو ضمیر فاعل، فعل فاعل ملکر معطوف علیہ ف عاطفہ راٰہ فعل ھو ضمیر فاعل ہ ضمیر مفعول بہ فی حرف جر سواء مضاف الجحیم مضاف الیہ، مضاف مضاف

لیے ظرف مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ و متعلق سے ملکر معطوف ہجملہ معطوف علیہ معطوف ملکر جملہ معطوفہ ہوا۔

**الشق الثانی** ...... فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۔ (پ۲۵۔ شوریٰ: ۳۶ تا ۳۸)

آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں، کبائر الاثم کی وضاحت کریں، مومنین کی صفات مذکورہ کی تفصیل بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) کبائر الاثم کی وضاحت (۳) مومنین کی صفات کی تفصیل۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اور تم کو جو بھی چیز دی گئی ہے سو وہ دنیا والی زندگی کا سامان ہے اور جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ بہتر ہے اور زیادہ باقی رہنے والا ہے ان لوگوں کیلئے جو ایمان لائے اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں اور جو کبیرہ گناہوں سے اور بے حیائی کی باتوں سے بچتے ہیں اور جب غصہ آ جائے تو وہ معاف کرتے ہیں اور جنہوں نے اپنے رب کا حکم مانا اور نماز قائم کی۔

❷ کبائر الاثم کی وضاحت:۔ جو کبیرہ گناہوں سے خصوصاً بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرنے والے ہیں، کبیرہ گناہ کیا ہیں، کبیرہ گناہوں میں بھی گناہ داخل ہیں ان میں سے فواحش کو الگ کر کے یہاں ذکر فرمانے میں یہ حکمت ہے کہ فواحش کا گناہ عام کبیرہ گناہوں سے زیادہ سخت ہے اور اس کے اثرات متعدی ہوتے ہیں جس سے دوسرے لوگ بھی متاثر ہوتے ہیں، فواحش کا لفظ ان کاموں پر بولا جاتا ہے جن میں بے حیائی ہو جیسے زنا، اور اس کے مقدمات نیز وہ اعمال بد جو ڈھٹائی کے ساتھ اعلانیہ کئے جاویں وہ بھی فواحش کہلاتے ہیں کہ ان کا وبال بھی نہایت شدید اور پورے انسانی معاشرے کو خراب کرنے والا ہے۔

❸ مؤمنین کی صفات کی تفصیل:۔ یعنی جب وہ غصہ میں آتے ہیں تو معاف کر دیتے ہیں یہ حسن اخلاق کا اعلیٰ نمونہ ہے کیونکہ کسی کی محبت یا کسی پر غصہ یہ دونوں چیزیں جب غالب آتے ہیں تو اچھے بھلے عاقل آدمی کو اندھا بہرا کر دیتی ہے وہ جائز ناجائز حق باطل اور اپنے کئے کے نتائج پر غور کرنے کی صلاحیت کھو بیٹھتا ہے جس پر غصہ آتا ہے اس کی کوشش یہ ہونے لگتی ہے کہ مقدور بھر اس پر غصہ اتار جائے مؤمنین اور صالحین کی اللہ تعالیٰ نے یہ صفت بیان کی کہ صرف وہ اس پر اکتفاء نہیں کرتے کہ غصہ کے وقت حق و ناحق کی حدود پر قائم رہیں بلکہ اپنے حق ہوتے ہوئے بھی معاف کر دیتے ہیں۔ استجاب سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو حکم ملے اس کو فوراً بے چون و چرا اور بے تامل قبول کرنے اور اس پر عمل کرنے کیلئے تیار ہو جائے وہ اپنی طبیعت کے مطابق ہو یا مخالف ہر حال میں اس کی تعمیل کرے اس میں اسلام کے تمام فرائض کی ادائیگی اور تمام محرمات اور مکروہات سے بچنے کی پابندی شامل ہے مگر فرائض میں سے چونکہ نماز سب سے اہم فرض ہے اور اس میں یہ خاصہ بھی ہے کہ اس پر عمل کرنے سے دوسرے فرائض کی پابندی اور ممنوع چیزوں سے بچنے کی توفیق بھی ہو جاتی ہے اسلئے اس کو ممتاز کر کے فرما دیا یعنی یہ لوگ نماز کو اسکے تمام واجبات اور آداب کے ساتھ صحیح صحیح ادا کرتے ہیں۔

## ﴿الورقة الاولیٰ: فی التفسیر﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۵ھ

**الشق الاول** ...... يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا

Maktaba Tul Ishaat.com

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا ۝ إِذْ جَاءُوكُم مِّن فَوْقِكُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ مِنكُمْ وَإِذْ زَاغَتِ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّونَ بِاللّٰهِ الظُّنُونَا ۝ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا ۝ (پ ۲۱، الاحزاب: ۹تا۱۱)

آیات کا ترجمہ کریں، آیات کا سورت کی ابتداء سے ربط بیان کریں، غزوہ احزاب میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی دعوت کا واقعہ اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے زخمی ہونے کا واقعہ بیان کریں، مخطوطہ الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل پانچ امور ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کا ربط (۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی دعوت کا واقعہ (۴) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے زخمی ہونے کا واقعہ (۵) الفاظ مخطوطہ کے ابواب اور معانی۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اے ایمان والو! اللہ کی نعمت جو تمہیں ملی ہے اسے یاد کرو جبکہ تمہارے پاس لشکر آ گئے سو ہم نے ان پر ہوا بھیج دی اور لشکر بھیج دیئے جنہیں تم نے نہیں دیکھا اور اللہ ان کاموں کو دیکھنے والا ہے جو تم کرتے ہو جبکہ وہ لوگ تمہارے اوپر آ چڑھے اور تمہارے نیچے کی طرف سے بھی اور جبکہ آنکھیں پھٹی رہ گئیں اور دل حلق کو پہنچ گئے اور تم اللہ کے ساتھ طرح طرح کے گمان کر رہے تھے اس موقع پر مؤمنین کی جانچ کی گئی اور انہیں سختی کے ساتھ جھنجوڑا گیا۔

❷ آیات کا ربط:۔ سابقہ آیات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت شان اور مسلمانوں کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکمل اتباع اور اطاعت کی ہدایت تھی اسی کی مناسبت سے یہ پورے دو رکوع غزوۂ احزاب کے واقعہ سے متعلق نازل ہوئے ہیں جسمیں کفار اور مشرکین کی بہت سی جماعتوں کا مسلمانوں پر یکبارگی حملہ اور سخت نرغہ کے بعد مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کے انعامات اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعدد معجزات کا ذکر ہے۔

❸ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی دعوت کا واقعہ:۔ اسی غزوۂ خندق کے دوران وہ مشہور واقعہ پیش آیا کہ ایک روز حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر یہ محسوس کیا کہ بھوک کے سبب آپ صلی اللہ علیہ وسلم متاثر ہو رہے ہیں، اپنی اہلیہ سے جا کر کہا کہ تمہارے پاس کچھ ہو تو پکالو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بھوک کا اثر میں دیکھا جاتا، اہلیہ نے بتلایا کہ ہمارے گھر میں ایک صاع بھر جَو رکھے ہیں ان کو پیس کر آٹا بناتی ہوں ایک صاع ہمارے وزن کے اعتبار سے تقریباً ساڑھے تین سیر کا ہوتا ہے، اہلیہ پیسنے پکانے میں لگی گھر میں ایک بکری کا بچہ تھا حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اس کو ذبح کر کے گوشت تیار کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلانے کیلئے چلے تو اہلیہ نے پکار کر کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا بڑا مجمع ہے صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تنہا بلالائیں مجھے رسوانہ کیجئے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا بڑا مجمع چلا آئے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوری حقیقت حال عرض کر دی کہ صرف اتنا کھانا ہے مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پورے لشکر میں اعلان فرما دیا کہ چلو جابر کے گھر دعوت ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ حیران تھے تو اہلیہ نے سخت پریشانی کا اظہار کیا اور پوچھا کہ تم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اصل حقیقت اور کھانے کی مقدار بتا دی تھی؟ جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہاں وہ میں بتلا چکا ہوں تو اہلیہ محترمہ مطمئن ہوئیں کہ پھر ہمیں کچھ فکر نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم مالک ہیں جس طرح چاہیں کریں، واقعہ کی تفصیل اس جگہ غیر ضروری ہے اتنا نتیجہ معلوم کر لینا کافی ہے کہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے روٹی اور سالن سب کو دینے اور کھلانے کا اہتمام فرمایا اور پورے مجمع نے شکم سیر ہو کر کھایا اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سب مجمع کے فارغ ہونے کے بعد بھی نہ ہماری ہنڈیا میں سے گوشت کم نظر آتا تھا اور نہ گوندھے ہوئے آٹے میں کوئی کمی معلوم ہوتی تھی، ہم سب گھر والوں نے بھی شکم سیر ہو کر کھایا، باقی پڑوسیوں میں تقسیم کر دیا، اس طرح چھ روز میں جب خندق سے فراغت ہو گئی تو احزاب کا لشکر آ پہنچا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جبل سلع کو اپنی پشت کی طرف رکھ کر فوج کی صف بندی کر دی۔

❹ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے زخمی ہونے کا واقعہ:۔ غزوۂ خندق میں دونوں طرف سے تیراندازی اور پتھراؤ کا سلسلہ جاری تھا، حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ بنی حارثہ کے قلعہ میں جہاں عورتوں کو محفوظ کر دیا گیا تھا اپنی والدہ کے پاس گئے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں بھی اس وقت اسی قلعہ میں تھی ابھی تک پردے کا حکم نہیں آیا تھا میں نے دیکھا کہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ ایک چھوٹی سی زرہ پہنے ہوئے ہیں جن میں سے ان کے ہاتھ نکل رہے تھے اور ان کی والدہ انہیں کہہ رہی ہیں کہ جاؤ جلدی کرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لشکر میں شامل ہو جاؤ، حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ لشکر میں پہنچے تو ان کو تیر لگا جس نے ان کی رگِ اکحل کو کاٹ ڈالا، اس وقت حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے یہ دعا کی کہ یا اللہ اگر آئندہ بھی کوئی حملہ قریش کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے پر ہونا مقدر ہے تو مجھے اس کے لئے زندہ رکھیے کیونکہ اس سے زیادہ میری کوئی تمنا نہیں کہ میں اس قوم سے مقاتلہ کروں جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذائیں پہنچائیں، وطن سے نکالا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی اور اگر آئندہ آپ کے علم میں جنگ کا یہ سلسلہ ختم ہو چکا ہے تو مجھے شہادت کی موت عطا فرما مگر اس وقت تک مجھے موت نہ آئے جب تک بنو قریظہ سے ان کی غداری کا انتقام لیکر میری آنکھیں ٹھنڈی نہ ہو جائیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کی یہ دونوں دعائیں قبول فرمائیں۔

❺ الفاظ مخطوطہ کے ابواب اور معانی:۔ "جاء تکم" باب ضرب یضرب بمعنی آنا۔ "لم تروھا" باب فتح یفتح بمعنی دیکھنا۔ "فارسلنا" باب افعال بمعنی چھوڑنا، بھیجنا۔ "بصیرا" باب نصر ینصر بمعنی دیکھنا۔ "بلغت" باب نصر ینصر بمعنی پہنچنا۔ "زاغت" باب ضرب یضرب بمعنی کجی، ٹیڑھا پن، امر شدید کے وقت آنکھوں کا کھلا رہ جانا۔

**الشق الثانی** ...... يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِذَا نَكَحْتُمُ ٱلْمُؤْمِنَٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا ۖ فَمَتِّعُوهُنَّ وَسَرِّحُوهُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ۝ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ إِنَّآ أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَٰجَكَ ٱلَّٰتِىٓ ءَاتَيْتَ أُجُورَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ مِمَّآ أَفَآءَ ٱللَّهُ عَلَيْكَ وَبَنَاتِ عَمِّكَ وَبَنَاتِ عَمَّٰتِكَ وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ خَٰلَٰتِكَ ٱلَّٰتِى هَاجَرْنَ (پ۲۲۔ احزاب:۴۹، ۵۰)

آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں، پہلی آیت میں جو تین احکام ذکر ہیں ان کی وضاحت کریں، متعہ طلاق سے متعلق شرعی حکم بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) پہلی آیت میں مذکور احکام کی وضاحت (۳) متعہ طلاق سے متعلق شرعی حکم۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اے ایمان والو! جب تم مؤمن عورتوں سے نکاح کرو پھر تم انہیں ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دے دو تو تمہاری ان پر کوئی عدت نہیں، جسے شمار کرو تم پس تم ان کو کچھ متاع دے دو اور انہیں خوبی کے ساتھ چھوڑ دو، اے نبی! ہم نے آپ کے لئے یہ بیویاں حلال کر دیں جن کو آپ ان کے مہر دے چکے ہیں اور وہ عورتیں بھی حلال کیں جو آپ کی مملوکہ ہیں، ان اموال میں سے جو اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مالِ غنیمت میں سے دلوائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کی بیٹیاں اور پھوپھیوں کی بیٹیاں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ماموں کی بیٹیاں اور خالاؤں کی بیٹیاں جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کی۔

❷ پہلی آیت میں مذکور احکام کی وضاحت:۔ پہلا حکم: یہ کہ کسی عورت کے نکاح کر لینے کے بعد خلوتِ صحیحہ سے پہلے ہی کسی وجہ سے طلاق کی نوبت آ جائے تو مطلقہ عورت پر کوئی عدت واجب نہیں وہ فوراً ہی دوسرا نکاح کر سکتی ہے، آیت مذکورہ میں ہاتھ لگانے سے مراد صحبت ہے اور صحبت حقیقی مباشرت ہے اور صحبت حکمی خلوتِ صحیحہ ہو جانا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

دوسرا حکم: یہ ہے کہ مطلقہ عورت کو شرافت اور حسن خلق کے ساتھ کچھ سامان دے کر رخصت کیا جائے کچھ سامان دیکر رخصت دینا ہر مطلقہ کے لئے مستحب ہے اور مسنون ہے اور بعض صورتوں میں واجب ہے۔ اوران الفاظ قرآنی میں لفظ متاع اختیار فرمانا شاید اس حکمت سے ہو کہ یہ لفظ اپنے مفہوم کے اعتبار سے عام ہے ہر اس چیز کے لئے جس سے فائدہ اٹھایا جائے اس میں عورت کے حقوق واجبہ مہر وغیرہ بھی شامل ہیں کہ اگر اب تک مہر نہ دیا گیا ہو تو طلاق کے وقت خوش دلی سے ادا کردیں اور غیر واجب حقوق مثلاً مطلقہ کو رخصت کے وقت کپڑوں کا ایک جوڑا دیکر رخصت کرنا یہ بھی داخل ہے جو ہر مطلقہ عورت کو دینا مستحب ہے۔ متعوھن کا صیغہ امر عام ترغیب کے لئے ہے جس میں واجب اور غیر واجب دونوں شامل ہیں۔

تیسرا حکم: یہ دیا گیا کہ سرحوھن سراحا جمیلا یعنی ان کو رخصت کرو خوبی کے ساتھ جس میں یہ پابندی لگادی گئی کہ زبان سے بھی کوئی سخت بات نہ کہیں، طعن وتشنیع کا طریقہ بھی اختیار نہ کریں، مخالفت کے وقت مخالف کے حقوق کی رعایت وہی کرسکتا ہے جو اپنے نفس کے جذبات پر قابو رکھے اسلام کی ساری تعلیمات میں اس کی رعایت رکھی گئی ہے۔

❸ متعہ طلاق سے متعلق شرعی حکم:۔ امام عبد بن حمید نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ متعہ یعنی متاع وسامان دینا ہر مطلقہ کے لئے ہے خواہ اس کے ساتھ خلوت صحیحہ ہوئی یا نہ ہوئی ہو اور اس کا مہر مقرر ہو یا نہ ہو، بدائع میں ہے کہ متعہ طلاق سے مراد وہ لباس ہے جو عورت گھر سے نکلنے کے وقت استعمال کرتی ہے اس میں پاجامہ، کرتہ، اوڑھنی اور ایک بڑی چادر جو کہ پاؤں تک بدن کو چھپا سکے شامل ہے اور چونکہ لباس قیمت کے اعتبار سے اعلیٰ وادنیٰ اوسط ہر طرح کا ہوسکتا ہے اس لئے فقہاء نے اس کی یہ تفصیل فرمائی اگر زوجین دونوں مالدار گھرانوں کے ہیں تو کپڑے اعلیٰ قسم کے دئے جائیں اور اگر دونوں غریب ہیں تو کپڑے ادنیٰ درجہ کے دیئے جائیں گے اور اگر ایک غریب ہے دوسرا مالدار ہے تو اوسط درجہ کا لباس دیا جائے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ١٤٣٥ھ

**الشق الاول** ...... وَمَآ اَرْسَلْنَا فِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ نَّذِیْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ○ وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِیْنَ ○ قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ○ (پ٢٢-سبا-٣٦،٣٥،٣٤)

آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ تفسیر کریں۔ شان نزول بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (١) آیات کا ترجمہ (٢) آیات کی تفسیر (٣) آیات کا شان نزول۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اور کسی بستی میں ہم نے ڈرانے والا نہیں بھیجا مگر یہ کہ اس کے خوشحال لوگوں نے کہا کہ بلاشبہ تم جو کچھ دے کر بھیجے گئے ہو ہم اسے نہیں مانتے اور انہوں نے کہا کہ ہمارے اموال واولاد تم سے زیادہ ہیں اور ہمیں عذاب ہونے والا نہیں ہے، آپ فرمادیجئے کہ بلاشبہ میرا رب جس کے لئے چاہے روزی کو فراخ کردیتا ہے اور جس کے لئے چاہے تنگ کردیتا ہے اور لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ "مترف" "ترف" سے مشتق ہے جس کے معنی ناز ونعمت کی فراوانی کے آتے ہیں مترفین سے مراد اغنیاء ومالدار اور قوم کے رؤساء ہیں۔ قرآن کریم نے مذکورہ آیات میں سے پہلی آیت میں فرمایا ہے کہ جب کبھی ہم نے کوئی رسول بھیجا ہے تو مال ودولت کے نشہ اور ناز ونعمت میں پلے ہوئے لوگوں نے اس کا مقابلہ کفر وانکار ہی سے کیا ہے۔

دوسری آیت میں ان کا یہ قول نقل کیا ہے کہ نحن اکثر اموالا و اولادا الخ یعنی ہم تم سے مال میں بھی زیادہ اور اولاد میں بھی زیادہ، اس لئے ہم عذاب میں مبتلا نہیں ہو سکتے۔ بظاہر ان کے قول کا مطلب یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہم قابل عذاب ہوتے تو ہمیں اتنی عزت و دولت کیوں دیتا؟ قرآن کریم نے تیسری اور چوتھی آیت میں ان کا یہ جواب دیا ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ دنیا میں مال و دولت یا عزت و جاہ کی کمی بیشی اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبول یا مردود ہونے کی دلیل نہیں بلکہ تکوینی مصالح کے پیش نظر دنیا میں تو اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے مال و دولت فراوانی کے ساتھ دیتا ہے جس کو چاہتا ہے کم دیتا ہے جس کی تکوینی حکمت کو وہی جانتا ہے مگر مال و اولاد کو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبولیت کی دلیل سمجھنا جہالت ہے کیونکہ اس کے نزدیک مقبولیت کا مدار صرف ایمان اور عمل صالح پر ہے جس کو یہ حاصل نہیں مال و اولاد کتنا ہی زیادہ ہو اس کو اللہ تعالیٰ کا مقبول نہیں بنا سکتا۔

③ آیات کا شان نزول:۔ حدیث میں ہے کہ دو آدمی ایک زمانہ جاہلیت میں کاروبار میں شریک تھے پھر ان میں سے ایک یہ جگہ چھوڑ کر کسی ساحلی علاقہ میں چلا گیا جب رسول اللہ ﷺ مبعوث ہوئے، آپ ﷺ کی نبوت اور رسالت کا چرچا ہوا تو ساحلی ساتھی نے کمی ساتھی کو خط لکھ کر دریافت کیا کہ انکے دعویٰ نبوت کا تم لوگوں نے کیا اثر لیا؟ اس پر کمی ساتھی نے جواب لکھا کہ قریش میں سے تو کوئی ان کا تابع نہ ہوا صرف غریب مسکین لوگ انکے پیچھے لگے ہوئے ہیں، ساحلی ساتھی کچھ کتب قدیمہ تورات وانجیل وغیرہ کا مطالعہ کرتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور دریافت کیا کہ آپ ﷺ کس چیز کی طرف دعوت دیتے ہیں آپ ﷺ نے اپنی دعوت کے اہم اجزاء کا ذکر کیا، دعوت اسلام کو آپ ﷺ کی زبان سے سنتے ہی اس نے کہا اشھد انک رسول اللہ یعنی میں شہادت دیتا ہوں کہ بے شک آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں، آپ ﷺ نے پوچھا کہ تمہیں کیسے معلوم ہوا اس نے کہا کہ آپ ﷺ کی دعوت کا حق ہونا تو عقل سے سمجھا اسکی علامت یہ دیکھی کہ جتنے بھی انبیاء ﷺ آئے سب کے ماننے والے ابتداء میں قوم کے غریب و حقیر لوگ ہوتے ہیں۔

**الشق الثانی** ...... اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَیْبَةً ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِیْمُ الْقَدِیْرُ ۝ وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ۬ مَا لَبِثُوْا غَیْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا یُؤْفَكُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِیْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰی یَوْمِ الْبَعْثِ ۫ فَهٰذَا یَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ فَیَوْمَئِذٍ لَّا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ یُسْتَعْتَبُوْنَ ۝ (پ۲۱۔روم:۵۴تا۵۷)

آیات کا ترجمہ کریں، آیات کی تفسیر کریں، مخطوطہ الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب و معانی۔

**جواب** ...... ① آیات کا ترجمہ:۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہیں ضعف کی حالت میں پیدا فرمایا پھر ضعف کے بعد قوت پیدا کر دی پھر قوت کے بعد ضعف اور بڑھاپا پیدا فرما دیا، وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور وہ جاننے والا بڑی قوت والا ہے اور جس دن قیامت قائم ہوگی مجرم قسمیں کھائیں گے کہ ایک گھڑی سے زیادہ نہیں ٹھہرے وہ اسی طرح سے دنیا میں الٹے چلائے جاتے تھے اور جن کو علم اور ایمان دیا گیا وہ کہیں گے کہ تم اللہ کی کتاب میں بعث کے دن تک ٹھہرے ہو پس یہ بعث کا دن ہے اور لیکن تم نہیں جانتے پس اس دن ظالموں کو ان کی معذرت نفع نہ دے گی اور نہ انہیں اس کا موقع دیا جائے گا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

❷ آیات کی تفسیر:۔ بچہ شروع میں پیدائش کے وقت بیحد کمزور وناتواں ہوتا ہے پھر آہستہ آہستہ قوت آنے لگتی ہے حتی کہ جوانی کے وقت اُس کا زور انجاء کو پہنچ جاتا ہے اور تمام قوتیں شباب پر ہوتی ہیں پھر عمر ڈھلنے لگتی ہے اور زور وقوت کے پیچھے کمزوری کے آثار نمایاں ہونے لگتے ہیں جس کی آخری حد بڑھاپا ہے، اُس وقت تمام اعضاء ڈھیلے پڑ جاتے ہیں اور قویٰ معطل ہونے لگتے ہیں قوت وضعف کا یہ سب اُتار چڑھاؤ اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جس طرح چاہے کسی چیز کو بنائے اور قوت وضعف کے مختلف ادوار کو گزارے، اُسی کو قدرت حاصل ہے اور وہی جانتا ہے کہ کس چیز کو کس وقت تک کن حالات میں رکھنا مناسب ہے لہٰذا اُسی خدا کی اور اُس کے پیغمبروں کی باتیں ہمیں سُنی چاہئیں۔ شاید اس میں یہ بھی اشارہ کردیا کہ جس طرح تم کو کمزوری کے بعد زور دیا مسلمانوں کو بھی ضعف کے بعد قوت عطا کریگا اور اپنے شباب وعروج کو پہنچے گا اُسکے بعد پھر ہوسکتا ہے کہ ایک زمانہ مسلمانوں کے ضعف کا آئے، سو یاد رکھنا چاہیے کہ خدائے قادر وتوانا ہر وقت ضعف کو قوت سے تبدیل کرسکتا ہے، ہاں ایسا کرنے کی خاص صورتیں اور اسباب ہوتے ہیں۔

جب قیامت قائم ہوگی اور لوگ زندہ ہوکر قبروں سے نکلیں گے تو اس وقت مجرمین یعنی کافر لوگ قسمیں کھا کر کہیں گے کہ ہم تو موت کے بعد قبروں میں تھوڑی سی ہی دیر رہے ہیں اور بعض مفسرین نے بتایا کہ اس سے وہ مجرمین دنیا کی زندگی مراد لیں گے اور ان کے کہنے کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم دنیا میں ذرا دیر ہی رہے تھے عمریں تو اچھی خاصی گزریں مگر ایمان نہ لائے اور نیک عمل نہ کئے اتنی بڑی زندگی بیکار ہی چلی گئی جو چیز زیادہ ہو اور اس سے نفع نہ اٹھایا جائے تو وہ قلیل مانی جاتی ہے جیسا کہ قلیل چیز نفع مند ہو تو اسے کثیر کہا جاتا ہے۔

یعنی مؤمنین اور ملائکہ اُس وقت اُن کی تردید کریں گے کہ تم جھوٹ بکتے ہو یا دھوکہ میں پڑے ہوئے ہو جو کہتے ہو کہ قبر میں یا دنیا میں ایک گھڑی سے زیادہ ٹھہرنا نہیں ہوا تم ٹھیک اللہ کے علم اور اُس کی خبر اور لوح محفوظ کے نوشتہ کے موافق قیامت کے دن تک ٹھہرے، ایک منٹ کی بھی کمی نہیں ہوئی، آج عین وعدہ کے موافق وہ دن آپہنچا، اب وہ دیکھ لو جسے تم جانتے اور مانتے نہ تھے، اگر پہلے سے اس دن کا یقین کرتے تو تیار ہوکر آتے اور یہاں کی سرتیں دیکھ کر کہتے کہ اس دن کے آنے میں بہت دیر لگی، بڑے انتظار واشتیاق کے بعد آیا جیسا کہ مؤمنین سمجھتے ہیں۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔ "خَلَقَكُمْ" یہ باب نصر ینصر سے بمعنی ایجاد کرنا، پیدا کرنا۔

"جَعَلَ" باب فتح یفتح سے بمعنی بنانا، کرنا۔ "يُقْسِمُ" باب افعال سے بمعنی قسم کھانا۔

"لَبِثْتُمْ" باب سمع یسمع سے بمعنی ٹھہرنا۔ "لَا يَنْفَعُ" باب فتح یفتح سے بمعنی نفع دینا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ١٤٣٥ھ

**الشق الاوّل** ...... اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ (پ ٢١۔ سجدہ: ٦٤٣)

آیات کا ترجمہ کریں، فی یوم کان مقدارہ الف سنة مما تعدون کی تفسیر کریں، مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (١) آیات کا ترجمہ (٢) فی یوم کان مقدارہ الخ کی تفسیر (٣) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اللہ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے (ان سب کو) چھ دن میں پیدا فرمایا، پھر عرش پر مستوی ہوا تمہارے لئے اس کے سوا نہ کوئی ولی ہے نہ کوئی سفارشی، کیا تم نہیں سمجھتے ہو؟ آسمان سے لیکر زمین تک ہر امر اس کے حضور میں ایک ایسے دن میں پہنچ جائے گا جس کی مقدار تمہاری گنتی کے مطابق ایک ہزار سال ہوگی، وہی پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کو جاننے والا ہے، زبردست ہے، رحمت والا ہے۔

❷ **فی یوم کان مقدارہ الخ کی تفسیر:۔** اس دن کی مقدار انسانوں کی گنتی اور شمار کے اعتبار سے ایک ہزار سال کی ہوگی اور سورۂ معارج کی آیت میں ہے کہ اس دن کی مقدار پچاس ہزار سال ہوگی اس کا ایک آسان جواب تو یہ ہے جو بیان القرآن میں مذکور ہے کہ اس دن کے ہولناک ہونے کے سبب یہ ان لوگوں کو بہت دراز محسوس ہوگا اور یہ درازی ایمان واعمال کے اعتبار سے ہوگی جو بڑے مجرم ہیں ان کو زیادہ جو کم مجرم ہیں ان کو کم محسوس ہوگی۔ یہاں تک کہ جو دن بعض کو ایک ہزار سال کا معلوم ہوگا وہ دوسروں کے نزدیک پچاس ہزار سال کا ہوگا اور بعض مفسرین نے اس کو متشابہات میں سے قرار دیا ہے کہ اس کی مراد اللہ ہی بہتر جانتے ہیں۔

❸ **الفاظ مخلوطہ کے ابواب ومعانی:۔** "اِسْتَوٰی" یہ باب افتعال ہے بمعنی برابر ہونا۔

"تَتَذَكَّرُوْنَ" یہ باب تفعل ہے بمعنی نصیحت حاصل کرنا۔ "يُدَبِّرُ" یہ باب تفعیل ہے بمعنی امور کی تدبیر کرنا، غور وفکر کرنا۔

"يَعْرُجُ" باب نصر ینصر بمعنی عروج، ترقی کرنا، چڑھنا۔ "تَعُدُّوْنَ" باب نصر ینصر بمعنی گننا، شمار کرنا۔

**الشق الثانی** ...... يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًاۙ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌۚ وَّاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًاۙ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا (پ۲۲۔ الاحزاب: ۴۱تا۴۶)

آیات مذکورہ کا ترجمہ کریں، تحیتهم یوم یلقونه سلٰم کی تفسیر کریں، مخلوطہ الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) تحیتهم یوم یلقونه سلٰم کی تفسیر (۳) الفاظ مخلوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اے ایمان والو! اللہ کو کثرت سے یاد کرو اور اس کی صبح وشام پاکی بیان کرو، وہی ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے تاکہ تمہیں اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے آئے اور وہ ایمان والوں پر رحم فرمانے والا ہے جس دن یہ لوگ اس سے ملاقات کریں گے ان کا تحیہ سلام ہوگا اور اللہ نے ان کے لئے اجر کریم تیار فرمایا ہے۔ اے نبی! بیشک ہم نے آپ کو گواہ اور بشارت دینے والا اور اللہ کے حکم سے اللہ کی طرف بلانے والا اور روشن کرنے والا چراغ بنا کر بھیجا ہے۔

❷ **تحیتهم یوم یلقونه سلٰم کی تفسیر:۔** جس دن ذکر کرنے والے اللہ سے ملاقات کریں گے، اللہ کی طرف سے ان کا اعزاز واکرام سلام یعنی السلام علیکم سے کیا جائیگا باقی اللہ سے ملنے کا دن اس سے مراد قیامت کا دن بھی ہوسکتا ہے اور جنت میں داخلہ کا وقت بھی ہوسکتا ہے اور اسی طرح موت کا دن بھی مراد لیا جاسکتا ہے کیونکہ وہ دن سارے عالم سے چھوٹ کر صرف ایک اللہ کے سامنے حاضری کا دن ہے جیسا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ملک الموت جب کسی مؤمن کی روح قبض کرنے کے لئے آتا ہے تو سب سے پہلے اسے یہ پیغام پہنچاتا ہے کہ تیرے رب نے تجھے سلام کہا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

❸ الفاظِ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔ "اُذْكُرْنَ" باب نصر ینصر سے ہے بمعنی یاد کرنا۔
"سَبِّحُوْهُ" باب تفعیل سے ہے بمعنی پاکی بیان کرنا۔ "رَحِيْمًا" باب سمع یسمع سے ہے بمعنی نرمی کرنا، رحم دل ہونا۔
"يُصَلِّيْ" یہ باب تفعیل سے ہے نسبتوں کے مختلف ہونے سے اسکے معانی مختلف ہوتے رہتے ہیں یہاں رحمت بھیجنا مراد ہے۔
"يَلْقَوْنَهٗ" یہ بھی باب سمع یسمع سے ہے بمعنی ملاقات کرنا، ملنا۔ "اَرْسَلْنٰكَ" باب افعال سے ہے بمعنی بھیجنا۔

## ﴿الورقة الاولٰى: فى التفسير﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱٤٣٦ھ

**الشق الاوّل** ...... اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۔ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْۤ اٰبَآئِهِنَّ وَلَاۤ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَاۤ اِخْوَانِهِنَّ وَلَاۤ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَاۤ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۔ (پ۲۲، سورۃ الاحزاب)
آیات کا ترجمہ کریں، احادیث کی روشنی میں صلوٰۃ وسلام کا طریقہ بیان کریں، مخطوطہ الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) صلوٰۃ وسلام کا طریقہ احادیث کی روشنی میں (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو گے یا پوشیدہ رکھو گے تو اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے، ان پر کوئی گناہ نہیں ہے اپنے باپوں کے بارے میں اور اپنے بیٹوں کے بارے میں اور اپنے بھائیوں کے بارے میں اور اپنے بھتیجوں کے بارے میں اور اپنے بھانجوں کے بارے میں اور اپنی عورتوں کے بارے میں اور اپنی لونڈیوں کے بارے میں اور اللہ سے ڈرتی رہو بیشک اللہ ہر چیز پر حاضر ہے (پردے کے متعلق یہ آیت ہے کہ ان سے پردہ نہیں ہے) بیشک اللہ اور اس کے فرشتے آپ ﷺ پر درود وسلام بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی آپ ﷺ پر خوب صلوٰۃ وسلام بھیجا کرو۔

❷ صلوٰۃ وسلام کا طریقہ احادیث کی روشنی میں:۔ صحیح بخاری ومسلم وغیرہ سب کتب حدیث میں یہ حدیث آئی ہے کہ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب یہ آیت (یایها الذین آمنوا الخ) نازل ہوئی تو ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ اس آیت میں ہمیں دو چیزوں کا حکم ہے ایک صلوٰۃ اور دوسرا سلام، سلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو چکا ہے السلام علیك ایها النبی ورحمة الله وبرکاته لہٰذا صلوٰۃ کا طریقہ بھی بتلا دیجئے، آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ الفاظ کہا کرو اللهم صلی علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراهیم وعلی آل ابراهیم انك حمید مجید، اللهم بارك علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی ابراهیم و علی آل ابراهیم انك حمید مجید ۔ دوسری روایات میں کچھ کلمات اور بھی منقول ہیں، نیز آپ ﷺ پر صلوٰۃ (درود) بھیجنے کے لئے آپ ہی سے منقول دوسرے الفاظ بھی ہیں جن کے مختلف صیغے منقول ہیں۔ صلوٰۃ وسلام کے حکم کی تعمیل ہر اس صیغے سے ہو سکتی ہے جس میں صلوٰۃ وسلام کے الفاظ ہوں اور یہ بھی ضروری نہیں وہ الفاظ بعینہٖ آپ ﷺ سے منقول بھی ہوں بلکہ جس عبارت سے بھی صلوٰۃ وسلام کے الفاظ ادا کئے جائیں اس سے حکم کی تعمیل درود شریف، کا ثواب حاصل ہو جاتا ہے مگر یہ ظاہر ہے کہ جو الفاظ خود آپ ﷺ سے منقول ہوں وہ زیادہ بابرکت اور زیادہ ثواب

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۶ھ

**الشق الاوّل** ...... لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۡ كُلٌّ يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ (پ۲۱۔لقمان:۲۶تا۲۹)

آیات کا ترجمہ کریں۔ قل لو کان البحر مدادا الخ کا شان نزول بیان کریں۔ مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) قل لو کان البحر الخ کا شان نزول (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب اور معانی۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اللہ ہی کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے، بیشک وہ اللہ بے نیاز ہے سب خوبیوں والا ہے اور زمین میں جتنے بھی درخت ہیں اگر وہ سب قلمیں بن جائیں اور جو سمندر ہے اسکے بعد سات سمندر اس میں اور شامل ہو جائیں تو اللہ کے کلمات ختم نہیں ہوں گے، بیشک اللہ غالب ہے حکیم ہے، نہیں ہے تمہارا پیدا کرنا اور موت کے بعد اٹھانا مگر ایک ہی جان کی طرح بیشک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے، کیا نہیں دیکھا تو نے کہ اللہ ہی داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں اور اس نے چاند اور سورج کو مسخر کر دیا ہر ایک اپنے وقت مقرر تک چلتا ہے اور بیشک اللہ ان کاموں سے باخبر ہے جن کو تم کرتے ہو۔

❷ قل لو کان البحر الخ کا شان نزول:۔ یہ آیت علماءِ یہود کے ایک سوال کے جواب میں نازل ہوئی، وجہ یہ تھی کہ قرآن کریم کی آیت ہے وَمَآ اُوْتِيْتُمْ من العلم الا قليلا یعنی تمہیں تھوڑا علم دیا گیا ہے جب آپ ﷺ مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو چند احبار (علماء) یہود حاضر ہوئے اور اس آیت کے بارے میں معارضہ کیا کہ آپ ﷺ جو کہتے ہیں کہ تمہیں تھوڑا سا علم دیا گیا ہے، یہ آپ ﷺ نے اپنی قوم کا حال ذکر کیا ہے یا اس میں آپ ﷺ نے ہمیں بھی داخل کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا میری مراد سب ہیں یعنی ہماری قوم بھی اور یہود و نصاریٰ بھی تو انہوں نے یہ معارضہ کیا کہ ہمیں تو اللہ نے تورات عطا فرمائی ہے جس کی شان تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ہے یعنی ہر چیز کا بیان ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ بھی علم الٰہی کے مقابلے میں قلیل ہی ہے پھر تورات میں جتنا علم ہے اس کا بھی تمہیں پورا علم نہیں بقدر کفایت ہی ہے اسلئے علم الٰہی کے مقابلے میں ساری آسمانی کتابوں اور سب انبیاء علیہم السلام کے علوم کا مجموعہ بھی قلیل ہے اس کلام کی تائید کے لئے یہ آیت نازل ہوئی۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب اور معانی:۔ "يَمُدُّهٗ" باب نصر ینصر بمعنی کھینچنا، لمبا کرنا۔

"نَفِدَتْ" باب ضرب یضرب بمعنی ختم ہو جانا۔ "يُوْلِجُ" باب افعال سے بمعنی داخل کرنا۔

"سَخَّرَ" باب تفعیل بمعنی مسخر کرنا، تابع اور فرمانبردار کرنا۔ "يَجْرِيْ" باب ضرب یضرب بمعنی جاری رہنا، چلنا۔

**الشق الثانی** ...... وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ۭ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ۝ (پ۲۱۔سجدہ:۱۸تا۲۲)

Maktaba Tul Ishaat.com

آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں ولنذیقنھم من العذاب الادنی دون العذاب الاکبر لعلھم یرجعون کی مکمل تفسیر کریں، مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیت کی تفسیر (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب اور معانی۔

جواب...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اور جن لوگوں نے نافرمانی کی ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے، جب کبھی اس میں سے نکلنے کا ارادہ کریں گے اسی میں لوٹا دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ آگ کا عذاب چکھو جس کو تم جھٹلاتے تھے اور ضرور بضرور ہم انہیں بڑے عذاب سے پہلے ادنیٰ والا عذاب چکھادیں گے تا کہ وہ باز آجائیں اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جسے اس کے رب کی آیات یاددلائی جائیں پھر وہ ان سے اعراض کرے بے شک ہم مجرمین سے بدلہ لینے والے ہیں۔

❷ **آیت کی تفسیر:۔** اَدنیٰ بمعنی قریب اور عذاب ادنیٰ سے مراد دنیا کے مصائب و آفات اور امراض وغیرہ ہیں اور عذاب اکبر سے مراد آخرت کا عذاب ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت سے لوگوں کو ان کے گناہوں پر متنبہ کرنے کیلئے دنیا میں ان پر امراض، مصائب و آفات مسلط کردیتے ہیں تا کہ یہ متنبہ ہو کر اپنے گناہوں سے باز آجائیں اور آخرت کے بڑے عذاب سے نجات پائیں، اس آیت سے معلوم ہوا کہ گنہگاروں کیلئے دنیا کے مصائب بھی ایک قسم کی رحمت ہی ہے کہ غفلت سے باز آ کر آخرت کے عذاب سے بچ جائیں البتہ جو لوگ آفات پر اللہ کی طرف رجوع نہ کریں ان کیلئے یہ دوہرا عذاب ہوجاتا ہے ایک اس دنیا میں نقد اور دوسرا بڑا عذاب آخرت میں اور انبیاء علیہم السلام اور اولیاء پر جو مصائب آتے ہیں وہ رفع درجات کا سبب ہوتے ہیں اور اس حالت میں انہیں قلبی سکون اور اطمینان ہوتا ہے۔

❸ **الفاظ مخطوطہ کے ابواب اور معانی:۔** "ارادوا" باب افعال بمعنی ارادہ کرنا۔ "ذوقوا" باب نصر ینصر بمعنی چکھنا۔ "اعیدوا" باب نصر ینصر بمعنی عبادت کرنا۔ "اظلم" باب ضرب یضرب بمعنی ظلم وزیادتی کرنا۔ "یرجعون" باب ضرب یضرب بمعنی رجوع کرنا، لوٹنا، باز آجانا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۶ھ

**الشق الاوّل** ...... يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِي آتَيْتَ أُجُورَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْكَ وَبَنَاتِ عَمِّكَ وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ اللَّاتِي هَاجَرْنَ مَعَكَ وَامْرَأَةً مُؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَنْ يَسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَكَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا (پ۲۲-احزاب:۵۰)

آیات کا ترجمہ کریں، وامراۃ مؤمنۃ ان وھبت نفسھا للنبی ان اراد النبی ان یستنکحھا کی تفسیر کریں، مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) وامراۃ مؤمنۃ الخ کی تفسیر (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب اور معانی۔

جواب...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اے نبی! ہم نے آپ کے لئے یہ بیویاں حلال کردیں جن کو آپ ان کے مہر دے چکے ہیں اور وہ عورتیں بھی حلال کیں جو آپ کی مملوکہ ہیں ان اموال میں سے جو آپ کو اللہ نے مال غنیمت میں سے دلوائے اور آپ کی چچا

کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں اور خالاؤں کی بیٹیاں جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی اور وہ مؤمن عورتیں حلال کیں جو بغیر عوض کے اپنی جان نبی کریم ﷺ کو ہبہ (بخش) کردیں اگر پیغمبران کے ساتھ نکاح کرنا چاہیں یہ آپ کے لئے مخصوص ہے نہ کہ مؤمنین کے لئے۔ تحقیق ہم نے جان لیا جو کچھ ہم نے ان پران کی بیویوں اور باندیوں کے بارے میں احکام مقرر کئے تا کہ آپ پر کوئی تنگی نہ ہو اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔

❷ **وامراة مؤمنة الخ کی تفسیر:۔** اگر کوئی مسلمان عورت اپنے نفس کو آپ ﷺ کیلئے ہبہ کردے یعنی بغیر مہر کے آپ ﷺ سے نکاح کرنا چاہے اور آپ ﷺ بھی اس سے نکاح کرنے کا ارادہ کریں تو آپ ﷺ کیلئے بغیر مہر کے بھی نکاح حلال ہے یہ صرف آپ ﷺ کی خصوصیت ہے کسی اور مسلمان کیلئے حلال نہیں ہے۔اس معاملہ میں آپ ﷺ کی خصوصیات بالکل واضح ہیں کیونکہ عام مؤمنین کیلئے نکاح میں مہر شرط ہے یہاں تک کہ بوقت نکاح کسی مہر کا ذکر نہ ہو یا نفی کے ساتھ آیا کہ عورت نے کہا کہ مہر نہیں لوں گی یا مرد نے کہا کہ نکاح اس شرط پر کرتا ہوں کہ مہر نہیں دوں گا تو ان دونوں صورتوں میں انکا کہنا اور شرط شرعی حیثیت سے لغو ہوگی اور شرعاً مہر مثل واجب ہوگا صرف رسول اللہ ﷺ کی خصوصیت سے نکاح بلا مہر حلال کیا گیا ہے جبکہ عورت بلا مہر نکاح کرنے کی خواہشمند ہو۔

❸ **الفاظ مخطوطہ کے ابواب اور معانی:۔** "ملکت" باب ضرب یضرب بمعنی ملکیت مراد باندی ہے۔

"افاء" باب افعال بمعنی مال فئی (مال غنیمت)۔ "ھاجرن" باب مفاعلہ بمعنی ہجرت کرنا، چھوڑنا۔

"وھبت" باب فتح یفتح بمعنی ہدیہ کرنا، اپنے آپ کو دوسرے کے سپرد کرنا۔ "اراد" باب افعال بمعنی ارادہ کرنا۔

"یستنکحھا" باب استفعال بمعنی نکاح کو طلب کرنا، نکاح کا خواہشمند ہونا۔

**الشق الثانی** ...... وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ۝ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۫ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰۤى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝ (پ۲۵۔ جاثیہ:۲۷ تا ۳۰)

آیات کا ترجمہ کریں۔ وتری کل امة جاثیة کی تفسیر کریں، مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) وتری کل امة جاثیة کی تفسیر (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب اور معانی۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اللہ ہی کیلئے ہے آسمانوں اور زمینوں کی ملک اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن باطل والے خسارہ میں پڑ جائیں گے اور اے مخاطب دیکھے گا تو کہ ہر امت گھٹنوں کے بل گری ہوئی ہوگی، ہر امت اپنی کتاب کی طرف بلائی جائے گی، آج کے دن تمہیں اس کا بدلہ دیا جائیگا جو تم کیا کرتے تھے یہ ہماری کتاب ہے جو تم پر حق کے ساتھ بولتی ہے، بیشک ہم لکھوا لیتے تھے جو کچھ تم کرتے تھے پس جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے انکا رب انہیں اپنی رحمت میں داخل فرمائے گا یہ کھلی ہوئی کامیابی ہے۔

❷ **وتری کل امة جاثیة کی تفسیر:۔** "جاثیة" جثو سے مشتق ہے بمعنی گھٹنوں کے بل بیٹھنا اور حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا جثو اس طرح بیٹھنے کو کہتے ہیں کہ جس میں گھٹنے اور پاؤں صرف زمین پر ٹک جائیں اس طرح کی نشست خوف کی وجہ سے ہوگی اور کل امة جاثیة کے لفظ سے ظاہر یہ ہے کہ یہ خوف کی حالت میدان حشر میں مؤمن و کافر، نیک و بد سب کو پیش آئے گی اور یہ

بھی ہو سکتا ہے کہ کل امۃ سے مراد عام اہلِ محشر نہ ہوں بلکہ اکثر مراد ہوں جیسا کہ لفظِ کل بعض اوقات اکثر کیلئے بولا جاتا ہے۔

❸ الفاظِ مخطوطہ کے ابواب اور معانی:۔ "تقُوْمُ" باب نصر ینصر بمعنی قیام یعنی کھڑا ہونا۔

"یَخْسَرُ" باب سمع یسمع بمعنی نقصان اور گھاٹے میں پڑنا۔ "تعلمون" باب سمع یسمع بمعنی عمل کرنا، کام کرنا۔

"یَنْطِقُ" باب ضرب یضرب بمعنی بولنا، کلام کرنا۔ "نَسْتَنْسِخُ" باب استفعال بمعنی لکھوانا، ریکارڈ تیار کرنا۔

"فَیُدْخِلُهُمْ" باب افعال بمعنی داخل کرنا۔

## ﴿الورقة الاولیٰ: فی التفسیر﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاوّل** ...... لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ جَنَّتَانِ عَنْ يَمِينٍ وَشِمَالٍ كُلُوا مِنْ رِزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ غَفُورٌ ۞ فَأَعْرَضُوا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنَاهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَأَثْلٍ وَشَيْءٍ مِنْ سِدْرٍ قَلِيلٍ ۞ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ بِمَا كَفَرُوا وَهَلْ نُجَازِي إِلَّا الْكَفُورَ (پ۲۲۔ سباء:۱۵تا۱۷)

آیات مبارکہ کا ترجمہ اور تفسیر تحریر کیجئے، قوم سبا کا مختصر تعارف لکھئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) قوم سبا کا تعارف۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ سبا کیلئے ان کے وطن میں نشانیاں موجود تھیں یعنی دو قطاریں تھیں باغ کی دائیں اور بائیں، اپنے رب کا دیا ہوا رزق کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو، عمدہ شہر اور بخشنے والا پروردگار ہے پس انہوں نے اعراض (ناشکری) کیا تو ہم نے ان پر بند کا سیلاب چھوڑ دیا اور ہم نے ان کے ان دو رویہ باغوں کے بدلے اور دو باغ دے دیئے بد مزہ پھل اور جھاؤ اور کچھ کم بیری، یہ ان کو سزا دی ہم نے اُن کی ناشکری کی وجہ سے اور ہم ایسی سزا بڑے ناشکرے ہی کو دیا کرتے ہیں۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ سبا کے لوگوں کیلئے خود ان کے وطن کی مجموعی حالت میں وجوبِ اطاعتِ خداوندی کی نشانیاں موجود تھیں، ان میں سے ایک نشانی دو قطاریں تھیں باٹ کی، ان کی سڑکیں دائیں اور بائیں یعنی ان کے تمام علاقہ کے دو طرفہ متصل باغات تھے کہ جس میں آمدنی بھی وافر پھل بھی اس قدر کہ ختم نہ ہوں سایہ بھی رونق بھی، ہم نے انبیاء علیہم السلام کی معرفت ان کو حکم دیا کہ اپنے رب کا دیا ہوا رزق کھاؤ اور کھا کر اس کا شکر کرو یعنی اطاعت اختیار کرو کہ دو قسم کی نعمتیں مقتضیِ اطاعت ہیں ایک دنیوی رہنے کیلئے عمدہ شہر اور ایک اُخروی کہ اطاعت میں اگر کچھ کوتاہی ہو جائے تو گناہ بخشنے کو بخشنے والا پروردگار ہے، سو اس پر بھی انہوں نے اس حکم سے سرتابی کی تو ہم نے ان پر اپنا قہر اس طرح نازل کیا کہ ان پر بند کا سیلاب چھوڑ دیا یعنی جو سیلاب بند سے رُکا رہتا تھا بند ٹوٹ کر اس سیلاب کا پانی چڑھ آیا جس سے انکے دو طرفہ باغات سب تباہ ہو گئے اور ہم نے انکے ان دو رویہ باغوں کے بدلے اور دو باغ دے دیئے جن میں یہ چیزیں نہ تھیں۔ بے مزہ دار پھل اور جھاؤ اور قدرے قلیل بیری اور وہ بھی شہری نہیں جنگلی خودرو جس میں کانٹے بہت اور پھل میں لطافت ندارد، ان کو یہ سزا ہم نے انکی ناشکری کے سبب دی اور ہم ایسی سزا بڑے ناشکرے ہی کو دیا کرتے ہیں۔

❸ قوم سبا کا تعارف:۔ سبا ایک قوم تھی جو اپنے جدِ اعلیٰ سبا ابن یشجب کی طرف منسوب تھی، یہ لوگ یعرب بن قحطان کی

اولاد میں سے تھے اور یمن میں رہتے تھے، ان کے علاقہ کا نام مارب تھا جو شہر صنعاء سے تین دن کی مسافت پر تھا، اللہ تعالیٰ نے ان کو بہت نوازا تھا، دائیں بائیں باغوں کی قطاریں تھیں۔ بعض روایات میں ہے کہ ان لوگوں کی تیرہ بستیاں تھیں اور ہر ہر بستی میں اللہ تعالیٰ کا ایک ایک نبی مبعوث ہوا تھا جو انہیں اس بات کی ترغیب دیتا تھا کہ اپنے رب کا رزق کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو مگر انہوں نے انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات سے اعراض کیا جسکے نتیجے میں ان پر ایک سیلاب کا عذاب بھیجا گیا جس نے انکے شہر اور باغات سب کو ویران و برباد کر دیا۔

**الشق الثانی** ...... هٰذَا ۚ وَاِنَّ لِلطّٰغِیْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ۙ جَهَنَّمَ ۚ یَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ۞ هٰذَا ۙ فَلْیَذُوْقُوْهُ حَمِیْمٌ وَّغَسَّاقٌ ۙ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ۞ هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ۞ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۟ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ۞ (پ۲۳۔ص:۵۵-۶۰)

آیات مبارکہ کا ترجمہ اور تفسیر تحریر کیجئے، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق لکھئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ یہ بات تو ہو چکی اور بے شک یہ سرکشوں کے لئے برا ٹھکانہ ہے یعنی دوزخ اس میں وہ داخل ہوں گے، سو بہت ہی بری جگہ ہے یہ کھولتا ہوا پانی اور پیپ ہے پس یہ لوگ اس کو چکھیں اور بھی اس قسم کی طرح طرح کی چیزیں ہیں، یہ ایک جماعت اور آئی جو تمہارے ساتھ گھس رہے ہیں، ان پر خدا کی مار، یہ بھی دوزخ ہی میں آرہے ہیں، یہ کہیں گے بلکہ تمہارے ہی اوپر خدا کی مار تم ہی یہ (مصیبت) ہمارے آگے لائے، پس وہ بہت ہی برا ٹھکانہ ہے۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ آیات مذکورہ میں اہل شقاوت کے حال کی تفصیل بیان کی گئی ہے کہ یہ لوگ دوزخ میں داخل ہوں گے جو بدترین ٹھکانہ ہے، ان کی غذا حمیم کھولتا ہوا انتہائی گرم پانی ہو "وسقوا ماء حميما فتقطع امعاءهم" اور غساق کے بارے میں حدیث میں آیا ہے کہ اگر اسکا ایک ڈول دنیا میں ڈال دیا جائے تو تمام دنیا والے سڑ جائیں، پھر اس طرح کا مختلف قسم کا عذاب مثلاً ضریع، زمہریر، زقوم، غسلین، صعود، مقامع وغیر ذلك اس کے بعد اہل دوزخ کا ایک باہمی کالمہ نقل فرمایا جو کہ واضح ہے۔

❸ خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق:۔ "طاغین" طاغی کی جمع ہے بمعنی سرکش، شریر، حد سے گزر جانے والے۔

"ماٰب" لوٹنے کی جگہ، اٰب یؤوب (نصر) بمعنی لوٹنا۔ "المهاد" اسم ہے بمعنی بچھونا، مراد ٹھکانہ، قرارگاہ۔

"حميم" نہایت گرم پانی، اس کی جمع حمائم ہے۔ "غساق" بدبودار پانی، دوزخیوں سے بہنے والا خون یا دھواں یا آنسو۔

"شكله" شکل کے معنی مثل اور مانند کے ہیں اس کی جمع اشکال ہے۔

"مقتحم" اسم فاعل از باب افتعال بمعنی ہولناک مقام میں گھسنے والا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱٤۳۷ھ

**الشق الاول** ...... اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰی ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَی اللّٰهِ یَهْدِیْ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۞ (پ۲۳۔زمر:۲۳)

آیات مبارکہ کا سلیس ترجمہ اور مختصر تفسیر تحریر کیجئے، متشابها مثانی کا مفہوم واضح کیجئے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) متشابها مثانی کا مفہوم۔

**جواب**...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے بڑا عمدہ کلام نازل فرمایا ہے جو ایسی کتاب ہے کہ باہم ملتی جلتی ہے، بار بار دہرائی گئی جس سے ان لوگوں کے بدن کانپ اٹھتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں، پھر ان کے بدن اور دل نرم ہو کر اللہ کے ذکر کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں یہ اللہ کی ہدایت ہے جس کو وہ چاہتا ہے اسکے ذریعہ ہدایت دیتا ہے اور اللہ جس کو گمراہ کرتا ہے اسکا کوئی ہادی نہیں ہے۔

❷ و ❸ آیات کی تفسیر اور متشابها مثانی کا مفہوم:۔ قرآن کو احسن الحدیث فرمانے کا حاصل یہ ہے کہ انسان جو کچھ کہتا ہوتا ہے اس سب میں احسن الکلام قرآن ہے آگے قرآن کی چند صفات ذکر فرمائی ہیں۔ ① کتابا متشابها متشابه سے مراد اس جگہ متماثل ہے یعنی مضامین قرآنیہ ایک دوسرے کے مماثل ہیں کہ ایک آیت کی تشریح و تصدیق دوسری آیت سے ہو جاتی ہے ② مثانی ہے جو مثنیٰ کی جمع ہے جسکے معنی تکرار کے ہیں، مطلب یہ ہے کہ قرآن کریم میں ایک مضمون کو ذہن نشین کرنے کیلئے بار بار دہرایا جاتا ہے ③ تقشعر الخ یعنی اللہ کی عظمت سے متاثر ہو کر ڈرنے والوں کا قرآن پڑھ کر خشیت کا یہ عالم ہوتا ہے کہ انکے بدن پر بال کھڑے ہو جاتے ہیں یہ کیفیت آیات وعید سن کر ہوتی ہے اور آیات رحمت سن کر یہ حال ہوتا ہے کہ بدن اور قلب سب اللہ کی یاد میں نرم ہو جاتے ہیں۔

**الشق الثانی**...... مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ ۞ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا أَعْجَمِيًّا لَقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ آيَاتُهُ ءَأَعْجَمِيٌّ وَعَرَبِيٌّ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ فِي آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى أُولَٰئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ ۞ (پ ۲۴۔ حم سجدہ: ۴۳، ۴۴)۔

آیات مبارکہ کا ترجمہ اور تفسیر لکھئے، اولئك ينادون من مكان بعيد کا مفہوم وضاحت کے ساتھ تحریر کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) اولئك ينادون من مكان بعيد کا مفہوم۔

**جواب**...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ آپ سے نہیں کہا جاتا مگر وہی جو آپ سے پہلے رسولوں کیلئے کہا گیا بلاشبہ آپ کا رب مغفرت والا ہے اور دردناک عذاب والا ہے اور اگر ہم اس کو قرآن عجمی بنا دیتے تو یہ لوگ کہتے کہ اسکی آیات کو کیوں واضح طریقہ پر بیان نہیں کیا گیا۔ یہ کیا بات ہے کہ رسول عربی ہے اور کتاب عجمی ہے؟ آپ فرما دیجئے کہ وہ ایمان والوں کیلئے ہدایت اور شفاء ہے اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے انکے کانوں میں بوجھ ہے اور ان پر گمراہی کا سبب بنا ہوا ہے یہ وہ لوگ ہیں جنہیں دور سے پکارا جاتا ہے۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ پہلی آیت میں آپ ﷺ کو تسلی دی گئی ہے اور دوسری آیت کا شان نزول یہ ہے کہ قریش مکہ نے ایک مرتبہ کہا کہ قرآن عربی ہی میں کیوں ہے، عجمی زبان میں بھی ہوتا تو اس کا معجزہ اور زیادہ جاتا؟ اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید فرمائی کہ اس صورت میں بھی لوگ ایمان نہ لاتے اور حجت نکالتے کہ ہم تو عرب ہیں ہمارے سامنے تو عربی ہی میں صاف صاف بیان ہوتا اور یہ اعتراض بھی کرتے اعجمی وعربی۔

❸ اولئك ينادون من مكان بعيد کا مفہوم:۔ اس کا ایک مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ یہ ایک تمثیل ہے جو آدمی کلام کو سمجھتا ہو عرب اس کو کہتے انت تسمع من قريب اور کلام کو نہ سمجھے اس کو کہتے ہیں انت تنادى من بعيد مطلب یہ ہے کہ کفار قرآنی ہدایات کو سننے اور سمجھنے کا ارادہ نہیں رکھتے اس لئے ان کو ہدایت کی تعلیم دینا گویا کسی کو بہت دور سے پکارتا ہے۔

دوسرا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ قیامت کے دن ان کو برے ناموں کے ساتھ دور سے پکارا جائے گا تا کہ اہلِ موقف بھی اس آواز کو سن لیں جس سے ان کی شہرت اور رسوائی ہو جائے کہ یہ لوگ ایسا ایسے تھے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاول** ...... يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۚ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ۚ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۥ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝ (پ۲۱۔ لقمان: ۳۳ تا ۳۴)

آیات کریمہ کا ترجمہ و تفسیر بیان کریں، اشیائے خمسہ کا علم اگر اللہ رب العزت کے ساتھ خاص ہے تو بارش اور رحم مادر میں موجود بچے کا علم بندوں کو کیسے ہوتا ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال کا خلاصہ تین امور ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) بارش اور رحم مادر میں موجود بچہ کے متعلق بندوں کے علم کی توجیہ۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اے لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو اور اُس دن سے بھی ڈرو کہ نہیں کام آئے گا اُس دن کوئی والد اپنے بیٹے کے بدلے اور نہیں کام آئے گا اُس دن کوئی بیٹا اپنے والد کے بدلہ کچھ بھی، بے شک اللہ تعالیٰ کا وعدہ حق و سچ ہے پس نہ دھوکہ میں ڈالے تمہیں دنیاوی زندگی اور نہ دھوکہ میں ڈالے تمہیں اللہ تعالیٰ کے متعلق وہ دھوکہ باز (شیطان) بے شک اللہ تعالیٰ کے پاس ہی قیامت کے وقوع کا علم ہے اور وہی بارش برساتا ہے اور وہ جانتا ہے جو کچھ ماؤں کے رحموں میں ہے، اور نہیں جانتا کوئی نفس کہ وہ کل کیا کام کریگا اور نہیں جانتا کوئی نفس کہ وہ کس زمین میں مرے گا، بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا اور باخبر ہے۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ ان دو آیات میں سے پہلی آیت میں اللہ تعالیٰ عام لوگوں کو خطاب فرما کر اپنی ذات اور قیامت کے حساب و کتاب سے ڈرا کر آخرت کی تیاری کی ہدایت کر رہے ہیں کہ اے لوگو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اسکی عظمت و ہیبت تمہارے قلوب پر حاوی ہونی چاہیے تا کہ تم با آسانی اسکی مکمل اطاعت کر سکو اور قیامت کے دن سے بھی ڈرو جسمیں کوئی کافر بیٹا اپنے مسلمان والد کے کام نہیں آیگا اور کوئی کافر والد اپنے مسلمان بیٹے کے کام نہیں آیگا البتہ مسلمان والد اور اولاد ایک دوسرے کے کام آئیں گے اور دنیا کی زندگی میں اللہ تعالیٰ کا علم اور عذاب میں تاخیر کی وجہ سے شیطان مکار و دھوکہ باز اور دنیاوی عیش و عشرت تمہیں دھوکہ میں نہ ڈال دے کہ کوئی حساب و کتاب نہیں ہے کوئی سزا و جزا نہیں ہے بلکہ قیامت، حشر و نشر اور ثواب و عذاب کے متعلق اللہ تعالیٰ کا وعدہ حق و سچ ہے اسکے خلاف ہونا ممکن نہیں ہے۔

دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ نے پانچ مفاتح الغیب کے علم کو اپنے ساتھ خاص ہونے کا ذکر کیا ہے کہ ان پانچ چیزوں کا علم میرے ساتھ مخصوص ہے میرے علاوہ مخلوق میں سے کسی کو اسکا علم نہیں وہ پانچ چیزیں یہ ہیں۔ ① قیامت کب قائم ہوگی ② بارش کس وقت برسے گی ③ رحم مادر میں لڑکا ہے یا لڑکی ہے خوبصورت ہے یا بدصورت ④ کل کس شخص نے نیکی و بدی والا کونسا عمل کرنا ہے ⑤ کس شخص کی کس جگہ موت واقع ہوگی؟ ان پانچ چیزوں کا علم اللہ تعالیٰ کے علاوہ بالکل کسی کو نہیں ہے، البتہ انکے علاوہ دیگر مغیبات کا علم انبیاء علیہم السلام کو بذریعہ وحی کچھ نہ کچھ دیا گیا تھا۔ (معارف القرآن ص ۳۹ ج ۷)

❸ بارش و رحم مادر میں موجود بچہ کے متعلق بندوں کے علم کی توجیہ:۔ سوال میں مذکور اشکال کی توجیہ یہ ہے کہ علم غیب ا

Maktaba Tul Ishaat.com

علم ہے جو بلا واسطہ خود بخود ہو اسباب طبعی کے واسطہ سے نہ ہو اور آیت میں مذکور مفاتیح الغیب میں سے کسی چیز کا علم انبیاء علیہم السلام کو بذریعہ وحی، اولیاء اللہ کو بذریعہ الہام، نجومیوں کو اپنے حسابات اور ڈاکٹروں کو اپنے آلات سے حاصل ہو تو یہ علم غیب نہیں بلکہ انباء غیب ہے جبکہ کسی جزئی وشخصی معاملہ میں کسی مخلوق کو حاصل ہونا آیت کے منافی نہیں کیونکہ اسباب طبعیہ کے ذریعہ یا خود باری تعالیٰ کے بتلانے سے انکا علم ہونا علم غیب نہیں ہے، پس آیت کا حاصل یہ ہے کہ ان پانچ چیزوں کا علم کلی اور علم قطعی جو تمام مخلوقات اور تمام حالات پر حاوی ہو وہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کو نہیں۔ (ایضا)

**الشق الثانی** ...... قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ (پ۲۳۔الزمر:۶۴تا۶۷)

آیات کریمہ کا ترجمہ وتفسیر بیان کریں، مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ کا کیا مطلب ہے؟ خط کشیدہ صیغوں کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) مطویات بیمینہ کا مطلب (۴) خط کشیدہ صیغوں کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** کہہ دیجئے اے پیغمبر! اے جاہلو کیا مجھے غیر اللہ کی عبادت کا مشورہ دیتے ہو اور تحقیق وحی کی گئی ہے آپ ﷺ کی طرف اور آپ ﷺ سے پہلے انبیاء علیہم السلام کی طرف کہ البتہ اگر (اے عام مخاطب!) تو شرک کرے گا تو تیرے سب عمل غارت وضائع ہو جائیں گے اور البتہ تو خسارہ پانے والے لوگوں میں سے ہو جائیگا، بلکہ تو اللہ کی ہی عبادت کر اور تو اسکے شکر گزار بندوں میں سے ہو جا۔ اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ کو نہیں سمجھے جیسا کہ اسکو سمجھنے کا حق تھا اور زمین ساری کی ساری اسکے قبضہ ومٹھی میں ہوگی قیامت کے دن اور آسمان لپٹے ہوئے ہونگے اسکے دائیں ہاتھ میں، پاک ہے وہ ذات اور بہت بلند ہے اس چیز سے جسکو وہ اسکا شریک ٹھہراتے ہیں۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** جس وقت قریش مکہ وکفار مکہ نے آنحضرت ﷺ کو توحید کے مقابلہ میں اپنے آباء واجداد کے دین پر واپس آنے کیلئے کثیر مال ودولت حسین وجمیل عورت اور سرداری وغیرہ کی پیش کش کی تو اس موقع پر یہ چند آیات نازل ہوئیں کہ اے پیغمبر! آپ ان کافروں وجاہلوں سے کہہ دو کہ کیا (سابقہ آیات ودلائل سے توحید کا مکمل ثبوت اور کفر وشرک کے مکمل ابطال کے باوجود بھی) اے جاہلو تم مجھے غیر اللہ کی بندگی و پرستش کا مشورہ دیتے ہو؟ حالانکہ اے پیغمبر! ہم نے آپ کی طرف بھی اور سابقہ انبیاء علیہم السلام کی طرف بھی یہ وحی کردی ہے کہ جو شخص بھی شرک کرے گا اللہ تعالیٰ اسکے تمام اعمال غارت وضائع کردے گا اور وہ شخص خسارہ والا ہو جائے گا اسلئے آپ کفر وشرک کرنے کی بجائے اللہ تعالیٰ کی ہی عبادت وبندگی کریں اور اسکے شکر گزار ونیک بندوں میں سے ہو جائیں، ان آیات میں اگرچہ آپ ﷺ کو خطاب کیا گیا ہے مگر اس سے دراصل کفار ومشرکین اور عام مسلمانوں کو تنبیہ کرنا مقصود ہے۔ آخری آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی عظمت کو اس طرح نہیں سمجھا جسطرح اسکو سمجھنے کا حق تھا جسطرح کی اسکی عظمت تھی، بلکہ اسکے ساتھ شرک کیا حالانکہ قیامت کے دن پوری کی پوری زمین اسکی مٹھی اور اسکے قبضہ قدرت میں ہوگی اور ساتوں آسمان بھی اسکے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہونگے جو ذات اتنی عظیم قدرت والی ہے وہ اسکے نامناسب وشرکیہ اقوال وافعال سے بہت بلند وبرتر وپاک ہے۔

③ **مطویات بیمینہ کا مطلب:۔** علماء متقدمین کے نزدیک یہ جملہ اپنے حقیقی معنی میں ہے مگر متشابہات میں سے ہونے کی وجہ سے اسکی حقیقت وکیفیت اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کو معلوم نہیں اور علماء متاخرین کے نزدیک یہ آیت ایک تمثیل ومجاز ہے اور اس سے مراد زمین وآسمان پر مکمل قبضہ وقدرت ہے۔ (معارف القرآن ص ۵۷۳ ج ۷)

قاضی عیاضؒ نے کہا کہ قبض، طی اور اخذ تینوں کا معنی اکٹھا کرنا ہے اسوقت آسمان پھیلے ہوئے اور زمین بچھی ہوئی ہے، پھر ان الفاظ کا معنی اٹھانا ہٹانا بدل ڈالنا ہوگیا۔ قرطبی نے کہا کہ طی (مطویات) کا معنی فنا کردینا ہے۔ (مظہری)

④ **خط کشیدہ صیغوں کی لغوی وصرفی تحقیق:۔**

لَيَحْبَطَنَّ: صیغہ واحد مذکر غائب بحث لام تاکید بانون ثقیلہ معلوم از مصدر حَبْطًا (سمع، صحیح) بمعنی برباد وضائع ہونا۔

كُنْ: صیغہ واحد مذکر امر حاضر معلوم از افعال ناقصہ، مصدر كَوْنٌ (نصر، مثال) بمعنی ہونا۔

مَطْوِيَّاتٌ: صیغہ جمع مؤنث بحث اسم مفعول از مصدر طَيًّا (ضرب، لفیف) بمعنی لپیٹنا۔

## ﴿الورقة الاولیٰ: فی التفسیر﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱٤٣٨ھ

**الشق الاول** ...... وَعَدَكُمُ اللَّهُ مَغَانِمَ كَثِيرَةً تَأْخُذُونَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هَٰذِهِ وَكَفَّ أَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ وَلِتَكُونَ آيَةً لِلْمُؤْمِنِينَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُسْتَقِيمًا ۝ وَأُخْرَىٰ لَمْ تَقْدِرُوا عَلَيْهَا قَدْ أَحَاطَ اللَّهُ بِهَا ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا ۝ وَلَوْ قَاتَلَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوَلَّوُا الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُونَ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ۝ سُنَّةَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ۝ (پ ۲۶۔ الفتح: ۲۰ تا ۲۳)

آیات کریمہ کا ترجمہ وتفسیر بیان کریں، خط کشیدہ صیغوں کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) خط کشیدہ صیغوں کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ① **آیات کا ترجمہ:۔** اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا تم سے بہت سی غنیموں کا کہ تم انکو حاصل کروگے پس جلدی کردی تمہارے لئے اس غنیمت کی اور روک دیا لوگوں کے ہاتھوں کو تم سے اور تاکہ یہ واقعہ مؤمنین کیلئے نمونہ ہوجائے اور تاکہ چلائے تمہیں سیدھے راستہ پر، ایک دوسری فتح وغنائم بھی ہیں کہ تم ابھی ان پر قادر نہیں ہوئے تحقیق وہ اللہ تعالیٰ کے احاطہ میں ہیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور اگر یہ کافر تم سے قتال کرتے تو یہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے اور نہ پاتے یہ کوئی حمایتی اور نہ کوئی مددگار۔

② **آیات کی تفسیر:۔** صلح حدیبیہ کے نتیجہ میں جب مسلمانوں کی مکہ سے واپسی ہوئی اور بظاہر فتح حاصل نہ ہونے پر مؤمنین دل شکستہ وغمگین تھے تو اللہ تعالیٰ نے انکو تسلی دینے کیلئے مغانم کثیرہ کا ذکر کیا کہ وہ عنقریب تمہیں حاصل ہونگی، اسلئے غمگین وپریشان نہ ہوں، ان غنائم سے مراد تمام اسلامی فتوحات ہیں جو قیامت تک مسلمانوں کو حاصل ہونگی، البتہ ایک غنیمت فی الفور فتح خیبر کی صورت میں تمہیں حاصل ہوچکی ہے، (اگر خیبر فتح ہوچکا تھا تو یہ ماضی کے الفاظ حقیقت پر مبنی ہیں اور اگر خیبر فتح نہیں ہوا تھا تو پھر یہ ماضی کے الفاظ فتح خیبر کے یقینی ہونے کیلئے لائے گئے ہیں) اور قبائل بنی اسد وغطفان جو تم پر حملہ آور ہونے کا ارادہ کرچکے تھے اللہ تعالیٰ نے انکے دلوں میں مسلمانوں کا رعب ڈالدیا تاکہ وہ حملہ نہ کرسکیں یا پھر کفار مکہ کے ہاتھوں کو تم پر حملہ آور ہونے سے روک لیا اور یہ سب کچھ کہ تم سلامت رہو اور تمہیں مال غنیمت وغیرہ حاصل ہو اسلئے کیا کہ یہ سب کچھ آپ ﷺ کے وعدہ کی سچائی اور نشانی ہوجائے

Maktaba Tul Ishaat.com

اور اسکے نتیجے میں اللہ کے فضل پر اعتماد و توکل میں اضافہ ہو اور اللہ تعالیٰ تمہیں سیدھے راستہ پر جمائے رکھے اور تمہاری بصیرت میں اضافہ ہو۔ اور اللہ تعالیٰ نے مزید بھی کچھ فتوحات و غنائم کا تم سے وعدہ کیا ہے کہ جو ابھی تک تمہارے قبضہ میں نہیں آئیں مگر وہ اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہیں اور اللہ تعالیٰ تمہیں ان میں کامیاب کرے گا تم اگر چہ اُن پر قدرت وطاقت نہیں رکھتے مگر اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ، حسن ومقاتلؒ کے نزدیک اس سے روم وفارس کی فتوحات مراد ہیں، قتادہؒ کے نزدیک اس سے فتح مکہ مراد ہے، عکرمہؒ کے نزدیک اس سے فتح حنین مراد ہے اور مجاہدؒ نے کہا کہ آئندہ ہونے والی ہر فتح مراد ہے آگے فرمایا کہ چونکہ ان کفار کے مغلوب ہونے کے مقتضیات موجود تھے اسلئے اگر وہ تم سے قتال کرتے اور صلح نہ ہوتی تو یہ کافر پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے اور ان کو اس وقت کوئی حمایتی ومددگار بھی نہ ملتا، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا دستور وقانون یہی ہے جو سابقہ امتوں میں بھی جاری رہا کہ اہل باطل پر حق والے ہی ہمیشہ غالب رہے ہیں اگر چہ بعض اوقات کسی حکمت ومصلحت کی وجہ سے اسمیں تاخیر ہوگئی ہو اور اللہ تعالیٰ کے دستور وقانون میں کوئی ردوبدل بھی نہیں ہے۔

❸ خط کشیدہ صیغوں کی لغوی وصرفی تحقیق:۔

"وَعَدَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر وَعْدًا وعِدَةً (ضرب مثال) بمعنی وعدہ کرنا۔

"مَغَانِمَ" اسکا مفرد مَغْنَمٌ ہے بمعنی مالِ غنیمت۔ مصدر غَنْمًا غُنْمًا غَنِيْمَةً (سمع صحیح) بمعنی غنیمت حاصل کرنا۔

"عَجَّلَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر تعجیل (تفعیل، صحیح) بمعنی جلدی کرنا۔

"وَلَّوا" صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر تَوْلِيَةً (تفعیل لفیف) بمعنی پیٹھ پھیرنا۔

**الشق الثانی** ...... قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۚ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ ۢ بَصِيْرٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۖ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔيْ وَلَدْنَهُمْ ۚ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۚ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ (پ۲۸۔مجادلہ:۱تا۳)

آیات کا ترجمہ کریں، مذکورہ واقعے کا شانِ نزول تحریر کریں، ظہار کی لغوی واصطلاحی تعریف لکھنے کے بعد کفارۂ ظہار کی تفصیل بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔(۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کا شانِ نزول (۳) ظہار کی لغوی واصطلاحی تعریف (۴) کفارۂ ظہار کی تفصیل۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ تحقیق سن لی اللہ تعالیٰ نے اُس عورت کی بات جو آپ ﷺ سے اپنے زوج کے معاملہ میں جھگڑ رہی تھی اور اللہ تعالیٰ سے جھگڑا کر رہی تھی اور اللہ تعالیٰ تم دونوں کی باہم گفتگو (سوال جواب) سن رہے تھے، بیشک اللہ تعالیٰ سننے والا دیکھنے والا ہے، جو لوگ ظہار کرتے ہیں تم میں سے اپنی بیویوں سے وہ انکی مائیں نہیں ہیں، بیشک اللہ تعالیٰ بڑا معاف کرنے والا بخشنے والا ہے اور جو لوگ ظہار کرتے ہیں اپنی عورتوں سے پھر اپنی بات سے رجوع کرنا چاہتے ہیں (اپنے قول کی تلافی کرنا چاہتے ہیں) تو ایک غلام آزاد کرنا ہے باہم ایک دوسرے کو چھونے سے پہلے اسکی تمہیں نصیحت کی جاتی ہے اور اللہ تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔

❷ آیات کا شانِ نزول:۔ بغوی نے لکھا ہے کہ یہ آیت حضرت اوس بن صامت رضی اللہ عنہ کی زوجہ حضرت خولہ بنت ثعلبہ رضی اللہ عنہا کے متعلق نازل ہوئی ہیں، واقعہ یہ ہوا کہ حضرت خولہ رضی اللہ عنہا انتہائی حسین وجمیل و مالدار عورت تھی اور حضرت اوس کے مزاج میں غصہ تھا

ایک دن حضرت اوس رضی اللہ عنہ نے قربت کرنی چاہی حضرت خولہ رضی اللہ عنہا نے انکار کر دیا اوس رضی اللہ عنہ نے غصہ میں آ کر کہا کہ تو میری ماں کی پشت کی طرح ہے، بعد میں پشیمانی ہوئی کیونکہ دور اسلامی سے پہلے ظہار و ایلاء کو طلاق سمجھا جاتا تھا حضرت اوس رضی اللہ عنہ نے حضرت خولہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ میرے خیال میں تو میرے لیے حرام ہو گئی ہے، خولہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ واللہ یہ طلاق نہیں ہے، یہ کہہ کر وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور کہا کہ میرے شوہر نے مجھ سے ظہار کیا ہے مگر بعد میں وہ پشیمان ہوا ہے تو کیا ہم دوبارہ یکجان ہو سکتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے خیال میں تو اس کے لئے حرام ہو گئی ہے، خولہ رضی اللہ عنہا بار بار اپنی محتاجی و تنہائی و بدحالی کا شکوہ کرتی رہیں اور آنحضرت بار بار جواب دیتے رہے بالآخر خولہ رضی اللہ عنہا نے آسمان کی طرف سر اٹھایا اور کہا اے اللہ! میں تجھ سے ہی شکوہ کرتی ہوں اس موقع پر یہ آیات نازل ہوئیں۔ (مظہری ج۱ص۲۳۳)

③ ظہار کی لغوی و اصطلاحی تعریف:۔ ظہار لغت میں مرد کا اپنی منکوحہ کو اَنْتِ عَلَیَّ کَظَهْرِ اُمِّیْ کہنا ہے۔ شریعت کی اصطلاح میں مرد کا اپنی بیوی کو یا اسکے کسی ایسے جزو شائع کو جس سے سارے جسم کو یا ذات کو تعبیر کیا جا سکتا ہو اپنی محرمات ابدیہ (ماں، بہن، بیٹی وغیرہا) کے ایسے عضو سے تشبیہ دینا جس کو دیکھنا اس کیلئے جائز نہیں (ماں کی پشت بھی اسکی ایک مثال ہے) ظہار ہے۔

ظہار کا حکم یہ ہے کہ وہ بیوی اس مرد کیلئے حرام ہو گئی خاوند کا اس سے وطی کرنا، اس کو چھونا اور اس سے بوس و کنار کرنا سب حرام ہیں جب تک کہ کفارۂ ظہار ادا نہ کرے، کفارۂ ظہار ادا کرنے کے بعد وہ عورت اپنے خاوند پر حلال ہو جائیگی۔

④ کفارۂ ظہار کی تفصیل:۔ اگر مظاہر اپنی بیوی سے اختلاط رکھنا چاہتا ہے تو اس پر کفارہ لازم ہے اور وہ کفارہ عندالاحناف یہ ہے کہ ایک قابل المنفعت غلام یا باندی آزاد کرے خواہ کافر ہو یا مؤمن، لیکن امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مسلمان رقبہ آزاد کرنا شرط ہے اور اگر اس کی طاقت نہیں تو پھر مسلسل ساٹھ روزے رکھے اگر روزوں کی طاقت نہیں تو ساٹھ مسکینوں کو صبح و شام پیٹ بھر کر کھانا کھلائے یا ہر ایک مسکین کو نصف صاع گندم یا ایک صاع جَو یا ان کی قیمت دیدے۔ تحریر رقبہ اور روزوں والا کفارہ قبل المباشرت ادا کرنا ضروری ہے اور طعام والے کفارہ کے درمیان اگر مباشرت کر لی تب بھی کفارہ ادا ہو جائے گا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاوّل** ...... سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍۙ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌۙ مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِؕ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍۚ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًاۙ وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًاؕ يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِۙ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِۙ وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًاۚۖ يُّبَصَّرُوْنَهُمْؕ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍۭ بِبَنِيْهِۙ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِۙ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِۙ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًاۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِۙ كَلَّاؕ اِنَّهَا لَظٰىۙ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰىۚۖ (پ۲۹۔ معارج: ۱تا۱۶)

آیات کا ترجمہ اور تفسیر تحریر کریں، کان مقدارہ خمسین الف سنة کی نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور توجہ طلب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) کان مقدارہ خمسین الف سنة کی نحوی ترکیب۔

**جواب** ...... ① آیات کا ترجمہ:۔ ایک مانگنے والا وہ عذاب مانگتا ہے جو کافروں پر واقع ہونے والا ہے اور جس کو کوئی دفع کرنے

Maktaba Tul Ishaat.com

کرنے والا بھی نہیں ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے واقع ہوگا جو سیڑھیوں (آسمانوں) کا مالک ہے، چڑھتے ہیں فرشتے اور (مؤمنین کی) روحیں اس کی طرف، (وہ عذاب) ایسے دن میں واقع ہوگا جس کی مقدار دنیا کے پچاس ہزار سال ہے، پس آپ صبر کیجئے ایسا صبر جو بھلا دیکھتا ہو، بے شک یہ لوگ اُس دن کو بعید دیکھ رہے ہیں اور ہم اس کو قریب دیکھ رہے ہیں (وہ عذاب ایسے دن میں آئے گا) جس دن آسمان تیل کی تلچھٹ کی طرح (یا پگھلے ہوئے تانبے کی طرح) ہو جائے گا اور پہاڑ دھنی ہوئی یا رنگین روئی کی طرح ہونگے اور کوئی دوست دوسرے دوست کو نہ پوچھے گا، (باوجودیکہ) وہ ایک دوسرے کو دکھا دیئے جائیں گے، مجرم آدمی اس بات کی تمنا کرے گا کہ اُس دن کے عذاب کے بدلہ میں اپنے بیٹوں کو اور اپنی بیوی کو اور اپنے بھائی کو اور اپنے گھرانے کو جس میں وہ رہتا تھا اور جتنے بھی زمین پر رہتے ہیں (ان سب کو) فدیہ میں دیدے پھر اپنے آپ کو عذاب سے بچا لے، ہرگز ایسا نہیں ہوگا وہ آگ ایسی شعلہ زن ہے جو کلیجہ کھینچنے والی ہے۔

❷ <u>آیات کی تفسیر:</u>۔ نضر بن حارث نے رسول اللہ ﷺ اور قرآن کریم کی تکذیب کرتے ہوئے اتنی جرأت کا مظاہرہ کیا کہ وہ کہنے لگا کہ اے اللہ! اگر یہ قرآن برحق ہے اور آپ کی طرف سے نازل شدہ ہے تو پھر ہم پر پتھروں کی بارش برسا یا کوئی دوسرا دردناک عذاب ہم پر نازل کر، اس موقع پر یہ آیات نازل ہوئیں کہ وہ از خود جس عذاب کا سوال کرتا ہے وہ کافروں پر ضرور واقع ہوگا خواہ دنیا میں نازل ہو یا آخرت میں ہو یا دنیا و آخرت دونوں میں ہو پھر اُس عذاب کو دفع کرنا کسی کے بس میں نہ ہوگا، کیونکہ یہ عذاب اُس ہستی کی طرف سے واقع ہوگا جو درجات عالیہ یا بلند و بالا آسمانوں کا مالک ہے جن درجات و آسمانوں کے ذریعہ فرشتے اور اہلِ ایمان کی روحیں اس کے پاس چڑھ کر جاتی ہیں اور یہ عذاب کافروں پر ایسے دن میں واقع ہوگا جس کی مقدار دنیاوی حساب و کتاب کے اعتبار سے پچاس ہزار سال کے برابر ہوگی، پس اے پیغمبر! جب کفار پر عذاب کا وقوع یقینی ہے تو آپ ان کی مخالفت پر صبر کیجئے، ان کے کفر و مخالفت سے تنگ آکر زبان پر شکایت کا جملہ بھی نہ لائیں، یہ لوگ قیامت پر ایمان نہ ہونے کی وجہ سے اُس دن کو بعید از امکان سمجھ رہے ہیں اور ہمارے نزدیک اُس کا وقوع یقینی ہے، قیامت کے دن کی شدت و ہولناکی کا یہ عالم ہوگا کہ اُس دن آسمان سرخ سیاہ ہو کر پھٹ جائے گا اور بڑے بڑے پہاڑ دھنی روئی کی طرح اُڑتے پھریں گے اور اُس دن کوئی دوست کسی دوست کو نہ پوچھے گا، مدد کرنا تو در کنار نفسا نفسی کا یہ عالم ہوگا کہ دوست سامنے نظر آنے کے باوجود کوئی بھی دوسرے کی تکلیف و راحت کی طرف التفات نہ کر سکے گا؟ اُس دن مجرم آدمی یہ تمنا کرے گا کہ کسی طرح میں عذاب سے بچ جاؤں خواہ اُس کے بدلہ میں مجھے اپنی آل اولاد اور کنبہ حتیٰ کہ پورے روئے زمین کے لوگ فدیہ میں دینے پڑیں، کسی بھی طرح میری جان بخشی ہو جائے مگر کسی بھی طرح عذاب سے نجات نہ ملے گی اور وہ عذاب والی آگ ایسی شعلہ زن ہوگی جو دماغ و ہاتھ پاؤں کی کھال تک اُتار دے گی۔

❸ <u>کان مقدارہ خمسین الف سنة کی نحوی ترکیب:</u>۔ کان ناقصہ مقدارہ مضاف و مضاف الیہ مل کر کان کا اسم خمسین الف مرکب منائی ممیز سنة تمیز، ممیز تمیز مل کر خبر، کان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی** ...... الٓمّٓ ۚ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِیْمِ ۙ هُدًى وَّ رَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ؕ اُولٰٓىِٕكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْتَرِیْ لَهْوَ الْحَدِیْثِ لِیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِغَیْرِ عِلْمٍ ۖۗ وَّ یَتَّخِذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ۝ (پ۲۱-لقمٰن:۱تا۶)

آیات کا ترجمہ کریں۔ آلات لہو ولعب کا شرعی حکم تحریر کریں۔ یہ سورۃ مکی ہے جبکہ زکوۃ کا حکم مدینہ منورہ میں نازل ہوا تھا، پھر آیات مذکورہ میں نماز کے ساتھ زکوۃ کی ادائیگی کا کیا مطلب ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آلات لہو ولعب کا شرعی حکم (۳) مکی سورۃ میں زکوۃ کی ادائیگی کے حکم کی وضاحت۔

**جواب**...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ یہ حکمت والی کتاب کی آیات ہیں جو ہدایت اور مہربانی ہے نیکی کرنے والوں کے لئے جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوۃ ادا کرتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں اور کچھ لوگ وہ ہیں جو کھیل کود والی باتوں کے خریدار ہیں تاکہ وہ دوسروں کو بے سمجھے اللہ کے راستے سے گمراہ کریں اور اُس کا ہنسی مذاق اڑائیں، ایسے لوگوں کے لئے ہی ذلت کا عذاب ہے۔

❷ آلات لہو ولعب کا شرعی حکم:۔ قرآن کریم میں جتنے مواقع میں بھی لہو ولعب کا ذکر کیا ہے وہ برائی اور مذمت کے مواقع ہیں جس کا کم سے کم درجہ کراہت ہے اور مذکورہ آیت ہی لہو ولعب کی مذمت میں بالکل واضح ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا دنیا کا ہر کھیل باطل ہے مگر تین چیزیں: نشانہ بازی، گھڑ سواری اور زوجہ کے ساتھ کھیل کود۔ اس حدیث میں ہر کھیل کود کو باطل قرار دیا گیا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ جو کام حقیقتاً کھیل ہوں یعنی جن میں کوئی دینی و دنیاوی فائدہ نہ ہو وہ سب مذموم اور مکروہ ہیں پھر اُن میں سے بعض تو کفر کی حد تک پہنچ جاتے ہیں اور بعض واضح حرام ہیں اور کم سے کم درجہ مکروہ تنزیہی یعنی خلاف اولیٰ کا ہے جس سے کوئی کھیل مستثنیٰ نہیں اور جن کھیلوں کو احادیث میں مستثنیٰ کیا گیا ہے وہ حقیقتاً کھیل ہی نہیں ہیں۔ (معارف القرآن ج ۷ ص ۲۱)

❸ مکی سورۃ میں زکوۃ کی ادائیگی کے حکم کی وضاحت:۔ زکوۃ کا اصل حکم مکہ میں ہجرت سے پہلے نازل ہو چکا تھا البتہ نصاب، مقدار واجب، وصولی کا طریقہ کار وغیرہ یہ سب تفصیلات مدینہ میں نازل ہوئیں۔ (ایضاً)

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاوّل**...... وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا حَتَّى إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝ (پ ۲۶۔ احقاف: ۱۵)

آیت مبارکہ کا واضح ترجمہ کریں۔ آیت مبارکہ کی ایسی تفسیر کریں جس سے والدین کے ساتھ حسن سلوک کی اہمیت بھی واضح ہو جائے۔ اکثر مدت حمل اور مدت رضاعت میں فقہاء کرام کے اقوال واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) اکثر مدت حمل اور مدت رضاعت میں فقہاء کرام کے اقوال۔

**جواب**...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کا حکم دیا، اس کی ماں نے اسے بڑی مشقت سے اٹھائے رکھا اور بڑی مشقت سے اس کو جنا، اور اس کو اٹھائے رکھنے اور دودھ چھڑانے کی مدت تیس ماہ ہوتی

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے، حتی کہ جب وہ اپنی پوری توانائی و جوانی کو پہنچتا ہے اور چالیس سال کی عمر کو پہنچتا ہے تو کہتا ہے کہ اے میرے رب راضی ہو جائیں اور میرے لیے میری اولاد کو بھی صلاحیت دے، میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں شامل ہوں۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** ماقبل کی آیات میں ظالموں کے لیے عذاب کی وعید اور مؤمنین کے لیے فوز و فلاح کی خوشخبری اور ایمان پر ثابت قدم رہنے کا ذکر فرمایا۔ اس ایمان پر ثابت قدمی کا ایک تقاضا یہ بھی ہے کہ انسان کو اپنے والدین کے ساتھ اچھا سلوک و برتاؤ کا حکم دیا گیا ہے۔ والدین اگر کافر ہوں اور کسی کفر یا گناہ کرنے کا حکم دیں تو ان کی اطاعت نہ کی جائے اس کے علاوہ ان کی مکمل اطاعت و فرمانبرداری کی جائے۔ اس لیے کہ والدین کے انسان پر بہت احسانات ہیں بالخصوص والدہ کا احسان تو انسان فراموش ہی نہیں کر سکتا کہ اولاً والدہ بچے کو اپنے پیٹ میں رکھنے کی تکلیف برداشت کرتی ہے پھر زچگی کی تکلیف اور پھر دو سال تک دودھ پلانے کی مشقت اور گرمی سردی میں ہر طرح کی راحت و سکون کا خیال کرنا۔ اسی طرح والد کا ہر طرح کی مصیبت و تنگی کو برداشت کرتے ہوئے اس کے کھانے پینے اور دیگر ضروریات زندگی کا انتظام کرنا، تو یہ بہت بڑی تکلیف و مشقت ہے جو والدین کے ساتھ حسن سلوک کا تقاضا کرتی ہے۔ اس حسن سلوک میں ان کی خدمت و اطاعت بھی شامل ہے اور تعظیم و تکریم بھی شامل ہے۔

پھر جب یہ بچہ اپنی جوانی اور عقل و شعور کی عمر چالیس سال کو پہنچتا ہے تو یہ سعادت مند بچہ باری تعالیٰ کے حضور نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی توفیق طلب کرتا ہے اور پھر اپنے اور اپنی اولاد کے لیے نیک کام کرنے کی صلاحیت و توفیق مانگتا ہے اور فرمانبردار رہنے اور اپنے گناہوں سے توبہ کرتا ہے۔

❸ **اکثر مدت حمل اور مدت رضاعت میں فقہاء کرام کے اقوال:۔** "مدت حمل" اکثر مدت حمل امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دو سال ہے۔ امام مالکؒ سے مختلف روایات (چار، پانچ، سات سال) منقول ہیں۔ امام شافعیؒ کے نزدیک چار سال ہے اور امام احمدؒ کی مشہور روایت بھی یہی ہے۔ (معارف القرآن)

"مدت رضاعت" اس آیت میں دودھ چھڑانے کی مدت دو سال بتلائی گئی ہے، یہ عام عادت کے مطابق ہے اس میں اس کی کوئی تشریح و تصریح نہیں کہ اس سے زیادہ مدت تک دودھ پلایا جائے تو اس کا کیا حکم ہے البتہ سورہ بقرہ کی آیت **والوالدات یرضعن اولادھن حولین کاملین الایة** کی روشنی میں مدت رضاعت جس کے ساتھ حرمت رضاعت کے احکام متعلق ہوتے ہیں دو سال ہے۔ جمہور فقہاء کے نزدیک امام شافعیؒ، امام مالکؒ، امام احمد بن حنبلؒ اور ائمہ حنفیہ میں سے امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ سب اس پر متفق ہیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے حضرت عمر اور ابن عباس رضی اللہ عنہم کا بھی یہی قول ہے۔ اسی طرح حضرت علی، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کا بھی یہی ارشاد ہے، صرف امام ابوحنیفہؒ سے یہ منقول ہے کہ اڑھائی سال تک بچے کو دودھ پلایا جا سکتا ہے، جس کا حاصل جمہور فقہاء و حنفیہ کے نزدیک یہ ہے کہ اگر بچہ کمزور ہو ماں کے دودھ کے علاوہ کوئی اور غذا دو سال تک بھی نہ لیتا ہو تو مزید چھ ماہ تک دودھ پلایا جا سکتا ہے کیونکہ سب کا اس پر اتفاق ہے کہ مدت رضاعت پوری ہونے کے بعد ماں کا دودھ بچے کو پلانا حرام ہے مگر فتویٰ فقہاء حنفیہ کا بھی جمہور آئمہؒ کے مسلک پر ہے کہ دو سال کی مدت کے بعد اگر دودھ پلایا گیا تو اس سے حرمت رضاعت کے احکام ثابت نہیں ہوں گے۔

**الشق الثانی** ...... إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝ إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا ۝ وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا ۝ وَكُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلَاثَةً ۝ فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ۝ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ۝ وَأَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ۝

مَآ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ؕ وَالسّٰبِقُوۡنَ السّٰبِقُوۡنَ ۚ اُولٰٓئِكَ الۡمُقَرَّبُوۡنَ ۚ فِىۡ جَنّٰتِ النَّعِيۡمِ (پ۲۷۔ واقعہ: ۱تا۱۲)

آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ آیات مذکورہ کی ایسی تفسیر تحریر کریں جس میں ازواج ثلثہ کا مختصر تعارف بھی ہو جائے۔ سورہ واقعہ کی خصوصیات وفضائل لکھ کر بتائیں کہ اس سورہ کا نام واقعہ کیوں رکھا گیا ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) سورہ واقعہ کی خصوصیات وفضائل اور وجہ تسمیہ۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** جب واقع ہونے والی یعنی قیامت واقع ہوگی، تو اس کے واقع ہونے کو کوئی جھٹلانے والا نہ ہوگا، وہ تہہ وبالا (زیروزبر) کرنے والی چیز ہوگی جب زمین ایک زور سے جھنجوڑ دی جائے گی اور پہاڑوں کو ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا۔ پس وہ پراگندہ (بکھرا ہوا) غبار ہو جائیں گے، اور (اے لوگو!) تم تین گروہ ہو جاؤ گے، پس کچھ دائیں جانب والے ہوں گے اور دائیں جانب والوں کے تو کیا ہی کہنے، اور کچھ بائیں جانب والے ہوں گے اور بائیں جانب والوں کی برائی کے کیا کہنے، اور کچھ سبقت کرنیوالے ہونگے وہ تو ہیں ہی سبقت کرنیوالے، یہی اللہ کے مقرب بندے ہیں جو نعمتوں کے باغات میں ہونگے۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** اس سورت میں وقوع قیامت اور اس کے بعد کے حالات وانجام کا ذکر کیا گیا ہے چنانچہ ارشاد فرمایا کہ جب قیامت قائم وواقع ہوگی تو اس وقت پھر کوئی اس کی تکذیب وانکار کرنے والا نہ ہوگا، یا اس کے وقوع میں کوئی کذب وجھوٹ نہیں ہے، قیامت بہت سے بلند رتبہ لوگوں کو پست وذلیل کر دے گی اور بہت سے پست وحقیر لوگوں کو سر بلند کر دے گی۔ اور پھر تمام انسان تین گروہوں میں تقسیم ہو جائیں گے۔ پہلا گروہ عرش کی دائیں جانب ہوگا یہ آدمؑ کی دائیں جانب سے ہی پیدا ہوا ہوگا اور نیک اعمال کی وجہ سے ان کے نامۂ اعمال ان کے دائیں ہاتھ میں ہوں گے اور یہ جنتی لوگ ہوں گے۔ دوسرا گروہ عرش کی بائیں جانب ہوگا، یہ آدمؑ کی بائیں جانب سے پیدا ہوئے ہوں گے اور برے اعمال کی وجہ سے ان کے نامۂ اعمال ان کے بائیں ہاتھ میں ہوں گے اور یہ جہنمی لوگ ہوں گے۔ تیسرا گروہ عرش کے سامنے خصوصی امتیاز اور قرب کے مقام میں ہوگا جن میں انبیاء ورسل، صدیقین وشہداء اور اولیاء اللہ ہوں گے اور ان کی تعداد تھوڑی ہوگی۔ (معارف القرآن)

❸ **سورہ واقعہ کی خصوصیات وفضائل اور وجہ تسمیہ:۔** حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر رات سورۂ واقعہ کی تلاوت کرے اس کو کبھی فاقہ نہ ہوگا اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنی اولاد کو ہر رات میں یہ سورۃ پڑھنے کا حکم فرماتے تھے۔ ایک روایت میں ہے کہ جو شخص سورۂ رحمٰن، واقعہ وحدید پڑھتا ہے وہ جنت الفردوس کے رہنے والوں میں پکارا جاتا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ یہ سورۃ سورۃ الغنی ہے اس کو پڑھو اور اپنی اولاد کو سکھاؤ۔ (فضائل قرآن)

ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ قیامت کو واقعہ اسلئے کہتے ہیں کہ اسکے وقوع میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ (معارف القرآن ومظہری)

## ﴿الورقة الاولٰی: فی التفسیر﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱٤۳۹ھ

**الشق الاوّل** ...... اَوَلَمۡ يَرَوۡا اَنَّ اللّٰهَ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيَقۡدِرُ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ○ فَاٰتِ ذَا الۡقُرۡبٰى حَقَّهٗ وَالۡمِسۡكِيۡنَ وَابۡنَ السَّبِيۡلِ ؕ ذٰلِكَ خَيۡرٌ لِّلَّذِيۡنَ يُرِيۡدُوۡنَ وَجۡهَ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ○ وَمَآ اٰتَيۡتُمۡ

Maktaba Tul Ishaat.com

مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِىْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ۝

آیات مبارکہ کا ترجمہ وتفسیر کریں۔ "حقه" میں "حق" سے کیا مراد ہے؟ اور "ذوی القربیٰ" کن رشتہ داروں کو کہا جاتا ہے؟ دوسری آیت میں معاشرے کی کس رسمِ بد کا ذکر ہے اور کس طرح اس کی اصلاح کی گئی ہے؟ (پ۲۱۔روم: ۳۷تا۳۹)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں ① آیات کا ترجمہ ② آیات کی تفسیر ③ حق وذوی القربیٰ کی مراد اور رسمِ بد کی وضاحت۔

**جواب** ...... ① آیات کا ترجمہ:۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ جس کے لیے چاہتا ہے کہ رزق کو کشادہ کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے، بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں جو ایمان لائیں۔ پس رشتہ دار کو اس کا حق ادا کرو اور مسکین ومسافر کو بھی، یہ بہتر ہے ان لوگوں کے لیے جو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی چاہتے ہیں اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔ اور یہ جو تم سود دیتے ہو تا کہ وہ لوگوں کے اموال میں شامل ہو کر بڑھ جائے تو وہ اللہ کے نزدیک بڑھتا نہیں ہے اور جو تم اللہ کی خوشنودی کے حصول کے لیے زکوٰۃ دیتے ہو پس یہی لوگ اپنے مال کو کئی گنا بڑھانے والے ہیں۔

② آیات کی تفسیر:۔ پہلی آیت کا حاصل یہ ہے کہ رزق کا معاملہ صرف اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے وہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کو وسیع کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے رزق کو تنگ کر دیتا ہے۔ لہٰذا خرچ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا اور بخل کرنے سے مال میں اضافہ نہیں ہوتا۔ اسی مناسبت سے اگلی آیت میں ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں جو مال دیا ہے اس میں سے رشتہ دار، مسافروں اور مساکین پر بھی خرچ کرو اور اس خرچ کرنے سے مقصود رضاءِ الٰہی کا حصول ہو اور ان لوگوں پر خرچ کرنا ان کا حق ہے جو تمہارے مال میں شامل کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا ان پر خرچ کرنے میں احسان نہ جتلاؤ کیونکہ حق دار کا حق ادا کرنا مقتضائے عدل وانصاف ہے کوئی احسان نہیں۔

③ ذوی القربیٰ وحق کی مراد اور رسمِ بد کی وضاحت:۔ ذوی القربیٰ سے مراد عام رشتہ دار ہیں خواہ ذی رحم محرم ہوں یا دیگر رشتہ دار ہوں اور حق میں بھی عموم ہے خواہ حق واجب ہو جیسے ماں باپ، اولاد اور دیگر ذوی الارحام کے حقوق، خواہ وہ حق تبرع و احسان ہو جس کا ثواب دیگر کی نسبت رشتہ داروں کے ساتھ زیادہ ہے۔ حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ذوی القربیٰ کا حق وسعت والے شخص کے لیے مالی امداد ہے اور عدم وسعت والے شخص کے لیے جسمانی خدمت اور زبانی ہمدردی ہے۔ تیسری آیت میں ایک بری رسم کی اصلاح ہے جو عام رشتہ داروں میں چلتی ہے کہ کسی موقع پر خصوصاً نکاح، شادی وغیرہ کی تقریب میں جب کسی کو کچھ دیتے ہیں تو پھر اس پر نظر رکھتے ہیں کہ وہ بھی ہمیں کچھ دے گا بلکہ اضافہ کے ساتھ دے گا۔ تو ارشاد فرمایا کہ اس کا کوئی ثواب نہیں ہے اور اس عمل کی قباحت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس کو سود سے تعبیر کیا ہے۔ (معارف القرآن)

**الشق الثانی** ...... وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ حَمِيْدٌ ۝ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَىَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۗ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۝ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِىْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِىْ وَلِوَالِدَيْكَ ۗ اِلَىَّ الْمَصِيْرُ ۝ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِىْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِى الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۖ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَىَّ ۚ ثُمَّ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ (پ۲۱۔لقمان: ۱۲تا۱۵) آیات کا ترجمہ وتفسیر کریں، حضرت لقمان کیا نبی تھے؟ شرک کی

تعریف کریں اور اسکا ظلم عظیم ہونا واضح کریں۔والدین کی اطاعت پر جامع نوٹ لکھیں،خط کشیدہ آیات کی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں چھ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) حضرت لقمانؑ کے نبی یا ولی ہونے کی وضاحت (۴) شرک کی تعریف اور ظلم عظیم ہونے کی وجہ (۵) والدین کی اطاعت پر جامع نوٹ (۶) خط کشیدہ کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اور البتہ تحقیق دی ہم نے لقمانؑ کو حکمت یہ کہ اللہ کا شکر کرو اور جو شکر کرتا ہے اس کا نفع اسی کیلئے ہے اور جو شخص ناشکری کرے پس اللہ غنی ہے تعریف کے لائق ہے اور جب کہا لقمانؑ نے اپنے بیٹے کو اور وہ نصیحت کر رہے تھے کہ اے بیٹے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرا بیشک شرک کرنا بڑا ظلم ہے۔اور ہم نے انسانوں کو انکے والدین کے بارے میں تاکید کر دی،اسکی ماں نے ضعف پر ضعف برداشت کرتے ہوئے اسے پیٹ میں رکھا اور اس کا دودھ چھوٹنا دو سال میں ہے،(وصیت کی ہم نے) یہ کہ تو میرا شکر ادا کر اور اپنے والدین کا بھی،میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے اور اگر تیرے ماں باپ تجھ پر زور دیں کہ تو میرا ساتھ شرک کرے جس کی تیرے پاس کوئی دلیل نہیں تو ان کی فرمانبرداری نہ کرنا اور ان کے ساتھ دنیا میں خوبی کے ساتھ رہنا اور جو شخص میری طرف متوجہ ہوا اس کی اتباع کرنا پھر تم سب کو میری طرف لوٹنا ہے پس میں تمہیں ان اعمال سے باخبر کروں گا جو تم کیا کرتے تھے۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** اس سورت کے شروع میں فرمایا تلك آيات الكتاب الحكيم کہ یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں اس جگہ سے بعض اہل حکمت کے اقوال کا ذکر ہے۔چنانچہ فرمایا ہم نے لقمانؑ کو دانشمندی عطا فرمائی جس کی حقیقت علم مع العمل ہے اور ساتھ ہی یہ حکم دیا کہ سب نعمتوں پر عموماً اور اس نعمت حکمت پر خصوصاً اللہ کا شکر کرتے رہو اور جو شخص شکر کرتا ہے وہ اپنے ذاتی نفع کے لئے شکر کرتا ہے یعنی اس کا نفع ہے کہ اس سے نعمت میں ترقی ہوتی ہے اور جو ناشکری کرے گا وہ اپنا ہی نقصان کرے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ تو بے نیاز اور سب خوبیوں والا ہے اور چونکہ لقمانؑ حکمت یعنی علم و عمل کے ساتھ موصوف ہیں اس سے مفہوم ہوا کہ انہوں نے تعلیم شکر پر بھی شکر کیا ہوگا۔پس وہ شاکر بھی تھے اور شاکر ہونے سے ان کی حکمت میں ترقی بھی ہوئی ہوگی پس وہ اعلیٰ درجے کے حکیم ہوئے اور ایسے حکیم کی تعلیم ضرور قابل عمل ہونی چاہیے سو ان کی تعلیمات ان لوگوں کے سامنے ذکر کیجئے کہ جب حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ بیٹا خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا،بیشک شرک کرنا بہت بڑا ظلم ہے اور ظلم کی حقیقت کسی چیز کو بے محل استعمال کرنا ہے اور یہ بات شرک میں سب سے زیادہ واضح ہے۔

اسکے بعد اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے بندوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کریں اور انسان کو یہ سمجھنا چاہیے کہ کبھی وہ بھی حاجت مند تھا اس وقت اس کے والدین نے اس کی خدمت کی اس کی ضرورتوں کا خیال رکھا اور اس کے لئے تکلیفیں برداشت کیں ایک والدہ ہی کی مصیبت کو دیکھ لیجئے کہ اس نے زمانہ حمل میں پیٹ میں رکھا ضعف (کمزوری) پر ضعف کو برداشت کیا کیونکہ جیسے جیسے حمل کی مدت بڑھتی چلی جاتی ہے اس کے ساتھ ساتھ عورت کا ضعف بڑھتا چلا جاتا ہے،اسی طرح پیدائش کے بعد دودھ پلانے کا سلسلہ چلتا ہے اس زمانے میں بھی ماں باپ کو تکلیف اٹھانی پڑتی ہے بچہ دودھ پیتا جاتا ہے جسم بڑھتا رہتا ہے توانائی آتی رہتی ہے،ماں دودھ پلانے کا اہتمام کرتی ہے باپ کسب مال کرتا ہے اور جانثاری سے اس کی خدمت کرتا ہے، والدین کی محنتوں اور مشقتوں کو سامنے رکھا جائے تو ایک شریف انسان کا دل یہی چاہتا ہے کہ اب جب تو بڑا ہو گیا تو اب تو انہیں آرام پہنچائے اور ان کی خدمت کرے،اس کے بعد اللہ نے ارشاد فرمایا کہ اگر تیرے والدین تجھ پر اس بات کا زور ڈالیں کہ تو

Maktaba Tul Ishaat.com

میرے ساتھ شرک کرے تو ان کی اس معاملہ میں فرمانبرداری مت کرانہیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ اللہ کی نافرمانی کا حکم دیں کیونکہ سب سے بڑا اللہ کا حق ہے، بس دنیا میں ان کے ساتھ خوبی کے ساتھ رہنا سہنا رکھو، ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کا برتاؤ کرو، مومن ہوں یا کافر اگر وہ کافر ہیں تو کفر کی وجہ سے ان کی خدمت سے منہ نہ موڑو بس اتنا خیال رہے کہ اللہ کی نافرمانی نہ ہو، اسی طرح اس آیت کریمہ میں ایک یہ بات بھی ارشاد فرمائی ہے کہ جو بندے اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں انکا اتباع کیا جائے ان کی بتائی ہوئی راہ پر چلے، انہی کے ساتھ رہے تا کہ ان کی صحبت کا اثر اسکے دل پر بھی ہو ورنہ شیطان اُچک لے گا اور بری راہ پر لگا لے گا۔ آخر میں فرمایا کہ تم سب کو میری طرف لوٹنا ہے وہاں ہر انسان اپنے اعمال سے باخبر ہو گا اور اپنے اعمال کے مطابق جزا و سزا کا مستحق ہو گا۔

❸ <u>حضرت لقمانؒ کے نبی یا ولی ہونے کی وضاحت</u>:۔ جمہور سلف کا اس پر اتفاق ہے کہ حضرت لقمانؒ نبی نہیں تھے بلکہ ولی کامل اور حکیم تھے۔ بعض روایات کے مطابق وہ بنی اسرائیل کے قاضی تھے۔ ابن کثیر کی روایت کے مطابق حضرت لقمان کو نبوت وحکمت لینے میں اختیار دیا گیا تھا۔ انہوں نے نبوت کے مقابلے میں حکمت کو اختیار کیا۔ (معارف القرآن)

❹ <u>شرک کی تعریف اور ظلم عظیم ہونے کی وجہ</u>:۔ اللہ کی ذات وصفات میں کسی کو کسی درجے میں شریک ٹھہرانے کا نام شرک ہے۔
ظلم کی حقیقت علماء نے یہ بیان کی ہے کہ کسی چیز کو بے محل استعمال کیا جائے اور یہ بات شرک میں سب سے زیادہ واضح ہے کہ خالق، مالک اور رازق کی جگہ بتوں کی پرستش کی جائے، اس سے بڑھ کر اور ظلم کیا ہو سکتا ہے۔

❺ <u>والدین کی اطاعت پر جامع نوٹ</u>:۔ والدین کی اطاعت وفرمانبرداری کے متعلق بیارشاد خداوندی ہے وقضى ربك ألا تعبدوا إلا إياه وبالوالدين إحسانا إما يبلغن عندك الكبر أحدهما أو كلاهما فلا تقل لهما أف ولا تنهرهما وقل لهما قولا كريما (تیرا رب یہ حکم دے چکا ہے کہ صرف اس کی عبادت کی جائے اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کیا جائے اگر ان میں سے کوئی ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں اُف بھی نہ کہو اور ان کو جھڑکو بھی نہیں بلکہ ان سے ادب اور نرمی کے ساتھ گفتگو کرو) اور اس سورت میں ارشاد ہے: ووصينا الإنسان بوالديه حملته أمه وهنا على وهن وفصاله في عامين أن اشكر لي ولوالديك إلي المصير وإن جاهداك على أن تشرك بي ما ليس لك به علم فلا تطعهما وصاحبهما في الدنيا معروفا (ہم نے انسان کو والدین کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا۔۔۔۔اور حکم دیا کہ ان کے ساتھ دنیا میں دستور دنیا کے موافق برتاؤ اور اچھا سلوک کرو) مذکورہ دونوں آیات میں اللہ تعالیٰ نے جہاں اپنے متعلق توحید وعدم شرک کا حکم دیا وہاں والدین کے ساتھ حسن سلوک اور اچھے برتاؤ کا حکم بھی دیا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "**رضی الرب فی رضی الوالد و سخط الرب فی سخط الوالد**" یہاں والد سے مراد والدین ہیں۔ یعنی رب کی رضا والدین کی رضا میں ہے اور رب کی ناراضی والدین کی ناراضی میں ہے۔ اسی طرح احادیث میں آپ ﷺ نے کبیرہ گناہوں کے تذکرے میں والدین کی نافرمانی کو بھی ذکر کیا، مشہور حدیث ہے کہ آپ ﷺ نے منبر پر تین مرتبہ پاؤں رکھا تو تین مرتبہ ہی آمین کہا، صحابہ ؓ نے وجہ پوچھی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت جبریل ؑ نے اس موقع پر تین لوگوں کے لیے بددعا کی تھی اور میں نے آمین کہی تھی، اور ان تین میں سے ایک وہ آدمی بھی ہے کہ جس نے والدین میں سے کسی ایک کو یا دونوں کو بڑھاپے کی حالت میں پایا لیکن ان کی خدمت کے ذریعے جنت حاصل نہ کر سکا۔ مذکورہ نصوص سے معلوم ہوا کہ ہر حال میں والدین کی اطاعت وفرمانبرداری کرنی چاہیے، البتہ اگر وہ دونوں شرک کا حکم دیں یا واضح گناہ کا حکم دیں تو پھر ان کی اطاعت جائز نہیں مگر پھر بھی حسن سلوک وحسنِ معاشرت کا حکم دیا گیا ہے۔
اگر والدین فریضۂ خداوندی کو ترک کرنے یا فعل حرام کے ارتکاب کا حکم دیں تو اُنکی اطاعت جائز نہیں ہے۔ اگر وہ کسی مباح کام

کا حکم دیں جو خلافِ عقل وخلافِ شرع نہ ہو تو آپ کی اطاعت واجب ہے۔اسی طرح اگر والدین کثرتِ ذکر یا نوافل سے روکیں یا ضرورت سے زائد مال کمانے کا حکم دیں تو پھر بھی صحیح یہ ہے کہ اطاعت واجب نہیں ہے۔(مظہری)

❻ خط کشیدہ کی ترکیب:۔ "من کفر فان الله غني حميد" من موصول کفر فعل ضمیر فاعل، فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا موصول کا، موصول صلہ مل کر مبتداء متضمن معنی شرط، فا جزائیہ ان حرف مشبہ بالفعل الله اس کا اسم غنی خبر اول حمید خبر ثانی، ان اپنے اسم ودونوں خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر متضمن معنی جزاء، مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

"ان الشرك لظلم عظيم" ان حرف مشبہ بالفعل الشرك اس کا اسم لام تاکید یہ ظلم عظیم موصوف صفت مل کر خبر، ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۹ھ

**الشق الاول** ...... اَفَرَءَيْتَ الَّذِىْ تَوَلّٰى ۝ وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ۝ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ۝ اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِىْ صُحُفِ مُوْسٰى ۝ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِىْ وَفّٰٓى ۝ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۝ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۝ وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ۝ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ۝ وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ۝ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ۝ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ۝ (پ۲۷، نجم: ۳۳-۴۴)

آیات مبارکہ کا ترجمہ، تفسیر وشان نزول تحریر کریں۔ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى سے بظاہر ایصال ثواب کی نفی معلوم ہو رہی ہے۔حنفیہ کے نزدیک ایصال ثواب کا حکم بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے ① آیات کا ترجمہ ② آیات کی تفسیر ③ شان نزول ④ حنفیہ کے نزدیک ایصال ثواب کا حکم۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے حق سے اعراض کیا (منہ پھیر لیا)؟ اور جس نے تھوڑا سا دیا پھر رک گیا۔کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے جو وہ دیکھ رہا ہے؟ کیا اسے ان باتوں کی خبر نہیں جو موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں ہے؟ اور ابراہیم علیہ السلام کے صحیفوں میں بھی ہے جو وفادار رہے، کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، اور یہ کہ انسان کے لیے اپنی کوشش کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔اور یہ کہ اس کی کوشش عن قریب دیکھی جائے گی پھر اسے اس کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور یہ کہ تیرے پروردگار کے پاس ہی سب نے پہنچنا ہے اور یہ کہ وہی ہنساتا اور رلاتا ہے۔اور یہ کہ وہی مارتا اور زندہ کرتا ہے۔

❷ و ❸ آیات کا شان نزول وتفسیر:۔ حافظ ابن جریر وغیرہ نے لکھا ہے کہ ایک کافر شخص قرآن مجید کی کچھ آیات سن کر اسلام لانے کی طرف مائل ہو گیا تھا، اس کے کسی دوست نے کہا کہ تم اپنے آباء واجداد کا دین کیوں چھوڑ رہے ہو؟ اس نے کہا کہ میں آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہوں، دوست نے کہا کہ اگر تم مجھے کچھ پیسے دو تو میں یہ ذمہ داری لیتا ہوں کہ تمہیں آخرت کے عذاب سے بچا لوں گا، چنانچہ اس شخص نے کچھ پیسے دے دیے، کچھ عرصے بعد دوست نے مزید پیسے مانگے تو اس نے وہ بھی دے دیے، مگر پھر دینے بند کر دیے، تو ان آیات میں اسی کا تذکرہ ہے۔(آسان ترجمہ قرآن)

مذکورہ واقعہ کے پسِ منظر میں اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں ان دونوں کی حماقت کا ذکر کیا ہے کہ اولاً جو شخص یہ کہہ رہا تھا کہ میں تمہیں آخرت کے عذاب سے بچا لوں گا کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ اس پر قادر ہے؟ اس کے بعد اللہ تعالیٰ

Maktaba Tul Ishaat.com

نے عمومی قاعدہ بیان فرمایا کہ کوئی بھی شخص کسی دوسرے کے گناہ کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا، ہر انسان کو اس کے اعمال کا بدلہ ملے گا، اور یہ کوئی نئی بات نہیں بلکہ یہی بات موسیٰ و ابراہیم علیہما السلام کے صحیفوں میں بھی لکھی ہوئی ہے۔ البتہ اگر اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے کسی کو استحقاق سے زائد عطا کردیں تو یہ اس کی رحمت ہے جس پر کوئی پابندی نہیں۔

❷ حنفیہ کے ہاں ایصالِ ثواب کا حکم:۔ اس آیت کا حاصل یہ ہے کہ جس طرح کوئی آدمی دوسرے کا عذاب اپنے سر نہیں لے سکتا، اسی طرح کسی کو یہ بھی حق نہیں کہ کسی دوسرے کے عمل کے بدلے خود عمل کرلے اور وہ اس عمل سے سبکدوش ہوجائے مثلاً ایک شخص دوسرے کی طرف سے نماز فرض ادا کردے یا دوسرے کی طرف سے فرض روزہ رکھ لے اور وہ دوسرا اپنے فرض نماز و روزے سے سبکدوش ہوجائے یا یہ کہ ایک شخص دوسرے کی طرف سے ایمان قبول کرلے اور اس سے دوسرے کو مؤمن قرار دیا جائے۔

آیت مذکورہ کی اس تفسیر پر کوئی فقہی اشکال اور شبہ عائد نہیں ہوتا کیونکہ زیادہ سے زیادہ شبہ حج اور زکوٰۃ کے مسئلہ میں یہ ہوسکتا ہے کہ ضرورت کے وقت شرعاً ایک شخص دوسرے کی طرف سے حج بدل کرسکتا ہے یا دوسرے کی زکوٰۃ اس کی اجازت سے ادا کرسکتا ہے مگر غور کیا جائے تو یہ اشکال اس لئے صحیح نہیں کہ کسی کو اپنی جگہ حج بدل کے لئے بھیج دینا اور اس کے مصارف خود ادا کرنا، یا کسی شخص کو اپنی طرف سے زکوٰۃ ادا کردینے کے لئے مامور کردینا بھی درحقیقت اسی شخص کے اپنے عمل اور سعی کا جز ہے، اس لئے یہ **لیس للانسان الاماسعٰی** کے منافی نہیں۔ (معارف القرآن ج ۸ ص ۲۱۹)

ایصالِ ثواب کے مسئلہ کی تفصیل یہ ہے کہ ایک شخص کی دعا وصدقہ کا ثواب دوسرے شخص کو پہنچنا نصوص شرعیہ سے ثابت اور تمام امت کا اجماعی مسئلہ ہے، تلاوتِ قرآن کا ثواب پہنچنے کا امام شافعی رحمہ اللہ انکار کرتے ہیں اور ان کی دلیل آیت کریمہ **ولن لیس للانسان الاماسعٰی** کا مفہوم عام ہے۔ جمہور ائمہ اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک دعا وصدقہ کی طرح ہر نفلی عبادت کا ثواب دوسرے کو پہنچتا ہے۔ تفسیر قرطبی میں لکھا ہے کہ احادیث کثیرہ اس پر شاہد ہیں کہ مؤمن کو دوسرے شخص کی طرف سے عمل صالح کا ثواب پہنچتا ہے۔ تفسیر مظہری میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں۔ (معارف القرآن ج ۸ ص ۲۱۹)

امام شافعی کی دوسری دلیل یہ ہے کہ صدقہ و دعا اور حج کے علاوہ دیگر عبادتوں کا ایصالِ ثواب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ثابت نہیں ہے۔ ابن المبارک رحمہ اللہ نے اس کا جواب دیا ہے کہ ثبوت کی ضرورت بھی کیا ہے؟ جب صدقہ کا ایصالِ ثواب بالاجماع ثابت ہے تو اسی پر باقی عبادتوں کو قیاس کیا جائیگا۔ کسی مسئلہ کے ہر ہر جزء کا ثبوت ضروری نہیں ہے ورنہ پھر قیاس کی ضرورت ہی کیا تھی؟۔

## ﴿الورقة الاولیٰ: فی التفسیر﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۴۰ھ

**الشق الاول** ...... وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۚ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۗ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۗ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (پ ۲۱۔ لقمان: ۶تا۹)

آیات کریمہ کا ترجمہ اور تفسیر لکھیں، شانِ نزول بیان کریں، کلمات مخطوطہ کی لغوی تشریح کرنے کے بعد بتائیں کہ **مستکبرا** اور **حقا** کیوں منصوب ہیں، وجہ نصب تحریر کریں نیز **لھو الحدیث** کی مراد واضح کریں خاص طور پر زمانہ موجودہ میں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چھ امُور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) آیات کا شانِ نزول (۴) کلماتِ مخطوطہ کی لغوی تشریح (۵) مستکبرًا اور وقرًا کے منصوب ہونے کی وجہ (٦) لھو الحدیث کی مراد۔

**جواب**...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ لوگوں میں سے بعض وہ ہیں جو لوگوں کو بغیر علم کے اللہ کے راستے سے گمراہ کرنے کے لئے کھیل کود کی چیزوں کو خریدتے ہیں اور اللہ کی آیات کا مذاق اُڑاتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں کہ ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب ہے اور جب ان پر ہماری آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو تکبر کرتے ہوئے اس سے پیٹھ پھیر جاتے ہیں گویا کہ انہوں نے اس کو سنا ہی نہیں اور گویا کہ ان کے کانوں میں بوجھ ہے، پس آپ ان کو دردناک عذاب کی خوشخبری دے دیجئے، بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور اعمالِ صالحہ کئے ان کیلئے نعمتوں کے باغات ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، اللہ کا وعدہ حق ہے اور وہ غالب ہے حکمت والا ہے۔

❷ آیات کی تفسیر:۔ لوگوں میں سے بعض آدمی ایسے بھی ہیں جو قرآن سے اعراض کر کے ان باتوں کا خریدار بنتے ہیں یعنی ایسی باتیں اختیار کرتے ہیں جو اللہ سے غافل کرنے والی ہیں سو اوّل تو لہو کا اختیار کرنا جبکہ اس کے ساتھ آیات الٰہیہ سے اعراض بھی ہو خود بھی کفر وضلال ہے پھر خاص کر جبکہ اس کو اس غرض سے اختیار کیا جائے تاکہ اسکے ذریعے سے دوسروں کو بھی اللہ کی راہ یعنی دینِ حق سے بے سمجھے بوجھے گمراہ کرے اور اسی گمراہ کرنے کیساتھ اس راہِ حق کی ہنسی اُڑادے تاکہ دوسروں کے دل سے بالکل اس کی وقعت اور تاثیر نکل جاوے تب تو کفر بر کفر اور ضلال کے ساتھ اضلال بھی ہے اور ایسے لوگوں کیلئے آخرت میں ذلت کا عذاب ہونے والا ہے جیسا کہ اسکے اضداد کیلئے فلاح کا ہونا معلوم ہوا اور اس شخص مذکور کے اعراض کی یہ حالت ہے کہ جب اسکے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ شخص تکبر کرتا ہوا ایسی بے التفاتی سے منہ موڑ لیتا ہے جیسے اس نے سنا ہی نہیں جیسے اس کے کانوں میں ثقل ہے یعنی جیسے بہرا ہے سو اس شخص کو ایک دردناک عذاب کی خبر سنا دیجئے یہ تو اعراض کرنیوالے کی سزا کا بیان ہوا، آگے اہلِ ہدیٰ کی جزاء کا بیان ہے کہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کیلئے عیش کی جنتیں ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے، یہ اللہ نے سچا وعدہ فرمایا ہے اور وہ زبردست حکمت والا ہے، پس کمالِ قدرت سے یہ وعدہ اور وعید کو واقع کر سکتا ہے اور حکمت سے اس کو حسبِ وعدہ واقع کریگا۔

❸ آیات کا شانِ نزول:۔ ان آیات کا شانِ نزول ایک خاص واقعہ ہے کہ نضر بن حارث مشرکینِ مکہ میں سے ایک بڑا تاجر تھا اور تجارت کیلئے مختلف ملکوں کا سفر کرتا تھا وہ ملکِ فارس سے شاہانِ عجم کسریٰ وغیرہ کے تاریخی قصے خرید کر لایا اور مکہ کے مشرکین سے کہا کہ محمد ﷺ تم کو قومِ عاد اور ثمود وغیرہ کے واقعات سناتے ہیں میں تمہیں ان سے بہتر رستم اور اسفندیار اور دوسرے شاہانِ فارس کے قصے سناتا ہوں۔ یہ لوگ اس کے قصہ کو شوق و رغبت سے سننے لگے کیونکہ ان میں کوئی تعلیم تو تھی نہیں جس پر عمل کرنے کی مشقت اُٹھانی پڑے صرف لذیذ قسم کی کہانیاں تھیں ان کی وجہ سے بہت سے مشرکین جو اس سے پہلے کلامِ الٰہی کے اعجاز اور یکتائی کی وجہ سے اس کو سننے کی رغبت رکھتے اور چوری چوری سنا بھی کرتے تھے ان لوگوں کو قرآن سے اعراض کا بہانہ ہاتھ آ گیا اور درمنثور میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ مذکور الصدر تاجر باہر سے ایک گانے والی کنیز، لونڈی خرید کر لایا تھا اور اس کے ذریعہ اس نے لوگوں کو قرآن سننے سے روکنے کی یہ صورت نکالی کہ جو لوگ قرآن سننے کا ارادہ کریں اپنی اس کنیز سے ان کو گانا سنواتا تھا اور کہتا تھا کہ محمد تم کو قرآن سنا کر کہتے ہیں نماز پڑھو، روزہ رکھو اور اپنی جان دو جسمیں تکلیف ہی تکلیف ہے آؤ تم یہ گانا سنو اور جشنِ طرب مناؤ۔ قرآن کریم کی مذکورہ آیات اسی واقعہ پر نازل ہوئیں اور اس میں اشتر الھو الحدیث سے وہ قصے، کہانیاں شاہانِ عجم کی یا یہ لونڈی گانے والی مراد ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

④ کلماتِ مخطوطہ کی لغوی تشریح:۔ "الحدیث" اسم ہے اس کی جمع احادیث ہے بمعنی بات، خبر۔
"لھو" اسم ہے بمعنی کھیل کود، وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ مصدر لَھْوًا (نصر) بمعنی کھیلنا۔
"ھُزُوًا" اسم ہے بمعنی مذاق۔ ھَزِئَ یَھْزَؤُ (سمع) بمعنی ٹھٹھا، مذاق کرنا۔ "وَقْرًا" اسم ہے اس کی جمع أَوْقَارٌ ہے بمعنی بوجھ۔
"وَلّٰی" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف از مصدر تولیہ (تفعیل) بمعنی پیٹھ پھیرنا۔

⑤ مستکبرًا اور حقًّا کے منصوب ہونے کی وجہ:۔ مستکبرًا وَلّٰی کی ضمیر فاعل سے حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ حقًّا وعدًا مفعول مطلق محذوف کی صفت ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

⑥ لھو الحدیث کی مراد:۔ اسکے معنی اور تفسیر میں مفسرین کے مختلف اقوال ہیں۔ حضرت ابن مسعود، ابن عباس اور جابر رضی اللہ عنہم کی ایک روایت میں اس کی تفسیر گانے بجانے سے کی گئی ہے اور جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم اور عام مفسرین کے نزدیک لہوالحدیث ان تمام چیزوں کو شامل ہے جو انسان کو اللہ کی عبادت سے غافل کردے اس میں غناء مزامیر بھی داخل ہیں اور بیہودہ قصے کہانیاں بھی، امام بخاریؒ نے اپنی کتاب الادب المفرد میں اور بیہقی نے اپنی سنن میں لہوالحدیث کی یہی تفسیر اختیار کی ہے یعنی لہوالحدیث سے مراد گانے اور اس کے مشابہ جو دوسری چیزیں ہیں اور سنن بیہقی میں ہے کہ اشتراء لہوالحدیث سے مراد گانے بجانے والے مرد یا عورت کو خریدنا یا اس کی مثال ایسی بیہودہ چیزوں کو خریدنا ہے جو اللہ کی یاد سے غافل کردیں، ابن جریر نے بھی اسی عام معنی کو اختیار فرمایا ہے اور ترمذی کی روایت سے بھی یہی عموم ثابت ہوتا ہے جس میں حضور ﷺ کا یہ ارشاد ہے کہ گانے والی لونڈیوں کی تجارت نہ کرو۔

**الشق الثانی** ...... يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا۔ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا۔ (پ۲۱۔ احزاب: ۲۸،۲۹)

آیات کا سلیس ترجمہ تحریر کریں، اختصار کے ساتھ ان آیات کا شانِ نزول بیان کریں۔ خط کشیدہ کلمات کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کا شانِ نزول (۳) کلماتِ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق

**جواب** ...... ① آیات کا ترجمہ:۔ اے نبی! کہہ دیجئے اپنی بیویوں کو اگر ارادہ کرتی ہو تم دنیا کی زندگی کا اور اس کی زیب و زینت کا پس آؤ تم سامان دیدوں میں تم کو اور رخصت کردوں میں تم کو اچھے طریقے سے اور اگر ارادہ رکھتی ہو تم اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور آخرت کے گھر کا بے شک اللہ تعالیٰ نے احسان کرنے والیوں کے لئے تم میں سے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔

② آیات کا شانِ نزول:۔ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کی ازواجِ مطہرات نے آپ ﷺ سے کچھ زیادہ خرچ کی درخواست کی، رسول اللہ ﷺ کو ان کا یہ مطالبہ اچھا نہ لگا تو آپ ﷺ نے قسم کھائی کہ ایک مہینہ تک ان کے پاس نہیں جاؤں گا، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں یہ بات مشہور ہوگئی کہ آپ ﷺ نے اپنی بیویوں کو طلاق دیدی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں اس کی خبر لاتا ہوں، انہوں نے خدمتِ عالی میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ مسجد میں بہت سارے لوگ موجود ہیں اور وہ یوں کہہ رہے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا میں نے طلاق نہیں دی، جب ۲۹ دن گزر گئے تو آیتِ تخییر یعنی یاایھا النبی قل لازواجک الخ نازل ہوئی تو آپ ﷺ نے آیتِ شریفہ کے مضمون کے مطابق اپنی بیویوں کو اختیار دیدیا اگر چاہو تو دنیا کا سامان لے لو اور ساتھ ہی یہ سمجھ لو کہ میں تمہیں طلاق دے دوں گا اور اگر چاہو تو میرے ہی پاس رہو لیکن اس صورت میں مطلوبہ اخراجات کا کوئی مطالبہ نہیں، ہاں یہ وعدہ ہے کہ نیک کام کرتی رہو گی تو اللہ کی طرف سے اجر عظیم دیا جائے گا۔

دوسری آیت میں اشارۃً قومی لسانی وخاندانی فخر وتکبر سے منع کیا گیا ہے کہ تم سب انسان ایک ہی مرد وعورت (حضرت آدم و اماں حوا علیہما السلام) کی اولاد ہو، یہ خاندان وقبیلے وغیرہ محض تمہاری شناخت وپہچان کیلئے ہیں، کسی خاندان وقبیلے کو دوسرے خاندان وقبیلے پر کوئی برتری حاصل نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم میں سے زیادہ معزز ومکرم وہ ہے جو تم میں سے زیادہ متقی وپرہیزگار ہے، بیشک اللہ تعالیٰ سب معاملات سے باخبر ہے۔

❸ **ظن کی مراد:۔** امام قرطبیؒ نے فرمایا کہ یہاں ظن سے مراد تہمت ہے یعنی کسی پر کسی قوی دلیل کے بغیر گناہ یا عیب کا الزام لگانا۔

❹ **غیبت کی تعریف وجائز صورتیں:۔** غیبت: کسی کی عدم موجودگی میں اسکے متعلق کوئی ایسی بات کہنا جس کو وہ سنتا تو اس کو ایذاء ہوتی اگرچہ وہ سچی بات ہی ہو۔ عام حالات میں غیبت ناجائز وحرام ہے البتہ درج ذیل صورتوں میں جائز ہے۔

① مظلوم سلطان وحاکم کے سامنے ظالم کے ظلم کو بیان کرے تو یہ غیبت ہے کہ ظالم کی برائیاں اور زیادتیاں بیان ہو رہی ہیں لیکن یہ ظلم سے نجات پانے کیلئے جائز ہے۔ ② نہی منکر اور برائیوں کی اصلاح کے لئے ذکر کرنا اور یہ اس شخص یا ادارے سے کہنا جائز ہے جو قوت اقدام رکھتا ہو۔ ③ استفتاء مسئلہ معلوم کرنے کیلئے کسی کی غلطی بیان کرنا کیونکہ اگر مفتی کے سامنے بات واضح نہ کریگا تو فتویٰ کیسے دیا جائیگا۔ ④ لوگوں کو کسی شریر وفسادی کی شرارتوں کی خبر دینا تاکہ لوگ سنبھل جائیں اور اس کے شر وفساد سے بچ سکیں۔ ⑤ مشورے کے وقت کسی ایک کی رائے میں نقص کے پہلو کو واضح کرنا تاکہ صحیح فیصلہ کی راہ ہموار ہو سکے۔ ⑥ مشتری کو بائع ومبیعہ کا عیب بتانا تاکہ وہ دھوکے سے بچ سکے اور عبد سارق، زانی، شارب خمر کی اطلاع دینا۔ ⑦ ایسے عالم برحق کو کسی مبتدع اور فاسق کی خبر دینا جو اس کے پاس آمد ورفت رکھتا ہو اور استفادہ کرتا ہو تاکہ یہ بھی بدعات وخرافات میں ملوث نہ ہو جائے۔ ⑧ راویوں، گواہوں، مصنفوں کے متعلق جرح کرنا تاکہ غلط فیصلہ اور ان کے تقریری وتحریری شرور سے بچ سکیں۔ ⑨ **مجاھر ومعلن** (ایسا آدمی جو کھلے عام فسق وفجور کا مرتکب ہو) کا ایسے آدمی سے ذکر کرنا جس کے بس میں اس کی درستگی ہو۔ ⑩ ایسے الفاظ جن میں عیب کا معنیٰ ہو لیکن متعارف ہو گئے ہوں کہ اب عیب کا معنیٰ معروف نہ ہو بلکہ بطور علامت استعمال ہوتے ہوں مثلاً **اعمش ازرق اعمی قصیر۔**

❺ **خط کشیدہ جملہ کی ترکیب:۔** اجتنبوا فعل با فاعل کثیرا ممیّز مِن بیانیہ الظنّ بیان، ممیّز بیان ملکر مفعول بہ ہوا اجتنبوا کا، اجتنبوا فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

**الشق الثانی** ...... يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۗ قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝ (پ۲۸۔ تحریم:۱تا۴)

آیات کریمہ کا ترجمہ کریں، مذکورہ واقعے کا شان نزول تحریر کریں، مختصر تفسیر لکھیں۔ کیا بعض معاملات میں نبی کریم ﷺ کو بھی اجتہادی اختیار ہوتا ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کا شان نزول (۳) آیات کی

Maktaba Tul Ishaat.com

جب وہ اللہ کا ذکر و تسبیح کریں تو پہاڑ بھی وہی کلمات دہرائیں اور پرندوں کو بھی حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ پہاڑوں کی طرح مسخر کیا گیا تھا وہ بھی تسبیح کرتے تھے ان کے لئے لوہے کو موم کی طرح نرم بنایا گیا تھا کہ وہ لوہے کی زرہیں اور دیگر آلات آسانی سے بنا سکتے تھے اور ہم نے ان نعمتوں کے شکر کے طور پر داؤد علیہ السلام کو نیک اعمال کرنے کا بھی حکم دیا۔

اسکے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام کا تذکرہ ہے کہ ہم نے ان کے لئے ہوا کو مسخر کیا تھا کہ وہ ہوا ان کے تخت کو لیکر ایک ایک وقت میں ایک مہینہ کی مسافت طے کرتی تھی اور ہم نے ان کے لئے تانبے کا چشمہ بہایا یعنی تانبہ کو ان کے لئے بالکل نرم وسیال کر دیا کہ وہ اس سے آلات کے بغیر ہی مختلف مصنوعات بناتے تھے اور ہم نے جنات کو بھی ان کے تابع کر دیا تھا جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے حکم خداوندی سے طرح طرح کے کام کرتے تھے اور تشریعی طور پر بھی جنات کو تابع کیا گیا تھا کہ اگر کوئی اطاعت سے روگردانی کرے گا تو اس کو آخرت میں عذاب دیا جائے گا۔ چنانچہ وہ جنات حضرت سلیمان علیہ السلام کی منشاء کے مطابق محرابیں، بڑی بڑی عمارتیں، مورتیں، بڑے بڑے حوضوں کی مثل پانی کے برتن وغیرہ بناتے تھے۔ پس فرمایا کہ اے آل داؤد ان سب نعمتوں کے شکر کے طور پر پروردگار کا شکر ادا کرو اس لئے کہ ہمارے بندوں میں شکر گزار لوگ بہت تھوڑے ہیں۔

③ <u>خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق:۔</u> "اسلنا" صیغہ جمع متکلم بحث ماضی معروف از مصدر الاسالۃ (افعال) بمعنی بہانا۔

"اَوِّبِیْ" صیغہ واحد مؤنث بحث امر حاضر معلوم از مصدر تاویب (تفعیل، مہموز واجوف) بمعنی دہرانا و لوٹانا۔

"سَابِغَاتٌ" صیغہ جمع مؤنث بحث اسم فاعل از مصدر سُبُوْغًا (نصر یمنع) بمعنی وسیع وکشادہ ہونا۔

"اَلسَّرْدُ" یہ باب نصر وضرب کا مصدر ہے بمعنی زرہ بنانا۔ "عین القطر" عین بمعنی چشمہ اور قطر بمعنی پیتل۔

"تماثیل" یہ جمع ہے تمثال کی بمعنی مورتیں (صورتیں)۔ "قدور" یہ قدر کی جمع ہے بمعنی ہنڈیا جو ایک ہی جگہ رکھی رہیں۔

"محاریب" یہ محراب کی جمع ہے بمعنی بلند مکان، محاریب سے مراد بقول ضحاکؒ بیت المقدس ہے۔

"جفان" یہ جفنہ کی جمع ہے بمعنی ٹب یا لگن۔ "کالجواب" یہ جابیۃ کی جمع ہے بمعنی چھوٹا حوض۔

④ <u>الریح اور آل داؤد کے منصوب ہونے کی وجہ:۔</u>

الریح: یہ سَخَّرْنَا فعل محذوف کا مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے ای سخرنا الریح۔

آل داؤد: یہ منادیٰ مضاف ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور حرف ندا محذوف ہے۔

⑤ <u>حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام کے معجزات:۔</u> حضرت داؤد علیہ السلام کا پہلا معجزہ اور مخصوص صفت یہ تھی کہ آپ کو ایسی خوش آوازی عطا کی گئی تھی کہ جب آپ زبور کی تلاوت کرتے تھے تو ہوا میں اڑتے ہوئے پرندے سننے کو جمع ہو جاتے تھے۔ اسی طرح جب آپ اللہ تعالیٰ کی تسبیح میں مصروف ہوتے تو پرندے اور پہاڑ بھی ساتھ شریک ہو جاتے تھے۔ دوسرا معجزہ یہ کہ لوہے کو موم کی طرح نرم کر دیا گیا تھا کہ آپ بغیر مشقت لوہے کی زرہیں تیار کر لیتے تھے۔ آپ کے معجزات میں یہ بھی لکھا ہے کہ آپ سے قبل نبوت اور سلطنت دو الگ الگ لوگوں کے پاس ہوتی تھیں مگر آپ پہلے آدمی ہیں کہ آپ بیک وقت نبی اور بادشاہ دونوں تھے، اس کے باوجود اپنے بیوی بچوں کا گذر اوقات زرہیں بنا کر ان کی محنت مزدوری سے کرتے تھے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کو پہلا معجزہ یہ عطا ہوا کہ اللہ کے راستے میں گھوڑے قربان کرنے کے صلہ میں اللہ تعالیٰ نے ہوا کو آپ

کے تابع کر دیا تھا کہ آپ جہاں چاہتے تھے ہوا آپ کو اور آپ کے پورے تخت و کابینہ کو اٹھا کر وہیں پہنچا دیتی تھی۔ دوسرا معجزہ یہ کہ تانبے جیسی سخت دھات کو پانی کے چشمے کی طرح بہنے والا بنا دیا تا کہ آپ آسانی سے اس کے برتن اور دوسری ضروریات بنا سکیں۔ تیسرا معجزہ یہ کہ جنات کو آپ کے لیے مسخر کر دیا گیا تھا اور جنات نوکر چاکروں کی طرح آپ کے کام کاج نمٹاتے تھے۔

**الشق الثانی** ---- فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ۝ يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ۝ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝ (پ۲۵۔دخان:۱۰تا۱۶)

آیات کا ترجمہ کریں، ان آیات کا مختصر پس منظر اور شانِ نزول بیان کریں، نیز آیات مذکورہ کی جامع تفسیر کریں۔ دخان مبین کی مراد متعین کریں۔ خط کشیدہ کلمات کی صرفی تحقیق تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال کا حل پانچ امور ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کا پس منظر و شانِ نزول (۳) آیات کی تفسیر (۴) دخان مبین کی مراد (۵) کلماتِ مخطوطہ کی صرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** پس انتظار کیجئے اس دن کا جس دن آسمان سے واضح دھواں آئیگا جو ڈھانپ لے گا لوگوں کو یہ دردناک عذاب ہے، اے ہمارے رب! ہم سے عذاب کو ہٹا دے، ہم ایمان لانے والے ہیں، کہاں ہوگا ان کے لئے نصیحت حاصل کرنا حالانکہ آ چکا ان کے پاس واضح رسول پھر انہوں نے اس سے پیٹھ پھیر لی اور کہنے لگے کہ یہ جادو سکھایا ہوا ہے، دیوانہ ہے۔ بیشک ہم یہ عذاب تھوڑی مدت تک کے لئے کھول (ہٹا) دیتے ہیں یقیناً تم دوبارہ اُسی حالت پر لوٹ جاؤ گے، جس دن ہماری طرف سے بڑی پکڑ ہوگی، بیشک ہم اُس دن پورا بدلہ وانتقام لے لیں گے۔

❷ **آیات کا پس منظر اور شانِ نزول:۔** صحیح مسلم میں حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک بالا خانے سے ہم پر نظر فرمائی، ہم آپس میں علاماتِ قیامت کا تذکرہ کر رہے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک تم دس علامتیں نہ دیکھ لو ان میں سے ایک دخان بھی ہے، جس کا تذکرہ اس آیت میں مذکور ہے۔

❸ **آیات کی تفسیر:۔** اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ لوگ حق واضح ہونے کے باوجود نہیں مانتے تو آپ ﷺ ان کے لیے اس دن کا انتظار کیجئے کہ جب آسمان پر ایک دھواں پیدا ہوگا، جو ان سب کو اپنی لپیٹ میں لے لیگا۔ یہ ایک دردناک سزا ہوگی۔ جب یہ عذاب نازل ہوگا اس وقت یہ عرض کریں گے کہ اے پروردگار! اس عذاب ومصیبت کو ہم سے دور کر دے ہم ایمان لاتے ہیں۔ مگر ان کا یہ وعدہ بھی صدقِ دل سے نہیں ہے کیونکہ ان کے پاس واضح معجزات ودلائل والا پیغمبر آیا اور انہوں نے اس کا انکار کیا اور یہی کہتے رہے کہ یہ دیوانہ دکھلایا ہوا ہے پس انہوں نے اس پیغمبر کو تسلیم نہیں کیا۔ لہٰذا ان کے ایمان لانے کی کوئی امید نہیں ہے، یہ محض وقتی ٹالنا ہے، اگر ہم ان سے عذاب کو دور کر دیں تو یہ سب دوبارہ اپنی سابقہ حالت پر لوٹ جائیں گے۔

آخر میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس عذاب کے ٹلنے کی مدت صرف دنیوی زندگی میں ہے پھر مرنے کے بعد جو عذاب ومصیبت آئے گی اس کا خاتمہ نہ ہوگا وہ سخت پکڑ اور پوری پوری سزا ہوگی۔

❹ **دخـان مبین کی مراد:۔** اس کے متعلق حضرات صحابہ وتابعین سے تین قول منقول ہیں ① دخـان مبین علامات

Maktaba Tul Ishaat.com

قیامت میں سے ایک علامت ہے جو قرب قیامت میں واقع ہوگی، یہ ایک دھواں ہوگا جس سے مؤمن کو ایک طرح کا زکام پیدا ہوگا اور کافر کے تمام بدن میں بھر جائے گا ② یہ پیشین گوئی ہے جو واقع ہو چکی ہے اور اس کا مصداق مکہ مکرمہ کا قحط ہے جو آپ ﷺ کی بددعا سے ان پر مسلط ہوا تھا، بھوک اور پیاس کی شدت سے کمزوری کی وجہ سے ان کو آسمان پر دھواں نظر آتا تھا ③ دخان سے مراد وہ گرد وغبار ہے جو فتح مکہ کے روز مکہ مکرمہ کے آسمان پر چھا گیا تھا۔ (معارف القرآن)

⑤ **کلمات مخطوطہ کی صرفی تحقیق:۔** "کاشفوا" صیغہ جمع مذکر بحث اسم فاعل از مصدر کَشْفًا (ضرب، صحیح) بمعنی کھولنا۔

"فارتقب" صیغہ واحد مذکر حاضر امر حاضر معلوم از مصدر ارتقاب (افتعال، صحیح) بمعنی انتظار کرنا۔

"یغشی" صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر غَشْیًا وغِشَایَۃً (سمع، ناقص) بمعنی نازل ہونا وڈھانکنا۔

"عائدون" صیغہ جمع مذکر بحث اسم فاعل از مصدر عَوْدًا (نصر، اجوف) بمعنی لوٹنا۔

"منتقمون" صیغہ جمع مذکر بحث اسم فاعل از مصدر انتقاما (افتعال، صحیح) بمعنی سزا وبدلہ دینا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۴۰ھ

**الشق الاوّل** ...... يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ (پ۲۶۔ حجرات ۱۲،۱۳)

آیات کا ترجمہ وتفسیر کریں، ظن سے یہاں کیا مراد ہے؟ نیز بتائیں کہ غیبت کس کو کہتے ہیں اور غیبت کی جائز صورتیں کون کونسی؟ خط کشیدہ آیت کی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) آیات کا ترجمہ (۲) آیات کی تفسیر (۳) ظن کی مراد (۴) غیبت کی تعریف وجائز صورتیں (۵) خط کشیدہ جملہ کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ **آیات کا ترجمہ:۔** اے ایمان والو! بچو تم بہت زیادہ بدگمانیاں کرنے سے بیشک بعض بدگمانیاں گناہ ہیں اور نہ کسی کی عیب جوئی کرو اور نہ کسی کی غیبت کرو یعنی تمہارا بعض بعض کی غیبت نہ کرے، کیا تم سے کوئی یہ بات پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے، سو اس کو تم ناپسند سمجھتے ہو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اے ایمان والو! بیشک ہم نے تمہیں ایک مذکر ومؤنث (جوڑے) سے پیدا کیا اور ہم نے تمہاری باہم پہچان کیلئے خاندان و قبیلے بنائے، بیشک تم میں سے زیادہ مکرم اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں سے زیادہ تقویٰ والا ہے، بیشک اللہ تعالیٰ سب جاننے والا خبر رکھنے والا ہے۔

❷ **آیات کی تفسیر:۔** اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچا کرو کیونکہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں اس لئے ظن وگمان کی جتنی قسمیں ہیں ان سب اقسام کے احکام کی تحقیق کرلیا کرو کہ کون سا گمان جائز ہے اور کون سا ناجائز ہے، پھر جائز کی حد تک رہو اور کسی کے عیب کا سراغ نہ لگایا کرو اور کوئی کسی کی غیبت بھی نہ کیا کرے۔ آگے غیبت کی مذمت ہے کہ کیا تم میں کوئی اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے اس کو تو تم ضرور برا سمجھتے ہو، تو سمجھ لو کہ کسی کی بھائی کی غیبت بھی اسی کے مشابہ ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو یعنی غیبت چھوڑ دو توبہ کرلو، بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

سے ڈرتے رہو یعنی غیبت چھوڑ دو تو بہ کرلو، بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

دوسری آیت میں اشارۃً قومی لسانی و خاندانی فخر و تکبر سے منع کیا گیا ہے کہ تم سب انسان ایک ہی مرد و عورت (حضرت آدم و اماں حوا علیہا السلام) کی اولاد ہو، یہ خاندان و قبیلے وغیرہ محض تمہاری شناخت و پہچان کیلئے ہیں، کسی خاندان و قبیلے کو دوسرے خاندان و قبیلے پر کوئی برتری حاصل نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم میں سے زیادہ معزز و مکرم وہ ہے جو تم میں سے زیادہ متقی و پرہیزگار ہے، بیشک اللہ تعالیٰ سب معاملات سے باخبر ہے۔

③ **ظن کی مراد:۔** امام قرطبیؒ نے فرمایا کہ یہاں ظن سے مراد تہمت ہے یعنی کسی پر کسی قوی دلیل کے بغیر گناہ یا عیب کا الزام لگانا۔

④ **غیبت کی تعریف و جائز صورتیں:۔** غیبت: کسی کی عدم موجودگی میں اسکے متعلق کوئی ایسی بات کہنا جس کو وہ سنتا تو اس کو ایذاء ہوتی اگر چہ وہ سچی بات ہی ہو۔ عام حالات میں غیبت ناجائز و حرام ہے البتہ درج ذیل صورتوں میں جائز ہے۔

① مظلوم سلطان و حاکم کے سامنے ظالم کے ظلم کو بیان کرے تو یہ غیبت ہے کہ ظالم کی برائیاں اور زیادتیاں بیان ہو رہی ہیں لیکن یہ ظلم سے نجات پانے کیلئے جائز ہے۔ ② نہی منکر اور برائیوں کی اصلاح کے لئے ذکر کرنا اور یہ اس شخص یا ادارے سے کہنا جائز ہے جو قوت اقدام رکھتا ہو۔ ③ استفتاء مسئلہ معلوم کرنے کیلئے کسی کی غلطی بیان کرنا کیونکہ اگر مفتی کے سامنے بات واضح نہ کریگا تو فتویٰ کیسے دیا جائیگا۔ ④ لوگوں کو کسی شریر و فسادی کی شرارتوں کی خبر دینا تاکہ لوگ سنبھل جائیں اور اس کے شر و فساد سے بچ سکیں۔ ⑤ مشورے کے وقت کسی ایک کی رائے میں نقص کے پہلو کو واضح کرنا تاکہ صحیح فیصلہ کی راہ ہموار ہو سکے۔ ⑥ مشتری کو بائع و مبیعہ کا عیب بتانا تاکہ وہ دھوکے سے بچ سکے اور عبد سارق، زانی، شارب خمر کی اطلاع دینا۔ ⑦ ایسے عالم برحق کو کسی مبتدع اور فاسق کی خبر دینا جو اس کے پاس آمد و رفت رکھتا ہو اور استفادہ کرتا ہو تاکہ یہ بھی بدعات و خرافات میں ملوث نہ ہو جائے۔ ⑧ راویوں، گواہوں، مصنفوں کے متعلق جرح کرنا تاکہ غلط فیصلہ اور ان کے تقریری و تحریری شرور سے بچ سکیں۔ ⑨ مجاھر و معلن (ایسا آدمی جو کھلے عام فسق و فجور کا مرتکب ہو) کا ایسے آدمی سے ذکر کرنا جس کے بس میں اس کی درستگی ہو۔ ⑩ ایسے الفاظ جن میں عیب کا معنی ہو لیکن متعارف ہو گئے ہوں کہ اب عیب کا معنی معروف نہ ہو بلکہ بطور علامت استعمال ہوتے ہوں مثلاً اعمش ازرق اعمی قصیر۔

⑤ **خط کشیدہ جملہ کی ترکیب:۔** اجتنبوا فعل بافاعل کثیرا ممیّز من بیانیہ الظن بیان، ممیّز بیان ملکر مفعول بہ ہوا اجتنبوا کا، اجتنبوا فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

**الشق الثانی** ...... يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝ (پ۲۸، تحریم: ۱تا۴)

آیات کریمہ کا ترجمہ کریں، مذکورہ واقعے کا شان نزول تحریر کریں، مختصر تفسیر لکھیں۔ کیا بعض معاملات میں نبی کریم ﷺ کو بھی اجتہادی اختیار ہوتا ہے؟

Maktaba Tul Ishaat.com

تفسیر (۴) آپ ﷺ کا اجتہادی اختیار۔

جواب ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اے نبی! تو کیوں حرام کرتا ہے اس چیز کو جو اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے حلال کی ہے اپنی ازوج کی رضامندی وخوشنودی حاصل کرنے کیلئے اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے، تحقیق اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تمہاری قسموں کو کھولنے کا طریقہ مقرر کردیا ہے اور اللہ تعالیٰ ہی تمہارا مالک ہے اور وہ جاننے والا حکمت والا ہے، اور جب آپ ﷺ نے اپنی کسی بیوی سے کوئی بات چھپا کر کہی پھر جب اس بیوی نے اس بات کی خبر کردی اور اللہ تعالیٰ نے یہ خبر آپ ﷺ پر ظاہر کردی تو آپ ﷺ نے اس کا کچھ حصہ جتلا دیا اور کچھ حصہ ٹال گئے، پھر جب آپ ﷺ نے اس بیوی کو وہ بات جتلائی تو اس نے کہا کہ آپ کو کس نے خبر دی؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جاننے والی باخبر ذات نے مجھے خبر دی ہے، اگر تم دونوں اللہ کے حضور توبہ کرتی ہو بس بے شک تم دونوں کے دل مائل ہو گئے ہیں، اور اگر تم دونوں بیویاں نبی کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرو تو بے شک اللہ اور جبرئیل اور نیک صالح مؤمن اسکے رفیق ہیں اور اسکے علاوہ فرشتے بھی اسکے مددگار ہیں۔

❷ آیات کا شان نزول:۔ حضور اقدس ﷺ کا معمول تھا کہ عصر کے بعد اپنی تمام ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے پاس تھوڑی تھوڑی دیر کے لئے تشریف لے جایا کرتے تھے، اسی معمول کے مطابق آپ ﷺ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے گئے تو انہوں نے آپ کو شہد پیش کیا جو آپ نے پیا، اس کے بعد آپ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے تو دونوں نے پوچھا کہ کیا آپ نے مغافیر کھایا ہے؟ (مغافیر ایک گھاس کا نام ہے جس میں کچھ بُو ہوتی تھی) آپ نے نفی میں جواب دیا تو انہوں نے پوچھا کہ آپ کے منہ میں یہ بُو کیسی ہے؟ آپ کو اس سے شبہ ہوا کہ شاید جو شہد میں نے پیا تھا، اُس کی مکھی نے مغافیر چوسا ہو چونکہ آپ کو اپنے مبارک منہ سے کوئی ناگوار بُو محسوس ہونا انتہائی ناپسند تھا، اس لئے آپ ﷺ نے اُس وقت یہ قسم کھالی کہ میں آئندہ شہد نہیں پیئوں گا، اُس پر یہ آیات نازل ہوئی۔ (آسان ترجمہ ص ۱۷۶۵)

❸ آیات کی تفسیر:۔ شان نزول میں مذکورواقعہ پر تنبیہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے نبی! اپنی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کی دلجوئی وخوشنودی کیلئے اللہ تعالیٰ کی حلال کردہ چیز کو اپنے اوپر حرام کیوں کرتے ہو؟ یہ کلام اگر چہ ازروئے شفقت ہے مگر اسمیں بھی جواب طلبی وخلاف اولیٰ ہونا ظاہر ہوتا ہے اسلئے ازروئے شفقت خود ہی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ گناہوں کو بخشنے والا اور مہربانی کرنے والا ہے اور آپ ﷺ سے ویسے بھی گناہ سرزد وصادر نہیں ہوا چونکہ آپ ﷺ نے اس واقعہ میں شہد نہ کھانے کی قسم کھائی تھی اسلئے اللہ تعالیٰ اس قسم کو توڑنے اور اسکا کفارہ ادا کرنے کے متعلق فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری قسموں کو کھولنے یعنی تمہارے حرام کردہ امور کو دوبارہ تمہارے لئے حلال کرنے کا طریقہ مقرر کردیا ہے اور وہ اپنے علم وحکمت سے تمہاری مصلحتوں وضرورتوں کو جانتے ہوئے تمہاری بہت سی دشواریوں کا آسان حل بیان کرتا رہتا ہے اسلئے کہ وہ بڑا علم وحکمت والا ہے۔

آگے اللہ تعالیٰ اُسی واقعہ کو اشارۃً ذکر کرتے ہیں کہ اُس وقت کو یاد کرو جب آپ ﷺ نے دیگر ازواج سے چھپاتے ہوئے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے سامنے یہ قسم کھائی تھی تاکہ شہد والی زوجہ محترمہ کی دل شکنی نہ ہو مگر حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتلادی اور اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اسکی خبر کردی آپ ﷺ نے اشارۃً حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو اس کے متعلق ذکر کیا کہ تم نے میری بات دیگر ازواج کو بتادی ہے تو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا کہ آپ ﷺ کو کس نے خبر دی کہ میں نے یہ بات بتلا

دی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے اُس ذات نے باخبر و مطلع کیا ہے جو ہر چیز کو جاننے والی اور ہر چیز سے باخبر ہے، بعض روایات کے مطابق آپ ﷺ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو اپنے بعد کے جانشینوں کے متعلق بتلایا تھا کہ میرے بعد تیرا والد اور عائشہ کا والد میرے جانشین ہونگے اور یہ بات چھپائے رکھنا، مگر حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتلا دی۔

آخری آیت میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا و حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو خطاب ہے کہ تمہارے دل ایک طرف جھک گئے ہیں اور تم نے وہ بات پسند کی جو حضور ﷺ کو ناپسند تھی اسلئے اگر تم دونوں اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ کرو تو یہ تمہارے لئے بہتر ہوگا اور اگر تم دونوں رسول اللہ کیخلاف ایک دوسرے کا تعاون کروگی تو تمہیں کامیابی نہیں ملے گی اسلئے کہ خود باری تعالیٰ فرشتوں کے سردار جبرئیل امین، آپ ﷺ کے متبعین وانصار اور تمام فرشتے آپ ﷺ کے رفیق و مددگار ہیں۔ (معارف القرآن و مظہری)

❷ آپ ﷺ کا اجتہادی اختیار:۔ انّا انزلنا الیك الکتاب بالحق لتحکم بین الناس بما اراك اللّٰہ کی تفسیر میں مفتی محمد شفیع صاحبؒ لکھتے ہیں کہ آپ ﷺ کو ایسے مسائل میں جن میں قرآن کریم کی کوئی صریح نص نہ ہو اپنی رائے سے اجتہاد کرنے کا حق حاصل تھا اور مہمات کے فیصلوں میں آپ ﷺ بہت سے فیصلے اپنے اجتہاد سے بھی فرماتے تھے۔

وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی کے تحت لکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنی طرف سے باتیں بنا کر اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کریں اسکا قطعاً امکان نہیں، بلکہ آپ ﷺ جو کچھ بھی ارشاد فرماتے ہیں وہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل شدہ ہے۔ وحی کی بہت سی اقسام احادیث بخاری سے ثابت ہیں، ان میں ایک قسم وہ ہے جس کے معنی و الفاظ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوتے ہیں اس کا نام قرآن ہے، دوسری قسم وہ ہے جس میں صرف معانی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوتے ہیں آپ ﷺ ان معانی کو اپنے الفاظ میں ادا فرماتے ہیں اس کا نام حدیث و سنت ہے۔ پھر حدیث میں جو مضمون اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے کبھی وہ کسی معاملہ کا صاف اور واضح فیصلہ و حکم ہوتا ہے اور کبھی کوئی قاعدہ کلیہ بتلایا جاتا ہے اور رسول اللہ ﷺ اس سے اپنے اجتہاد سے احکام نکالتے و بیان کرتے ہیں۔ اس اجتہاد میں غلطی کا امکان رہتا ہے مگر آپ ﷺ و تمام انبیاءؑ کے معصوم ہونے کی وجہ سے انکی خصوصیت یہ ہے کہ وہ جو احکام اپنے اجتہاد سے بیان کرتے ہیں ان میں خطاء واقع ہو جائے تو خطاء پر تنبیہ کے لئے وحی نازل ہو جاتی ہے وہ خطاء برقرار نہیں رہتی (معارف القرآن ج ۸ ص ۱۹۴)

آیت کریمہ ثم انّ علینا بیانہٗ (القیامۃ) میں اللہ تعالیٰ نے نازل کردہ قرآنی وحی کی تفصیل اپنے ذمہ لی ہے اور وانزلنا الیك الذکر لتبین للناس مانزل الیھم (النحل) میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ہم نے یہ قرآن آپ کی طرف نازل کیا ہے تاکہ جو مضامین لوگوں کے پاس بھیجے گئے ہیں آپ ﷺ ان کو کھول کر سمجھا دیں۔ ان دونوں آیتوں کو ملانے سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے بیان کی جو ذمہ داری لی ہے اسکی تکمیل رسول اللہ ﷺ کریں گے اور آپ ﷺ کا بیان اللہ تعالیٰ ہی کا بیان ہوگا۔ (تحفۃ الالمعی ج ا ص ۴۷)

﴿یا ربّ صلّ وسلّم دائما ابدا، علی حبیبک خیر الخلق کلھم﴾

Maktaba Tul Ishaat.com

دی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے اُس ذات نے باخبر و مطلع کیا ہے جو ہر چیز کو جاننے والی اور ہر چیز سے باخبر ہے، بعض روایات کے مطابق آپ ﷺ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو اپنے بعد کے جانشینوں کے متعلق بتلایا تھا کے میرے بعد تیرا والد اور عائشہ کا والد میرے جانشین ہونگے اور یہ بات چھپائے رکھنا، مگر حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتلا دی۔

آخری آیت میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا و حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو خطاب ہے کہ تمہارے دل ایک طرف جھک گئے ہیں اور تم نے وہ بات پسند کی جو حضور ﷺ کو ناپسند تھی اسلئے اگر تم دونوں اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ کر دو تو یہ تمہارے لئے بہتر ہوگا اور اگر تم دونوں رسول اللہ کیخلاف ایک دوسرے کا تعاون کروگی تو تمہیں کامیابی نہیں ملے گی اسلئے کہ خود باری تعالیٰ، فرشتوں کے سردار جبریل امین، آپ ﷺ کے متبعین وانصار اور تمام فرشتے آپ ﷺ کے رفیق و مددگار ہیں۔ (معارف القرآن وطبری)

**❷ آپ ﷺ کا اجتہادی اختیار:۔** **انا انزلنا الیك الکتاب بالحق لتحکم بین الناس بما اراك اللّٰہ** کی تفسیر میں مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ آپ ﷺ کو ایسے مسائل میں جن میں قرآن کریم کی کوئی صریح نص نہ ہو اپنی رائے سے اجتہاد کرنے کا حق حاصل تھا اور مہمات کے فیصلوں میں آپ ﷺ بہت سے فیصلے اپنے اجتہاد سے بھی فرماتے تھے۔

**ومایںطق عن الھوی ان ھوالاوحی یوحٰی** کے تحت لکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنی طرف سے باتیں بنا کر اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کریں اسکا قطعاً امکان نہیں، بلکہ آپ ﷺ جو کچھ بھی ارشاد فرماتے ہیں وہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل شدہ ہے۔

وحی کی بہت سی اقسام احادیثِ بخاری سے ثابت ہیں، ان میں ایک قسم وہ ہے جس کے معنی والفاظ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوتے ہیں اس کا نام قرآن ہے، دوسری قسم وہ ہے جس میں صرف معانی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوتے ہیں آپ ﷺ ان معانی کو اپنے الفاظ میں ادا فرماتے ہیں اس کا نام حدیث وسنت ہے۔ پھر حدیث میں جو مضمون اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے کبھی وہ کسی معاملہ کا صاف اور واضح فیصلہ وحکم ہوتا ہے اور کبھی کوئی قاعدہ کلیہ بتلایا جاتا ہے اور رسول اللہ ﷺ اس سے اپنے اجتہاد سے احکام نکالتے وبیان کرتے ہیں۔ اس اجتہاد میں غلطی کا امکان رہتا ہے مگر آپ ﷺ وتمام انبیاء کے معصوم ہونے کی وجہ سے انکی خصوصیت یہ ہے کہ وہ جو احکام اپنے اجتہاد سے بیان کرتے ہیں ان میں خطاء واقع ہو جائے تو خطاء پر تنبیہ کے لئے وحی نازل ہوجاتی ہے وہ خطاء برقرار نہیں رہتی (معارف القرآن ج ۸ ص ۱۹۴)

آیت کریمہ **ثم ان علینا بیانہ** (القیامۃ) میں اللہ تعالیٰ نے نازل کردہ قرآنی وحی کی تفصیل اپنے ذمہ لی ہے اور **وانزلنا الیك الذکر لتبین للناس مانزّل الیھم** (النحل) میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ہم نے یہ قرآن آپ کی طرف نازل کیا ہے تاکہ جو مضامین لوگوں کے پاس بھیجے گئے ہیں آپ ﷺ ان کو کھول کر سمجھا دیں۔ ان دونوں آیتوں کو ملانے سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے بیان کی جو ذمہ داری لی ہے اسکی تکمیل رسول اللہ ﷺ کریں گے اور آپ ﷺ کا بیان اللہ تعالیٰ ہی کا بیان ہوگا۔ (تحفۃ الالمعی ج ۱ ص ۴۷)

**﴿یا ربّ صلّ وسلّم دائما ابدا، علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم﴾**

# الورقة الثانية

# حديث

## رياض الصالحين

Maktaba Tul Ishaat.com

## ﴿الورقة الثانية: في الحديث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۲۳ھ

**الشق الاوّل** ...... عَنْ أَبِيْ ثَابِتٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ تَعَالٰى الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ. (حدیث:۵۰)

حدیث کا سلیس ترجمہ تحریر کریں، پوری حدیث پر اعراب لگائیں اور مختصر سا مفہوم بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مختصر مفہوم۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ ابوثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صدق دل کے ساتھ اللہ تعالی سے شہادت طلب کرتا ہے اگر چہ وہ اپنے بستر پر فوت ہو تب بھی اللہ تعالی اس کو شہداء کے مراتب کا مستحق ٹھہرائے گا۔

❸ حدیث کا مختصر مفہوم:۔ اس حدیث پاک میں اخلاص نیت کی فضیلت کو بیان کیا جارہا ہے کہ دل میں اخلاص سے نیت کرنے سے بھی اللہ تعالی لوگوں کو شہداء کے مرتبوں پر فائز کردیتا ہے یعنی لڑائی کے میدان میں شہید ہوئے بغیر ہی محض صدق واخلاص کی بناء پر اتنا بلند مرتبہ عطا فرمادیتے ہیں اسکے برخلاف اگر کسی کی نیت خراب ہو تو میدان جہاد میں بہادری سے لڑائی کرنے کے بعد بھی جہنم میں جائیگا۔

**الشق الثانی** ...... عن ابی موسی الأشعری قال: قال رسول الله ﷺ من صلی البردین دخل الجنة.

حدیث کا سلیس ترجمہ تحریر کریں، راوی کے نام کے بعد دومرتبہ قال قال کا لفظ آرہا ہے ان دونوں میں معنی کے اعتبار سے فرق واضح کریں، بردین سے کیا مراد ہے؟ (حدیث:۱۳۲)

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) قال قال میں معنوی فرق (۳) بردین کی مراد۔

**جواب** ...... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جس شخص نے پڑھی دو ٹھنڈی نمازیں تو داخل ہوگا وہ جنت میں۔

❷ قال قال میں معنوی فرق:۔ پہلے قال کا فاعل اسکے اندر ضمیر ہے جوراجع ہے راوی حدیث حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی طرف اور دوسرے قال کا فاعل رسول اللہ ﷺ ہیں، پہلے قال کا معنی ہے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں دوسرے قال کا معنی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے۔

❸ بردین کی مراد:۔ اس سے فجر وعصر کی نماز مراد ہے ان کی تخصیص اسلئے کی کہ ان کا اہتمام کرنے والا دیگر نمازوں کا ضرور اہتمام کریگا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۲۳ھ

**الشق الاوّل** ...... عن ابی هريرة قال: قال رسول الله ﷺ ألا أدلكم علی مايمحو الله به الخطايا و يرفع به الدرجات؟ قالوا: بلی يا رسول الله قال: اسباغ الوضوء علی المكاره وكثرة الخطا الی المساجد وانتظار الصلوة بعد الصلوة فذالكم الرباط. (حدیث:۱۲۶)

حدیث شریف کا اردو میں ترجمہ کریں۔ حدیث کے آخری جملہ کا مفہوم بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کے آخری جملے کا مفہوم۔

**جواب** ...... ① **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں ایسا عمل نہ بتاؤں جس سے اللہ گناہوں کو مٹادے اور درجات کو بلند فرمائے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ضرور یا رسول اللہ، آپ ﷺ نے فرمایا مشقت کے وقت میں مبالغہ کے ساتھ وضو کرنا اور مسجدوں کی طرف زیادہ آمد و رفت رکھنا اور نماز پڑھنے کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا یہی کا نام رباط ہے۔

② **حدیث کے آخری جملے کا مفہوم:۔** فذالکم الرباط رباط کہتے ہیں سرحد کی حفاظت کو کہ دشمنوں سے اس کی حفاظت کرنا تو ان اعمال کو رباط اس لئے کہا گیا کہ ان اعمال سے بھی شیطان سے انسان کی حفاظت ہوتی ہے۔

**الشق الثانی** ......عن عائشة رضی الله عنها قالت: نهاهم النبی عن الوصال رحمة لهم، فقالوا: أنك تواصل قال: انی لست کهیئتکم انی أبیت یطعمنی ربی ویسقینی. (حدیث: ۲۳۰)

حدیث کا اردو میں ترجمہ تحریر کریں، خط کشیدہ جملہ کی نحوی ترکیب کریں، وصال سے کیا مراد ہے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں: (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب (۳) وصال کی مراد۔

**جواب** ...... ① **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ان پر شفقت کرتے ہوئے وصال سے منع فرمایا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا آپ ﷺ تو وصال کرتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا میں تمہاری طرح نہیں ہوں میں رات گزارتا ہوں اس طرح کہ مجھے میرا پروردگار کھلاتا پلاتا ہے (مطلب یہ ہے کہ اللہ مجھ میں اس شخص کی طرح طاقت پیدا کر دیتا ہے جو کھاتا پیتا ہے)۔

② **خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب:۔** انّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اسکا اسم لست فعل ناقص ت ضمیر اس کا اسم کهیئتکم کاف جار هیئتکم مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق کائنا کے ہو کر لست کی خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبر ہو کر انّ کی خبر، انّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

③ **وصال کی مراد:۔** وصال سے مراد یہ ہے کہ مسلسل روزے رکھے جائیں کہ جس کے درمیان نہ افطار ہو نہ سحری ہو، دن رات مسلسل نہ کھایا جائے نہ پیا جائے، اس سے منع فرمایا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱٤۲۳ھ

**الشق الاول** ......وعن ابی بشر قبیصة بن المخارق قال تحملت حمالة فأتیت النبی ﷺ اسأله فیها: فقال أقم حتی تأتینا الصدقة فنأمرلك بها ثم قال یاقبیصة ان المسألة لاتحل الا لأحد ثلاثة: رجل تحمل حمالة فحلت له المسألة حتی یصیبها ثم یمسك ورجل أصابته جائحة اجتاحت ماله فحلت له المسألة حتی یصیب قواما من عیش اوقال سدادا من عیش ورجل أصابته فاقة حتی یقول ثلاثة من ذوی الحجی من قومه: لقد أصابت فلانا فاقة فحلت له المسألة حتی یصیب قواما من عیش أوقال: سدادا من عیش فما سواهن من المسألة یاقبیصة سحت یأکلها صاحبها سحتا. (حدیث: ۵۳۶)

Maktaba Tul Ishaat.com

حدیث شریف کا سلیس ترجمہ کرنے کے بعد مختصر تشریح سپردقلم کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾..... اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح۔

**جواب** ..... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو بشر قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ضمانت کو اپنے ذمہ لے لیا اس سلسلہ میں میں آپ ﷺ کی خدمت میں سوال کرنے کی غرض سے حاضر ہوا، آپ ﷺ نے فرمایا ٹھہرو یہاں تک کہ ہمارے پاس صدقے کا مال آئے پھر اس سے تمہاری مدد کریں گے اس کے بعد ارشاد فرمایا اے قبیصہ! سوال کرنا صرف تین آدمیوں کے لئے جائز ہے ① وہ شخص جس نے کسی کی ضمانت اٹھائی اس کے لئے سوال کرنا حلال ہے یہاں تک کہ ضرورت کے مطابق اس کو حاصل کرلے پھر رک جائے ② وہ آدمی جو کسی آفت یا حادثے کا شکار ہو جائے جس نے اس کے مال کو تباہ و برباد کر دیا اس کے لئے بھی اس حد تک سوال کرنا جائز ہے جس سے وہ اپنی گزران کے مطابق مال حاصل کرے ③ وہ شخص جو فاقے کی حالت کو پہنچ جائے یہاں تک کہ اس کی قوم کے تین عقلمند آدمی اس کی گواہی دیدیں کہ فلاں آدمی فاقے میں مبتلا ہے تو اس کے لئے بھی سوال کرنا جائز ہے یہاں تک کہ وہ گزران کے مطابق مال حاصل کرلے یا فرمایا جو اس کی حاجت کو پورا کر دے اس کے سوا اے قبیصہ سوال کرنا حرام ہے اور ایسا سوال کرنے والا حرام کھاتا ہے۔

❷ حدیث کی تشریح:۔ **لاتحل الا لاحد ثلاثة** تین آدمیوں کے سوا کسی کیلئے سوال کرنا جائز نہیں، پہلا شخص وہ ہے جس نے کسی کی ضمانت اٹھائی تو اب اس کیلئے سوال کرنا جائز ہوگا۔ **حمالة** اس مال کو کہتے ہیں جو کسی شخص پر بطور دیت کے لازم ہو گیا ہو کہ اس نے جھگڑے کو نمٹانے کیلئے مال کو اپنے ذمے لے لیا تاکہ وہ قرض ادا ہو جائے تو اب اس کو سوال کرنا جائز ہو جائیگا۔ دوسرا شخص جو کسی آفت و مصیبت مثلاً قحط و سیلاب وغیرہ میں مبتلا ہو گیا اور اس میں اس کا سارا مال ضائع و ہلاک ہو گیا تو اب اس کیلئے بھی سوال کرنا جائز ہوگا۔ تیسرا شخص جو امیر ہو مگر اس پر کوئی ایسی سخت حاجت پیش آجائے مثلاً گھر کا سارا مال چوری ہو گیا یا کسی بھی حادثہ میں وہ فقیر ہو گیا تو اس کیلئے بھی سوال کرنا جائز ہوگا **حتى يقول ثلاثة** اس کی فقیری پر تین سمجھدار آدمی گواہی دیدیں کہ یہ شخص حقیقتاً فقیر ہو گیا یہ مستحب کے درجہ میں ہے دوسرا اس میں یہ بات بھی ہے کہ سوال کرنے کے راستے کو روکنا ہے کہ ہر آدمی سوال کرنا نہ شروع کر دے۔

**الشق الثانی** ..... **عن ابن عباس انّ رسول الله ﷺ قال لو أن لابن آدم واديا من ذهب أحبّ ان يكون له واديان ولن يملأ فاه الاالتراب ويتوب الله على من تاب.** (حدیث:۲۳)

حدیث کا ترجمہ کریں، خط کشیدہ جملہ کی نحوی ترکیب کریں، حدیث کے اخری جملہ کا مفہوم بیان کر کے اس کا ماقبل سے ربط بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾..... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب (۳) آخری جملے کا مفہوم (۴) آخری جملے کا ماقبل سے ربط۔

**جواب** ..... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر آدم علیہ السلام کے بیٹے کو سونے کی ایک وادی مل جائے تو وہ آرزو کرے گا کہ اسے دو وادیاں میسر آجائیں، آدم علیہ السلام کے بیٹے کے منہ کو قبر کی مٹی کے علاوہ کوئی چیز نہیں بھر سکتی اور جو شخص توبہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتے ہیں۔

❷ خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب:۔ **لن يملأ** فعل اس کے اندر ضمیر مستثنیٰ منہ **فاه** مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ **الا** حرف

باستثناء التراب مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❸ آخری جملے کا مفہوم:۔ اس جملے کا حاصل یہ ہے کہ ویسے تو انسان کے اندر طبعی طور پر مال کی حرص غالب ہے اگر ایمان نہ ہو اور خدا تعالیٰ کے ساتھ تعلق نہ ہو تو دنیا کی حرص قبر تک جاتی ہے اور قبر کی مٹی ہی اس کی حرص کو ختم کر سکتی ہے اور اس آخری جملے کا مفہوم یہ ہے کہ اگر آدمی کا اللہ تبارک وتعالیٰ سے تعلق ہو جائے اور آدمی اس تعلق کو مضبوط کرے تو اس سے انسان کو اطمینانِ قلب اور غنائے نفس نصیب ہو جاتا ہے اسی غنائے نفس کی دوسری احادیث میں بڑی کثرت سے ترغیب وارد ہوئی ہے مثلاً آپ ﷺ کی دعاؤں میں یہ ہے رَبِّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَنِیْ۔

❹ آخری جملے کا ماقبل سے ربط:۔ ماقبل میں انسان میں ایک بری خصلت کا ذکر تھا جو انسان کو اندھا کر کے حلال سے حرام کی طرف لے جاتی ہے، آخری جملے میں آپ ﷺ نے اس کا علاج تجویز فرما دیا اور وہ یہ ہے کہ انسان اگر برائیوں سے بچنا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ سے تعلق قائم کرے اللہ تعالیٰ شرور و آفات اور بری خصلوں سے نجات عطاء فرمائیں گے۔

## ﴿الورقة الثانية: فی الحدیث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۲۴ھ

**الشق الاوّل**......عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ قال لیس الشدید بالصّرعة انّما الشدید الذی یملك نفسه عند الغضب ۔ (حدیث:۴۵)

حدیث کا ترجمہ کریں، حدیث کی مختصر تشریح قلمبند کریں، خط کشیدہ جملہ کی نحوی ترکیب کریں اور لفظ صرعة کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح (۳) خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب (۴) صرعة کی لغوی تحقیق۔

**جواب**...... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ طاقتور وہ نہیں ہے جو دوسروں کو پچھاڑ دیتا ہے، طاقتور تو صرف وہ انسان ہے جو غصہ کے وقت اپنے آپ پر قابو رکھے۔

❷ حدیث کی تشریح:۔ اس حدیث میں بتایا جا رہا ہے کہ جسمانی قوت وطاقت پر شجاعت کا مدار نہیں، شجاعت کا مدار صرف قوتِ نفس پر ہے اس کا پتہ اس وقت چلتا ہے جب آدمی انتہائی غیظ و غضب اور اشتعال کی کیفیت میں ہوتا ہے اس وقت میں جو اپنے آپ کو قابو میں رکھے وہ پہلوان ہے۔ بعض علماء نے لکھا ہے کہ نفس کے پچھاڑنے والے کو بڑا پہلوان اسلئے کہا گیا ہے کہ جسم فانی کی روح باقی کے مقابلہ میں کوئی حیثیت نہیں ہوتی تو اب جو اپنے نفسِ امارہ کو پچھاڑ دے گا اس کی حیثیت شریعت کی نگاہ میں جسم کے پچھاڑنے والے سے زیادہ ہوتی ہے۔

❸ خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب:۔ یملك فعل اس کے اندر ضمیر فاعل نفسه مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول بہ عند الغضب مضاف ومضاف الیہ مل کر متعلق ہوا یملك کے، یملك فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❹ صرعة کی لغوی تحقیق:۔ الصرعة صاد پر پیش اور راء پر زبر اس کی اصل عربوں میں یہ ہے کہ جو اکثر لوگوں کو پچھاڑ دے ویسے یہ صرع، صرعًا باب فتح سے ہے بمعنی زمین پر گرا دینا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**الشق الثانی** ......وعن ابی یعلی شداد بن اوس عن النبی ﷺ قال الکیس من دان نفسه وعمل لما بعد الموت والفاجر من اتبع نفسه هواها وتمنی علی الله. (حدیث:۲۱)

پوری حدیث پر مکمل اعراب لگائیں، حدیث شریف کا سلیس ترجمہ کریں، وتمنّی علی اللہ کا مطلب بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) وتمنّی علی اللہ کا مطلب۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ سمجھدار آدمی وہ ہے جو اپنے نفس کا محاسبہ کرتا ہے اور موت کے بعد کی زندگی کے لئے عمل کرتا ہے اور عاجز (نادان) وہ ہے جو خواہشات کی اتباع کرتا ہے اور آرزوؤں کو بڑھاتا رہتا ہے۔

❸ وتمنّی علی اللہ کا مطلب:۔ اس حدیث میں عقلمند اور نادان و بیوقوف کی جو علامت بیان کی گئی ہے انسان کو چاہیے کہ اس علامت کو سامنے رکھ کر اپنی زندگی گزارے اور اپنا محاسبہ کرتا رہے آخری جملے میں بیوقوف کی علامت بیان کی گئی ہے جو اپنے آپ کو خواہشات کے پیچھے لگاتا ہے اور پھر اللہ تعالیٰ پر جھوٹی امیدیں باندھتا ہے یعنی عمل تو کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی مخالفت والے اور اللہ تعالیٰ سے جھوٹی امیدیں باندھ کر کہ اللہ غفور الرحیم ہے اللہ تعالیٰ سے بخشش کی امیدیں رکھتا ہے۔

یاد رکھو اللہ تعالیٰ نے کسی بندے کو محض آرزوؤں کے سہارے نہ دنیا میں کامیاب کیا ہے اور نہ آخرت میں کامیاب کریگا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۲۴ھ

**الشق الاوّل** ......وعن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ لما خلق الله الخلق کتب فی کتاب عنده فوق العرش ان رحمتی تغلب غضبی. (حدیث:۳۱۹)

حدیث کا سلیس ترجمہ تحریر کریں، خط کشیدہ لفظ کی مراد متعین کریں کہ اس سے کون سی کتاب مراد ہے، آخری جملہ کی ترکیب نحوی کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) کتاب کی مراد (۳) آخری جملہ کی نحوی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا فرمایا تو اللہ نے اپنی خاص کتاب جو اس کے عرش کے اوپر ہے اس میں لکھ دیا کہ میری رحمت میرے غصہ پر غالب ہوگی۔

❷ کتاب کی مراد:۔ علامہ خطابی فرماتے ہیں کہ یہاں کتاب سے مراد اللہ جل شانہ کا فیصلہ ہے یا مراد لوح محفوظ ہے جس میں قیامت تک کے احوال کو لکھ دیا ہے۔ اس لوح محفوظ کی حقیقت کیا ہے اس کو بندے جاننے سے قاصر ہیں۔

❸ آخری جملہ کی نحوی ترکیب:۔ انّ حرف مشبہ بالفعل رحمتی مضاف مضاف الیہ ملکر اس کا اسم تغلب فعل اس میں ھی ضمیر راجع بسوئے رحمت اس کا فاعل غضبی مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر انّ کی خبر انّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی** ......وعن ابن عمر قال اخذ رسول الله ﷺ بمنکبی فقال کن فی الدنیا کانک غریب أو عابر سبیل. (حدیث:۴۷۱) حدیث کا ترجمہ کریں، بمنکبی مفرد ہے یا تثنیہ اصل میں کیا تھا، کانک

غریب اور عابر سبیل دونوں کو مشبہ بہ بتلایا گیا ہے دونوں کے مفہوم میں کیا فرق ہے۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) بمنکبی کی وضاحت (۳) غریب اور عابر سبیل میں فرق۔

**جواب** ...... ❶ __حدیث کا ترجمہ:۔__ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے دونوں کندھوں کو پکڑ کر فرمایا کہ دنیا میں اس طرح رہو جس طرح مسافر راہ گیر رہتا ہے۔

❷ __بمنکبی کی وضاحت:۔__ منکبی تثنیہ ہے اصل میں تھا منکبین جب یاء متکلم کی طرف اضافت کی تو اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گر گیا۔ مَنْكِبَيْيَ ہوا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو منکبیّ ہو گیا۔

❸ __غریب اور عابر سبیل میں فرق:۔__ غریب مطلق مسافر کو کہتے ہیں جو کسی جگہ ٹھہرا ہوا ہو یا چل رہا ہو اور عابر سبیل اس مسافر کو کہتے ہیں جو راہ چل رہا ہو۔ پہلی صورت میں مطلب یہ ہے دنیا کے ساتھ تمہارا تعلق صرف اتنا ہو کہ جیسے ایک مسافر آدمی اپنے وطن کے غیر کے ساتھ تعلق رکھتا ہو اور دوسرے کا مطلب یہ ہے کہ دنیا کی چیزوں کے ساتھ اتنی مشغولیت بھی اختیار نہ کرو جن کے ساتھ وہ مسافر مشغول ہوا کرتا ہے بلکہ دنیا کے ساتھ اتنا بھی مشغول نہیں ہونا چاہیے جتنا کہ وہ مسافر جو اپنے گھر جانے کا ارادہ رکھتا ہو وہ مشغول ہوتا ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۲۴ھ

**الشق الاوّل** ......وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ اِيَاسِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْاَنْصَارِيِّ الْحَارِثِيِّ قَالَ ذَكَرَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ يَوْمًا عِنْدَهُ الدُّنْيَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ يَعْنِي التَّقَحُّلَ. (حدیث:۵۱۷)

حدیث کا ترجمہ کرے اعراب لگائیں، عندہ کی ضمیر کا مرجع متعین کریں، بذاذة اور تقحل کی مراد واضح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) عندہ کی ضمیر کا مرجع (۴) بذاذة اور تقحل کی مراد۔

**جواب** ...... ❶ __حدیث پر اعراب:۔__ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ __حدیث کا ترجمہ:۔__ حضرت ابو امامہ ایاس بن ثعلبہ انصاری حارثی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے ایک دن آپ ﷺ کے سامنے دنیا کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم سنتے نہیں ہو کیا تم جانتے نہیں ہو کہ عیش و عشرت کو چھوڑ کر زاہدانہ زندگی بسر کرنا ایمان میں سے ہے یقیناً سادگی ایمان کا حصہ ہے اس سے مراد آپ ﷺ کی تکلفات اور زیب و زینت کی چیزوں کا ترک ہے۔

❸ __عندہ کی ضمیر کا مرجع:۔__ عندہ کی ضمیر کا مرجع رسول اللہ ﷺ ہیں۔

❹ __بذاذة اور تقحل کی مراد:۔__ بذاذة کا معنی حالت کا خستہ ہونا یعنی بالوں وغیرہ کا بکھرا ہوا ہونا اور فاخرہ لباسوں کا چھوڑ دینا اور سادگی کی زندگی بسر کرنا ہے۔ تقحل کا لغوی معنی تو یہ ہے کہ خشک زندگی گزارنے کی وجہ سے کھال کا خشک ہو جانا، مراد اس سے تکلفات اور زیب و زینت کی چیزوں کا ترک کر دینا ہے، ان چیزوں کو آپ ﷺ نے ایمان کی علامت قرار دیا ہے۔

**الشق الثانی** ......بَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ الصَّالِحَةِ فَسَتَكُوْنُ فِتَنٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا

Maktaba Tul Ishaat.com

وَيُمْسِيْ كَافِرًا وَيُمْسِيْ مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا يَبِيْعُ دِيْنَهٗ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا ۔ (حدیث:۸۷)

حدیث شریف کی عبارت پر مکمل اعراب لگائیے، سلیس ترجمہ کیجئے، مکمل تشریح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پراعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پراعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ نیک کاموں کے کرنے میں جلدی کرو عنقریب تاریک رات کے حصوں کی مانند فتنے رونما ہوں گے صبح کے وقت آدمی ایماندار ہے تو شام کو کافر ہو جائے گا اور شام کو ایماندار ہے تو صبح کو کافر ہو جائے گا، دنیا کے مال ومتاع کے لئے دین کو فروخت کردیگا۔

❸ حدیث کی تشریح:۔ اس حدیث میں ترغیب ہے کہ آدمی اپنی مشغولیت اور معذوریت کے آنے سے پہلے نیک اعمال کرلے عنقریب تاریک رات کے حصوں کی مانند فتنے رونما ہوں گے اس میں قرب قیامت کی علامت کا بیان ہے کہ قیامت کے قریب پےدر پے فتنوں کا ظہور ہوگا اور وہ فتنے ایسے ہولناک ہوں گے کہ آدمی اپنے دین وایمان کو بھی بھول جائے گا صبح کو مؤمن تو شام کو کافر شام کو مؤمن تو صبح کو کافر ہوگا پھر دنیا کے حاصل کرنے کی دوڑ میں ایسا لگے گا کہ دنیوی مفادات کے حاصل کرنے کیلئے اپنے دین وایمان کا سودا کرنے میں بھی کوئی تامل نہیں کرے گا، ایسے حالات میں جناب رسول اللہ ﷺ ایمان والوں کو تلقین فرمارہے ہیں کہ ایسے وقت میں اعمال صالحہ میں تاخیر نہ کرنا بلکہ اس کو جلدی سے جلدی کرنے کی کوشش کرنا۔

## ﴿الورقة الثانية: فی الحديث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۲۵ھ

**الشق الاوّل** ...... بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِي الْعُسْرِ وَالْيُسْرِ وَالْمَنْشَطِ وَالْمَكْرَهِ وَعَلٰى اَثَرَةٍ عَلَيْنَا وَعَلٰى اَنْ لَا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَهْلَهٗ اِلَّا اَنْ تَرَوْا كُفْرًا بَوَاحًا عِنْدَكُمْ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى فِيْهِ بُرْهَانٌ وَعَلٰى اَنْ نَقُوْلَ بِالْحَقِّ اَيْنَمَا كُنَّا لَا نَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ ۔ (حدیث:۱۸۶)

حدیث شریف پر مکمل اعراب لگائیے، سلیس ترجمہ کیجئے، مکمل تشریح کیجئے، خط کشیدہ کلمات کی لغوی اور صرفی تشریح لکھیں، کفر بواح سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پراعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق (۵) کفرا بواحا کی مراد۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پراعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ ہم نے رسول اللہ ﷺ (کے ہاتھ پر) تنگی، آسانی، خوشی، ناخوشی میں اور ہم پر ترجیح دینے اور ہم امارت کی اہلیت رکھنے والوں سے امارت پر جھگڑا نہ کرنے پر سمع وطاعت کی بیعت کی، ہاں اگر ظاہرا کفریہ اعمال سرزد ہوں جن پر اللہ کی طرف سے دلیل موجود نہ ہو اور ہر جگہ حق بات کہنے اور اللہ کے احکام میں کسی ملامت کنندہ کی ملامت سے خوفزدہ نہ ہونے پر بھی بیعت کی ہے۔

❸ حدیث کی تشریح:۔ پوری حدیث کا حاصل یہ ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر تنگی، آسانی، خوشی اور ناخوشی ہر حال

میں امیر کی اطاعت کی بیعت کی نیز امارت پر جھگڑا نہ کریں گے اور بلا خوف وخطر ہر جگہ حق بات کہیں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ بھی نہ کریں گے۔

❹ **الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔** "منشط" یہ مصدر میمی ہے نشط نشاطا باب سمع سے بمعنی چست ہونا، ہشاش بشاش ہونا۔

"مکرہ" یہ بھی مصدر میمی ہے کَرِہَ کَرْھًا و کُرْھًا و کراھۃً باب سمع سے بمعنی ناپسند کرنا۔

"بواحا" یہ بھی مصدر ہے بمعنی ایسا ظاہر جس میں تاویل کا احتمال ہو۔ "اثرۃ" یہ اسم ہے بمعنی مشترک چیز کو خاص کرنا۔

❺ **کفراً بواحاً کی مراد:۔** حدیث پاک کا مفہوم یہ ہے کہ جب کسی امیر میں شرائط امارت موجود ہوں اور وہ امارت کا مستحق ہو تو اب اُسکی امارت سے بغاوت یا منازعت جائز نہیں ہاں اگر اس امیر کی طرف سے کفر بواح سامنے آجائے تو اب منازعت جائز ہے، بواح سے مراد یہ ہے کہ کھلم کھلا اس کی حکومت سے اسلام کا نقصان ہو رہا ہو اور کفر کو فائدہ ہو رہا ہو۔

علامہ قرطبیؒ نے کفر بواح کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ تم کو یقین ہو یہ کفر ہی ہے اس کے کفر میں شک نہ ہو تو اب اس صورت میں اس کی امارت کے خلاف منازعت کی جائے گی اور اس کو امارت سے ہٹایا جائے گا۔ علامہ نوویؒ نے کفر بواح کا ترجمہ کیا ہے ایسا گناہ جس پر کھلی دلیل ہو اور اس کے معصیت ہونے میں کوئی شک نہ ہو۔

**الشق الثانی** ......**ألا اخبركم بأهل الجنة؟ كل ضعيف متضعف لواقسم على الله لابره الا اخبركم بأهل النار؟ كل عتل جواظ مستكبر**. (حدیث:۲۵۳)

سلیس ترجمہ کر کے حدیث شریف کی مختصر تشریح کریں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح (۳) خط کشیدہ الفاظ کی صرفی ولغوی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث کا ترجمہ:۔** کیا میں تمہیں جنتیوں کی خبر نہ دوں کہ ہر کمزور جو کمزور سمجھا جاتا ہے اگر وہ اللہ پر قسم کھالے تو اللہ اس کی قسم پوری کر دیتا ہے، کیا میں تمہیں جہنمیوں کی خبر نہ دوں کہ ہر سرکش، بخیل، متکبر آدمی جہنمی ہے۔

❷ **حدیث کی تشریح:۔** اهل الجنة كل ضعيف جنتی آدمی کی علامت بیان کی جارہی ہے کہ ہر وہ شخص جو کمزور ہے لوگوں میں گم نام ہے معاشرے میں کوئی امتیازی مقام اس کا نہیں ہے مگر ایمان وتقویٰ کے اعتبار سے اعلیٰ مقام رکھتا ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ اس کو اللہ جل شانہٗ کی ذات پر اتنا اعتماد ہوتا ہے کہ اگر وہ کسی بات پر قسم کھالے تو پھر اللہ جل شانہٗ اس کی بات کو پورا فرما دیتے ہیں اور جہنمیوں کی علامت میں سے یہ ہے کہ وہ سرکش، بخیل اور متکبر ہوتا ہے۔

❸ **خط کشیدہ الفاظ کی صرفی ولغوی تحقیق:۔** "ضعیف" صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ بمعنی کمزور، حقیر۔

"متضعف" صیغہ واحد مذکر اسم مفعول باب تفعّل بمعنی حقیر، جسے لوگ حقیر سمجھیں۔

"لابرّہ" صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از باب افعال بمعنی قسم پوری کرنا۔

"عتل" عتل عتلاً (ضرب ونصر) بمعنی سختی سے کھینچنا، اَعْتَا (سمع) برائی کی طرف جلدی کرنا یہاں معنی ہے سرکش۔

"جواظ" یہ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ مصدر جوظاً (نصر) بمعنی اکڑ کر اور تکبر سے چلنا۔

"مستکبر" صیغہ واحد مذکر اسم فاعل بمعنی خود کو بڑا سمجھنا، متکبر ہونا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۲۵ھ

**الشق الاول**......ینام الرجل النومة فتقبض الامانة من قلبه فیظل اثرها مثل الوکت ثم ینام النومة فتقبض الامانة من قلبه فیظل اثرها مثل اثر المجل کجمر دحرجته علی رجلك فنفط فتراه منتبرًا ولیس فیه شیئ .(حدیث:۴۰۰)

سلیس ترجمہ کرکے مختصر تشریح کریں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی اور صرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح (۳) خط کشیدہ الفاظ کی صرفی ولغوی تحقیق۔

**جواب**...... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ آدمی نیند سے بیدار ہوگا تو اسکے دل سے امانت چھن جائے گی اور اسکا دھندلا سا اثر باقی رہ جائے گا پھر سو کر نیند سے بیدار ہوگا تو اسکے دل سے باقی ماندہ حصہ بھی نکال لیا جائے گا اور آبلہ کے مانند اثر باقی رہ جائے گا جیسا کہ تو آگ کے انگارے کو اپنے پاؤں پر لڑھکائے اس سے چھالا نمودار ہو جائے اور وہ ابھرا ہوا نظر آئے لیکن اس میں کوئی چیز نہیں۔

❷ حدیث کی تشریح:۔ حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے دلوں میں امانت کا نور پیدا کیا تا کہ اس کی روشنی میں فلاح وصلاح اور ہدایت کے راستہ پر چلیں اور دین وشریعت کے پیروکار بن سکیں مگر جب لوگ اس نعمتِ عظمیٰ کی ناقدری اور گناہوں کا ارتکاب کرنے لگیں گے تو اللہ تعالیٰ یہ نعمت واپس لے لے گا اور ان کے دل سے امانت کا نور نکل جائے گا کہ آدمی سو کر نیند سے بیدار ہوگا سونے سے بعض کے نزدیک حقیقۃً سونا مراد ہے اور بعض کے نزدیک یہ کنایہ ہے غفلت سے کیونکہ سونے سے بھی آدمی غفلت میں چلا جاتا ہے تو مطلب یہ ہے کہ جب وہ خوابِ غفلت سے بیدار ہوں گے تو محسوس کریں گے کہ ان کے قلب کی وہ حالت نہیں رہی جو امانت کی موجودگی میں تھی البتہ امانت کا نشان موجود رہے گا اور پھر کبھی وکت کی طرح ہوگا اور کبھی مجل کی طرح، مجل اگرچہ مصدر ہے یہاں اس سے مراد نفس آبلہ ہے یہ وکت سے کمتر ہے، وکت کسی چیز کے دھبہ کو کہتے ہیں۔

❸ خط کشیدہ الفاظ کی صرفی ولغوی تحقیق:۔ "فیظل" صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معروف از افعال ناقصہ بمعنی دن کا ہونا۔

"الوکت" مصدر ہے بمعنی تھوڑی چیز، تھوڑا سا نشان۔ "جمرد" اسم مصدر ہے بمعنی آگ کی چنگاری۔

"المجل" یہ بھی مصدر ہے بمعنی آبلہ، ہاتھ میں کام کرنے کی وجہ سے آبلہ نکلنا عام لوگ اس کو جھوتہ کہتے ہیں۔

"دحرجته" صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از باب فعللۃ بمعنی لڑھکانا۔

"فنفط" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب سمع بمعنی ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔

**الشق الثانی**......قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ "اَلدُّنْیَا مَلْعُوْنٌ، مَلْعُوْنٌ مَا فِیْهَا اِلَّا ذِکْرَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَمَا وَالَاہُ وَعَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا.(حدیث:۱۳۸۳)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ دنیا کے ملعون ہونے کے کیا معنی ہیں اور ماوالاہ سے کیا مراد ہے؟ الا ذکر اللہ میں مستثنیٰ متصل ہے یا منقطع؟ وجہ بیان کرنے کے ساتھ وضاحت کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور حل طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) دنیا کے ملعون ہونے کا معنی (۴) ماوالاہ کی مراد (۵) مستثنیٰ کی وضاحت۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دنیا ملعون ہے اور جو کچھ بھی اس میں ہے وہ سب ملعون ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کا ذکر اور جو اس کے قریب ہو اور عالم یا متعلم۔

❸ دنیا کے ملعون ہونے کا معنیٰ:۔ دنیا کے ملعون ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور ہے اور دوری کا ذریعہ سبب ہے اس کے ذریعہ سے عام طور پر آدمی رحمت باری تعالیٰ سے دور ہو جاتا ہے۔

❹ ما والاہ کی مراد:۔ اس سے مراد اطاعت باری تعالیٰ ہے کہ سب دنیا ملعون ہے مگر اللہ کا ذکر اور اسکی اطاعت لعنت سے خارج ہے۔

❺ مستثنیٰ کی وضاحت:۔ یہ مستثنیٰ متصل ہے کیونکہ دنیا وما فیہا میں ذکر اللہ وغیرہ ہر چیز داخل وشامل ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۲۵ھ

**الشق الاوّل**...... قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ لَاتَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا وَصَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلَاتَکُمْ تَبْلُغُنِیْ حَیْثُ کُنْتُمْ

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ لاتجعلوا قبری عیدا کی تشریح کریں۔ خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب کریں۔۔ (حدیث ۳۰۲)

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) لا تجعلوا قبری عیدا کی تشریح (۴) جملہ مخلوطہ کی ترکیب۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میری قبر کو عید نہ بنانا اور مجھ پر درود پڑھتے رہنا اس لئے کہ تمہارا درود مجھ تک پہنچتا ہے تم جہاں بھی ہو۔

❸ لا تجعلوا قبری عیدا کی تشریح:۔ اس جملہ کا پہلا مطلب یہ ہے کہ میری قبر کو عید و میلہ کی طرح جشن و خوشی کی جگہ نہ مناؤ بلکہ وہاں عبرت کے لیے اظہار افسوس کیلئے محبت کے اظہار کیلئے آؤ۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ عید کی طرح سال میں ایک آدھ مرتبہ میری قبر کی زیارت کے لئے نہ آؤ بلکہ جس قدر ممکن ہو زیادہ سے زیادہ میری قبر کی زیارت کے لئے آؤ۔

❹ جملہ مخلوطہ کی ترکیب:۔ فا جزائیہ ان حرف مشبہ بالفعل صلاتکم مضاف مضاف الیہ ملکر ان کا اسم تبلغ فعل و فاعل ن وقایہ کیلئے ی ضمیر مفعول بہ حیث مضاف کنتم فعل تم ضمیر فاعل فعل و فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر محلا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ فعل اپنے فاعل، مفعول بہ، مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ان کی خبر، ان اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی**...... اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ وَبِکَ خَاصَمْتُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِعِزَّتِکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِیْ اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَایَمُوْتُ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ یَمُوْتُوْنَ۔ (حدیث ۷۵)

اعراب لگائیں، ترجمہ و تشریح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ اے اللہ میں تیرے لئے فرمانبردار ہو گیا اور تجھ پر ایمان لے آیا اور تیری ذات پر بھروسہ کیا اور تیری

Maktaba Tul Ishaat.com

طرف رجوع کیا اور تیری ذات کی مدد سے میں جھگڑتا ہوں، اے اللہ میں تیری عزت کے ذریعے پناہ مانگتا ہوں تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں کہ جو مجھے گمراہ کرے تو زندہ ہے تجھے موت نہیں آئے گی لیکن تمام جن وانس مرجائیں گے۔

③ حدیث کی تشریح:۔ یہ دعا نبی کریم ﷺ کرتے تھے، نبی کریم ﷺ کا اس دعا کو مانگنا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اس روایت کو نقل کرنا اور محدثین عظام کا پھر محفوظ کرنا ان سب کا واحد مقصد یہی ہے کہ ان دعاؤں کو امت بھی مانگنے کا اہتمام کرے اس دعا کے ترجمہ پر اگر غور کیا جائے تو اس میں دعا کا ایک ایک لفظ اعتقاد کی پختگی اور ایمان کی تازگی اور زیادتی کا سبق دے رہا ہے اور دعا مانگتے وقت آدمی ہمہ تن اللہ کی طرف متوجہ بھی ہوتا ہے اس لئے یہ مزید ایمانی پختگی کا ذریعہ بن جاتی ہے۔

حق تعالیٰ شانہٗ ہر موقع کی مسنون دعا اس کے وقت پر مانگنے کی توفیق نصیب فرمائے، آمین۔

## ﴿الورقة الثانية: فی الحدیث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۲۶ھ

**الشق الاوّل** ......مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَیْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ .(حدیث:۱۶۹)

اعراب لگا کر ترجمہ وتشریح کریں، بدعت کی تعریف کریں، دور حاضر میں پائی جانے والی بدعات میں سے دو وضاحت کے ساتھ لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) بدعت کی تعریف (۵) موجودہ بدعات میں سے دو کی نشاندہی۔

**جواب**...... ① حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

② حدیث کا ترجمہ:۔ جس شخص نے ہمارے دین میں ایسی چیز کو ایجاد کیا جو دین میں سے نہیں ہے پس وہ مردود ہے۔

③ حدیث کی تشریح:۔ اس حدیث میں بدعت کی وضاحت کی جارہی ہے کہ بدعت کیا ہے آپ ﷺ نے حدیث بالا میں اس کو ایسا بیان کیا ہے کہ اس کو ہر ایک سمجھ سکتا ہے اس حدیث کی شرح میں حافظ ابن رجب حنبلیؒ فرماتے ہیں کُلُّ مَنْ اَحْدَثَ فِی الدِّیْنِ مَالَمْ یَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ فَلَیْسَ مِنَ الدِّیْنِ فِیْ شَیْءٍ کہ جس نے دین میں کوئی ایسی چیز نکالی جس کی اجازت اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے نہیں دی تو اس کا دین سے کوئی تعلق نہیں یعنی ہر نئی بات بدعت نہیں ہے۔ بدعت وہ ہے جو دین میں نئی بات نکالی جائے اسی وجہ سے بعض روایات میں امرنا کی جگہ دیننا کے الفاظ بھی وارد ہوئے ہیں تو اس حدیث میں بدعت کے سلسلہ میں نہایت اہم ضابطہ اور قاعدہ بیان کیا گیا ہے اگر اس ضابطے کو سامنے رکھا جائے تو آدمی بدعت کو جان جائیگا اور اس کو چھوڑنا بھی اس کیلئے آسان ہوگا۔

④ بدعت کی تعریف:۔ اس حدیث پاک کی روشنی میں بدعت کی تعریف یہ سمجھ آئی کہ کسی کام کے بدعت ہونے کے لئے دو باتوں کا ہونا ضروری ہے ① اس کام کے دین میں سے ہونے پر کوئی دلیل شرعی قائم نہ ہو ② اس کام کو دین سمجھ کر کیا جائے جس کام میں یہ دونوں باتیں موجود ہوں گی وہ کام بدعت کہلائے گا۔

⑤ موجودہ بدعات میں سے دو کی نشاندہی:۔ ① ایصال ثواب کے لئے کسی مہینہ اور تاریخ کو خاص کرنا کہ اس تاریخ میں اس کام کا زیادہ ثواب ہے تو یہ تاریخ کی تخصیص بدعت ہے ② آنحضرت ﷺ کی ولادت کے موقع پر جلوس نکالنا اور دیگر رسمیں ادا کرنا بھی بدعت ہے کیونکہ یہ دلیل شرعی سے بھی ثابت نہیں ہے اور اسے دین سمجھ کر کیا جاتا ہے۔

**الشق الثالث** ......اِتَّقُوا الظُّلْمَ فَإِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاتَّقُوا الشُّحَّ فَإِنَّ الشُّحَّ أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حَمَلَهُمْ عَلَى أَنْ سَفَكُوْا دِمَائَهُمْ وَاسْتَحَلُّوْا مَحَارِمَهُمْ ۔(حدیث:۴۰۳)

اعراب لگا کر ترجمہ وتشریح کریں خط کشیدہ جملہ کی ترکیب کریں ظلم اور شح میں سے ہر ایک کی مکمل وضاحت کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب (۵) ظلم اور شح کی وضاحت۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ ظلم سے بچو اس لئے کہ ظلم قیامت کے دن تاریکیوں کا باعث ہوگا اور بخل سے بچو اسلئے کہ بخل نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کر ڈالا، بخل نے ان لوگوں کو خونریزی اور محرمات کو حلال کرنے پر برانگیختہ کیا۔

❸ حدیث کی تشریح:۔ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن ظالم کو میدان محشر میں اندھیرے گھیرے ہوئے ہوں گے ان کے پاس وہ نور نہیں ہوگا جو مؤمنین کو ملے گا اس سے ظالم لوگ محروم ہوں گے مگر بعض محدثین کا کہنا ہے کہ اس حدیث میں ظلمات سے مراد تکالیف ومشکلات ہیں کہ قیامت کے دن ظالم لوگ تکالیف اور مشکلات میں گھرے ہوئے ہوں گے اور بخل سے بچو اسلئے کہ بخل نے ہی لوگوں کو ہلاک کیا جو تم سے پہلے تھے اور بخل کی وجہ سے ہی ان لوگوں نے بہت سی حرام چیزوں کو حلال قرار دیا۔

❹ خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب:۔ فا تفصیلیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل الشح اس کا اسم اَهْلَكَ فعل وفاعل مَنْ موصول کَانَ فعل ناقصہ اسکے اندر ضمیر اس کا اسم قبلکم مضاف مضاف الیہ ملکر خبر کَان اپنے اسم وخبر سے ملکر صلہ ہوا، موصول صلہ ملکر مفعول بہ ہوا اهلك فعل کا، فعل فاعل ومفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی اِنّ کی، اِنّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ تفصیلیہ ہوا۔

❺ ظلم اور شح کی وضاحت:۔ ظلم باب ضرب کا مصدر ہے بمعنی ظلم کرنا، کسی چیز کو بے موقع رکھنا اور کسی چیز کے غلط استعمال کرنے کو ظلم کہتے ہیں، جب کسی شخص میں ظلم کا مادہ پیدا ہو جاتا ہے تو وہ شخص دوسروں کی حق تلفی بھی کرتا ہے اور بلا وجہ ان پر زیادتی بھی کرتا ہے۔ شح باب نصر، ضرب وسمع کا مصدر ہے بمعنی بخل کرنا، حرص اور لالچ کرنا۔ شح اصل میں مال کی شدید محبت کو کہتے ہیں، جب انسان کے دل میں دنیا کی انتہائی محبت آجاتی ہے تو پھر وہ نہ حلال وحرام کی تمیز کرتا ہے اور نہ جائز وناجائز کی اور نہ کسی کا خون بہانے سے باز آتا ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۲۶ھ

**الشق الاول** ......عن النبی ﷺ قال قمت علی باب الجنة فاذا عامة من دخلها المساکین: واصحاب الجد محبوسون غیر ان اصحاب النار قد امر بهم الی النار وقمت علی باب النار فاذا عامة من دخلها النساء.

ترجمہ وتشریح کرتے ہوئے بتائیں کہ (اصحاب الجد) کے محبوس ہونے کا کیا سبب ہے؟ اسی طرح عورتوں کے جہنم میں زیادہ جانے کا کیا سبب ہے؟ خط کشیدہ جملہ کی ترکیب کریں۔(حدیث:۴۵۸)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح (۳) اصحاب الجد کے محبوس ہونے کا سبب (۴) عورتوں کے زیادہ جہنم میں جانے کا سبب (۵) خط کشیدہ جملے کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا تو (میں نے دیکھا کہ) اس

Maktaba Tul Ishaat.com

میں داخل ہونے والے اکثر مسکین لوگ ہیں اور دولت مند روکے ہوئے ہیں البتہ دوزخ والوں کو دوزخ میں لے جانے کا حکم دیدیا گیا اور میں جہنم کے دروازے پر کھڑا ہوا تو دیکھا ان میں داخل ہونے والی اکثر عورتیں ہیں۔

② حدیث کی تشریح:۔ یہ واقعہ معراج کے موقع کا ہے کہ آپ ﷺ نے وہاں یہ منظر دیکھا یا یہ خواب ہے اور پیغمبر کا خواب بھی وحی ہوتا ہے، چونکہ دونوں باتیں یقینی ہیں اسوجہ سے قمت ماضی کے صیغہ سے تعبیر کیا، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے جنت کے دروازے پر کھڑے ہو کر جنتی لوگوں کا نظارہ کیا تو جنت میں داخل ہونے والوں کی اکثریت غرباء اور مسکین لوگوں کی ہے اور امیر و دولت مند لوگ حساب وکتاب کیلئے دروازہ پر ہی روک لئے گئے ہیں اور جہنم میں جانے والوں میں اکثریت عورتوں کی ہے کہ جہنم میں بکثرت عورتیں داخل ہیں۔

③ اصحاب الجد کے محبوس ہونے کا سبب:۔ جنت کے دروازے پر مالداروں کو روکے جانے کی علت اور سبب یہ ہوگا کہ ان سے مال کا حساب وکتاب لیا جائیگا کہ مال کہاں سے حاصل کیا؟ کیسے حاصل کیا؟ اور کہاں خرچ کیا اور حرام مال کا بدلہ تو جہنم ہی ہے۔

④ عورتوں کے زیادہ جہنم میں جانے کا سبب:۔ جہنم میں اکثر داخل ہونے والی عورتیں ہونگی انکی علت اور سبب دوسری حدیث میں یہ بیان کی گئی ہے یکفرن العشیر کہ وہ عورتیں اپنے شوہروں کی ناشکری کرتی ہیں اس وجہ سے بکثرت جہنم میں داخل ہونگی۔

⑤ خط کشیدہ جملے کی ترکیب:۔ اصحاب الجد مضاف ومضاف الیہ ملکر مبتداء محبوسون خبر، مبتداء خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی** ......عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لِعَلِيٍّ (فَوَاللهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ).(حدیث:۱۲۷۹)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ہدایت اور حمر النعم کی مراد واضح کریں۔ فوالله الخ سے آخر تک نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) ہدایت، حمر النعم کی مراد (۴) جملہ مذکورہ کی ترکیب۔

**جواب** ...... ① حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفاً۔

② حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت سہل بن سعد ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی ؓ سے فرمایا کہ اللہ کی قسم البتہ تیری وجہ سے اللہ تعالیٰ ایک آدمی کو ہدایت دے دیں تو یہ تیرے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

③ ہدایت و حمر النعم کی مراد:۔ ہدایت سے مراد ہدایت دینا اور دولت ایمان سے سرفراز کرنا ہے اور حمر النعم سے مراد عربوں کا سب سے قیمتی مال واثاثہ سرخ اونٹ ہیں اور یہاں پر مطلقاً عمدہ مال بھی مراد ہوسکتا ہے مطلب یہ ہے کہ اگر تیرے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کسی کی ہدایت کا فیصلہ فرمادیں اور اس کو دولت ایمان سے نواز دیں تو سرخ اونٹوں کے لشکر کے مقابلہ میں یہ تیرے لئے بہتر ہے بلکہ ایک آدمی کا تیرے ذریعہ سے اسلام قبول کرنا تیرے لئے دنیا ومافیہا سے ہزار بار درجہ بہتر ہے۔

④ جملہ مذکورہ کی ترکیب:۔ فا تفریعیہ واؤ جارہ قسمیہ الله مجرور مقسم بہ، جار مجرور ملکر قسم لام برائے تاکید ان ناصبہ مصدریہ یهدی فعل الله فاعل بك، جار مجرور مل کر متعلق ہوا فعل کے رجلا واحدا موصوف وصفت ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ ومتعلق سے مل کر بتاویل مصدر مبتدا خیر اسم تفضیل بمع فاعل لك جار مجرور مل کر متعلق اوّل ہوا اسم تفضیل کے من جارہ حمر

النعم مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور، جار و مجرور مل کر متعلق ثانی، اسم تفضیل اپنے فاعل و دونوں متعلقوں سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتداء خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم اپنے جواب قسم سے مل کر جملہ قسمیہ انشائیہ ہوا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱٤۲٦ھ

**الشق الاوّل** ...... قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: (إِنَّ مِنْ أَفْضَلِ أَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَأَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلَاةِ فِيْهِ، فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ، وَقَدْ أَرِمْتَ؟ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ). (حدیث:۱۳۹۹)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ حدیث کی تشریح کریں اور عرض صلاۃ کی وضاحت کریں۔ ان من افضل أیاکم یوم الجمعة کی نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور حل طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) عرض صلوٰۃ کی وضاحت (۵) مذکورہ جملہ کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بے شک تمہارے افضل ترین دنوں میں سے جمعہ کا دن ہے پس کثرت کرو تم اس دن میں میرے اوپر درود و سلام کی پس بے شک تمہارا درود و سلام مجھ پر پیش کیا جاتا ہے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہمارا درود و سلام آپ پر کیسے پیش کیا جائے گا حالانکہ آپ تحقیق بوسید ہو چکے ہوں گے، آپ نے ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ نے حرام کر دیا ہے زمین پر انبیاء کے اجسام کو۔

❸ حدیث کی تشریح:۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے میری امت کے لوگو! تمہارے افضل دنوں میں سے ایک دن جمعہ بھی ہے اس کو بھی بہت فضیلت حاصل ہے لہٰذا اس فضیلت والے دن میں فضیلت والا عمل کیا کرو، یعنی مجھ پر کثرت سے درود و سلام پڑھا کرو کیونکہ تم کائنات میں جہاں بھی ہو تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! جب آپ ﷺ اس دنیا سے رحلت فرما جائینگے اور بوسید ہو چکے ہونگے پھر آپ ﷺ پر ہمارا درود و سلام کس طرح پیش کیا جائیگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے مٹی پر انبیاء کے اجسام کو حرام کر دیا ہے۔ مٹی انکو نہیں کھا سکتی اور وہ محفوظ ہوتے ہیں۔

❹ عرض صلوٰۃ کی وضاحت:۔ حدیث کی تشریح میں اسکی وضاحت ہو چکی ہے مزید یہ کہ ایک حدیث میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے مٹی پر انبیاء علیہم السلام کے اجسام کو حرام کر دیا ہے مٹی انکو نہیں کھا سکتی ہے اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ آپ کے روضہ مبارک پر جو درود و سلام پڑھا جاتا ہے اسکو آنحضرت ﷺ خود سنتے ہیں اور اس کا جواب بھی دیتے ہیں اور اسکے علاوہ روئے زمین پر جہاں کہیں بھی آپ ﷺ پر درود و سلام پڑھا جائے تو عالم الغیب اور حاضر ناظر نہ ہونے کی وجہ سے آپ ﷺ خود تو نہیں سنتے البتہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے ذمہ لگا رکھا ہے کہ جو کوئی مسلمان جب بھی آپ ﷺ پر درود و سلام پڑھتا ہے تو وہ فرشتے فوراً آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں اس مسلمان کا نام لیکر اسکا درود و سلام پیش کرتے ہیں۔ ان الله وملٰئكته يصلون على النبى يٰايها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما، صلى الله عليه وعلى اله

Maktaba Tul Ishaat.com

واصحابه وازواجه وبناته وذرياته اجمعين يارب صل وسلم دائما ابدا على حبيبك خير الخلق كلهم۔

⑤ **مذکورہ جملہ کی ترکیب:۔** ان حرف از حروف مشبہ بالفعل من جارہ افضل مضاف ایام کم مضاف ومضاف الیہ مل کر مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر "ثابت" کے متعلق ہو کر خبر مقدم یوم الجمعۃ مضاف ومضاف الیہ مل کر اسم مؤخر، انّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی** ......وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ :لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا متفق عليه.(حدیث ۳)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ اور مطلب بیان کریں، متفق علیہ سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی اور صرفی تحقیق لکھئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مطلب (۴) متفق علیہ کی مراد (۵) خط کشیدہ الفاظ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ① **حدیث پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفا۔

② **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ فتح مکہ کے بعد ہجرت کرنا فرض نہیں بلکہ جہاد اور نیت باقی ہیں، جب تمہیں جہاد کی طرف نکلنے کے لئے کہا جائے تو کوچ کرو۔ (بخاری ومسلم)

③ **حدیث کا مطلب:۔** لاهجرة بعد الفتح فتح مکہ کے بعد ہجرت کرنا فرض نہیں ہے، حدیث میں ہجرت سے خاص ہجرت مراد ہے کہ مکہ سے مدینہ کی طرف اب قیامت تک ہجرت نہیں ہوگی کیوں کہ ان شاء اللہ قیامت تک مکہ دار الاسلام رہے گا، اس پر اب قیامت تک کفار کا تسلط نہیں ہوگا یا پھر مراد یہ ہے کہ مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں فرض عین تھی کہ وہ اسلام کی حقانیت اور کفار کی شان وشوکت کو توڑنے کے لئے تھی مگر اب ہجرت فرض عین نہیں رہی۔ ہاں اگر کسی جگہ اسلام پر چلنا مشکل ہو تو ہجرت کرنا اس جگہ سے واجب ہوگا۔

④ **متفق علیہ کی مراد:۔** اس لفظ کا مطلب یہ ہے کہ صحاح ستہ کے دو بڑے امام یعنی امام بخاری ومسلم، اس حدیث کو متنا وسندا ایک طرح نقل کرنے میں متفق ہیں۔

⑤ **خط کشیدہ الفاظ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔** "استنفرتم" صیغہ جمع مذکر حاضر ماضی مجہول باب استفعال بمعنی بھگانا۔ "فانفروا" صیغہ جمع مذکر امر حاضر معلوم از باب ضرب بمعنی چلنا۔

## ﴿الورقة الثانية: في الحديث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۲۷ھ

**الشق الاوّل** ......عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ : إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ وَإِنَّ اللهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيْهَا فَيَنْظُرُ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ فَإِنَّ أَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ كَانَتْ فِي النِّسَاءِ.

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ اور مطلب بیان کریں، ان اول فتنة بنی اسرائیل کانت فی النساء سے کیا مراد ہے، وضاحت کریں، ان الدنیا حلوة خضرة وان الله مستخلفکم فیها کی ترکیب لکھیں اور بتائیں مستخلفکم کونسا صیغہ ہے؟ (حدیث ۷۰)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چھ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مطلب (۴) ان اول فتنة بنی اسرائیل کی مراد (۵) ان الدنیا حلوة الخ کی ترکیب (۶) مستخلفکم صیغہ کی وضاحت۔

**جواب** ...... ① **حدیث پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفا۔

② **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بے شک دنیا شیریں اور سرسبز ہے اور اللہ تعالیٰ تم کو دنیا میں خلیفہ بنانے والا ہے تاکہ تم کو دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو پس تم دنیا سے بچو اور عورتوں سے بچو، بے شک بنی اسرائیل میں پہلا فتنہ عورتوں کی وجہ سے پیش آیا تھا۔

③ **حدیث کا مطلب:۔** حدیث میں دنیا کو شیریں اور سرسبز بتایا گیا ہے کہ دنیا دیکھنے میں بہت اچھی لگتی ہے اور استعمال کرنے میں بھی مزہ آتا ہے مگر جس طرح شیریں اور سرسبز جلدی خراب ہوجاتا ہے اسی طرح دنیا کی مثال ہے اور اللہ نے تم کو دنیا میں خلیفہ بنایا ہے کہ تم زمین میں کس طرح عمل کرتے ہو پھر کہ دنیا میں زیادہ مشغول ہونے اور عورتوں کے فتنہ سے بچتے رہنے کی تنبیہ کی گئی ہے مقصود یہ ہے کہ اس سے بچنے کیلئے خاص اہتمام کیا جائے اور اس میں وہ احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں جو شریعت نے بتلائی ہیں مثلاً پردہ، نظر نیچی رکھنا، عورتوں سے اختلاط نہ کرنا وغیرہ کیونکہ بنی اسرائیل کا پہلا فتنہ عورتوں کی وجہ سے ہی پیش آیا تھا۔

④ **ان اول فتنة بنی اسرائیل کی مراد:۔** اس سے مراد یہ ہے کہ بنی اسرائیل کا پہلا فتنہ عورتوں کا تھا یہ کونسا فتنہ تھا اس کے بارے میں محدثین نے بہت سے واقعات بیان کئے ہیں مگر اکثر نے واقعہ بلعام بن عوراء کو مصداق قرار دیا ہے کہ یہ ایک نیک آدمی تھا مگر اپنی بیوی کی محبت کی وجہ سے مردود ہوگیا تھا۔

⑤ **ان الدنیا حلوة الخ کی ترکیب:۔** انّ حرف از حروف مشبہ بالفعل الدنیا اس کا اسم حلوة خبر اول خضرة خبر ثانی انّ اپنے اسم اور دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ ان حرف مشبہ بالفعل اللہ اس کا اسم مستخلفکم مضاف مضاف الیہ فیہا مستخلفکم کے متعلق ہوکر خبر ہے انّ کی، انّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

⑥ **مستخلفکم صیغہ کی وضاحت:۔** صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر استخلاف (استفعال) بمعنی خلیفہ بنانا۔

**الشق الثانی** ......عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ عَنِ الْخَذْفِ وَقَالَ: اِنَّہٗ لَا یَقْتُلُ الصَّیْدَ وَلَایَنْکَاُ الْعَدُوَّ وَاِنَّہٗ یَفْقَأُ الْعَیْنَ وَیَکْسِرُ السِّنَّ.(حدیث:۱۶۶)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ اور مطلب بیان کریں، یہ حدیث امام نوویؒ نے کس باب کے تحت ذکر فرمائی ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مطلب (۴) باب کی نشاندہی۔

**جواب** ...... ① **حدیث پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفا۔

② **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خذف (یعنی شہادت کی انگلی اور انگوٹھے کے درمیان کنکر رکھ کر مارنے) سے منع فرمایا اس لئے کہ یہ چیز نہ تو شکار کو قتل کرنے کا موجب ہے اور نہ دشمن کو ہلاک کرنے کا

Maktaba Tul Ishaat.com

سب سے البتہ یہ عمل آنکھ کو پھوڑتا اور دانت کو توڑتا ہے۔

③ حدیث کا مطلب:۔ احادیث میں تیراندازی وغیرہ کی ترغیب ہے اور انگلیوں کے ذریعہ چھوٹی کنکری وغیرہ پھینکنے سے منع فرمایا گیا ہے کیونکہ اس سے کوئی شکار وغیرہ کا فائدہ حاصل نہیں ہوتا البتہ نقصان اور تکلیف کا باعث ہو سکتا ہے۔

④ باب کی نشاندہی:۔ امام نوویؒ نے اس حدیث کو باب فی الامر بالمحافظة علی السنة وآدابها کے تحت ذکر کیا ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱٤۲۷ھ

**الشق الاوّل** ......عن ابن مسعود أنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: لَيْسَ مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا إِلَّا كَانَ عَلٰى ابْنِ آدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا لِأَنَّهُ كَانَ أَوَّلَ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ .(حدیث:۱۷۳)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کی مختصر تشریح لکھیں، یہ بتائیں کہ سب سے پہلے قتل کس نے کیا ہے؟ اور متفق علیہ ہونے کا مطلب بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں پانچ امور توجہ طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) سب سے پہلے قاتل کا نام (۵) متفق علیہ ہونے کا مطلب۔

**جواب** ...... ① حدیث پر اعراب:۔ کمامر فی السوال آنفا۔

② حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ نہیں ہے کوئی شخص جو ظلماً قتل کیا جاتا ہے مگر آدم علیہ السلام کے پہلے بیٹے پر اس کے خون کا حصہ ہوتا ہے اس لئے کہ وہ پہلا شخص ہے جس نے قتل کو شروع کیا۔

③ حدیث کی تشریح:۔ جو شخص دنیا میں ظلماً قتل کیا جاتا ہے آدم علیہ السلام کے پہلے بیٹے پر اس کے خون کا وبال ہوتا ہے کیونکہ قتل والا گناہ اُسی نے شروع کیا تھا، اس کا واقعہ قرآن کی آیت واتل علیهم نبأ ابنی آدم بالحق الخ میں بیان کیا گیا ہے۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ جو بھی کسی غلط کام کو شروع کرے گا تو اس کو اس کا گناہ بھی ہوگا اور جو لوگ اس پر عمل کریں گے ان سب کا گناہ بھی اس کو ملے گا اور یہ سلسلہ قیامت تک چلتا رہے گا۔ اس حدیث میں تنبیہ ہے کہ ابن آدم کوئی ایسا کام شروع نہ کرے جو خلاف شریعت اور براہو کہ بعد میں لوگ اس کے اس کام کی تقلید کرتے رہیں یہ اتنا بڑا جرم ہے کہ قیامت تک جو بھی وہ کام کریں گے ان سب کا گناہ اس بدعت ایجاد کرنے والے کو ہوگا۔

④ سب سے پہلے قاتل کا نام:۔ سب سے پہلے قاتل سے مراد آدم علیہ السلام کا بیٹا قابیل ہے اس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا تھا۔

⑤ متفق علیہ ہونے کا مطلب:۔ اس لفظ کا مطلب یہ ہے کہ صحاح ستہ کے دو بڑے امام یعنی امام بخاری و مسلم اس حدیث کو متناً وسنداً ایک طرح نقل کرنے میں متفق ہیں۔

**الشق الثانی** ......وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَفْضَلُ الصَّدَقَاتِ ظِلُّ فُسْطَاطٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوْ مَنِيْحَةُ خَادِمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوْ طَرُوْقَةُ فَحْلٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ .(حدیث:۱۳۰۷)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق لکھیں۔ حدیث کی تشریح اور جہاد کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں پانچ امور توجہ طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) کلمات مخطوطہ کی

لغوی تحقیق (۴) حدیث کی تشریح (۵) جہاد کا لغوی واصطلاحی معنی۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سب سے افضل وبہترین صدقہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں ایک سایہ دار خیمہ (مجاہدین کو دینا) ہے یا اللہ کے راستہ میں ایک خادم وغلام کو عطیہ کرنا ہے یا اللہ تعالیٰ کے راستہ میں نوجوان اونٹ دینا ہے۔

❸ کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "فُسْطَاطٌ" یہ مفرد ہے اس کی جمع فَسَاطِيطُ ہے بمعنی اون کا خیمہ۔
"مَنِيْحَةٌ" یہ مفرد ہے اور اس کی جمع مِنَحٌ، مَنَائِحُ ہے بمعنی عطیہ از مصدر منحا (فتح وضرب) بمعنی عطا کرنا، دینا۔
"طَرُوْقَةٌ" وہ اونٹنی جو اونٹ کی جفتی کے قابل ہو جائے۔

❹ حدیث کی تشریح:۔ اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہدین کے ساتھ تعاون اور راہ خدا میں خرچ کرنے کی ترغیب دی ہے کہ سب سے بہترین صدقہ مجاہدین کو میدانِ جہاد میں رہنے سہنے اور راحت وسکون کیلئے سایہ دار خیمہ دینا ہے اور اسی طرح دوسری چیز مجاہدین کی خدمت اور ضروریات کیلئے کوئی خادم وغلام مہیا کرنا ہے اور تیسری چیز سواری وغیرہ مجاہدین کو عطاء کرنا ہے الحاصل مجاہدین کو میدان جہاد کیلئے آلات جہاد میں سے کوئی بھی ایسی چیز مہیا کرنا جس کی وجہ سے وہ یکسو ہو کر دشمن کا مقابلہ کر سکیں یہ افضل ترین صدقہ ہے۔

❺ جہاد کا لغوی واصطلاحی معنی:۔ جہاد کا لغوی معنی کوشش کرنا ہے اور اصطلاح میں کلمۃ اللہ کی بلندی کیلئے کفار سے قتال کر اور ظلم وفساد سے معاشرہ کو پاک کرنے کے لیے ظالم کے خلاف انصاف کے حصول کیلئے میدان عمل میں اترنا جہاد کہلاتا ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۲۷ھ

**الشق الاول** ...... وَعَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: "اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَإِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ، فَإِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ". (حدیث:۱۳۸۵)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب کریں۔ کتاب الدعوات میں سے کوئی پانچ دعائیں تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور حل طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) آخری جملہ کی ترکیب (۴) کتاب الدعوات میں سے پانچ دعائیں۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے (ترجمہ) اے اللہ میں بھوک سے تیری پناہ مانگتا ہوں کیونکہ وہ برا ساتھی ہے اور خیانت سے تیری پناہ مانگتا ہوں کیونکہ وہ بری خصلت وعادت ہے۔

❸ آخری جملہ کی ترکیب:۔ فا تعلیلیہ ان حرف از حروف مشبہ بالفعل ها ضمیر اس کا اسم بئست فعل از افعال ذم، اس میں هی ضمیر اس کا اسم البطانة مخصوص بالذم، فعل ذم اپنے اسم اور مخصوص بالذم سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر تعلیل ہوئی ماقبل والے جملہ کی۔

❹ کتاب الدعوات میں سے پانچ دعائیں:۔ اللهم اغفرلی وارحمنی واهدنی وعافنی وارزقنی. (مسلم)

اللھم مصرف القلوب صرف قلوبنا علی طاعتك ۔ (مسلم)

اللھم اکفنی بحلالك عن حرامك واغننی بفضلك عمن سواك ۔ (ترمذی)

اللھم انی اعوذ بك من منکرات الاخلاق والاعمال والاھواء ۔ (ترمذی)

اللھم انی اعوذ بك من فتنة النار وعذاب النار ومن شر الغنی والفقر ۔ (ابوداؤد، ترمذی)

**الشق الثانی**...... عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ اُمِّ عَبْدِاللّٰهِ عَائِشَةَ قَالَتْ "قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَغْزُوْ جَيْشٌ اَلْكَعْبَةَ فَاِذَا كَانُوْا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْاَرْضِ يُخْسَفُ بِاَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ قَالَتْ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يُخْسَفُ بِاَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ وَفِيْهِمْ اَسْوَاقُهُمْ وَمَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ ؟ قَالَ "يُخْسَفُ بِاَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ ثُمَّ يُبْعَثُوْنَ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ" متفق علیه. (حدیث ۳)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی اور صرفی تحقیق کریں، حدیث میں جو واقعہ بیان کیا گیا ہے اس کی تفصیل بیان کر کے بتائیں کہ یہ کب واقع ہوگا؟

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی و صرفی تحقیق (۴) مذکورہ واقعہ کی تفصیل (۵) واقعہ کے وقوع کا زمانہ۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک لشکر کعبہ پر جنگ کی غرض سے چڑھائی کریگا جب وہ چٹیل میدان (بیداء) میں پہنچے گا تو اسکے اگلے اور پچھلے تمام لوگوں کو زمین میں دھنسا دیا جائیگا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سوال کیا یا رسول اللہ! ان تمام کو کیسے دھنسایا جائیگا جب کہ ان میں سے بعض لوگ دکانداری کرنے والے اور بعض بخوشی ان میں شامل نہیں ہونگے؟ آپ ﷺ نے فرمایا پہلے پچھلے تمام کو دھنسایا جائیگا لیکن وہ اپنی نیتوں کے مطابق اٹھائے جائیں گے۔ (بخاری و مسلم)

❸ الفاظ مخطوطہ کی لغوی و صرفی تحقیق:۔ "بیداء" مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک مشہور مقام کا نام ہے۔

"یغزو" صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم از باب نصر بمعنی لڑنے کے لئے نکلنا، لوٹ کے لئے حملہ کرنا۔

"یخسف" صیغہ واحد مذکر غائب مضارع مجہول باب ضرب یہ لازم و متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے بمعنی پھاڑنا، پھٹنا خسف الارض زمین کا بمع اپنی اوپر کی چیزوں کے دھنس جانا۔ "نیات" نیة کی جمع ہے بمعنی ارادہ اور قصد۔

"اسواقھم" جمع مذکر، اسم فاعل سائق کی جمع ہے بمعنی اہل بازار۔

❹ مذکورہ واقعہ کی تفصیل:۔ اس واقعہ کی کچھ تفصیل یہ ہے کہ حضرت امام مہدی علیہ السلام کے دور میں جب لوگ انکے ہاتھ پر بیعت کریں گے تو کچھ لوگ ان کی مخالفت میں کعبہ پر حملہ کیلئے شام سے مکہ کی طرف چلیں گے تو مکہ اور مدینہ کے درمیان میں بیداء مقام پر تمام کے تمام زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے ان میں کچھ خوشی سے چلے ہوں گے اور کچھ ناخوشی سے، تو سب کو دھنسا دیا جائے گا اسلئے کہ دنیا میں اچھے بھی بروں کے ساتھ عذاب میں مبتلا ہو جاتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا آخرت میں ان سے ان کی نیتوں کے مطابق معاملہ کیا جائے گا۔

❺ واقعہ کے وقوع کا زمانہ:۔ یہ واقعہ حضرت مہدی علیہ السلام کے زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے پہلے پیش آئے گا۔

## ﴿الورقة الثانية: في الحديث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۲۸ھ

**الشق الاوّل**......عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ :دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ وَهُوَ يُوْعَكُ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّكَ تُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا قَالَ :أَجَلْ ، إِنِّيْ أُوْعَكُ كَمَا يُوْعَكُ رَجُلَانِ مِنْكُمْ قُلْتُ: ذٰلِكَ أَنَّ لَكَ أَجْرَيْنِ؟ قَالَ:أَجَلْ، ذٰلِكَ كَذٰلِكَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهُ أَذًى شَوْكَةٌ فَمَا فَوْقَهَا إِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا سَيِّئَاتِهِ وَحُطَّتْ عَنْهُ ذُنُوْبُهُ كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا .(حدیث ۳۸) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ ﷺ بخار میں مبتلا تھے، میں نے عرض کیا یارسول اللہ آپ ﷺ تو شدید بخار میں مبتلا ہیں فرمایا ہاں مجھے تمہارے دو آدمیوں کے برابر بخار ہوتا ہے، میں نے عرض کیا اس لئے آپ ﷺ کو دوگنا ثواب ملے گا آپ ﷺ نے فرمایا ہاں یہی بات ہے بالکل اسی طرح جیسے مسلمان کو کانٹا چبھنے سے یا اس سے زیادہ کسی مصیبت کی زحمت اٹھانی پڑتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے عوض اس کے گناہ معاف فرما دیتے ہیں اور گناہ اس سے یوں ساقط ہو جاتے ہیں جیسے درخت کے پتے گر جاتے ہیں۔

❸ الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "أجل" بمعنی ہاں بے شک۔ "شوكة" بمعنی کانٹا۔ "حطت" باب نصر سے بمعنی گرنا۔ "يوعك" وعكا باب ضرب سے بمعنی گرمی کا تیز ہونا وعكته الحمى بخار کا کسی کو ایذاء پہنچانا۔

**الشق الثانی**......عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَانِسَاءَ الْمُسْلِمَاتِ لَاتَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْفِرْسِنَ شَاةٍ . (حدیث ۱۲۳)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ اور مطلب لکھیں، فرسن شاة کے معنی لکھیں یانساء المسلمات سے آخر تک حدیث کی نحوی ترکیب لکھیں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مطلب (۴) فرسن شاة کا معنی (۵) یانساء المسلمات الخ کی نحوی ترکیب۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے مسلمان عورتو! اپنی پڑوسن کے لئے کوئی چیز حقیر نہ سمجھو اگرچہ بکری کا ایک کھر ہی (ہدیہ میں بھیجا) ہو۔

❸ حدیث کا مطلب:۔ کوئی پڑوسن اپنی پڑوسن کے ہدیہ کو حقیر نہ سمجھے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پڑوسی کو وقتاً فوقتاً اپنی حیثیت کے اعتبار سے ہدیہ دیتے رہنا چاہیے، امیر اپنی شایان شان ہی ہدیہ دے اور اگر غریب ہے تو یہ نہ سوچے کہ میں کیا ہدیہ دوں مبالغہ کے طور سے کہا جا رہا ہے کہ بکری کا کھر ہی دے دے، اس حدیث کے بارے میں محدثین فرماتے ہیں ایک طرف تو دینے والوں کو ترغیب ہے کہ کچھ نہ کچھ دیا کریں اور دوسری طرف لینے والوں کو بھی ترغیب دی جا رہی ہے کہ کوئی بھی ہدیہ پہنچائے اس

کا انکار نہ کیا جائے قبول کر لیا جائے۔ باقی اس حدیث میں عورتوں کو خطاب اس لئے کیا گیا کہ عموماً یہ عادت عورتوں میں زیادہ ہوتی ہے کہ ایسا ہدیہ کیوں دیا یا اسی وجہ سے عورتوں کو مخاطب کیا جا رہا ہے ویسے مرد بھی اس میں داخل ہیں۔

❹ **فرسن شاۃ کا معنی:۔** اس کا لفظی معنی بکری کا کھر ہے اور مراد معمولی وحقیر چیز ہے کہ معمولی اور حقیر چیز بھی اپنی پڑوسن کو ہدیہ دینے کو حقیر نہ سمجھو۔

❺ **یانساء المسلمات الخ کی نحوی ترکیب:۔** یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے، ادعو فعل اس میں انا ضمیر فاعل نساء المسلمات مضاف ومضاف الیہ ملکر منادی (مفعول بہ) لاتحقرن فعل نہی جارۃ اس کا فاعل لام جارہ جارتها مضاف ومضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر دال علی الجزاء ولو فرسن شاۃ میں واؤ عاطفہ ہے اور لَوْ شرطیہ ہے فرسن شاۃ شرط ہے جزاء محذوف ہے جو کہ لاتحقرها ہے اور دال علی الجزاء پہلا لاتحقرن ہے۔ شرط وجزاء ملکر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ ومعطوف ملکر نداء فعل اپنے فاعل اور منادیٰ مفعول بہ ونداء سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۲۸ھ

**الشق الاوّل** ......عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا وَمَوْضِعُ سَوْطِ اَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا وَالرَّوْحَةُ يَرُوْحُهَا الْعَبْدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَوِ الْغَدْوَةُ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا ۔(حدیث:۱۲۹۰)

حدیث پر اعراب لگائیں۔ ترجمہ کریں۔ لفظ رباط، غدوۃ اور روحۃ کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں تین امور توجہ طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) مذکورہ الفاظ کی لغوی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے راستہ میں ایک دن سرحد کا پہرہ دینا دنیا ومافیہا سے بہتر ہے اور جنت میں ایک کوڑے کی جگہ کا ملنا دنیا ومافیہا سے بہتر ہے اور اللہ کے راستہ میں ایک صبح یا ایک شام کا نکلنا دنیا ومافیہا سے بہتر ہے۔

❸ **مذکورہ الفاظ کی لغوی تحقیق:۔** "رباط" یہ اسم ہے بمعنی قلعہ، وہ جگہ جہاں لشکر سرحد کی حفاظت کے لئے قیام کرے۔ "روحۃ" باب نصر کا مصدر ہے بمعنی شام کو چلنا یا مطلق چلنا۔ "غدوۃ" یہ مفرد ہے اس کی جمع غُدًی، غُدُوٌّ ہے بمعنی دن کا ابتدائی حصہ۔

**الشق الثانی** ......عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَقِيْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِيْ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِقْرَءْ اُمَّتَكَ مِنِّي السَّلَامَ وَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ الْجَنَّةَ طَيِّبَةُ التُّرْبَةِ عَذْبَةُ الْمَاءِ وَاَنَّهَا قِيْعَانٌ وَاَنَّ غِرَاسَهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔(حدیث:۱۳۳۰)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ لفظ قیعان، غراس، طیبة التربة اور عذبة الماء کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) مذکورہ الفاظ کی لغوی تحقیق۔

جواب ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابن مسعود ؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میری حضرت ابراہیم ؑ سے ملاقات ہوئی جس رات کہ مجھے معراج کرائی گئی، تو انہوں نے فرمایا کہ اے محمد! میری طرف سے اپنی امت کو سلام کہنا اور ان کو خبر دینا کہ جنت بہت پاکیزہ مٹی ہے اور اس کا پانی شیریں و میٹھا ہے اور وہ بالکل چٹیل میدان ہے۔ اور اس کی کھیتی سبحان اللّٰہ، الحمد للّٰہ، لا الہ الا اللّٰہ اور اللّٰہ اکبر ہے۔

❸ مذکورہ الفاظ کی لغوی تحقیق:۔ "قِیْعَانٌ" یہ جمع ہے اس کا مفرد قَاعٌ ہے بمعنی پست ہموار ٹیلہ و میدان۔
"غِرَاسٌ" یہ غَرْسٌ کی جمع ہے بمعنی پودہ۔ "عَذْبَةُ الْمَاءِ" عذبة بمعنی میٹھا اور عذبة الماء بمعنی میٹھا خوشگوار پانی۔
"طَیِّبَةُ التُّرْبَةِ" طیبة بمعنی پاکیزہ اور طیبة التربة بمعنی پاکیزہ و زرخیز مٹی۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۲۸ھ

**الشق الاول** ...... عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ : بَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ سَبْعًا ھَلْ تَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا فَقْرًا مُنْسِیًا اَوْغِنًی مُطْغِیًا اَوْمَرَضًا مُفْسِدًا اَوْھَرَمًا مُفْنِدًا اَوْ مَوْتًا مُجْھِزًا اَوِالدَّجَّالَ فَشَرُّ غَائِبٍ یُنْتَظَرُ اَوِالسَّاعَةَ فَالسَّاعَةُ اَدْھٰی وَاَمَرُّ. (صـ۴۵۰)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کی دلنشین تشریح کریں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) الفاظ مخطوطہ کی لغوی و صرفی تحقیق۔

جواب ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوہریرہ ؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سات چیزوں کے رونما ہونے سے پہلے اعمالِ صالحہ میں مبادرت کرو، کیا تم ایسے فقر کے انتظار میں ہو جو خدا فراموشی کی کیفیت برپا کر دے یا ایسی دولت مندی جو سرکش بنا دے گی یا ایسی بیماری جو مزاج کو فاسد بنا دے گی یا ایسا بڑھاپا جس میں عقل باقی نہ رہے یا ایسی موت جو اچانک آ جائے یا دجال کا، (یاد رکھو) دجال شدید ترین نظروں سے اوجھل شر کا نام ہے جس کا انتظار کیا جا رہا ہے یا قیامت کا اور قیامت تو سخت خوفناک اور سخت کڑوی ہے۔

❸ حدیث کی تشریح:۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ سات چیزوں کے ظاہر ہونے سے پہلے اعمال میں جلدی کر لو، وہ سات چیزیں یہ ہیں ① ایسا فقر جو خدا فراموش کر دے ② ایسی دولت مندی جو سرکش بنا دے کیونکہ عموماً دولت کے نشہ میں سرکشی ہی آتی ہے ③ ایسا مرض جس سے آدمی کا مزاج فاسد ہو جائے ④ ایسا بڑھاپا جس سے عقل باقی نہ رہے اور آدمی سٹھیا جاتا ہے ⑤ ایسی موت جو اچانک واقع ہو، انسان کو سنبھلنے کا موقع ہی نہ ملے ⑥ دجال اور دجال کے بارے میں آپ ﷺ نے وضاحت فرمائی کہ وہ نظروں سے غائب شدید ترین شر ہے جس کا انتظار کیا جا رہا ہے جو قیامت کی نشانیوں میں سے ہے اور قربِ قیامت ظاہر ہوگا اس سے آپ ﷺ نے بھی پناہ مانگی ہے ⑦ قیامت اور قیامت کے بارے میں آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت تمام چیزوں سے خوفناک اور سخت کڑوی چیز ہے۔

❹ الفاظ مخطوطہ کی لغوی و صرفی تحقیق:۔ "مطغیا" صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از باب افعال بمعنی سرکش بنانا، سرکشی پر اکسانا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

"منسیا" باب افعال سے واحد مذکر اسم فاعل ہے معنی بھلانا اور نسیانا سمع بمعنی چیز کو بھولنا۔
"مفندا" بھی منسیًا کی طرح ہے، بڑھاپے کی وجہ سے ضعیف العقل ہونا۔
"مجهزا" افعال سے اسم فاعل بمعنی سریع، تیز۔ "امرّ" صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل از مصدر مَرَارَةٌ (سمع ونصر) بمعنی کڑوا ہونا۔
"ادهٰی" صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل از مصدر دَهْیٌ (فتح) بمعنی آفت ومصیبت پہنچانا۔

**الشق الثانی** ...... عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَاتَحَاسَدُوْا وَلَاتَنَاجَشُوْا وَلَاتَبَاغَضُوْا وَلَاتَدَابَرُوْا وَلَايَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا، اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَايَظْلِمُهُ وَلَايَحْقِرُهُ وَلَايَخْذُلُهُ، اَلتَّقْوٰى هٰهُنَا وَيُشِيْرُ اِلٰى صَدْرِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ يَحْقِرَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ، كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهٗ وَمَالُهٗ وَعِرْضُهٗ۔ (حدیث:۲۳۵)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کی تشریح کریں، کونوا عباد الله اخوانا کی نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) کونوا عباد الله اخوانًا کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آپس میں حسد نہ رکھو اور نہ (خرید وفروخت) میں دھوکہ کرو، اور نہ بغض رکھو اور نہ ایک دوسرے سے روگردانی کرو اور کسی کے سودے پر سودا نہ کرو، اللہ کے بندو بھائی بھائی بن جاؤ، مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ اپنے بھائی پر ظلم کرے، نہ اس کو حقیر جانے، نہ اس کی مدد چھوڑے، تقویٰ یہاں ہے تین بار سینے کی طرف اشارہ کر کے فرمایا، کسی آدمی کے لئے اتنا شر ہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے، ایک مسلمان کی تمام چیزیں دوسرے مسلمان پر حرام ہیں اس کا خون اس کا مال اور اس کی عزت۔

❸ حدیث کی تشریح:۔ لاتحاسدوا آپس میں حسد نہ کرو حسد کہتے ہیں کہ کسی کی نعمت کے ختم ہونے کی تمنا کرنا اور یہ حرام ہے۔ لاتناجشوا خرید وفروخت میں بولی بڑھا کر دھوکہ نہ دو کہ بائع ایک آدمی رکھتا ہے جو لوگوں کے سامنے چیز کی زیادہ قیمت بولتا ہے تاکہ وہ زیادہ بولے اور اس نے وہ چیز خریدنی نہیں ہوتی وہ دھوکہ دیتا ہے تاکہ لوگ زیادہ قیمت میں اس کو خرید لیں۔ ولاتباغضوا اور نہ باہم بغض رکھو یہ بھی ایک نہایت قبیح بیماری ہے یہ تمام امراض یعنی حسد، بغض، عداوت، اعراض اور بے رُخی یہ سب منع ہیں کیونکہ یہ سب اسلامی اخوت کے منافی ہیں جبکہ شریعت مسلمانوں کو ایک دوسرے کی بھلائی اور خیر خواہی کا سبق دیتی ہے۔

حدیث شریف کے دوسرے حصہ میں اخوت اسلامی اور بھائی چارہ کا سبق دیا گیا ہے کہ ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کے لئے اس طرح ہونا چاہیے کہ ایک مسلمان دوسرے پر نہ ظلم کرے نہ اس کو حقیر جانے اور نہ اس کی مدد چھوڑے پھر آنحضرت ﷺ نے تقویٰ کی نشاندہی فرماتے ہوئے سینہ کی طرف تین مرتبہ اشارہ کر کے فرمایا کہ تقویٰ دل میں ہوتا ہے اور فرمایا کہ آدمی کے لئے سب سے بری یہ بات ہے کہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر جانے نیز ارشاد فرمایا کہ ہر مسلمان پر دوسرے مسلمان بھائی کی جان، مال اور آبرو حرام ہے یعنی ان کی حفاظت کرے ان کی طرف تعرض نہ کرے۔

❷ **کونوا عباد الله اخوانًا کی ترکیب:** ①کونوا فعل ناقص ضمیر اس کا اسم عباد الله مضاف مضاف الیہ مل کر ذوالحال اخوانًا حال، حال ذوالحال ملکر کان کی خبر، کان اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا ②کونوا فعل ناقص ضمیر اسکا اسم عباد الله، مضاف ومضاف الیہ حرف ندا یا قائمقام ادعو کا مفعول ہو کر نداء، اخوانًا خبر کان اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر منادیٰ، نداء ومنادیٰ مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

# ﴿الورقة الثانية: فی الحديث﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۲۹ھ

**الشق الاوّل** ......وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنِّیْ اَرٰی مَا لَاتَرَوْنَ اَطَّتِ السَّمَآءُ وَحُقَّ لَهَا اَنْ تَئِطَّ مَا فِیْهَا مَوْضِعُ اَرْبَعِ اَصَابِعَ اِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ جَبْهَتَهٗ سَاجِدًا لِلّٰهِ تَعَالٰی وَاللّٰهِ لَوْتَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِیْلًا وَلَبَكَیْتُمْ كَثِیْرًا وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَاءِ عَلَی الْفُرُشِ وَلَخَرَجْتُمْ اِلَی الصُّعُدَاتِ تَجْاَرُوْنَ اِلَی اللّٰهِ.

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کی تشریح کریں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق لکھیں۔ (حدیث:۳۰۶)

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب**...... ❶ **حدیث پر اعراب:** کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:** حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں وہ کچھ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے، آسمان چرچراتا ہے اور اس کے یہی لائق ہے کہ وہ چرچرائے اس میں چار انگلیوں کی مقدار بھی کوئی جگہ خالی نہیں کہ جہاں کوئی فرشتہ پیشانی زمین پر رکھے ہوئے سجدہ میں نہ ہو، اللہ کی قسم اگر تم ان باتوں کو معلوم کر لو جن کو میں جانتا ہوں تو تم ہنسو تھوڑا اور روؤ زیادہ اور اپنی عورتوں سے لذت حاصل نہ کر سکو اور تم اللہ سے پناہ چاہتے ہوئے جنگلوں کے راستوں کی طرف نکل جاؤ۔

❸ **حدیث کی تشریح:** حدیث بالا میں خوف الٰہی کو بیان کیا جا رہا ہے کہ ایک مومن کے دل میں اللہ جل شانہٗ کی جتنی عظمت وجلالت ہوگی اس کے بقدر اس کے دل میں اللہ جل شانہٗ کے عذاب کا خوف اور اس کی رحمت کی امید ہوگی۔ اطت السماء الخ آسمان چرچراتا ہے اور اس کے لئے حق ہے کہ وہ چرچرائے، آسمان اللہ کے خوف سے چرچراتا ہے مثلاً جیسے کوئی چارپائی ہو اس پر زیادہ لوگ بیٹھ جائیں تو وہ چرچرانے لگتی ہے اسی طرح آسمان بھی اللہ کے خوف سے چرچرانے اور نالہ وفریاد کرنے لگتا ہے۔

سوال: آپ ﷺ نے ایک موقع پر ارشاد فرمایا کہ آسمان پر کوئی فرشتہ قیام میں ہے کوئی رکوع میں کوئی سجدہ میں اور یہاں حدیث بالا میں ہے کہ سارے ہی فرشتے سجدہ میں ہیں؟ جواب: آپ ﷺ نے کسی خاص آسمان کا ذکر فرمایا جہاں پر مختلف حالات میں فرشتے ہیں اور یہاں کسی دوسرے آسمان کا ذکر ہے جہاں تمام ہی فرشتے سجدہ میں ہیں لہٰذا ان میں کوئی تعارض نہ رہا۔

❹ **الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق:** "اطت" اطیطًا (ضرب) بمعنی آواز نکالنا، کڑکنا، چرچرانا۔

"فرش" فراش کی جمع ہے بمعنی بستر۔ "صُعُدات" صاد وعین دونوں پر پیش ہے یہ صعید کی جمع ہے بمعنی راستے۔

"تجارون" صیغہ جمع مذکر حاضر مضارع معروف از مصدر جأرًا، جُؤَارًا (نصر) بمعنی پناہ اور مدد طلب کرنا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**الشق الثانی** ......عَنْ اَنَسٍ اَنَّ فَتًی مِنْ اَسْلَمَ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْغَزْوَ وَلَیْسَ مَعِیَ مَا اَتَجَهَّزُ؟ قَالَ اِئْتِ فُلَانًا قَدْ کَانَ تَجَهَّزَ فَمَرِضَ فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یُقْرِئُکَ السَّلَامَ وَیَقُوْلُ اَعْطِنِی الَّذِیْ تَجَهَّزْتَ بِهٖ قَالَ یَا فُلَانَةُ اَعْطِیْهِ الَّذِیْ کُنْتُ تَجَهَّزْتُ بِهٖ وَلَا تَحْبِسِیْ عَنْهُ شَیْئًا فَوَاللّٰهِ لَا تَحْبِسِیْ مِنْهُ شَیْئًا فَیُبَارَکَ لَکِ فِیْهِ. (حدیث:۱۳۰۸) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔خط کشیدہ الفاظ کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں(۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قبیلہ اسلم کے ایک آدمی نے کہا کہ یا رسول اللہ ﷺ! بے شک میں جہاد کا ارادہ رکھتا ہوں مگر میرے پاس وہ سامان نہیں ہے جس کے ذریعہ جہاد کی تیاری کروں، آپ ﷺ نے فرمایا کہ فلاں آدمی کے پاس جاؤ تحقیق اس نے جہاد کی تیاری کی تھی، اور وہ بیمار ہو گیا ہے۔پس وہ شخص اس (بیمار) کے پاس آیا اور کہا کہ بے شک رسول اللہ ﷺ تجھے سلام کہہ رہے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ آپ مجھے وہ سامان دے دیں جو آپ نے جہاد کیلئے تیار کیا تھا اس شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ اے فلاں! تو اس کو وہ سامان دیدے جسکے ساتھ میں نے جہاد کی تیاری کی تھی اور اس میں سے کوئی چیز نہ روکنا قسم بخدا اس میں سے کوئی چیز نہ روکنا کیونکہ تیرے لئے اس میں برکت دی جائے گی۔

❸ الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ اَتَجَهَّزُ صیغہ واحد متکلم بحث مضارع معلوم از مصدر اَلتَّجَهُّزُ (تفعّل) بمعنی تیاری کرنا۔

"فَاَتَاهُ" صیغہ واحد مذکر غائب بحث فعل ماضی معلوم از مصدر اِتْیَانٌ (ضرب) بمعنی آنا۔

"یُقْرِئُکَ" صیغہ واحد مذکر غائب بحث فعل مضارع معلوم از مصدر اِقْرَاءٌ (افعال) بمعنی پڑھنا۔

"لَا تُحْبِسِیْ" صیغہ واحد مؤنث حاضر بحث فعل نہی حاضر معلوم از مصدر اِحْبَاسٌ (افعال) بمعنی روکنا۔

"فَیُبَارَکُ" صیغہ واحد مذکر غائب بحث فعل مضارع مجہول از مصدر مُبَارَکَةٌ (مفاعلة) بمعنی برکت دینا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۲۹ھ

**الشق الاوّل** ......عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ یُصْبِحُ عَلٰی کُلِّ سُلَامٰی اَحَدِکُمْ صَدَقَةٌ فَکُلُّ تَسْبِیْحَةٍ صَدَقَةٌ وَکُلُّ تَحْمِیْدَةٍ صَدَقَةٌ وَکُلُّ تَهْلِیْلَةٍ صَدَقَةٌ وَکُلُّ تَکْبِیْرَةٍ صَدَقَةٌ وَ اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ صَدَقَةٌ وَنَهْیٌ عَنِ الْمُنْکَرِ صَدَقَةٌ وَیُجْزِئُ مِنْ ذٰلِکَ رَکْعَتَانِ یَرْکَعُهُمَا مِنَ الضُّحٰی. (حدیث:۱۲۳۳) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔یصبح علی کل سلامی احدکم صدقة کی ترکیب اور خط کشیدہ الفاظ کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں(۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) مذکورہ جملہ کی ترکیب (۴) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ صبح کے وقت تم میں سے ہر شخص کے ہر جوڑ پر صدقہ واجب ہوتا ہے، ہر تسبیح (سبحان الله) صدقہ ہے۔ہر تحمید (الحمد لله) صدقہ ہے، ہر تہلیل (لا اله الا

اللہ) صدقہ ہے اور ہر تکبیر (اللہ اکبر) صدقہ ہے نیکی کا حکم کرنا صدقہ ہے برائی سے روکنا صدقہ ہے اور اس تمام سے کفایت کرتی ہیں وہ دو رکعتیں جن کو آدمی چاشت کے وقت پڑھے۔

**③ مذکورہ جملے کی ترکیب:۔** یصبح فعل ناقص علی جارہ سلامی موصوف من جارہ احدکم مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور، جار مجرور مل کر کائنۃ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ثابتۃ کے متعلق ہو کر خبر مقدم صدقۃ اسم مؤخر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔

**④ الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔** "یَجْزِءُ" صیغہ واحد مذکر غائب بحث مضارع معلوم از مصدر اِجْزَاۃٌ (افعال) بمعنی کافی ہونا، کفایت کرنا۔ "اَمْرٌ" یہ مصدر ہے از باب نصر بمعنی حکم کرنا۔ "نَهْیٌ" یہ مصدر ہے از باب فتح بمعنی روکنا ومنع کرنا۔

**الشق الثانی** ......وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِمُسْلِمٍ (لِلّٰہِ اَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَۃِ عَبْدِہٖ حِیْنَ یَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنْ اَحَدِکُمْ کَانَ عَلٰی رَاحِلَتِہٖ بِاَرْضٍ فَلَاۃٍ فَانْفَلَتَتْ مِنْہُ وَعَلَیْہَا طَعَامُہٗ وَشَرَابُہٗ فَاَیِسَ مِنْہَا، فَاَتٰی شَجَرَۃً فَاضْطَجَعَ فِیْ ظِلِّہَا وَقَدْ اَیِسَ مِنْ رَاحِلَتِہٖ فَبَیْنَمَا ھُوَ کَذٰلِکَ اِذْ ھُوَ بِہَا قَائِمَۃً عِنْدَہٗ فَاَخَذَ بِخِطَامِہَا ثُمَّ قَالَ مِنْ شِدَّۃِ الْفَرَحِ اَللّٰہُمَّ اَنْتَ عَبْدِیْ وَاَنَا رَبُّکَ، اَخْطَاَ مِنْ شِدَّۃِ الْفَرَحِ). (حدیث ۱۵)

حدیث پر اعراب لگا کر سلیس ترجمہ کریں، حدیث کا مطلب واضح کریں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق لکھیں۔

**﴿خلاصۂ سوال﴾**......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مطلب (۴) الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب**...... **① حدیث پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفا۔

**② حدیث کا ترجمہ:۔** مسلم کی روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ پر اس شخص سے زیادہ خوش ہوتا ہے جو جنگل میں اپنی سواری پر سوار تھا کھانے پینے کا سامان بھی ساتھ تھا اچانک سواری چھوٹ گئی، بسیار (بہت) تلاش کے بعد مایوس ہو کر وہ ایک درخت کے سائے میں لیٹ گیا اس حالت میں اچانک وہ کیا دیکھتا ہے کہ اونٹنی اسکے پاس آن کھڑی ہوتی ہے چنانچہ وہ اس کی مہار پکڑے ہوئے انتہائی خوشی کے عالم میں کہتا ہے کہ "اے اللہ تو میرا بندہ ہے اور میں تیرا پروردگار ہوں" انتہائی خوشی کے عالم میں غلطی سے اس نے یہ جملہ کیا۔

**③ حدیث کا مطلب:۔** اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ سے بہت زیادہ خوش ہوتے ہیں۔ علامہ خطابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس کی مراد یہ ہے کہ اللہ بندے کی توبہ سے راضی اور اس کی توبہ کو قبول فرماتے ہیں۔

اللھم انت عبدی وانا ربك انتہائی خوشی کے عالم میں غلطی سے اس نے یہ جملہ کہا صحیح جملہ تو تھا کہ وہ یہ کہتا انا عبدك وانت ربی اس جملہ میں یہ بتانا مقصود ہے کہ اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ سے حد درجے خوش ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ کی خوشی کو اس شخص کی خوشی کے ساتھ تشبیہ دی کہ جنگل میں جہاں کوئی چیز نہ ملتی ہو جو کچھ اسکے پاس تھا وہ بھی گم ہو جائے پھر مایوس ہو جانے کے بعد اچانک مل جائے تو اس کی خوشی کا اس وقت کیا ٹھکانہ ہو گا اس سے بھی زیادہ اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں اس سے جو گناہ کر کے توبہ کرتا ہے مثال کے ذریعے بات زیادہ اچھی طرح سمجھ میں آجاتی ہے اسلئے آپ ﷺ نے مثال کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی خوشی کو بیان کیا ہے۔

**④ الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔** "بخطامھا" الخطام کا معنی مہار، نکیل، کمان کی تانت ہے اس کی جمع خُطُم آتی ہے۔

"فلاة" یہ مفرد ہے اس کی جمع فَلَوَات ہے بمعنی وسیع بیابان۔ "ایس" ایاسًا (سمع) بمعنی کسی سے ناامید ہونا۔
"فانفلتت" فلتًا (ضرب) بمعنی رہا کرنا، چھوڑنا۔ "انفلتت" (انفعال) بمعنی رہا ہونا، چھوٹنا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۲۹ھ

**الشق الاوّل**......عَنْ عُمَرَ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَوْاَنَّكُمْ تَتَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهٖ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ، تَغْدُوْ خِمَاصًا وَتَرُوْحُ بِطَانًا. (حدیث:۷۹)

حدیث پراعراب لگا کرترجمہ، تشریح کریں، توکل کے معنی اوراس کی قسمیں تحریر کریں، الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پراعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) توکل کا معنی اوراقسام (۵) الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب**...... ❶ حدیث پراعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرماتے تھے اگر تمہارا توکل اللہ پر صحیح ہو جائے تو وہ تم کو اس طرح رزق دے جس طرح پرندوں کو رزق دیتا ہے کہ صبح کے وقت بھوکے نکلتے ہیں اور شام کو پیٹ بھر کر (گھونسلوں) میں آجاتے ہیں۔

❸ حدیث کی تشریح:۔ توکل کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ پرندوں کی طرح پالتے ہیں، مطلب اس حدیث کا یہ ہے کہ سعی وجدوجہد کسب وعمل حقیقت میں رزق پہنچانے والا نہیں ہے بلکہ رزق پہنچانے والا صرف اللہ ہے لہٰذا اگر تم بھی اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور توکل کرو گے اوراپنا معاملہ اس کے سپرد کرو گے تو وہ پرندوں کی طرح تمہارے لئے بھی روزی کے اسباب خود ہی پیدا کر دے گا۔

❹ توکل کا معنی اوراقسام:۔ توکل کا لغوی معنی بھروسہ کرنا ہے اور شریعت کی اصطلاح میں بعض صورتوں میں اسباب کے اختیار کرنے کا نام ہے اور بعض صورتوں میں اسباب ترک کرنے کا نام ہے اس لئے توکل کا معنی سمجھنے کے لئے پہلے اسباب کی اقسام کا جاننا ضروری ہے۔ یادرہے کہ اسباب کی تین قسمیں ہیں ① اسباب قطعیہ: وہ ہیں کہ جن پر مسبب عادةً مرتب ہوجاتا ہے اوران کے غیر پر مرتب نہیں ہوتا جیسے کھانے سے بھوک کا دور ہونا اور پینے سے پیاس کا دور ہونا۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ان اسباب کو چھوڑنا حرام ہے اور تحصیل جائز ہے ② اسباب ظنیہ: وہ ہیں جن پر مسبب غالبًا مرتب ہوتا ہے اور سبب کے بغیر بھی مرتب ہوجاتا ہے جیسے ذرائع تحصیل مال۔ اس کا حکم یہ ہے کہ اگر ہمت ہو تو چھوڑنا جائز ومندوب ہے ③ اسباب وھمیہ: وہ ہیں جن پر مسبب غالبًا مرتب نہیں ہوتا جیسے فلاں جگہ سے مال مل جائے گا تو تجارت کروں گا۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ان اسباب کو چھوڑنا واجب ہے۔

اس تقریر سے یہ سمجھ آیا کہ قرآن مجید اوراحادیث شریفہ میں جہاں توکل کا امر ہے تو کل کی تین اقسام مراد ہیں ① اسباب کی تحصیل مراد ہے اسباب قطعیہ میں ② اسباب کا ترک مراد ہے اسباب ظنیہ میں ③ اسباب کا ترک مراد ہے اسباب وھمیہ میں۔

❺ الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "یرزق" رزقا باب نصر سے مضارع کا صیغہ ہے بمعنی رزق دینا۔

"تغدو" غُدُوًا نصر سے مضارع کا صیغہ ہے بمعنی صبح کو جانا، مطلق جانا۔

"خماصا" صیغہ جمع مذکر اسم فاعل از مصدر خمصا (سمع وکرم) بمعنی پیٹ کا خالی ہونا۔

"تَرُوح" صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معروف از مصدر الرواح بمعنی شام یا سورج کے ڈھلنے کا وقت۔

"بِطَانًا" صیغہ جمع مذکر اسم فاعل از مصدر اَلْبَطْنُ (سمع وکرم) بمعنی بڑے پیٹ والا ہونا۔

**الشق الثانی** ……عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَثَلِیْ وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَوْقَدَ نَارًا فَجَعَلَ الْجَنَادِبُ وَالْفَرَاشُ يَقَعْنَ فِيْهَا وَهُوَ يَذُبُّهُنَّ عَنْهَا، وَأَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ وَأَنْتُمْ تُفْلِتُوْنَ مِنْ يَدِيْ (حدیث:۱۱۳)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کی تشریح کرتے ہوئے تمثیل کی وضاحت کریں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾……اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب** …… ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری اور تمہاری مثال اس آدمی کی مانند ہے جس نے آگ جلائی پس ٹڈیاں اور پروانے اس میں گرنے شروع ہو گئے اور وہ ان کو آگ سے روکتا تھا اور میں بھی تمہاری کمروں کو پکڑ کر آگ میں گرنے سے بچاتا ہوں اور تم میرے ہاتھ سے نکل رہے ہو۔

❸ حدیث کی تشریح:۔ اس حدیث میں آنحضرت ﷺ نے اپنے اور کفار کے طرز عمل کو مثال کے ذریعہ بیان کیا ہے اور اس میں مثلکم میں کم سے مراد امت محمدیہ کے کفار ہیں کہ جیسے کوئی شخص آگ جلائے تو پتنگے اس میں آ کر گرتے ہیں وہ شخص ان پتنگوں کو آگ سے روکتا ہے تو میری اور کفار کی مثال بھی یہی ہے کہ کفار لوگ جہنم کی آگ میں تیزی سے گر رہے ہیں اور میں ان کو کمروں سے پکڑ کر جہنم سے بچانے کی کوشش کر رہا ہوں مگر وہ پھر بھی بدستور اس میں گر رہے ہیں۔

❹ الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "اوقد" ایقادًا باب افعال سے ماضی کا صیغہ ہے بمعنی آگ سلگانا۔

"الجنادب" بمعنی ایک قسم کی ٹڈی عام لوگ اس کو تو تڑا کہتے ہیں۔

"الفراش" بمعنی پروانہ یہ جمع ہے اس کا مفرد الفراشۃ ہے۔

"یقعن" وقوعًا (فتح) سے مضارع کا صیغہ ہے بمعنی واقع ہونا، گرنا۔

"یذبّھن" الذَّبُّ (نصر) سے مضارع کا صیغہ ہے بمعنی روکنا، دفع کرنا۔

"حُجَز" یہ جمع ہے اس کا مفرد حُجْزَۃ ہے بمعنی ازار باندھنے کی جگہ۔

## ﴿الورقة الثانية: في الحديث﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۰ھ

**الشق الاول** ……عن أم كلثوم بنت عقبة…… قالت: سمعت رسول الله ﷺ يقول: (ليس الكذاب الذي يصلح بين الناس فينمي خيرا اويقول خيرا) (حدیث:۳۳۹)

حدیث کا ترجمہ اور تشریح کریں جن مواقع پر جھوٹ بولنے کی اجازت ہے ان کی تفصیل لکھیں، خط کشیدہ حصے کی نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾……اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح (۳) جن مواقع پر جھوٹ

Maktaba Tul Ishaat.com

کی اجازت ہے ان کی نشاندہی (۴) کلام مخطوط کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا کہ وہ انسان جھوٹا نہیں ہے جو لوگوں کے درمیان جھوٹ بول کر صلح کرواتا ہے اور نیکی کی بات پہنچاتا ہے یا اچھی بات کہتا ہے۔

❷ حدیث کی تشریح:۔ علامہ طبری فرماتے ہیں کہ ان جگہوں پر جھوٹ بولنا جائز ہے مگر دوسرے بعض علماء فرماتے ہیں کہ جھوٹ بولنا تو ہر جگہ حرام ہے اور جہاں جھوٹ بولنے کا جواز معلوم ہوتا ہے وہاں مراد توریہ ہے کہ متکلم معنی بعید مراد لے رہا ہو اور مخاطب معنی قریب مراد لے۔

❸ جن مواقع پر جھوٹ کی اجازت ہے ان کی نشاندہی:۔ تین موقعوں پر جھوٹ بولنے کی اجازت ہے ① **یصلح بین الناس فینمی خیرا** جو لوگوں کے درمیان صلح کراتا ہے، بھلائی کی بات آگے پہنچاتا ہے مطلب یہ ہے کہ جب دو مسلمانوں میں لڑائی ہو جائے تو اب تیسرا آدمی ان دونوں کے باہم بغض وعناد کو دور کرنے اور ان میں صلح کروانے کے لئے ایک دوسرے کی طرف اچھی باتیں پہنچائے تاکہ وہ دونوں صلح اور دوستی پر آمادہ ہو جائیں ② **الحرب** لڑائی کے موقع پر دشمن کو اصل صورتحال سے بے خبر رکھنے کے لئے غلط بیانی سے کام لینا اور دشمن کو دھوکہ میں رکھنا تاکہ فتح حاصل کرنا آسان ہو جائے ③ **حدیث المرأة زوجها** مرد کی بات اپنی بیوی سے کہ جب گھریلو زندگی کو صحیح کرنے کیلئے خاوند کو بیوی سے یا بیوی کو خاوند سے کچھ غلط بیانی کی ضرورت پڑے کہ اسکے بغیر زندگی تلخ ہونے کا خطرہ ہو تو اب اس موقع پر بھی شریعت نے بقدر ضرورت جھوٹ (توریہ) کی اجازت دی ہے۔

❹ کلام مخطوط کی ترکیب:۔ **لیس** فعل ناقص **الکذاب** اس کا اسم **الذی** اسم موصول **یصلح** فعل وفاعل **بین الناس** مضاف ومضاف الیہ ملکر مفعول فیہ، فعل فاعل مفعول فیہ ملکر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ **فا** عاطفہ **ینمی خیرا** فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر معطوف اول **او** عاطفہ **یقول خیرا،** **ینمی خیرا** کی طرح معطوف ثانی، معطوف علیہ دونوں معطوفوں سے ملکر صلہ، موصول صلہ ملکر خبر **لیس** اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی** ...... عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: تَضَمَّنَ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ فِیْ سَبِیْلِهٖ، لَایُخْرِجُهٗ اِلَّا جِهَادٌ فِیْ سَبِیْلِیْ وَاِیْمَانٌ بِیْ وَتَصْدِیْقٌ بِرُسُلِیْ، فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَیَّ اَنْ اُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ اَوْ اَرْجِعَهٗ اِلٰی مَنْزِلِهِ الَّذِیْ خَرَجَ مِنْهُ بِمَا نَالَ مِنْ اَجْرٍ اَوْ غَنِیْمَةٍ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ مَامِنْ کَلْمٍ یُکْلَمُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اِلَّا جَآءَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ کَهَیْئَتِهٖ یَوْمَ کُلِمَ لَوْنُهٗ لَوْنُ دَمٍ وَرِیْحُهٗ رِیْحُ مِسْکٍ. (حدیث ۳۷۹۳)

حدیث پر اعراب لگائیں۔ ترجمہ کریں۔ مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی لکھیں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوط کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس شخص کی ضمان ذمہ داری لی ہے جو اس کے راستہ میں نکلے اور اس کو گھر سے نکالنے والی چیز میرے راستہ میں جہاد کرنا اور میرے اوپر ایمان لانا اور میرے رسولوں کی تصدیق کرنا ہی ہو تو وہ شخص میرے ذمہ ہے کہ میں اس کو جنت میں داخل کروں گا اس کو اس کے گھر کی طرف اجر یا مال غنیمت کے ساتھ لوٹا دوں اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے کہ راہ خدا میں مجاہد کو کوئی زخم نہیں لگتا مگر وہ قیامت کے دن اس حال میں آئیگا کہ جیسے زخم ابھی لگا ہے اسکا رنگ خون والا ہوگا اور اسکی مہک مشک کی طرح ہوگی۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔ "تَضَمَّنَ" یہ باب تفعّل سے ماضی معلوم کا صیغہ ہے بمعنی ضمان دینا، ذمہ داری لینا۔

"لَا يُخْرِجُهُ" یہ باب افعال سے مضارع معلوم کا صیغہ ہے بمعنی نکالنا۔

"اُدْخِلَهُ" یہ باب افعال سے مضارع معلوم کا صیغہ ہے بمعنی داخل کرنا۔

"اُرْجِعَهُ" یہ باب افعال سے مضارع معلوم کا صیغہ ہے بمعنی لوٹانا۔

"نَالَ" یہ باب ضرب سے ماضی معلوم کا صیغہ ہے بمعنی پانا وحاصل کرنا۔

"يُكْلَمُ" یہ باب نصر وضرب سے مضارع مجہول کا صیغہ ہے بمعنی زخمی کرنا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۰ھ

**الشق الاوّل** ...... وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، فِي يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ كَانَتْ لَهُ عَدْلُ عَشْرِ رِقَابٍ، وَكُتِبَتْ لَهُ مِائَةُ حَسَنَةٍ، وَمُحِيَتْ عَنْهُ مِائَةُ سَيِّئَةٍ، وَكَانَتْ لَهُ حِرْزًا مِنَ الشَّيْطَانِ يَوْمَهُ ذٰلِكَ حَتّٰى يُمْسِيَ، وَلَمْ يَأْتِ أَحَدٌ بِأَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهِ إِلَّا رَجُلٌ عَمِلَ أَكْثَرَ مِنْهُ. (حدیث:۱۳۶۰)

حدیث مبارک پر اعراب لگائیں۔ ترجمہ کریں۔ مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی لکھیں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ایک دن میں یہ کلمہ لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ الخ سو مرتبہ پڑھے گا اس کے لیے دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہے اور اس کے نامہ اعمال میں سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اس کے سو گناہ مٹا دیے جاتے ہیں اور اس دن شام تک اس کی شیطان سے حفاظت کر دی جاتی ہے اور کوئی شخص (قیامت کے دن) اس سے افضل عمل لے کر نہیں آئے گا مگر وہ شخص جس نے اس سے بھی زیادہ اس عمل کی کثرت کی ہوگی۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔ "كُتِبَتْ" یہ باب نصر سے ماضی مجہول کا صیغہ ہے بمعنی لکھنا۔

"مُحِيَتْ" یہ باب نصر سے ماضی مجہول کا صیغہ ہے بمعنی مٹانا۔ "عَمِلَ" یہ باب سمع سے ماضی معلوم کا صیغہ ہے بمعنی عمل کرنا۔

"يُمْسِيَ" یہ باب افعال سے مضارع معلوم کا صیغہ ہے بمعنی شام کرنا۔ "لَمْ يَأْتِ" یہ باب ضرب سے نفی جحد بلم معروف کا صیغہ ہے بمعنی آنا۔ "أَكْثَرَ" یہ باب کرم سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے بمعنی کثیر وزیادہ ہونا۔

**الشق الثانی** ...... عَنْ أَنَسٍ قَالَ لَمَّا ثَقُلَ النَّبِيُّ ﷺ جَعَلَ يَتَغَشَّاهُ الْكَرْبُ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: وَاكَرْبَ أَبَتَاهُ، فَقَالَ لَيْسَ عَلٰى أَبِيكِ كَرْبٌ بَعْدَ الْيَوْمِ "فَلَمَّا مَاتَ قَالَتْ: يَا أَبَتَاهُ، أَجَابَ رَبًّا دَعَاهُ، يَا أَبَتَاهُ جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ مَأْوَاهُ، يَا أَبَتَاهُ إِلٰى جِبْرِيلَ نَنْعَاهُ، فَلَمَّا دُفِنَ قَالَتْ فَاطِمَةُ "أَطَابَتْ أَنْفُسُكُمْ أَنْ تَحْثُوا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ التُّرَابَ"؟ (حدیث:۳۸)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کی بے غبار تشریح کریں، أطابت أنفسكم کی ترکیب کریں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) اطابت انفسکم کی ترکیب۔

**جواب**...... ❶ **حدیث پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کی بیماری شدت اختیار کر گئی اور آپ ﷺ پر غشی کے دورے پڑنے لگے تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بیماری کی شدت دیکھ کر بول اٹھیں ہائے میرے ابا کس قدر کربناک ہیں یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا آج کے بعد تیرے ابا کو کچھ تکلیف نہیں ہوگی جب آپ ﷺ فوت ہو گئے تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے روتے ہوئے کہا کہ اے ابا! آپ ﷺ نے پروردگار کے بلاوے کو قبول فرمالیا۔ اے ابا! جنت الفردوس آپ ﷺ کا مقام ہے، اے ابا! ہم جبرائیل علیہ السلام کو آپ ﷺ کی موت کی خبر دیتے ہیں، آپ ﷺ کے مدفون ہونے کے بعد حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تعجب کے عالم میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے کہتی ہیں کہ تم نے رسول اللہ ﷺ پر مٹی ڈالنے کو کیسے گوارا کیا۔

❸ **حدیث کی تشریح:۔** واکرب ابتاہ ہائے میرے ابا کی بے چینی، یہ جملہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے تقاضائے بشریت کہا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ موت کے وقت میں جو تکلیف اور بے چینی ہوتی ہے اس کا اظہار کرنا جائز ہے مگر اس اظہار غم میں حد سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے۔ اطابت انفسکم یعنی تمہارے دلوں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو زیر زمین دفن کر دینا اور ان پر مٹی ڈالنا گوارا کرلیا؟ یہ جملہ بھی بے ساختہ محبت اور کمال رأفت و رحمت کی وجہ سے تھا، ورنہ نبی کریم ﷺ کے دفن کرنے پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو کوئی اعتراض نہیں تھا کیونکہ یہ تو شریعت کا حکم ہے جس سے کوئی مستثنیٰ نہیں ہے۔

❹ **اطابت انفسکم کی ترکیب:۔** اطابت فعل انفسکم مضاف و مضاف الیہ ملکر فاعل، فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱٤۳۰ھ

**الشق الاوّل**......عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فِيْمَا يَرْوِيْهِ عَنْ رَبِّهٖ عزّوجل قَالَ " اِذَا تَقَرَّبَ الْعَبْدُ اِلَيَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ اِلَيْهِ ذِرَاعًا وَاِذَا تَقَرَّبَ اِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ بَاعًا وَاِذَا اَتَانِيْ يَمْشِيْ اَتَيْتُهٗ هَرْوَلَةً " (حدیث:۹۶)

اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کی تشریح کریں، شبرًا اور ذراعًا کے منصوب ہونے کی وجہ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) شبرًا اور ذراعًا کے منصوب ہونے کی وجہ۔

**جواب**...... ❶ **حدیث پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ سے بیان فرماتے ہیں فرمایا جب بندہ میری طرف ایک بالشت قریب ہوتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب ہو جاتا ہوں اور جب وہ ایک ہاتھ میرے قریب ہوتا ہے تو میں دونوں ہاتھ پھیلانے کے بقدر اس کے قریب ہوتا ہوں اور جب وہ میری طرف آہستہ چل کر آتا ہے تو میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں۔

❸ **حدیث کی تشریح:۔** حدیث قدسی ہے کہ جب بندہ میری طرف ایک بالشت قریب ہوتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب ہوتا ہوں بندہ کا اللہ سے قریب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب بندہ اللہ کی فرمانبرداری و اطاعت کرتا ہے یعنی بندہ معمولی سی عبادت

کرتا ہے جتنی کہ ایک بالشت، کم سے کم خیر کی مثال بالشت کے ساتھ دیجاتی ہے تو کہا جارہا ہے کہ بندہ تو معمولی سی عبادت کرتا ہے مگر اللہ جل شانہٗ کی رحمت اس پر ایک ہاتھ کے بقدر مہربان ہوتی ہے اسی طرح اگر بندہ کچھ زیادہ عبادت کرتا ہے گویا ایک ہاتھ کے برابر تو اللہ اس سے دوگنا زیادہ قریب ہوتے ہیں یعنی دونوں بازوؤں کے پھیلانے کے بقدر، اور جب بندہ اللہ کی طرف آہستہ آہستہ رجوع کرتا ہے اور گناہوں کو چھوڑ کر اللہ جل شانہٗ کی طرف توجہ کرنے لگتا ہے تو اللہ جل شانہٗ کی رحمت اس کو دوڑ کر اپنی آغوش میں لے لیتی ہے کہ کہیں شیطان اسکو راستہ میں نہ روک لے۔

❹ **شِبرًا اور ذراعًا کے منصوب ہونے کی وجہ:۔** یہ دونوں تمیز ہونے کی بناء پر منصوب ہیں یا مفعول بہ ہونے کی بناء پر۔

**الشق الثانی** ...... عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ "قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى یَقُوْلُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ أَیْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ؟ بِجَلَالِیْ اَلْیَوْمَ أُظِلُّهُمْ فِیْ ظِلِّیْ یَوْمَ لَاظِلَّ إِلَّا ظِلِّیْ" (حدیث:۴۷۷)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق لکھیں، اللہ کے ظل سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

﴿ خلاصۂ سوال ﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق (۴) اللہ کے ظل کی مراد۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث پر اعراب:۔** کَمَامَرَّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اللہ جل شانہٗ قیامت کے دن فرمائے گا کہ کہاں ہیں وہ لوگ جو میرے جلال کے پیش نظر آپس میں محبت کرتے تھے آج میں انکو اپنے سایہ میں جگہ عطاء کرونگا جبکہ میرے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔

❸ **الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔** "اُظِلُّهم" صیغہ واحد متکلم مضارع معروف باب افعال بمعنی سایہ دینا۔

"المتحابون" التحاب (تفاعل) سے جمع مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی آپس میں محبت کرنا۔

"بجلالی" جلا لا وَجُلَالَةً (ضرب) بڑی شان والا ہونا، جسم میں بڑا ہونا، عمر میں بڑا ہونا۔

❹ **اللہ کے ظل کی مراد:۔** اسکے بارے میں مشہور تین قول ہیں ① ظل سے اللہ کے عرش کا سایہ مراد ہے جیسا کہ بعض روایات میں عرش کا ذکر بھی ہے ② ظل سے مراد حفاظت خداوندی اور رحمت الٰہی ہے جیسا کہ ایک حدیث میں آتا ہے السُّلطان ظلّ اللّٰہ فی الارض دنیا میں اللہ کا سایہ سلطان ہوتا ہے یعنی بادشاہ کے ذریعہ سے حفاظت ہوتی ہے ③ یہ کنایہ ہے راحتوں اور نعمتوں سے، مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن ان کو وہاں کی راحتیں اور نعمتیں بھرپور ملیں گی۔

## ﴿الورقة الثانية: فی الحديث﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۱ھ

**الشق الاول** ...... عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ "إِنَّ اللّٰهَ یُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ الْجَنَّةَ: صَانِعَهُ یَحْتَسِبُ فِیْ صَنْعَتِهِ الْخَیْرَ وَالرَّامِیَ بِهٖ وَمُنْبِلَهُ وَارْمُوْا وَارْكَبُوْا وَأَنْ تَرْمُوْا أَحَبُّ إِلَیَّ مِنْ أَنْ تَرْكَبُوْا وَمَنْ تَرَكَ الرَّمْیَ بَعْدَ مَا عَلِمَهُ رَغْبَةً عَنْهُ فَإِنَّهَا نِعْمَةٌ تَرَكَهَا (حدیث:۱۳۳۵)

حدیث مبارک پر اعراب لگائیں۔ ترجمہ کریں۔ مخطوطہ الفاظ کے ابواب اور معانی لکھیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب و معانی۔

جواب ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اللہ تعالیٰ ایک تیر کی وجہ سے تین آدمیوں کو جنت میں داخل فرماتے ہیں اس کے بنانے والے کو جو اس کے بنانے سے ثواب کی امید رکھے اور اس تیر کو چلانے والا اس تیر کو ترکش سے نکال کر دینے والا، تیر اندازی کرو اور گھڑ سواری کرو اور تمہارا تیر اندازی کرنا تمہارے گھڑ سواری کرنے سے مجھے زیادہ پسند و محبوب ہے اور جس شخص نے تیر اندازی کو سیکھنے کو بعد بے رغبتی کی وجہ سے چھوڑ دیا تو بے شک وہ ایک نعمت تھی جس کو اس نے چھوڑ دیا۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب و معانی:۔ "یَحْتَسِبُ" یہ باب افتعال سے مضارع معلوم کا صیغہ ہے بمعنی ثواب کی امید رکھنا۔

"اِرْمُوْا" یہ باب ضرب سے امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے بمعنی تیر پھینکنا اور تیر اندازی کرنا۔

"اِرْكَبُوْا" یہ باب سمع سے امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے بمعنی سوار ہونا۔

"تَرَكَ" یہ باب نصر سے ماضی معلوم کا صیغہ ہے بمعنی چھوڑنا۔ "عَلِمَهٗ" یہ باب سمع سے ماضی معلوم کا صیغہ ہے بمعنی سیکھنا۔

الشق الثانی ...... عن زید بن ارقم قال: کان رسول اللّٰه ﷺ یقول اللّٰهم انی أعوذبك من العجز والکسل والبخل والهرم وعذاب القبر، اللّٰهم نفسی تقولها وزکها انت خیر من زکلها انت ولیها ومولاها، اللّٰهم انی اعوذبك من علم لاینفع ومن قلب لایخشع ومن نفس لاتشبع ومن دعوة لایستجاب لها۔ (حدیث:۲۷۰۹)

حدیث کا ترجمہ کریں۔ اعوذبك من علم لاینفع ومن قلب لایخشع کی ترکیب کریں۔ مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) مذکورہ جملہ کی ترکیب (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب و معانی۔

جواب ...... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے اللهم انی اعوذ بك من العجز الخ (ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں عاجزی اور سستی سے، بخل اور کبر سے اور قبر کے عذاب سے اے اللہ میرے نفس کو اس کا تقویٰ دے اور اس کو پاک کردے اور تو سب سے بہتر پاک کرنے والا ہے تو ہی اس کا والی و مولیٰ ہے اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے علم سے جو نفع نہ دے اور ایسے دل سے جس میں خوف نہ ہو اور ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو اور ایسی دعا سے جو قبول نہ ہو۔

❷ مذکورہ جملہ کی ترکیب:۔ اعوذ فعل وفاعل بك جار و مجرور مل کر متعلق اوّل من جارہ علم موصوف لاینفع فعل و فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر مجرور، جار مجرور مل کر معطوف علیہ، مابعد والا جملہ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر متعلق ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب و معانی:۔ "اَعُوْذُ" یہ باب نصر سے مضارع معلوم کا صیغہ ہے بمعنی پناہ مانگنا۔

"لَا یَنْفَعُ" یہ باب فتح سے نفی مضارع معلوم کا صیغہ ہے بمعنی نفع دینا۔

"لَا یَخْشَعُ" یہ باب فتح سے نفی مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ بمعنی ڈرنا۔

"لَاتَشْبَعُ" یہ باب سمع سے نفی مضارع معلوم کا صیغہ ہے بمعنی سیر ہونا۔

"لَايُسْتَجَابُ" یہ باب استفعال سے نفی مضارع مجہول کا صیغہ ہے بمعنی قبول کرنا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۱ھ

**الشق الاوّل** ......قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اَلطُّھُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ تَمْلَأُ الْمِیْزَانَ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ تَمْلَآنِ اَوْ تَمْلَأُ مَابَیْنَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَالصَّلٰوۃُ نُوْرٌ وَالصَّدَقَۃُ بُرْھَانٌ وَالصَّبْرُ ضِیَاءٌ وَالْقُرْآنُ حُجَّۃٌ لَکَ اَوْ عَلَیْکَ، کُلُّ النَّاسِ یَغْدُوْ فَبَائِعٌ نَفْسَہٗ فَمُعْتِقُھَا اَوْ مُوْبِقُھَا۔ (حدیث:۲۵)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کا صاف اور واضح مطلب لکھیں، خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق لکھیں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مطلب (۴) الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نظافت نصف ایمان ہے، اور الحمدللہ کا کلمہ ترازو کو ثواب سے بھر دے گا اور سبحان اللہ، الحمدللہ کے کلمات آسمان اور زمین کے درمیان فضا کو بھر دیتے ہیں، نماز نور ہے، صدقہ دینا ایمان کی دلیل ہے اور صبر کرنا روشنی ہے، قرآن پاک تیرے موافق یا مخالف دلیل کی حیثیت رکھتا ہے، ہر انسان صبح کو اٹھنے والا ہے پس اپنے آپ کو بیچنے والا ہے (نیک کام کر کے) اپنے نفس کو جہنم سے آزاد کرنے والا ہے یا (برے کام کر کے) اس کو تباہ و برباد کرنے والا ہے۔

❸ حدیث کا مطلب:۔ الطھور شطر الایمان نظافت نصف ایمان ہے مطلب یہ ہے کہ ظاہری نجاست (حقیقی و حکمی) کو دور کرنا آدمی پاکیزگی ہے اور آدمی پاکیزگی نجاست باطنی یعنی حسد، کینہ، بغض وغیرہ سے اپنے آپ کو پاک کرنا ہے۔ اس حدیث میں ترغیب ہے کہ جس طرح ظاہری پاکیزگی ضروری ہے اسی طرح باطنی پاکیزگی بھی حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔

الحمدللہ تملأ المیزان اس میں الحمد للہ کے ثواب کی طرف اشارہ ہے کہ قیامت کے دن الحمد للہ کا ثواب ترازو کو بھر دیگا۔

الصلوۃ نور نماز روشنی ہے یعنی دنیا میں بھی اس نماز سے حق کی طرف رہنمائی ملتی ہے اور روز قیامت پل صراط سے گزرتے وقت اس کی روشنی ہوگی جو نمازی کو وہاں کام دیگی۔ الصدقۃ برھان محدثین رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ صدقہ دینا مومن اور مخلص ہونے کی علامت و دلیل ہے۔ الصبر ضیاء صبر روشنی ہے کہ صبر بھی مومن کا ہتھیار ہے اس سے مومن کو استقامت ملتی ہے۔

القرآن حجۃ لک او علیک ایک دوسری روایت میں آتا ہے یُحاجّ العباد قرآن مجید قیامت میں بندوں سے جھگڑا کرے گا اپنے حقوق کے بارے میں جس طرح انسان آپس میں ایک دوسرے کے خلاف جھگڑتے ہیں یا دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جو شخص قرآن کے حقوق ادا کرے تو قرآن قیامت کے دن اس کے بارے میں سفارشی ہوگا اور اس شخص کے لئے قرآن حجت اور دلیل بن جائے گا اور اگر قرآن کے حقوق کو ادا نہ کیا تو قیامت کے دن یہ قرآن اس کے خلاف ہو جائے گا۔

کل الناس یغدوْ ہر شخص جب صبح کے وقت اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اپنے نفس کو جہنم سے آزاد کرنے والا ہوتا ہے یا ہلاک کرنے والا یعنی اگر وہ دن کو اچھے اعمال کرے گا تو اسے جہنم سے آزاد کرے گا، جہنم کی آگ سے محفوظ کرے گا اور اگر برے کام اور

Maktaba Tul Ishaat.com

اعمال کرے گا تو پھر خود ہی اپنے نفس کو ہلاک اور تباہ و برباد کرے گا۔

④ الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "تَمْلأنِ" صیغہ تثنیہ مؤنث غائب مضارع معلوم باب فتح بمعنی بھرنا۔

"برهان" اسم ہے بمعنی دلیل و حجت، اس کی جمع براهین ہے۔

"یَغْدُوْ" واحد مذکر غائب مضارع معلوم از باب نصر بمعنی صبح کے وقت آنا۔

"معتقها" صیغہ واحد مذکر اسم فاعل باب افعال بمعنی آزاد کرنا، عَتْقًا و عِتْقًا (ضرب) بمعنی آزاد ہونا۔

"موبقها" صیغہ واحد مذکر اسم فاعل باب افعال بمعنی ہلاک کرنا۔ فَرَبَ سے بمعنی ہلاک ہونا۔

**الشق الثانی** ...... قَـالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ قَالَ يَعْنِیْ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ "بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ" يُقَالُ لَهٗ: هُدِيْتَ وَكُفِيْتَ وَوُقِيْتَ وَتَنَحّٰى عَنْهُ الشَّيْطَانُ. (حدیث:۸۳)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کا مطلب تحریر کریں، خط کشیدہ کلمات کی صرفی تحقیق کریں۔

﴿ خلاصہ سوال ﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مطلب (۴) الفاظ مخطوطہ کی صرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ① حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

② حدیث کا ترجمہ:۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص گھر سے نکلتے وقت کہے کہ بسم الله تـوکـلت علی الله لاحول ولا قـوة الّا بالله (اللہ کے نام سے نکلا ہوں اللہ پر توکل کیا، گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے) تو اس کو کہا جاتا ہے کہ تو ہدایت دیا گیا اور کفایت کیا گیا اور بچالیا گیا ہے اور شیطان اس سے دور ہو جاتا ہے۔

③ حدیث کا مطلب:۔ اس حدیث میں آپ ﷺ نے گھر سے نکلتے وقت کی دعا بتلائی ہے کہ آدمی گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھے بسم الله تـوکـلت علی الله الخ اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ شیطان اس سے دور ہو جاتا ہے، یہ دعا پڑھنا اگر چہ علماء نے مستحب لکھا ہے مگر دیکھیں کہ شریعت مطہرہ کے مستحب کاموں میں جب اتنی حفاظت ہے تو پھر سنن واجبات اور فرائض میں کتنی حفاظت ہوگی، یہ دعا پڑھ کر آدمی نے اللہ کی ذات پر توکل و اعتماد کیا اور لاحــــول کے ذریعے اپنے آپ کو عاجز مانا اس پر اللہ کی طرف سے اس کو ہدایت کا انعام ملا، ہدایت اس بات کا نام ہے کہ بندہ اللہ کو یاد کرے اور اس پر اعتماد کامل رکھنے کے ساتھ اپنے تمام امور کو اللہ کے سپرد کر دے۔

④ الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "هُدِيْتَ" صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی مجہول باب ضرب بمعنی ہدایت دینا، راہ دکھانا۔

"كُفِيْتَ" صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی مجہول باب ضرب بمعنی کافی ہونا۔

"وُقِيْتَ" صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی مجہول باب ضرب بمعنی کسی کی حفاظت کرنا و بچانا۔

"تَنَحّٰى" صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی معلوم باب تفعّل بمعنی علیحدہ ہونا، جدا ہونا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۱ھ

**الشق الاوّل** ...... عَنْ جَـابِرٍ قَـالَ: أَرَادَ بَنُوْ سَلِمَةَ أَنْ يَنْتَقِلُوْا قُرْبَ الْمَسْجِدِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَـقَـالَ لَهُمْ: إِنَّـهٗ بَـلَـغَنِیْ أَنَّكُمْ تُرِيْدُوْنَ أَنْ تَنْتَقِلُوْا قُرْبَ الْمَسْجِدِ فَقَالُوْا؟ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ أَرَدْنَا ذٰلِكَ،

لِتَقُلْ: بَنِیْ سَلِمَةَ دِیَارَکُمْ تُکْتَبْ آثَارُکُمْ، دِیَارَکُمْ تُکْتَبْ آثَارُکُمْ. (حدیث:١٣٦)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کا مطلب بیان کریں، بنی سلمة دیارکم تکتب آثارکم کی ترکیب لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾.....اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مطلب (۴) بنی سلمة دیارکم تکتب آثارکم کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ بنو سلمہ نے مسجد کے قریب منتقل ہونے کا ارادہ کیا چنانچہ یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم مسجد کے نزدیک انتقال آبادی کرنا چاہتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا جی ہاں، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے اس کا ارادہ کیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے بنو سلمہ! تم اپنے گھروں میں سکونت پذیر رہو تمہارے قدموں کو لکھا جائیگا۔

❸ **حدیث کا مطلب:۔** حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ بنو سلمہ کے گھر مسجد سے دور تھے انہوں نے مسجد کے قریب انتقال آبادی کرنے کا ارادہ کیا اس بات کی خبر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچ گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ کیا تم نے مسجد کے قریب انتقال آبادی کرنے کا ارادہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہاں تمہارے گھر ہیں وہیں سکونت پذیر رہو تمہارے قدموں کو لکھا جائے گا یعنی جتنے قدم ہوں گے اتنی نیکیاں تم کو ملیں گی، علماء فرماتے ہیں کہ فضیلت زیادہ تو اسی گھر کی ہوگی جو مسجد سے زیادہ قریب ہو کیونکہ جب مسجد پر اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے تو مسجد کے پڑوس والے بھی اس سے محروم نہیں ہوتے لیکن مسجد سے زیادہ قریب تو چند گھر ہی آباد ہو سکتے ہیں باقی گھر مسجد سے دور ہوں گے اس لئے ان کی بھی تسکین خاطر کے لئے ان کی بھی فضیلت حدیث بالا میں ارشاد فرمائی جارہی ہے کہ جتنے قدم بھی رکھے گا اُتنی نیکیاں اس کو ملیں گی۔

❹ **بنی سلمة دیارکم تکتب آثارکم کی ترکیب:۔** بنی سلمة مضاف ومضاف الیہ ملکر منادیٰ مفعول بہ ہے یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل محذوف کا، ادعو فعل اس میں انا ضمیر فاعل دیارکم مضاف ومضاف الیہ ملکر اِلْزَمُوْا فعل محذوف کے متعلق ہو کر معلل، تکتب فعل مجہول آثارکم مضاف ومضاف الیہ ملکر نائب فاعل، فعل ونائب فاعل ملکر جملہ فعلیہ ہو کر تعلیل، معلل تعلیل ملکر ندا، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ندا سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

**الشق الثانی** ......عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ حَیْدَةَ قَالَ قُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَاحَقُّ زَوْجَةِ اَحَدِنَا عَلَیْہِ؟ قَالَ: اَنْ تُطْعِمَهَا اِذَا طَعِمْتَ وَتَکْسُوْهَا اِذَا اکْتَسَیْتَ وَلَا تَضْرِبِ الْوَجْهَ وَلَا تُقَبِّحْ وَلَا تَهْجُرْ اِلَّا فِی الْبَیْتِ (حدیث:٢٤٤)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ وتشریح کریں، حقوق زوجہ بیان کریں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی اور صرفی تحقیق لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) حقوق زوجہ کی نشاندہی (۵) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت معاویہ بن حیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیوی کا حق خاوند پر کیسا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو کھانا کھائے تو اس کو بھی کھلائے، جب تو لباس پہنے تو اس کو بھی پہنائے اور اسے

کے چہرے پر نہ مارو اور اسے قبیح باتیں نہ کہو اور اس کے ساتھ قطع تعلق نہ کرو مگر گھر کے اندر۔

❸ **حدیث کی تشریح:** اس حدیث کریمہ کے اندر سرکار دوعالم ﷺ نے مرد پر عورت کے بعض حقوق کی نشاندہی کی ہے اور بعض معاملات پر تنبیہ فرمائی ہے کہ جب مرد خود کچھ کھائے پیئے تو زوجہ کو بھی کھلائے پلائے اور خود جس طرح کا کپڑا پہنے اسے بھی پہنائے یعنی کھانے پینے اور پہننے میں مساوات کرے اور عورت کے چہرے پر بالکل نہ مارے اور اسے برا بھلا بھی نہ کہے اور اگر بغرض تنبیہ علیحدگی اختیار کرنا چاہتا ہے تو پھر اس کے بستر کو چھوڑ کر یا اسکے کمرے کو چھوڑ کر تنبیہ کرے، تنبیہ کیلئے گھر کو چھوڑنا صحیح نہیں ہے۔

❹ **حقوق زوجہ کی نشاندہی:** مرد پر بیوی کا حق یہ ہے کہ اپنی استطاعت وطاقت کے مطابق اچھا لباس، اچھی خوراک اور دیگر ضروریات زندگی فراہم کرے۔

❺ **الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:** "تَكْسُوْهَا" صیغہ واحد مذکر حاضر مضارع معروف از باب نصر بمعنی لباس پہنانا۔

"تُطْعِمُهَا" صیغہ واحد مذکر حاضر مضارع معروف از باب افعال بمعنی کھانا کھلانا، طعم از سمع بمعنی کھانا کھانا۔

"اِكْتَسَيْتَ" صیغہ واحد مذکر حاضر ماضی معروف از باب افتعال بمعنی کپڑا پہننا۔

"لَاتُقَبِّحْ" صیغہ واحد مذکر نہی حاضر معروف از باب تفعیل بمعنی قبیح و ناشائستہ بات کہنا۔

"لَاتَهْجُرْ" صیغہ واحد مذکر نہی حاضر معروف از باب نصر بمعنی قطع تعلق کرنا۔

## ﴿الورقة الثانية: فى الحديث﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاول** ...... وَعَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ، قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَامِنْ غَازِيَةٍ اَوْ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْ فَتَغْنَمُ وَتَسْلَمُ اِلَّاكَانُوْا قَدْ تَعَجَّلُوْا ثُلُثَيْ اُجُوْرِهِمْ وَمَامِنْ غَازِيَةٍ اَوْ سَرِيَّةٍ تُخْفِقُ وَتُصَابُ اِلَّاتَمَّ اُجُوْرُهُمْ.

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق ذکر کریں۔ (حدیث:۱۴۳۲)

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث پر اعراب:** کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:** حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ لڑنے والا جو گروہ یا لشکر جہاد کرے پھر مال غنیمت حاصل کرے اور صحیح سالم واپس لوٹ آئے تو اس نے اپنے دو تہائی اجر کو جلدی لے لیا، اور جو گروہ یا لشکر مال غنیمت حاصل نہ کرے اور زخمی کر دیا جائے اس کے لئے مکمل اجر ہے۔

❸ **کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق:** "سَرِيَّةٍ" یہ مفرد ہے اس کی جمع سَرَايَا ہے بمعنی فوج کا دستہ۔

"غَازِيَةٍ" یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از مصدر غَزْوًا، غَزَاوَةً (نصر) بمعنی جنگ و جہاد کے لئے نکلنا۔

"فَتَغْنَمُ" یہ مضارع معلوم کا صیغہ ہے از مصدر غَنْمًا وَغَنِيْمَةً (سمع) بمعنی غنیمت حاصل کرنا۔

"تَسْلَمُ" یہ مضارع معلوم کا صیغہ ہے از مصدر سَلَامًا وَسَلَامَةً (سمع) بمعنی سلامتی والا ہونا۔

"تُخْفِقُ" یہ مضارع معلوم کا صیغہ ہے از مصدر اِخْفَاقًا (افعال) بمعنی محروم کرنا ہونا، حاجت میں ناکام لوٹنا۔

"تُصَابُ" یہ مضارع مجہول کا صیغہ ہے از مصدر اِصَابَۃً (افعال) بمعنی پہنچانا۔

**الشق الثانی** ......وَعَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَدَرْكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ وَعَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَإِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِیْعُ وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخِیَانَةِ فَإِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ ۔(حدیث:۱۳۷۱،۱۳۸۵)

احادیث مبارکہ پر اعراب لگا کر سلیس ترجمہ کریں، خط کشیدہ کلمات کے لغوی معنی ذکر کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) احادیث پر اعراب (۲) احادیث کا ترجمہ (۳) کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ احادیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ احادیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ پناہ مانگو آزمائش کی سختی سے اور بدبختی کے آنے سے اور بری قضاء تقدیر سے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے (ترجمہ) اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں بھوک سے کیونکہ وہ برا ساتھی ہے، اور تیری پناہ مانگتا ہوں خیانت سے کیونکہ وہ بری خصلت ہے۔

❸ کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "جُهْدٌ" یہ اسم ہے بمعنی سختی ومشقت مصدر (فتح) بمعنی کوشش کرنا۔

"اَلْبَلَاءُ" یہ اسم ہے بمعنی غم و آزمائش مصدر (نصر) بمعنی آزمانا، تجربہ کرنا۔

"دَرْكٌ" یہ باب نصر کا مصدر ہے بمعنی لاحق ہونا، پانا۔ "شَمَاتَةٌ" یہ اسم ہے بمعنی دشمن کے غم پر خوشی کا اظہار کرنا۔

"اَلضَّجِیْعُ" یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنی ساتھ لیٹنے والا۔ "بِطَانَةٌ" یہ اسم ہے بمعنی بھیدراز، اندرونی خصلت وعادت۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاوّل** ......عَنْ أَبِیْ مُوْسٰی عَبْدِاللّٰهِ بْنِ قَیْسٍ الْأَشْعَرِیِّ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الرَّجُلِ يُقَاتِلُ شُجَاعَةً وَيُقَاتِلُ حَمِیَّةً وَيُقَاتِلُ رِیَاءً أَیُّ ذٰلِكَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا فَهُوَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۔(حدیث:۸)

اعراب لگا کر ترجمہ کریں حمیۃ، شجاعۃ، ریاء کی لغوی تحقیق کریں نیز کلمۃ اللہ سے کیا مراد ہے؟ وضاحت فرمائیں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) مذکورہ الفاظ کی لغوی تحقیق (۴) کلمۃ اللہ کی مراد۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ ایک آدمی شجاعت دکھانے، دوسرا حمیت جتانے، تیسرا ریاکاری کی غرض سے لڑائی کرتا ہے ان میں کون اللہ کی راہ میں جہاد کر رہا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ کے کلمہ کو بلند کرنے کے لئے لڑتا ہے وہ اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے۔

❸ مذکورہ الفاظ کی لغوی تحقیق:۔ "شجاعۃ" یہ مصدر ہے از باب کرم بمعنی دلیر و بہادر ہونا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

"حمیة" یہ مصدر ہے از باب سمع بمعنی نفرت کا اظہار کرنا۔ "ریاء" یہ مصدر ہے بمعنی دکھلاوا اور ریاکاری کرنا۔

❹ **کلمة الله کی مراد:۔** اس سے مراد شریعت مطہرہ و دین اسلام ہے یعنی جو شخص شریعت مطہرہ کی سربلندی کے لئے جہاد کرے گا تو وہ اللہ کے راستے میں ہے اور اس کے دل کے معاملے کو اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں۔

**الشق الثانی** ......عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا سَأَلَتْ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ عَنِ الطَّاعُوْنِ فَأَخْبَرَهَا أَنَّهُ كَانَ عَذَابًا يَبْعَثُهُ اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مَنْ يَّشَاءُ فَجَعَلَهُ اللهُ تَعَالٰى رَحْمَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ فَلَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يَقَعُ فِي الطَّاعُوْنِ فَيَمْكُثُ فِيْ بَلَدِهٖ صَابِرًا مُحْتَسِبًا يَعْلَمُ أَنَّهُ لَا يُصِيْبُهُ إِلَّا مَا كَتَبَ اللهُ لَهٗ إِلَّا كَانَ لَهٗ مِثْلُ أَجْرِ الشَّهِيْدِ۔ (حدیث ۳۳)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، احادیث کی روشنی میں طاعون زدہ علاقے میں رہنے کا حکم بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور توجہ طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) طاعون زدہ علاقے میں رہنے کا حکم۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث پر اعراب:۔** کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت عائشہ ؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے طاعون کے متعلق دریافت کیا، آپ ﷺ نے ان کو بتایا کہ طاعون عذاب الٰہی تھا اللہ تعالیٰ جن لوگوں پر چاہتا تھا اس کو مسلط کر دیتا تھا اب اللہ نے اس کو ایمانداروں کے لئے رحمت بنا دیا ہے پس جو مؤمن انسان طاعون کی بیماری میں مبتلا ہو جائے وہ صبر اور طلب ثواب کی نیت سے اپنے شہر میں ہی رہے اس بات پر یقین کرتے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ نے جو لکھ دیا ہے وہ پہنچ کر رہے گا تو اس کو شہید کے برابر ثواب ملے گا۔

❸ **طاعون زدہ علاقے میں رہنے کا حکم:۔** جہاں قیام پذیر ہے اگر کوئی ناگہانی آفت آجائے تو صبر و اطمینان کا مظاہرہ کرے، ناشکری کا اظہار بھی نہ کرے، اس صورت میں اگر اس کی موت واقع ہو جاتی ہے تو وہ شہادت کے درجے پر فائز ہو جائے گا۔ یہ حکم اس لئے ہے کہ وبائی بیماری دوسری جگہ نہ پھیلے، نیز اگر تمام تندرست لوگ نقل مکانی کر جائیں گے تو پھر مردوں کی تجہیز و تکفین کون کرے گا۔ یہی حکم دوسرے شہر کے لوگوں کے لئے بھی ہے کہ وہ طاعون زدہ شہر میں جانے سے اجتناب کریں جیسا کہ حضرت عمر ؓ کے عہد میں جب طاعون آیا تو وہ بھی اس جگہ تشریف نہیں لے گئے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاول** ......عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ أُمِّ الْحَكَمِ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ دَخَلَ عَلَيْهَا فَزِعًا يَقُوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَيْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهٖ وَحَلَّقَ بِإِصْبَعَيْهِ الْإِبْهَامِ وَالَّتِيْ تَلِيْهَا فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ أَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ (حدیث:۱۸۹)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، ردم یاجوج وماجوج سے کیا مراد ہے؟ نیز حلق باصبعیه الابهام والتی تلیها کا مطلب واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) ردم یاجوج ماجوج کی مراد (۴) حلق باصبعیه الابهام الخ کا مطلب۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث پر اعراب:** کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:** ام المؤمنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ ان کے پاس گھبراہٹ کے عالم میں تشریف لائے، آپ ﷺ فرما رہے تھے لا الٰہ الا اللہ عرب کیلئے ہلاکت ہے اس شر سے جو قریب آچکا ہے آج یاجوج و ماجوج کی دیوار کو اس قدر کھول دیا گیا ہے، آپ ﷺ نے انگوٹھے کے ساتھ متصل انگلی کے ساتھ حلقہ بناتے ہوئے ارشاد فرمایا، میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ! کیا ہم تباہ و برباد ہو جائیں گے جبکہ ہم میں نیک لوگ موجود ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں جب کہ خباثتیں زیادہ ہو جائینگی۔

❸ **ردم یاجوج ماجوج کی مراد:** اس سے مراد ذوالقرنین بادشاہ کی تعمیر کردہ وہ دیوار ہے جس کو اس نے یاجوج ماجوج کا راستہ روکنے کے لئے دو پہاڑوں کے درمیان تعمیر کیا تھا تاکہ وہ بقیہ انسانوں پر حملہ آور نہ ہوں اور اس سد یاجوج ماجوج میں بقدر حلقہ سوراخ ہونا اپنے حقیقی معنی میں بھی ہو سکتا ہے اور مجازی طور پر اس دیوار کے کمزور ہونے کے معنی میں بھی ہو سکتا ہے۔

❹ **حلق باصبعیہ الابہام الخ کا مطلب:** آپ ﷺ نے انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کو ملا کر حلقہ بناتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا کہ آج یاجوج ماجوج کی دیوار کو اس قدر یعنی معمولی مقدار میں کھول دیا گیا ہے۔

**الشق الثانی** ......وَعَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ مَنْ كَانَتْ عِنْدَهٗ مَظْلَمَةٌ لِأَخِیْهِ مِنْ عِرْضِهٖ أَوْ مِنْ شَیْءٍ فَلْیَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ الْیَوْمَ قَبْلَ أَنْ لَا یَكُوْنَ دِیْنَارٌ وَّلَا دِرْهَمٌ إِنْ كَانَ لَهٗ عَمَلٌ صَالِحٌ أُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلَمَتِهٖ وَإِنْ لَّمْ یَكُنْ لَهٗ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَیِّئَاتِ صَاحِبِهٖ فَحُمِلَ عَلَیْهِ. (حدیث:۳۱۰)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حدیث کا مضمون بظاہر ولا تزر وازرۃ وزر اخریٰ کے خلاف ہے اس کی وضاحت فرمائیں۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث سے رفع تعارض۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث پر اعراب:** کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس شخص پر اس کے کسی بھائی کا حق ہو مثلاً عزت یا اسی طرح کی کوئی اور چیز تو ضروری ہے کہ آج ہی اس سے معافی طلب کر لے اس سے پہلے کہ نہ اس کے پاس دینار رہیں گے نہ درہم، اگر اس کے نیک اعمال ہوں گے تو اس کے ظلم کے مطابق اس سے نیکیاں لی جائیں گی اور اگر ظالم کی نیکیاں نہیں ہیں تو مظلوم کی برائیوں کو ظالم کے حساب میں لکھ دیا جائے گا۔

❸ **حدیث سے رفع تعارض:** سوال ہوتا ہے کہ بظاہر قرآن و حدیث میں تعارض ہے اس لئے کہ قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے ولا تزر وازرۃ وزر اخریٰ کہ کوئی بھی شخص روز محشر دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، ہر ایک اپنے اعمال کی جزا و سزا وصول کرے گا اور اس حدیث میں ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ ظالم کی نیکیاں مظلوم کو دے دی جائیں گی اور اگر ظالم کی نیکیاں نہ ہوں گی تو پھر مظلوم کی برائیاں ظالم کے نامۂ اعمال میں درج کر دی جائیں گی تو اس کا جواب یہ ہے کہ ظالم کی نیکیوں کا مظلوم کو ملنا یا مظلوم کی برائیوں کا ظالم کو ملنا یہ آیت کے خلاف نہیں ہے اس لئے کہ ظالم کی نیکیاں جو مظلوم کو دی جا رہی ہیں یا مظلوم کی برائیاں ظالم کو دی جا رہی ہیں یہ بھی درحقیقت ظالم کے اپنے ہی ہاتھ کے کیے ہوئے اعمال کا بدلہ و نتیجہ ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

# ﴿الورقة الثانية: فی الحديث﴾

## ﴿السؤال الاول﴾ ۱۴۳۳ھ

**الشق الاول** ...... عَنْ مُعَاذٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ فَوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ جُرِحَ جَرْحًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ نُكِبَ نَكْبَةً فَاِنَّهَا تَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَغْزَرِ مَا كَانَتْ، لَوْنُهَا كَالزَّعْفَرَانِ وَرِيْحُهَا كَالْمِسْكِ. (حدیث:۱۲۹۲)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر واضح ترجمہ کریں۔ خط کشیدہ کلمات کی لغوی تشریح کریں۔ فانها میں ها ضمیر کا مرجع متعین کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) کلمات مخطوطہ کی لغوی تشریح (۴) ها ضمیر کا مرجع۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السؤال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس مسلمان شخص نے اونٹنی کے دو دفعہ دودھ دینے کے درمیان وقت کی بقدر اللہ کے راستہ میں جہاد کیا تو اس کیلئے جنت واجب ہوگئی اور جو شخص اللہ کے راستہ میں زخمی کیا گیا یا اسے کوئی مصیبت و چوٹ آئی تو وہ قیامت کے دن پہلے سے زیادہ تازہ زخم کے ساتھ آئے گا اس کا رنگ زعفران جیسا اور خوشبو مشک جیسے ہوگی۔

❸ کلمات مخطوطہ کی لغوی تشریح:۔ "فَوَاقَ نَاقَةٍ" اسم ہے بمعنی دو مرتبہ (صبح و شام) دودھ دوہنے کا درمیانی وقفہ یا ایک ہی وقت میں تھن سے دو مرتبہ دودھ نکالنے کا درمیانی معمولی وقفہ (ایک دو سیکنڈ)۔

"نُكِبَ" صیغہ واحد مذکر غائب بحث ماضی مجہول از مصدر نَكْبًا (نصر) بمعنی مصیبت زدہ ہونا اَلنَّكْبَةُ یہ مفرد ہے اس کی جمع نَكَبَاتٌ ہے بمعنی مصیبت۔ "كَاَغْزَرِ" صیغہ واحد مذکر بحث اسم تفضیل از مصدر غَزْرًا وغَزَارَةً (کرم) بمعنی کثیر ہونا، اسم بمعنی کثرت

❹ ها ضمیر کا مرجع:۔ مذکورہ جملہ میں ها ضمیر کا مرجع نکبة ہے اور بواسطہ عطف کے مرجع جَرْحٌ بھی ہے۔

**الشق الثانی** ...... وَعَنْ اَبِيْ مُوسٰى عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهُ كَانَ يَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ فِيْ اَمْرِيْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ جِدِّيْ وَ هَزْلِيْ وَخَطَئِيْ وَعَمْدِيْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. (حدیث:۱۴۲۶)

حدیث شریف پر اعراب لگائیں۔ حدیث کا ترجمہ اور مفہوم وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور حل طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مفہوم۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السؤال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے۔ اللهم اغفرلی الخ (ترجمہ) اے اللہ تو میری خطا، نادانی، کاموں میں زیادتی اور جن باتوں کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے بخش دے اے اللہ امیری سنجیدہ و مزاحیہ غیر ارادی اور ارادی سب خطاؤں کو بخش دے اور یہ تمام خطائیں مجھ میں موجود ہیں اے اللہ امیری اگلی وپچھلی، پوشیدہ و ظاہری

اور وہ خطائیں جن کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے ان سب کو بخش دے تو ہی آگے کرنے والا اور پیچھے رکھنے والا ہے اور تو ہر چیز پر قادر ہے۔

❸ حدیث کا مفہوم:۔ اس حدیث مبارکہ میں آپ ﷺ کی ایک دعا کا ذکر ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ اے میرے پروردگار میری غلطیوں و نادانیوں اور کاموں کی زیادتی کے گناہوں کو سنجیدگی و مزاح، ارادی و غیر ارادی سب خطاؤں کو بخش دے اور میں تسلیم کرتا ہوں کہ میرے اندر ان سب خطاؤں کا پایا جانا ممکن ہے اور نیز میرے سابقہ زندگی کے گناہ اور آئندہ زندگی کے گناہ خواہ وہ چھپ کر ہوئے یا ظاہرا ہوئے تمام کے تمام گناہ جن کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔ ان سب خطاؤں کو معاف فرما تو ہی عمل صالح کی توفیق کے ذریعہ جنت کی طرف آگے کرنے والا ہے اور تو ہی عمل بد و خطاؤں کے ذریعہ رسوا و ذلیل کر کے جنت اور عمل صالح سے پیچھے رکھنے والا ہے اور تو ہر چیز پر قادر ہے لہٰذا میری تمام خطاؤں ولغزشوں کو معاف فرمادے۔

اس حدیث و دعا سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ ﷺ سے یہ تمام گناہ سرزد بھی ہوئے، بلکہ یہ دعا ہے اور دعا میں عاجزی و انکساری کے ذریعہ معافی کو طلب کیا جاتا ہے اور خود کو امکانی وجہ سے بڑے سے بڑے مجرم کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۳ھ

**الشق الاول** ......عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ اِحْتَجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَقَالَتِ النَّارُ فِیَّ الْجَبَّارُوْنَ وَالْمُتَکَبِّرُوْنَ وَقَالَتِ الْجَنَّةُ فِیَّ ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَمَسَاکِیْنُهُمْ فَقَضَی اللّٰهُ بَیْنَهُمَا اِنَّكِ الْجَنَّةُ رَحْمَتِیْ اَرْحَمُ بِكِ مَنْ اَشَاءُ وَاِنَّكِ النَّارُ عَذَابِیْ اُعَذِّبُ بِكِ مَنْ اَشَاءُ وَلِکِلَیْکُمَا عَلَیَّ مِلْؤُهَا.(حدیث:۲۵۳)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، جنت اور جہنم کے بھرنے کی کیفیت احادیث کی روشنی میں بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) جنت وجہنم کو بھرنے کی کیفیت۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا جنت اور دوزخ میں جھگڑا ہوا، دوزخ نے کہا مجھ میں سرکش متکبر لوگ داخل ہوں گے جنت نے کہا مجھ میں کمزور، مسکین لوگ داخل ہوں گے۔ اللہ نے ان کے جھگڑے کو نمٹاتے ہوئے جنت کو فرمایا کہ تو میری رحمت ہے، جس پر رحم کرنا چاہوں گا تیرے ذریعہ کروں گا اور دوزخ کو فرمایا کہ تو میرا عذاب ہے تیرے ذریعہ جس کو چاہوں گا عذاب دوں گا، اور میں نے تم دونوں کو ہی بھرنا ہے۔

❸ جنت وجہنم کو بھرنے کی کیفیت:۔ حدیث شریف میں آتا ہے کہ جب جنتی جنت میں چلے جائیں گے اور جہنمی جہنم میں چلے جائیں گے تو جہنم مطالبہ کرے گی هل من مزید کہ میرے اندر لاؤ تو اللہ تعالیٰ اپنا قدم مبارک (کمایلیق بشانہ) جہنم میں رکھیں گے جس سے جہنم بھر جائے گی اور بول اٹھے گی بس بس، اور جنت کے بھرنے کے لئے اللہ تعالیٰ ایک نئی مخلوق پیدا فرمائیں گے جس کے داخل کرنے سے جنت بھر جائے گی۔

**الشق الثانی** ......عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَاغِرْتُ عَلٰی اَحَدٍ مِنْ نِسَاءِ النَّبِیِّ ﷺ مَاغِرْتُ عَلٰی خَدِیْجَةَ وَمَا رَأَیْتُهَا قَطُّ وَلٰکِنْ کَانَ یُکْثِرُ ذِکْرَهَا وَرُبَّمَا ذَبَحَ الشَّاةَ ثُمَّ یُقَطِّعُهَا اَعْضَاءً ثُمَّ یَبْعَثُهَا فِیْ صَدَائِقِ خَدِیْجَةَ فَرُبَّمَا قُلْتُ لَهٗ کَاَنْ لَمْ یَکُنْ فِی الدُّنْیَا اِلَّا خَدِیْجَةُ فَیَقُوْلُ اِنَّهَا کَانَتْ وَکَانَتْ وَکَانَ لِیْ مِنْهَا وَلَدٌ.(حدیث:۳۳۳)

Maktaba Tul Ishaat.com

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ثم یبعثھا فی صدائق خدیجۃ کی ترکیب کریں اور الا خدیجۃ کی ترکیبی حیثیت واضح کریں۔

﴿ خلاصۂ سوال ﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) جملہ کی ترکیب۔

جواب ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی عورتوں میں سے کسی پر اتنا رشک مجھ کو نہیں آتا جتنا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر آتا تھا میں نے ان کو دیکھا بھی نہیں تھا البتہ رسول اللہ ﷺ کثرت کے ساتھ ان کا تذکرہ فرماتے اور بسا اوقات بکری ذبح کر کے اس کے اعضاء علیحدہ علیحدہ کر کے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سہیلیوں کی طرف بھیجتے ،اس پر میں اکثر کہہ دیا کرتی یوں معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ کوئی عورت ہی نہیں ،آپ ﷺ فرماتے کہ وہ ایسی ایسی تھی یعنی تعریف کے کلمات فرماتے اور فرماتے کہ اس سے میری اولاد بھی ہے۔

❸ جملہ کی ترکیب:۔ ثم عاطفہ یبعث فعل وفاعل ھا ضمیر مفعول بہ فی حرف جار صدائق خدیجۃ مضاف ومضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ماقبل والے جملہ کا معطوف ہوا۔

الا خدیجۃ : الّا حرف استثناء ہے اور خدیجۃ مستثنیٰ ہے اور اس کا مستثنیٰ منہ النساء محذوف ہے جو کہ لم یکن کا اسم ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۳ھ

الشق الاوّل ...... عَنِ الْمِقْدَادِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ تُدْنَى الشَّمْسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْخَلْقِ حَتّٰى تَكُوْنَ مِنْهُمْ كَمِقْدَارِ مِيْلٍ قَالَ سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ الرَّاوِيُّ عَنِ الْمِقْدَادِ فَوَاللّٰهِ مَا أَدْرِيْ مَا يَعْنِيْ بِالْمِيْلِ أَمَسَافَةَ الْأَرْضِ أَمِ الْمِيْلِ الَّذِيْ تُكْتَحَلُ بِهِ الْعَيْنُ: فَيَكُوْنُ النَّاسُ عَلٰى قَدْرِ أَعْمَالِهِمْ فِي الْعَرَقِ فَمِنْهُمْ مَنْ يَكُوْنُ إِلٰى كَعْبَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَكُوْنُ إِلٰى رُكْبَتَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَكُوْنُ إِلٰى حِقْوَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يُلْجِمُهُ الْعَرَقُ إِلْجَامًا، وَأَشَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِيَدِهِ إِلٰى فِيْهِ. (حدیث:۳۰۲)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں،تدنی الشمس یوم القیامۃ من الخلق کی ترکیب کریں۔

﴿ خلاصۂ سوال ﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) جملہ کی ترکیب۔

جواب ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت مقداد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا قیامت والے دن سورج کو مخلوق کے قریب کر دیا جائے گا حتی کہ وہ ان سے ایک میل کے فاصلہ پر ہوگا، حضرت مقداد رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے والے تابعی (یعنی حضرت سلیم بن عامر رحمہ اللہ) فرماتے ہیں اللہ کی قسم میں نہیں جانتا کہ میل سے نبی کریم ﷺ کی کیا مراد تھی؟ کیا زمین کی مسافت یا سرمہ دانی کی وہ سلائی جس سے آنکھ میں سرمہ لگایا جاتا ہے (کیونکہ عربی زبان میں اس کو بھی میل کہا جاتا ہے) پس لوگ اپنے اپنے اعمال کے مطابق پسینے میں ہوں گے بعض ان میں سے وہ ہوں گے جو اپنے ٹخنوں تک اور بعض اپنے گھٹنوں تک اور بعض اپنی کمر تک پسینے میں ڈوبے ہوئے ہوں گے۔

❸ جملہ کی ترکیب:۔ یدنی فعل الشمس نائب فاعل یوم القیامۃ مضاف ومضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ہوا فعل کا من الخلق جار مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے نائب فاعل مفعول فیہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی** ......عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ إِذَا صَلَّى بِالنَّاسِ يَخِرُّ رِجَالٌ مِنْ قَامَتِهِمْ فِي الصَّلٰوةِ مِنَ الْخَصَاصَةِ وَهُمْ أَصْحَابُ الصُّفَّةِ حَتّٰى يَقُوْلَ الْأَعْرَابُ: هٰؤُلَاءِ مَجَانِيْنُ فَإِذَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنْصَرَفَ إِلَيْهِمْ فَقَالَ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَالَكُمْ عِنْدَاللّٰهِ تَعَالٰى لَأَحْبَبْتُمْ أَنْ تَزْدَادُوْا فَاقَةً وَحَاجَةً۔

حدیث پراعراب لگائیں،ترجمہ کریں،اصحاب صفہ کے احوال لکھیں۔(حدیث:۵۱۵)

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں(۱) حدیث پراعراب(۲) حدیث کا ترجمہ (۳) اصحاب صفہ کے احوال۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پراعراب:۔كما مرّ في السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب لوگوں کو نماز پڑھاتے تو صف میں کھڑے بعض لوگ بھوک کی شدت سے گر پڑتے تھے اور یہ اصحاب صفہ تھے۔ یہاں تک کہ دیہاتی لوگ کہتے کہ یہ پاگل ہیں پس جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوتے تو ان کی طرف متوجہ ہو کر فرماتے کہ اگر تمہیں معلوم ہو جائے کہ اللہ جل شانہٗ کے ہاں تمہارے لئے کیا ہے تو تم اس بات کو پسند کرو کہ تم اس سے زیادہ حاجت اور فاقے میں مبتلا ہو۔

❸ اصحاب صفہ کے احوال:۔ علامہ نوویؒ کے بقول اصحاب صفہ غریب الدیار اور بے سروسامانی کی حالت میں تھے جن کو دنیاوی عیش وعشرت سے کوئی لگاؤ نہ تھا، مسجد نبوی ﷺ ان کا مسکن تھا بلکہ مسجد کے ایک طرف آخر میں ایک صفہ یعنی چبوترہ تھا جو مسجد سے الگ تھا اسی میں رات گزارتے تھے اور وہی چھوٹا سا مدرسہ پورے عالم میں علوم کی ضیاء پاشیوں کا سبب بنا، تعداد میں کبھی بڑھ جاتے اور کبھی کم ہو جاتے، کبھی پچاس یا ساٹھ ہوتے اور کبھی چار سو تک پہنچ جاتے، فقروفاقہ کا عالم یہ تھا کہ نماز پڑھتے پڑھتے صفوں ہی میں گر جاتے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ایک حدیث میں خود فرماتے ہیں کہ بھوک سے میرا برا حال ہوتا اور میں بے ہوش ہو جاتا، ترغیب کی ایک روایت میں ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے تین دن فاقہ کی وجہ سے اتنی کمزوری ہوئی کہ چلتے چلتے گر جاتا تھا اور لوگ دیوانہ کہتے تھے، صفہ تک بمشکل پہنچا تو آنحضرت ﷺ نے دو ثرید کے پیالے رکھے ہوئے تھے جو آخر میں بچا آپ ﷺ نے مجھے عطا فرمایا اور وہ ایک لقمہ سے زیادہ نہیں تھا لیکن اس میں برکت اتنی کہ میں کھاتا رہا اور سیر ہو گیا لیکن وہ ختم نہ ہوا۔

## ﴿الورقة الثانية: في الحديث﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱٤۳٤ھ

**الشق الاول** ......عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ ﷺ يَتَقَاضَاهُ فَأَغْلَظَ لَهٗ فَهَمَّ بِهٖ أَصْحَابُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ دَعُوْهُ فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا ثُمَّ قَالَ أَعْطُوْهُ سِنًّا مِثْلَ سِنِّهٖ قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَا نَجِدُ إِلَّا أَمْثَلَ مِنْ سِنِّهٖ، قَالَ: أَعْطُوْهُ فَإِنَّ خَيْرَكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً۔(حدیث:۱۳۶۷)

حدیث شریف پراعراب لگا کر سلیس ترجمہ کریں،مفہوم واضح کریں،خط کشیدہ کلمات کی لغوی تشریح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا خلاصہ چار امور ہیں(۱) حدیث پراعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کا مفہوم (۴) کلمات مخطوطہ کی لغوی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پراعراب:۔كما مرّ في السوال آنفا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا کہ وہ آپ ﷺ سے اپنے قرض کی ادائیگی کا تقاضا ومطالبہ کر رہا تھا۔ اور اس نے آپ کو سخت الفاظ کہے پس حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اسے ٹوکنے وجواب دینے کا ارادہ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کو اس کے اونٹ کی مثل ادا کرو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول اس کے اونٹ سے اعلیٰ اونٹ ہم پاتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہی اس کو دیدو واسطے کہ تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو اپنا قرض اچھی طرح ادا کرے۔

❸ حدیث کا مفہوم:۔ مفہوم حدیث یہ ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے قرض لینا تھا وہ آپ ﷺ کے پاس آیا اور اپنے قرض کا مطالبہ کیا اور بدتمیزی کی، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اُس کے اس بُرے عمل کی وجہ سے غصہ آیا اور اُس کو جواب دینے یا مارنے کا ارادہ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اسے کچھ نہ کہو اس لئے کہ جس نے اپنا حق لینا ہوتا ہے وہ اس طرح کہہ سکتا ہے، اُس کو کہنے کی گنجائش ہے لہٰذا تم اُس کو اُس کے اونٹ کے مثل کوئی اونٹ ادا کردو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول اُس کے اونٹ جیسا تو کوئی اونٹ نہیں ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ چلو اچھا اونٹ ہی ادا کردو اس لئے کہ تم میں سے سب سے اچھا وہ شخص ہے جو ادائیگی کے اعتبار سے اچھا ہو یعنی لیے ہوئے سے بہتر ادا کرے۔

❹ کلمات مخطوطہ کی لغوی تشریح:۔ "فَهَمَّ" صیغہ واحد مذکر غائب بحث ماضی معلوم از مصدر هَمًّا (نصر) بمعنی ارادہ کرنا، چاہنا۔
"يَتَقَاضَاهُ" صیغہ واحد مذکر غائب بحث مضارع معلوم از مصدر التقاضي (تفاعل) بمعنی قرض کا مطالبہ کرنا۔
"دَعُوْهُ اى اُتْرُكُوْهُ" صیغہ جمع مذکر حاضر بحث امر حاضر معلوم از مصدر وَدْعًا بمعنی چھوڑنا۔
"سِنًّا" اسم ہے بمعنی اونٹ۔ "اَمْثَلُ" یہ مفرد ہے اس کی جمع اماثل، مثل ہے بمعنی افضل واعلیٰ۔

**السؤال الثانی** ......وَعَنْ عَطَاءِ ابْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ قَالَ: قَالَ لِیْ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلَا اُرِيْكَ اِمْرَاَةً مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَقُلْتُ بَلٰى قَالَ: هٰذِهِ الْمَرْاَةُ السَّوْدَاءُ اَتَتِ النَّبِیَّ ﷺ فَقَالَتْ اِنِّیْ اُصْرَعُ وَاِنِّیْ اَتَكَشَّفُ فَادْعُ اللّٰهَ تَعَالٰى لِیْ قَالَ اِنْ شِئْتِ صَبَرْتِ وَلَكِ الْجَنَّةُ وَاِنْ شِئْتِ دَعَوْتُ اللّٰهَ تَعَالٰى اَنْ يُّعَافِيَكِ فَقَالَتْ: اَصْبِرُ، وَقَالَتْ اِنِّیْ اَتَكَشَّفُ فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ لَّا اَتَكَشَّفَ فَدَعَا لَهَا. (حدیث:۳۵)

حدیث پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں، مخطوطہ الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں کہ مجھے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں تجھے جنت کی حقدار عورت نہ دکھاؤں؟ میں نے کہا ضرور دکھایئے، انہوں نے کہا یہ سیاہ فام عورت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آکر کہنے لگی مجھے مرگی کا دورہ پڑتا ہے اور میری شرمگاہ سے کپڑا ہٹ جاتا ہے، میرے لئے اللہ سے دعا کیجئے، آپ ﷺ نے فرمایا اگر تو صبر کر سکے تو اس کا ثواب جنت ہے اور اگر تو چاہے تو اللہ سے تیری صحت کیلئے دعا کرتا ہوں، اس نے کہا صبر کرتی ہوں لیکن میرے لئے دعا فرمائیں کہ بے پردگی نہ ہو آپ ﷺ نے دعا فرمائی۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔ "اَلَا اُرِيْكَ" صیغہ واحد متکلم مضارع معروف از اِرَاءَةٌ (افعال) بمعنی دکھانا۔

"شِئْتِ" صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل ماضی معروف از مصدر المشیئة (ضرب) بمعنی چاہنا۔

"اَصْبِرُ" صیغہ واحد متکلم مضارع معروف از مصدر صَبْر (ضرب) بمعنی صبر کرنا۔

"اَتَكَشَّفُ" صیغہ واحد متکلم مضارع معروف از مصدر تکشف (تفعل) بمعنی ستر کا کھلنا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۴ھ

**الشق الاوّل** ......عَنْ اَبِیْ عَمَّارَةَ الْبَرَّاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ یَا فُلَانُ اِذَا اَتَیْتَ اِلٰی فِرَاشِكَ فَقُلْ: اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِیْ اِلَیْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ وَاَلْجَأْتُ ظَهْرِیْ اِلَیْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً اِلَیْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنْكَ اِلَّا اِلَیْكَ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ فَاِنَّكَ اِنْ مِتَّ مِنْ لَیْلَتِكَ مِتَّ عَلَی الْفِطْرَةِ وَاِنْ اَصْبَحْتَ اَصَبْتَ خَیْرًا۔ (حدیث:۸۱۳)

حدیث پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں، مخطوطہ الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ جب تم اپنے بستر پر آؤ تو کہو اللّٰھم الخ" اے اللہ میں نے اپنے آپ کو تیرے سپرد کر دیا اور میں نے اپنے چہرہ کو بھی تیری طرف کر دیا اور اپنے تمام معاملات تیرے سپرد کر دیے اور میں نے اپنی پیٹھ کو تیری طرف جھکا دیا، تیری طرف رغبت کرتے ہوئے اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہوئے، تیرے علاوہ کوئی پناہ گاہ نہیں اور نہ کوئی نجات گاہ ہے، تیری نازل کردہ کتاب پر ایمان لے آیا اور تیرے نبی مرسل ﷺ کو تسلیم کر لیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر اس رات تو فوت ہو جائے تو تیرا فوت ہونا فطرت پر ہوگا اور تو بھلائی کو پہنچا"۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔ "اَسْلَمْتُ" صیغہ واحد متکلم ماضی معروف از مصدر اسلام (افعال) بمعنی تسلیم و سپرد کرنا۔

"وَجَّهْتُ" صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معروف از مصدر توجیه (تفعیل) بمعنی متوجہ ہونا۔

"فَوَّضْتُ" صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معروف از مصدر تفویض (تفعیل) بمعنی سپرد کرنا۔

"اَنْزَلْتَ" صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی معروف از مصدر انزال (افعال) بمعنی اتارنا۔

"اَرْسَلْتَ" صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی معروف از مصدر ارسال (افعال) بمعنی بھیجنا۔

**الشق الثانی** ......عَنْ اَبِیْ فِرَاسٍ رَبِیْعَةَ بْنِ كَعْبٍ الْاَسْلَمِیِّ خَادِمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَمِنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ قَالَ كُنْتُ اَبِیْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَاٰتِیْهِ بِوَضُوْئِهٖ وَحَاجَتِهٖ فَقَالَ سَلْنِیْ فَقُلْتُ اَسْاَلُكَ مُرَافَقَتَكَ فِی الْجَنَّةِ فَقَالَ اَوَ غَیْرَ ذٰلِكَ ؟ قُلْتُ هُوَ ذٰلِكَ قَالَ فَاَعِنِّیْ عَلٰی نَفْسِكَ بِكَثْرَةِ السُّجُوْدِ۔ (حدیث:۱۰۶)

حدیث پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں، مخطوطہ الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

❷ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت ابوفراس ربیعہ بن کعب رضی اللہ عنہ (جو رسول اللہ ﷺ کے خادم اور اصحاب صفہ میں سے تھے) بیان کرتے ہیں کہ میں رات بھر رسول اللہ ﷺ کے پاس رہتا، آپ ﷺ کے وضو کیلئے پانی لاتا اور دیگر ضروریات کا خیال رکھتا، آپ ﷺ نے فرمایا جو کچھ مانگنا ہے مانگ لو، میں نے عرض کیا جنت میں آپ ﷺ کی رفاقت کا خواستگار ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا کوئی اور خواہش بھی ہے؟ میں نے عرض کیا وہ بھی یہی ہے فرمایا، کثرت نوافل کے ساتھ میری مدد کرو۔

❸ **الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔** "كُنْتُ" صیغہ واحد متکلم ماضی معروف از افعال ناقصہ از مصدر کون (نصر) بمعنی ہونا۔

"اَبِيْتُ" صیغہ واحد متکلم ماضی معروف از مصدر بیتوتۃ (ضرب وسمع) بمعنی رات گزارنا۔

"صَلّٰى" صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معروف از مصدر صَلوٰۃ، تصلیۃ (تفعیل) بمعنی رحمت بھیجنا۔

"سَلَّمَ" صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معروف از مصدر تسلیم (تفعیل) بمعنی سلامتی فرمانا۔

"سَلْنِيْ" صیغہ واحد مذکر حاضر امر حاضر معروف از مصدر السوال (فتح) بمعنی سوال کرنا، پوچھنا۔

"فَاَعِنِّيْ" صیغہ واحد مذکر حاضر امر حاضر معروف از مصدر اعانۃ (افعال) بمعنی مدد کرنا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۴ھ

**الشق الاول** ......عَنْ اَبِيْ مُحَمَّدٍ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ اُخْبِرَ النَّبِيُّ ﷺ اَنِّيْ اَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَاَصُوْمَنَّ النَّهَارَ وَلَاَقُوْمَنَّ الَّيْلَ مَاعِشْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْتَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ذٰلِكَ؟ فَقُلْتُ لَهٗ قَدْ قُلْتُهٗ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاِنَّكَ لَا تَسْتَطِيْعُ ذٰلِكَ فَصُمْ وَاَفْطِرْ وَنَمْ وَقُمْ وَصُمْ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَاِنَّ الْحَسَنَةَ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا وَذٰلِكَ مِثْلُ صِيَامِ الدَّهْرِ قُلْتُ فَاِنِّيْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالَ فَصُمْ يَوْمًا وَاَفْطِرْ يَوْمَيْنِ قُلْتُ فَاِنِّيْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ فَصُمْ يَوْمًا وَاَفْطِرْ يَوْمًا فَذٰلِكَ صِيَامُ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ (حدیث:۱۵۰)

حدیث پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں، مخلوط الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کو بتایا گیا کہ میں کہتا ہوں کہ جب تک زندہ رہوں گا دن کو روزہ رکھوں گا اور رات کو قیام کروں گا تو آپ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ کیا تو نے ہی یہ بات کہی ہے؟ میں نے کہا کہ آپ ﷺ پر میرے ماں باپ قربان ہوں جی ہاں میں نے یہ بات کہی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تجھ میں اس کی طاقت نہیں ہے پس تو روزہ بھی رکھ اور افطار بھی کر اور سویا بھی کر اور قیام بھی کیا کر اور مہینہ میں تین روزے رکھ اس لئے کہ ایک نیکی کا ثواب دس گنا ہوتا ہے اور یہ اس طرح ہے جیسا کہ زمانہ بھر کے روزے رکھے گئے ہوں، میں نے عرض کیا مجھ میں اس سے بھی زیادہ طاقت ہے، فرمایا: پھر تو ایک دن روزہ رکھ اور دو دن افطار کر، میں نے عرض کیا مجھے اس سے بھی زیادہ کی طاقت ہے، فرمایا: ایک دن روزہ رکھو اور ایک دن افطار کرو یہ داؤد علیہ السلام کے روزے کی مثل ہیں۔

❸ **الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔** "مَاعِشْتُ" صیغہ واحد متکلم ماضی معروف از مصدر عیش (ضرب) بمعنی زندگی گزارنا۔

"لَاَصُوْمَنَّ" صیغہ واحد متکلم بحث لام تاکید بانون ثقیلہ معروف از مصدر صوم (نصر) بمعنی روزہ رکھنا۔
"لَاَقُوْمَنَّ" صیغہ واحد متکلم بحث لام تاکید بالون ثقیلہ معروف از مصدر قیام (نصر) بمعنی قیام کرنا، کھڑا ہونا۔
"لَا تَسْتَطِيْعُ" صیغہ واحد مذکر حاضر نفی مضارع معروف از مصدر استطاعة (استفعال) بمعنی طاقت رکھنا۔
"اُطِيْقُ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معروف از مصدر اطاقة (افعال) بمعنی قادر ہونا، طاقت رکھنا۔

**الشق الثانی** ......وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ : مَرَّ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بِشِعْبٍ فِيْهِ عُيَيْنَةٌ مِنْ مَاءٍ عَذْبَةٍ فَاَعْجَبَتْهُ فَقَالَ لَوِاعْتَزَلْتُ النَّاسَ فَاَقَمْتُ فِيْ هٰذَا الشِّعْبِ وَلَنْ اَفْعَلَ حَتّٰى اَسْتَاْذِنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَذَكَرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ لَاتَفْعَلْ فَاِنَّ مَقَامَ اَحَدِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهِ فِيْ بَيْتِهِ سَبْعِيْنَ عَامًا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَيُدْخِلَكُمُ الْجَنَّةَ ؟ اُغْزُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ ۔ (حدیث:۱۲۹۷)

حدیث شریف پر اعراب لگائیں، واضح ترجمہ کریں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق کریں، فواق ناقة سے کیا مراد ہے؟ واضح کریں۔

﴿ خلاصۂ سوال ﴾......اس سوال میں چار امور حل طلب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق (۴) فواق ناقة کی مراد۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے ایک صحابی پہاڑ کے ایک درے سے گزرے جس میں میٹھے پانی کا ایک چشمہ تھا جوان کو اچھا لگا انہوں نے کہا اے کاش! میں لوگوں سے الگ ہو جاؤں، پس میں اس درے میں رہائش اختیار کرلوں۔ اس نے اس بات کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا، آپ ﷺ نے فرمایا ایسا نہ کر تم میں سے ایک کا اللہ کی راہ میں ٹھہرنا اپنے گھر میں ستر سال نماز پڑھنے سے افضل ہے تم اس بات کو پسند نہیں کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تم کو معاف کردے اور جنت میں داخل کردے، اللہ کی راہ میں جنگ کرو جو شخص اللہ کی راہ میں اونٹنی کے دودھ دوہنے کی مقدار جہاد کرے اس کیلئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔

❸ کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "عَذْبَةٌ" بمعنی میٹھا، خوشگوار، مصدر عَذُوْبَةٌ (کرم، فتح) بمعنی میٹھا، خوشگوار ہونا۔
"شِعْبٌ" یہ مفرد ہے اس کی جمع شِعَابٌ ہے بمعنی پہاڑی راستہ، پانی کا راستہ، پہاڑی درّہ، بڑا قبیلہ، جانب۔
"عُيَيْنَةٌ" یہ عَيْنٌ (چشمہ) کی تصغیر ہے بمعنی چھوٹا سا چشمہ۔
"مَقَامٌ" یہ مصدر بھی ہو سکتا ہے اور اسم ظرف بھی ہو سکتا ہے بمعنی کھڑا ہونا یا کھڑے ہونے کا زمانہ و جگہ۔

❹ فواق ناقة کی مراد:۔ اس کا معنی دو مرتبہ دودھ دوہنے کا درمیانی وقت ہے اور یہ معمولی مقدار میں جہاد کرنے سے کنایہ ہے۔

## ﴿الورقة الثانية: فی الحديث﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۵ھ

**الشق الاول** ......عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ لَايَقْبِضُ الْعِلْمَ اِنْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ الْعِبَادِ وَلٰكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ حَتّٰى اِذَا لَمْ يُبْقِ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ

Maktaba Tul Ishaat.com

رُؤُوسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوْا فَأَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَأَضَلُّوْا . (حدیث:۱۳۹۳)

حدیث شریف پر اعراب لگائیں، سلیس ترجمہ کریں اور یہ بتائیں کہ انتزاعًا کیوں منصوب ہے؟

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) انتزاعًا کے نصب کی وجہ۔

جواب ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نہیں اٹھائے گا علم کو کہ اٹھالے اسے لوگوں کے دلوں سے بلکہ علم کو اٹھائے گا علماء کو اٹھانے کے ذریعہ یہاں تک کہ جب کوئی بھی عالم باقی نہیں رکھے گا تو لوگ اپنے سردار و پیشوا جاہلوں کو بنالیں گے پھر وہ جاہل مسئلہ پوچھے جائیں گے۔ (لوگ پوچھیں گے) اور وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے پس وہ خود بھی گمراہ ہونگے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔

❸ انتزاعًا کے نصب کی وجہ:۔ یہ یَنْتَزِعُ کا مفعول مطلق مقدم ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

الشق الثانی ...... عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ (وَكَانَ قَائِدُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ مِنْ بَنِيْهِ حِيْنَ عَمِيَ) قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ بِحَدِيْثِهٖ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ، قَالَ كَعْبٌ: لَمْ أَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا قَطُّ إِلَّا فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ، غَيْرَ أَنِّيْ قَدْ تَخَلَّفْتُ فِيْ غَزْوَةِ بَدْرٍ وَلَمْ يُعَاتَبْ أَحَدٌ تَخَلَّفَ عَنْهُ، إِنَّمَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالْمُسْلِمُوْنَ يُرِيْدُوْنَ عِيْرَ قُرَيْشٍ حَتّٰى جَمَعَ اللّٰهُ تَعَالٰى بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ عَدُوِّهِمْ عَلٰى غَيْرِ مِيْعَادٍ . (حدیث:۳۱)

حدیث پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں، مخطوطہ الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب و معانی۔

جواب ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو گھر سے لایا کرتے تھے جس وقت ان کی بینائی گئی، فرمایا! کہ میں نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا کہ وہ غزوۂ تبوک میں رسول اللہ ﷺ سے اپنے پیچھے رہ جانے کا واقعہ بیان کرتے ہیں، فرمایا! کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے میں کسی بھی غزوہ میں آپ ﷺ سے پیچھے نہ رہا علاوہ غزوۂ تبوک کے، ہاں غزوۂ بدر میں بھی میں پیچھے رہ گیا تھا لیکن اس میں کسی پر عتاب نہیں ہوا، اسلئے کہ غزوۂ بدر کے موقع پر تو آپ ﷺ اور مسلمان قریش کا قافلہ روکنے کو نکلے تھے یہاں تک کہ اللہ رب العزت نے ان کو لڑائی میں جمع کرلیا کوئی وقت مقرر کئے بغیر۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب و معانی:۔ "قَالَ" باب نصر ینصر سے ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنی کہنا۔

"تَخَلَّفَ" باب تفعّل سے ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنی پیچھے رہ جانا۔

"يُرِيْدُوْنَ" باب افعال سے مضارع معروف کا صیغہ ہے بمعنی ارادہ کرنا و چاہنا۔

"يُحَدِّثُ" باب تفعیل سے مضارع معروف کا صیغہ ہے بمعنی بیان کرنا۔

"غَزَاهَا" باب تفعیل سے مضارع معروف کا صیغہ ہے بمعنی جنگ کے لئے نکلنا۔ "جَمَعَ" باب فتح یفتح بمعنی جمع کرنا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ١٤٣٥ھ

**الشق الاوّل**......وَعَنْ اَبِیْ اِبْرَاهِیْمَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فِیْ بَعْضِ اَیَّامِهِ الَّتِیْ لَقِیَ فِیْهَا الْعَدُوَّ اِنْتَظَرَ حَتّٰی اِذَا مَالَتِ الشَّمْسُ قَامَ فِیْهِمْ فَقَالَ: "یَااَیُّهَا النَّاسُ لَاتَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ وَاسْئَلُوا اللّٰهَ الْعَافِیَةَ فَاِذَا لَقِیْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا وَاعْلَمُوْا اَنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّیُوْفِ" ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ "اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْکِتَابِ وَمُجْرِیَ السَّحَابِ وَهَازِمَ الْاَحْزَابِ اِهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَیْهِمْ"۔(حدیث:۵۳)

حدیث پراعراب لگائیں، ترجمہ کریں، مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پراعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب**...... ❶ حدیث پراعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوابراہیم عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ دشمن کے ساتھ ایک لڑائی میں آپ ﷺ نے انتظار فرمایا یہاں تک کہ سورج ڈھل گیا تو آپ ﷺ کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا اے لوگو! دشمن سے لڑائی کی تمنا نہ کرو اور اللہ تعالی سے عافیت مانگو اور پھر جب دشمن سے مقابلہ کو نکلو تو ثابت قدم رہو اور سمجھ لو جنت تلواروں کے سایہ کے نیچے ہے، آپ ﷺ نے دعا فرمائی اے اللہ! کتاب نازل کرنے والے، بادلوں کو چلانے والے، دشمن کو شکست دینے والے، دشمن کو شکست دے اور ان پر ہماری امداد فرما۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔ "لَقِیَ" باب سمع سے ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنی ملاقات کرنا۔

"اِنْتَظَرَ" باب افتعال سے ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنی انتظار کرنا۔

"اسْئَلُوْا" باب فتح یفتح سے امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی سوال کرنا۔

"فَاصْبِرُوْا" باب ضرب سے امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی ثابت قدم رہنا، صبر کرنا۔

"وَاعْلَمُوْا" باب سمع سے امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی جاننا۔ "مُنْزِلَ" باب افعال سے اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی اتارنا۔

**الشق الثانی**......مِنْ رِوَایَةِ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "اِنَّهُ خُلِقَ کُلُّ اِنْسَانٍ مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ عَلٰی سِتِّیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةِ مِفْصَلٍ، فَمَنْ کَبَّرَ اللّٰهَ وَحَمِدَاللّٰهَ وَهَلَّلَ اللّٰهَ وَسَبَّحَ اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَاللّٰهَ وَعَزَلَ حَجَرًا عَنْ طَرِیْقِ النَّاسِ اَوْ شَوْکَةً اَوْ عَظْمًا عَنْ طَرِیْقِ النَّاسِ اَوْ اَمَرَ بِمَعْرُوْفٍ اَوْنَهٰی عَنْ مُنْکَرٍ عَدَدَ السِّتِّیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، فَاِنَّهُ یُمْسِیْ یَوْمَئِذٍ وَقَدْ زَحْزَحَ نَفْسَهُ عَنِ النَّارِ .(حدیث:۱۲۳)

حدیث پراعراب لگائیں، ترجمہ کریں، مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پراعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب**...... ❶ حدیث پراعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا ہر انسان ۳۶۰ جوڑ لیکر پیدا ہوا تو جو شخص اللہ اکبر کہے، الحمد للہ کہے، لاالہ الا اللہ کہے، سبحان اللہ کہے، استغفر اللہ کہے، لوگوں کے راستہ سے پتھر ہٹائے یا ہڈی اور کانٹا لوگوں کے راستہ سے ہٹائے یا امر بالمعروف کرے یا نہی عن المنکر کرے ۳۶۰ دفعہ تو وہ اس دن شام کرے گا

Maktaba Tul Ishaat.com

اس حال میں کہ اس نے اپنے نفس کو آگ سے بچایا ہوگا۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔ "خُلِقَ" باب نصر ینصر سے ماضی مجہول کا صیغہ ہے بمعنی پیدا کرنا۔

"كَبَّرَ" باب تفعیل سے ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنی بڑائی بیان کرنا۔

"حَمِدَ" باب سمع سے ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنی تعریف کرنا۔

"هَلَّلَ" باب تفعیل سے ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنی لا اله الا الله کہنا۔

"سَبَّحَ" باب تفعیل سے ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنی پاکی بیان کرنا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۵ھ

**الشق الاوّل** ......عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَمَرَ بِلَعْقِ الْأَصَابِعِ وَالصُّحْفَةِ وَقَالَ إِنَّكُمْ لَاتَدْرُوْنَ فِيْ أَيِّهَا الْبَرَكَةُ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُ: إِذَا وَقَعَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيَأْخُذْهَا فَلْيُمِطْ مَاكَانَ بِهَا مِنْ أَذًى وَلْيَأْكُلْهَا وَلَايَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ وَلَايَمْسَحْ يَدَهُ بِالْمِنْدِيْلِ حَتّٰى يَلْعَقَ أَصَابِعَهُ فَإِنَّهُ لَايَدْرِيْ فِيْ أَيِّ طَعَامِهِ الْبَرَكَةُ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَحْضُرُ أَحَدَكُمْ عِنْدَكُلِّ شَيْئٍ مِنْ شَأْنِهِ حَتّٰى يَحْضُرَهُ عِنْدَ طَعَامِهِ، فَإِذَا سَقَطَتْ مِنْ أَحَدِكُمُ اللُّقْمَةُ فَلْيُمِطْ مَاكَانَ بِهَا مِنْ أَذًى فَلْيَأْكُلْهَا وَلَايَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ .(حدیث:۱۶۳)

حدیث پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں، مخطوط الفاظ کے ابواب اور معانی بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفاً۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، آپ ﷺ نے انگلیاں اور پیالہ چاٹنے کا حکم دیا اور فرمایا بے شک تمہیں نہیں معلوم کہ تمہارے کون سے کھانے میں برکت ہے اور ایک روایت میں آپ ﷺ سے مروی ہے فرمایا جب تم میں سے کسی سے لقمہ گر جائے تو چاہیے کہ اسے اٹھائے اور اس پر جو کچھ لگا ہے اسے ہٹائے اور پھر اسے کھائے اور اس کو شیطان کے لئے نہ چھوڑے اور ہاتھ کو کپڑے سے نہ پونچھے اس کو چاٹنے سے پہلے، اس لئے کہ اس کو معلوم نہیں کہ اس کے کون سے کھانے میں برکت ہے اور ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا بے شک شیطان تم میں سے ہر ایک کے پاس تمہاری اشیاء کے ہر موقع پر حاضر ہوتا ہے جو اس کے لائق ہو یہاں تک کہ اس کے پاس کھانے کے موقع پر بھی حاضر ہو جاتا ہے تو جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو چاہیے کہ اس پر سے ہٹائے وہ چیز جو اس کو لگی ہے اور پھر اس کو کھائے اور اس کو شیطان کے لئے نہ چھوڑے۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے ابواب ومعانی:۔ "أَمَرَ" باب نصر ینصر سے ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنی حکم کرنا۔

"وَقَعَتْ" باب فتح یفتح سے ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنی گرنا، واقع ہونا۔

"فَلْيَأْخُذْهَا" باب نصر ینصر سے امر غائب کا صیغہ ہے بمعنی لینا، اٹھانا۔

"لَايَدَعْهَا" باب فتح یفتح سے نہی غائب کا صیغہ ہے بمعنی چھوڑنا۔ "يَلْعَقَ" باب سمع سے مضارع معروف کا صیغہ ہے بمعنی چاٹنا۔

**الشق الثانی** ......عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ ﷺ عَلٰى نَفَرٍ يَنْتَضِلُوْنَ فَقَالَ ارْمُوْا بَنِيْ

إِسْمَاعِيْلَ فَإِنَّ أَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ مَنْ رَمٰى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُوَ لَهُ عِدْلُ مُحَرَّرٍ وَ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ الْحَرْبُ خُدْعَةٌ . (حدیث:١٣٣٦، ١٣٤٢، ١٣٥٣)

احادیث مبارکہ پر اعراب لگائیں، ترجمہ کرکے مطلب بیان کریں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) احادیث پر اعراب (۲) احادیث کا ترجمہ (۳) کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ احادیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ احادیث کا ترجمہ:۔ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا ایک جماعت پر گزر ہوا جو تیر اندازی کر رہے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا کہ اے بنو اسماعیل! تیر اندازی کرو اس لئے کہ تمہارے والد (آباء) بھی تیر انداز تھے۔ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اللہ کے راستہ میں تیر چلائے گا تو اس کیلئے غلام آزاد کرنے والے کے برابر ثواب ہوگا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جنگ دھوکہ و چال ہے۔

❸ کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "يَنْتَضِلُوْنَ" یہ انتضال (افتعال، صحیح) سے مضارع کا صیغہ ہے بمعنی تیر اندازی کرنا۔

"اِرْمُوْا" یہ اَلرَّمْيُ (ضرب، ناقص) سے امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی تیر پھینکنا و چلانا۔

"عِدْلٌ" یہ مفرد ہے اس کی جمع عُدُوْلٌ، اَعْدَالٌ ہے بمعنی نظیر و مثل، قیمت۔

"مُحَرَّرٌ" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر تحریر (تفعیل، مضاعف) بمعنی آزاد کرنا۔

"خُدْعَةٌ" اس کا اعراب پانچ طرح ہے ① خُدْعَةٌ بمعنی لڑائی، دھوکہ و فریب ② خُدَعَةٌ یہ مبالغہ کا صیغہ ہے یعنی لڑائی بہت دھوکہ دینے والی چیز ہے ③ خَدَعَةٌ یہ خَادِعٌ کی جمع ہے بمعنی دھوکہ باز یعنی لڑنے والا دھوکہ باز ہوتا ہے ④ خِدْعَةٌ بمعنی حقیقت کے خلاف ظاہر کرنا ⑤ خَدْعَةٌ یہ فَعْلَةٌ کے وزن پر ہے جو مَرَّةٌ (ایک مرتبہ) کے لئے آتا ہے یعنی جنگ میں ایک ہی مرتبہ چال چلنے سے کامیابی مل جاتی ہے یہی لغت سب سے فصیح ہے۔ (کشف الباری، جہاد ج ۲ ص ۳۸۲)

## ﴿الورقة الثانية: فى الحديث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ١٤٣٦ھ

**الشق الاوّل** ...... عَنْ أَبِي مُوسٰى عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ مَثَلَ مَا بَعَثَنِيَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْهُدٰى وَالْعِلْمِ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَصَابَ أَرْضًا فَكَانَتْ مِنْهَا طَائِفَةٌ طَيِّبَةٌ قَبِلَتِ الْمَاءَ فَأَنْبَتَتِ الْكَلَأَ وَالْعُشْبَ الْكَثِيْرَ وَكَانَ مِنْهَا أَجَادِبُ أَمْسَكَتِ الْمَاءَ فَنَفَعَ اللّٰهُ بِهَا النَّاسَ فَشَرِبُوْا وَسَقَوْا وَزَرَعُوْا وَأَصَابَتْ مِنْهَا طَائِفَةً أُخْرٰى، إِنَّمَا هِيَ قِيْعَانٌ لَا تُمْسِكُ مَاءً وَلَا تُنْبِتُ كَلَأً فَذٰلِكَ مَثَلُ مَنْ فَقُهَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ وَنَفَعَهُ مَا بَعَثَنِيَ اللّٰهُ بِهِ فَعَلِمَ وَعَلَّمَ وَمَثَلُ مَنْ لَمْ يَرْفَعْ بِذٰلِكَ رَأْسًا وَلَمْ يَقْبَلْ هُدَى اللّٰهِ الَّذِيْ أُرْسِلْتُ بِهِ . (حدیث:١٢٨)

حدیث شریف پر اعراب لگائیں، ترجمہ کرکے واضح تشریح کریں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور کا حل مطلوب ہے (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**جواب** ...... ① حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

② حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے جتنا علم اور ہدایت دے کر مبعوث فرمایا، اس کی مثال ایسے ہے جیسے کہ زمین پر بارش برسی، اس زمین میں سے کچھ حصہ ایسا تھا کہ جس نے پانی اپنے اندر جذب کرلیا اور بہت کثرت سے چارہ اور سبزہ اگایا اور زمین کا کچھ حصہ سخت تھا کہ وہ پانی کو روک لیتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ لوگوں کو نفع دیتا ہے، لوگ اس میں سے پیتے ہیں اور اپنے جانوروں کو پلاتے اور چراتے ہیں اور زمین کا کچھ حصہ چٹیل میدان ہے کہ وہ پانی کو نہیں روک سکتا اور نہ ہی اس میں گھاس پیدا ہوتی ہے، تو یہی مثال اس کی ہے کہ جس نے اللہ تعالیٰ کے دین کو سمجھا اور اس کو اللہ تعالیٰ نے اس دین سے نفع دیا جو مجھے دے کر مبعوث فرمایا، چنانچہ اس نے خود دین سیکھا اور دوسروں کو بھی سکھایا اور مثال ہے ان لوگوں کی کہ جنہوں نے اس کی طرف سر بھی نہ اٹھایا اور اللہ تعالیٰ کی اس ہدایت و دین کو جسے میں دے کر بھیجا گیا ہوں قبول نہ کیا۔

③ حدیث کی تشریح:۔ وحی کی مثال نبی کریم ﷺ نے بارش کے ساتھ دی، بارش ہونے کے بعد زمین کی تین قسمیں ہو جاتی ہیں اسی طرح علم و ہدایت کے آنے کے بعد بھی لوگ تین قسموں میں تقسیم ہو گئے۔ ① بارش اگر صاف ستھری پاکیزہ زمین پر برسی تو اب زمین خود بھی منتفع ہوئی کہ اس سے سبزہ وغیرہ نکلا دوسرا یہ کہ اس سبزہ سے دوسروں کو فائدہ بھی پہنچا، اسی طرح ہدایت آنے کے بعد بعض لوگوں نے علم کو سیکھا اور اس پر عمل کیا اور دوسروں کو بھی سکھایا تو اس شخص نے علم سے خود بھی فائدہ حاصل کیا اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچایا مثلاً ائمہ اربعہ ② دوسری قسم زمین کی ہوتی ہے کہ بارش برسنے کے بعد وہ خود تو منتفع نہیں ہوتی کہ اس سے کوئی سبزہ وغیرہ نکلے (پتھریلی ہونے کی وجہ سے) مگر وہ اپنے اندر پانی کو محفوظ کر لیتی ہے جس سے دوسروں کو فائدہ ہو جاتا ہے تو اسی طرح ہدایت آنے کے بعد علم تو حاصل کیا اس پر خود عمل نہیں کیا مگر دوسرے کو سکھایا تو یہ شخص خود علم سے منتفع نہیں ہوا مگر دوسرے کو اس کی وجہ سے فائدہ پہنچ گیا یہ مثال محدثین کی ہے ③ تیسری قسم زمین کی ہوتی ہے کہ بارش برسنے کے بعد اس پر پانی نہیں ٹھہرتا تو اس بارش سے زمین کو بھی کوئی فائدہ نہیں پہنچا اور نہ ہی دوسرے کو اس سے کوئی فائدہ پہنچا تو اسی طرح ہدایت آنے کے بعد لوگوں کی یہ حالت ہوئی کہ ایک کان سے سن کر دوسرے کان سے نکال دیا، نہ خود انہوں نے فائدہ حاصل کیا اور نہ اس کے ذریعہ سے کسی اور کو کوئی فائدہ پہنچا۔ (رحمۃ الصالحین ج ۲ ص ۳۶۳)

④ کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "غَيْثٌ" بمعنی بادل و بارش۔ مصدر غَيْثًا (ضرب) بمعنی بارش برسنا۔

"كَلَأٌ" یہ مفرد ہے اس کی جمع أَكْلَاءٌ ہے بمعنی گھاس۔　　"اَلْعُشْبُ" یہ مفرد ہے اس کی جمع أَعْشَابٌ ہے بمعنی سبز گھاس۔

"أَجَادِبُ" بمعنی وہ زمین جس میں پیداوار نہ ہو۔

**الشق الثانی** ...... عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى: مَا لِعَبْدِي الْمُؤْمِنِ عِنْدِي جَزَاءٌ إِذَا قَبَضْتُ صَفِيَّهُ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا ثُمَّ احْتَسَبَهُ إِلَّا الْجَنَّةُ. وَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ مَا يُصِيْبُ الْمُسْلِمَ مِنْ نَصَبٍ وَلَا وَصَبٍ وَلَا هَمٍّ وَلَا حُزْنٍ وَلَا أَذًى وَلَا غَمٍّ حَتَّى الشَّوْكَةِ يُشَاكُهَا إِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ خَطَايَاهُ (حدیث ۳۳)

مذکورہ دونوں حدیثوں پر اعراب لگا کر سلیس ترجمہ کیجئے اور خط کشیدہ کلمات کی لغوی تشریح کیجئے۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) احادیث پر اعراب (۲) احادیث کا ترجمہ (۳) کلمات مخطوطہ کی لغوی تشریح۔

**جواب** ...... ① احادیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

② احادیث کا ترجمہ:۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میرے ہاں مؤمن بندہ کے لئے جب میں اس کے

دنیوی محبوب کو لے لیتا ہوں جنت کے سوا کوئی بدلہ نہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مسلمان کو تھکاوٹ، بیماری، غم، رنج، تکلیف وغیرہ حتیٰ کہ کانٹا چبھ جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اس کے گناہ مٹا دیتا ہے۔

❸ **کلمات مخطوطہ کی لغوی تشریح:۔** "صفیہ" صفی اسم ہے بمعنی دوست۔ "نصب" اسم ہے بمعنی تھکاوٹ۔ "احتسبہ" احتساب سے ہے بمعنی ثواب کی امید رکھنا۔ "وصب" اسم ہے بمعنی بیماری۔ "ھم، حزن" دونوں اسم ہیں بمعنی غم ورنج۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ١٤٣٦ھ

**الشق الاول** ......عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال ان الدين يسر ولن يشاد الدين الاغلبه فسددوا وقاربوا وابشروا واستعينوا بالغدوة والروحة وشیء من الدلجة، وفی رواية : سددوا وقاربوا واغدوا وروحوا وشیء من الدلجة القصد القصد تبلغوا.(حدیث:۱۳۵)

حدیث شریف کا ترجمہ اور مفہوم بیان کیجئے، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تشریح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کا مفہوم (۳) کلمات مخطوطہ کی لغوی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث کا ترجمہ:۔** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دین آسان ہے اور جو شخص سختی (کی راہ) اختیار کرتا ہے مغلوب ہو جاتا ہے پس سیدھی راہ چلو، میانہ روی اختیار کرو، خوش رہو، صبح وشام اور رات کے کچھ حصہ میں (عبادت کے ذریعہ) مدد مانگو۔ ایک روایت میں ہے سیدھی راہ چلو میانہ روی اختیار کرو، صبح وشام اور رات کے کچھ حصہ میں (عبادت کے ذریعہ) مدد طلب کرو، میانہ روی اختیار کرو مقصد کو پالو گے۔

❷ **حدیث کا مفہوم:۔** یعنی دینِ اسلام چونکہ ایک فطری مذہب ہے اسلئے اس میں آسانی ہے اور جو شخص دین میں تشدد اور سختی کی راہ اختیار کرتا ہے وہ بالآخر مغلوب ہو جاتا ہے لہٰذا آدمی کو چاہیے کہ امور دینیہ میں میانہ روی کو اختیار کرے تو منزل کو پالے گا۔

❸ **کلمات مخطوطہ کی لغوی تشریح:۔** "فسددوا" تَسْدِيْدٌ سے امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی سیدھا کرنا۔ "قاربوا" مقاربة سے امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی ایسی چیز کا ارادہ کرنا جس میں نہ زیادتی ہو اور نہ کمی ہو۔ "الغدوة" اسم ہے بمعنی صبح کے وقت چلنا۔ "الروحة" اسم ہے بمعنی شام کا وقت۔ "الدلجة" اسم ہے بمعنی رات کا آخری پہر۔

**الشق الثانی** ......وعن عائشة قالت: سمع رسول الله ﷺ صوت خصوم بالباب عالية اصواتهما واذا احدهما يستوضع الاخر ويسترفقه فی شیء وهو يقول والله لاافعل، فخرج عليهما رسول الله ﷺ فقال: اين المتألی علی الله لايفعل المعروف؟ فقال انا يارسول الله ! فله ای ذلك احب .(حدیث:۲۵۰)

حدیث شریف کا سلیس ترجمہ کیجئے، یستوضع، یسترفقہ، المتالی کے معنی لکھئے، خط کشیدہ جملہ کا مطلب واضح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) مذکورہ الفاظ کے معنی (۳) خط کشیدہ جملے کا مطلب۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث کا ترجمہ:۔** رسول اللہ ﷺ نے دروازے پر دو جھگڑنے والوں کی بلند آوازیں سنیں ان میں سے ایک دوسرے سے (قرض) کم کرنے کا مطالبہ کر رہا تھا اور نرمی چاہتا تھا۔ دوسرا کہہ رہا تھا اللہ کی قسم! میں اس طرح نہیں کروں گا، رسول اللہ ﷺ ان دونوں کے پاس باہر تشریف لائے اور فرمایا کون ہے جو اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہے کہ میں نیکی نہیں کروں گا، اس آدمی نے کہا

Maktaba Tul Ishaat.com

یارسول اللہ ﷺ میں ہوں اوراس (مقروض) کیلئے وہی ہے جو وہ چاہتا ہے۔

❷ مذکورہ الفاظ کے معنی:۔ "المتالی" اسم ہے بمعنی قسم اٹھانے والا۔

"یستوضع" صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معروف ازمصدر الاستیضاع (استفعال) بمعنی (قرض) کم کرنے کا مطالبہ کرنا۔

"یسترفقه" صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معروف ازمصدر الاسترفاق (استفعال) بمعنی نرمی طلب کرنا۔

❸ خط کشیدہ جملے کا مطلب:۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ اس مقروض کیلئے وہی کچھ ہے جو وہ (قرض کے معاملے میں) نرمی اور کمی چاہتا ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ١٤٣٦ھ

**الشق الاوّل** ......وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ اِذَا فَرَغَ مِنَ الصَّلٰوةِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ ، اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ . (حدیث:٣١٦)

حدیث شریف پر اعراب لگائیں، واضح ترجمہ کریں، خط کشیدہ حصہ کا مطلب وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (١) حدیث پر اعراب (٢) حدیث کا ترجمہ (٣) جملۂ مخطوطہ کا مطلب۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز سے فارغ ہوتے تھے اور سلام پھیر لیتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے (ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں جو تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے، اسی کے لئے بادشاہت و تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ! جو چیز تو عطا کرے اس کو کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جو چیز تو روک لے اس کو کوئی دینے والا نہیں ہے اور کسی کی دولت اس کو تیرے بغیر نفع نہیں دے سکتی)۔

❸ جملۂ مخطوطہ کا مطلب:۔ اس جملہ کا ایک مطلب یہ ہے کہ کسی کی دولت تیرے حکم و مشیت کے بغیر اس کو نفع نہیں پہنچا سکتی اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ اگر تو کسی کو عذاب دینا چاہے تو اس کی دولت و مالداری تیرے عذاب کے معاملہ میں اس کو کوئی فائدہ نہیں دے سکتی۔

**الشق الثانی** ......وَعَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَحَدِ الْعَشَرَةِ الْمَشْهُوْدِ لَهُمْ بِالْجَنَّةِ، قَالَ جَاءَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَعُوْدُنِیْ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ وَجَعٍ اِشْتَدَّ بِیْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ قَدْ بَلَغَ بِیْ مِنَ الْوَجَعِ مَاتَرٰى وَاَنَا ذُوْمَالٍ وَلَا يَرِثُنِیْ اِلَّا ابْنَةٌ لِیْ، اَفَاَتَصَدَّقُ بِثُلُثَیْ مَالِیْ؟ قَالَ لَا، قُلْتُ: فَالشَّطْرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: لَا، قُلْتُ: فَالثُّلُثُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ اَلثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ اَوْكَبِيْرٌ۔ (حدیث:٦)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، عشرہ مبشرہؓ کے اسمائے گرامی تحریر کریں، وصیت کی لغوی و اصطلاحی تعریف اور اس کے بارے میں شرعی احکام تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں۔ (١) حدیث پر اعراب (٢) حدیث کا ترجمہ (٣) عشرہ مبشرہؓ کے اسماء (٤) وصیت کی لغوی و اصطلاحی تعریف (٥) وصیت کے بارے میں شرعی احکام۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

③ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت ابو اسحاق سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جو کہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ میں حجۃ الوداع والے سال سخت بیمار ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ میری بیمار پرسی کے لئے تشریف لائے، میں نے کہا اے اللہ کے رسول! آپ میری بیماری کی شدت دیکھ رہے ہیں اور میرے پاس بہت مال ہے اور ایک بیٹی کے علاوہ میرا کوئی وارث نہیں ہے تو کیا میں اپنا دو تہائی مال صدقہ کر سکتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں، میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! کیا آدھا مال صدقہ کر سکتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں، میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! ایک تہائی مال صدقہ کر سکتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ایک تہائی صدقہ کر سکتے ہو اور ایک تہائی بھی زیادہ ہے یا فرمایا کہ ایک تہائی بھی بہت ہے۔

④ **عشرہ مبشرہ کے اسماء:۔** ① حضرت ابوبکر صدیق ② حضرت عمر فاروق ③ حضرت عثمان غنی ④ حضرت علی المرتضیٰ ⑤ حضرت زبیر بن العوام ⑥ حضرت طلحہ بن عبید اللہ ⑦ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ⑧ حضرت ابوعبیدہ بن جراح ⑨ حضرت سعد بن ابی وقاص ⑩ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہم۔

④ **وصیت کی لغوی واصطلاحی تعریف:۔** لغوی معنی: کسی کام کا عہد لینا، حکم دینا نیز وہ چیز جس کی وصیت کی جائے اور اصطلاح میں هی تمليك مضاف الى بعد الموت بطريق التبرع (ایسی تملیک جو بطور تبرع واحسان ہو اور مابعد الموت کی طرف منسوب ہو)

⑤ **وصیت کے بارے میں شرعی احکام:۔** ویسے تو وصیت کے متعلق متعدد احکام ہیں مگر یہاں اجمالی طور پر چند ضروری احکام ذکر کئے جاتے ہیں۔ ① وصیت کرنا مستحب ہے واجب نہیں ہے ② ورثاء کی اجازت کے بغیر وارث کیلئے وصیت کرنا جائز نہیں ہے ③ قاتل کے لئے وصیت کرنا جائز نہیں ہے ④ کافر کا مسلمان کیلئے اور مسلمان کا کافر کے لئے وصیت کرنا جائز ہے ⑤ تہائی مال سے زائد کی وصیت کرنا جائز نہیں ہے۔ (تکمیل العرفی)

# ﴿الورقة الثانية: فی الحدیث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاوّل** ......وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ إِذَا خَطَبَ إِحْمَرَّتْ عَيْنَاهُ وَعَلَا صَوْتُهُ وَاشْتَدَّ غَضَبُهُ حَتّٰى كَأَنَّهُ مُنْذِرُ جَيْشٍ، يَقُولُ صَبَّحَكُمْ وَمَسَّاكُمْ وَيَقُولُ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ وَيَقْرِنُ بَيْنَ أُصْبُعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى وَيَقُولُ: أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ ﷺ وَشَرَّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ۔ (حدیث:۱۷۰)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، أنا والساعة كهاتين کا مطلب واضح کریں، بدعت کی لغوی واصطلاحی تعریف کرنے کے بعد بدعت کی اقسام واضح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں۔(۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) انا والساعة كهاتين کا مطلب (۴) بدعت کی لغوی واصطلاحی تعریف (۵) بدعت کی اقسام۔

**جواب**...... ① **حدیث پر اعراب:۔** كما مرّ فى السوال آنفاً۔

② **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب خطبہ ارشاد فرماتے تو آپ کی دونوں آنکھیں

Maktaba Tul Ishaat.com

سرخ ہو جاتیں اور آپ کی آواز بلند ہو جاتی اور آپ سخت غصہ میں آجاتے یہاں تک کہ ایسے محسوس ہوتا جیسے آپ کسی لشکر سے ڈرا رہے ہوں اور کہہ رہے ہوں کہ وہ دشمن کا لشکر تم پر صبح کے وقت یا شام کے وقت آجائے گا اور فرماتے کہ میں اور قیامت ان دونوں انگلیوں کی مانند ہیں اور آپ ﷺ اپنی شہادت والی اور درمیانی انگلی کو ملاتے اور فرماتے: امابعد پس بے شک بہترین حدیث اللہ کی کتاب ہے اور بہترین طریقہ محمد ﷺ کا طریقہ ہے اور بدترین کام وہ ہیں جو دین میں ایجاد کئے جائیں اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

③ **انا والساعة کھاتین کا مطلب:۔** اس کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں ① جیسے یہ دونوں انگلیاں متصل اور قریب ہیں اسی طرح میرے اور قیامت کے درمیان فاصلہ بہت کم ہے، گویا میں اور قیامت دونوں ایک دوسرے کے انتہائی قریب ہیں، درمیان میں کسی اور نبی اور امت نے نہیں آنا ② ان دونوں انگلیوں میں سے جیسے درمیانی انگلی شہادت والی انگلی سے تھوڑی سی آگے بڑھی ہوئی ہے اور اُس میں معمولی اضافہ ہے اسی طرح میرے اور قیامت کے درمیان معمولی سا فاصلہ ہے کہ میں انتہائی معمولی طور پر قیامت سے پہلے بھیجا گیا ہوں۔ (کشف الباری، کتاب الرقاق)

④ **بدعت کی لغوی واصطلاحی تعریف:۔** بدعت لغت میں نئی چیز کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں بدعت دین کے اندر اُس نئے کام کو کہتے ہیں جس کی دورِ نبوی ﷺ اور دورِ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم میں دلیل و مثال نہ ہو اور اُسے دین سمجھ کر کیا جائے۔ پس کسی کام کے بدعت ہونے کے لئے دو باتوں کا ہونا ضروری ہے ① اس کام کے دین میں سے ہونے پر کوئی دلیل شرعی قائم نہ ہو ② اس کام کو دین سمجھ کر کیا جائے جس کام میں یہ دونوں باتیں موجود ہوں گی وہ کام بدعت کہلائے گا۔

⑤ **بدعت کی اقسام:۔** بدعت کی دو طرح اقسام بیان کی جاتی ہیں۔ ① لغوی و شرعی بدعت۔ لغوی بدعت ہر اُس نئی ایجاد کو کہتے ہیں جو آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد پیدا ہو، عام ازیں کہ وہ عبادت یا عادت ہو اس کی پانچ اقسام ہیں۔ واجب، مندوب، مباح، مکروہ و حرام۔ شرعی بدعت وہ ہے جو قرونِ ثلاثہ کے بعد پیدا ہوئی ہو اور اس پر قولاً فعلاً صراحۃً و اشارۃً کسی طرح بھی شارع کی طرف سے اجازت موجود نہ ہو اس بدت کو بدعت ضلالہ و بدعت قبیحہ اور بدعت سیئہ کہتے ہیں۔ (راہ سنت)

② بدعت مکفرہ و بدعت مفسقہ۔ بدعت مکفرہ اس بدعت کو کہتے ہیں جس سے کفر لازم آئے مثلاً حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ذات میں حلولِ الوہیت کا عقیدہ رکھنا۔ بدعت مفسقہ وہ بدعت ہے جس سے فسق و فجور لازم آئے مثلاً آج کل کی عمومی بدعات۔ (حمزۃ الکرم ص ۲۱۵)

**الشق الثانی** ..... عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ حَدِيْثَيْنِ قَدْ رَأَيْتُ اَحَدَهُمَا فَاَنَا اَنْتَظِرُ الْاٰخَرَ حَدَّثَنَا اَنَّ الْاَمَانَةَ نَزَلَتْ فِيْ جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ ثُمَّ نَزَلَ الْقُرْآنُ فَعَلِمُوْا مِنَ الْقُرْآنِ وَ عَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ، ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنْ رَفْعِ الْاَمَانَةِ فَقَالَ يَنَامُ الرَّجُلُ نَوْمَةً فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهٖ فَيَظَلُّ اَثَرُهَا مِثْلَ الْوَكْتِ ثُمَّ يَنَامُ نَوْمَةً فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهٖ فَيَظَلُّ اَثَرُهَا مِثْلَ اَثَرِ الْمَجْلِ كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهُ عَلٰى رِجْلِكَ فَنَفِطَ فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ. ثُمَّ اَخَذَ حَصَاةً فَدَحْرَجَهَا عَلٰى رِجْلِهٖ، قَالَ: فَيُصْبِحُ النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ لَا يَكَادُ اَحَدٌ يُؤَدِّي الْاَمَانَةَ حَتّٰى يُقَالَ اِنَّ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ رَجُلًا اَمِيْنًا وَحَتّٰى يُقَالَ لِلرَّجُلِ مَا اَجْلَدَهٗ مَا اَظْرَفَهٗ مَا اَعْقَلَهٗ، وَمَا فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ اِيْمَانٍ قَالَ وَلَقَدْ اَتٰى عَلَيَّ زَمَانٌ وَمَا اُبَالِيْ اَيُّكُمْ بَايَعْتُ لَئِنْ كَانَ مُسْلِمًا لَيَرُدَّنَّهٗ عَلٰى دِيْنِهٖ وَاِنْ كَانَ نَصْرَانِيًّا اَوْ يَهُوْدِيًّا لَيَرُدَّنَّهٗ عَلٰى سَاعِيْهِ فَاَمَّا الْيَوْمَ فَمَا كُنْتُ اُبَايِعُ مِنْكُمْ اِلَّا فُلَانًا وَ فُلَانًا. (مشکوٰۃ: ۴۶۰)

...حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ خط کشیدہ جملوں کا مطلب واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں۔(۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) خط کشیدہ جملوں کا مطلب۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کملرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ہمیں دو حدیثیں بیان فرمائیں، ان میں سے ایک کا میں مشاہدہ کر چکا ہوں اور دوسری کا منتظر ہوں، آپ ﷺ نے ہمیں بیان فرمایا کہ امانت کا لوگوں کے دلوں کے درمیان نزول ہوا تھا پھر قرآن نازل ہوا تو انہوں نے قرآن سے علم حاصل کیا اور سنت سے علم سیکھا پھر آپ نے ہمیں امانت کے اٹھائے جانے کے متعلق بتایا کہ آدمی نیند سے بیدار ہوگا تو اس کے دل سے امانت چھین جائے گی اور اس کا دھندلا سا اثر باقی رہ جائے گا پھر سو کر نیند سے بیدار ہوگا تو اس کے دل سے باقی ماندہ حصہ بھی نکال لیا جائے گا اور آبلہ کے مانند اثر باقی رہ جائے گا جیسا کہ آگ کی چنگاری کو تو اپنے پاؤں پر لڑھکائے اس سے چھالا نمودار ہو جائے اور وہ ابھرا ہوا نظر آئے لیکن اس میں کوئی چیز نہیں (تمثیل بیان فرماتے ہوئے) آپ نے ایک کنکر اٹھایا اور اس کو اپنے پاؤں پر گرایا، اس کے بعد لوگوں کی یہ حالت ہو جائے گی کہ خرید و فروخت کریں گے لیکن کوئی انسان ایسا نہیں ہوگا جو امانت ادا کرنے والا ہو، یہاں تک کہ کہا جائے گا کہ فلاں قبیلہ میں ایک امانت دار آدمی موجود ہے۔ اسی طرح ایک آدمی کے بارے میں عام یہ تاثر ہوگا کہ وہ بہت زیادہ مضبوط، ہوشیار، عقلمند ہے حالانکہ اس کے دل میں رائی کے برابر ایمان نہیں ہوگا (حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) مجھ پر ایسا وقت بھی آیا ہے کہ مجھے اس بات کا کچھ خیال نہیں ہوتا تھا کہ میں خرید و فروخت کس قسم کے انسان سے کر رہا ہوں اس لئے کہ اگر وہ مسلمان ہے تو اس کی دینداری کا جذبہ میرے حق کو مجھ تک پہنچا دے گا اور اگر عیسائی یا یہودی ہے تو اس کا حکم اس سے میرے حق کو واپس دلوائے گا لیکن آج (اس دور میں) چند مخصوص انسانوں کے علاوہ اور کسی سے میں خرید و فروخت کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں۔

❸ خط کشیدہ جملوں کا مطلب:۔ "الامانة نزلت فی جذر قلوب الرجال" یعنی امانت لوگوں کے دلوں کی جڑ اور گہرائی میں اتری ہے اور اسکے متعلق مولانا شبیر احمد عثمانی فرماتے ہیں کہ اس امانت سے مراد تخم ہدایت ہے جو بنی آدم کے دلوں میں بکھیرا گیا ہے اس کی نگہداشت کرنے سے ایمان کا درخت اُگتا ہے، گویا بنی آدم کے دل اللہ کی زمینیں ہیں جن میں بیج بھی اُس نے ڈال دیا ہے اور بارش برسانے کیلئے رحمت کے بادل بھی اُس نے بھیج دیئے ہیں جن کے ذریعے سینوں سے وحی الٰہی کی بارش ہوئی۔

کجمر دحرجتہ علی رجلك فنفط۔ یعنی جیسے تم آگ کے انگارے کو اپنے پاؤں پر لڑھکا دو اور اس سے آبلہ پڑ جائے تو وہ تمہیں ابھرا ہوا نظر آئے گا مگر حقیقت میں اسکے اندر کچھ نہیں ہوگا اسی طریقے سے آدمی جب شریعت سے غافل اور گناہوں میں مبتلا ہوگا تو دل کے اندر سے ایمان کا نور رفتہ رفتہ ختم ہو جائیگا اور صرف ایک آبلہ نما نشان ہی باقی رہ جائیگا تو گویا ظاہراً وہ انسان صالح و نیک ہی نظر آئے گا مگر ایمان، امانت اور آخرت کے مفید اعمال میں سے کچھ بھی اُسکے اندر نہ ہوگا۔ (کشف الباری، کتاب الرقاق)

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاوّل** ......وَعَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ قَالَ: أَتٰى عَلِيٌّ بَابَ الرَّحْبَةِ فَشَرِبَ قَائِمًا وَقَالَ: إِنِّيْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَعَلَ كَمَا رَأَيْتُمُوْنِيْ فَعَلْتُ. وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا نَأْكُلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَ

Maktaba Tul Ishaat.com

نَحْنُ نَمْشِيْ وَنَشْرَبُ وَنَحْنُ قِيَامٌ وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ نَهَى أَنْ يَشْرَبَ الرَّجُلُ قَائِمًا قَالَ قَتَادَةُ: فَقُلْنَا لِأَنَسٍ: فَالْأَكْلُ؟ قَالَ: ذَالِكَ أَشَرُّ أَوْ أَخْبَثُ. (حدیث:۴۶۸ تا ۴۷۷)

احادیث پراعراب لگا کر ترجمہ کریں مذکورہ احادیث میں بظاہر تعارض ہے انمیں تطبیق کی کیا صورت ہے؟ کھڑے ہو کر کھانے پینے کا کیا حکم ہے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔(۱) احادیث پر اعراب (۲) احادیث کا ترجمہ (۳) احادیث میں تطبیق (۴) کھڑے ہو کر کھانے پینے کا حکم۔

جواب...... ❶ احادیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ احادیث کا ترجمہ:۔ حضرت نزال بن سبرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ باب رحبہ پر تشریف لائے اور کھڑے ہو کر پانی پیا اور فرمایا کہ میں نے آپ ﷺ کو اسی طرح پیتے ہوئے دیکھا تھا جیسا کہ تم مجھے کرتے ہوئے دیکھ رہے ہو۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں چلتے چلتے کھا لیتے تھے اور کھڑے کھڑے پی لیتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا اس بات سے کہ آدمی کھڑے ہو کر پانی پیئے، حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پس ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ پھر کھانے کا کیا حکم ہے تو انہوں نے فرمایا کہ یہ اُس سے بھی بدتر ہے۔

❸ احادیث میں تطبیق:۔ بظاہر احادیث میں تعارض ہے اس لئے کہ ابتدائی دونوں احادیث سے کھڑے ہو کر کھانے پینے کا جواز معلوم ہو رہا ہے جبکہ آخری حدیث میں اس کی ممانعت ہے۔ تطبیق یہ ہے کہ عمومی حالات میں آخری حدیث معمول بہا ہے کہ کھڑے ہو کر کھانا پینا سخت منع ہے حتیٰ کہ آج کل کی جدید تحقیق کے مطابق اس سے معدہ اور جگر میں لاعلاج بیماری پیدا ہوتی ہے نیز کھڑے ہو کر پانی پینے سے پاؤں پر ورم کا بھی خطرہ رہتا ہے جو کہ جسم کے تمام حصوں پر پھیل جاتا ہے۔

باقی جن احادیث سے کھڑے ہو کر کھانے پینے کا جواز معلوم ہوتا ہے وہ مجبوری کے درجے میں ہے کہ بسا اوقات بامر مجبوری کھڑے ہو کر کھانے پینے کی گنجائش ہے۔ (روضۃ الصالحین ج ۳)

❹ کھڑے ہو کر کھانے پینے کا حکم:۔ سابقہ تطبیق میں تفصیل گزر چکی ہے۔

الشق الثانی...... عَنْ أُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ عُقْبَةَ بْنِ أَبِيْ مُعَيْطٍ* قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَيْسَ الْكَذَّابُ الَّذِيْ يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ فَيَنْمِيْ خَيْرًا أَوْ يَقُوْلُ خَيْرًا وَفِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ زِيَادَةٌ قَالَتْ: وَلَمْ أَسْمَعْهُ يُرَخِّصُ فِيْ شَيْئٍ مِمَّا يَقُوْلُهُ النَّاسُ إِلَّا فِيْ ثَلَاثٍ تَعْنِيْ اَلْحَرْبَ وَالْإِصْلَاحَ بَيْنَ النَّاسِ وَحَدِيْثَ الرَّجُلِ إِمْرَأَتَهُ وَحَدِيْثَ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا. (حدیث:۴۳۹)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، کذب وتوریہ کی تعریف اور حکم تحریر کریں، کذب کا جواز کن شرائط کے ساتھ مشروط ہے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔(۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) کذب اور توریہ کی تعریف وحکم (۴) کذب کے جواز کی شرائط۔

جواب...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو

ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ وہ شخص جھوٹا نہیں ہے جو لوگوں کے درمیان صلح کروائے پس اچھی بات کو پھیلائے یا اچھی بات کہے (اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ زائد ہیں) فرماتی ہیں کہ اور نہیں سنا میں نے رسول اللہ ﷺ کو رخصت دیتے ہوئے کسی چیز کے بارے میں اُن چیزوں میں سے جو لوگ کہتے ہیں مگر تین چیزوں میں، مراد لے رہی تھیں وہ جنگ کو اور لوگوں کے درمیان صلح کرانے کو اور مرد کے اپنی عورت سے بات چیت کو اور عورت کے اپنے مرد سے بات چیت کو۔

❸ **کذب اور توریہ کی تعریف وحکم:۔** کذب خلاف واقعہ بات کرنے کو کہتے ہیں اور توریہ یہ ہے کہ کوئی ایسی بات کہی جائے جو بظاہر واقعہ کے خلاف ہو اور کہنے والا اُس سے کوئی دور والا ایسا معنی مراد لے رہا ہو جو واقعہ کے مطابق ہو۔

علامہ نوویؒ کہتے ہیں کہ قاضی عیاضؒ نے فرمایا کہ اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں کہ ان تین مواقع مذکورہ فی الحدیث میں جھوٹ کا استعمال جائز ہے البتہ اس جھوٹ سے کیا مراد ہے اس بارے میں حضرات علماء کے دو قول ہیں۔

① جمہور اہل علم کہتے ہیں کہ اس سے مراد مطلقاً کذب ہے یعنی صریح جھوٹ ان مواقع میں مصلحۃً جائز ہے۔

② محقق طبری رحمہ اللہ وغیرہ سے منقول ہے کہ اس سے مراد صریح کذب نہیں بلکہ توریہ اور معاریض ہیں۔

فریق اول کا استدلال حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعات سے ہے کہ انہوں نے تین مواقع پر کذب سے کام لیا (۱) اپنی بیوی حضرت سارہ کو اپنی بہن بتایا (۲) عید کے دن لوگوں کے ساتھ عدم شرکت کی وجہ میں فرمایا انی سقیم کہ میں بیمار ہوں (۳) جب انہوں نے بتوں کو توڑا تو قوم کے معلوم کرنے پر فرمایا بل فعله کبیرھم۔

راجح قول یہ ہے کہ حتی الامکان صریح جھوٹ سے بچا جائے اور توریہ و معاریض کو استعمال کیا جائے بالفاظ دیگر ایسے کلمات استعمال کریں جو ذومعنیین ہوں مخاطب اس سے ایسے معنی سمجھے جس سے اس کا دل خوش یا مطمئن ہو جائے۔ (درس ترمذی ج ۶ ص ۹۱)

❹ **کذب کے جواز کی شرائط:۔** بامر مجبوری ہو، بقدر ضرورت ہو، کسی کی حق تلفی نہ ہو، مصلحت کے پیش نظر ہو، اصلاح مقصود ہو، دھوکہ دینا مقصود نہ ہو۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاول** ......عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلٰى أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ حِينَ تُوُفِّيَ أَبُوهَا أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ فَدَعَتْ بِطِيبٍ فِيهِ صُفْرَةٌ خَلُوقٌ أَوْ غَيْرُهُ فَدَهَنَتْ مِنْهُ جَارِيَةً ثُمَّ مَسَّتْ بِعَارِضَيْهَا، ثُمَّ قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَالِي بِالطِّيبِ مِنْ حَاجَةٍ غَيْرَ أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ عَلَى الْمِنْبَرِ: لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ إِلَّا عَلٰى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَ عَشْرًا قَالَتْ زَيْنَبُ: ثُمَّ دَخَلْتُ عَلٰى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حِينَ تُوُفِّيَ أَخُوهَا، فَدَعَتْ بِطِيبٍ فَمَسَّتْ مِنْهُ. (حدیث ۱۴۷۸)

احادیث پر اعراب لگا کر ترجمہ وتشریح کریں حداد کسے کہتے ہیں اور شرعاً اس کی اجازت کس صورت میں ہے، خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ......اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں۔ (۱) احادیث پر اعراب (۲) احادیث کا ترجمہ (۳) احادیث کی تشریح (۴) حداد کی تعریف اور شرعی جواز کی صورت (۵) خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفاً۔

Maktaba Tul Ishaat.com

② **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کی ازواج میں سے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس اُس وقت گئی جس وقت اُن کے والد حضرت ابوسفیان بن حرب رضی اللہ عنہ کی وفات ہوئی تھی، انہوں نے خوشبو منگوائی جس میں زرد رنگ کی خلوق یا کوئی اور خوشبو ملی ہوئی تھی، اُس میں سے کچھ لونڈی کو لگائی اور پھر انہوں نے اسے اپنے رخساروں پر مَل لیا اور فرمایا کہ اللہ کی قسم مجھے خوشبو کی کوئی حاجت نہیں سوائے اس کے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ کسی عورت کے لئے جو اللہ اور آخرت کے دن پر یقین رکھتی ہو یہ حلال نہیں کہ وہ کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے مگر خاوند پر چار ماہ دس دن سوگ کرے۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ پھر میں حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی جس وقت ان کے بھائی کا انتقال ہوا پس انہوں نے بھی خوشبو منگوائی اور اس میں سے کچھ لگائی۔

③ **احادیث کی تشریح:۔** دونوں احادیث کا حاصل یہ ہے کہ کسی مسلمان کے لئے تین دن سے زیادہ سوگ کرنا جائز نہیں ہے البتہ اگر خاوند کا انتقال ہو جائے تو پھر اُس کی عورت چار ماہ دس دن عدت گزارے گی یعنی اس میں زیب و زینت بھی اختیار نہیں کرے گی اور بلاوجہ گھر سے بھی نہیں نکلے گی۔

④ **حداد کی تعریف اور شرعی جواز کی صورت:۔** حداد و احداد کا لغوی معنی سوگ ہے اور فقہاء کی اصطلاح میں حداد یا احداد کا معنی عورت کا سوگ منانا یعنی عورت خوشبو، زیب و زینت سرمہ اور تیل خواہ خوشبودار ہو یا غیر خوشبودار ہو سب کو چھوڑ دے۔

سوگ کا حکم صرف اُس عورت کے لئے ہے جس کا خاوند فوت ہو جائے، اگر وہ حاملہ ہے تو وضع حمل تک اور اگر غیر حاملہ ہے تو چار ماہ دس دن تک سوگ منائے گی۔

⑤ **خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق:۔** "خَلُوْق" ایک مخصوص خوشبو کا نام ہے جس کا جز ءِ اعظم زعفران ہے۔

"تُوُفِّيَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول از مصدر تَوَفِّيًا (تفعیل ملیف) بمعنی موت دینا۔

"صُفْرَةٌ" یہ اسم ہے بمعنی زردی و سیاہی۔ "عَارِضَيْهَا" یہ عَارِضٌ کا تثنیہ ہے بمعنی رخسار۔

"دَهَنَتْ" صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از مصدر دَهْنًا (فتح) بمعنی تیل ملنا، مالش کرنا۔

"تُحِدُّ" صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم از مصدر اِحْدَادٌ (افعال) بمعنی سوگ کرنا۔

**الشق الثانی** ...... وَعَنْ أَبِيْ نُجَيْدٍ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ الْخُزَاعِيِّ: أَنَّ امْرَأَةً مِنْ جُهَيْنَةَ أَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَهِيَ حُبْلٰى مِنَ الزِّنٰى، فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْهُ عَلَيَّ فَدَعَا نَبِيُّ اللّٰهِ وَلِيَّهَا فَقَالَ أَحْسِنْ إِلَيْهَا فَإِذَا وَضَعَتْ فَأْتِنِيْ فَفَعَلَ فَأَمَرَ بِهَا نَبِيُّ اللّٰهِ ﷺ فَشُدَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ ثُمَّ صَلّٰى عَلَيْهَا

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ رجم کا حکم کن شرائط کے ساتھ مشروط ہے، کیا حدود گناہوں کیلئے کفارات ہیں یا زواجر۔ (حدیث ۲۳)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) رجم کی شرائط (۴) حدود کے کفارات یا زواجر ہونے کی وضاحت۔

**جواب** ...... ① **حدیث پر اعراب:۔** کما مرّ فی السوال آنفا۔

② **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قبیلہ جہینہ کی ایک عورت جو کہ زنا سے حاملہ ہو چکی تھی وہ

رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! مجھ سے حد والا گناہ سرزد ہو چکا ہے پس آپ مجھ پر حد قائم فرمائیں، رسول اللہ ﷺ نے اُس کے ولی کو بلوایا اور فرمایا کہ اِس کے ساتھ احسان کرو (اچھا برتاؤ کرو) پس جب یہ وضع حمل ہو جائے تو اِسے میرے پاس لے آنا، چنانچہ اس نے ایسے ہی کیا پس آپ ﷺ نے اُس کے متعلق حکم دیا، اور اس پر اس کے کپڑوں کو باندھ دیا گیا پھر آپ ﷺ نے اس کے متعلق حکم کیا اور اُسے رجم کیا گیا، پھر آپ ﷺ نے اُس کی نماز جنازہ بھی ادا کی۔

۳ رجم کی شرائط:۔ رجم کی سات شرائط ہیں۔ ① حریت ② عقل ③ بلوغ ④ اسلام ⑤ نکاح صحیح ⑥ دخول ⑦ صفتِ احصان میں مماثلت۔

۴ حدود کے کفارات یا زواجر ہونے کی وضاحت:۔ حنفیہؒ کے ہاں حدود کفارہ نہیں بلکہ زواجر ہیں تا کہ مجرم آئندہ ارتکاب جرم نہ کرے اور دوسروں کو بھی عبرت حاصل ہو۔ باقی گناہ اور اخروی مواخذہ توبہ سے معاف ہوتا ہے اور شوافع کے ہاں حدود کفارۂ سیأت ہیں ان سے مجرم دونوں جہان میں سرخرو ہو جاتا ہے۔

حنفیہؒ کی دلیل: قرآن وحدیث کی نصوص سے معلوم ہوتا ہے کہ حدود جاری کرنے کے باوجود توبہ کی ضرورت ہے اگر حدود کفارۂ سیأت ہوتی تو توبہ کی ضرورت نہیں رہتی، مثلاً اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے **السارق والسارقة فاقطعوا ايديهما الخ فمن تاب من بعد ظلمه** اس آیت سے واضح ہوا کہ حدِ سرقہ سزا اور نکال وعبرت ہے اس کے باوجود توبہ کی ضرورت ہے اسی طرح دوسری آیت **انما جزاء الذين يحاربون الله و رسوله..... ذالك لهم خزى فى الدنيا ولهم فى الآخرة عذاب عظيم** یہ آیت قطاع الطریق کے بارے میں ہے اس میں قطع ید وغیرہ کے بعد بھی سزائے اخروی اور توبہ کا ذکر ہے وغیرہ ذالک۔

امام شافعیؒ کی دلیل: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی مشہور حدیث ہے کہ ہم نبی کریم ﷺ کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم مجھ سے اس بات پر بیعت کرو کہ نہ تم شرک کرو گے، نہ چوری اور نہ زنا کرو گے پھر آپ ﷺ نے اسی مضمون کے متعلق آیت کریمہ تلاوت فرمائی اور فرمایا کہ جس نے اپنے عہد کو پورا کیا اس کا اجر اللہ دے گا اور جو ان میں سے کسی گناہ کا مرتکب ہوا اور اسے سزا دی گئی تو یہ اس کیلئے کفارے کی طرح ہو جائے گی اور اگر کوئی شخص کسی گناہ کا مرتکب ہوا لیکن اللہ نے لوگوں سے اس کے گناہ کو پوشیدہ رکھا تو اب اللہ کو اختیار ہے چاہے تو اس کو سزا دے اور چاہے تو اس کو معاف کر دے۔

حنفیہؒ کی طرف سے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ابتداء اسلام کا واقعہ ہے جو مکہ مکرمہ میں پیش آیا اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جو ۷ھ میں مسلمان ہوئے وہ آپ ﷺ سے حدیث مذکورہ **لاادرى الحدود كفارة ام لا** کی تصریح کرتے ہیں لہٰذا یہ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مؤخر ہے اور حدیث عبادہ رضی اللہ عنہ مقدم ہے۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ حدیث عبادہ رضی اللہ عنہ میں عُوقِبَ سے مراد مصائب تکوینیہ ہیں جو بالاتفاق مکفرِ سیأت ہیں، حد شرعی مراد نہیں کیونکہ ہجرت سے پہلے حدود مقرر نہیں ہوئی تھی۔ تیسرا جواب یہ ہے کہ عموماً حد نافذ ہونے سے توبہ کی توفیق ہو جاتی ہے خصوصاً عہد صحابہ رضی اللہ عنہم میں ایسا ہوتا تھا اس لئے حدود کو مطلقاً مکفر کہا گیا ہے۔

## ﴿الورقة الثانية: فى الحديث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاوّل** ...... عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِىَّ ﷺ يَقُوْلُ اِنَّ ثَلَاثَةً مِنْ بَنِىْ اِسْرَائِيْلَ اَبْرَصَ وَاَقْرَعَ

Maktaba Tul Ishaat.com

وَاَعْمٰی، اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَبْتَلِيَهُمْ فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ مَلَكًا فَاَتَى الْاَبْرَصَ فَقَالَ اَیُّ شَیْئٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ؟ قَالَ لَوْنٌ حَسَنٌ وَجِلْدٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ عَنِّی الَّذِیْ قَدْ قَذِرَنِی النَّاسُ فَمَسَحَهٗ فَذَهَبَ عَنْهُ قَذَرُهٗ وَاُعْطِیَ لَوْنًا حَسَنًا فَقَالَ فَاَیُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَيْكَ؟ قَالَ الْاِبِلُ اَوْ قَالَ الْبَقَرُ شَكَّ الرَّاوِیْ فَاُعْطِیَ نَاقَةً عُشَرَاءَ فَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْهَا، فَاَتَى الْاَقْرَعَ فَقَالَ اَیُّ شَیْئٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ؟ قَالَ شَعْرٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ عَنِّیْ هٰذَا الَّذِیْ قَذِرَنِی النَّاسُ۔ (حدیث:۶۵)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، تیسرے شخص نے کس چیز کا مطالبہ کیا اور اسے کیا ملا؟ حدیث میں تینوں افراد کا آخری نتیجہ کیا بنا؟

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) تیسرے شخص کا مطالبہ اور صلہ (۴) تینوں افراد کا انجام۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ بنی اسرائیل میں تین آدمی تھے، برص والا، گنجا اور اندھا۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کو آزمانا چاہا اور ایک فرشتہ (انسانی شکل میں) اُن کے پاس بھیجا، پس فرشتہ برص والے کے پاس آیا اور کہا کہ تمہیں کیا چیز محبوب ہے؟ اُس نے کہا اچھا رنگ اور خوبصورت جلد اور مجھ سے وہ بیماری دور ہو جائے جس کی وجہ سے لوگ مجھے برا جانتے ہیں۔ چنانچہ اُس فرشتہ نے اُس کے جسم پر ہاتھ پھیرا تو اُس کی بیماری چلی گئی اور اسے خوبصورت رنگ دیا گیا، پھر فرشتے نے کہا کہ تمہیں کون سا مال محبوب ہے؟ اُس نے کہا اونٹ یا گائے، (یہ راوی کا شک ہے) چنانچہ اُس کو دس ماہ کی حاملہ اونٹنی عطاء کی گئی اور فرشتے نے کہا کہ اللہ تعالیٰ تیرے اس مال میں برکت ڈالے، پھر وہ فرشتہ گنجے کے پاس آیا اور کہا کہ تجھے کون سی چیز زیادہ محبوب ہے؟ اُس نے کہا کہ خوبصورت بال اور مجھ سے وہ بیماری دور ہو جائے جس کی وجہ سے لوگ مجھے برا جانتے ہیں۔

❸ تیسرے شخص کا مطالبہ اور صلہ:۔ تیسرے شخص (اندھے) سے جب فرشتے نے یہی سوال کیا تو اُس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مجھے میری نظر واپس کر دے تاکہ میں لوگوں کو دیکھ سکوں، فرشتے نے اُس کی آنکھ پر ہاتھ پھیرا تو اُس کی نظر واپس آ گئی، پھر فرشتے نے پوچھا کہ تجھے کون سا مال محبوب ہے؟ تو اُس نے کہا کہ بکریاں، چنانچہ اُسے خوب بچے دینے والی ایک بکری عطاء کی گئی۔

❹ تینوں افراد کا انجام:۔ جب تینوں افراد کو اُن کی مطلوبہ چیزیں مل گئیں تو اُس سے کچھ عرصہ بعد فرشتہ برص والے آدمی کے پاس گیا اور کہا کہ میں فقیر اور مسافر آدمی ہوں، سفر میں میرے وسائل ختم ہو گئے ہیں میری مدد کرو، میں اُس ذات کے نام پر تجھ سے سوال کرتا ہوں جس نے تجھے خوبصورت رنگت اور مال و متاع دیا ہے، تو مجھے ایک اونٹ دیدے جس کے ذریعے میں اپنی منزل مقصود تک پہنچ جاؤں، اُس نے جواب دیا کہ مجھ پر بہت زیادہ ذمہ داریاں ہیں، فرشتے نے کہا کہ شاید تو پہلے برص والا تھا، لوگ تجھ سے نفرت کرتے تھے اور تو انتہائی فقیر تھا؟ اُس نے کہا کہ نہیں میں تو خاندانی طور پر مالدار ہوں اور مجھے اپنے آباؤ اجداد سے وافر مقدار میں مال ملا ہے، فرشتے نے کہا کہ اگر تو جھوٹا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ تجھے پہلے والی حالت پر پہنچا دے۔

یہی سوال فرشتے نے گنجے شخص سے بھی کیا اور اُس نے بھی وہی جواب دیا جو برص والے نے دیا تھا۔

پھر فرشتہ اندھے شخص کے پاس آیا اور اُس سے بھی یہی سوال کیا کہ میں فقیر اور مسافر آدمی ہوں، سفر میں میرے وسائل ختم ہو گئے ہیں میری مدد کرو، میں اُس ذات کے نام پر تجھ سے سوال کرتا ہوں جس نے تجھے تیری بینائی واپس کی ہے کہ ایک بکری

دیدے تاکہ میں منزل مقصود تک پہنچ سکوں، اندھے نے کہا کہ واقعی میں اندھا تھا، اللہ تعالیٰ نے مجھے میری بینائی واپس کی، جتنا دل چاہے مال لے لو اور جتنا دل چاہے چھوڑ دو۔ فرشتے نے کہا کہ اپنا مال اپنے پاس رکھو تمہارا امتحان مقصود تھا، اللہ تعالیٰ تم سے راضی ہوا اور تمہارے دونوں ساتھیوں سے ناراض ہوا۔

**الشق الثانی** ...... عن ابن عباس قال قال رسول الله ﷺ عرضت علیّ الامم، .......... فقیل لی انظر الی الافق الآخر فاذا سواد عظیم فقیل لی هذه امتك ومعهم سبعون الفا یدخلون الجنة بغیر حساب ولا عذاب ثم نهض فدخل منزله فخاض الناس فی اولئك الذین یدخلون الجنة بغیر حساب ولاعذاب فقال بعضهم فلعلهم الذین صحبوا رسول الله ﷺ وقال بعضهم فلعلهم الذین ولدوا فی الاسلام فلم یشرکوا بالله شیئا وذکروا اشیاء فخرج علیهم رسول الله ﷺ فقال ماالذی تخوضون فیه؟ فاخبروه فقال هم الذین لا یرقون ولایسترقون ولایتطیرون وعلی ربهم یتوکلون فقام عکاشة بن محصن فقال ادع الله ان یجعلنی منهم فقال انت منهم ثم قام رجل آخر فقال ادع الله ان یجعلنی منهم فقال سبقك بها عکاشة۔(حدیث ٤٣)

حدیث کا ترجمہ کریں خط کشیدہ الفاظ کی تشریح کریں سبقك بها عکاشة کا کیا مطلب ہے؟ کیا دوسرے کیلئے دعا نہیں ہوسکتی تھی۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور توجہ طلب ہیں (١) حدیث کا ترجمہ (٢) الفاظ مخطوطہ کی تشریح (٣) سبقك بها عکاشة کا مطلب۔

**جواب** ...... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابن عباس ؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا مجھ پر اُمتیں پیش کی گئیں اور مجھے کہا گیا کہ آپ آسمان کے آخری کنارے کی طرف نظر اُٹھائیں، پس میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑی جماعت موجود ہے اور مجھے کہا گیا کہ یہ آپ کی امت ہے، اور اُن کے ساتھ ستر ہزار افراد ہیں جو بلا حساب و کتاب جنت میں داخل ہوں گے، پھر آپ ﷺ کھڑے ہوئے اور اپنے حجرے میں تشریف لے گئے، پس صحابہ کرام ؓ اُن لوگوں کے متعلق بحث کرنے لگے جو بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل ہوں گے؛ پس بعض نے کہا کہ شاید وہ لوگ ہوں گے جن کو رسول اللہ ﷺ کی صحبت کا شرف حاصل ہوا اور بعض نے کہا کہ شاید وہ لوگ ہوں گے جن کی پیدائش حالت اسلام میں ہوئی اور انہوں نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک بھی نہیں ٹھہرایا (اِس طرح) انہوں نے مختلف چیزوں کا تذکرہ کیا، پس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور پوچھا کہ تم کس چیز میں بحث کررہے ہو؟ صحابہ کرام ؓ نے جواب دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ ہوں گے جو نہ دَم کرتے ہیں اور نہ دَم کرواتے ہیں اور نہ ہی شگون لیتے ہیں اور اپنے رب پر توکل و بھروسہ کرتے ہیں، پس حضرت عکاشہ بن محصن ؓ کھڑے ہوئے اور کہا (اے اللہ کے رسول) دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اُن میں سے بنادے، پس آپ ﷺ نے فرمایا کہ تو انہی میں سے ہے، پھر دوسرے صحابی کھڑے ہوئے اور کہا اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ مجھے بھی ان میں سے کردیں تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ عکاشہ تجھ پر سبقت کرگیا۔

❷ الفاظ مخطوطہ کی تشریح:۔ "لا یرقون ولا یسترقون" یعنی نہ وہ دَم کرتے ہیں اور نہ وہ دَم کرواتے ہیں، اس سے مراد جھاڑ پھونک اور تعویذ وغیرہ ہیں جو کلمات قرآنیہ، ادعیہ ماثورہ اور اسماءِ الٰہیہ کے بغیر ہو۔ شیخ عبدالحق دہلویؒ فرماتے ہیں کہ زیادہ صحیح بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس سے زمانہ جاہلیت کے جھاڑ پھونک اور مشرکانہ منتر مراد ہیں جن کا کتاب وسنت کی تعلیمات سے کوئی

Maktaba Tul Ishaat.com

واسطہ نہیں ہے اور اس کی وجہ سے وہ شرک میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

" ولا یتطیرون " وہ بدشگونی نہیں لیتے۔ آپ ﷺ نیک فال کو پسند فرماتے تھے، زمانۂ جاہلیت میں یہ رسم تھی کہ جب کوئی کام کرنا ہوتا یا کسی سفر میں جانے کا ارادہ ہوتا تو کسی پرندے کو اُڑاتے اگر وہ دائیں سمت میں اڑتا تو اس کام کو مبارک سمجھ کر کر لیتے اور اگر وہ پرندہ بائیں سمت میں اُڑتا تو اُس کام کو منحوس سمجھ کر چھوڑ دیتے۔ (روضۃ الصالحین ج۱ ص۲۵۳)

③ **سبقك بها عكاشة کا مطلب:۔** اس جملے کا مطلب یہ ہے کہ عکاشہ نے اپنے آپ کو بغیر حساب و کتاب جنت میں داخل ہونے والوں میں شمار کروا کر تجھ پر سبقت کر لی۔

سوال ہوتا ہے کہ کیا اس دوسرے صحابی کیلئے یہی دعا نہیں ہو سکتی تھی؟

محدثین نے اس کے متعدد جوابات دیئے ہیں۔ ① ممکن ہے آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ہی آدمی کے متعلق دعا کرنے کی اجازت دی گئی ہو۔ اسلئے دوسرے آدمی کے حق میں دعا کی گنجائش نہ رہی ہو۔ ② ممکن ہے وہ آدمی اپنی باطنی حیثیت اور حالت کے اعتبار سے اس مرتبے کا مستحق نہ ہو اس لئے آپ ﷺ نے اُس کے لئے دعا نہیں فرمائی۔ ③ دراصل وہ آدمی منافق تھا، آپ ﷺ کو اس بات کا علم تھا مگر بطور اخلاق و مروت آپ ﷺ نے ایک مجمل جواب دیا کہ تم نے تاخیر کر دی اور عکاشہ تم پر سبقت کر گئے۔ ④ حضرت عکاشہ ؓ کے حق میں آپ ﷺ کو بطور وحی خفی معلوم ہو گیا تھا اس لئے آپ ﷺ نے صرف اُن کے لئے دعا کی۔ سب سے بہتر آخری جواب ہے۔ (ایضاً)

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاول** ..... عن ابی عمرو جریر بن عبدالله قال كنا فی صدر النهار عند رسول الله ﷺ فجاء ه قوم عراة مجتابي النمار او العباء متقلدي السيوف عامتهم من مضر بل كلهم من مضر فتمعر رسول الله ﷺ لما رأى بهم من الفاقة فدخل ثم خرج فامر بلالا فاذن واقام فصلى ثم خطب ..... تصدق رجل من ديناره من درهمه من ثوبه من صاع بره من صاع تمره. حتى قال ولو بشق تمرة فجاء رجل من الانصار بصرة كادت كفه تعجز عنها بل قد عجزت ثم تتابع الناس حتى رأيت كومين من طعام وثياب حتى رأيت وجه رسول الله ﷺ يتهلل كانه مذهبة. (حدیث:۱۷۱)

حدیث شریف کا ترجمہ کریں، مسجد میں چندے کا اعلان کرنا کس صورت میں جائز ہے؟ خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ..... اس سوال میں تین امور توجہ طلب ہیں۔ (۱) حدیث شریف کا ترجمہ (۲) مسجد میں چندے کے اعلان کی جائز صورت (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب** ..... ① **حدیث شریف کا ترجمہ:۔** حضرت ابو عمرو جریر بن عبداللہ ؓ سے روایت ہے کہ ہم شروع دن میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ آپ ﷺ کے پاس کچھ ایسے لوگ آئے جن کے جسم ننگے تھے، دھاری دار اُونٹ یعنی ٹاٹ کے کپڑے بدن پر لٹکائے ہوئے تھے، تلواروں کو گردنوں میں لٹکائے ہوئے تھے، اُن میں سے اکثر قبیلہ مضر سے تھے بلکہ وہ تمام کے تمام قبیلہ مضر سے تھے، پس آپ ﷺ نے جب فاقے کی وجہ سے اُن کی یہ حالت دیکھی تو آپ ﷺ کا چہرہ متغیر ہو گیا۔ پس

آپ ﷺ گھر تشریف لے گئے، پھر باہر نکلے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا انہوں نے اذان دی اور اقامت کہی، آپ ﷺ نے نماز پڑھائی اور پھر خطبہ دیا..........لوگوں نے اپنے دینار، درہم، گندم اور کھجوروں کے صاع صدقہ میں دیئے، حتیٰ کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر چہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی صدقہ کردو، پس ایک انصاری صحابی اتنی بڑی تھیلی لائے کہ اُن کا ہاتھ قریب تھا کہ اُس کو اٹھانے سے عاجز آجائے بلکہ عاجز آ گیا، پھر لوگ متواتر صدقہ لاتے رہے حتیٰ کہ میں نے غلہ اور کپڑوں کے دو ڈھیر دیکھے اور میں نے رسول اللہ ﷺ کے چہرے کو دیکھا جو خوشی سے چمک رہا تھا جیسا کہ سونا چمکتا ہے۔

❷ **مسجد میں چندے کے اعلان کی جائز صورت:۔** مسجد میں بھیک مانگنا اور اپنی ذات کے لئے چندے کا اعلان کرنا کسی بھی صورت میں جائز نہیں ہے بلکہ بھیک دینا بھی مکروہ ہے البتہ کسی دینی کار وکام کے لئے یا کسی مجبور و مستحق شخص کے ساتھ اعانت کی اپیل کرنا درست ہے جیسا کہ احادیث میں مذکور ہے کہ جہاد وغیرہ کے لئے چندہ کیا جاتا تھا اور اس حدیث میں مستحقین کے لئے تعاون کا اعلان کیا گیا۔ (قاموس الفقہ)

❸ **الفاظ مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔** "اَلنِّمَارُ" یہ جمع ہے اس کا مفرد "نَمِرَةٌ" ہے بمعنی دھاری دار چادر۔

"مُجْتَابِیْ" صیغہ جمع مذکر بحث اسم فاعل از مصدر اِجْتِيَابًا (افتعال، اجوف) بمعنی پہننا۔ مجرد میں جَوْبًا بمعنی کاٹنا۔

"مُتَقَلِّدِیْ" صیغہ جمع مذکر بحث اسم فاعل از مصدر تَقَلُّدًا (تفعّل، صحیح) بمعنی قلادہ پہننا۔ مراد مطلق پہننا ہے۔

"اَلسُّیُوْفُ" یہ جمع ہے اس کا مفرد "سَیْفٌ" ہے بمعنی تلوار۔

"تَمَعَّرَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر تَمَعُّرًا (تفعّل، صحیح) بمعنی غصے کی وجہ سے چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔

**الشق الثانی** ...... وَفِیْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ اَيْضًا عَنْ اُسَيْرِ بْنِ جَابِرٍ اَنَّ اَهْلَ الْكُوْفَةِ وَفَدُوْا عَلٰى عُمَرَ وَفِيْهِمْ رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ يَسْخَرُ بِاُوَيْسٍ فَقَالَ عُمَرُ هَلْ هٰهُنَا اَحَدٌ مِنَ الْقَرَنِيِّيْنَ؟ فَجَاءَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ فَقَالَ عُمَرُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَدْ قَالَ اِنَّ رَجُلًا يَاْتِيْكُمْ مِنَ الْيَمَنِ يُقَالُ لَهٗ اُوَيْسٌ لَا يَدَعُ بِالْيَمَنِ غَيْرَ اُمٍّ لَهٗ قَدْ كَانَ بِهٖ بَيَاضٌ فَدَعَا اللّٰهَ تَعَالٰى فَاَذْهَبَهٗ اِلَّا مَوْضِعَ الدِّيْنَارِ اَوِ الدِّرْهَمِ فَمَنْ لَقِيَهٗ مِنْكُمْ فَلْيَسْتَغْفِرْ لَكُمْ. (حدیث:۶۲۶۳)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، اویس کون ہیں؟ انہیں یہ مقام کس بنا پر ملا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے کیوں منتظر تھے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) حضرت اویس قرنی کا تعارف و بلند مرتبہ کی وجہ (۴) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حضرت اویس کا انتظار کرنے کی وجہ۔

**جواب** ...... ❶ **عبارت پر اعراب:۔** کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ **عبارت کا ترجمہ:۔** اور مسلم کی روایت میں جو حضرت اُسیر بن جابر رضی اللہ عنہ سے ہے کہ اہل کوفہ میں سے کچھ لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اُن میں ایک ایسا آدمی بھی تھا جو حضرت اویس کا مذاق اُڑاتا تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ کیا یہاں پر قبیلہ قرن والوں میں سے بھی کوئی ہے؟ پس یہ شخص آیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہارے پاس یمن سے ایک آدمی آئے گا اُسے اویس کہا جاتا ہوگا، وہ یمن میں صرف اپنی والدہ کو چھوڑ کر آئے گا، اُس کو برص کی بیماری رہی ہوگی، پس اُس نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے اُس کی بیماری دور کردی سوائے ایک درہم یا دینار کی جگہ کے (صرف درہم یا دینار کی بقدر برص کا نشان اُن کے جسم پر باقی ہوگا)۔ پس جو شخص بھی تم میں سے اُس سے ملے وہ اپنے لئے اُس سے مغفرت کی دعا کروائے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

❸ حضرت اویس قرنیؒ کا تعارف وبلند مرتبہ کی وجہ:۔ حضرت اویسؒ کا نام بعض نے اویس بن عامر اور بعض نے اویس بن جلیس ذکر کیا ہے۔ اُن کی کنیت ابوعمرو ہے، یمن کے قبیلہ قرن سے ان کا تعلق تھا۔ عبداللہ بن مسلم کے مطابق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں آذربائیجان کے غزوہ سے واپسی پر راستہ میں اُن کی وفات واقع ہوئی۔ اور ایک قول کے مطابق جنگ صفین میں اُن کی شہادت واقع ہوئی۔ قرطبی کہتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے خاص نیک بندوں میں سے تھے اور اُن گمنام لوگوں میں سے تھے جن کی پرواہ نہیں کی جاتی، اگر آپ ﷺ نے اُن کے متعلق اطلاع نہ دی ہوتی تو کوئی بھی اُن کو نہ پہچانتا۔ وہ آپ ﷺ کی زندگی میں ایمان لے آئے تھے مگر والدہ کی خدمت کی وجہ سے ملاقات کا شرف حاصل نہ ہوا اور آپ ﷺ نے اُن کے خیر التابعین ہونے کی اطلاع دی۔ (دلیل الفالحین)

علماء نے لکھا ہے کہ حضرت اویس قرنیؒ کو یہ مستجاب الدعوات ہونے کا بلند مرتبہ والدہ کی بہت زیادہ خدمت کی وجہ سے ملا۔

❹ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حضرت اویسؒ کا انتظار کرنے کی وجہ:۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت اویسؒ کا اس وجہ سے انتظار کرتے تھے کہ آپ ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ اے عمر! اگر تم اہل یمن میں سے قبیلہ قرن کے اویس بن عامر کو ملو تو اُس سے اپنے لئے مغفرت کی دعا کروانا کیونکہ وہ مستجاب الدعوات ہوگا۔

اس سے یہ قطعاً ثابت نہیں ہوتا کہ وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے افضل ہیں اور نہ یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ غیر مغفور ہیں کیونکہ اس بات پر اجماع ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بہر صورت انبیاء علیہم السلام کے بعد تابعین بلکہ پوری امت سے افضل ہیں۔ اس روایت سے مقصود صرف حضرت اویس قرنیؒ کے مستجاب الدعوات ہونے کی لوگوں کو خبر دینا ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاوّل** ...... وَعَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ نَعُوْدُهٗ وَقَدِ اكْتَوٰى سَبْعَ كَيَّاتٍ فَقَالَ اِنَّ اَصْحَابَنَا الَّذِيْنَ سَلَفُوْا مَضَوْا وَلَمْ تَنْقُصْهُمُ الدُّنْيَا وَاِنَّا اَصَبْنَا مَالًا لَانَجِدُ لَهٗ مَوْضِعًا اِلَّا التُّرَابَ وَلَوْلَا اَنَّ النَّبِىَّ ﷺ نَهَانَا اَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهٖ ثُمَّ اَتَيْنَاهُ مَرَّةً اُخْرٰى وَهُوَ يَبْنِىْ حَائِطًا لَهٗ فَقَالَ اِنَّ الْمُسْلِمَ لَيُوْجَرُ فِىْ كُلِّ شَىْءٍ يُنْفِقُهٗ اِلَّا فِىْ شَىْءٍ يَجْعَلُهٗ فِىْ هٰذَا التُّرَابِ (حدیث:۵۸۷)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، واضح تشریح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حاصل تین امور ہیں۔ (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت قیس بن ابی حازمؒ کہتے ہیں کہ ہم حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی بیمار پرسی کیلئے اُنکے پاس حاضر ہوئے اور انہوں نے سات داغ لگوائے تھے، حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہمارے وہ ساتھی جو گزر گئے اور چلے گئے دنیا نے اُنکے اجر کو کم نہیں کیا اور ہم نے اتنی دولت پائی ہے کہ جس کیلئے ہم سوائے مٹی کے کوئی جگہ نہیں پاتے اگر رسول اللہ ﷺ نے موت کی دعا کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو میں ضرور موت کی دعا کرتا۔ پھر دوسری مرتبہ ہم حاضر خدمت ہوئے جب وہ اپنی دیوار تعمیر کر رہے تھے انہوں نے فرمایا کہ بیشک مسلمان کو ہر چیز کا اجر ملتا ہے جس کو وہ خرچ کرتا ہے مگر اس چیز کا جس کو وہ اس مٹی میں لگائے۔

❸ حدیث کی تشریح:۔ ترجمہ سے تشریح واضح ہے کہ ہم صحابیٔ رسول حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے جبکہ انہوں نے پچھلے

لگوالئے تھے، اس موقع پر انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ہم سے ہمارے سابقہ لوگ ایسے گزر گئے جو دنیا سے اس حال میں رخصت ہوئے کہ دنیاوی مال ومتاع نے اُن کے مراتب میں کوئی کمی نہیں کی جو آخرت میں اُن کے لئے تیار کئے گئے ہیں اس لئے کہ انہوں نے دنیا میں کسی ایسی چیز کی تمنا نہیں کی جو اُن کی آخرت کی نعمتوں میں کمی کا باعث بنے بلکہ انتقال کے وقت اُن کے اجر وثواب کامل ومکمل تھے جبکہ ہمارا حال یہ ہے کہ ہم نے غنائم اور عطایا پائے اور اس حال میں جبکہ میں موت وحیات کی کشمکش میں ہوں میرے گھر کے ایک کونے میں چالیس ہزار درہم پڑے ہوئے ہیں اور میرے پاس لوگوں سے اس مال کو بچانے کے لئے زمین میں دفن کرنے کے علاوہ کوئی حل بھی نہیں ہے، پھر فرمایا کہ اگر رسول اللہ ﷺ نے موت کی تمنا کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو میں اس دنیاوی مال ومتاع کی وجہ سے یا دین میں فتنے کے خطرے سے اپنی موت کی تمنا کرتا۔

حضرت قیسؒ کہتے ہیں کہ ہم جب دوبارہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو وہ اپنے گھر کی تعمیر میں معروف تھے اس موقع پر انہوں نے فرمایا کہ مسلمان جو مال بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے خرچ کرتا ہے اُس کو ضرور اس کا اجر ملتا ہے سوائے تعمیر پر لگائے جانے والے مال کے، اس پر آدمی کو اجر نہیں ملتا۔ (یہاں تعمیر سے مراد ضرورت سے زائد تعمیر ہے)۔ (دلیل الفالحین)

**الشق الثانی** ----عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ سَعْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ الْخُدْرِیِّ ؓ اَنَّ نَاسًا مِنَ الْاَنْصَارِ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَاَعْطَاهُمْ ثُمَّ سَاَلُوْا فَاَعْطَاهُمْ حَتّٰى نَفِدَ مَا عِنْدَهٗ، فَقَالَ لَهُمْ حِيْنَ اَنْفَقَ كُلَّ شَيْءٍ بِيَدِهٖ: مَا يَكُنْ عِنْدِیْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ اَدَّخِرَهٗ عَنْكُمْ وَمَنْ يَّسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ وَمَنْ يَّتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ وَمَا اُعْطِیَ اَحَدٌ عَطَاءً خَيْرًا وَاَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ۔ (حدیث:۲۶)

حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ حدیث کی مکمل تشریح اور قرآن وحدیث کی روشنی میں صبر کے فضائل تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾..... اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) صبر کے فضائل۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ ابوسعید سعد بن مالک بن سنان خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انصار کے بعض لوگوں نے آپ ﷺ سے سوال کیا آپ ﷺ نے انکو دے دیا، پھر انہوں نے سوال کیا آپ ﷺ نے پھر ان کو دے دیا حتیٰ کہ آپ ﷺ کے پاس جو کچھ تھا وہ سب ختم ہو گیا پھر جب آپ ﷺ نے ہاتھ میں موجود سب کچھ خرچ کر دیا تو ارشاد فرمایا کہ میرے پاس جو کچھ ہوتا ہے میں اس کو ہرگز جمع نہیں رکھتا، اور جو شخص سوال سے بچنے کی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے بچا لیتے ہیں اور جو شخص بے نیازی طلب کرتا ہے اللہ اس کو بے نیاز کر دیتے ہیں اور جو شخص صبر اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو صبر عطاء کرتے ہیں اور صبر سے زیادہ بہتر وسیع تر عطیہ کسی کو نہیں دیا گیا۔

❸ و ❹ حدیث کی تشریح وصبر کے فضائل:۔ حاصل حدیث یہ ہے کہ جب انصار نے بار بار سوال کیا اور آپ ﷺ نے ان کو بار بار عطیہ کیا تو مال ختم ہونے پر اور ان کو ضرورت سے زائد مال طلب سے روکنے اور قناعت پر آمادہ کرنے کے لیے ارشاد فرمایا کہ اگر میرے پاس مزید مال ہوتا تو میں وہ بھی تمہیں عطیہ کر دیتا میں نے تم سے روک کر اور کس کو مال دینا ہے؟ میں تم سے ہرگز مال نہیں چھپاتا اور پھر فرمایا کہ جو آدمی پاکدامنی اختیار کرتا ہے اور نفس کو خواہشات کے پیچھے نہیں لگاتا اللہ تعالیٰ اسکو پاکدامنی نصیب کرتے ہیں اور خواہش پرستی سے اس کو بچاتے ہیں اور جو لوگوں کے پاس موجود مال سے بچتا ہے اللہ تعالیٰ اسکو غنیٰ وبے نیازی کی دولت سے نوازتے ہیں اور جو حاجت وفقر میں بھی اصرار سے کام نہیں لیتا صبر کی کوشش کرتا ہے اسکو صبر بھی مل ہی جاتا ہے اور صبر

Maktaba Tul Ishaat.com

کرنیوالا انسان ہمیشہ اطمینان وسکون میں رہتا ہے۔دکھ درد مصائب وآلام، شیطانی شرارتوں کے وقت پختگی سے احکام خداوندی پر جمار ہتا ہے۔اللہ تعالیٰ صبر کرنیوالوں کے ساتھ ہے صبر کرنیوالوں کیلئے خوشخبری ہے صبر کرنیوالوں کوان کے صبر کا پورا پورا اجر دبدلہ ملے گا۔

## ﴿الورقة الثانية: فی الحدیث﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۹ھ

**الشق الاول**...... عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَثَلُ الْقَائِمِ فِيْ حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْوَاقِعِ فِيْهَا كَمَثَلِ قَوْمٍ اِسْتَهَمُوْا عَلٰى سَفِيْنَةٍ فَصَارَ بَعْضُهُمْ اَعْلَاهَا وَبَعْضُهُمْ اَسْفَلَهَا وَكَانَ الَّذِيْنَ فِيْ اَسْفَلِهَا اِذَا اسْتَقَوْا مِنَ الْمَاءِ مَرُّوْا عَلٰى مَنْ فَوْقَهُمْ، فَقَالُوْا: لَوْ اَنَّا خَرَقْنَا فِيْ نَصِيْبِنَا خَرْقًا وَلَمْ نُؤْذِ مَنْ فَوْقَنَا، فَاِنْ تَرَكُوْهُمْ وَمَا اَرَادُوْا هَلَكُوْا جَمِيْعًا وَاِنْ اَخَذُوْا عَلٰى اَيْدِيْهِمْ نَجَوْا وَنَجَوْا جَمِيْعًا. (حدیث:۱۸۷)

حدیث مبارکہ پر اعراب لگائیں دلنشین ترجمہ کریں۔ "القائم فی حدود اللہ والواقع فیھا" کا مطلب لکھ کر مثال مذکور کی وضاحت اور اس کا مقصد تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں(۱)حدیث پر اعراب(۲)حدیث کا ترجمہ(۳)"القائم فی حدود اللہ والواقع فیھا" کا مطلب(۴)مثال کی وضاحت ومقصد۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کی حدود پر قائم رہنے اور ان میں واقع ہونے والوں کی مثال ان لوگوں کی طرح ہے جنہوں نے کشتی پر سوار ہوتے ہوئے قرعہ اندازی کی، پس ان میں سے بعض کشتی کے اوپر والے حصے میں بیٹھ گئے اور بعض کشتی کے نیچے والے حصے میں بیٹھ گئے اور وہ لوگ جو نچلے حصے میں تھے جب ان کو پانی کی طلب ہوتی تو وہ اوپر والوں کے پاس آتے جاتے، انہوں نے کہا ہم اپنے نچلے حصے میں ہی سوراخ کرلیں اور اپنے اوپر والوں کو تکلیف نہ دیں، پس اگر اوپر والوں نے نیچے والوں کو چھوڑ دیا اور ان کو روکنے کا ارادہ نہ کیا تو وہ سب ہلاک ہو جائیں گے اور اگر وہ ان کے ہاتھوں کو روک دیں گے تو وہ خود بھی نجات پائیں گے اور سب لوگ بھی نجات پا جائیں گے۔

❸ "القائم فی حدود اللہ والواقع فیھا" کا مطلب:۔ "القائم فی حدود اللہ" جو منع کی ہوئی چیزوں کا انکار کرنے والا، ان کے ازالہ کی کوشش کرنے والا، محارم سے دفاع کرنے والا، حد سے بڑھنے والے کی حرکت پر انکار کرنے والا اور اس کے ازالہ کے لیے کوشاں شخص ہو۔

"الواقع فیھا" جو حدود میں واقع ہونے والا اور ان کا ارتکاب کرنے والا محارم سے نہ بچنے والا ہو۔(دلیل الفالحین)

❹ مثال کی وضاحت ومقصد:۔ مثال کا حاصل یہ ہے کہ جیسے کشتی میں سوار ہونے والے لوگ اوپر نیچے دو حصوں میں منقسم ہیں اوپر والے اور نیچے والے، اگر نیچے والے لوگ اوپر جانے کی مشقت سے بچنے اور راحت کے حصول کے لئے اور اوپر والوں کی تنگی سے بچنے کے لئے نچلے حصے میں سوراخ کریں اور اوپر والے ان کو منع نہ کریں اپنے کام سے کام رکھیں کہ ہمیں کیا پرواہ ہے تو سوراخ کے نتیجہ میں سب لوگ ہلاک ہو جائیں گے۔اسی طرح اگر حدود سے بچنے والے اور ان کی پاسداری کرنے والے لوگ غلط کاموں

کے ہر تکین کو برے کاموں سے منع نہیں کریں گے تو پھر عذاب کے نتیجے میں صرف برے لوگ ہی ہلاک نہ ہوں گے بلکہ سب لوگ ہلاک ہو جائیں گے۔ حدیث کا مقصد یہ ہے کہ نیک لوگ محض اپنی نیکی میں ہی مگن نہ رہیں بلکہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر بھی کرتے رہیں یعنی برائی کے ازالہ کی کوشش کرتے رہنا چاہیے۔

**الشق الثانی** ...... عن جابرؓ قال: سمعت رسول اللّٰہ ﷺ یقول: اذا دخل الرجل بیتہ فذکر اللّٰہ تعالٰی عند دخولہ وعند طعامہ، قال الشیطٰن لأصحابہ: لا مبیت لکم ولا عشاء، واذا دخل فلم یذکر اللّٰہ تعالٰی عند دخولہ، قال الشیطٰن: ادرکتم المبیت، واذا لم یذکر اللّٰہ تعالٰی عند طعامہ، قال: ادرکتم المبیت والعشاء (حدیث:۴۰۳۰) حدیث کا ترجمہ کریں۔ مختصر تشریح کرکے اختتامِ طعام پر آپ ﷺ کی کم از کم تین دعائیں تحریر کریں۔ احادیث کی روشنی میں کھانے پینے سے متعلق آپ ﷺ کی تعلیمات پر جامع نوٹ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح (۳) اختتامِ طعام کی دعائیں (۴) کھانے پینے سے متعلق آپ ﷺ کی تعلیمات۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت جابر ؓ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہوتا ہے اور اس میں داخل ہوتے وقت اور کھانا کھاتے وقت اللہ کا ذکر کرتا ہے تو شیطان اپنے کارندوں کو کہتا ہے کہ نہ تمہارے رات گزارنے کی جگہ ہے اور نہ رات کا کھانا ہے اور جب آدمی گھر میں داخل ہوتا ہے اور اللہ کا ذکر نہیں کرتا تو شیطان کہتا ہے کہ تم نے رات کا قیام پالیا اور جب کھانے کے وقت اللہ کا ذکر نہیں کرتا تو شیطان کہتا ہے کہ تم نے رات کا قیام اور شام کا کھانا دونوں پالیے۔

❷ **حدیث کی تشریح:۔** حدیث کا حاصل یہ ہے کہ اگر گھر میں داخل ہوتے وقت اور کھانا کھاتے وقت اللہ کا ذکر کیا جائے تو کھانا باعثِ برکت ہوتا ہے اور شیطان اپنے کارندوں سے کہتا ہے کہ تم شام کے کھانے اور رات کے قیام سے محروم ہو اور داخلے کے وقت اور کھانے کے وقت اللہ کا نام نہ لیا جائے تو شیطان کہتا ہے کہ تمہیں شام کا کھانا بھی مل گیا اور رات کا قیام بھی مل گیا گویا شیطان اس کھانے میں شریک ہو جاتا ہے۔

❸ **اختتامِ طعام کی دعائیں:۔** ① الحمد للّٰہ الذی اطعمنا وسقانا وجعلنا من المسلمین ② الحمد للّٰہ حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ غیر مَکْفِیٍّ ولا مُوَدَّعٍ ولا مستغنًی عنہ ربنا ③ الحمد للّٰہ الذی اطعمنی ھذا ورزقنیہ من غیر حول منی ولا قوۃ۔

❹ **کھانے پینے سے متعلق آپ ﷺ کی تعلیمات:۔** آپ ﷺ کھانے سے پہلے ہاتھ دھوتے اور سیدھے ہاتھ سے اپنے سامنے سے کھانا نوش فرماتے۔ آپ ﷺ ٹیک لگا کر کھانا نوش نہ فرماتے بلکہ دوزانو بیٹھتے یا بدن کے نچلے حصے کو زمین پر ٹیک کر دونوں زانو کھڑے کرکے بیٹھتے، یا اُکڑوں بیٹھتے۔ آپ ﷺ نے میز و کرسی پر کبھی کھانا نوش نہیں فرمایا بلکہ زمین پر دسترخوان بچھایا جاتا اور آپ کھانا تناول فرماتے۔ آپ ﷺ اکثر تین انگلیوں سے کھانا نوش فرماتے (شہادت کی انگلی، انگوٹھا، درمیانی انگلی)۔ کھانے کے بعد انگلیاں چاٹ لیتے، پہلے بیچ کی انگلی چاٹتے، اس کے بعد شہادت والی اور پھر انگوٹھا۔ بہت گرم کھانا تناول نہ فرماتے بلکہ ٹھنڈا ہونے کا انتظار کرتے اور گرم کھانے کے متعلق فرماتے کہ اللہ نے ہم کو آگ نہیں کھلائی اور کبھی فرماتے کہ گرم کھانے میں برکت نہیں ہوتی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

آپ ﷺ کھانے کو سونگھتے نہیں تھے اور سونگھنے کو برا جانتے تھے۔ آپ ﷺ کھانا بیٹھ کر ہی نوش فرماتے مگر میوہ یا پھل وغیرہ کھڑے کھڑے بھی نوش فرمالیا کرتے تھے۔ کھانے کی چیز میں پورا ہاتھ انگلیوں کی جڑوں تک نہیں بھرتے تھے۔ آپ ﷺ پکا ہوا گوشت کبھی چھری سے کاٹ کر بھی نوش فرماتے۔ آپ ﷺ سالن کے نیچے کا حصہ پسند فرماتے اور اکثر اُس کو بعد میں پی جاتے۔ گھر میں گوشت لا کر دیتے تو ہدایت فرماتے کہ اس میں شوربہ رکھنا تاکہ پڑوسیوں کو دیا جاسکے۔ آپ ﷺ کھانا شروع کرتے وقت تین لقموں تک ہر لقمہ پر بسم اللہ پڑھ کر لقمہ لیتے۔ جو شخص بغیر بسم اللہ پڑھے کھانا شروع کرتا آپ ﷺ اس کا ہاتھ پکڑ لیتے اور بسم اللہ پڑھنے کی تاکید فرماتے اور اگر کوئی الٹے ہاتھ سے کھانا کھاتے دکھائی دیتا تو آپ ﷺ اس کے ہاتھ کو ایسا جھٹکتے کہ لقمہ گر جاتا اور پھر فرماتے کہ کھانا سیدھے ہاتھ سے کھاؤ۔ اگر ایک ہی قسم کا کھانا ہوتا تو اپنے سامنے سے تناول فرماتے اور اگر مختلف قسم کا کھانا ہوتا تو بلا تامل دوسری جانب بھی ہاتھ بڑھا دیتے۔ کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے اور ہاتھوں میں جو تری ہوتی اُس کو اپنے ہاتھوں، چہرے اور سر مبارک پر مَل کر خشک کرلیا کرتے۔ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد "الحمدلله الذی اطعمنا و سقانا و جعلنا من المسلمین" پڑھتے اور اگر کسی کے ہاں مدعو ہوتے تو اِن الفاظ میں دعا فرماتے "اللهم بارك لهم فيما رزقتهم واغفرلهم وارحمهم"۔

آپ ﷺ پانی چوس کر بغیر آواز کے نوش فرماتے، غٹ غٹ کر کے گھونٹوں کی آواز سے کبھی نہ پیتے، میٹھا پانی پینے کا بہت شوق تھا، ازواج مطہراتؓ میں سے حضرت عائشہ ؓ سے خصوصی اُنس تھا اس لئے عادت تھی کہ حضرت عائشہ ؓ جس برتن سے اور جس رُخ سے پانی پیتیں آپ ﷺ اُسی جگہ سے پانی نوش فرماتے۔ آپ ﷺ مشک یا ڈول کو بھی منہ لگا کر پانی پی لیا کرتے تھے۔ آپ ﷺ اپنے احباب کو کوئی مشروب پلاتے تو خود سب سے آخر میں نوش فرماتے۔ آپ ﷺ عام استعمال کا ہوں مثلاً نہروں، ندیوں یا تالابوں سے پانی منگوا کر نوش فرماتے تاکہ عام مسلمانوں کے ہاتھوں کی برکت حاصل فرمائیں۔ آپ ﷺ نے کانچ، مٹی، تانبے اور لکڑی کے برتن میں پانی نوش فرمایا۔ آپ ﷺ بیٹھ کر تین سانس میں اس طرح پانی نوش فرماتے کہ ہر بار برتن منہ سے لگاتے وقت بسم اللہ پڑھتے اور جب برتن منہ سے ہٹاتے تو الحمدلله پڑھتے اور آخر میں الحمدلله کے ساتھ والشكر لله بھی فرماتے۔ (نبوی کمیل ونہار)

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۹ھ

**الشق الاوّل** ...... **عن ابی ذرؓ عن النبی ﷺ، قال: ثلاثة لا يكلمهم الله يوم القيٰمة ولا ينظر اليهم ولا يزكيهم ولهم عذاب اليم قال: فقرأها رسول الله ﷺ ثلث مرار، قال ابوذر: خابوا وخسروا، من هم يا رسول الله؟ قال: المسبل والمنان والمنفق سلعته بالحلف الكاذب.** (حدیث:۲۹۳)

حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ مختصر تشریح کر کے نیا لباس پہننے پر آپ ﷺ کی کم از کم دو دعائیں تحریر کریں۔ احادیث کی روشنی میں لباس سے متعلق آپ ﷺ کی تعلیمات پر جامع نوٹ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح (۳) نیا لباس پہننے کی دعائیں (۴) لباس سے متعلق آپ ﷺ کی تعلیمات۔

**جواب** ...... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوذرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تین لوگ ایسے ہیں کہ اللہ رب العزت قیامت کے دن نہ اُن سے کلام کریں گے اور نہ اُن کی طرف نظر شفقت فرمائیں گے اور نہ اُن کو پاک صاف

فرمائیں گے اوران کے لئے دردناک عذاب ہوگا۔ آپ ﷺ نے یہ ارشاد تین مرتبہ فرمایا۔ ابوذرؓ نے کہا کہ وہ لوگ رسوا ہوئے اور خسارے میں گئے، کون لوگ ہیں وہ اے اللہ کے رسول؟ آپ ﷺ نے فرمایا ٹخنوں سے نیچے چادر لٹکانے والا اور احسان جتلانے والا اور جھوٹی قسم کھا کر اپنا سامان بیچنے والا۔

❷ حدیث کی تشریح:۔ حدیث کا حاصل یہ ہے کہ یہ تین لوگ قیامت کے دن اللہ رب العزت کی خصوصی نظر کرم اور نظر شفقت سے محروم ہوں گے اور اللہ رب العزت ان سے پیار ومحبت سے ہم کلامی بھی نہیں فرمائیں گے۔ وہ تین لوگ ٹخنوں سے نیچے چادر لٹکانے والا، احسان جتلانے والا اور جھوٹی قسم کھا کر اپنا سامان بیچنے والا ہیں۔

❸ نیا لباس پہننے کی دعائیں:۔ ① الحمد لله الذى كسانى ما أوارى به عورتى واتجمّل به فى حياتى۔

② اللهم لك الحمد انت كسوتنيه اسألك خيره وخير ما صنع له واعوذبك من شره وشر ما صنع له۔

❹ لباس سے متعلق آپ ﷺ کی تعلیمات:۔ آپ ﷺ کو تمام لباسوں میں کرتہ زیادہ پسند تھا، کرتے کی آستین زیادہ تنگ رکھتے اور نہ زیادہ کشادہ بلکہ درمیانی آستین ہوتی جو ہاتھ کے گٹے تک رکھتے۔ آپ ﷺ کے سفر کا کرتہ اقامت کے کرتے سے دامن اور آستین میں کچھ چھوٹا ہوتا۔ آپ ﷺ کی قمیص کا گریبان سینے پر ہوتا، بسا اوقات آپ ﷺ کرتے کا گریبان کھول لیا کرتے کہ سینہ مبارک صاف نظر آتا اور اسی حالت میں نماز پڑھ لیتے۔ قمیص پہنتے وقت پہلے سیدھا ہاتھ سیدھی آستین میں پھر الٹا ہاتھ اُلٹی آستین میں ڈالتے۔ آپ ﷺ نے کبھی پاجامہ نہیں پہنا بلکہ ہمیشہ تہبند پہنتے اور تہبند ہمیشہ ناف سے نیچے باندھتے اور نصف پنڈلی سے اونچا رکھتے۔ آپ ﷺ کے تہبند کا اگلا حصہ پچھلے حصے سے کچھ نیچے ہوتا۔ آپ ﷺ جب نیا لباس پہنتے تو جمعہ کے دن پہنتے۔ آپ ﷺ کو سفید لباس محبوب تھا مگر رنگین لباس میں سبز رنگ کا لباس طبیعت کو زیادہ پسند تھا۔ خالص گہرے سرخ رنگ کو ناپسند فرماتے تھے۔ جب نیا لباس پہنتے تو اوپر مذکور کوئی ایک دعا پڑھتے۔

آپ ﷺ عمامہ بھی باندھتے تھے۔ اگر عمامہ نہ ہوتا تو سر اور پیشانی پر ایک پٹی ہی باندھ لیتے اور آپ ﷺ کا عمامہ تقریباً سات گز لمبا ہوتا۔ آپ ﷺ جب بھی عمامہ پہنتے شملہ ضرور چھوڑتے۔ آپ ﷺ عمامہ کے نیچے ٹوپی ضرور پہنتے اور آپ ﷺ سفید ٹوپی پہنتے۔ حالت اقامت میں آپ ﷺ سر سے چپٹی ہوئی ٹوپی پہنتے اور آپ ﷺ کی سفر کی ٹوپی اُٹھی ہوئی اور باڑدار ہوتی تھی جس کو بسا اوقات نماز پڑھتے وقت اپنے سامنے رکھ لیا کرتے تھے۔ (نبوی ٹیل ونہار)

**الشق الثانی** ......عن انس قال مرّالنبى ﷺ بامرأة تبكى عند قبرفقال: اتقى الله واصبرى، فقالت: اليك عنى فانك لم تصب بمصيبتى ولم تعرفه، فقيل لها انه النبى ﷺ فأتت باب النبى ﷺ فلم تجد عنده بوابين فقالت: لم اعرفك، فقال: انما الصبرعند الصدمة الأولى. (حدیث:۳۶)

حدیث کا ترجمہ وتشریح کریں۔ صبر کی اقسام اور قرآنی آیات کی روشنی میں اس کی اہمیت تحریر کریں۔ اليك عنى فانك لم تصب بمصيبتى ولم تعرفه کی نحوی ترکیب کریں اور اس میں مذکورہ الفاظ کی صرفی تحقیق کریں۔

﴿ خلاصۂ سوال ﴾ ......اس سوال میں درج ذیل امور مطلوب ہیں ① حدیث کا ترجمہ ② حدیث کی تشریح ③ صبر کی اقسام و اہمیت ⑤ جملہ کی نحوی ترکیب والفاظ کی صرفی تحقیق۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**جواب** ...... ① **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک عورت کے پاس سے گزرے وہ ایک قبر کے پاس رو رہی تھی آپ ﷺ نے فرمایا اللہ سے ڈرو اور صبر اختیار کرو، عورت بولی جاؤ اپنا کام کرو، آپ کو مجھ جیسی مصیبت کا سامنا نہیں ہوا، عورت نے آپ ﷺ کو پہچانا نہیں تھا، اس سے کہا گیا کہ یہ تو نبی ﷺ تھے تو وہ آپ ﷺ کے مکان پر آئی وہاں کوئی دربان موجود نہ تھا، آپ ﷺ سے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا، آپ ﷺ نے فرمایا کہ صبر تو پہلی چوٹ پر ہوتا ہے۔

② **حدیث کی تشریح:۔** حدیث کا حاصل یہ ہے کہ آپ ﷺ کا ایک مرتبہ کسی قبر کے پاس گذر ہوا، وہاں پر موجود ایک عورت میت پر چیخ و پکار کر رہی تھی، آپ ﷺ نے فرمایا کہ: اپنے پروردگار سے ڈرو اور صبر سے کام لو، گویا آپ ﷺ نے خاموشی و صبر کی تلقین کی، عورت نے کہا اپنے کام سے کام رکھو آپ کو مصیبت و تکلیف پہنچی ہوتی تو آپ کو احساس ہوتا آپ کو کون سا مصیبت پہنچا ہے؟ درحقیقت اس عورت نے آپ ﷺ کو پہچانا نہیں تھا اور آپ ﷺ نے بھی اسکے جواب اور رویے کو محسوس نہیں کیا۔ جب اس عورت کو بتلایا گیا کہ یہ تنبیہ کرنے والے آپ ﷺ تھے، تو اس عورت کو شرمندگی اور افسوس ہوا، وہ عورت معذرت کیلئے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا جسکی وجہ سے شانِ اقدس میں کوتاہی و بے ادبی ہوئی، آپ ﷺ نے اسے صبر کی تلقین فرمائی اور فرمایا: صبر تو ابتداءِ مصیبت کے وقت کیا جاتا ہے یعنی درحقیقت صبر وہی ہوتا ہے جو تازہ صدمے اور غم کے وقت کیا جائے ورنہ زمانہ گزرنے کے ساتھ ساتھ اس صدمہ اور غم کا بوجھ قابلِ برداشت ہو جاتا ہے یا بالکل ہی بھول جاتا ہے لیکن جس صبر پر اجر کا وعدہ ہے وہ وہی صبر ہے جو ابتدائی صدمے کے وقت کیا جائے۔

③ **صبر کی اقسام اور اس کی اہمیت:۔** قرآن وحدیث کی اصطلاح میں صبر کے تین شعبے ہیں: ① اپنے نفس کو حرام و ناجائز چیزوں سے روکنا ② نفس کو طاعات و عبادات کی پابندی پر مجبور کرنا ③ مصائب و آفات پر صبر کرنا۔ صبر کی اہمیت کے متعلق ارشاد باری تعالیٰ ہے وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ (جو لوگ آزمائشوں پر ثواب کی نیت سے صبر کرتے ہیں ان کیلئے اجر و خوشخبری ہے) نیز فرمایا إِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ (صبر کرنے والوں کو ان کا اجر و ثواب بے اندازہ و بے حساب دیا جائے گا)۔ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ (جس نے ظالم کے ظلم پر صبر کیا، انتقام نہیں لیا بلکہ معاف کر دیا تو یہ صبر و عفو شرعاً مطلوب ہے اور ایسا آدمی افضل الناس ہے)۔ اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ (اے مسلمانو ہر قسم کے حوائج، مصائب و تکالیف دور کرنے میں صبر اور نماز سے کام لو کیونکہ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے)۔

④ **جملے کی نحوی ترکیب والفاظ کی صرفی تحقیق:۔** اِلَيْكَ اسم فعل بمعنی امر یعنی أُبْعُدْ عنی جار مجرور ملکر اسم فعل کے متعلق ہوا اسم فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ انشائیہ ہو کر معلل فـانك میں فـا تعلیلیہ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل ك ضمیر اس کا اسم لم تصب فعل مجہول اس میں انت ضمیر مستتر اس کا نائب فاعل بـا حرف جار مصیبتی مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا فعل مجہول کے، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لم تعرفه فعل اس میں انـــــت ضمیر فاعل ہ ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ معطوف ملکر اِنَّ کی خبر، اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر تعلیل، معلّل اپنی تعلیل سے ملکر جملہ تعلیلیہ ہوا۔

"الیك" اسم فعل ہے بمعنی امر حاضر یعنی أُبْعُدْ۔

"لَمْ تُصِبْ" صیغہ واحد مذکر حاضر فعل نفی جحد بلم مجہول از مصدر الاصابۃ (افعال) بمعنی پہنچانا۔

"مصیبۃ" صیغہ واحد مؤنث بحث اسم فاعل از مصدر الاصابۃ (افعال) بمعنی پہنچانا۔

"لَمْ تعرف" صیغہ واحد مؤنث غائب بحث نفی جحد بلم معروف از مصدر المعرفۃ (ضرب) پہچاننا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱٤۳۹ھ

**الشق الاوّل** ......عن ابی هریرة قال: قال رسول الله ﷺ: قاربوا و سددوا و اعلموا أنه لن ینجو أحد منکم بعمله قالوا: و لا أنت یا رسول الله ﷺ؟ قال: لا أنا، الّا أن یتغمدنی الله برحمة منه و فضل. (حدیث ۸۲)

حدیث مبارک کا ترجمہ کریں۔ "قاربوا و سددوا" کا مفہوم لکھ کر واضح تشریح کریں۔ حدیث مذکور کے مطابق جب عمل سے مغفرت نہیں ہوگی تو پھر بندہ اعمال کا مکلف کیوں ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے ① حدیث کا ترجمہ ② "قاربوا و سددوا" کا مفہوم، تشریح ③ حدیث سے ظاہر ہونے والے اشکال کا جواب۔

**جواب** ...... ① **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسلام پر سیدھے رہو (میانہ روی اختیار کرو) اور مضبوطی اختیار کرو اور یاد رکھو کہ تم میں سے کوئی شخص بھی اپنے عمل کے ذریعے نجات نہیں پائے گا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا آپ بھی نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں بھی نہیں، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی رحمت وفضل سے ڈھانپ لیں گے۔

② **"قاربوا و سددوا" کا مفہوم اور تشریح:۔** اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ اپنے اعمال کی بقدر وسعت وامکان اصلاح کرتے رہو اور ان میں میانہ روی اختیار کرو افراط وتفریط نہ کرو، حد سے تجاوز اور غلو نہ کرو، بلکہ معتدل راہ پر چلتے رہو تب ان اعمال کی بدولت فلاح وکامیابی کی خوشخبری۔ مابعد والے جملہ سے مناسبت یہ ہے کہ یہ جملہ وہم کو دور کرنے کیلئے ہے۔ مابعد والے جملہ سے وہم پیدا ہوتا ہے کہ جب اعمال کے ذریعہ نجات اور دخول جنت نہیں ہے تو پھر ان اعمال کا کیا فائدہ؟ تسددوا الخ سے اس وہم کو دور کر دیا کہ جس قدر ممکن ہو اعمال کی اصلاح ودرستگی کرتے رہو کیونکہ ظاہری طور پر قبولیت ونجات کا یہی سبب ہے۔

③ **اشکال کا جواب:۔** اس اشکال کے متعدد جوابات دیئے گئے ہیں۔ ① اعمال جنت میں داخل ہونے کا ظاہری سبب ہیں جیسا کہ آیات کا مقتضیٰ ہے اور رحمتِ خداوندی جنت میں داخل ہونے کا حقیقی سبب ہے جیسا کہ احادیث میں مذکور ہے لہٰذا کوئی تعارض نہیں ہے۔ ② نفس دخولِ جنت تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہوگا اور درجات کی بلندی اعمال کے ذریعہ ہوگی۔ ③ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ صرف عمل دخولِ جنت کا سبب نہیں کیونکہ صرف عمل کافی نہیں بلکہ عمل کا مقبول ہونا لازمی ہے اور بندوں کے اعمال کو قبول کرنا یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہے، گویا دخولِ جنت کا سبب ظاہری عمل ہے مگر سبب حقیقی رحمتِ خداوندی ہے جس کی وجہ سے عمل قبول ہو کر دخولِ جنت کا سبب بنتا ہے، ورنہ اعمال تو کافر بھی کرتے ہیں مگر قبول نہ ہونے کی وجہ سے دخولِ جنت نہیں ہے۔ ④ اعمال جنت میں داخل ہونے کا سبب ہیں مگر ان اعمال کی توفیق اللہ تعالیٰ کی رحمت وفضل سے ہوتی ہے گویا رحمتِ خداوندی ہی جنت میں داخل ہونے کا حقیقی سبب ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**الشق الثانی** ......عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ "يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُلْقٰى فِي النَّارِ فَتَنْدَلِقُ اَقْتَابُ بَطْنِهٖ فَيَدُوْرُ بِهَا كَمَا يَدُوْرُ الْحِمَارُ فِي الرَّحٰى فَيَجْتَمِعُ اِلَيْهِ اَهْلُ النَّارِ فَيَقُوْلُوْنَ يَا فُلَانُ! مَالَكَ؟ اَلَمْ تَكُ تَأْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ؟ فَيَقُوْلُ بَلٰى، كُنْتُ اٰمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَا اٰتِيْهِ وَاَنْهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ وَاٰتِيْهِ. (حدیث:۱۹۸)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ وتشریح کریں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق کریں، یؤتی کا نائب فاعل متعین کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چھ امور مطلوب ہیں (۱) حدیث پر اعراب (۲) حدیث کا ترجمہ (۳) حدیث کی تشریح (۴) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق (۵) یُؤْتٰی کا نائب فاعل (۶) فَتَنْدَلِقُ اَقْتَابُ بَطْنِهٖ الخ کا مطلب۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفاً۔

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرماتے تھے کہ قیامت کے دن ایک آدمی کو لایا جائے گا اور اس کو دوزخ میں ڈالا جائے گا تو اس کے پیٹ کی آنتیں باہر نکل پڑیں گی وہ آنتوں کو لیکر یوں گھومے گا جیسے کہ گدھا چکی کے گرد گھومتا ہے چنانچہ دوزخی اس کے پاس جمع ہو کر کہیں گے اے فلاں تیرا حال ایسا کیوں ہے، کیا تو نیک کاموں کا حکم نہیں دیا کرتا تھا اور برے کاموں سے روکتا نہیں تھا؟ وہ کہے گا ہاں میں نیک کاموں کی تلقین کرتا تھا لیکن خود نیک کام نہیں کرتا تھا اور برے کاموں سے روکتا تھا لیکن خود ان کا مرتکب ہوتا تھا۔

❸ حدیث کی تشریح:۔ حدیث بالا میں اس شخص کی مذمت ہے جو دوسروں کو تو نیکی اور بھلائی کی ترغیب دے مگر خود عمل نہ کرے دوسروں کو تو خدا سے ڈرائے مگر خود نہ ڈرے۔ایک دوسری روایت میں آتا ہے کہ بعض جنتی بعض دوزخیوں کو آگ میں دیکھ کر پوچھیں گے کہ تم جہنم میں کیونکر پہنچ گئے حالانکہ ہم تو بخدا انہی نیک اعمال کی بدولت جنت میں داخل ہوئے جو ہم نے تم سے سیکھے تھے؟ اہل دوزخ کہیں گے ہم زبان سے تو ضرور کہتے تھے مگر خود عمل نہیں کرتے تھے۔

❹ الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "تندلق" دال مہملہ کے ساتھ بمعنی کسی چیز کا اپنی جگہ سے نکلنا۔

"اقتاب" قتب کی جمع ہے بمعنی انتڑیاں۔ "الرحی" بمعنی چکی اس کی جمع ارحاء اور ارحیہ ہے۔

❺ یُؤْتٰی کا نائب فاعل:۔ یؤتی کا فاعل الرجل ہے جو کہ لفظاً مجرور اور محلاً مرفوع ہے۔

❻ خط کشیدہ جملہ کا مطلب:۔ جب اس بے عمل داعی کو دوزخ میں ڈالا جائے گا تو عذاب کی شدت سے اس کے پیٹ کی آنتیں باہر نکل پڑیں گی وہ آنتوں کو لیکر یوں گھومے گا جیسے کہ گدھا چکی کے گرد گھومتا ہے یعنی تکلیف کی وجہ سے گھومنے کے نتیجہ میں اسکی اپنی آنتیں اسکے گرد لپٹ جائیں گی۔

**الشق الثانی** ......عن عبد الله بن المغفل رضی اللہ عنہ قال: قال رجل للنبی ﷺ: یا رسول الله! و الله انی لاحبك، فقال: انظر ما تقول؟ قال: و الله انی لاحبك! ثلاث مرات، فقال رسول الله ﷺ: ان كنت تحبنی فاعد للفقر تجفافا، فان الفقر اسرع الی من یحبنی من السیل الی منتهاه. (حدیث:۳۸۹)

حدیث کا ترجمہ کریں۔حدیث کی مکمل تشریح کر کے خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں ① حدیث کا ترجمہ ② حدیث کی تشریح ③ کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب** ...... ① حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! قسم بخدا میں آپ سے محبت کرتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا کہ غور کر تم کیا کہہ رہے ہو؟ اس نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! قسم بخدا میں آپ سے محبت کرتا ہوں، تین مرتبہ یہ جملہ کہا، آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تو مجھ سے محبت کرتا ہے تو فقر کیلئے ڈھال (یا فقر کا ثاٹ) تیار کرو، اسلئے کہ فقر و غربت مجھ سے محبت کرنے والے شخص کی طرف اس سیلاب سے جلدی و تیز آتا ہے جو سیلاب نیچے کی طرف جاتا ہے۔

② حدیث کی تشریح:۔ حدیث کا حاصل یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! قسم بخدا میں آپ سے محبت کرتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا کہ غور کر وتم کیا کہہ رہے ہو؟ تم بہت بڑی بات کہہ رہے ہو سوچ سمجھ لو، اس صحابی نے تین مرتبہ عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! قسم بخدا میں آپ سے محبت کرتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تو واقعی مجھ سے محبت کرتا ہے اور اپنے دعویٰ میں سچا ہے تو خود کو فقر کیلئے تیار کرو اور دنیا سے زہد اختیار کرو، اسلئے کہ مجھ سے محبت کرنے والے شخص کی طرف فقر و غربت اتنی تیزی کیساتھ آتے ہیں کہ سیلاب بھی اتنی جلدی و تیزی سے نیچے کی طرف نہیں جاتا۔

③ کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ اُحِبُّ: صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر اِحبابٌ (افعال۔مضاعف) محبت کرنا۔

اَعِدَّ: صیغہ واحد مذکر حاضر امر حاضر معلوم از مصدر اعدادٌ (افعال۔مضاعف) بمعنی تیار کرنا۔

تِجْفَافًا: وہ کپڑا جس سے گھوڑے کو گندگی وغیرہ سے بچایا جائے۔

اَسْرَعُ: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل از مصدر سُرْعَةً سِرْعًا، سَرَاعَةً (سمع وکرم) بمعنی جلدی کرنا۔

اَلسَّیْلُ: یہ مفرد ہے اس کی جمع سُیُوْلٌ ہے بمعنی سیلاب۔ مصدر سَیْلًا سَیَلَانًا (ضرب۔اجوف) بمعنی بہنا۔

# ﴿الورقة الثانية: فی الحدیث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۴۰ھ

**الشق الاول** ...... عن ابی ذر و معاذ بن جبلؓ عن رسول اللہ ﷺ قال اتق اللہ حیث کنت واتبع السیئة الحسنة تمحها و خالق الناس بخلق حسن۔ (حدیث:۲۱)

حدیث کا ترجمہ و تشریح کریں، اکثر احادیث کے مطابق گناہ مٹانے کیلئے توبہ کرنا ضروری ہے تو پھر اس حدیث میں واتبع السیئة الحسنة تمحها کا کیا مطلب ہے؟ واضح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) تشریح (۳) واتبع السیئة الحسنة تمحها کا مطلب۔

**جواب** ...... ① حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوذر و معاذ بن جبلؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ سے ڈرو جہاں بھی ہو، اور برائی کے بعد نیکی کرو تاکہ وہ اس برائی کو مٹادے اور مخلوق کے ساتھ اچھا سلوک و برتاؤ کرو۔

② حدیث کی تشریح:۔ حضرت ابوذر و معاذ بن جبلؓ سے مروی روایت کا حاصل یہ ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ سے ڈرو جہاں بھی ہو تقوی کے اس حکم میں تمام مامورات کی پابندی و تمام منہیات سے بچنا شامل ہے گویا یہ ارشاد شریعت کے تمام احکام کی بنیاد و اصل ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

اور فرمایا کہ برائی کے بعد نیکی کرو تا کہ وہ اس برائی کو مٹا دے، یہی مفہوم آیت کریمہ "انّ الحسنات یذھبن السیّئات" کا ہے، اگرچہ یہاں عموم ہے کہ حسنات سے تمام نیک کام اور سیئات سے تمام بُرے کام مراد ہیں مگر دیگر آیات واحادیث کی وجہ سے علماء اس آیت وحدیث کو صغیرہ گناہوں کے ساتھ خاص کرتے ہیں، بلکہ علماءِ اصول نے کہا کہ یہ صغیرہ گناہوں کی معافی اس وقت ہے جب آدمی ان پر شرمندہ ونادم بھی ہو اور آئندہ نہ کرنے کا ارادہ بھی کرے۔

مخلوق کے ساتھ اچھا سلوک وبرتاؤ کرو، دوسری حدیث میں ارشاد ہے مخلوق اللہ تعالیٰ کا کنبہ ہے اور مخلوق میں سے اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب وہ شخص ہے جو اس کے کنبہ کے ساتھ اچھا سلوک کرے یعنی جو مخلوقِ خدا کے ساتھ جتنا زیادہ اچھا سلوک وبرتاؤ کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اُتنا ہی محبوب وپسندیدہ آدمی ہوگا اور مخلوقِ خدا میں انسان سب سے مقدم ہے۔

❸ **واتبع السیّئة الحسنة تمحھا کا مطلب:۔** اس کا مفہوم ابھی گزر رہا ہے۔

**الشق الثانی** ......**عن ابی ھریرة قال قال رسول اللّٰہ ﷺ المسلم اخو المسلم لا یخونه ولا یکذّبه ولا یخذُله، کلّ المسلم علی المسلم حرام عرضه وماله ودمه، التقوی ھٰھنا، بحسب امرئٍ من الشر ان یحقر اخاه المسلم.**

حدیث کا ترجمہ وتشریح کریں، احادیث کی روشنی میں ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر کیا کیا حقوق ہیں؟۔(حدیث ۲۲۳)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح (۳) مسلمان کے مسلمان پر حقوق۔

**جواب** ...... ❶ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس سے خیانت ودھوکہ کرے، نہ اس سے جھوٹ بولے، نہ اس کی مدد چھوڑے، ایک مسلمان کی تمام چیزیں دوسرے مسلمان پر حرام ہیں: اسکی عزت، اس کا مال اور اس کا خون حرام ہے۔ تقویٰ یہاں ہے، آدمی کیلئے اتنی برائی ہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر جانے۔

❷ **حدیث کی تشریح:۔** اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے اسلامی اخوت وبھائی چارہ کے کچھ حقوق وذمہ داریوں کا ذکر کیا ہے کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، لہٰذا ایک بھائی دوسرے بھائی سے خیانت ودھوکہ نہ کرے، اس سے جھوٹ نہ بولے، مشکل حالات میں اس کی مدد نہ چھوڑے، اسکے جان ومال اور عزت وآبرو کی حفاظت کرے۔ تقویٰ یہاں ہے، اور اپنے مسلمان بھائی کو کسی بھی حال میں حقیر نہ جانے۔

❸ **مسلمان کے مسلمان پر حقوق:۔** احادیث کی روشنی میں ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر متعدد حقوق ہیں، جن میں سے چند یہ ہیں: سلام کا جواب دینا، مریض کی عیادت کرنا، نمازِ جنازہ ادا کرنا اور تدفین کرنا، دعوت قبول کرنا، چھینک کا جواب دینا، خیر خواہی چاہے تو خیر خواہی کرنا، مظلوم کی مدد کرنا، قسم اٹھانے والے کی قسم کو پورا کرنا، عیوب پر پردہ ڈالنا، جان ومال اور عزت وآبرو کی حفاظت کرنا، مشکل وقت میں حاجت روائی کرنا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۴۰ھ

**الشق الاوّل** ......**عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ لَا یَحِلُّ لِامْرَاَةٍ اَنْ تَصُوْمَ وَزَوْجُھَا شَاھِدٌ اِلَّا بِاِذْنِه وَلَا تَاْذَنَ فِیْ بَیْتِه اِلَّا بِاِذْنِه. وَعَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ لَوْ کُنْتُ اٰمِرًا اَحَدًا اَنْ یَسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِھَا.** (حدیث: ۲۸۲، ۲۸۷)

دونوں حدیثوں پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ احادیث کی روشنی میں میاں بیوی کے باہمی حقوق کی اہمیت واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے ① احادیث پر اعراب ② احادیث کا ترجمہ ③ میاں بیوی کے باہمی حقوق کی اہمیت۔

**جواب**...... ① احادیث پر اعراب:۔ **کما مرّ فی السوال آنفًا**

② احادیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کسی عورت کیلئے جائز نہیں ہے کہ وہ خاوند کی موجودگی میں اسکی اجازت کے بغیر روزہ رکھے اور اسکی اجازت کے بغیر کسی کو اسکے گھر میں داخلہ کی اجازت دے۔ اور انہی سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں کسی کو (اللہ کے علاوہ) سجدہ کا حکم دیتا تو میں عورت کو خاوند کیلئے سجدہ کا حکم دیتا۔

③ میاں بیوی کے باہمی حقوق کی اہمیت:۔ انسانوں کے باہمی حقوق وتعلقات میں ازدواجی تعلق کی جو خاص اہمیت ہے اور اس سے جو عظیم مصالح ومنافع وابستہ ہیں وہ کسی وضاحت کے محتاج نہیں نیز زندگی کا سکون وقلب کا اطمینان بڑی حد تک اسکی خوشگواری اور باہمی الفت واعتماد پر موقوف ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے متعلق جو ہدایات دی ہیں ان کا خاص مقصد یہی ہے کہ یہ تعلق فریقین کیلئے زیادہ سے زیادہ خوشگوار اور مسرت وراحت کا باعث ہو اور دل جڑے رہیں۔

عورت پر مرد کے حقوق کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کسی عورت پر سب سے بڑا حق اسکے شوہر کا ہے اور مرد پر سب سے بڑا حق اسکی والدہ کا ہے۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں کسی کو اللہ کے علاوہ کیلئے سجدہ کا حکم دیتا تو میں عورت کو خاوند کیلئے سجدہ کا حکم دیتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی عورت کیلئے جائز نہیں ہے کہ وہ خاوند کی موجودگی میں اسکی اجازت کے بغیر روزہ رکھے اور اسکی اجازت کے بغیر کسی کو اسکے گھر میں داخلہ کی اجازت دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورت اس حال میں دنیا سے رخصت ہو کہ اس کا خاوند اس سے راضی وخوش ہو تو وہ عورت جنت میں جائے گی۔

مرد پر عورت کے حقوق کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کوئی ایمان والا شوہر اپنی مؤمنہ بیوی سے نفرت نہیں کرتا، اگر اسکو بیوی کی کوئی عادت ناپسند ہوگی تو دوسری کوئی عادت پسند بھی ہوگی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگو! بیویوں کے ساتھ بہتر سلوک کے متعلق میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرو نرمی ومدارات کا برتاؤ رکھو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمانوں میں زیادہ کامل الایمان وہ ہیں جن کے اخلاق بہتر ہیں اور تم میں اچھے اور خیر کے زیادہ حامل وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے حق میں زیادہ اچھے ہیں۔ نیز فرمایا کہ تم میں زیادہ اچھا اور بھلا وہ ہے جو اپنی بیوی کے حق میں اچھا ہو اور میں تم میں سے اپنی بیویوں کیلئے بہت اچھا ہوں۔

**الشق الثانی**......عن أبی موسی الاشعری رضی اللہ عنہ أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: انما مثل الجلیس الصالح و جلیس السوء کحامل المسک و نافخ الکیر، فحامل المسک اما أن یحذیک و اما أن تبتاع منه و اما أن تجد منه ریحا طیبة، و نافخ الکیر اما أن یحرق ثیابک و اما أن تجد منه ریحا منتنة. (حدیث:۳٦۴)

حدیث کا ترجمہ کریں۔ حدیث کی مکمل تشریح کر کے خط کشیدہ کلمات کی لغوی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں ① حدیث کا ترجمہ ② حدیث کی تشریح ③ کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق۔

**جواب**...... ① حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھے اور بُرے ہم نشین کی مثال کستوری والے اور آگ کی بھٹی دھونکنے و پھونکنے والے کی مثل ہے، پس کستوری والا یا تجھے عطیہ دے گا اور یا تو اس سے

Maktaba Tul Ishaat.com

خرید لے گا اور یا تو اس سے پاکیزہ خوشبو پائے گا، اور بھٹی دھونکنے والا یا تیرے کپڑے جلائے گا یا تو اس سے بدبودار ہوا پائے گا۔

❷ حدیث کی تشریح:۔ حدیث کا حاصل یہ ہے کہ اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کرو اور بُرے لوگوں کی صحبت سے بچو، کیوں کہ اچھے لوگوں کی صحبت مفید و نافع ہے اور بُرے لوگوں کی صحبت ضرر و نقصان کا باعث ہے، اسی بات کو ایک مثال کے ذریعے سمجھایا کہ نیک آدمی کی مثال کستوری والے کی ہے کہ وہ کسی نہ کسی طرح تمہیں فائدہ دے گا، یا تو از خود تمہیں کستوری دے گا یا تم اس سے خرید لو گے یا کم از کم اچھی خوشبو تو اس سے ضرور ہی حاصل کرو گے، اور بُرے آدمی کی مثال لوہار و آگ کی بھٹی والے کی ہے کہ وہ کسی نہ کسی طرح تمہیں نقصان ضرور دے گا، اوّلاً تو اس کا شعلہ تیرے کپڑوں کو جلا دے گا، وگرنہ کم از کم تجھے بدبودار ہوا کے جھونکے تو ضرور ہی ملیں گے۔ الغرض ہم نشین کی صحبت ضرور اپنا اثر دکھاتی ہے، لہٰذا اچھے ہم نشین بناؤ اور بُروں سے بچو۔

❸ کلمات مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ حَامِلٌ: یہ اَلْحَمْلُ (ضرب) سے اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی اٹھانا۔

نَافِخٌ: یہ اَلنَّفْخُ (نصر) سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے، بمعنی پھونکنا۔

يُحْذِيْ: یہ اِحْذَاءٌ (افعال، ناقص) سے مضارع معلوم کا صیغہ ہے بمعنی مال غنیمت کا حصہ دینا۔

تَبْتَاعُ: یہ اِبْتِيَاعٌ (افتعال، اجوف) سے مضارع معلوم کا صیغہ ہے بمعنی خریدنا۔

مُنْتِنَةٌ: یہ اِنْتَانٌ (افعال، مضاعف) سے اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی بدبودار ہونا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۴۰ھ

**الشق الاوّل** ......عن ابی هريرة عن النبیﷺ قال بينما ايوب عليه السلام يغتسل عريانا فخرّ عليه جراد من ذهب فجعل ايوب يحثى فى ثوبه، فناداه ربه عزوجل:ياايوب الم تكن اغنيتك؟قال بلىٰ و عزتك ولكن لاغنى بى عن بركاتك. (حدیث:۵۷۰)

حدیث کا ترجمہ و تشریح کریں، جرادٌ من ذهب کی حقیقت واضح کریں۔ خط کشیدہ کلمات کی لغوی و صرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال کا خلاصہ چار امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح (۳) جراد کی حقیقت (۴) کلمات مخطوطہ کی لغوی و صرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ حضرت ایوب علیہ السلام کے عریاناً غسل کرنے کی حالت میں ان پر سونے کی ٹڈیاں گرنے لگیں تو حضرت ایوب علیہ السلام نے انکو کپڑے میں ڈالنا (سمیٹنا) شروع کر دیا، اللہ تعالیٰ نے انکو آواز دی کہ اے ایوب! کیا میں نے تجھے غنی نہیں کیا؟ تو ایوب علیہ السلام نے جواب دیا کہ اے پروردگار! آپکی عزت کی قسم کیوں نہیں؟ (آپ نے مجھے غنی کیا ہے) مگر میں آپ کی برکات سے غنی اور بے پرواہ نہیں ہوں۔

❷ حدیث کی تشریح:۔ حاصل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ حضرت ایوب علیہ السلام عریاناً غسل کر رہے تھے کہ اس دوران ان پر سونے کی ٹڈیاں گرنے لگیں اور حضرت ایوب علیہ السلام نے انکو کپڑے میں سمیٹنا شروع کر دیا، غائب سے آواز آئی کہ اے ایوب! کیا میں نے تجھے غنی نہیں کیا؟ تو ایوب علیہ السلام نے جواب دیا کہ اے پروردگار! آپکی عزت کی قسم آپ نے مجھے غنی کیا ہے مگر میں پھر بھی آپ کے فضل و برکات سے کون سیراب ہو سکتا ہے؟۔ باقی حضرت ایوب علیہ السلام لامحالہ میدان میں ستر چھپا کر غسل کر رہے ہوں گے اور عریاناً

سے مراد یہ ہے کہ تہبند کے علاوہ کوئی کپڑا جسم پر نہ تھا۔یا اگر کسی کپڑے وغیرہ سے پردہ نہیں کیا ہوگا تو اس طرف لوگوں کی آمدورفت کا کوئی اندیشہ نہیں ہوگا کیونکہ پیغمبر کی شان سے خلاف شریعت وطبیعت کام بعید ہے۔ نیز ممکن ہے کہ انکی شریعت میں بغیر ستر غسل جائز ہو۔

③ جراد کی حقیقت:۔ غالب یہ ہے کہ یہ حقیقۃً جراد نہ تھی بلکہ جراد کی شکل میں بلا روح سونے کی کوئی چیز تھی۔(حاشیہ)

④ کلمات مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ خَرَّ: صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از مصدر خَرًّا و خُرُورًا (نصر وضرب، مضاعف) بمعنی اوپر سے نیچے گرنا۔ اَغْنَیْتُکَ: صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم از مصدر اِغْنَاءٌ (افعال، ناقص) بمعنی مالدار کرنا۔

یَحْثِیْ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر حَثْوًا و حَثْیٌ (ضرب، ناقص) بمعنی گرنا وگرانا۔

**الشق الثانی** ......عن انس ان رسول اللہ ﷺ کان اذا اکل طعاما لعق اصابعہ الثلاث ، قال و قال: اذا سقطت لقمۃ احدکم فلیمط عنھا الاذی و لیاکلھا ولا یدعھا للشیطان ، و امر ان تسلت القصعۃ ، قال فانکم لاتدرون فی ای طعامکم البرکۃ ۔(حدیث:۲۵۳)

حدیث کا ترجمہ وتشریح کریں۔ خط کشیدہ کلمات کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) حدیث کا ترجمہ (۲) حدیث کی تشریح (۳) کلمات مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ① حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کھانا تناول فرمالیتے تو اپنی تین انگلیاں چاٹ لیتے تھے، راوی کہتے ہیں اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو اس سے گندگی (مٹی وغیرہ) صاف کرکے اس کو کھالے اور اس کو شیطان کیلئے نہ چھوڑے، اور آپ ﷺ نے حکم دیا کہ پیالہ کو چاٹ لیا جائے اسلئے کہ تم نہیں جانتے کہ تمہارے کس کھانے میں برکت ہے؟۔

② حدیث کی تشریح:۔ اس حدیث میں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے کھانے کے تین آداب نقل کئے ہیں ① جب کھانا تناول فرمالیتے تو اپنی تین انگلیاں چاٹ لیتے تھے۔ ② ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو اس سے گندگی (مٹی وغیرہ) صاف کرکے اس کو کھالے اس کو شیطان کیلئے نہ چھوڑے، اس لقمہ کو چھوڑنے میں کھانے کی تحقیر اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کو ضائع کرنا ہے، یہ متکبرین کی عادت ہے اور اس کا باعث عموماً کبر ہوتا ہے جو کہ شیطانی عمل ہے۔ ③ آپ ﷺ نے حکم دیا کہ کھانے سے فراغت کے بعد سالن والے برتن کو انگلی سے چاٹ لیا جائے یعنی اچھی طرح سے اسکو صاف کیا جائے اسلئے کہ تم نہیں جانتے کہ تمہارے کس کھانے میں برکت ہے؟ اور شاید جو ذرات آخر میں برتن یا انگلیوں میں بچ رہے ہیں انہی میں برکت ہو اسلئے انگلی و برتن کو اچھی طرح سے صاف کیا جائے۔

③ کلمات مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ لَعِقَ: صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از مصدر لَعْقًا لَعْقَۃً (سمع) بمعنی انگلی سے چاٹنا۔

فَلْیُمِطْ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معلوم از مصدر اِمَاطَۃٌ (افعال۔ اجوف) بمعنی ہٹانا و دور کرنا۔

تُسْلَتُ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول از مصدر سَلْتًا (نصر وضرب) بمعنی انگلی سے چاٹنا۔

﴿جزی اللہ عنّا سیّدنا ومولٰنا محمدًا ما ھو اھلہٗ﴾

Maktaba Tul Ishaat.com

# الورقة الثالثة

# فقه

## مختصر القدوری

## ﴿الورقة الثالثة : فی الفقه﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاوّل**......اَلْإِقَالَةُ جَائِزَةٌ فِي الْبَيْعِ لِلْبَائِعِ وَالْمُشْتَرِيْ بِمِثْلِ الثَّمَنِ الْاَوَّلِ فَإِنْ شَرَطَ اَكْثَرَ مِنْهُ اَوْ اَقَلَّ مِنْهُ فَالشَّرْطُ بَاطِلٌ وَيُرَدُّ بِمِثْلِ الثَّمَنِ الْاَوَّلِ وَهِيَ فَسْخٌ فِيْ حَقِّ الْمُتَعَاقِدَيْنِ وَبَيْعٌ جَدِيْدٌ فِيْ حَقِّ غَيْرِهِمَا فِيْ قَوْلِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَهَلَاكُ الثَّمَنِ لَايَمْنَعُ صِحَّةَ الْإِقَالَةِ وَهَلَاكُ الْمَبِيْعِ يَمْنَعُ صِحَّتَهَا.

عبارت کا ترجمہ و مسئلہ کی وضاحت کریں نیز اقالہ اگر غیر متعاقدین کیلئے بیع جدید ہے تو اس کا کیا فائدہ ہوگا۔ اقالہ کی لغوی اور اصطلاحی تعریف کریں، کیا اقالہ شروط فاسدہ سے فاسد ہوتا ہے؟

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں ممتحن پانچ امور کا طالب ہے (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) مسئلہ کی وضاحت (۳) اقالہ کا غیر متعاقدین کیلئے بیع جدید ہونے کا فائدہ (۴) اقالہ کی لغوی اور اصطلاحی تعریف (۵) شروط فاسدہ کی وجہ سے اقالہ کا حکم۔

**جواب**...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اقالہ جائز ہے بیع میں بائع اور مشتری کیلئے ثمن اول کی مثل کے ساتھ پس اگر اس سے زیادہ یا کم کی شرط لگا دی تو شرط باطل ہے اور مبیع واپس کی جائے گی ثمن اول کی مثل کے ساتھ، اور یہ اقالہ فسخ ہے متعاقدین کے حق میں اور بیع جدید ہے انکے غیر کے حق میں امام صاحب کے نزدیک اور ثمن کی ہلاکت اقالہ کی صحت سے مانع نہیں اور مبیع کی ہلاکت اقالہ کی صحت سے مانع ہے۔

❷ مسئلہ کی وضاحت:۔ اس عبارت میں اقالہ کے متعلق مسئلہ ذکر کیا جا رہا ہے۔ اقالہ بیع کے ثابت ہونے کے بعد زائل و فسخ کرنے کو کہتے ہیں تو فرمایا کہ بائع و مشتری دونوں کیلئے اقالہ کرنا درست ہے بشرطیکہ ثمن اول کی مثل پر اقالہ ہو یعنی پہلے جتنے ثمن میں چیز فروخت ہوئی ہے اب بھی اتنے ہی ثمن میں واپس ہو، اگر کمی یا زیادتی ثمن کی شرط لگا دی گئی تو پھر یہ شرط باطل ہوگی اور اقالہ بہر صورت ثمن اول کی مثل کے ساتھ ہی ہوگا اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ اقالہ متعاقدین کیلئے فسخ ہے یعنی وہ پہلی بیع کو ہی ختم کر رہے ہیں اور انکے غیر کے حق میں یہ اقالہ بیع جدید سمجھا جائے گا، نہ کہ عقد اول کا فسخ۔ گویا اقالہ کی صورت میں شفیع کو شفعہ کا حق حاصل ہوگا۔

اگر عقد بیع کے بعد بائع کے پاس ثمن ہلاک ہو جائیں اور متعاقدین کا اقالہ کا ارادہ ہو تو اقالہ صحیح ہے۔ البتہ اگر مشتری کے پاس مبیع ہلاک ہو گئی تو پھر اقالہ درست نہیں ہے کیونکہ اقالہ کا محل ہی باقی نہیں رہا۔

❸ اقالہ کا غیر متعاقدین کیلئے بیع جدید ہونے کا فائدہ:۔ غیر متعاقدین کیلئے بیع جدید ہونے کا فائدہ یہ ہے کہ اگر وہ زمین وغیرہ ہے تو ان کو حق شفعہ حاصل ہوگا۔

❹ اقالہ کی لغوی اور اصطلاحی تعریف:۔ اقالہ کا لغوی معنی توڑنا، فسخ کرنا اور زائل کرنا اور اصطلاحی معنی بیع کو توڑنا و فسخ کرنا ہے۔

❺ شروط فاسدہ کی وجہ سے اقالہ کا حکم:۔ اگر اقالہ کے اندر کوئی شرط فاسد لگا دی گئی تو اس صورت میں شرط باطل ہوگی، اقالہ بہر صورت ثمن اول پر لازم ہوگا۔

**الشق الثانی**......اَلشِّرْكَةُ عَلٰى قِسْمَيْنِ شِرْكَةُ اَمْلَاكٍ وَشِرْكَةُ عُقُوْدٍ فَشِرْكَةُ الْاَمْلَاكِ اَلْعَيْنُ يَرِثُهَا رَجُلَانِ اَوْ يَشْتَرِيَانِهَا فَلَا يَجُوْزُ لِاَحَدِهِمَا اَنْ يَتَصَرَّفَ فِيْ نَصِيْبِ الْاٰخَرِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ وَكُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا فِيْ نَصِيْبِ صَاحِبِهٖ كَالْاَجْنَبِيِّ.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، کیا شرکۃ املاک میں ایک شریک دوسرے کے حصہ

میں تصرف کرسکتا ہے؟ شرکۃ عقود کی اقسام اور انکی تعریف ذکر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) شرکت املاک میں تصرف کی وضاحت (۴) شرکت عقود کی اقسام مع تعریفات۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ شرکت دو قسم پر ہے، شرکت املاک اور شرکت عقود۔ پس شرکت املاک وہ عین ہے جس کے دو آدمی وارث ہوں یا جسے دو آدمی خریدیں پس اُن دونوں میں سے کسی ایک کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ دوسرے کے حصہ میں اُس کی اجازت کے بغیر تصرف کرے اور ہر ایک اُن میں سے اپنے ساتھی کے حصے میں اجنبی کی مثل ہے۔

❸ شرکت املاک میں تصرف کی وضاحت:۔ شرکت املاک میں ایک شریک دوسرے کے حصہ میں تصرف نہیں کرسکتا۔ اور ہر ایک دوسرے کے حصہ میں بمنزل اجنبی کے ہوتا ہے۔

❹ شرکت عقود کی اقسام مع تعریفات:۔ (شرکت کی اولا دو قسمیں ہیں۔ شرکت املاک و عقود۔ شرکت عقود یہ ہے کہ دو یا زائد افراد وراثت، خریداری، ہبہ، صدقہ وغیرہ کے ذریعے کسی چیز کے مالک ہو جائیں)

شرکت عقود کی چار اقسام ہیں۔ ① شرکت مفاوضہ: کہ دو شخص آپس میں مال تصرف اور دین و نفع میں مساوات کی شرط پر ایک دوسرے کے شریک بن جائیں۔ ان میں سے ہر ایک دوسرے کا وکیل بھی ہوتا ہے اور کفیل بھی ② شرکت عنان: کہ دو شخص آپس میں شرکت کرلیں۔ خواہ مال اور نفع میں برابری ہو یا کمی بیشی، ہر طرح جائز ہے اس میں ہر ایک دوسرے کا محض وکیل ہوتا ہے۔ نہ کہ کفیل ③ شرکت صنائع: کہ دو متفرق پیشہ والے لوگ اس طرح شرکت کریں کہ دونوں ہر ممکن کام قبول کریںگے اور نفع میں برابر کے شریک ہوں گے۔ لہٰذا اگر کسی کے پاس کوئی کام آئے گا تو دوسرا بھی اس کے ساتھ وہ کام کرے گا اور حاصل شدہ مزدوری دونوں میں تقسیم ہوگی اور اگر کسی نے کوئی کام اکیلا بھی کیا تب بھی اجرت دونوں میں تقسیم ہوگی ④ شرکت وجوہ: کہ دو شخصوں کے پاس کوئی مال نہیں ہے اور وہ اس بات میں شرکت کرتے ہیں کہ دونوں اپنی پہچان اور اعتماد کی بنیاد پر مال ادھار اٹھا کر فروخت کریں گے جو کچھ نفع حاصل ہوگا اس کو بعد کے اعتبار سے تقسیم کریں گے، اس میں ہر ایک دوسرے کا وکیل ہوتا ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱٤۳۲ھ

**الشق الاوّل**...... وَلَايَجُوْزُ بَيْعُ ذِرَاعٍ مِنْ ثَوْبٍ وَلَابَيْعُ جِذْعٍ مِنْ سَقْفٍ وَضَرْبَةِ الْقَانِصِ وَلَابَيْعُ الْمُزَابَنَةِ وَهُوَ بَيْعُ الثَّمَرِ عَلَى النَّخْلِ بِخَرْصِهِ تَمَرًا وَلَايَجُوْزُ الْبَيْعُ بِإِلْقَاءِ الْحَجَرِ وَالْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ وَلَايَجُوْزُ بَيْعُ ثَوْبٍ مِنْ ثَوْبَيْنِ۔

عبارت پر اعراب لگائیں، سلیس ترجمہ کے بعد مسائل کی تشریح کریں، بیع کی مذکورہ اقسام کی تعریفات کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حاصل چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) مسائل کی تشریح (۴) بیع کی اقسام مذکورہ کی تعریف۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور جائز نہیں ہے بڑے کپڑے میں سے ایک گز کی بیع، اور نہ کڑی کی بیع چھت میں سے اور نہ جال پھینکنے کی بیع اور نہ بیع مزابنہ اور بیع مزابنہ یہ ہے کہ درخت پر لگی ہوئی کھجور کی بیع کٹی ہوئی کھجور کے بدلہ میں اندازہ کے ساتھ کرنا اور نہ پتھر پھینکنے کی بیع جائز ہے اور نہ بیع منابذہ جائز ہے اور نہ بلا تعیین دو کپڑوں میں سے ایک کپڑے کی بیع جائز ہے۔

❸ مسائل کی تشریح:۔ اس عبارت میں بیع فاسد کی چند صورتوں کا ذکر ہے کہ بائع کہتا ہے کہ اس بڑے کپڑے میں سے ایک گز کپڑا بیچتا ہوں جبکہ وہ کپڑا ایسا ہو کہ اس میں سے ایک گز کاٹنا نقصان دہ ہو۔ یا اس چھت میں جو کڑیاں لگی ہیں وہ فروخت کرتا ہوں یا کہتا ہے کہ دریا میں جال پھینکتا ہوں جتنی مچھلیاں آگئیں پچاس روپے میں تمہاری، خواہ ایک آئے یا دس آئیں اسی طرح بیع مزابنہ، یہ تمام بیوع ناجائز ہیں۔

بیع بالقاء الحجر کی مختلف صورتیں ذکر کی گئی ہیں مثلاً مشتری نے کہا کہ یہ چیز میں نے تیرے سے دس درہم میں خریدی اور فوراً اس پر کوئی پتھر رکھ دیا کہ بیع لازم ہوگئی خواہ بائع راضی ہو یا نہ ہو، اسی طرح نیچے مختلف اشیاء پڑی ہیں مشتری بائع کو دس درہم دیکر ایک پتھر ان اشیاء پر پھینکتا ہے جس چیز پر پتھر پڑے اس میں بیع لازم ہوگی خواہ وہ دو درہم کی ہو یا بیس درہم کی اسی کا دوسرا نام بیع المنابذہ اور بیع الحصاۃ ہے۔ بیع ملامسہ کہ کسی چیز کے بارے میں عقدِ بیع ہوا ابھی دوسرے کی رضامندی ظاہر نہیں ہوئی کہ اسکو چھو لیا جسکے نتیجہ میں بغیر رضا کے بھی بیع لازم ہوگئی، یہ تمام بیوع زمانہ جاہلیت میں ہوتی تھیں جن کو ناجائز قرار دیدیا گیا۔ اسی طرح دو کپڑے ہیں ایک قیمتی اور ایک ہلکا تو بلا تعیین ان میں سے ایک کی بیع جائز نہیں ہے کیونکہ یہ محل نزاع ہے، الا یہ کہ ایک کی تعیین ہو جائے۔

❹ بیع کی اقسامِ مذکورہ کی تعریفات:۔ ابھی تشریح کے ضمن میں بیع کی مذکورہ اقسام کی تعریف کی بھی وضاحت ہوگئی۔

**الشق الثانی** ...... اَلسَّلَمُ جَائِزٌ فِی الْمَكِيْلَاتِ وَالْمَوْزُوْنَاتِ وَالْمَعْدُوْدَاتِ الَّتِیْ لَا تَتَفَاوَتُ كَالْجَوْزِ وَالْبَيْضِ وَالْمَذْرُوْعَاتِ وَلَا يَجُوْزُ السَّلَمُ فِی الْحَيَوَانِ وَلَا فِیْ اَطْرَافِهٖ وَلَا فِی الْجُلُوْدِ عَدَدًا وَلَا فِی الْحَطَبِ حُزَمًا وَلَا فِی الرُّطَبِ جُرَزًا۔ (ص۵۷۔ امدادیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، مذکورہ عبارت کی تشریح کریں، بیع سلم کی تعریف کر کے ان کی شرائط کو بیان کریں۔ صاحبین کا جن شرائط میں امام اعظمؒ سے اختلاف ہے انہیں وضاحت کے ساتھ ذکر کریں۔ تحریر کردہ اصطلاحات کی وضاحت کریں مسلم الیہ، مسلم فیہ، راس المال، رب السلم۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا خلاصہ چھ امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) بیع سلم کی تعریف و شرائط (۵) صاحبینؒ کی شرائط مختلفہ (۶) اصطلاحات کی وضاحت۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السؤال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ بیع سلم کیلی وزنی اور ایسی عددی چیزوں میں جائز ہے جن میں تفاوت نہیں ہوتا جیسے اخروٹ وانڈے اور پیمائش کی جانے والی چیزوں میں بھی جائز ہے اور بیع سلم جانور میں اور اس کے اطراف میں جائز نہیں ہے اور نہ کھال میں عدد کے اعتبار سے اور نہ لکڑیوں میں گٹھوں کے اعتبار سے اور نہ سبز چارہ میں بوجھ کے اعتبار سے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں بیع سلم کے جواز وعدم جواز والی اشیاء کو بیان کر رہے ہیں۔ صاحب قدوریؒ فرماتے ہیں کہ تمام کیلی یعنی کیل کے ذریعہ فروخت ہونے والی اشیاء میں اور وزنی یعنی وزن وتول کے ذریعہ فروخت ہونے والی اشیاء میں

Maktaba Tul Ishaat.com

بیع سلم جائز ہے مثلاً گندم، چاول، کھجور وغیرہ۔ اسی طرح وہ عددی اشیاء یعنی جو گنتی کے اعتبار سے فروخت ہوتی ہیں اوران میں باہم فرق وتفاوت بھی نہیں ہوتا مثلاً انڈے اوراخروٹ وغیرہ، ان میں بھی بیع سلم جائز ہے۔

جانور اوراس کے اطراف یعنی سری پائے اور کھال وغیرہ میں بیع سلم جائز نہیں ہے کیونکہ یہ اشیاء اگرچہ عددی ہیں مگران میں باہم تفاوت زیادہ ہوتا ہے جو نزاع وجھگڑے کا باعث بن سکتا ہے اس لئے ان میں بیع سلم جائز نہیں ہے اسی طرح لکڑی میں گٹھوں کے اعتبار سے اور سبزہ وچارہ وغیرہ میں بوجھ کے اعتبار سے بیع سلم جائز نہیں ہے۔

❷ بیع سلم کی تعریف وشرائط:۔ بیع الآجل بالعاجل کہ نقد کے بدلہ میں ادھار یعنی ثمن نقد ادا کرنا اور مبیع کچھ عرصہ کے بعد وصول کرنا اور سلم لغت میں وہ بیع ہے جس میں ثمن فوری ادا کیا جائے۔

بیع سلم کے صحیح ہونے کی امام ابوحنیفہؒ نے سات شرائط ذکر کی ہیں جب وہ شرائط پائی جائیں گی اس وقت بیع سلم صحیح ہوگی۔

① جنس معلوم ہو مثلاً چاول، گندم، چنے ② نوع معلوم ہو مثلاً نہری ہیں یا بارانی ③ صفت معلوم ہو مثلاً نئے، پرانے، موٹے، باریک، عمدہ وغیر عمدہ ④ مقدار معلوم ہو مثلاً ایک من، دو من ⑤ مدت معلوم ہو مثلاً چار ماہ بعد، چھ ماہ بعد ⑥ رأس المال کی مقدار معلوم ہو اگر وہ عقد مقدار سے متعلق ہے مثلاً پانچ من چاول کے بدلہ میں ⑦ مبیع سپرد کرنے کی جگہ معلوم ہو کہ ملتان میں مشتری کے گھر پہنچائی جائے گی یا بہاولپور میں بائع سے وصول کی جائے گی۔

❺ صاحبینؒ کی شرائط مختلفہ:۔ امام اعظمؒ کے نزدیک سلم کی صحت کی چھٹی شرط مقدار رأس المال کی معرفت اور ساتویں شرط "سپرد کرنے کی جگہ" کا ذکر ہے صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ جب رأس المال کی طرف محض اشارہ ہو جائے تو اس کی مقدار کی معرفت ضروری نہیں اسی طرح جائے تسلیم کا ذکر بھی ضروری نہیں، بلکہ عقد کی جگہ پر ہی مسلم فیہ سپرد کی جائے گی۔

❻ اصطلاحات کی وضاحت:۔ مسلم الیہ (بائع) جس کو رأس المال (ثمن) سپرد کیا جائے۔ مسلم فیہ مبیع کو رأس المال ثمن کو اور رب السلم صاحب مال یعنی مشتری کو کہتے ہیں۔ مثلاً زید نے بکر کو ایک ہزار روپیہ دیا کہ میں تین ماہ بعد دو من چاول وصول کروں گا، اس میں بکر مسلم الیہ، زید رب السلم، ہزار روپیہ رأس المال اور چاول مسلم فیہ ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاوّل** ...... ویجوز البیع بثمن حال و مؤجل اذا کان الاجل معلوما ۔ ومن اطلق الثمن فی البیع کان علی غالب نقد البلد فان کانت النقود مختلفۃ فالبیع فاسد اِلّاان یبین اَحدھا ویجوز بیع الطعام والحبوب کلھا مکایلۃ ومجازفۃ وباناء بعینہ لایعرف مقدارہ اوبوزن حجر بعینہ لایعرف مقدارہ ۔

عبارت بالا کا ترجمہ کریں، عبارت میں مذکورہ مسائل کی عام فہم تشریح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) مسائل کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اور بیع جائز ہے نقد اور ادھار ثمن کے ساتھ جبکہ مدت معلوم ومعین ہو، اور جس شخص نے مطلق چھوڑ دیا ثمن کو بیع میں تو محمول ہوگے ثمن شہر میں زیادہ رائج سکہ پر پس اگر مختلف سکے رائج ہوں تو بیع فاسد ہوگی، الا یہ کہ بیان کردے کسی ایک کو، اور جائز ہے ہر قسم کے اناج اور غلہ کی بیع پیمانہ سے کیل کرکے اور انکل (اندازہ) سے اور ایسے متعین برتن اور

پتھر سے جس کی مقدار معلوم نہیں ہے۔

❷ **مسائل کی تشریح:۔** ① نقد ثمن اور ادھار ثمن کے ساتھ بیع جائز ہے جبکہ ادھار کی مدت متعین ہو کہ ہفتہ یا مہینہ کے بعد ثمن دیدوں گا ② کسی نے بیع کی اور ثمن کو مطلق چھوڑ دیا۔ مثلاً یہ چیز دس کی ہے روپیہ درہم دینار متعین نہیں کیا تو پھر شہر میں جو سب سے زیادہ کرنسی چلتی ہوگی مثلاً روپیہ تو اس پر ثمن محمول ہوں گے یعنی یہ چیز دس روپیہ کی ہے۔ اور اگر مختلف سکے چلتے ہیں اور مالیت بھی مختلف ہے اور کوئی زیادہ رائج بھی نہیں یعنی سب برابر چلتے ہیں تو اس صورت میں کسی ایک کو متعین کر دیا تو بیع درست ہے ورنہ بیع فاسد ہوگی ③ اناج اور غلہ کی بیع پیمانہ سے اور اندازہ سے اور کسی پتھر کے وزن کے برابر یا کسی برتن کی مقدار کے برابر جس کی مقدار معلوم نہیں ہے ہر طرح سے بیع جائز اور درست ہے۔

**السؤال الثانی** ...... اشربہ محرمہ (خمر، عصیر، نقیع التمر، نقیع الزبیب) کی تعریف لکھیں۔

**(ولا بأس بالانتباذ فی الدباء والحنتم والمزفت والنقیر، واذا تخللت الخمر حلت، سواء صارت بنفسها خلا او بشیء طرح فیها ولا یکرہ تخلیلها).**

عبارت کا مطلب بیان کریں۔ دباء، حنتم، مزفت، نقیر کے معنی بیان کریں۔ خط کشیدہ عبارت کی ترکیب کریں۔

**﴿خلاصۂ سوال﴾** ...... اس سوال کا خلاصہ چار امور ہیں (۱) اشربہ محرمہ کی تعریف (۲) عبارت کا مطلب (۳) الفاظ کا معنی (۴) عبارت کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ **اشربہ محرمہ کی تعریف:۔** **خمر:** انگور کا کچا پانی جب وہ گاڑھا ہو کر جھاگ پھینکنے لگے، جوش مار کر اٹھنے لگے اور نشہ آور ہو جائے۔ **عصیر:** انگور کا پانی اتنا پکایا جائے کہ دو تہائی سے کم جل جائے اور نشہ آور ہو جائے۔ **نقیع التمر:** چھوہارے یا کھجور کا کچا پانی جب جوش مار کر گاڑھا (نشہ آور) ہو جائے۔ **نقیع الزبیب:** خشک انگور (کشمش) کو پانی میں بھگویا جائے یہاں تک کہ جوش مار کر گاڑھا (نشہ آور) ہو جائے۔ اوّل کی حرمت قطعی اور بقیہ کی حرمت اجتہادی ہے۔

❷ **عبارت کا مطلب:۔** اس عبارت میں مصنف نبیذ کے متعلق کچھ احکامات بیان کر رہے ہیں کہ کدو کے برتن، سبز ٹھلیا، رال کے روغن والی ٹھلیا اور کھدی ہوئی لکڑی کے برتن میں نبیذ بنانا درست ہے اس میں کوئی ممانعت نہیں ہے۔

اس کے بعد سرکہ کے متعلق فرمایا کہ جب شراب کا سرکہ بن جائے، خواہ خود بخود یا کوئی چیز ڈالنے کے نتیجہ میں تو وہ شراب سرکہ ہونے کی وجہ سے حلال ہے اس میں حرمت باقی نہیں رہی اور شراب کو سرکہ بنانے میں کوئی کراہت بھی نہیں ہے۔

❸ **الفاظ کا معنی:۔** "الدباء" کدو کا برتن، بعض اوقات کدو کو خشک کر کے اس میں سے گودا نکال کر برتن بنا لیتے تھے اور بسا اوقات گودا نکال کر پھر اسے خشک کرتے تھے۔

"حنتم" اس کی تشریح میں متعدد اقوال ہیں سب سے صحیح اور قوی قول کے مطابق سبز رنگ کے مٹکے کو کہتے ہیں۔

"المزفت" وہ برتن جس پر زفت (تارکول کی شکل کوئی چیز ہوتی ہے) مل کر اس کے مسامات کو بند کیا گیا ہو۔

"النقیر" وہ برتن جو کھجور کی جڑ کو کھود کر بنایا گیا ہو۔ بعض حضرات کے نزدیک وہ برتن جو مطلقاً لکڑی یا درخت کی جڑ کو کھود کر بناتے ہیں۔

❹ **عبارت کی ترکیب:۔** واؤ استینافیہ لا نفی جنس بأس اس کا اسم بأ حرف جار الانتباذ مجرور ان میں ضمیر مستتر اس کا فاعل

Maktaba Tul Ishaat.com

فی حرف جار الدبلہ معطوف علیہ واؤ حرف عطف الحنتم معطوف واؤ حرف عطف المزفت معطوف واؤ حرف عطف النقیر معطوف، معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مجرور ہوا جار کا، جار مجرور ملکر متعلق ہوا مصدر کے، مصدر اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر مجرور، جار مجرور ملکر کائن محذوف کے متعلق ہوکر شبہ جملہ ہوکر لا کی خبر، لانفی جنس اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوگیا۔

## ﴿الورقة الثالثة : فی الفقه﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۳۳ھ

**الشق الاوّل** ......اذا تمت الحوالة برئ المحیل من الدیون ولم یرجع المحتال له علی المحیل الّا ان یتوی حقه.

حوالہ کی اصطلاحی تعریف لکھیں محتال محتال علیہ اور محیل کسے کہتے ہیں نیز عبارت کا ترجمہ کرکے توی کی صورتیں لکھیں۔ (ص ۱۱۳)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں چار امور کا حل مطلوب ہے (۱) حوالہ کی اصطلاحی تعریف (۲) محتال محتال علیہ، محیل کی تعریف (۳) عبارت کا ترجمہ (۴) توی کی صورتوں کی وضاحت۔

**جواب** ...... ❶ حوالہ کی اصطلاحی تعریف:۔ محیل کے ذمہ سے محتال علیہ کے ذمہ کی طرف دَین منتقل کرنا حوالہ ہے۔

❷ محتال محتال علیہ، محیل کی تعریف:۔ محتال: وہ شخص جس کا دوسرے کے ذمہ دَین (قرض) ہے۔

محتال علیہ: وہ تیسرا شخص جو نہ دائن ہے اور نہ مدیون، بلکہ جس نے حوالہ کو قبول کیا ہے۔

محیل: وہ شخص جس کے ذمہ محتال کا دَین ہے مثلاً زید نے بکر سے ہزار روپیہ دَین وصول کرنا ہے، خالد نے یہ ہزار اپنے ذمہ لے لیا تو زید محتال، بکر محیل اور خالد محتال علیہ ہے۔

❸ عبارت کا ترجمہ:۔ جب مکمل ہو جائے حوالہ تو بری ہو جائے گا محیل قرضوں سے اور نہیں رجوع کر سکتا محتال لہ محیل پر مگر یہ کہ تلف ہو اس کا حق۔

❹ توی کی صورتوں کی وضاحت:۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک توی کی دو صورتیں ہیں۔ ① محتال علیہ حوالہ کا انکار کرے اور قسم بھی کھالے اور محتال کے پاس کوئی بینہ نہ ہو ② محتال علیہ مفلس ہوکر مر جائے۔

صاحبینؒ کے نزدیک توی کی ایک صورت اور بھی ہے کہ قاضی محتال علیہ کو اس کی زندگی میں ہی مفلس قرار دیدے تو ان تمام صورتوں میں محتال لہ محیل پر رجوع کر سکتا ہے، اس کے علاوہ کسی اور صورت میں نہیں۔

**الشق الثانی** ......اَلشُّفْعَةُ وَاجِبَةٌ لِلْخَلِيْطِ فِیْ نَفْسِ الْمَبِيْعِ ثُمَّ لِلْخَلِيْطِ فِیْ حَقِّ الْمَبِيْعِ كَالشُّرْبِ وَالطَّرِيْقِ ثُمَّ لِلْجَارِ وَلَيْسَ لِلشَّرِيْكِ فِی الطَّرِيْقِ وَالشُّرْبِ وَالْجَارِ شُفْعَةٌ مَعَ الْخَلِيْطِ، فَاِنْ سَلَّمَ الْخَلِيْطُ فَالشُّفْعَةُ لِلشَّرِيْكِ فِی الطَّرِيْقِ، فَاِنْ سَلَّمَ اَخَذَهَا الْجَارُ وَالشُّفْعَةُ تَجِبُ بِعَقْدِ الْبَيْعِ وَتَسْتَقِرُّ بِالْاِشْهَادِ وَتُمْلَكُ بِالْاَخْذِ اِذَا سَلَّمَهَا الْمُشْتَرِیْ اَوْحَكَمَ بِهَا الْحَاكِمُ.

ترجمہ و مطلب واضح کریں، شفعہ کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں، شفعہ کن چیزوں میں واجب ہوتا ہے؟ وضاحت سے لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کا مطلب (۳) شفعہ کا لغوی و اصطلاحی معنی (۴) شفعہ والی اشیاء۔

**جواب** ...... ❶ **عبارت کا ترجمہ:۔** شفعہ ثابت ہے نفسِ مبیع میں شریک کیلئے۔ پھر حقِ مبیع مثلاً پانی اور راستہ کے حق میں شریک کیلئے پھر پڑوسی کیلئے اور نہیں ہے شفعہ پانی اور راستہ کے حق میں شریک اور پڑوسی کیلئے نفسِ مبیع میں شریک کے ہوتے ہوئے پس اگر شریک فی نفس المبیع سپرد کردے (شفعہ کا طالب نہ ہو) تو پھر شفعہ شریک فی الطریق کیلئے ہے پس اگر سپرد کردے وہ بھی تو لے سکتا ہے اسے پڑوسی۔ اور شفعہ ثابت ہوتا ہے عقدِ بیع کے ساتھ اور پختہ ہوتا ہے گواہ بنانے سے اور مملوک ہو جاتا ہے لے لینے کے ساتھ جب کہ سپرد کرے اس کو مشتری یا فیصلہ کردے اس کا حاکم (قاضی)۔

❷ **عبارت کا مطلب:۔** اس عبارت میں اقسامِ شفیع اور ترتیبِ شفعہ کا ذکر ہے تو فرمایا کہ سب سے پہلے شفعہ نفسِ مبیع میں شریک کیلئے ثابت ہوتا ہے اگر وہ شفعہ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا پھر حقِ مبیع یعنی پانی اور راستہ وغیرہ میں جو شریک ہو وہ شفعہ کرسکتا ہے بشرطیکہ وہ راستہ نافذ نہ ہو۔ اگر اس کا بھی شفعہ کا ارادہ نہیں ہے تو پشت کی جانب جو اس زمین کا پڑوسی ہے وہ شفعہ کرسکتا ہے اول کے شفعہ کرنے کی صورت میں دوسرے دونوں کو شفعہ کا حق نہیں۔ اگر وہ شفعہ نہ کرے تو دوسرے کے شفعہ کرنے کی صورت میں تیسرے کو شفعہ کا حق نہیں اگر وہ بھی شفعہ نہ کرے تو پھر تیسرے کو شفعہ کا حق حاصل ہے۔ بس یہی تین شفیع ہیں اس کے بعد طریقہ کارِ شفعہ کو بیان کیا کہ اولاً جونہی شفیع کو بیع کی خبر ملے وہ شفعہ طلب کرے اسے طلبِ مواثبہ کہتے ہیں پھر بائع اور مشتری میں سے جس کے قبضہ میں بھی زمین ہو اس پر گواہ قائم کرے کہ یہ مکان فلاں نے بیچا یا فلاں نے خریدا ہے میں اس کا شفیع ہوں تم اس پر گواہ ہو جاؤ اسے طلبِ اشہاد کہتے ہیں اس کے بعد قاضی کی عدالت میں جا کر کہے گا کہ فلاں زمین فروخت ہوئی ہے میں اس کا شفیع ہوں وہ زمین مجھے دلوائی جائے اسے طلبِ خصومت اور طلبِ تملک کہتے ہیں اب وہ مشتری کے سپرد کرنے سے یا قاضی کے حکم سے ثمن ادا کرکے زمین کا مالک ہو جائے گا۔

❸ **شفعہ کا لغوی واصطلاحی معنی:۔** شفعہ لغت میں جفت کرنا اور ملانا اور اصطلاح میں مشتری پر زبردستی کرتے ہوئے اسکی رضاء کے بغیر اس کے مال کے عوض اس کی زمین کا مالک بننا ہے۔

❹ **شفعہ والی اشیاء:۔** شفعہ ہر اس زمین میں واجب ہے جو مال مملوک کا عوض ہو خواہ وہ زمین قابلِ تقسیم ہو جیسے زمین یا بڑا مکان اور خواہ وہ قابلِ تقسیم نہ ہو جیسے حمام و پن چکی وغیرہ۔ بالفاظِ دیگر غیر منقول اشیاء میں شفعہ جائز ہے، منقول اشیاء میں شفعہ جائز نہیں ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۲۳ھ

**الشق الاوّل** ...... ولاتصح المرابحة والتولية حتى يكون العوض مما له مثل ويجوز ان يضيف الى راس المال اجرة القصار والصباغ والطراز والفتل واجرة حمل الطعام ويقول قام علىّ بكذا ولايقول اشتريته بكذا

بیع مساومہ، مرابحہ وتولیہ کی تعریف کریں، عبارت کا مطلب وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔ (ص ۲۷۔ امدادیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امر حل طلب ہیں۔ (۱) بیع مساومہ، مرابحہ وتولیہ کی تعریف (۲) عبارت کا مطلب۔

**جواب** ...... ❶ **بیع مساومہ، مرابحہ وتولیہ کی تعریف:۔** بیع مرابحہ: وہ بیع جو ثمنِ اوّل پر زیادتی کے ساتھ ہو۔

بیع مساومہ: وہ بیع جس میں ثمنِ اوّل کو قطع نظر کرتے ہوئے عاقدین جس قیمت پر متفق ہو جائیں۔

بیع تولیہ: وہ بیع جو صرف ثمنِ اوّل کیساتھ ہو اس پر زیادتی نہ ہو مثلاً پچاس روپے کی چیز پچاس میں بیچنا تولیہ اور ساٹھ میں بیچنا مرابحہ ہے۔

❷ **عبارت کا مطلب:۔** اوّلاً یہ بات بتلائی کہ بیع مرابحہ وتولیہ صرف ان اشیاء میں ہو سکتی ہے جنکا عوض (ثمن) مثلی ہو، کیونکہ اگر اس

Maktaba Tul Ishaat.com

کا عوض مثلی نہ ہو تو پھر اندازہ لگانا مشکل ہوگا کہ یہ چیز ثمن اول پر فروخت ہو رہی ہے یا کمی زیادتی پر۔ اسکے بعد یہ مسئلہ بیان کیا کہ بائع مبیع کے اصل ثمن کے ساتھ دھوبی رنگریز وغیرہ کا خرچہ بھی شامل کرسکتا ہے مثلاً کپڑا پچاس روپے کا خریدا دس روپے میں رنگ کروالیا تو اب وہ یہ کپڑا بیع تولیہ کے طور پر ساٹھ کا اور مرابحہ کے طور پر ستر کا بیچ سکتا ہے۔ البتہ قول میں احتیاط کرے گا یعنی یہ نہیں کہے گا کہ میں نے ساٹھ کا خریدا ہے اسلئے کہ یہ جھوٹ ہے کیونکہ اس نے پچاس کا خریدا ہے البتہ اسطرح کہے گا کہ مجھے یہ کپڑا ساٹھ میں پڑا ہے میں ستر میں بیچتا ہوں۔

**الشق الثانی** ...... مضاربت، حوالۃ، کفالۃ، مساقاۃ، صرف، اجارہ میں سے ہر ایک کی تعریف کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں فقط مذکورہ اصطلاحات کی تعریف مطلوب ہے۔

**جواب** ...... اصطلاحات کی تعریف:۔ مضاربت: اس کا لغوی معنی زمین پر چلنا اور سفر کرنا ہے اور اصطلاحی معنی عقد علی الشرکۃ فی الربح بمال من احد الشریکین وعمل من الآخر (شریکین کا نفع میں شرکت پر عقد کرنا کہ مال ایک کا اور عمل دوسرے کا ہوگا)۔

حوالہ: تحویل الدین من ذمۃ الاصیل الٰی ذمۃ المحتال علیہ علی سبیل التوثق بہ (اصل مقروض کے ذمہ سے محتال علیہ کے ذمہ کی طرف ضمانت کے طور پر قرض منتقل کرنا)۔

کفالہ: ھی ضم الذمۃ الٰی الذمۃ فی المطالبۃ (اصیل جس چیز کا ذمہ دار ہے اس کی ذمہ داری کے ساتھ مطالبہ میں کفیل کا اپنی ذمہ داری کو ملانا)۔

مساقات: مساقات و مزارعت ایک ہی چیز ہے فرق صرف اتنا ہے کہ مزارعت کا معاملہ زمین و کھیتی کے متعلق ہوتا ہے اور مساقات کا معاملہ درختوں کے متعلق ہوتا ہے، اس اعتبار سے مساقات کی یہ تعریف ہوئی کہ درختوں کا کوئی باغ کسی کے حوالہ کرنا کہ تم اس کی حفاظت و دیکھ بھال کرو اور اس کو پانی سے سیراب کرتے رہو پھر جو پھل آئے گا اس میں ہم شریک ہوں گے۔

صرف: ھو البیع اذا کان کل واحدٍ من عوضیہ من جنس الاثمان (بیع کے دونوں عوض ثمن کی جنس یعنی سونا و چاندی ہوں) یعنی سونے کو سونے کے عوض، چاندی کو چاندی کے عوض اور دونوں کو ایک دوسرے کے عوض بیچنا۔

اجارہ: یہ لغۃً اجرۃ کا اسم ہے یہ اس مزدوری کو کہتے ہیں جس کا استحقاق عمل خیر پر ہو۔ اصطلاحی معنی عقد یرد علی المنافع بعوض (ایسا عقد جو منافع پر بعوض واقع ہو یعنی اجارہ منافع فروخت کرنا ہے)۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۳ھ

**الشق الاوّل** ...... قال ابو حنیفۃ" المزارعۃ بالثلث والربع باطلۃ وقالا جائزۃ وھی عندھما علی اربعۃ اوجہ اذا کانت الارض والبذر لواحد والعمل والبقر لواحد جازت المزارعۃ وان کانت الارض لواحد والعمل والبذر والبقر لاخر جازت المزارعۃ وان کانت الارض والبذر والبقر لواحد والعمل لواحد جازت وان کانت الارض والبقر لواحد والبذر والعمل لواحد فھی باطلۃ ولاتصح المزارعۃ الا علی مدۃ معلومۃ وان یکون الخارج بینھما مشاعا. مزارعت کا لغوی و اصطلاحی معنی تحریر کیجئے، عبارت کی مکمل تشریح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں (۱) مزارعت کا لغوی و اصطلاحی معنی (۲) عبارت کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ مزارعت کا لغوی واصطلاحی معنیٰ:۔ لغوی اعتبار سے یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے جو زرع بمعنیٰ اُگانا سے مشتق ہے تو مزارعت کا معنیٰ دو آدمیوں کا باہمی عقدِ زراعت کرنا ہے۔ اصطلاحی اعتبار سے **هي عقد على الزرع ببعض الخارج** (زمین کی بعض پیداوار پر دو آدمیوں کا باہمی عقدِ زراعت کرنا) ہے یعنی مالکِ زمین و مزارع کا بعض پیداوار پر باہمی عقد کرنا مزارعت کہلاتا ہے۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں مزارعت کے جواز کے متعلق مسئلہ ذکر کیا گیا ہے۔ صاحبِ قدوریؒ فرماتے ہیں کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک زمین کی تہائی یا چوتھائی پیداوار پر زمین کاشت وبٹائی کیلئے دینا باطل یعنی فاسد ہے (امام مالکؒ و امام شافعیؒ کا بھی یہی مسلک ہے) انکی دلیل یہ ہے کہ آپ ﷺ نے مخابرہ سے منع کیا ہے اور مخابرہ سے مراد مزارعت ہی ہے۔

صاحبینؒ، امام احمدؒ اور جمہورؒ کے نزدیک مزارعت جائز ہے اور احناف کے نزدیک فتویٰ بھی اسی پر ہے۔

نقلی دلیل: آپ ﷺ نے اہلِ خیبر کے ساتھ زمین کی کاشت اور باغ کے پھلوں میں نصف پیداوار پر معاملہ کیا تھا، پس معلوم ہوا کہ مزارعت جائز ہے۔ عقلی دلیل: عقدِ مزارعت مالک و مزارع کے درمیان مال و عمل کے اعتبار سے ایک عقدِ شرکت ہے اور جس طرح دفعِ ضرورت کی وجہ سے عقدِ مضاربت جائز ہے اسی طرح دفعِ ضرورت کی وجہ سے مزارعت بھی جائز ہے۔

اس اختلاف کو ذکر کرنے کے بعد صاحبِ قدوریؒ نے مزارعت کی چار اقسام ذکر کی ہیں ① زمین و بیج ایک کا ہو اور کام و بیل دوسرے کا ہو ② زمین ایک کی ہو، بیج بیل و کام دوسرے کا ہو ③ زمین بیج و بیل ایک کا ہو اور صرف کام دوسرے کا ہو۔ یہ تین صورتیں جائز ہیں ④ زمین و بیل ایک کا ہو اور بیج و کام دوسرے کا ہو۔ یہ صورت ظاہر الروایۃ کے مطابق باطل ہے۔

جبکہ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک یہ صورت بھی جائز ہے۔ (تسہیل القدوری ج ۲ ص ۲۲۱)

**الشق الثانی** ...... **الهبة تصح بالايجاب والقبول وتتم بالقبض فان قبض الموهوب له في المجلس بغير اذن الواهب جاز وان قبض بعد الافتراق لم تصح.**

عبارت کی تشریح کریں، ہبہ میں رجوع جائز ہے یا نہیں، رقبیٰ کے متعلق فقہاء کا اختلاف بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا خلاصہ تین امور ہیں (۱) عبارت کی تشریح (۲) ہبہ میں رجوع کا حکم (۳) رقبیٰ میں فقہاء کا اختلاف۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کی تشریح:۔ اولاً ہبہ کے ارکان کا ذکر ہے کہ ہبہ ایجاب وقبول سے صحیح ہوتا ہے اور جب موہوب لہٗ موہوبہ چیز پر قبضہ کرلے تو ہبہ مکمل ہو جاتا ہے اسکے بعد ہبہ کا ایک مسئلہ بیان کیا کہ اگر واہب نے کوئی چیز ہبہ کی اور موہوب لہٗ نے واہب کی اجازت کے بغیر ہی مجلسِ عقد میں موہوبہ چیز پر قبضہ کرلیا تو ہبہ مکمل ہو جائیگا اور یہ قبضہ کرنا صحیح ہوگا اور اگر مجلس برخواست ہوگئی واہب نے موہوبہ چیز موہوب لہٗ کے سپرد نہیں کی تو اب واہب کے جانے کے بعد موہوب لہٗ کا موہوبہ چیز پر قبضہ کرنا صحیح نہ ہوگا اور یہ ہبہ تام نہ ہوگا۔

❷ ہبہ میں رجوع کا حکم:۔ عند الاحناف ہبہ سے رجوع کرنا جائز ہے اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر باپ نے بیٹے کو کوئی چیز ہبہ کی ہے تو صرف وہی اس کے اندر رجوع کرسکتا ہے۔ اس کے علاوہ کوئی شخص اپنے ہبہ سے رجوع نہیں کرسکتا۔

❸ رقبیٰ میں فقہاء کا اختلاف:۔ امام ابوحنیفہؒ، امام محمدؒ اور امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ رقبیٰ ناجائز ہے کیونکہ اس میں جانبین میں سے ہر ایک دوسرے کی موت کا منتظر رہتا ہے کہ کس وقت وہ مرے اور میں زمین کا مالک بن جاؤں، جبکہ امام ابو یوسفؒ، امام شافعیؒ و امام احمدؒ کے نزدیک رقبیٰ جائز ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

## ﴿الورقة الثالثة : فی الفقه﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۳۴ھ

**الشق الاوّل**......خیار الشرط جائز فی البیع للبائع والمشتری ولهما الخیار ثلاثة ایام فما دونها ولایجوز اکثر من ذلک عند ابی حنیفة" وقال ابو یوسف و محمد یجوز اذا سمی مدة معلومة وخیار البائع یمنع خروج المبیع من ملکه فان قبضه المشتری فهلک بیده فی مدة الخیار ضمنه بالقیمة وخیار المشتری لایمنع خروج المبیع من ملک البائع الّاانّ المشتری لا یملکه عند ابی حنیفة" وقال ابویوسف ومحمد یملکه فان هلک بیده هلک بالثمن وکذلک ان دخله عیب۔(ص ۶۷)

عبارت کا ترجمہ تشریح کرتے ہوئے قیمت وثمن میں فرق واضح کریں،خیار شرط کی تعریف کریں نیز بائع ومشتری کیلئے مدتِ خیار بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور کا حل مطلوب ہے(۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کی تشریح (۳) قیمت وثمن میں فرق (۴) خیار شرط کی تعریف (۵) مدتِ خیار کی مقدار۔

**جواب**...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ خیار شرط جائز ہے بیع میں بائع ومشتری دونوں کے لئے،اوراُن دونوں کے لئے تین دن یا اس سے کم کا خیار ہوگا اور امام ابوحنیفہ" کے نزدیک تین دن سے زائد خیار جائز نہیں ہے اور صاحبین" فرماتے ہیں کہ یہ زائد خیار بھی جائز ہے جبکہ مدت معلومہ کو ذکر کردیا جائے اور بائع کا خیار منع کرتا ہے مبیع کو اس کی ملک سے نکلنے سے پس اگر قبضہ کرلیا اس پر مشتری نے پس ہلاک ہوگئی وہ اس کے قبضہ میں مدتِ خیار میں تو وہ قیمت کا ضامن ہوگا اور مشتری کا خیار نہیں منع کرتا مبیع کو بائع کی ملک سے نکلنے سے مگر یہ کہ نہیں مالک ہوتا مشتری اس کا امام ابوحنیفہ" کے نزدیک اور صاحبین" فرماتے ہیں کہ مالک ہوجائے گا اس کا مشتری پس اگر ہلاک ہوگئی وہ اسکے قبضہ میں تو ہلاک ہوگی ثمن کے ساتھ اور اسی طرح اگر داخل ہوگیا اس میں عیب۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں خیار شرط کے مسئلہ کو ذکر کیا جارہا ہے،تو فرمایا کہ اگر بائع ومشتری نے کسی چیز کی خرید وفروخت کی اور بائع نے اپنے لئے خیار شرط رکھا تو ایسی صورت میں مبیع بائع کی ملک سے نہیں نکلے گی،لہٰذا اگر اس چیز پر مشتری قبضہ کر کے لے گیا اور وہ مبیع مشتری کے پاس مدتِ خیار میں ہلاک ہوگئی تو مشتری قیمت کا ضامن ہوگا،کیونکہ وہ چیز بائع کی ملک سے نکلی ہی نہیں ہے اور اگر مشتری نے اپنے لئے خیار شرط رکھا تو اس صورت میں مبیع بائع کی ملک سے نکل جائیگی لہٰذا اب اگر مبیع مشتری کے پاس ہلاک ہوگئی یا اس کو عیب لگ گیا تو وہ ثمن کا ضامن ہوگا کیونکہ مبیع بائع کی ملک سے نکل گئی ہے۔اب اس صورت میں اختلاف ہے کہ جب مبیع بائع کی ملک سے نکل گئی اور مشتری کیلئے خیار شرط ہے تو اس صورت میں وہ مبیع مشتری کی ملک میں داخل ہوگی یا نہیں تو امام ابوحنیفہ" فرماتے ہیں کہ وہ مبیع مشتری کی ملک میں داخل نہ ہوگی ورنہ بدل مبدل منہ کا ایک ہی شخص (مشتری) کے پاس جمع ہونا لازم آتا ہے جو درست نہیں ہے اور صاحبین" فرماتے ہیں کہ اس صورت میں مبیع مشتری کی ملک میں داخل ہوجائے گی ورنہ زوال ملک لاالی مالک لازم آئے گا جس کی کوئی نظیر نہیں ہے تو امام صاحب کی طرف سے اس کا جواب یہ ہے کہ خروج ملک لاالی مالک کی متعدد نظیریں موجود ہیں مثلاً متولی کعبہ نے خدمتِ کعبہ کیلئے غلام خریدا تو وہ مالک کی ملک سے نکل جاتا ہے مگر کسی کی ملک میں داخل نہیں ہوتا۔اسی طرح ترکہ مستغرق بالدَین ہو تو وہ میت کی ملک سے نکل جاتا ہے مگر ورثاء اور قرض خواہوں کی ملک میں داخل نہیں ہوتا۔

❸ <u>قیمت وثمن میں فرق:۔</u> قیمت کسی چیز کی وہ مالیت جو بازار میں ہو اور ثمن وہ مالیت جو بائع ومشتری آپس کی رضامندی سے طے کر لیں مثلاً زید نے بکر کو ایک سائیکل ہزار روپے کا بیچا جبکہ بازار میں اس کی مالیت بارہ سو روپے ہے تو ہزار روپیہ ثمن اور بارہ سو روپیہ قیمت ہے۔

❹ <u>خیار شرط کی تعریف:۔</u> وہ خیار جو بائع یا مشتری کو محض شرط لگانے کی وجہ سے حاصل ہو اور بلاشرط حاصل نہ ہو۔

❺ <u>مدت خیار کی مقدار:۔</u> تین دن یا اس سے کم مدت خیار بالاتفاق جائز ہے تین دن سے زائد صاحبینؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک جائز ہے جبکہ امام ابوحنیفہؒ، امام زفرؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک جائز نہیں۔ اور مدت بیان کیے بغیر (مدت مجہول) کے ساتھ خیار بالاتفاق ناجائز ہے۔

**الشق الثانی** ...... ہبہ کی تعریف کریں اور بتائیں کہ ہبہ کا کیا طریقہ ہے اور وہ کس طرح مکمل ہوتا ہے۔

**وَلَاتَجُوْزُ الْهِبَةُ فِيْمَا يُقْسَمُ اِلَّا مُحَوَّزَةً مَقْسُوْمَةً وَهِبَةُ الْمُشَاعِ فِيْمَا لَايُقْسَمُ جَائِزَةٌ وَمَنْ وَهَبَ شِقْصًا مُشَاعًا فَالْهِبَةُ فَاسِدَةٌ فَاِنْ قَسَمَهٗ وَسَلَّمَهٗ جَازَ ، وَلَوْوَهَبَ دَقِيْقًا فِيْ حِنْطَةٍ اَوْدُهْنًا فِيْ سِمْسِمٍ فَالْهِبَةُ فَاسِدَةٌ فَاِنْ طَحَنَ وَسَلَّمَ لَمْ يَجُزْ. وَاِذَا كَانَتِ الْعَيْنُ فِيْ يَدِالْمَوْهُوْبِ لَهٗ مَلَكَهَا بِالْهِبَةِ وَاِنْ لَمْ يُجَدِّدْ فِيْهَا قَبْضًا**

عبارت پر اعراب لگا کر مطلب واضح کریں۔ محوزہ، مقسومہ، مشاع کی تشریح کریں۔ (ص۱۱۸۔امدادیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں پانچ امور حل طلب ہیں (۱) ہبہ کی تعریف (۲) ہبہ کا طریقہ (۳) عبارت پر اعراب (۴) عبارت کا مطلب (۵) محوزة، مقسومة، مشاع کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ <u>ہبہ کی تعریف:۔</u> لغوی معنی دینا اور اصطلاح میں تملیك العین بلاعوض (کسی کو بغیر عوض کسی عین کا مالک بنانا)۔

❷ <u>ہبہ کا طریقہ:۔</u> ہبہ بھی چونکہ ایک عقد ہی ہے اس وجہ سے یہ ایجاب وقبول سے منعقد ہوتا ہے یعنی ایک جانب سے ایجاب ہو دوسری جانب سے قبول ہو یہی ہبہ کا طریقہ ہے اور یہ قبضہ سے مکمل ہوتا ہے یعنی جب موہوب لہ موہوبہ چیز پر قبضہ کر لے تو ہبہ مکمل ہو جاتا ہے۔

❸ <u>عبارت کا مطلب:۔</u> ولاتجوز الهبة الخ جو اشیاء قابل تقسیم ہوں یعنی تقسیم کے بعد بھی ان کی مکمل منفعت باقی رہتی ہو ایسی اشیاء کا ہبہ اسوقت درست ہوگا جب واہب اسے تقسیم بھی کر دے اور اسے اپنے حقوق واستعمال وغیرہ سے فارغ بھی کر دے۔

وہ اشیاء جو قابل تقسیم نہ ہوں یعنی تقسیم کے بعد انکی مکمل منفعت یا بعض منفعت فوت ہو جائے تو ان کو مشترک طور پر بھی ہبہ کیا جاسکتا ہے۔ اگر کسی شخص نے کسی چیز کا کچھ حصہ ہبہ کیا تو یہ ہبہ اس وقت درست ہوگا جب واہب وہ چیز تقسیم کر کے موہوب لہ کے سپرد کر دے اور اگر اس نے یہ چیز تقسیم کر کے سپرد نہ کی تو پھر یہ ہبہ فاسد ہوگا۔

ولووهب دقیقا الخ کسی شخص نے آٹا ہبہ کیا گیہوں میں یا تیل ہبہ کیا تلوں میں تو یہ ہبہ فاسد ہے۔ اگرچہ بعد میں گیہوں سے آٹا اور تلوں سے تیل نکال کر سپرد کر دے تب بھی یہ ہبہ درست نہیں۔ اس لیے کہ بوقت ہبہ آٹا اور تیل معدوم ہے۔

واذا کانت العین الخ اگر ہبہ کی ہوئی چیز پہلے سے ہی موہوب لہ کے قبضہ میں ہو تو وہ اسی طرح اسکا مالک ہو جائیگا قبضہ ضروری نہیں۔

❹ <u>عبارت پر اعراب:۔</u> کمامرّ فی السوال آنفا۔

❺ <u>محوزة، مقسومة، مشاع کی تشریح:۔</u> مقسومہ کا مطلب یہ ہے کہ جو چیز قابل تقسیم ہو وہ تقسیم کر دی جائے۔ محوزة کا مطلب یہ ہے کہ واہب کی ملک یا اس کے حقوق سے علیحدہ کر دی جائے مشاعا کا مطلب یہ ہے کہ وہ چیز مشترک ہو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱٤۳٤ھ

**الشق الاوّل** ......والقاصد فی الیمین والمکرہ والناسی سواء ومن فعل المحلوف علیہ مکرها او ناسیا فهو سواء. (ص۴۹۱۔امدادیہ)

یمینِ غموس، منعقدہ اور لغو کی تعریف ذکر کر کے یہ بتائیں کہ ان میں کس کس کے اندر کفارہ واجب ہوتا ہے نیز کفارے کی تفصیل بھی تحریر کریں، عبارت مذکورہ کا مطلب وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔ اللّٰہ افعل کذا میں حرفِ قسم نہیں ہے پھر بھی اسے قسم کیوں شمار کیا گیا ہے، علیّ نذرٌ او نذر اللّٰہِ فھو یمینٌ کا کیا مطلب ہے اور اس عبارت کی ترکیب بھی کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں چھ امور مطلوب ہیں (۱) یمین غموس، منعقدہ ولغو کی تعریف (۲) وجوبِ کفارہ والی قسم (۳) کفارہ کی تفصیل (۴) عبارت کا مطلب (۵) اللّٰہ افعل کذا قسم کیوں ہے (۶) علیّ نذرٌ او نذر اللّٰہِ فھو یمینٌ کا مطلب وترکیب۔

**جواب** ...... ❶ یمینِ غموس، منعقدہ، لغو کی تعریف:۔ یمینِ غموس: کسی امرِ ماضی پر جان بوجھ کر جھوٹ بولتے ہوئے قسم کھانا مثلاً زید کو معلوم ہے کہ بکر نہیں آیا مگر وہ جان بوجھ کر کہتا ہے کہ اللہ کی قسم بکر آیا ہے۔

یمینِ منعقدہ: کسی امرِ مستقبل کے کرنے یا نہ کرنے کی قسم کھانا، مثلاً اللہ کی قسم میں ضرور تجھے ماروں گا۔

یمینِ لغو: کسی امرِ ماضی پر اپنے گمان میں سچی قسم کھانا حالانکہ وہ جھوٹا ہو مثلاً زید نے رات کو بکر کے آنے کا انتظار کیا مگر بکر نہ آیا تو زید سو گیا اس کے بعد بکر آیا مگر زید کو اس کا علم نہ ہوا چنانچہ زید سے صبح کسی نے بکر کے بارے میں معلوم کیا تو زید نے کہا اللہ کی قسم بکر نہیں آیا حالانکہ وہ آیا ہوا ہے۔

❷ وجوبِ کفارہ والی قسم:۔ یمینِ منعقدہ میں کفارہ واجب ہے۔ جبکہ یمینِ غموس میں اختلاف ہے، احناف، مالکیہ وحنابلہ کے نزدیک صرف توبہ واستغفار ہے جبکہ امام شافعیؒ کے نزدیک یمینِ غموس میں کفارہ واستغفار دونوں لازم ہیں اور یمینِ لغو میں غالب اُمید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس قسم کا مواخذہ نہیں کریں گے۔

❸ کفارہ کی تفصیل:۔ قسم کا کفارہ دس مسکینوں کو کھانا کھلانا یا کپڑے پہنانا یا ایک غلام آزاد کرنا ہے اگر کسی پر بھی قادر نہ ہو تو تین روزے مسلسل رکھنا، کما قال اللّٰہ تعالیٰ: **فکفارتہ اطعام عشرة مساکین من اوسط ما تطعمون اہلیکم اوکسوتہم او تحریر رقبة، فمن لم یجد فصیام ثلثة ایام ذلك كفارة ایمانكم.**

❹ عبارت کا مطلب:۔ اس عبارت میں یمین کے متعلق مسئلہ بیان فرما رہے ہیں کہ کوئی شخص جان بوجھ کر قسم کھاتا ہے یا کسی کے مجبور کرنے سے (زبردستی) یا بھول کر قسم کھاتا ہے تو یہ سب برابر ہیں ان کی قسم منعقد ہو جائے گی وہ شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں نے بھول کر قسم کھائی ہے یا مجھے قسم پر مجبور کیا گیا تھا۔

اسی طرح کسی نے قسم کھائی پھر بھول کر یا کسی کے مجبور کرنے پر اس نے قسم توڑ ڈالی تو یہ دونوں بھی حانث ہوں گے یہ دونوں یہ نہیں کہہ سکتے کہ ہم نے بھول کر یہ قسم توڑی ہے یا ہمیں قسم کے توڑنے پر مجبور کیا گیا تھا لہٰذا ہم پر کفارہ نہیں، ایسا نہیں ہے۔

❺ اللّٰہ افعل کذا قسم کیوں ہے:۔ مذکورہ جملہ میں اگرچہ بظاہر حرفِ قسم نہیں ہے مگر یہاں حرفِ قسم مضمر ہے اصل عبارت

بعو الله افعل كذا۔

❻ عليّ نذرٌ او نذر الله فهو يمينٌ کا مطلب وترکیب:۔ اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی آدمی نے مطلق نذر مانی اور یہ کہا کہ مجھ پر نذر ہے یا مجھ پر اللہ کی نذر ہے اور یہ تفصیل نہیں کی کہ مثلاً میرا غلام آزاد یا میری بیوی کو طلاق تو یہ قسم بھی جائیگی۔ اگر اس کے خلاف کیا تو قسم کا کفارہ واجب ہو جائے گا۔

عَلَيَّ جار مجرور ملکر ثابت مقدر کے متعلق ہو کر خبر مقدم نذرٌ معطوف علیہ او حرف عطف نذرُ الله مضاف مضاف الیہ ملکر معطوف، معطوف معطوف علیہ ملکر مبتدا موخر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتداء متضمن معنی شرط، فا جزائیہ هو یمین مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزا، شرط جزا ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔

**الشق الثانی** ..... القتل على خمسة اوجه عمد وشبه عمد وخطاء و ماأجرى مجرى الخطاء والقتل بسبب۔ (ص ٦٠٤، امدادیہ)

قتل کی اقسام خمسہ میں سے ہر ایک کی تعریف اور حکم بیان کریں۔

﴿ خلاصۂ سوال ﴾ ...... اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں (۱) قتل کی اقسام خمسہ کی تعریف (۲) اقسام قتل کا حکم۔

**جواب** ..... ❶ و ❷ قتل کی اقسام خمسہ کی تعریف اوران کا حکم:۔ قتل عمد: کسی شخص کو آلہ قتل سے یا کسی ایسی نوکدار چیز سے قصداً قتل کرنا جو تفریق اجزاء میں آلہ قتل کی مثل ہو (جس سے عام طور پر قتل واقع ہوتا ہو) مثلاً تلوار، چھری، کلاشنکوف، پستول، نوکدار پتھر وغیرہ۔ "حکم" اس کا موجب گناہ اور قصاص ہے بلایہ کہ ورثاء معاف کردیں اور اس میں کفارہ نہیں ہے۔

قتل شبہ عمد: کسی کو ایسی چیز سے قصداً قتل کرنا جو نہ آلہ قتل ہو اور نہ تفریق اعضا میں اس کی مثل ہو مثلاً بڑا پتھر، لاٹھی۔ "حکم" اس کا موجب گناہ ہے اور اس پر کفارہ و دیت ہے قصاص نہیں ہے۔

قتلِ خطاء: اس کی دو قسمیں ہیں (۱) خطاء فی القصد یہ ہے کہ کسی شخص کو شکار سمجھ کر تیر مار دیا (۲) خطاء فی الفعل یہ ہے کہ کسی شکار کو تیر مارا مگر وہ آدمی کو لگ گیا۔ "حکم" اس کی سزا کفارہ اور عاقلہ پر دیت ہے، اس قتل میں گناہ نہیں ہے۔

قتل جاری مجریٰ خطا: یہ ہے کہ کوئی پہلوان شخص سو رہا تھا اس نے کروٹ لی تو کوئی کمزور شخص یا کوئی بچہ اسکے نیچے آکر مر گیا۔ "حکم" اس میں بھی کفارہ اور عاقلہ پر دیت ہے البتہ گناہ نہیں ہے۔

قتل بسبب: کہ کسی نے حاکم کی اجازت کے بغیر غیر کی ملک (زمین) میں کنواں کھودا یا پتھر رکھ دیا اور کوئی شخص کنویں میں گر گیا یا پتھر سے ٹکرا کر مر گیا۔ "حکم" اس میں بھی فقط عاقلہ پر دیت ہے اور کفارہ واجب نہیں ہے۔

## ﴿ السؤال الثالث ﴾ ١٤٣٤ھ

**الشق الاول** ..... وَتَنْفَسِخُ الْإِجَارَةُ بِالْأَعْذَارِ كَمَنْ اِسْتَأجَرَ دُكَّانًا فِي السُّوْقِ لِيَتَّجِرَ فِيْهِ فَذَهَبَ مَالُهٗ وَكَمَنْ آجَرَ دَارًا اَوْ دُكَّانًا ثُمَّ اَفْلَسَ فَلَزِمَتْهُ دُيُوْنٌ لَايَقْدِرُ عَلٰى قَضَائِهَا اِلَّا مِنْ ثَمَنِ مَا آجَرَ فَسَخَ الْقَاضِي الْعَقْدَ وَبَاعَهَا فِي الدَّيْنِ۔

عبارت کا آسان ترجمہ کریں، عبارت کی بے غبار شرح کریں، اعراب لگائیں، لِيَتَّجِرَ کونسا صیغہ ہے کس باب سے ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور حل طلب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کی تشریح (۳) عبارت پر اعراب (۴) لیتجر صیغہ کی وضاحت۔

جواب ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اور فسخ ہو جاتا ہے اجارہ عذروں کی وجہ سے مثلاً وہ شخص جس نے اجرت پر بازار میں دکان لی تاکہ تجارت کرے اس میں پس اس کا مال جاتا رہا اور مثلاً وہ شخص جس نے گھر یا دکان کرایہ پر دیا پھر مفلس ہو گیا پس اس کو اتنا قرض لازم ہو گیا کہ وہ اس کی ادائیگی پر قادر نہیں مگر اس چیز کے ثمن سے جسکو اجارہ پر دیا ہے اس نے تو فسخ کردیگا قاضی عقد کو اور بیچ دے گا اس کو دَین میں۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں مصنفؒ نے اجارہ کا ایک حکم بیان کیا ہے وہ یہ کہ بوقت عذر اور مجبوری اجارہ فسخ ہو سکتا ہے عام ازیں کہ عذر آجر کی جانب سے ہو یا مستاجر کی جانب سے، مستاجر کی جانب سے عذر ہو مثلاً کسی نے اجارہ پر دکان لی کاروبار کیلئے ابھی کام شروع نہیں کیا تھا کہ مال ضائع ہو گیا تو اجارہ فسخ ہو جائے گا' آجر کی جانب سے عذر کی مثال کہ ایک شخص نے مکان یا دکان اجارہ پر دی پھر خود مفلس ہو گیا اور اسکے ذمہ اتنا قرض ہو گیا کہ اب وہ ادا پر قادر ہی نہیں رہا۔ ادائیگی کی صورت صرف اس دکان یا گھر کے ثمن میں ہیں کہ جن کو اس نے اجارہ پر دیا تو قاضی اجارہ کو فسخ کر دے گا اور اس مکان یا دکان کو بیچ کر قرض ادا کرے گا۔

❸ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفًا۔

❹ لیتجر صیغہ کی وضاحت:۔ صیغہ واحد مذکر غائب بحث مضارع معروف از مصدر اِتِّجَار (افتعال) بمعنی تجارت کرنا۔

الشق الثانی ...... وَمَنْ حَلَفَ اَنْ لَا يَـاْكُلَ لَحْمًا فَاَكَلَ السَّمَكَ لَمْ يَحْنَثْ وَلَوْ حَلَفَ اَنْ لَا يَشْرَبَ مِنْ دَجْلَةَ فَشَرِبَ مِنْهَا بِاِنَاءٍ لَمْ يَحْنَثْ حَتّٰى يَكْرَعَ مِنْهَا كَرْعًا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَمَنْ حَلَفَ اَنْ لَا يَشْرَبَ مِنْ مَاءِ دَجْلَةَ فَشَرِبَ مِنْهَا بِاِنَاءٍ حَنِثَ

عبارت کا ترجمہ و مسائل کی وضاحت کریں، عبارت پر اعراب لگائیں، لم یحنث ، لایشرب کس باب سے ہیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال کا حاصل چار امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) مسائل کی وضاحت (۳) عبارت پر اعراب (۴) لم یحنث، لایشرب کا باب۔

جواب ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اور جس شخص نے قسم اٹھائی کہ وہ گوشت نہ کھائے گا، پس اس نے مچھلی کھائی تو وہ حانث نہ ہوگا، اور اگر قسم اٹھائی کہ دجلہ سے نہیں پیئے گا پھر پیا اس سے برتن کے ساتھ تو حانث نہیں ہوگا۔ یہاں تک کہ پیئے اس سے منہ ڈال کر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک، اور جس شخص نے قسم اٹھائی کہ وہ دجلہ کا پانی نہیں پیئے گا پس پیا اس سے برتن کیساتھ تو حانث ہو جائیگا۔

❷ مسائل کی وضاحت:۔ اس عبارت میں حلف کے چند مسائل کو ذکر کیا جا رہا ہے تو پہلا مسئلہ یہ بیان کیا کہ کسی نے قسم اٹھائی کہ میں گوشت نہیں کھاؤں گا پھر اس نے مچھلی کا گوشت کھایا تو وہ حانث نہ ہوگا، کیونکہ عرف میں مچھلی کو گوشت شمار نہیں کیا جاتا۔

دوسرا مسئلہ کہ کسی نے قسم اٹھائی کہ دجلہ سے نہیں پیئے گا پھر اس نے کسی برتن کے ذریعہ وہاں سے پانی پیا تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک وہ حانث نہ ہوگا، کیونکہ اس سے عرفاً دجلہ میں منہ ڈال کر پینا مراد ہے لہٰذا اگر منہ ڈال کر دجلہ سے پیئے گا تو حانث ہوگا ورنہ نہیں۔

تیسرا مسئلہ یہ کہ کسی نے یہ قسم کھائی کہ میں دجلہ کا پانی نہیں پیؤں گا پھر اس سے کسی برتن سے پانی پیا یا منہ ڈال کر، بہر صورت حانث ہو جائے گا، کیونکہ دونوں صورتوں میں پانی پینا متحقق ہو رہا ہے۔

③ عبارت پر اعراب:۔کمامرّ فی السوال آنفا۔

④ لم یحنث، لایشرب کاباب:۔یہ دونوں صیغے باب سَمِعَ سے ہیں۔

## ﴿الورقة الثالثة : فی الفقه﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۳۵ھ

**الشق الاوّل**......وَمَنِ امْتَنَعَ مِنَ الْجِزْيَةِ اَوْقَتَلَ مُسْلِمًا اَوْسَبَّ النَّبِیَّ ﷺ اَوْزَنٰی بِمُسْلِمَةٍ لَمْ يَنْتَقِضْ عَهْدُهٗ وَلَايَنْتَقِضُ الْعَهْدُ اِلَّا بِاَنْ يَلْحَقَ بِدَارِ الْحَرْبِ اَوْيَغْلِبُوْا عَلٰی مَوْضِعٍ فَيُحَارِبُوْنَنَا

عبارت پر اعراب لگائیں، عبارت کا ترجمہ کریں، مسائل کی وضاحت کریں، اور عہد ٹوٹنے یا نہ ٹوٹنے سے کیا مراد ہے؟ اس کی بھی وضاحت کریں، ولاینتقض العهد سے آخر تک عبارت کی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں پانچ امور توجہ طلب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) مسائل کی وضاحت (۴) عہد ٹوٹنے یا نہ ٹوٹنے کی مراد (۵) ولاینتقض العهد الخ کی ترکیب۔

**جواب**...... ① عبارت پر اعراب:۔کمامرّ فی السوال آنفا۔

② عبارت کا ترجمہ:۔اور جو شخص باز رہے جزیہ سے یا قتل کردے کسی مسلمان کو یا برا کہے نبی کریم ﷺ کو یا زنا کرے کسی مسلمان عورت سے تو نہ ٹوٹے گا اس کا عہد۔ اور نہیں ٹوٹتا عہد مگر یہ کہ چلا جائے وہ دار الحرب میں یا غلبہ پالیں وہ کسی جگہ پر پھر ہم سے لڑنے کو تیار ہو جائیں۔

③ مسائل کی وضاحت:۔اس عبارت میں ذمی کے متعلق مسائل کا ذکر ہے تو فرمایا کہ اگر کوئی ذمی شخص جزیہ دینے سے انکار کردے یا کسی مسلمان کو قتل کردے یا آنحضرت ﷺ کو برا کہے یا کسی مسلمان عورت سے زنا کرے تو ان تمام صورتوں میں عہد نہیں ٹوٹے گا بلکہ وہ ذمی ہی رہے گا اس پر ذمی والے احکام ہی جاری ہونگے۔ اس کو حربی کافر نہیں سمجھا جائیگا۔ البتہ اگر وہ دار الاسلام چھوڑ کر دار الحرب میں چلا گیا یا کسی علاقہ پر غلبہ پاکے ذمیوں نے مسلمانوں سے لڑنے کیلئے صف بندی کرلی تو اس صورت میں ذمی کا عہد ٹوٹ جائے گا یہ معاہدہ ختم ہو جائے گا اب اس پر حربی کافر والے احکامات جاری ہونگے۔

④ عہد ٹوٹنے یا نہ ٹوٹنے کی مراد:۔مراد یہ ہے کہ اس پر ذمی والے احکام جاری ہونگے یا نہیں اگر عہد ٹوٹ جائیگا تو ذمی والے احکام جاری نہ ہونگے بلکہ کافر حربی والے احکام جاری ہونگے، اور عہد نہ ٹوٹنے کی صورت میں ذمی والے احکام ہی جاری ہونگے۔

⑤ ولاینتقض العهد الخ کی ترکیب:۔لاینتقض فعل العهد اس کا فاعل اِلّا حرف استثناء لغو ب حرف جار ان ناصبہ مصدریہ یلحق فعل اس میں ضمیر فاعل ب جارہ دار مضاف الحرب مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے، فعل اپنے فاعل و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ او عاطفہ یغلبوا فعل و فاعل علی حرف جار موضع مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے، فعل اپنے فاعل و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ فـــا عاطفہ یحاربون فعل و فاعل نا ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ معطوف ملکر معطوف ہوا یلحق کا، یَلْحَقَ اپنے معطوف سے ملکر مصدر کی تاویل میں ہوکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا لاینتقض کے،

Maktaba Tul Ishaat.com

لاینتقض فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ لعلیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی**......ومن جمع بین حروعبد اوشاة ذکیة ومیتة بطل البیع فیهما ومن جمع بین عبدومدبر اوبین عبده وعبد غیره صح البیع فی العبد بحصته من الثمن ونهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن النجش وعن السوم علی سوم غیره وعن تلقی الجلب وعن بیع الحاضر للبادی والبیع عنداذان الجمعة وکل ذلك یکره ولایفسدبه البیع۔

عبارت کا واضح ترجمہ کریں، عبارت میں مسائل مذکورہ کی تشریح وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل دو امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کی تشریح۔

**جواب**...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ جس شخص نے جمع کیا (بیع میں) آزاد اور غلام کو یا ذبح شدہ اور مردار بکری کو تو باطل ہو جائے گی بیع دونوں میں، اور جس نے جمع کیا غلام اور مدبر کو یا اپنے غلام اور اپنے غیر کے غلام کو تو صحیح ہو جائے گی بیع غلام میں ثمن میں سے اس کے حصہ کے بدلہ میں، اور منع فرمایا رسول اللہ ﷺ نے بیع میں نجش سے اور غیر کے بھاؤ پر بھاؤ لگانے سے اور تلقی جلب سے اور شہری کے دیہاتی کیلئے بیع کرنے سے اور اذانِ جمعہ کے وقت بیع کرنے سے اور یہ تمام کی تمام بیع مکروہ ہیں، اور نہیں فاسد ہوتی اس سے بیع۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ کسی آدمی نے ایک ہی عقد میں آزاد آدمی اور غلام کو یا ایک ہی عقد میں ذبح شدہ بکری اور مردار بکری کو بیع دیا تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دونوں میں بیع باطل ہو جائے گی، اس لئے کہ اس نے غلام کی بیع میں حُر کی اور مذبوحہ کی بیع میں مُردار کی بیع کی شرط لگادی جو عقد کے تقاضا کے خلاف ہے اس وجہ سے بیع باطل ہے۔

اور اگر غلام اور مدبر کو یا اپنے غلام اور غیر کے غلام کو ایک ہی عقد میں بیع دیا تو پہلی صورت میں غلام میں اور دوسری صورت میں اپنے غلام میں اسکے ثمن کے حصہ کے اعتبار سے بیع درست ہو جائیگی اور مدبر میں اور غیر کے غلام میں درست نہ ہوگی۔

اسی طرح کوئی چیز خریدنے کا ارادہ نہیں ہے صرف مشتری کو دھوکہ دینے کیلئے زیادہ بھاؤ لگانا، یا کسی نے بھاؤ لگایا اور بائع ومشتری اس پر راضی ہو گئے پھر جان بوجھ کر اس سے زیادہ بھاؤ لگانا یہ مکروہ ہے، اسی طرح تلقی جلب یعنی شہر سے باہر ہی اناج غلہ وغیرہ والے قافلوں سے سستا غلہ دھوکہ دہی سے خریدنا یا کوئی دیہاتی بیچنے آیا شہری نے کہا جلدی نہ کرنا میں زیادہ ریٹ سے بعد میں فروخت کروادوں گا ذرا ٹھہر جاؤ یا اذانِ جمعہ کے وقت کوئی بیع کرنا یہ تمام بیوع فاسد نہیں ہیں صرف مکروہ ہیں، حتی الامکان احتراز کرنا چاہیے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۵ھ

**الشق الاوّل**......وَالْاَجَرَةُ عَلٰی ضَرْبَیْنِ: اَجِیْرٌ مُشْتَرَكٌ وَاَجِیْرٌ خَاصٌ فَالْمُشْتَرَكُ مَنْ لَایَسْتَحِقُ الْاُجْرَةَ حَتّٰی یَعْمَلَ كَالصَّبَّاغِ وَالْقَصَّارِ وَالْمَتَاعُ اَمَانَةٌ فِیْ یَدِهٖ اِنْ هَلَكَ لَمْ یَضْمَنْ شَیْئًا عِنْدَ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَ قَالَا یَضْمَنُهُ وَمَا تَلَفَ بِعَمَلِهٖ كَتَخْرِیْقِ الثَّوْبِ مِنْ دَقِّهٖ وَزَلَقِ الْحَمَّالِ وَانْقِطَاعِ الْحَبْلِ الَّذِیْ یَشُدُّ بِهِ الْمُكَارِیْ الْحِمْلَ وَغَرَقِ السَّفِیْنَةِ مِنْ مَدِّهَا مَضْمُوْنٌ ۔ (ص۹۲۔امدادیہ)

عبارت کا ترجمہ کریں، عبارت مذکورہ کی روشنی میں اجیر مشترک اور اجیر خاص میں سے ہر ایک کی تعریف اور حکم وضاحت سے تحریر کریں۔ منافع اور اجرت کے معلوم ہونے کی کیا صورتیں ہیں؟

﴿خلاصہ سوال﴾ ......اس عبارت میں تین امور حل طلب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) اجیر مشترک اور اجیر خاص کی تعریف و حکم (۳) منافع اور اجرت معلوم ہونے کی صورتیں۔

جواب ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اجیر دو قسم پر ہے، اجیر مشترک اور اجیر خاص، پس اجیر مشترک وہ ہے جو نہیں مستحق ہوتا اجرت کا یہاں تک کہ کام کردے جیسے رنگریز اور دھوبی۔ اور سامان اس کے پاس امانت ہوتا ہے اگر وہ ہلاک ہو جائے تو وہ نہیں ضامن ہوتا کسی چیز کا امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ وہ سامان کا ضامن ہوگا اور جو چیز اُس کے عمل کے ذریعے سے تلف ہوگی جیسے کپڑے کا اُس کے کوٹنے سے پھٹ جانا یا مزدور کا پھسل جانا یا اُس رسّی کا ٹوٹ جانا جس سے جانور کو کرایہ پر دینے والا سامان باندھتا ہے اور ملاح کے کشتی کھینچنے سے کشتی کا غرق ہو جانا (ان تمام صورتوں میں) اجیر ضامن ہوگا۔

❷ اجیر مشترک و اجیر خاص کی تعریف و حکم:۔ اجیر مشترک: وہ شخص جو بلا تخصیص ہر کسی کا کام کرتا ہو اور بعد العمل ہی اجرت کا مستحق ہوتا ہو جیسے دھوبی رنگریز کہ انکے پاس جو آجائے اس کا کام کردیتے ہیں اور بعد العمل اجرت وصول کرتے ہیں۔

اگر اجیر مشترک کے عمل سے کوئی چیز ضائع ہو جائے مثلاً دھوبی نے اپنی لکڑی سے کپڑا کوٹا اور وہ پھٹ گیا یا مزدور کوئی سامان لے کر جارہا تھا بغیر کسی بھیڑ اور دھکے کے پھسل کر گر پڑا یا جس رسّی سے سامان باندھا ہوا تھا وہ ٹوٹ گئی یا ملاح نے معمول سے ہٹ کر کشتی کھینچی اور وہ ڈوب گئی تو ان تمام صورتوں میں سامان کے ضائع ہونے سے احناف کے نزدیک اجیر مشترک پر تاوان لازم ہوگا۔ امام زفرؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک کوئی تاوان نہیں ہے۔

اجیر خاص: وہ شخص جو ایک وقت میں صرف ایک ہی آدمی کا کام کرتا ہو اور یہ محض اپنا نفس سپرد کردینے سے ہی اجرت کا مستحق ہو جائے گا خواہ مستاجر نے اس مدت میں اس سے کام لیا ہو یا نہ لیا ہو جیسے کسی آدمی کو خدمت یا بکریاں چرانے کیلئے ایک ماہ تک اجیر رکھا تو اس ایک ماہ میں اس سے کام لیا گیا ہو یا نہ لیا گیا ہو وہ اجرت کا مستحق ہوگا۔ اور اس کے پاس جو چیز بلا تعدی ہلاک ہو جائے وہ اس کا ضامن نہ ہوگا اور یہ مدت معینہ پر اجرت کا مستحق ہوگا خواہ اس سے کام لیا گیا ہو یا نہ لیا گیا ہو۔

❸ منافع اور اجرت معلوم ہونے کی صورتیں:۔ منافع تین طریقے سے معلوم ہو سکتے ہیں ① مدت کی تعیین کے ذریعے مثلاً مکان رہائش کے طور پر ایک خاص مدت کے لئے کرائے پر لیا اسی طرح زمین ایک متعین مدت تک کاشت کیلئے کرایہ پر لی، مدت خواہ کم ہو یا زیادہ ہو بہر صورت جو بھی متعین ہو جائے اجارہ صحیح ہو جائے گا ② عمل اور تسمیہ کے ذریعے یعنی جس کام کے لئے کسی کو اجرت پر رکھا گیا ہے اُس کو بیان کر دیا تو منافع معلوم ہو جائیں گے مثلاً کسی شخص کو کپڑا رنگنے یا سینے کے لئے اجرت پر رکھا یا جانور کو وزن اٹھانے کے لئے یا سواری کرنے کے لئے کرایہ پر لیا، البتہ اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ کپڑا کس قسم کا ہے یعنی سوتی، اونی یا ریشمی وغیرہ اور کون سا رنگ کیا جائے گا اور کس قسم کی سلائی کی جائے گی۔ وزن اٹھانے میں بوجھ کا وزن، مقام کی تعیین اور سواری کرنے میں مقدار مسافت واضح کرنا ضروری ہے تاکہ بعد میں نزاع پیدا نہ ہو ③ تعیین اور اشارہ کے ذریعے یعنی سامان جس مقام پر پہنچانا ہے اگر اُس سامان کی تعیین اور اُس جگہ کی طرف اشارہ کر دیا جائے تو اجیر کو اُس چیز اور اُس مقام کا معائنہ کرنے کے بعد منفعت کا علم ہو جائے گا اور یہ عقد صحیح ہو جائے گا۔ (التسہیل الضروری ج ۲ ص ۹۷)

Maktaba Tul Ishaat.com

**الشق الثانی** ...... موات کی تعریف کر کے عادی و مملوک فی الاسلام کا مطلب و حکم لکھیں۔

**(ومن حجر ارضا ولم يعمر ها ثلث سنين اخذها الامام و دفعها الى غيره. ومن كان له نهر فى ارض غيره فليس له حريم عند ابيحنيفة الآان يكون له البينة على ذلك وعند هما له مسناة النهر يمشى عليها ويلقى عليها طينه)**

دونوں عبارتوں کا مطلب واضح کریں، امام اعظمؒ وصاحبینؒ کے مسلک کا فرق بیان کریں، خط کشیدہ جملہ کی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور کا جواب مطلوب ہے (۱) موات کی تعریف (۲) عادی و مملوک فی الاسلام کا مطلب وحکم (۳) عبارت کا مطلب (۴) امام اعظمؒ وصاحبینؒ کے مسلک میں فرق (۵) جملہ کی ترکیب۔

**جواب** ...... ① موات کی تعریف:۔ وہ غیر مملوک زمین جو آبادی سے دور ہو اور پانی کے غلبہ یا انقطاع کی وجہ سے اسے کاشت کرنا دشوار ہو۔

② عادی و مملوک فی الاسلام کا مطلب وحکم:۔ عادی: وہ زمین جو ہمیشہ سے بنجر ہو اس کا کوئی بھی مالک نہ ہو۔

مملوك فى الاسلام: وہ زمین جو دورِ اسلام میں مقبوض ہو مگر اس کے مالک کا علم نہ ہو۔

حکم: اگر یہ دونوں قسم کی زمین آبادی سے اتنی دور ہے کہ اگر آبادی کے کنارے پر کھڑے ہو کر آواز لگائیں تو اس تک نہ پہنچے تو یہ زمین موات ہے، جو شخص بھی امام وقت یعنی حاکم سے اجازت لیکر اسے آباد کریگا بالاتفاق وہی اسکا مالک ہوگا اور اگر امام کی اجازت کے بغیر آباد کیا تو امام اعظمؒ کے نزدیک وہ اس زمین کا مالک نہ ہوگا اور صاحبینؒ کے نزدیک بلا اجازت آباد کرنے سے بھی مالک ہو جائیگا۔

③ عبارت کا مطلب:۔ کسی شخص نے ارض موات پر پتھر لگا کر اسے اپنی تحویل میں لے لیا مگر تین برس گزرنے کے باوجود بھی اسے آباد نہیں کیا تو حاکم کو چاہیے کہ وہ زمین اس سے لیکر کسی اور کے سپرد کردے تاکہ وہ اسے آباد کر کے اس سے نفع حاصل کرے۔

کسی شخص کی زمین میں دوسرے شخص کی نہر گزر رہی ہے تو اس زمین کے اندر نہر والے کیلئے امام اعظمؒ کے نزدیک کوئی حریم نہ ہوگا۔ البتہ اگر اس کے پاس کوئی بینہ وغیرہ حریم کے بارے میں موجود ہے تو پھر نہر والے کیلئے حریم ہوگا، اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ نہر والے کیلئے اس زمین میں پٹڑی ہوگی جس پر چل کر وہ نہر کی صفائی کر سکے اور اس سے مٹی وغیرہ نکال کر وہاں پھینک سکے۔

④ امام اعظمؒ وصاحبینؒ کے مسلک میں فرق:۔ مذکورہ عبارت کے مطلب سے مسلک میں فرق بھی واضح ہو گیا کہ امام اعظمؒ کے نزدیک بلا بینہ کوئی حریم نہ ہوگا، اور صاحبینؒ کے نزدیک بقدر ضرورت حریم ہوگا جس پر چل سکے اور مٹی نکال کر پھینک سکے۔

⑤ جملہ کی ترکیب:۔ یمشی فعل اس میں ھو ضمیر اس کا فاعل علیٰ جارھا ضمیر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے یمشی فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ یلقی فعل ھو ضمیر اس کا فاعل علیھا جار مجرور ملکر متعلق طینہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ معطوف ملکر جملہ معطوفہ ہو کر مُسنّاۃ کی صفت بنتا ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۵ھ

**الشق الاوّل** ...... وَمَنْ شُرِطَ لَهُ الْخِيَارُ فَلَهُ اَنْ يَفْسَخَ فِيْ مُدَّةِ الْخِيَارِ وَلَهُ اَنْ يُجِيْزَهُ فَاِنْ اَجَازَهُ بِغَيْرِ

بِحَضْرَةِ صَاحِبِهٖ جَازَ وَإِنْ فَسَخَ لَمْ يَجُزْ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ الْاٰخَرُ حَاضِرًا ، وَإِذَا مَاتَ مَنْ لَهُ الْخِيَارُ بَطَلَ خِيَارُهٗ وَلَمْ يَنْتَقِلْ إِلٰى وَرَثَتِهٖ وَمَنْ بَاعَ عَبْدًا عَلٰى أَنَّهٗ خَبَّازٌ أَوْ كَاتِبٌ فَوَجَدَهٗ بِخِلَافِ ذٰلِكَ فَالْمُشْتَرِيْ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ أَخَذَهٗ بِجَمِيْعِ الثَّمَنِ وَإِنْ شَاءَ تَرَكَهٗ ۔ (ص ۶۷ ۔ ادلۃ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، عبارت کی تشریح کریں، خیارِ شرط کی مدت میں امام صاحبؒ اور صاحبینؒ کے اختلاف کو مدلل بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) خیار شرط کی مدت میں اختلاف مع الدلائل۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ بیع میں خیار شرط بائع اور مشتری دونوں کیلئے جائز ہے اور جس شخص کے لئے خیار شرط ہے تو اس کو اختیار ہے کہ مدت خیار میں بیع فسخ کر دے اور اس کو اختیار ہے کہ بیع کی اجازت دے پس اگر اس نے اپنے ساتھی کی غیر موجودگی میں بیع کی اجازت دیدی تو جائز ہے اور اگر فسخ کیا تو جائز نہیں ہے مگر یہ کہ دوسرا موجود ہو اور اگر مر گیا وہ شخص جس کے لئے خیار شرط تھا تو خیار باطل ہو جائے گا اور اس کے ورثاء کی طرف منتقل نہیں ہوگا۔ اور جس شخص نے کوئی غلام اس شرط پر خریدا کہ وہ نان بائی (روٹی پکانے والا) ہے پس اس نے اُس شرط کے خلاف پایا تو مشتری کو خیار حاصل ہوگا اگر چاہے تو اُس غلام کو پورے ثمن سے خرید لے اور اگر چاہے تو بیع کو ترک کر دے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ بائع ومشتری دونوں کے لئے خیار شرط رکھنا جائز ہے اور دونوں میں سے جس کیلئے بھی خیار ہو اس کیلئے مدت خیار میں بیع کو جائز رکھنا اور فسخ کرنا دونوں جائز ہیں، اگر اس نے مدت خیار میں بیع کو جائز رکھا اور مجلس میں اسکا ساتھی موجود نہ تھا تب بھی یہ بیع جائز ہو جائے گی اور اگر اس نے خیار کو استعمال کرتے ہوئے ساتھی کی غیر موجودگی میں بیع فسخ کر دی تو یہ بیع فسخ نہ ہوگی بلکہ فسخ کے لئے مجلس میں اس کے ساتھی کا موجود ہونا ضروری ہے، خیار شرط والا متعاقد مر گیا تو خیار خود بخود ہی ختم ہو جائیگا، یہ خیار ورثاء کی طرف منتقل نہ ہوگا اسی طرح مدت مقررہ کے گزرنے سے بھی عقد مکمل ہو جائے گا۔

اگر کسی شخص نے کوئی غلام اس شرط پر خریدا کہ وہ روٹی پکانے والا ہے یا لکھنے والا ہے مگر بعد میں معلوم ہوا کہ اُس کے اندر اُن میں سے کوئی بھی ہنر موجود نہیں ہے تو مشتری کو اختیار ہے کہ وصف کے نہ پائے جانے کے باوجود اگر چاہے تو پوری قیمت ادا کر کے غلام خرید لے اور اگر چاہے تو بیع کو ہی ختم کر دے۔

❹ خیار شرط کی مدت میں اختلاف مع الدلائل:۔ خیار شرط بائع ومشتری دونوں کیلئے جائز ہے البتہ مدت خیار میں اختلاف ہے۔

امام ابوحنیفہؒ، امام زفرؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک مدت خیار زیادہ سے زیادہ تین دن ہے، اس سے زائد جائز نہیں۔

صاحبینؒ نے فرمایا ہے کہ شرعاً خیار کی کوئی مدت مقرر نہیں ہے بلکہ جو مدت بھی ذکر کر دے جائز ہے بشرطیکہ معلوم ہو۔

خیار کے ثبوت کی دلیل حضرت حبان بن منقذ بن عمرو الانصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ وہ کمزور آدمی تھے، ان کے سر میں چوٹ لگنے سے ان کا دماغ بھی کمزور ہو گیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب تو خرید و فروخت کرے تو کہہ دیا کر کہ کوئی دھوکہ نہیں میرے لئے تین دن کا اختیار ہے یعنی تین دن تک میرے لئے غور و فکر کا موقع ہے، اگر مناسب ہوا تو عقد کو جائز کر دوں گا ورنہ تو فسخ

Maktaba Tul Ishaat.com

کرروں گا۔ اس روایت سے خیار شرط اور مدت خیار دونوں کا ثبوت ہوتا ہے۔

صاحبینؒ کی پہلی دلیل: حدیث ابن عمر ؓ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دو ماہ تک خیار کو جائز رکھا ہے، معلوم ہوا کہ مدت خیار تین دن سے زائد بھی ہو سکتی ہے۔

دوسری دلیل: خیار شرط معاملہ میں غور وفکر کے لئے مشروع کیا گیا ہے اور غور وفکر کے لئے کبھی تین دن سے زائد بھی ضرورت پیش آتی ہے لہٰذا اس میں مدت قلیل وکثیر دونوں برابر ہیں، اس کی مثال ادھار ثمن ہیں کہ جیسے ان میں باہمی رضامندی سے قلیل وکثیر مدت جائز ہے اسی طرح خیار شرط میں بھی جائز ہے۔

امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ خیار کی شرط مقتضاءِ عقد کے خلاف ہے کیونکہ عقد لزوم بیع کا تقاضا کرتا ہے اور خیار شرط عدم لزوم بیع کا مقتضی ہے اور مقتضاءِ عقد کے خلاف شرط لگانا عقد کو فاسد کرتا ہے پس قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ خیار شرط جائز نہ ہو مگر ہم نے حدیث حبان بن منقذ ؓ کی وجہ سے خلاف قیاس اس کو جائز قرار دیا اور ضابطہ ہے کہ جو چیز خلاف قیاس ثابت ہو وہ اپنے مورد پر منحصر ہوتی ہے اور نص سے صرف تین دن کا خیار ثابت ہے اس لئے صرف تین دن تک خیار شرط جائز ہوگا، زائد نہیں۔

**الشق الثانی** ......العارية جائزة ...... وللمعير ان يرجع في العارية متى شاء والعارية امانة في يد المستعير ان هلك من غير تعد لم يضمن المستعير وليس للمستعير ان يوجر ما استعاره فان آجره فهلك ضمن وله ان يعيره اذا كان المستعار مما لا يختلف باختلاف المستعمل وعارية الدراهم والدنانير والمكيل والموزون قرض۔

عاریہ کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں، مذکورہ عبارت کا ترجمہ واضح کر کے تشریح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عاریہ کا لغوی واصطلاحی معنی (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ عاریہ کا لغوی واصطلاحی معنی:۔ لغوی معنی: عاریہ عریہ سے مشتق ہے بمعنی عطیہ یا یہ عار کی طرف منسوب ہے کیونکہ عاریت پر کوئی چیز لینا باعث عار ہے یا یہ تعاور سے مشتق ہے تداول کے معنی میں ہے یعنی کسی چیز کو باری باری لینا، ہاتھوں ہاتھ لینا۔ اصطلاحی معنی: تمليك المنافع بلا عوض یعنی کسی کو منافع کا بلا عوض مالک بنانا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ عاریۃ جائز ہے اور معیر کے لئے جائز ہے کہ جب چاہے عاریت سے رجوع کر لے اور عاریت مستعیر کے قبضہ میں امانت رہے گی اگر ہلاک ہو جائے بغیر زیادتی کے تو مستعیر اس کا ضامن نہ ہوگا اور مستعیر کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ جس چیز کو اس نے عاریت پر لیا ہے اس کو اجرت پر دے پس اگر اس نے اس کو اجرت پر دیا اور وہ چیز ہلاک ہو گئی تو ضامن ہوگا اور مستعیر کو یہ حق ہے کہ اس شی کو عاریت پر دے جبکہ شی مستعار ایسی چیزوں میں سے ہو جو استعمال کرنے والوں کے اختلاف سے بدلتی نہ ہو اور دراہم، دنانیر، کیلی اور وزنی چیزوں کو عاریت پر دینا قرض ہے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ عاریت جائز ہے اور معیر (عاریۃً چیز دینے والا) کو اس بات کا حق ہے کہ جب چاہے عاریت پر دی گئی چیز واپس لے لے خواہ عاریت مطلق ہو یا مؤقت۔

"والعارية امانة الخ" عاریت کے حکم میں اختلاف ہے صاحب قدوریؒ فرماتے ہیں کہ عاریت مستعیر کے قبضہ میں

امانت کے حکم میں ہے اگر یہ چیز مستعیر کی زیادتی کے بغیر ہلاک ہوتی ہے تو عندالاحناف ضمان لازم نہیں ہوگی۔ امام شافعیؒ کے نزدیک ضمان لازم ہوگی اور اگر مستعیر کی زیادتی سے ہلاک ہوتی ہے تو ایسی صورت میں بالاتفاق ضمان لازم ہوگی۔

"ولیس للمستعیر" مستعیر کے لئے شریعت کی جانب سے اس بات کی اجازت نہیں ہے کہ جو چیز عاریت پر لی ہے اس کو کرایہ پر دے اب اگر اس نے کرایہ پر دے دیا اور وہ ہلاک ہوگئی تو اس پر ضمان لازم ہوگی۔

"ولہ ان یعیر" اگر مستعمل کے بدلنے سے شئ مستعار میں کوئی تبدیلی نہیں آتی تو مستعیر کے لئے کسی غیر کو شئ مستعار عاریت پر دینا جائز ہے یہ امام صاحبؒ کے نزدیک ہے امام شافعیؒ کے نزدیک جائز نہیں۔

"وعاریۃ الدراھم" صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی نے دراہم و دنانیر کیلی اور وزنی اشیاء عاریت پر لی تو یہ عاریت قرض کے حکم میں ہوگی کیونکہ اعارہ میں عین کی نہیں بلکہ منافع کی تملیک ہوتی ہے اور ان اشیاء میں عاریت کا قرض کے حکم میں ہونا اسی وقت ہے جبکہ اعارہ مطلق ہو لیکن اگر اعارہ کی جہت متعین کردی گئی مثلاً دراہم وغیرہ اس خیال سے عاریت پر لیا کہ اس سے ترازو ٹھیک کرے تو اس صورت میں عاریت قرضہ کے حکم میں نہیں ہے۔

## ﴿الورقۃ الثالثۃ : فی الفقہ﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۳۶ھ

**الشق الاوّل** ......الودیعۃ امانۃ فی ید المودع اذا ھلکت فی یدہ لم یضمنھا وللمودع ان یحفظھا بنفسہ وبمن فی عیالہ فان حفظھا بغیرھم او او دعھا ضمن الا ان یقع فی دارہ حریق فیسلمھا الی جارہ او یکون فی سفینۃ وھو یخاف الغرق فیلقیھا الی سفینۃ اخری

ودیعت کی تعریف کریں نیز ودیعت اور امانت کے درمیان فرق واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) ودیعت کی تعریف (۲) ودیعت اور امانت کے درمیان فرق۔

**جواب** ...... ❶ ودیعت کی تعریف:۔ کسی چیز کو ایسے شخص کے پاس حفاظت کے لئے رکھنا جو قابل تصرف ہو باوجود یہ کہ وہ چیز مالک ہی کی ملکیت کے حکم میں رہے۔

❷ ودیعت اور امانت کے درمیان فرق:۔ ودیعت بالقصد حفاظت کیلئے دی جاتی ہے، امانت وہ چیز ہے جو کسی کے پاس بلاقصد کے آجائے مثلاً ہوا کسی کا کپڑا اڑا کر کسی دوسرے کے گھر میں ڈال دے، اور ودیعت میں یہ ہے کہ اگر وہ چیز مالک کے پاس اتفاق سے پہنچ جائے تو مودع ضمان سے بری ہو جائے گا اور امانت میں یہ ہے کہ امانت دار جب تک امانت صاحب مال کے حوالہ نہ کردے، وہ بری نہیں ہوگا۔

**الشق الثانی** ......ووکیل البائع اذا باع وھو الشفیع فلا شفعۃ لہ ووکیل المشتری اذا ابتاع وھو الشفیع فلہ الشفعۃ ومن باع بشرط الخیار فلاشفعۃ للشفیع فان اسقط البائع الخیار وجبت الشفعۃ وان لشتری بشرط الخیار وجبت الشفعۃ۔ مذکورہ مسائل کی صورت واضح کرکے دل نشین تشریح کریں۔

ہاں یا نہیں میں جواب دیں۔ ① کیا زنا میں تین آدمیوں کی گواہی کافی ہے؟ (نہیں)

② کیا مرد کے لئے ریشم کا پہننا حلال نہیں ہے؟ (ہاں) ③ کیا ہدیہ میں غلام کا قول قبول کیا جائے گا؟ (نہیں)

Maktaba Tul Ishaat.com

④ کیا یمین کی چار قسمیں ہیں؟ (نہیں) ⑤ کیا کدو میں نبیذ بنانا جائز ہے؟ (ہاں)

⑥ جس میں شہادت کی شرائط نہیں ان کو قاضی بنانا جائز ہے؟ (نہیں)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں (۱) مذکورہ مسائل کی صورت مع التشریح (۲) معروضی سوالات کا جواب۔

**جواب** ...... ❶ <u>مذکورہ مسائل کی صورت مع التشریح:۔</u> ① اگر بائع کے وکیل نے ایک مکان فروخت کیا اور اس وکیل کو حق شفعہ بھی حاصل ہے تو اس وکیل کے لئے حق شفعہ باقی نہیں رہے گا بلکہ باطل ہو جائے گا اس کی صورت یہ ہے کہ ایک مکان تین آدمیوں کے درمیان مشترک ہے ایک نے دوسرے کو اپنا حصہ بیچنے کا وکیل بنا دیا وکیل نے اس حصہ کو بیچ دیا تو اصل مبیع میں حق شفعہ نہ وکیل کیلئے ہوگا نہ مؤکل کیلئے بلکہ شریک ثالث کیلئے ہوگا ② اگر کوئی شفیع بائع کی جانب سے درک یعنی مبیع کے حقوق کا ذمہ دار ہو تو اس کیلئے حق شفع نہیں ہوگا یہ مسئلہ عند الاحناف ہے ائمہ ثلاثہؒ کے نزدیک حق شفعہ ثابت ہوگا ③ اگر مشتری کے وکیل نے کوئی مکان خریدا اور یہ وکیل خود بھی شفیع ہے تو اس کا حق شفعہ باقی رہے گا اس کی صورت یہ ہے کہ ایک مکان میں تین آدمی شریک ہیں ان میں سے ایک نے دوسرے شریک کو تیسرے شریک کے حصہ کی خریداری کا وکیل بنا دیا تو اس صورت میں وکیل کیلئے حق شفعہ ہوگا ④ اگر کوئی شخص خیار شرط کے ساتھ مکان فروخت کرے تو شفیع کیلئے حق شفعہ ثابت نہیں ہوگا البتہ اگر بائع خیار شرط کو ساقط کر دے تو شفیع کیلئے حق شفعہ ثابت ہوگا ⑤ اگر مشتری نے کوئی مکان خیار شرط کے ساتھ خریدا تو شفیع کیلئے حق شفعہ ثابت ہوگا مثلاً زید نے بکر سے ایک مکان خیار شرط کے ساتھ خریدا کہ مجھے پسند آیا تو ٹھیک ہے ورنہ تین دن میں واپس کر دوں گا تو اس صورت میں شفیع کو حق شفعہ ملے گا۔

❷ <u>معروضی سوالات کا جواب:۔</u> کما مرّ فی السوال آنفا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱٤۳٦ھ

**الشق الاوّل** ...... نهی رسول الله ﷺ عن النجش وعن السوم علی سوم غیره وعن تلقی الجلب وعن بیع الحاضر للبادی والبیع عند اذان الجمعة وکل ذلک یکره ولایفسد به البیع، ومن ملک مملوکین صغیرین احدهما ذورحم محرم من الآخر لم یفرق بینهما وکذلک اذا کان احدهما کبیرا والآخر صغیرا فان فرق بینهما کره ذلک وجاز البیع وان کانا کبیرین فلا بأس بالتفریق بینهما۔

عبارت مذکورہ کا سلیس ترجمہ کیجئے اور اس میں مذکورہ مسائل کی بے غبار تشریح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو باتیں مطلوب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) مسائل مذکورہ کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ <u>عبارت کا ترجمہ:۔</u> حضور ﷺ نے نجش سے منع فرمایا اور دوسرے کے دام پر دام لگانے سے اور تلقی جلب اور شہری کے دیہاتی کا مال فروخت کرنے سے اور اذان جمعہ کے وقت بیع کرنے سے اور یہ سب بیوع مکروہ ہیں اور کراہت کی وجہ سے بیع فاسد نہیں ہوگی اور جو شخص ایسے دو نابالغ مملوک کا مالک ہو کہ ان دونوں میں سے ایک دوسرے کا ذی رحم محرم ہو تو ان میں تفریق نہ کرے اور اسی طرح اگر ان میں سے ایک بالغ ہو اور دوسرا نابالغ ہو تو اگر ان دونوں میں تفریق کر دی تو یہ مکروہ ہے اور بیع جائز ہے اور اگر دونوں بڑے ہوں تو ان دونوں میں تفریق کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

❷ <u>مسائل مذکورہ کی تشریح:۔</u> "النجش" اس کی صورت یہ ہے کہ دو آدمیوں کے درمیان کسی چیز کی خریداری کے متعلق گفتگو

چل رہی تھی اور مبیع کی مناسب قیمت طے ہو چکی، تیسرے شخص نے آکر مشتری کو قیمت کے اضافہ پر ابھارنے کے لئے مبیع کی قیمت بڑھادی جبکہ اس کا خریدنے کا ارادہ نہیں ہے یہ بیع مکروہ ہے۔

"السوم علی سوم غیرہ" اگر دو آدمی کسی چیز کے بارے میں گفتگو کر رہے ہوں اور مبیع کی قیمت بائع اور مشتری کے اتفاق سے طے ہو چکی ہو تیسرا شخص آکر کہتا ہے کہ میں اس سے کم قیمت میں دونگا اسی طرح دوسرا آدمی آکر کہتا ہے کہ میں اس سے زائد دام ادا کرتا ہوں تو یہ بیع مکروہ ہے۔

"تلقی الجلب" اس کی دو صورتیں ہیں ① شہر کے بعض تاجروں کو غلہ کے قافلہ کی آمد کی اطلاع ملی تو انہوں نے شہر سے باہر نکل کر قافلہ والوں سے غلہ سستا خرید لیا تا کہ حسب منشاء فروخت کریں جبکہ شہر میں قحط ہے اور غلہ بہت گراں ہے ② قافلہ والوں سے غلہ سستا خرید لیا اور شہر کے نرخ سے واقف نہیں کرایا اور قافلہ والوں کو شہر کا نرخ معلوم نہیں تھا، یہ دونوں صورتیں مکروہ ہیں پہلی صورت میں تو اس وجہ سے کہ شہر والوں کو نقصان پہنچے گا اور دوسری صورت میں اسلئے کہ اہل قافلہ سے بھاؤ چھپا کر ان کو دھوکہ دیا گیا۔

"بیع الحاضر للبادی" ایک دیہات کا آدمی اپنا غلہ فروخت کرنے کے لئے شہر میں آیا تو ایک شہری نے اس سے ملاقات کی اور کہا کہ تم اہل شہر کے معاملات سے واقف نہیں ہو اور میں واقف ہوں اس لئے تم اپنا غلہ مجھے دے دو میں اسے گراں قیمت میں فروخت کرونگا پس یہ شہری اس دیہاتی تاجر کا وکیل بن کر زائد قیمت میں غلہ فروخت کرتا ہے تو یہ بیع مکروہ ہے کیونکہ اس صورت میں شہر والوں کا نقصان ہے بایں طور کہ شاید دیہاتی اپنا مال کم قیمت میں فروخت کرتا۔

"والبیع عند اذان الجمعة" جمعہ کے دن اذان اول کے بعد خرید و فروخت مکروہ ہے ان تمام صورتوں میں بیع مکروہ تو ہوگی لیکن فاسد نہیں ہوگی۔

"ومن ملک الخ" اگر کوئی شخص ایسے دو نابالغ بچوں کا مالک ہو گیا کہ ان میں سے ایک دوسرے کا ذی رحم محرم ہے یا ان میں سے ایک بالغ اور دوسرا نابالغ ہے تو ان دونوں کے درمیان تفریق مکروہ ہے یہ بیع جائز ہے البتہ تفریق کی وجہ سے گناہگار ہوگا اور کراہت بھی اسی وجہ سے ہے اور اگر دونوں مملوک بالغ ہوں تو ان دونوں کے درمیان تفریق کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

**الشق الثانی** ......واذاقضی للشفیع بالدار ولم یکن رآھا فله خیار الرؤیة فان وجدبها عیبافله ان یردھا به وان کان المشتری شرط البرأة منه، واذا ابتاع بثمن مؤجل فللشفیع بالخیار ان شاء أخذھا بثمن حال وان شاء صبرحتی ینقضی الأجل ثم یاخذھا واذا اقتسم الشرکآء العقار فلا شفعة لجارھم بالقسمة، واذا اشتری دارا فسلم الشفیع الشفعة ثم ردھا المشتری بخیار رؤیة او بشرط او بعیب بقضاء قاض فلا شفعة للشفیع ان ردھا بغیر قضاء قاض او تقایلا فللشفیع الشفعة۔

عبارت میں مذکورہ مسائل کی تشریح وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں صرف عبارت میں مذکورہ مسائل کی تشریح مطلوب ہے۔

**جواب**...... عبارت میں مذکورہ مسائل کی تشریح:۔ ① شفیع مشتری کے حکم میں ہے اس لئے شفیع کو مشتری کی طرح خیار رؤیت حاصل ہوگا، اگر مشتری نے عیب سے بری ہونے کی شرط لگادی لیکن عیب پایا گیا تو شفیع کو خیار عیب حاصل ہوگا کیونکہ مشتری

Maktaba Tul Ishaat.com

کو خیارِ عیب کے ساقط کرنے کا حق حاصل نہیں ہے ② اگر مشتری نے کوئی مکان ادھار میں خریدا تو شفیع کو دو طرح کا اختیار حاصل ہے ایک یہ کہ فوراً قیمت دیکر مکان حاصل کرلے البتہ اس شفیع کے لئے ادھار کی گنجائش نہیں ہے یہ احناف کا مسلک ہے۔ امام زفرؒ، امام مالکؒ، امام احمدؒ کے نزدیک شفیع کو ادھار کا اختیار حاصل ہے۔ دوسرا یہ کہ وہ مدت کے گزرنے کا انتظار کرے، جب مدت گزر جائے پھر شفعہ کرے ③ اگر چند شرکاء نے جائیداد آپس میں تقسیم کرلی تو تقسیم کی وجہ سے ان کے پڑوسیوں کو حق شفعہ نہیں ملے گا ④ ایک مکان فروخت ہوا کسی نے اس مکان کو خرید لیا، شفیع اپنے حق شفعہ سے دستبردار ہو گیا اس کے بعد خریدار نے قاضی کے فیصلہ کی وجہ سے خیارِ رؤیت یا خیارِ شرط یا خیارِ عیب کی بنیاد پر مکان کو واپس کر دیا تو اس صورت میں بھی فسخ بیع کی وجہ سے شفیع کو حق شفعہ نہیں ملے گا لیکن اگر خیارِ عیب کی وجہ سے قاضی کے فیصلہ کے بغیر یا اقالہ کے ذریعے واپس کر دیا تو اس صورت میں عند الاحناف شفیع کیلئے حق شفعہ حاصل ہوگا مگر امام زفرؒ، امام شافعیؒ، امام احمدؒ کے نزدیک اس صورت میں حق شفعہ حاصل نہیں ہوگا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۶ھ

**الشق الاول** ...... فان اطلع المشتری علی خیانة فی المرابحة فهو بالخیار عند ابی حنیفة ان شاء أخذه بجمیع الثمن وان شاء رده وان اطلع علی خیانة فی التولیة أسقطها من الثمن وقال أبویوسف یحط فیهما وقال محمد لایحط فیهما لکن یخیر فیهما.

مرابحہ اور تولیہ کی تعریف بیان کیجئے، عبارت کی جامع تشریح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) مرابحہ اور تولیہ کی تعریف (۲) عبارت کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ <u>مرابحہ اور تولیہ کی تعریف:۔</u> مرابحہ: نقل ماملکه بالعقد الأول مع زیادة ربح. یعنی مرابحہ فقہ اسلامی میں اس بیع کو کہا جاتا ہے جس میں مشتری خرید شدہ شے کو اسی ثمن کے عوض آگے بیچ دے جس پر اس نے خریدی ہے لیکن کچھ اضافہ کے ساتھ یہی اضافہ ربح ہے۔ تولیہ: نقل ماملکه بالعقد الأول بالثمن الأول من غیر زیادة ربح. یعنی تولیہ اس بیع کو کہتے ہیں جس میں مشتری مبیع کو بغیر کسی زیادتی اور نفع کے اسی ثمن پر آگے بیچے جس پر اس نے خریدی۔

❷ <u>عبارت کی تشریح:۔</u> اس عبارت میں مصنفؒ نے ایک مسئلہ ذکر فرمایا ہے جو مرابحہ اور تولیہ میں بائع کی جانب سے دھوکہ دہی سے تعلق رکھتا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر زید نے بکر کو ایک کتاب مرابحۃً یہ کہہ کر بیچی کہ میں نے یہ کتاب احمد سے سو روپیہ میں خریدی ہے اور اب میں تمہیں یہ کتاب دس روپیہ نفع کے ساتھ ایک سو دس روپیہ میں مرابحۃً بیچتا ہوں، بکر نے قبول کر لیا اور بیع تام ہوگئی لیکن اسے بعد میں پتہ چلا کہ زید نے جھوٹ بولا ہے، اس نے احمد سے کتاب ایک سو روپیہ میں نہیں بلکہ اسی روپیہ میں خریدی تھی، یہ صورت مرابحہ میں خیانت کے صادر ہونے کی ہے۔

دوسری صورت جو تولیہ میں خیانت کی ہے اس طرح ہے کہ زید نے بکر کو کتاب ایک سو روپیہ میں یہ کہہ کر بیچی کہ میں نے احمد سے اسے ایک سو روپیہ میں خریدا ہے اور اب میں تمہیں تولیۃً ایک سو ہی میں بیچتا ہوں، بکر نے قبول کر لیا تاہم بعد میں اسے معلوم ہوا کہ زید نے دھوکہ دیا ہے کیونکہ اس نے احمد سے یہ کتاب ایک سو میں نہیں بلکہ اسی روپیہ میں خریدی ہے اب ان دونوں صورتوں میں فقہی اعتبار سے کیا حکم لگایا جائے گا؟ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔

امام اعظم ابوحنیفہؒ کا مذہب یہ ہے کہ اگر مشتری کو بائع کی جانب سے دھوکہ دہی کا علم بیع مرابحہ میں ہوا ہے تو اسے اختیار ہے چاہے تو اسی ثمن کے عوض مبیع لے لے جو بائع نے بیان کئے ہیں اور چاہے تو چھوڑ دے اور اگر یہ خیانت بیع تولیہ میں کی گئی تو پھر مشتری از خود بقدر خیانت ثمن میں سے پیسے کم کر کے بائع کو دے اور بیع لازم ہوگی۔ گزشتہ مثال کے تناظر میں امام صاحب ؒ کے نزدیک پہلی صورت میں بکر کو اختیار ہے وہ چاہے تو زید سے کتاب پورے ایک سو دس روپیہ میں لے جیسا کہ زید نے ثمن مقرر کیا اور چاہے تو بیع کو چھوڑ دے اور دوسری صورت میں بکر از خود ثمن میں سے بقدر خیانت رقم کم کر دیگا اور زید کو ایک سو کی بجائے فقط اسی روپیہ دے گا۔

امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ دونوں صورتوں میں مشتری بقدر خیانت پیسے کم کر کے بائع کو دے اور بیع لازم ہوگی خیار ثابت نہیں ہوگا۔

امام محمدؒ کی رائے یہ ہے کہ بہر صورت مشتری کے لئے خیار ثابت ہوگا وہ چاہے تو بیان کردہ ثمن کو قبول کرے اور بائع کو ادا کرے اور چاہے تو بیع چھوڑ دے لیکن اسے یہ اختیار حاصل نہیں کہ از خود کم کر کے ثمن میں کمی کر دے۔

امام محمدؒ کی دلیل: کا خلاصہ یہ ہے کہ بیع کا مرابحہ یا تولیہ ہونا یہ اصل نہیں ہے بلکہ یہ تو ایک طرح کا وصف مرغوب فیہ ہے، اصل بات یہ ہے کہ ثمن مذکور اور معلوم ہے یا نہیں؟ یہاں دونوں صورتوں میں ثمن معلوم اور مذکور ہے جہاں تک بات وصف مرغوب فیہ کی ہے تو اس کے فوت ہو جانے کی صورت میں یہ اختیار تو مشتری کے لئے ثابت ہوتا ہے کہ وہ چاہے تو بیع کو باقی رکھے اور چاہے تو بیع فسخ کر دے لیکن یہ اختیار اسے حاصل نہیں ہوتا کہ از خود ثمن میں کمی کر دے، لہٰذا اس مسئلہ میں بھی دونوں صورتوں میں مشتری کے لئے خیار ثابت ہوگا لیکن اسے ثمن میں کمی کا حق حاصل نہیں ہوگا۔

امام ابو یوسفؒ کی دلیل: یہ ہے کہ عقد مرابحہ اور عقد تولیہ میں اصل بات اس کا مرابحہ اور تولیہ ہونا ہے یہی وجہ ہے کہ عقد مرابحہ اور تولیہ کا انعقاد مرابحہ اور تولیہ کے لفظ سے ہو جاتا ہے ثمن اصل نہیں ہے ہاں البتہ ثمن کا معلوم ہونا ضروری ہے اور وہ دونوں صورتوں میں معلوم ہے جب یہاں اعتبار مرابحہ اور تولیہ کا ہے تو عقد ثانی یعنی مرابحہ اور تولیہ کا ثمن کے حق میں عقد اول پر مبنی ہونا ضروری ہے اور مقدار خیانت چونکہ عقد اول میں ثابت نہیں اسلئے اسے عقد ثانی میں بھی ثابت کرنا ممکن نہیں لہٰذا اسے ثمن میں سے کم کر دیا جائیگا۔

امام ابوحنیفہؒ کی دلیل: یہ ہے کہ اگر تو خیانت کا ظہور مرابحہ میں ہوا ہو تو مشتری کے لئے خیار ثابت ہے کیونکہ خیانت کا ظہور مرابحہ کو مرابحہ سے نہیں نکالتا بلکہ مرابحہ مرابحہ ہی رہتا ہے، ہاں نفع کے تناسب میں ضرور فرق آ جاتا ہے، اس صورت میں مشتری کے لئے خیار ثابت ہوگا کیونکہ اس کی رضامندی فوت ہو جائے گی جبکہ خیانت کا تولیہ میں واقع ہونا ناقابل تحمل ہے کیونکہ اگر اس خیانت کو باقی رکھا جائے تو تولیہ تولیہ نہیں رہے گا مرابحہ ہو جائے گا، اس لئے تولیہ میں قدر خیانت کا ساقط کرنا ضروری ہے۔

سب سے راجح قول امام اعظمؒ کا ہے۔

**الشق الثانی** ......وفی کل سن خمس من الابل والأسنان والأضراس کلها سواء، ومن ضرب عضوًا فأذهب منفعته ففیه دیة کاملة کما لو قطعه کالید اذا شلت والعین اذا ذهب ضوؤها والشجاج عشرة، الحارصة والدامعة والدامیة......

عبارت کا تعلق کس باب سے ہے؟ عبارت کی اس طرح تشریح کیجئے کہ الحارصة، الدامعة، الدامیة کا تعارف بھی ہو جائے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) عبارت کا باب (۲) عبارت کی تشریح (۳) مذکورہ الفاظ کا تعارف۔

**جواب** ...... ❶ **عبارت کا باب:۔** عبارت کا تعلق مختصر القدوری میں کتاب الدیات سے ہے اس کتاب میں ان مختلف صورتوں کا بیان ہے جن میں جانی یا مجرم پر دیت لازم ہوتی ہے پہلے مصنف رحمہ اللہ نے وہ مسائل ذکر فرمائے جن میں جانی کی جنایت کے نتیجے میں مجنی علیہ کی جان چلی جائے، پھران صورتوں کا ذکر ہے جن میں جانی کی جنایت کے نتیجہ میں مجنی علیہ کا کوئی عضو ضائع ہو جائے، سوال میں ذکر کردہ عبارت کا تعلق قسم ثانی سے ہے۔

❷ **عبارت کی تشریح:۔** مصنفؒ فرماتے ہیں کہ ہر دانت میں پانچ اونٹ دیت لازم ہے یعنی اگر کوئی شخص دوسرے کا دانت توڑ ڈالے تو توڑنے والے پر پانچ اونٹ کا جرمانہ عائد کیا جائیگا۔ آپ ﷺ نے اسی طرح ارشاد فرمایا، دانت اور داڑھیں اس حکم میں برابر ہیں کیونکہ حدیث مطلق ہے لہٰذا حدیث کے اطلاق کے پیش نظر دانت اور داڑھ دونوں میں پانچ پانچ اونٹ کی دیت لازم ہوگی۔

اگر کوئی شخص دوسرے کے کسی عضو کو اس طرح ضرب لگائے کہ اس مضروب عضو کا فائدہ باقی نہ رہے تو اگرچہ ظاہری اعتبار سے وہ مضروب عضو باقی ہو، جسم سے جدا نہ ہوا ہو لیکن تب بھی پوری دیت لازم ہوگی اور یہ ایسا ہوگا جیسے ضارب نے وہ عضو کاٹ دیا ہو مثلاً زید اگر بکر کے ہاتھوں پر اس طرح ضرب لگائے کہ بکر کے ہاتھ شل ہو جائیں اور کام کرنا چھوڑ دیں تو یہ ایسا ہی ہے جیسے زید نے بکر کے ہاتھ کاٹ ڈالے ہوں کیونکہ عضو کی اہمیت اس کی افادیت کے پیش نظر ہے جب اس کی افادیت ہی باقی نہ رہی تو اس عضو کی ظاہری بقاء کا کیا فائدہ؟ اور چونکہ ہاتھوں کے کاٹ ڈالنے کی صورت میں پوری دیت واجب ہوتی ہے لہٰذا مذکورہ صورت میں بھی پوری دیت لازم ہوگی ایک اور مثال جو مصنفؒ نے ذکر فرمائی یہ ہے کہ زید بکر کی آنکھوں پر اس طرح ضرب لگائے کہ بینائی جاتی رہے اب ظاہری اعتبار سے اگرچہ آنکھیں اپنی جگہ موجود ہیں لیکن چونکہ ان کی افادیت باقی نہیں رہی لہٰذا یہ بھی ایسے ہو گیا کہ جیسے زید نے اس کی آنکھیں اُکھاڑ ڈالی ہوں اس صورت میں بھی پوری دیت کا اعتبار کیا جائے گا۔

❸ **مذکورہ الفاظ کا تعارف:۔** **الحارصة** اس سے مراد ایسا زخم ہے جو جلد پر خراش ڈال دے، اس زخم کی وجہ سے جلد پر رگڑ لگ جاتی ہے اور کچھ نہیں ہوتا۔ **الدامعة** اس سے مراد وہ زخم ہے جسکے نتیجے میں خون بہے بغیر فقط ظاہر ہو جائے بعض فقہاء نے **الدامعة** سے وہ زخم مراد لیا ہے جس سے آنسوؤں کے مشابہ پانی زخم سے نکل پڑے، خون نہ نکلے۔ **الدامية** اس سے مراد ایسا زخم ہے جس سے خون بہہ جائے۔

## ﴿الورقة الثالثة : فی الفقه﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاوّل** ......**ولایجوز بیع السمك فی الماء قبل ان یصطاده ولا بیع الطائر فی الهواء ولا یجوز بیع الحمل فی البطن ولا النتاج ولا الصوف علی ظهر الغنم ولا بیع اللبن فی الضرع ولا یجوز بیع ذراع من ثوب ولا بیع جذع من سقف وضربة القانص ولا بیع المزابنة.**

درج بالا عبارت کا ترجمہ کریں، عبارت میں مذکورہ مسائل کی دلنشین تشریح کریں۔ معروضی سوالات کا ہاں یا نہیں میں جواب دیں۔

① اگر آسمان میں بادل نہ ہو تو کیا عید الفطر کے چاند کے بارے میں دو مردوں کی گواہی معتبر ہوگی؟ (نہیں)

② کیا مذی میں غسل واجب ہے؟ (نہیں) ③ کیا عورت بغیر محرم یا شوہر کے حج کر سکتی ہے؟ (نہیں)

④ کیا قتل شبہ عمد میں قصاص واجب ہے؟ (نہیں) ⑤ کیا خلع سے طلاق بائن واقع ہوتی ہے؟ (ہاں)

⑥ کیا ایلاء لغت میں یمین کو کہتے ہیں؟ (ہاں)

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) مسائل کی تشریح (۳) معروضی سوالات کا جواب۔

**جواب**...... ① عبارت کا ترجمہ:۔ نہیں ہے جائز مچھلی کی بیع پانی میں اس کو شکار کرنے سے پہلے، اور نہ پرندہ کی بیع فضاء میں اور نہ حمل کی بیع پیٹ میں اور نہ حمل کے حمل کی بیع اور نہ اون کی بیع بھیڑ کی پیٹھ پر اور نہ دودھ کی بیع تھن میں اور جائز نہیں ہے ایک گز کی بیع بڑے کپڑے میں سے اور نہ کڑی کی بیع چھت میں سے اور نہ جال پھینکنے کی بیع اور نہ بیع مزابنہ۔

② مسائل کی تشریح:۔ اس عبارت میں بیع فاسد کی چند صورتوں کا ذکر ہے کہ بائع کہتا ہے کہ پانی میں وہ مچھلی ہے میں وہ بیچتا ہوں حالانکہ اس نے ابھی تک اسے شکار نہیں کیا، اسی طرح کہتا ہے کہ وہ سامنے فضاء میں جو پرندہ جا رہا ہے وہ میں فروخت کرتا ہوں تو یہ دونوں بیع جائز نہیں اسلئے کہ یہ اس کے سپرد کرنے پر قادر نہیں اسی طرح کہتا ہے کہ اس بکری کے پیٹ میں جو بچہ ہے میں اسکی بیع کرتا ہوں یا اس حمل والے بچہ کے پیٹ میں جو دوسرا بچہ ہوگا میں اس کی بیع کرتا ہوں یہ بیع باطل ہے یا بھیڑ کی پیٹھ پر جو اون ہے یا بکری کے تھن میں جو دودھ ہے میں اس کی بیع کرتا ہوں یہ بیع بھی جائز نہیں ہے اور اسی طرح کہتا ہے کہ اس بڑے کپڑے میں سے ایک گز کپڑا بیچتا ہوں جبکہ وہ کپڑا ایسا ہو کہ اس میں سے ایک گز کاٹنا نقصان دیتا ہو، یا اس چھت میں جو کڑیاں لگی ہیں وہ فروخت کرتا ہوں یا کہتا ہے کہ دریا میں جال پھینکتا ہوں جتنی مچھلیاں آگئیں پچاس روپے میں تمہاری، خواہ ایک آئے یا دس آئیں، اسی طرح بیع مزابنہ یہ تمام کی بیوع ناجائز ہیں۔

③ معروضی سوالات کا جواب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

**الشق الثانی**...... وَلَا يَجُوْزُ الْبَيْعُ إِلَى الْحَصَادِ وَالدِّيَاسِ وَالْقِطَافِ وَقُدُوْمِ الْحَاجِّ فَإِنْ تَرَاضَيَا بِإِسْقَاطِ الْأَجَلِ قَبْلَ أَنْ يَأْخُذَ النَّاسُ فِي الْحَصَادِ وَالدِّيَاسِ وَ قَبْلَ قُدُوْمِ الْحَاجِّ جَازَ الْبَيْعُ وَإِذَا قَبَضَ الْمُشْتَرِي الْمَبِيْعَ فِي الْبَيْعِ الْفَاسِدِ بِأَمْرِ الْبَائِعِ وَفِي الْعَقْدِ عِوَضَانِ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مَالٌ مَلَكَ الْمَبِيْعَ وَلَزِمَتْهُ قِيْمَتُهُ وَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنَ الْمُتَعَاقِدَيْنِ فَسْخُهُ فَإِنْ بَاعَهُ الْمُشْتَرِي نَفَذَ بَيْعُهُ۔

عبارت پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں، اس میں مذکورہ مسائل کو واضح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) مسائل کی وضاحت۔

**جواب**...... ① عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

② عبارت کا ترجمہ:۔ اور کھیتی کاٹنے، کاشت کرنے اور پھل و میوہ توڑنے اور حاجیوں کے آنے کے وقت تک بیع کرنا جائز نہیں ہے پھر اگر متعاقدین لوگوں کے کھیتی کاٹنے یا کاشت کرنے کی ابتداء سے پہلے یا حاجیوں کے آنے سے پہلے ان مدتوں کو ساقط کرنے پر راضی ہو گئے تو یہ بیع جائز ہے اور جب بیع فاسد میں مشتری نے بائع کے حکم سے مبیع پر قبضہ کر لیا اور عقد میں دونوں عوض مال ہیں تو مشتری پر قیمت لازم ہو جائیگی اور متعاقدین میں سے ہر ایک کو بیع فسخ کرنے کا حق حاصل ہوگا پس اگر مشتری نے اس مبیع کو فروخت کر دیا تو اس کی بیع نافذ ہوگی۔

③ مسائل کی وضاحت:۔ عبارت میں مذکورہ مدت ادائیگی ثمن کی تمام صورتوں میں بیع فاسد ہے اس لئے کہ ان میں اگرچہ مدت بیان کی گئی ہے مگر اس میں تقدیم و تاخیر ممکن ہے اس لئے بیع فاسد ہے۔ اگر کسی نے مذکورہ مدتوں پر بیع کی جو کہ درست نہ تھی مگر

Maktaba Tul Ishaat.com

متعاقدین مذکورہ مدت کی آمد سے قبل اس مدت کو ختم کرنے پر راضی ہو گئے تو حنفیہ کے نزدیک یہ بیع درست ہو جائے گی۔

اگر مشتری نے بیع فاسد کی صورت میں بائع کی اجازت سے مبیع پر قبضہ کر لیا اور بیع میں دونوں عوض یعنی ثمن و مبیع مال ہیں تو مشتری مبیع کا مالک ہو جائیگا اور مبیع کی قیمت مشتری کے ذمہ لازم ہو جائے گی، ثمن لازم نہ ہوں گے۔ ائمہ ثلاثہؒ کے نزدیک مشتری مبیع کا مالک نہ ہوگا۔ بیع فاسد میں مبیع کے فاسد ہونے کی وجہ سے متعاقدین میں سے ہر ایک کو بیع فسخ کرنے کا اختیار ہوگا خواہ مبیع پر قبضہ کیا ہو یا نہ کیا ہو۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاوّل** ......ولا یصح الرهن الّا بدین مضمون وهو مضمون بالاقل من قیمته ومن الدین فاذا هلك الرهن فی ید المرتهن وقیمته والدین سواء صار المرتهن مستوفیا لدینه حكما وان كانت قیمة الرهن اكثر من الدین فالفضل امانة وان كانت قیمة الرهن اقل من ذلك سقط من الدین بقدرها ورجع المرتهن بالفضل.

عبارت کا ترجمہ کریں، عبارت میں مذکورہ مسئلہ کی وضاحت مثال کے ذریعہ کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) مسئلہ کی وضاحت بالمثال۔

**جواب**...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اور صحیح نہیں رہن مگر دین مضمون کے ساتھ اور وہ مضمون ہوگا اپنی قیمت اور دَین میں سے اقل کے عوض میں، پس جب ہلاک ہو جائے شئی مرہون راہن کے پاس اور اس کی قیمت اور دَین برابر ہو تو ہو جائے گا مرتہن وصول کرنیوالا اپنے حق کو حکمی طور پر اور اگر مرہون کی قیمت زائد ہو دَین سے تو زیادتی امانت ہے اور اگر مرہون کی قیمت کم ہو دَین سے تو ساقط ہو جائے گا دَین اس کے بقدر اور رجوع کرے گا مرتہن باقی دَین کے ساتھ۔

❷ مسئلہ کی وضاحت بالمثال:۔ اولاً یہ بات بتلائی کہ دین مضمون کے ساتھ ہی آدمی کوئی چیز رہن رکھ سکتا ہے اس کے بغیر نہیں، تو اب مسئلہ کا حاصل یہ ہے کہ راہن نے مرتہن کے پاس کوئی چیز رہن رکھی وہ چیز مرتہن کے پاس اس کی تعدی کے بغیر ہلاک ہو گئی تو مرہونہ چیز کی قیمت اور دَین میں سے جو کم ہوگا مرتہن پر اس کا ضمان لازم ہو جائے گا۔ اگلی عبارت میں اسی کی وضاحت ہے مثلاً زید نے عمرو کو ہزار روپیہ کی سائیکل بیچی اس کے بدلہ میں گھڑی رہن رکھ لی جسکی قیمت ہزار روپیہ ہے تو یہ گھڑی زید سے گم ہو گئی تو اب زید اسکا ضامن ہوگا تو گویا زید نے حکماً اپنا ہزار روپیہ وصول کر لیا۔ اور اگر گھڑی بارہ سو روپے کی تھی تو اب زائد قیمت (بارہ سو) اور دَین (ہزار روپیہ) میں سے کم کا ضامن ہوگا گویا اب بھی اس نے حکماً اپنا ہزار روپیہ وصول کر لیا اور جو دو سو روپیہ زائد قیمت تھی وہ اسکے پاس امانت تھی اور امانت کی ضمان لازم نہیں ہوتی۔ اور اگر گھڑی کی قیمت آٹھ سو تھی اور وہ زید کے پاس گم ہو گئی تو اب گویا کہ زید نے حکماً آٹھ سو روپیہ وصول کر لیا تو جو زائد (دو سو روپیہ) دَین ہے اس کے ساتھ وہ عمرو پر رجوع کریگا کہ میرا بقیہ دَین ادا کر۔

**الشق الثانی**......وَلَا تَجُوْزُ الْهِبَةُ فیما یقسم الامحوزة مقسومة (ص۱۱۸۔امدادیہ)

ان الفاظ کو ذکر کریں جن سے ہبہ درست ہوتا ہے، عمریٰ اور رقبیٰ کی تعریف اور حکم تحریر کریں اور یہ بتائیں کہ صدقہ کا کیا حکم ہے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) وہ الفاظ جن سے ہبہ درست ہے (۲) عمریٰ و رقبیٰ کی تعریف وحکم (۳) صدقہ کا حکم۔

**جواب** ...... ❶ <u>وہ الفاظ جن سے ہبہ درست ہے:۔</u> مندرجہ ذیل الفاظ سے ہبہ درست ہے۔ وَهَبْتُ (میں نے ہبہ کیا)، نَحَلْتُ (میں نے دیدیا)، اَعْطَيْتُ (میں نے بخش دیا)، اَطْعَمْتُكَ هٰذَا الطَّعَامَ (میں نے یہ کھانا تمہیں کھلایا یا دیا)، جَعَلْتُ هٰذَا الثوبَ لَكَ (میں نے یہ کپڑا تیرے لئے مخصوص کردیا)، اَعْمَرْتُكَ هٰذَا الشيء (میں نے یہ چیز عمر بھر کیلئے تجھے دی)، حَمَلْتُكَ علٰى هٰذه الدابة (میں نے تجھے اس سواری پر سوار کردیا جبکہ سوار کرانے سے ہبہ کی نیت کی ہو)۔

❷ <u>عمریٰ ورقبیٰ کی تعریف وحکم:۔</u> عمریٰ کا مطلب یہ ہے کہ ایک شخص کہتا ہے کہ میں نے اپنا مکان فلاں شخص کو زندگی بھر رہنے کیلئے دیدیا ہے اور جب وہ مرجائیگا تو اسکو واپس لے لوں گا چنانچہ بولا جاتا ہے "اعمرته الدار عمری" ۔ ہبہ کا یہ طریقہ درست ہے البتہ واپسی کی شرط باطل ہے۔ یہ مکان پوری مدت معمر لہ یعنی موہوب لہ کیلئے ہوگا اور اسکے بعد اسکے ورثاء کو مل جائے گا۔ امام احمدؒ اور امام شافعیؒ کا قول جدید یہی ہے مگر امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کا قول قدیم یہ ہے کہ معمر لہ کے انتقال کے بعد معمر اس کو واپس لے لے گا۔

رقبیٰ یہ ہے کہ مالک کہے داری لك رُقبی اگر میں تم سے پہلے مرجاؤں تو یہ گھر تیرا ہے اور اگر تم مجھ سے پہلے مرجاؤ تو یہ گھر میرا ہے۔ حضرات طرفینؒ کے نزدیک ہبہ کی یہ شکل جائز نہیں ہے کیونکہ دونوں میں سے ہر ایک دوسرے کی موت کا منتظر ہے۔ امام ابو یوسفؒ، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک ہبہ کی یہ صورت جائز ہے۔ اختلاف کی بنیاد رقبیٰ کی تفسیر ہے۔ حضرات طرفین کے نزدیک داری لك رقبی کا مفہوم یہ ہے کہ اگر میں تم سے پہلے مرجاؤں تو یہ تیرا ہے لہٰذا ہبہ کو موہوب لہ کی موت پر معلق کرنا ہوا اسلئے یہ باطل ہے اور قبضہ کے بعد عاریت کے حکم میں ہوگا لہٰذا مالک کو اختیار ہے جب چاہے فروخت کردے اگرچہ اس کے قبضہ میں نہیں ہے اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک معنی یہ ہے کہ میرا مکان تیرے لئے ہبہ ہے کیونکہ یہ جملہ دار لك تملیک فی الحال کو بتاتا ہے اور رقبیٰ یعنی واہب کی موت کے انتظار کی شرط فاسد ہے البتہ دونوں مسلکوں میں صحیح مسلک حضرات طرفین کا ہے جیسا کہ مضمرات میں ہے اور صاحب غایۃ البیان کے نزدیک اصح مذہب حضرت امام ابو یوسفؒ کا ہے کیونکہ ہبہ شرط فاسد سے باطل نہیں ہوتا ہے۔

❸ <u>صدقہ کا حکم:۔</u> صدقہ مثل ہبہ کے ہے جب تک مصدق لہ صدقہ پر قبضہ نہ کرلے اس وقت تک صدقہ صحیح نہیں ہوتا ہے کیونکہ صدقہ بھی ہبہ کی طرح احسان اور تبرع ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاوّل** ......وَمَنْ حَلَفَ عَلٰى مَعْصِيَةٍ مِثْلَ اَنْ لَا يُصَلِّيَ اَوْ لَايُكَلِّمَ اَبَاهُ اَوْلَيَقْتُلَنَّ فُلَانًا فَيَنْبَغِيْ اَنْ يَحْنِثَ نَفْسَهٗ وَيُكَفِّرَعَنْ يَمِيْنِهٖ وَمَنْ حَرَّمَ عَلٰى نَفْسِهٖ شَيْئًا مِمَّا لَمْ يَمْلِكْهُ لَمْ يَصِرْ مُحَرَّمًا وَعَلَيْهِ اِنِ اسْتَبَاحَهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ فَاِنْ قَالَ كُلُّ حَلَالٍ عَلَيَّ حَرَامٌ فَهُوَعَلَى الطَّعَامِ .(ص۲۰۶-امدادیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ وتشریح کریں، قسم کن الفاظ سے منعقد ہوتی ہے اور کن سے نہیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) قسم منعقد ہونے والے الفاظ۔

**جواب** ...... ❶ <u>عبارت پر اعراب:۔</u> كما مرّ فی السوال آنفا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ جس شخص نے گناہ پر قسم کھائی مثلاً یہ کہا کہ وہ نماز نہیں پڑھے گا یا اپنے والد سے بات چیت نہیں کرے گا یا فلاں کو ضرور قتل کرے گا تو مناسب یہ ہے کہ وہ حانث ہو جائے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے اور جس شخص نے اپنی ذات پر ایسی چیز کو حرام کیا جس کا وہ مالک نہیں ہے تو وہ چیز اس پر حرام نہیں ہوگی پھر اگر وہ اُس چیز کو مباح سمجھے گا تو اس پر کفارۂ یمین لازم ہوگا۔ پس اگر کسی شخص نے کہا کُل حلال علی حرامٌ (ہر حلال چیز میرے اوپر حرام ہے) تو اس کی یہ قسم کھانے پینے کی چیزوں پر محمول ہوگی۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ ترجمہ سے تشریح واضح ہو چکی ہے۔

❹ قسم منعقد ہونے والے الفاظ:۔ لفظ "اللہ" کے ساتھ، اللہ تعالیٰ کے اسماء مثلاً رحمٰن ورحیم کے ساتھ، صفات ذاتیہ مثلاً اللہ تعالیٰ کی عزت، جلال، کبریائی کی قسم کھانے سے قسم منعقد ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے علم، غضب وغصہ کی قسم اور غیر اللہ کے نام مثلاً رسول، نبی، کعبہ و قرآن کی قسم منعقد نہیں ہوتی اور قسم حروفِ قسمیہ سے بھی منعقد ہو جاتی ہے جیسے باللّٰہ، تاللّٰہ وغیرہ۔

اسی طرح میں قسم کھاتا ہوں یا میں حلف اٹھاتا ہوں یا میں اللہ کا حلف اٹھاتا ہوں یا میں گواہ کرتا ہوں یا میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں یا میں اللہ تعالیٰ کے عہد کی یا میثاق کی قسم اٹھاتا ہوں یا میرے ذمہ منذر ہے یا میرے ذمہ اللہ تعالیٰ کی نذر ہے۔ ان تمام الفاظ سے قسم منعقد ہو جاتی ہے۔ اگر میں نے یہ کام کیا تو میں یہودی نصرانی یا مجوسی یا کافر و مشرک ہوں، یہ بھی قسم ہے۔ اگر میں نے یہ کام کیا تو مجھ پر اللہ کا غضب ہو یا اللہ تعالیٰ کا غصہ و ناراضگی ہو، یہ قسم نہیں ہے، اسی طرح اگر میں نے یہ کام کیا تو میں زانی ہوں، شرابی ہوں، سود کھانے والا ہوں یہ بھی قسم نہیں ہے۔

**الشق الثانی** ---- وَمَنْ ضَرَبَ عُضْوًا فَاَذْهَبَ مَنْفَعَتَهٗ فَفِيْهِ دِيَةٌ كَامِلَةٌ كَمَا لَوْ قَطَعَهٗ كَالْيَدِ اِذَا شَلَّتْ وَالْعَيْنِ اِذَا ذَهَبَ ضَوْؤُهَا، وَالشِّجَاجُ عَشَرَةٌ: اَلْحَارِصَةُ وَالدَّامِعَةُ وَالدَّامِيَةُ وَالْبَاضِعَةُ وَالْمُتَلَاحِمَةُ وَالسِّمْحَاقُ وَالْمُوْضِحَةُ وَالْهَاشِمَةُ وَالْمُنَقِّلَةُ وَالْاٰمَّةُ، فَفِي الْمُوْضِحَةِ الْقِصَاصُ اِنْ كَانَتْ عَمَدًا۔ (ص ۱۸۰ ۔ ہدایہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں دیت کے لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں، والشجاج عشرۃ الخ ہر ایک کی وضاحت کر کے حکم بتائیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) دیت کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ (۴) والشجاج عشرۃ الخ کی وضاحت و حکم۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ جس شخص نے کسی کے عضو پر مارا پس اس کی منفعت ختم ہو گئی تو اس پر پوری دیت لازم ہوگی جیسا کہ اگر وہ اُس کو کاٹ دیتا مثلاً ہاتھ جب شل ہو جائے اور آنکھ کی جب بینائی چلی جائے۔ اور زخم دس ہیں حارصہ، دامعہ، دامیہ، باضعہ، متلاحمہ، سمحاق، موضحہ، ھاشمہ، منقلہ، آمۃ (انکی وضاحت مابعد میں آرہی ہے)۔ پس موضحہ کے اندر قصاص ہے بشرطیکہ عمداً ہو۔

❸ دیت کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ:۔ دیت کا لغوی معنیٰ خون بہا ادا کرنا ہے اور اصطلاح میں وہ مال جو کسی نفس یا عضو کا بدل ہو۔

❹ والشجاج عشرۃ الخ کی وضاحت و حکم:۔ (شجاج: وہ زخم جو چہرہ و سر پر ہو) موضحہ (وہ زخم جس میں ہڈی کھل جائے) اگر عمداً و جان بوجھ کر ہو تو اس میں قصاص ہے وگرنہ نہیں، اس کے علاوہ شجاج کی کسی بھی قسم میں قصاص نہیں ہے اور موضحہ اگر خطاءً ہو تو اس میں دیت کا نصف عشر (پانچ اونٹ) ہے، ھاشمہ (وہ زخم جو ہڈی توڑ دے) اس میں دیت کا عشر (دس اونٹ) ہے، منقلہ (وہ زخم جو ہڈی کو اپنی جگہ سے سرکا دے) اس میں عشر اور نصف عشر (پندرہ اونٹ) ہے، آمہ (وہ زخم جو دماغ کی کھال تک پہنچ جائے) جائفہ (وہ زخم جو پیٹ و سر میں ہو) ان دونوں میں دیت کا ثلث (۳۳ اونٹ) ہے اور جو زخم موضحہ سے کم ہے اس میں ایک عادل آدمی کا فیصلہ معتبر ہے۔ حارصہ (وہ زخم جو جلد پر خراش ڈال دے، اس زخم کی وجہ سے جلد پر رگڑ لگ جاتی ہے اور کچھ

نہیں ہوتا) دامعۃ (وہ زخم جسکے نتیجہ میں خون بہے بغیر فقط ظاہر ہو جائے بعض فقہاء نے کہا وہ زخم جس سے آنسوؤں کے مشابہ پانی زخم سے نکل پڑے، خون نہ نکلے) دامیہ (وہ زخم جس سے خون بہہ جائے) باضعہ (وہ زخم جس میں کھال کٹ جائے) متلاحمہ (وہ زخم جس میں گوشت کٹ جائے) سمحاق (وہ زخم جو اس باریک جھلی تک پہنچ جائے جو گوشت اور سر کی ہڈی کے درمیان ہے)(التکمیل الضروری)

## ﴿الورقة الثالثة فی الفقه﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱٤۳۸ھ

**الشق الاوّل** ...... وَالْاَعْوَاضُ الْمُشَارُ اِلَيْهَا لَايَحْتَاجُ اِلٰى مَعْرِفَةِ مِقْدَارِهَا فِىْ جَوَازِ الْبَيْعِ وَالْاَثْمَانُ الْمُطْلَقَةُ لَاتَصِحُّ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ مَعْرُوْفَةَ الْقَدْرِ وَيَجُوْزُ الْبَيْعُ بِثَمَنٍ حَالٍ وَمُؤَجَّلٍ اِذَا كَانَ الْاَجَلُ مَعْلُوْمًا وَمَنْ اَطْلَقَ الثَّمَنَ فِى الْبَيْعِ كَانَ عَلٰى غَالِبِ نَقْدِ الْبَلَدِ فَاِنْ كَانَتِ النُّقُوْدُ مُخْتَلِفَةً فَالْبَيْعُ فَاسِدٌ اِلَّا اَنْ يُبَيِّنَ اَحَدَهُمَا.

عبارت پر اعراب لگا کر تشریح کریں، بیع کی لغوی و اصطلاحی تعریف کریں، بیع فاسد و باطل میں کیا فرق ہے؟(ص ٦٥۔ امدادیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کی تشریح (۳) بیع کی لغوی و اصطلاحی تعریف (۴) بیع فاسد و باطل میں فرق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب: ۔کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کی تشریح: ۔اس عبارت میں متعدد مسائل کا ذکر ہے: ① اعواض (مبیع وثمن) کی طرف اگر بیع میں اشارہ کیا گیا تو پھر دونوں کی مقدار اور وصف کا معلوم ہونا ضروری نہیں ہے کیونکہ اشارہ شناخت کیلئے کافی ہے ایسی صورت میں بائع اور مشتری کے درمیان اختلاف کا اندیشہ نہیں ہے۔ ② اگر ثمن کی طرف اشارہ نہیں کیا گیا تو مطلق ثمن کی صورت میں بیع صحیح نہیں ہے جب تک کہ ان کی مقدار اور وصف کو بیان نہ کیا جائے مثلاً ثمن کی تعداد کتنی ہوگی اور کس قسم کے ثمن ہونگے کیونکہ اگر ثمن کی مقدار میں ابہام ہو یا وصف میں ابہام ہو تو نزاع کا باعث بن سکتا ہے۔ ③ نقد ثمن اور ادھار ثمن دونوں صورتوں میں بیع جائز ہے البتہ ادھار کی صورت میں مدت کا معلوم ہونا ضروری ہے ورنہ اس جہالت کے نزاع کا باعث ہونے کی وجہ سے بیع فاسد ہوگی۔ ④ اگر کسی شہر میں مختلف قسم کی کرنسی اور سکے رائج ہوں مگر مالیت میں سب برابر ہوں تو ایسی صورت میں اگر ثمن کو مطلق ذکر کیا گیا یعنی اسکی مقدار کو تو ذکر کیا گیا مگر وصف کو ذکر نہیں کیا گیا تب بھی بیع درست ہو جائیگی اور اگر انکی مالیت مختلف ہو تو اس صورت میں نزاع کا باعث ہونے کی وجہ سے بیع فاسد ہوگی البتہ اگر مختلف کرنسی و سکوں میں سے کسی خاص قسم کو متعین کر دیا گیا تو پھر بیع صحیح ہو جائیگی۔

الغرض جہاں جہالت ہو اور نزاع کا باعث ہو وہاں بیع جائز نہیں ہے اور جہاں جہالت ہو مگر نزاع کا باعث نہ ہو وہاں بیع جائز ہے۔

❸ بیع کی لغوی و اصطلاحی تعریف: ۔یہ لفظ اضداد میں سے ہے۔لغوی معنی: مبادلة المال بالمال ہے خواہ بیچنا ہو یا لینا ہو۔

اصطلاحی معنی: مبادلة المال بالمال بالتراضی بطریق التجارة کو بیع کہتے ہیں۔

❹ بیع فاسد و باطل میں فرق: ۔بیع فاسد وہ بیع ہے جو اپنی اصل کے اعتبار سے تو جائز ہو البتہ وصف کے اعتبار سے ناجائز ہو مثلاً ایسی چیز فروخت کرنا جسکے سپرد کرنے پر قادر نہ ہو جیسے بھاگا ہوا غلام اور بیع باطل جو اپنی اصل کے اعتبار سے ہی جائز نہ ہو جیسے معدوم یا مردار چیز کی بیع۔نیز بیع فاسد میں ملکیت کے ثبوت کیلئے قبضہ ضروری ہے اور بیع باطل علی الاطلاق غیر مفید ہے خواہ قبضہ سے پہلے ہو یا بعد میں ہو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**الشق الثانی** ...... وَكُلُّ شِرْكَةٍ فَاسِدَةٍ فَالرِّبْحُ فِيْهَا عَلٰى قَدْرِ رَأْسِ الْمَالِ وَيَبْطُلُ شَرْطُ التَّفَاضُلِ وَإِذَا مَاتَ اَحَدُ الشَّرِيْكَيْنِ اَوْ اِرْتَدَّ وَلَحِقَ بِدَارِ الْحَرْبِ بَطَلَتِ الشِّرْكَةُ وَلَيْسَ لِوَاحِدٍ مِنَ الشَّرِيْكَيْنِ اَنْ يُؤَدِّيَ زَكٰوةَ مَالِ الْاٰخَرِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ فَاِنْ اَذِنَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا لِصَاحِبِهٖ اَنْ يُؤَدِّيَ زَكٰوتَهٗ فَاَدّٰى كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا فَالثَّانِيْ ضَامِنٌ سَوَاءٌ عَلِمَ بِاَدَاءِ الْاَوَّلِ اَوْ لَمْ يَعْلَمْ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَقَالَا: اِنْ لَمْ يَعْلَمْ لَمْ يَضْمَنْ۔ (ص۱۰۳،امدادیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، مسئلہ مذکورہ میں ائمہ کا اختلاف وضاحت کے ساتھ لکھیں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) مسئلہ مذکورہ میں اختلاف ائمہ کی وضاحت۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور ہر شرکت فاسدہ میں نفع رأس المال کے اعتبار سے تقسیم ہوگا اور کمی زیادتی کی شرط باطل ہوگی اور اگر شریکین میں سے کوئی ایک مرجائے یا مرتد ہو کر دارالحرب میں چلا جائے تو شرکت باطل ہو جائے گی۔ اور شریکین میں سے کسی ایک کیلئے دوسرے کے مال کی زکوٰۃ اُس کی اجازت کے بغیر دینا جائز نہیں ہے۔ پس اگر ہر ایک نے اُن میں سے اپنے ساتھی کو اپنی زکوٰۃ کی ادائیگی کی اجازت دی اور ہر ایک نے اُن میں سے زکوٰۃ ادا کر دی تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دوسرا ادا کرنے والا ضامن ہوگا خواہ اُسے پہلے کی ادائیگی کا علم ہو یا نہ ہو اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ اگر اُسے پہلے کی ادائیگی کا علم نہیں ہے تو پھر وہ ضامن نہیں ہے۔

❸ مسئلہ مذکورہ میں اختلاف ائمہ کی وضاحت:۔ اگر شریکین میں سے ہر ایک نے اپنے ساتھی کو زکوٰۃ ادا کرنے کی اجازت دی ہے تو اس صورت میں ایک کا دوسرے کی طرف سے زکوٰۃ ادا کرنا ٹھیک ہے البتہ اگر دونوں نے زکوٰۃ ادا کر دی تو اس صورت میں امام صاحب اور صاحبینؒ کا اختلاف ہے۔ امام صاحبؒ کے نزدیک جس شخص نے بعد میں زکوٰۃ ادا کی ہے وہ دوسرے کے لئے زکوٰۃ کی بقدر مال کا ضامن ہوگا خواہ اُسے اپنے ساتھی کے زکوٰۃ ادا کرنے کا علم ہو یا نہ ہو جبکہ صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ اگر دوسرے شریک کو پہلے شریک کے زکوٰۃ ادا کرنے کا علم نہ ہو تو اس صورت میں وہ شخص ضامن نہ ہوگا البتہ اگر اُسے معلوم تھا اُس کے باوجود اُس نے زکوٰۃ ادا کر دی تو اس صورت میں وہ ضامن ہوگا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱٤۳۸ھ

**الشق الاوّل** ...... اِذَا غَابَ الرَّجُلُ فَلَمْ يُعْرَفْ لَهٗ مَوْضِعٌ وَلَا يُعْلَمُ اَحَيٌّ هُوَ اَمْ مَيِّتٌ؟ نَصَبَ الْقَاضِيْ مَنْ يَحْفَظُ مَالَهٗ وَ يَقُوْمُ عَلَيْهِ وَيَسْتَوْفِيْ حُقُوْقَهٗ وَيُنْفِقُ عَلٰى زَوْجَتِهٖ وَاَوْلَادِهِ الصِّغَارِ مِنْ مَالِهٖ وَلَا يُفَرِّقُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اِمْرَاَتِهٖ فَاِذَا تَمَّ لَهٗ مِائَةٌ وَعِشْرُوْنَ سَنَةً مِنْ يَوْمِ وُلِدَ حَكَمْنَا بِمَوْتِهٖ وَاعْتَدَّتْ اِمْرَاَتُهٗ وَقُسِّمَ مَالُهٗ بَيْنَ وَرَثَتِهِ الْمَوْجُوْدِيْنَ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ۔ (ص۱۳۹،امدادیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر تشریح کریں، مفقود کی تعریف کریں، مفقود کی موت کا حکم لگانے کیلئے ایک سو بیس سال کا انتظار ضروری ہے یا اس سے کم بھی ممکن ہے اور اس کی کیا صورت ہے؟

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کی تشریح (۳) مفقود کی تعریف

(۴) مفقود کی موت کیلئے مدت کی وضاحت۔

**جواب** ..... ❶ **عبارت پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفاً۔

❷ **عبارت کی تشریح:۔** اس عبارت میں مفقود کی تعریف اور اس کا حکم بیان کیا گیا ہے تو فرمایا کہ مفقود وہ شخص ہے جس کے بارے میں بالکل کچھ بھی معلوم نہ ہو کہ وہ کہاں ہے؟ حتیٰ کہ یہ بھی معلوم نہ ہو کہ وہ زندہ ہے یا مر گیا ہے۔

اس کے بعد مفقود کا حکم بیان کیا ایسے شخص کے متعلق قاضی کی ذمہ داری ہے کہ اُس کے مال کی حفاظت ونگرانی اور لوگوں سے اُسکے حقوق کی وصولی اور اُسکے ذاتی امور کی نگہداشت کے لئے کسی شخص کو مقرر کرے چنانچہ وہ شخص اُس کے مال کی حفاظت بھی کریگا، اُسکے مال کی نگرانی و دیکھ بھال بھی کرے گا، اُسکے حقوق کی وصولی بھی کرے گا اور اُس کی بیوی اور نابالغ اولاد پر خرچ بھی کرے گا۔

البتہ قاضی مفقود اور اُس کی بیوی کے درمیان تفریق کا فیصلہ جاری نہیں کرے گا، پس جب مفقود کی عمر ایک سو بیس سال ہو جائے تو پھر قاضی اُس کی موت کا حکم جاری کرے گا اور اُس کے بعد اُس کی عورت عدت گزارے گی اور پھر وراثت کے قانون کے مطابق اُس کا مال ورثاء میں تقسیم کیا جائے گا۔

❸ **مفقود کی تعریف:۔** اوپر تشریح کے ضمن میں تعریف معلوم ہوگئی کہ وہ غائب شخص جس کا بالکل کوئی ٹھکانہ معلوم نہ ہو حتیٰ کہ اُس کی موت وحیات کا بھی علم نہ ہو۔

❹ **مفقود کی موت کیلئے مدت کی وضاحت:۔** مفقود کے انتقال کے متعلق معتبر مدت میں علماء کا اختلاف ہے۔

امام مالکؒ کے نزدیک ایک قول میں امام شافعیؒ اور ایک روایت کے مطابق امام احمدؒ کے نزدیک جب کوئی شخص چار سال تک لاپتہ رہے تو قاضی مفقود اور اُس کی بیوی کے درمیان تفریق کردے اور عورت عدت وفات گزارنے کے بعد جس سے چاہے نکاح کرلے۔

امام ابوحنیفہؒ سے امام حسنؒ کی روایت کے مطابق ایک سو بیس سال مدت ہے اور ظاہر الروایہ کے مطابق جب بستی کے تمام ہم عصر لوگ مر جائیں تو پھر مفقود کی موت کا حکم لگا دیا جائے کیونکہ آدمی اپنے ہم عصروں کے بعد کم ہی زندہ رہتا ہے۔ اور احکام شرعیہ کی بنیاد غالب واکثر پر ہے اس لئے ہم عصر کی موت کی صورت میں اُس کی موت کا اعلان بھی کردیا جائے گا۔

امام ابویوسفؒ سے سو سال کی مدت منقول ہے، بعض فقہاء سے نوے سال منقول ہے کیونکہ عموماً آج کل اس سے زیادہ مدت تک آدمی زندہ نہیں رہتا۔ شرح وقایہ اور کنز میں ایسا ہی ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔

مذہب مختار یہ ہے کہ اس مسئلہ کو امام کی رائے کے حوالے کردیا جائے کیونکہ علاقوں اور طبیعتوں کے اختلاف سے اس میں اختلاف ہوتا ہے۔ بعض متاخرین حنفیہ نے وقت کی نزاکت اور فتنوں پر نظر رکھتے ہوئے امام مالکؒ کے مسلک پر فتویٰ دیا ہے۔ (التسہیل الضروری ج ۲ ص ۲۳۰)

**الشق الثانی** ..... اِذَا اشْتَرَكَ جَمَاعَةٌ فِیْ سَرَقَةٍ فَاَصَابَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ عَشَرَةَ دَرَاهِمَ قُطِعَ وَاِنْ اَصَابَهٗ اَقَلُّ مِنْ ذٰلِكَ لَمْ يُقْطَعْ وَلَا يُقْطَعُ فِيْمَا يُوْجَدُ تَافِهًا مُبَاحًا فِیْ دَارِ الْاِسْلَامِ كَالْخَشَبِ وَالْحَشِيْشِ وَالْقَصَبِ وَالسَّمَكِ وَالصَّيْدِ وَلَا فِيْمَا يُسْرَعُ اِلَيْهِ الْفَسَادُ كَالْفَوَاكِهِ الرَّطْبَةِ وَاللَّبَنِ وَاللَّحْمِ وَالْبِطِّيْخِ وَالْفَاكِهَةِ عَلَى الشَّجَرِ وَالزَّرْعِ الَّذِیْ لَمْ يُحْصَدْ وَلَاقَطْعَ فِی الْاَشْرِبَةِ الْمُطْرِبَةِ وَلَا فِی الطَّنْبُوْرِ وَلَا فِیْ سَرَقَةِ الْمُصْحَفِ۔

Maktaba Tul Ishaat.com

عبارت پر اعراب لگا کر تشریح کریں، سارق اور قاطع الطریق میں کیا فرق ہے؟ دونوں کا حکم لکھیں، کس قدر مالیت کی چوری پر ہاتھ کاٹنے کا حکم ہے۔ (ص۱۹۱۔لدادیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کی تشریح (۳) سارق اور قاطع الطریق میں فرق وحکم (۴) سرقہ کی مقدار حد۔

جواب ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفاً۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں سرقہ یعنی چوری کے متعلق مختلف مسائل بیان کئے گئے ہیں۔

① اگر کسی گروہ نے مل کر کسی کا مال چوری کیا تو اس صورت میں اگر مال اس قدر زیادہ ہے کہ اُس کو پورے گروہ پر تقسیم کیا جائے اور ہر ایک چور کو دس درہم کی مقدار مال مل جائے تو اس صورت میں تمام لوگوں کے ہاتھ کاٹے جائیں گے۔ لیکن اگر چوری کئے ہوئے مال کی مقدار اس سے کم ہے یعنی ہر ایک کو دس درہم مال نہیں پہنچتا تو اس صورت میں اُن کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

② جو چیزیں معمولی حیثیت رکھتی ہوں اور عموماً دارالاسلام میں وہ مباح بھی جاتی ہوں یعنی ہر شخص کے لئے اسکو لینا جائز ہے تو ایسی چیزوں کو چوری کرنے کی صورت میں چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا جیسے لکڑی، نرکل، مچھلی وغیرہ۔ اسی طرح جو چیزیں جلد خراب ہو جاتی ہیں اُن چیزوں کے چوری کرنے پر بھی ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا جیسے تازہ فروٹ، دودھ، گوشت وغیرہ۔ اسی طرح کسی نے اگر نشہ آور شراب چوری کر لی یا باجا وغیرہ چوری کر لیا یا مصحف وغیرہ چوری کر لیا تو ان چیزوں کے چور پر بھی حد جاری نہیں کی جائے گی۔

❸ سارق اور قاطع الطریق میں فرق وحکم:۔ سارق (چور) وہ شخص کہلاتا ہے جو کسی کا مال محفوظ پوشیدہ طور پر اٹھائے اور اسکی حفاظت میں کوئی شبہ نہ ہو جبکہ قاطع الطریق (ڈاکو) وہ طاقتور شخص ہے جو آنکھوں کے سامنے مال چھینے اور راستہ روکنے پر قادر ہو۔

سارق نے اگر دس درہم مالیت کی بقدر مال چوری کیا تو اُس کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔

قاطع الطریق کے حکم میں تفصیل ہے ① اگر ڈاکو ڈکیتی کے ارادہ سے نکلے، ابھی تک نہ مال چھینا اور نہ کسی کو قتل کیا اُس سے پہلے ہی گرفتار کر لئے گئے تو اُن کو توبہ کرنے تک قید کر دیا جائے گا۔ ② اگر ڈاکو ڈکیتی کیلئے نکلے اور کسی مسلمان یا ذمی کا اتنا مال لے لیا کہ اگر اُس کو سب شرکاء پر تقسیم کیا جائے تو سب کو دس دراہم یا اُس سے زائد مل سکے تو اس صورت میں ہر ایک کے ہاتھ پاؤں مخالف سمت (دایاں ہاتھ اور بایاں پاؤں) سے کاٹے جائینگے۔ ③ اگر ڈاکوؤں نے واردات کے دوران دوسرے شخص کو قتل کر دیا کوئی مال وغیرہ حاصل نہیں کیا تو امام اُن کو بطورِ حد قتل کرے گا یعنی اُن کو مقتول کے اولیاء کی معافی کے باوجود معاف نہیں کیا جائیگا۔ ④ اگر ڈاکوؤں نے واردات کے دوران دوسرے شخص کو قتل کر دیا اور مال بھی لے گئے تو اس صورت میں امام کو متعدد اختیارات ہیں۔ خواہ ہاتھ پاؤں کاٹنے کے بعد قتل کر دے یا شروع سے ہی سولی پر چڑھا دے یا صرف قتل کر دے یا صرف سولی پر چڑھا دے۔ (تکمیل الضروری ج۲ص۲۴۳)

❹ سرقہ کی مقدار حد:۔ احناف کے نزدیک سرقہ کی مقدار دس درہم ہے خواہ وہ ایک ہی شخص کا مال ہو یا مشترک مال ہو۔ امام شافعیؒ کے نزدیک سرقہ کی مقدار ربع دینار ہے اور امام مالکؒ و امام احمدؒ کے نزدیک سرقہ کی مقدار تین درہم ہے اگر چور نے مذکورہ مالیت کی بقدر مال چوری کیا تو اُس کا ہاتھ کاٹا جائے گا ورنہ اُس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاول** ...... وَاِذَا اخْتَلَفَ الشَّفِيْعُ وَالْمُشْتَرِیْ فِي الثَّمَنِ، فَالْقَوْلُ قَوْلُ الْمُشْتَرِیْ، فَاِنْ اَقَامَا الْبَيِّنَةَ فَالْبَيِّنَةُ بَيِّنَةُ الشَّفِيْعِ عِنْدَ اَبِیْ حَنِيْفَةَ وَمُحَمَّدٍ رحمهما الله، وَقَالَ اَبُوْيُوْسُفَ : اَلْبَيِّنَةُ بَيِّنَةُ الْمُشْتَرِیْ، وَاِذَا ادَّعَى الْمُشْتَرِیْ ثَمَنًا اَكْثَرَ وَادَّعَى الْبَائِعُ اَقَلَّ مِنْهُ وَلَمْ يَقْبِضِ الثَّمَنَ اَخَذَهَا الشَّفِيْعُ بِمَا قَالَ الْبَائِعُ وَكَانَ ذٰلِكَ حَطًّا عَنِ الْمُشْتَرِیْ وَاِنْ كَانَ قَبَضَ الثَّمَنَ اَخَذَهَا بِمَا قَالَ الْمُشْتَرِیْ وَلَمْ يَلْتَفِتْ اِلٰى قَوْلِ الْبَائِعِ.

اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ مسائل کی تشریح اور مسئلہ اختلافیہ میں ائمہ کا مدلل اختلاف تحریر کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) مسائل کی تشریح و اختلاف۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفاً۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور جب شفیع اور مشتری کا ثمن میں اختلاف ہو جائے تو مشتری کا قول معتبر ہوگا پس اگر وہ دونوں گواہ قائم کردیں تو طرفینؒ کے نزدیک شفیع کے گواہ معتبر ہوں گے اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ مشتری کے گواہ معتبر ہوں گے۔ اور جب مشتری نے زیادہ ثمن کا دعویٰ کیا اور بائع نے کم ثمن کا دعویٰ کیا اور ابھی بائع نے ثمن پر قبضہ نہیں کیا تھا تو شفیع اُس زمین کو اُس قیمت پر لے لے جو بائع نے بیان کی ہے اور یہ مشتری کے ذمہ سے ثمن کم کرنے کے حکم میں ہوگا۔ اور اگر بائع نے قیمت پر قبضہ کرلیا تو شفیع اُس مکان کو مشتری کے بیان کے مطابق لے لے اور بائع کے بیان کی طرف متوجہ نہ ہو۔

❸ مسائل کی تشریح و اختلاف:۔ اگر شفیع اور مشتری کے درمیان کسی چیز کے ثمن (قیمت) کی کمی بیشی میں اختلاف ہو جائے مثلاً شفیع کہتا ہے کہ تم نے یہ مکان ہزار روپے میں خریدا ہے اور مشتری کہتا ہے کہ میں نے یہ مکان بارہ سو میں خریدا ہے یعنی مشتری شفیع کے قول کا منکر ہے تو اس صورت میں مشتری کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہوگا۔ بشرطیکہ شفیع اپنی بات پر بینہ قائم نہ کرسکے۔

اگر مذکورہ صورت میں شفیع اور مشتری دونوں نے اپنے اپنے دعویٰ پر گواہ قائم کردیئے تو اس صورت میں طرفینؒ کے نزدیک شفیع کے گواہ معتبر ہوں گے جبکہ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک مشتری کے گواہ معتبر ہوں گے۔ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک دونوں کے گواہ غیر معتبر ہوں گے اور صرف مشتری کا قول ہی معتبر ہوگا اور ایک روایت کے مطابق قرعہ اندازی ہونی چاہیے۔ امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ جس کے گواہ زیادہ عادل ہوں گے اُن گواہوں کے مطابق فیصلہ ہوگا ورنہ قسم کے ذریعے فیصلہ کیا جائیگا۔

اگر مشتری اور بائع میں قیمت کے متعلق اختلاف ہوا، مشتری زیادہ قیمت کا دعویدار ہے اور بائع کم قیمت کا دعویدار ہے تو اس صورت میں بائع نے قیمت وصول کی ہوگی یا نہیں، اگر بائع نے قیمت وصول نہیں کی تو اس صورت میں شفیع کے حق میں بائع کا قول معتبر ہوگا لہٰذا شفیع کو چاہیے کہ بائع نے جو قیمت بیان کی ہے وہ قیمت ادا کرکے مکان لے لے اور جو قیمت کم ہوئی ہے وہ مشتری کے ذمہ سے کم کرنے کے حکم میں ہے۔ اور اگر بائع قیمت وصول کرچکا ہے اُس کے بعد بائع اور مشتری میں اختلاف ہوا تو اس صورت میں شفیع مشتری کے بیان کے مطابق قیمت ادا کرکے مکان لے لے اس صورت میں قیمت وصول کرنے کی وجہ سے بائع کی حیثیت ایک اجنبی کی طرح ہے اور اس صورت میں اختلاف صرف شفیع اور مشتری کے درمیان ہے اس لئے بائع کے قول کی طرف بالکل توجہ نہیں کی جائے گی اور وہ غیر معتبر ہوگا۔ جبکہ ائمہ ثلاثہؒ کے نزدیک دونوں صورتوں میں مشتری کا قول ہی معتبر ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**الشق الثانی** ...... وَاِذَا وَهَبَ اِثْنَانِ مِنْ وَاحِدٍ دَارًا جَازَ. وَاِذَا وَهَبَ وَاحِدٌ مِنَ اِثْنَيْنِ لَمْ تَصِحَّ عِنْدَ اَبِیْ حَنِيْفَةَ وَقَالَا رحمهما الله تعالٰى: تَصِحُّ وَاِذَا وَهَبَ لِاَجْنَبِيٍّ هِبَةً فَلَهُ الرُّجُوْعُ فِيْهَا اِلَّا اَنْ يُعَوِّضَهُ عَنْهَا اَوْ يَزِيْدَ زِيَادَةً مُتَّصِلَةً اَوْ يَمُوْتَ اَحَدُ الْمُتَعَاقِدَيْنِ اَوْ يَخْرُجَ الْهِبَةُ مِنْ مِلْكِ الْمَوْهُوْبِ لَهُ وَاِنْ وَهَبَ هِبَةً لِذِیْ رَحْمٍ مَحْرَمٍ مِنْهُ فَلَا رُجُوْعَ فِيْهَا وَكَذٰلِكَ مَا وَهَبَهُ اَحَدُ الزَّوْجَيْنِ لِلْاٰخَرِ.

اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ مسائل کی تشریح اور مسئلہ اختلافیہ میں ائمہ کا مدلل اختلاف تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) مسائل کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اگر دو آدمی ایک مکان کسی ایک شخص کو ہبہ کر دیں تو یہ جائز ہے اور اگر ایک آدمی کوئی مکان دو آدمیوں کو ہبہ کرے تو یہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جائز نہیں ہے اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ یہ جائز ہے۔ اگر کسی نے ایک اجنبی کو کوئی چیز ہبہ کر دی تو اس کو واپس لے لینا جائز ہے مگر یہ کہ موہوب لہ اس کا معاوضہ دیدے یا اس میں ایسی زیادتی کر دے جو متصل ہو یا متعاقدین میں سے کوئی مر جائے یا ہبہ موہوب لہ کی مِلک سے خارج ہو جائے اور اگر کسی نے اپنے ذی رحم محرم کو کوئی چیز ہبہ کی تو اس میں رجوع نہیں ہے۔ اسی طرح وہ چیز جس کو زوجین میں سے ایک دوسرے کو ہبہ کر دے۔

❸ مسائل کی تشریح:۔ اگر دو آدمیوں نے ملکر ایک گھر کسی ایک شخص کو ہبہ کر دیا تو بالاتفاق یہ جائز ہے کیونکہ موہوب لہ کو پورا گھر حوالے کر دیا گیا اور اُس نے مکمل طور پر قبضہ کر لیا اور اس میں کوئی اشتراک نہیں ہے۔

مذکورہ صورت کے برعکس ایک شخص نے اپنا گھر دو آدمیوں کو ہبہ کر دیا تو اِس مسئلہ میں اختلاف ہے۔ امام ابو حنیفہؒ و امام زفرؒ کے نزدیک یہ ہبہ صحیح نہیں ہے جبکہ صاحبینؒ اور ائمہ ثلاثہؒ کے نزدیک یہ ہبہ درست ہے کیونکہ تملیک متحد اور عقد ایک ہی ہے لہٰذا شیوع و اشتراک نہیں رہا جیسا کہ ایک چیز کو دو شخصوں کے پاس رہن رکھنا صحیح ہے۔ امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ واہب نے ہر ایک کو نصف نصف گھر ہبہ کیا ہے اور نصف غیر معین و غیر مقسوم ہے۔ لہٰذا محتمل القسمۃ میں شیوع پایا گیا جو کہ ہبہ کے جواز کے لئے مانع ہے بخلاف رہن کے کہ اُس میں تمام چیز ہر ایک کے دَین کے عوض محبوس ہوگی اس لئے وہ رہن صحیح ہے۔

اگر کسی شخص نے کسی اجنبی کو کوئی چیز ہبہ کی تو اُس کے لئے واپس لینا جائز ہے البتہ حنفیہ کے نزدیک چند اشیاء ایسی ہیں کہ اگر ان میں سے کوئی ایک چیز پائی گئی تو پھر ہبہ میں رجوع جائز نہیں ہے۔

① زیادت متصلہ: یعنی موہوب لہ نے ہبہ میں ایسی زیادتی کر دی جو اس سے علیحدہ نہیں ہو سکتی مثلاً کپڑا تھا، اس نے اس پر کڑھائی کروالی۔ ② موت: یعنی واہب و موہوب لہ میں سے کسی ایک کی موت واقع ہوگئی۔ ③ عوض: یعنی موہوب لہ نے ہبہ کے عوض میں کوئی چیز دیدی۔ ④ خروج عن الملک: یعنی وہ چیز موہوب لہ کی ملک سے بھی نکل گئی مثلاً اس نے آگے کسی اور کو ہبہ کر دی یا فروخت کر دی۔ ⑤ زوجیت: یعنی واہب اور موہوب لہ کی آپس میں شادی ہوگئی تو پھر بھی رجوع جائز نہیں ہے۔ ⑥ قرابت: یعنی واہب اور موہوب لہ میں کوئی اور رشتہ داری و قرابت کا تعلق قائم ہو گیا۔ ⑦ ہلاکت: یعنی وہ موہوبہ چیز ہلاک ہوگئی تو پھر بھی اس میں رجوع جائز نہیں ہے۔ دمعٌ خزقةٌ کے سات حروف سے ان کی طرف بالترتیب اشارہ ہے۔ (تحفۃ الالمعی ج ص ۲۲۲)

# الورقة الثالثة فی الفقه

## السوال الاوّل ۱۴۳۹ھ

**الشق الاوّل** ...... وَإِذَا أَوْجَبَ أَحَدُ الْمُتَعَاقِدَيْنِ الْبَيْعَ فَالْآخَرُ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ قَبِلَ فِي الْمَجْلِسِ وَ إِنْ شَاءَ رَدَّهُ فَأَيُّهُمَا قَامَ مِنَ الْمَجْلِسِ قَبْلَ الْقُبُوْلِ بَطَلَ الْإِيْجَابُ فَإِذَا حَصَلَ الْإِيْجَابُ وَ الْقُبُوْلُ لَزِمَ الْبَيْعُ وَلَا خِيَارَ لِوَاحِدٍ مِنْهُمَا ۔ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ بیع کی لغوی واصطلاحی تعریف اور قرآن مجید سے اسکی مشروعیت کی دلیل ذکر کریں۔ عبارت کی تشریح کر کے بتلائیں کہ کیا "وَلَا خِيَارَ لِوَاحِدٍ مِنْهُمَا" سے تمام خیارات کی نفی مقصود ہے؟

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے ① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ بیع کی لغوی واصطلاحی تعریف اور مشروعیت ④ عبارت کی تشریح اور خیار منفی کی وضاحت۔

**جواب** ...... ① عبارت پر اعراب:۔ کما مر فی السوال آنفًا۔

② عبارت کا ترجمہ:۔ جب متعاقدین میں سے کسی ایک نے ایجاب کیا تو دوسرے کو اختیار ہے اگر چاہے تو مجلس میں قبول کر لے اور اگر چاہے تو رد کر دے، پس ان دونوں میں سے کوئی ایک قبول سے پہلے مجلس سے اٹھ گیا تو ایجاب باطل ہو جائے گا۔ پس جب ایجاب وقبول دونوں حاصل ہو جائیں تو بیع لازم ہو جائے گی اور ان دونوں میں سے کسی کو بھی خیار حاصل نہیں ہوگا۔

③ بیع کی تعریف ومشروعیت:۔ بیع کا لغوی معنی مبادلة الشیئ بالشیئ (شیئ کا شیئ سے تبادلہ کرنا) ہے، خواہ وہ مال ہو یا نہ ہو۔ اصطلاح میں بیع مبادلة المال بالمال بالتراضی بطریق التجارة (باہمی رضامندی سے تجارت کے طور پر مال کا مال سے تبادلہ کرنا) کو کہتے ہیں۔ بیع کی مشروعیت کے متعلق ارشاد باری تعالیٰ ہے وَأَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا (اور اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال اور سود کو حرام قرار دیا ہے)۔

④ عبارت کی تشریح وخیار منفی کی وضاحت:۔ عبارت کا حاصل یہ ہے کہ جب متعاقدین میں سے کسی ایک نے ایجاب کیا تو دوسرے کو مجلس میں اختیار ہے کہ ایجاب کو قبول کرے یا رد کر دے، یعنی دوسرے شخص کو بیع قبول اور رد کرنے کے دونوں اختیار حاصل ہیں۔ اگر ایجاب کے بعد ابھی تک قبول نہیں ہوا تھا کہ متعاقدین میں سے کوئی ایک مجلس سے اٹھ کر چلا گیا تو ایجاب ختم ہو جائے گا یعنی اب کسی دوسری مجلس میں قبول نہیں ہو سکتا۔ اگر ایجاب والی مجلس میں ہی قبول بھی ہو گیا تو بیع مکمل ہو جائے گی اور لازم بھی ہو جائے گی۔ اب متعاقدین میں سے کسی کو خیار مجلس حاصل نہ ہوگا کہ وہ بیع ختم کر دے البتہ خیار عیب اور خیار رؤیت حاصل ہوگا یعنی اگر مبیع میں کوئی عیب ظاہر ہوا یا خریدار نے مبیع کو دیکھا نہیں تھا اور دیکھنے پر اُسے پسند نہیں آئی تو ان دونوں صورتوں میں مشتری کو رد کا خیار حاصل ہوگا۔ گویا عبارت میں صرف خیار مجلس کی نفی کی گئی ہے نہ کہ ہر قسم کے خیار کی۔

**الشق الثانی** ...... اَلرَّهْنُ يَنْعَقِدُ بِالْإِيْجَابِ وَالْقُبُوْلِ وَيَتِمُّ بِالْقَبْضِ فَإِذَا قَبَضَ الْمُرْتَهِنُ الرَّهْنَ مَحُوْزًا مُفَرَّغًا مُمَيَّزًا تَمَّ الْعَقْدُ فِيْهِ وَمَالَمْ يَقْبِضْهُ فَالرَّاهِنُ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ سَلَّمَهُ وَإِنْ شَاءَ رَجَعَ عَنِ الرَّهْنِ فَإِذَا سَلَّمَهُ إِلَيْهِ فَقَبَضَهُ دَخَلَ فِي ضَمَانِهِ وَلَا يَصِحُّ الرَّهْنُ إِلَّا بِدَيْنٍ مَضْمُوْنٍ وَهُوَ مَضْمُوْنٌ بِالْأَقَلِّ مِنْ قِيْمَتِهِ وَمِنَ الدَّيْنِ۔ رہن کی تعریف کریں، عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ اور واضح تشریح کریں، خط کشیدہ قیود کا مطلب وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

﴿ خلاصۂ سوال ﴾...... اس سوال میں پانچ امور حل طلب ہیں (۱) رہن کی تعریف (۲) عبارت پر اعراب (۳) عبارت کا ترجمہ (۴) عبارت کی تشریح (۵) خط کشیدہ قیود کا مطلب۔

جواب ...... ❶ رہن کی تعریف:۔ رہن لغت میں کسی چیز کے روک لینے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں مالی چیز کو کسی حق کے عوض میں روک لینا تاکہ وہ حق وصول ہو سکے اور رہن کا تعقد بھی کیا ہو یعنی ایجاب وقبول کیا ہو۔

❷ عبارت پر اعراب:۔ کملمرّ فی السوال آنفًا۔

❸ عبارت کا ترجمہ:۔ رہن ایجاب وقبول سے منعقد ہو جاتا ہے اور قبضہ سے مکمل ہو جاتا ہے پس جب مرتہن نے رہن پر قبضہ کرلیا اس حال میں کہ وہ تقسیم شدہ ہو، فارغ کردہ ہو، تمیز کردہ ہو تو اب اُس میں عقد مکمل ہو گیا اور جب تک مرتہن رہن پر قبضہ نہ کرلے تو راہن کو اختیار ہے اگر چاہے تو اُس مرہون کو مرتہن کے سپرد کرے اور اگر چاہے تو رہن سے رجوع کرلے، پس جب راہن نے رہن کو مرتہن کے سپرد کر دیا اور مرتہن نے اُس پر قبضہ کرلیا تو اب رہن مرتہن کی ضمان میں داخل ہو گیا، اور رہن صحیح نہیں ہوگا مگر دَینِ مضمون کے عوض اور رہن اپنی قیمت اور دَین میں سے کم کے عوض میں مضمون ہوتا ہے۔

❹ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں رہن کے انعقاد کی صورت کو بیان فرمار ہے ہیں کہ رہن ایجاب وقبول سے منعقد ہوتا ہے مثلاً راہن نے کہا کہ میں نے یہ چیز دَین کے بدلہ میں تیرے پاس رہن رکھی اور مرتہن نے کہا کہ میں نے قبول کیا تو رہن منعقد ہو گیا، اس کے بعد جب راہن نے وہ چیز مرتہن کے حوالہ کر دی اس حال میں کہ وہ چیز علیحدہ تھی، اور راہن کے حق کے ساتھ مشغول بھی نہ تھی اور متقوم تھی مشاع نہ تھی اور مرتہن نے اس پر قبضہ کرلیا تو عقدِ رہن مکمل ہو گیا، اور چیز مرتہن کی ضمان میں داخل ہو گئی، اور جس وقت تک مرتہن نے مرہونہ چیز پر قبضہ نہیں کیا اس وقت تک راہن کو اختیار بھی ہوگا چاہے رہن سپرد کر دے اور چاہے رہن سے رجوع کرے، مگر بعد القبض راہن کو اختیار نہ ہوگا بلکہ وہ چیز مرتہن کی ضمان میں داخل ہو جائے گی۔

اور رہن کے صحیح ہونے کی شرط یہ ہے کہ مرہونہ چیز دَینِ مضمون کے عوض میں ہو اور مرہونہ چیز کی ہلاکت کی صورت میں مرہونہ چیز کی قیمت اور دَین میں سے جس کی مالیت کم ہوگی اُسی کے اعتبار سے مرہونہ چیز کی ضمان لازم ہوگی۔

❺ خط کشیدہ قیود کا مطلب:۔ "ممیزا" کا مطلب یہ ہے کہ مرہونہ چیز غیر مرہون کے ساتھ متصل نہ ہو پیدائشی طور پر۔

"محوزا" کا مطلب یہ ہے کہ مرہونہ چیز متقوم ہو مشاع (مشترک) نہ ہو یعنی جتنی رہن رکھی جارہی ہے ساری سپرد کر دی جائے یہ رہن مشترک سے احتراز ہے۔ "مُفَرَّغًا" کا مطلب یہ ہے کہ راہن کے حق کے ساتھ مشغول نہ ہو۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۹ھ

**الشق الاول**......و من باع بشرط الخيار فلا شفعة للشفيع فان اسقط البائع الخيار وجبت الشفعة وان اشترىٰ بشرط الخيار وجبت الشفعة و من ابتاع دارا شراء فاسدا فلا شفعة فيها و لكل واحد من المتعاقدين الفسخ، فان سقط الفسخ وجبت الشفعة۔

عبارت کا ترجمہ کریں۔ مذکورہ مسائل کی دلیل کے ساتھ وضاحت کریں۔ کیا ہبہ بالعوض میں شفعہ ثابت ہوتا ہے؟

﴿ خلاصۂ سوال ﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے ① عبارت کا ترجمہ ② مسائل کی وضاحت بالدلیل

③ ہبہ بشرط العوض میں ثبوت شفعہ کا حکم۔

**جواب** ...... ① **عبارت کا ترجمہ:۔** کسی شخص نے خیارِ شرط کے ساتھ مکان وغیرہ فروخت کیا تو شفیع کے لیے حق شفعہ نہیں ہے، پس اگر بائع نے خیارِ شرط ساقط کر دیا تو شفعہ ثابت ہو جائے گا۔ اور اگر کسی شخص نے خیارِ شرط کے ساتھ مکان وغیرہ خریدا تو حق شفعہ ثابت ہوگا۔ اور جس شخص نے کوئی مکان بیع فاسد کے ساتھ خریدا تو اس میں بھی شفعہ ثابت نہ ہوگا اور متعاقدین میں سے ہر ایک کو فسخ کا حق حاصل ہوگا پس اگر فسخ کا حق ساقط ہو جائے تو شفعہ ثابت ہو جائے گا۔

② **مسائل کی وضاحت بالدلیل:۔** اس عبارت میں پہلا مسئلہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ کسی شخص نے اپنی کوئی زمین یا مکان وغیرہ خیارِ شرط کے ساتھ فروخت کر دیا تو شفیع کو حق شفعہ حاصل نہیں ہوگا اور اگر بائع نے اپنا خیارِ شرط ساقط کر دیا تو پھر شفیع کو حق شفعہ حاصل ہوگا۔ دلیل یہ ہے کہ جب تک بائع کو خیارِ شرط حاصل ہے اس وقت تک وہ جائیداد اس کی ملک سے خارج نہیں ہوئی، جب جائیداد اس کی ملک سے خارج نہیں ہوئی تو شفعہ کا حق بھی ثابت نہیں ہوگا۔ البتہ جب بائع نے خیارِ شرط ختم کر کے بیع مکمل کر دی تو مبیع اس کی ملک سے نکل گئی لہٰذا اب شفیع کو حق شفعہ حاصل ہوگا۔ اسی طرح اگر مشتری نے اپنے لیے خیارِ شرط رکھا تو پھر بھی شفعہ کا حق ثابت ہوگا، اس لیے کہ بائع کے پاس اختیار نہ ہونے کی وجہ سے مبیع اس کی ملک سے نکل گئی ہے اور اس کی طرف سے بیع مکمل ہے۔

دوسرا مسئلہ یہ بیان کیا ہے کہ کسی نے بیع فاسد کے ذریعے مکان وغیرہ خریدا تو بیع کے فاسد ہونے کی وجہ سے متعاقدین کو چاہیے کہ بیع کو ختم کر دیں اور متعاقدین میں سے ہر ایک کو بیع فسخ کرنے کا حق حاصل ہے، لہٰذا جب تک یہ فسخ کا حق حاصل ہے اس وقت تک بیع مکمل نہ ہونے اور مبیع کے بائع کی ملک سے نہ نکلنے کی وجہ سے شفیع کو حق شفعہ حاصل نہ ہوگا۔ البتہ اگر متعاقدین نے فسخ کا حق ساقط کر دیا اور بیع فاسد کو بحال ہی رکھا اور بیع توڑنے کا امکان ختم ہو گیا تو بیع کے ثابت ہونے کی وجہ سے شفیع کو شفعہ کا حق حاصل ہوگا، کیوں کہ اب یقینی طور پر مبیع بائع کی ملک سے نکل چکی ہے۔

③ **ہبہ بشرط العوض میں ثبوت شفعہ کا حکم:۔** محض ہبہ کی صورت میں شفیع کے لیے حق شفعہ ثابت نہیں ہوتا، البتہ اگر بائع نے ہبہ میں عوض کی شرط لگا دی تو حق شفعہ ثابت ہو جائے گا کیوں کہ عوض کی شرط لگانے کی وجہ سے ہبہ بیع کے حکم میں ہو گیا جیسا کہ بیع میں عوض نہ ہونے کی شرط لگانے سے بیع ہبہ کے حکم میں ہو جاتی ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۹ھ

**الشق الاوّل** ...... درج ذیل سوالات کا ہاں یا نہیں میں جواب دیں۔

① اگر قاتل مقتول کے اولیاء کے ساتھ مال پر صلح کر لے تو کیا قاتل سے پھر بھی قصاص لیا جائے گا؟ (نہیں)

② کیا یہ درست ہے کہ کسی کا ہاتھ کاٹنے سے پوری دیت کا نصف واجب ہوتا ہے۔ (ہاں)

③ کیا مستامن کے مقابلے میں مسلمان سے قصاص لیا جائے گا؟ (نہیں) ④ کیا قتل کی شرعاً چار قسمیں ہیں؟ (نہیں)

⑤ کیا قتل خطا میں دیت عاقلہ پر واجب ہوتی ہے؟ (ہاں) ⑥ کیا یوم نحر سے مراد عید الاضحیٰ کا پہلا دن ہوتا ہے؟ (ہاں)

⑦ کیا جماء اس جانور کو کہتے ہیں جس کی دم کٹی ہوئی ہو؟ (نہیں) ⑧ کیا اہل سواد کیلئے طلوع فجر سے پہلے قربانی کرنا جائز ہے؟ (نہیں)

⑨ کیا شبہ عمد میں قصاص اور کفارہ دونوں واجب ہوتے ہیں؟ (نہیں)

Maktaba Tul Ishaat.com

⑩ کیا قربانی کے وجوب کے لیے آدمی کا آزاد ہونا بھی شرط ہے؟ (ہاں)

⑪ کیا عاقلہ پر دیت کی ادائیگی پانچ سال میں ضروری ہوتی ہے؟ (نہیں)

**جواب** ...... کمامرّ فی السوال آنفا

**الشق الثانی** ...... درج ذیل سوالات کا جواب ہاں یا نہیں میں دیں۔

① کیا اسلحہ جیسی چیز سے کیا جانے والا قتل شبہ عمد کہلاتا ہے؟ (نہیں) ② کیا قتل خطائی القصد اور خطائی الفعل کا ایک ہی حکم ہے؟ (ہاں)

③ کیا ذمی کو قتل کرنے پر مسلمان سے قصاص لیا جائے گا؟ (ہاں) ④ کیا مرتد کو قتل کرنے سے بھی قصاص واجب ہوتا ہے؟ (نہیں)

⑤ کیا قتل کی تمام اقسام میں دیت واجب ہوتی ہے؟ (نہیں) ⑥ کیا حد رجم کیلئے زانی کا محصن ہونا بھی ضروری ہے؟ (ہاں)

⑦ اگر کسی شخص کو بڑا پتھر مار کر قتل کیا جائے تو کیا یہ صاحبین کے نزدیک قتل عمد ہے؟ (ہاں)

⑧ کیا اپنے بیٹے کو قتل کرنے کی وجہ سے باپ کو قتل کیا جائے گا؟ (نہیں)

⑨ جو شخص اہلِ دیوان میں سے نہ ہو تو کیا اس کے عاقلہ اس کا قبیلہ ہوگا؟ (ہاں)

⑩ کیا صلح کی وجہ سے لازم ہونے والے مال کی ادائیگی بھی عاقلہ کے ذمہ ہوگی؟ (نہیں)

⑪ اگر زنا کا اقرار کرنے والا اجراءِ حد سے پہلے رجوع کرلے تو رجوع معتبر ہوگا؟ (ہاں)

**جواب** ...... کما مرّ فی السوال آنفًا۔

# ﴿الورقة الثالثة : فی الفقه﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱٤٤٠ھ

**الشق الاوّل** ...... ومن باع صبرة طعام كل قفيز بدرهم جاز البيع فی قفيز واحد عند ابی حنيفة وبطل فی الباقی الا ان يسمی جملة قفزانها وقال ابويوسف ومحمد يصح فی الوجهين، ومن باع قطيع غنم كل شاة بدرهم فالبيع فاسد فی جميعها وكذلك من باع ثوبا مذارعة كل ذراع بدرهم ولم يسم جملة الذراعان.

بیع کا لغوی اور شرعی معنی ذکر کریں، مذکورہ مسائل کی بے غبار تشریح کریں۔ دوسرے مسئلہ میں بیع کے فاسد ہونے کی وجہ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) بیع کا لغوی و اصطلاحی معنی (۲) مسائل کی تشریح (۳) دوسرے مسئلہ میں بیع کے فاسد ہونے کی وجہ۔

**جواب** ...... ❶ بیع کا لغوی و اصطلاحی معنی:۔ لغوی معنی: مبادلة الشیئ بالشیئ ہے خواہ وہ مال ہو یا نہ ہو۔

اصطلاحی معنی: مبادلة المال بالمال بالتراضی بطريق التجارة کو بیع کہتے ہیں۔

❷ مسائل کی تشریح:۔ کسی شخص نے غلہ کا ایک ڈھیر فروخت کیا کہ ہر ایک قفیز ایک درہم میں ہے تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک بیع صرف ایک قفیز میں جائز ہوگی باقی مقدار میں باطل ہوگی البتہ اسی مجلس عقد میں اس ڈھیری کے تمام قفیزوں کی مقدار کو بیان کردیا جائے تو پورے ڈھیر کی بیع جائز ہوگی اس لئے کہ جب کل کی اضافت ایسی چیز کی جانب کی جائے جس کا منتہی معلوم نہ ہو تو اس کا اطلاق ادنیٰ پر کیا جائے گا اور ادنیٰ کی مقدار ایک عدد ہے اور صاحبین رحمہما اللہ نے کہا کہ دونوں صورتوں میں بیع درست ہے

خواہ تمام قفیزوں کی مقدار بیان کی گئی ہو یا بیان نہ کی گئی ہو۔

"ومن باع قطيع غنم الخ" اس عبارت میں دو مسئلے بیان کئے گئے ہیں ① کسی شخص نے بکریوں کا ریوڑ فروخت کیا کہ ہر ایک بکری ایک درہم کے عوض ہے تو امام صاحب رحمہ اللہ کے نزدیک تمام بکریوں کی بیع فاسد ہے ② کسی نے گزوں کے حساب سے کپڑا فروخت کیا کہ ایک گز ایک درہم کے عوض ہے اور تمام گز بیان نہیں کئے تو بھی بیع فاسد ہے اور صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک دونوں صورتوں میں بیع جائز ہے۔ البتہ اگر بوقتِ عقد کل ریوڑ اور کپڑے کے کل تھان کی مقدار واضح کردی جائے تو بیع بالاتفاق جائز ہو جائیگی۔

② دوسرے مسئلہ میں بیع کے فاسد ہونے کی وجہ:۔ دوسرے مسئلہ میں کسی ایک بکری میں بھی بیع جائز نہیں ہے، کیونکہ بکریوں میں فرق وتفاوت ہوتا ہے بکریاں دُبلی وموٹی ہوتی ہیں، اگر ایک بکری میں بیع جائز ہو تو مشتری موٹی بکری لینا چاہے گا اور بائع کمزور بکری دینے کی کوشش کرے گا، جس سے نزاع کا خطرہ واندیشہ ہے لہٰذا بیع فاسد ہے۔

**الشق الثانی** ......اذا اطلع المشتری علی عیب فی المبیع فھو بالخیار ان شاء اخذ بجمیع الثمن وان شاء ردہ ولیس لہ ان یمسکہ ویاخذ النقصان واذا حدث عند المشتری عیب ثم اطلع علی عیب کان عند البائع فلہ ان یرجع بنقصان العیب ولا یرد المبیع الا ان یرضی البائع ان یاخذہ بعیبہ۔

عبارت کا ترجمہ وتشریح کریں، مشتری بائع سے نقصان کا معاوضہ لیکر معیوب مبیع اپنے پاس رکھ سکتا ہے؟ خیارِ رؤیت، خیارِ شرط اور خیارِ عیب کی مثالوں سے وضاحت کریں۔ تاجروں کے عرف میں عیب کسے کہتے ہیں؟ اور ایسے پانچ عیوب ذکر کریں جو غلام و جاریہ کے حق میں عیب شمار ہوتے ہیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل چھ امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کی تشریح (۳) نقصان کا معاوضہ لینے کی صورت میں مبیع کا حکم (۴) خیارِ رؤیت، خیارِ شرط وخیارِ عیب کی مثالوں سے وضاحت (۵) عیب کی تعریف اور غلام وجاریہ کے عیوب۔

**جواب** ...... ① عبارت کا ترجمہ:۔ جب مطلع ہو مشتری مبیع میں عیب پر تو اسے خیار ہے اگر چاہے تو لے اسے پورے ثمن کے ساتھ اور اگر چاہے تو اسے رد کردے۔ اور مشتری کیلئے مبیع کو روکنا اور نقصان لینا جائز نہیں ہے، اور جب مشتری کے پاس عیب پیدا ہو گیا اور پھر وہ ایسے عیب پر مطلع ہوا جو بائع کے پاس تھا تو اس کے لئے عیب کے نقصان کے ساتھ رجوع کرنا جائز ہے، اور مبیع رد کرنا جائز نہیں ہے، مگر یہ کہ بائع اس کو عیب کے باوجود لینے پر راضی ہو جائے۔

② عبارت کی تشریح:۔ بیع کے وقت مشتری کو عیب کا علم نہ ہوا، قبضہ کرنے کے بعد مشتری مبیع کے اندر کسی عیب پر مطلع ہوا تو مشتری کو اختیار ہے اگر چاہے تو اس مبیع کو پورے ثمن کے عوض خریدے اور اگر چاہے تو مبیع کو واپس کردے البتہ مشتری کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ عیب دار مبیع کو روک کر بائع سے ثمن کی وہ مقدار وصول کرے جو عیب کی بنیاد پر کم ہو گئی ہے۔

ایک شخص نے ایک عیب دار چیز خریدی خریدار کو خریدتے وقت اس عیب کا علم نہیں تھا اب خریدار کے قبضہ میں رہ کر مبیع کے اندر ایک اور عیب پیدا ہو گیا اس کے بعد وہ عیب سامنے آیا جو مبیع میں بائع کے قبضہ میں رہ کر پیدا ہوا تھا تو اس صورت میں مشتری سامان کو واپس کرنے کا اختیار نہیں رکھتا البتہ اس کو اتنا اختیار ہے کہ مبیع میں موجود عیب سابق کی وجہ سے ثمن میں جو نقصان لاحق ہوا ہے اس کو بائع سے وصول کرے لیکن اگر بائع اس عیب دار مبیع کو لینے پر از خود راضی ہے تو یہ اس کا اپنا اختیار ہے اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

③ نقصان کا معاوضہ لینے کی صورت میں مبیع کا حکم:۔ مشتری نے مبیع کے اندر عیب پایا تو مشتری نقصان کا معاوضہ لیکر مبیع اپنے پاس نہیں رکھ سکتا، بلکہ چاہے تو پورے ثمن دے کر مبیع رکھ لے۔ چاہے تو پوری مبیع واپس کردے۔

④ خیار رؤیت، خیار شرط و خیار عیب کی مثالوں سے وضاحت:۔ خیار رؤیت وہ خیار ہے جو مشتری کو مبیع دیکھنے کے بعد حاصل ہو جیسے عبدنے سائیکل بیچا اور بکر نے بلا دیکھے خریدلیا بعد میں اس نے اسے دیکھا تو کسی وجہ سے اسے پسند نہ آیا تو اسے خیار ہے کہ مبیع واپس کردے۔

خیار شرط: وہ خیار ہے جو بائع یا مشتری کو شرط لگانے کی وجہ سے حاصل ہو مثلاً زید نے بکر سے گھڑی خریدلی اور شرط لگادی کہ مجھے خیار حاصل ہوگا اگر میرے گھر والوں کو پسند آگئی تو ٹھیک ہے ورنہ کل تک میں تمہیں واپس کردوں گا۔ مجھے واپسی کا خیار ہے۔

خیار عیب: وہ خیار ہے جو مشتری کو عیب کی وجہ سے حاصل ہو مثلاً زید نے خالد سے ایک غلام (بکر) خریدا، جب بعد میں اسے گھر لے آیا تو کچھ ایام کے بعد وہ بھاگ گیا تو یہ بھاگنا عیب ہے لہٰذا زید کو خیار عیب حاصل ہے کہ اس کی وجہ سے غلام واپس کردے۔

⑤ تاجروں کے عرف میں عیب کی تعریف:۔ عیب ہر وہ چیز ہے جس سے شیئ کی اصل فطرت سلیمہ خالی ہو اور اس کی وجہ سے وہ شیئ ناقص شمار ہو اور تاجروں کے عرف میں عیب ہر وہ نقص ہے جس کی وجہ سے مبیع کی قیمت کم ہو جائے۔

غلام کا بھگوڑا اور چور ہونا عیب ہے۔ جاریہ کے منہ یا بغل سے بدبو آنا، اس کا زانیہ یا حرامیہ ہونا عیب ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱٤٤٠ھ

**الشق الاوّل** ......و ان استاجرها ليركبها فأردف معه رجلا آخر فعطبت ضمن نصف قيمتها ان كانت الدابة تطيقهما ولا يعتبر بالثقل و ان استاجرها ليحمل عليها مقدارا من الحنطة فحمل عليها أكثر منه فعطبت ضمن ما زاد من الثقل و ان كبح الدابة بلجامها أو ضربها فعطبت ضمن عند أبي حنيفة و قال أبو يوسف و محمد: لا يضمن. عبارت کا ترجمہ اور تشریح کرکے اختلافی مسئلہ میں ائمہ کا مدلل اختلاف ذکر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے ① عبارت کا ترجمہ ② عبارت کی تشریح واختلاف۔

**جواب** ...... ① عبارت کا ترجمہ:۔ اگر کسی شخص نے جانور کرایہ پر لیا تا کہ اس پر سوار ہو پھر اس نے اپنے ساتھ دوسرے شخص کو پیچھے بٹھالیا اور وہ جانور ہلاک ہو گیا تو مستاجر اس کی نصف قیمت کا ضامن ہوگا بشرطیکہ جانور اسکی طاقت رکھتا ہو، اور اس میں وزن کا اعتبار نہ کیا جائے گا۔ اگر کسی شخص نے جانور کرایہ پر لیا تا کہ اس پر گندم (کی ایک مخصوص مقدار) لادے، پس اس نے اس مقدار سے زیادہ گندم لاد دی اور وہ جانور ہلاک ہو گیا تو مستاجر زائد مقدار بوجھ کا ضامن ہوگا۔ اور اگر جانور کی لگام کو سختی سے کھینچا یا اس کو مارا اور وہ مر گیا تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مستاجر ضامن ہوگا اور صاحبین رحمہما اللہ نے فرمایا کہ وہ ضامن نہ ہوگا۔

② عبارت کی تشریح واختلاف کی وضاحت:۔ کسی شخص نے اپنی سواری کیلئے جانور کرایہ پر لیا پھر خلاف عقد اس نے اپنے ساتھ دوسرے شخص کو پیچھے بٹھالیا جس کے نتیجہ میں وہ جانور ہلاک ہو گیا تو مستاجر اس کی نصف قیمت کا ضامن ہوگا بشرطیکہ جانور اسکی طاقت رکھتا ہو، اور اس میں وزن کا اعتبار نہ کیا جائے گا، خواہ وزن کم ہو یا زیادہ ہو، کیونکہ بسا اوقات کم وزن والا انسان گھوڑ سواری نہ جاننے کی وجہ سے جانور کیلئے زیادہ اذیت کا باعث ہوتا ہے۔ مذکورہ صورت میں اگر جانور میں دوسرے فرد کو اُٹھانے کی طاقت ہی نہ ہو اور وہ جانور ہلاک ہو گیا تو مستاجر اس کی کُل قیمت کا ضامن ہوگا۔

اگر کسی شخص نے کوئی جانور کرایہ پر لیا اور مالک سے کہا کہ میں اس پر مثلاً دس من گندم لادوں گا، مگر اس نے دس کی جگہ بارہ من گندم لاد دی اور اس کے نتیجے میں وہ جانور ہلاک ہو گیا تو مستاجر پر اسی زائد حصے (چھٹے حصے) کی ضمان لازم ہوگی بشرطیکہ اس جانور میں اس زائد بوجھ اٹھانے کی طاقت بھی ہو، اور اگر اس میں اس بوجھ کو اٹھانے کی طاقت ہی نہ تھی اور مستاجر نے پھر بھی وہ بوجھ اس پر لادا یا تو ہلاک ہونے کی صورت میں پوری قیمت کا ضامن ہوگا۔

تیسرا مسئلہ یہ ذکر کیا ہے کہ مستاجر نے جانور کرایہ پر لیا اور پھر چلاتے وقت اسکی لگام کو زور سے کھینچا، یا جانور کو مارا پیٹا اور وہ ہلاک ہو گیا تو امام صاحبؒ کے ہاں اس پر ضمان لازم ہوگی اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ اس پر ضمان لازم نہیں ہوگی۔ امام صاحبؒ کی دلیل یہ ہے کہ مستاجر کو لگام کھینچنے اور مارنے کی اجازت تھی مگر اس میں احتیاط بھی لازم تھی، جانور کے ہلاک ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس نے احتیاط سے کام نہیں لیا اسلئے اس پر ضمان لازم ہے۔ صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ لگام کو کھینچے بغیر تو جانور کو کنٹرول نہیں کیا جا سکتا اور یہ اس کا ذاتی حق ہے اسلئے اگر لگام کھینچنے یا مارنے سے ہلاک ہو گیا تو تعدی نہیں ہے لہٰذا مستاجر پر ضمان لازم نہ ہوگی۔ (اشرف الہدایہ)

**الشق الثانی** ...... وَإِذَا دَفَعَ الْوَكِيلُ بِالشِّرَاءِ الثَّمَنَ مِنْ مَالِهِ وَقَبَضَ الْمَبِيعَ فَلَهُ أَنْ يَرْجِعَ بِهِ عَلَى الْمُوَكِّلِ فَإِنْ هَلَكَ الْمَبِيعُ فِي يَدِهِ قَبْلَ حَبْسِهِ هَلَكَ مِنْ مَالِ الْمُوَكِّلِ وَلَمْ يَسْقُطِ الثَّمَنُ وَلَهُ أَنْ يَحْبِسَ حَتَّى يَسْتَوْفِيَ الثَّمَنَ فَإِنْ حَبَسَهُ فَهَلَكَ فِي يَدِهِ كَانَ مَضْمُونًا ضَمَانَ الرَّهْنِ عِنْدَ أَبِي يُوسُفَؒ وَضَمَانَ الْبَيْعِ عِنْدَ مُحَمَّدٍؒ۔

عبارت پر اعراب لگائیں، مذکورہ مسائل کی وضاحت کریں اور اختلاف کو بھی واضح کریں، وکالہ کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں نیز یہ بتائیں کہ وکالت کن چیزوں میں درست نہیں۔ ضمانِ رہن وضمانِ بیع سے کیا مراد ہے؟ واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) مسائل کی وضاحت (۳) وکالہ کا لغوی اور اصطلاحی معنی (۴) وکالت کن چیزوں میں درست نہیں (۵) ضمانِ رہن وضمانِ بیع کی مراد۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ مسائل کی وضاحت:۔ اگر کسی شخص کو سامان کی خریداری کا وکیل بنایا گیا اور وکیل نے اپنے پاس سے سامان کے ثمن ادا کر دیئے یا وکیل نے ادھار پر سامان لے لیا کہ مؤکل سے پیسے وصول کر کے ادائیگی کر دے گا تو اس صورت میں احناف کے نزدیک وکیل رقم کی وصولی کے لئے مبیع کو روک سکتا ہے جبکہ امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ وکیل کو مبیع روکنے کا اختیار نہیں ہے۔

وکیل نے مبیع خریدنے کے بعد اُسے اپنے پاس روکا نہیں تھا ویسے ہی اُس کے پاس وہ ہلاک ہو گئی تو یہ ہلاکت مؤکل کے مال سے سمجھی جائے گی اور اُس پر ثمن کی ادائیگی لازم ہوگی کیونکہ وکیل کا قبضہ گویا مؤکل کا قبضہ ہے۔

احنافؒ کے نزدیک جب وکیل کو مبیع روکنے کا اختیار حاصل تھا اور وکیل نے ثمن کی وصولی کے لئے اُس مبیع کو اپنے پاس روکا اور پھر وہ مبیع وکیل کے قبضہ میں ہلاک ہو گئی تو طرفینؒ کے نزدیک وکیل ضمانِ مبیع کے حکم کے مطابق ضامن ہوگا اور مبیع مضمون ہوگی یعنی مؤکل کی ذمہ سے ثمن ساقط ہو جائیگے کیونکہ اس مسئلہ میں وکیل بائع کی طرح ہے، تو جب وکیل نے ثمن کی وصولی کیلئے مبیع کو روکا اور وہ ہلاک ہو گئی تو جیسے بائع کے روکنے کی صورت میں ثمن ساقط ہو جاتے ہیں اسی طرح وکیل کے روکنے سے بھی ثمن ساقط ہو جائینگے۔

امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ ضمانِ رہن کے حکم کے مطابق وکیل ضامن ہوگا اور مبیع مضمون ہوگی اور رہن کا حکم یہ ہے کہ اگر وہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ہلاک ہو جائے اور ثمن قیمت سے زائد ہو تو وکیل زائد مقدار مؤکل سے وصول کرتا ہے۔

③ وکالہ کا لغوی اور اصطلاحی معنی:۔ وکالہ کا لغوی معنی حفاظت ہے اور اصطلاح میں هو اقامة الانسان غیره مقام نفسه فی تصرف معلوم (آدمی کا کسی دوسرے شخص کو کسی خاص تصرف کے لئے اپنے قائم مقام بنانا)۔

④ وکالت کن چیزوں میں درست نہیں:۔ ہر وہ معاملہ جو آدمی خود انجام دے سکتا ہے اس کے لئے وکیل بھی بنا سکتا ہے گویا حقوق العباد میں کلی طور پر اثبات ومخاصمت کے لئے وکیل بنانا جائز ہے اور حقوق کی وصولی کے لئے بھی وکیل بنانا جائز ہے البتہ حدود وقصاص کے حصول میں وکالت درست نہیں ہے۔ اسی طرح وہ تمام معاملات جو آدمی خود نہیں کر سکتا اس کیلئے وکیل بھی نہیں بنا سکتا۔

⑤ ضمانِ رہن وضمانِ بیع کی مراد:۔ ضمانِ رہن کا مطلب یہ ہے کہ اگر مرتہن کے پاس مرہونہ چیز ہلاک ہو جائے تو دیکھا جائے گا کہ مرہونہ چیز کی قیمت کتنی تھی اور راہن کے ذمہ قرض کتنا تھا، قرض کی بقدر قیمت ساقط ہو جائے گی اور زائد قیمت کی امانت ہونے کی وجہ سے ضمان لازم نہ ہوگی۔ (گویا ضمانِ رہن امانت ہونے کی وجہ سے لازم نہیں ہوتی)۔

ضمانِ مبیع کا مطلب یہ ہے کہ اگر بائع کے پاس مبیع ہلاک ہو جائے تو مشتری کے ذمہ سے ثمن ساقط ہو جائیں گے، خواہ مبیع کی قیمت ثمن سے کم ہو یا زیادہ ہو۔ (انوار القدوری ص۱۵٦ ج۲)

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱٤٤٠ھ

**الشق الاول** ...... معروضی سوالات کا ہاں یا نہیں میں جواب دیں۔

① کیا شبہ عمد میں قاتل سے قصاص لینا جائز ہے؟ (نہیں)
② کیا مسلمان وذمی کی دیت برابر ہے؟ (ہاں)
③ کیا قتل خطاء میں کفارہ قاتل کے عاقلہ پر ہوتا ہے؟ (نہیں)
④ بنت مخاض اونٹ کا وہ بچہ جو دوسرے سال میں ہو؟ (ہاں)
⑤ کیا دراہم ودینار سے دیت ادا کرنے میں احناف کا اختلاف ہے؟ (نہیں)

**جواب** ...... معروضی سوالات کا جواب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

**الشق الثانی** ...... معروضی سوالات کا ہاں یا نہیں میں جواب دیں۔

① کیا حلتِ صید کیلئے کلب معلم کا شکار کو زخمی کرنا ضروری ہے؟ (ہاں)
② کیا مجوسی کا کیا ہوا شکار کھانا حلال ہے؟ (نہیں)
③ کیا غیر ماکول اللحم جانوروں کا شکار کرنا جائز ہے؟ (ہاں)
④ کیا تارک التسمیہ عمداً کا ذبیحہ حلال ہے؟ (نہیں)
⑤ کلب معلم شکار میں سے کچھ کھالے تب بھی شکار حلال ہوگا؟ (نہیں)
⑥ کیا از روئے قرآن اہل کتاب کا ذبیحہ حرام ہے؟ (نہیں)

**جواب** ...... معروضی سوالات کا جواب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

## ﴿بسم الله و الصلوٰة و السلام علی رسول الله﴾

# الورقة الرابعة

# اصولِ فقہ و میراث

نور الانوار (سنت واجماع)، آسان فرائض، سراجی
(ابتداء تا باب الرد)

Maktaba Tul Ishaat.com

## ﴿الورقة الرابعة فی اصول الفقه و الفرائض﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ﴿نور الانوار﴾ ۱۴۳۳ھ

**الشق الاول** ...... بیان تبدیل...... وهو النسخ فی اللغة......(ص۲۱۹۔رحمانیہ)

نسخ کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کرنے کے بعد جواز نسخ کی دلیل ذکر کریں۔منسوخ من الکتاب کی اقسام اربعہ مع امثلہ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور کا حل مطلوب ہے (۱) نسخ کا لغوی و اصطلاحی معنی (۲) جواز نسخ کی دلیل (۳) منسوخ من الکتاب کی اقسام اربعہ مع امثلہ۔

**جواب** ...... ① **نسخ کا لغوی و اصطلاحی معنی:۔** نسخ کا لغوی معنی نقل و تحویل اور رفع و ازالہ ہے جیسے نَسَخَ الْكِتَابَ (اس نے کتاب نقل کی) اور نَسَخَتِ الشَّمْسُ الظِّلَّ (سورج نے سایہ کو زائل کردیا)۔

اصطلاح میں نسخ کا معنی حکم کی تبدیلی ہے، خواہ یہ تبدیلی پہلے حکم کو بالکل ختم کر کے اس کی جگہ دوسرا حکم لانے کی صورت میں ہو یا کسی سابقہ مطلق و عام حکم میں کوئی قید یا شرط بڑھانے کی صورت میں ہو، یہ متقدمین کے نزدیک ہے اور متاخرین کے نزدیک نسخ وہ تبدیلی ہے جس میں پہلے حکم کے ساتھ دوسرے حکم کی کسی بھی طرح تطبیق نہ ہو سکے۔

② **جواز نسخ کی دلیل:۔** نسخ کے جواز کی پہلی دلیل یہ آیت کریمہ ہے مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ کہ جب ہم کسی آیت کو نسخ کرتے ہیں یا ذہنوں سے بھلاتے ہیں تو اس آیت سے بہتر دوسری آیت و حکم لے آتے ہیں۔دوسری دلیل عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِنَّ اَحَادِيْثَنَا يَنْسَخُ بَعْضُهَا بَعْضًا كَنَسْخِ الْقُرْاٰنِ۔

③ **منسوخ من الکتاب کی اقسام اربعہ مع امثلہ:۔** منسوخ من الکتاب کی چار اقسام ہیں۔① منسوخ التلاوة والحکم جمیعا: کہ تلاوت و حکم دونوں منسوخ ہوں جیسے سورۃ الاحزاب کے متعلق روایت کیا گیا ہے کہ یہ سورۃ البقرۃ کے برابر تھی اب صرف ستر آیات باقی رہ گئی ہیں حکم و آیات سب کچھ منسوخ ہے۔② منسوخ التلاوة دون الحکم: کہ صرف تلاوت منسوخ ہو حکم باقی ہو جیسے الشیخ والشیخة اذا زنیا فارجموهما نکالا من الله، اس آیت کی تلاوت تو منسوخ ہوگئی ہے مگر حکم اب بھی باقی ہے۔③ منسوخ الحکم دون التلاوة: کہ حکم منسوخ ہوگیا ہو مگر تلاوت باقی ہو جیسے لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ اس قسم کی آیات صلح و تخییر کا حکم آیات قتال کے ذریعہ منسوخ ہے مگر تلاوت باقی ہے۔④ نسخ و صف الحکم: کہ آیت کا اصل حکم تو باقی رہے مگر حکم عام اور حکم مطلق کو منسوخ کردیا گیا ہو مثلاً عاشورہ کا روزہ فرضیت رمضان سے قبل فرض تھا اور فرضیت رمضان کے بعد اس کی فرضیت ختم ہوگئی مگر جواز و سنیت باقی ہے۔

**الشق الثانی** ...... والوحی نوعان: ظاهر و باطن، فالظاهر ثلاثة أنواع......(ص۲۲۵۔رحمانیہ)

وحی اور اس کی قسموں کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔وحی کا اطلاق اپنی دو قسموں وحی ظاہر اور باطن پر حقیقت اور مجاز کے طور پر ہے یا اشتراک کے طور پر؟ حضور اکرم ﷺ اور ائمہ مجتہدین کے اجتہاد میں فرق بیان کرتے ہوئے بتلائیں کہ رسول اللہ ﷺ کے اجتہاد سے ظاہر ہونے والے شرعی حکم کا کیا رتبہ ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) وحی اور اس کی اقسام کی تعریف مع امثلہ (۲) وحی کا اطلاق ظاہر و باطن پر حقیقت و مجاز یا اشتراک کے قبیل سے؟ (۳) حضور ﷺ کے اجتہاد اور ائمہ مجتہدین رحمہم اللہ کے اجتہاد میں فرق (۴) حضور ﷺ

کے اجتہاد سے ظاہر ہونے والے شرعی حکم کا رُتبہ۔

**جواب** ..... ❶ **وحی اور اس کی اقسام کی تعریف مع امثلہ:۔** وحی کا لغوی معنی **الاعلام فی خفاء** (چپکے سے بتادینا) ہے اور اصطلاح میں **الوحی هو اعلام من الله تعالٰی لنبیه** ﷺ یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے نبی کو اطلاع کرنا اور بتانا وحی ہے۔ خواہ فرشتہ کے ذریعہ ہو یا کسی اور ذریعہ سے۔ وحی کی ابتداءً دو قسمیں ہیں ① ظاہر ② باطن۔ پھر ظاہر کی تین اقسام ہیں، تو اس لحاظ سے وحی کی چار قسمیں ہوئیں ہر ایک قسم کی تعریف مع المثال یہ ہے۔

① وہ حکم جو فرشتہ (جبرائیل علیہ السلام) کی زبان سے ثابت ہو اور رسول اللہ ﷺ نے اسے وحی لانے والے فرشتہ کا یقینی علم ہونے کے بعد سنا ہو جیسے قرآن مجید کی آیات **کما قال الله تعالٰی قل نزله روح القدس من ربك الخ** ② وہ حکم جو فرشتہ کے اشارہ سے کلام کئے بغیر آپ ﷺ کیلئے ثابت ہو جیسے نبی علیہ السلام نے فرمایا **ان روح القدس نفث فی روعی** ③ وہ حکم جو الہام کے ذریعے آپ ﷺ کے قلب اطہر پر ظاہر ہو بایں طور کہ آپ ﷺ اس کو اپنے اس نور سے دیکھ لیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کے پاس ہے اس کو الہام کہتے ہیں ④ وحی کی چوتھی قسم وحی باطن ہے وحی باطن وہ ہے جو احکام منصوصہ میں تامل کے ساتھ اجتہاد کے ذریعے حاصل ہو۔ بایں صورت کہ حکم منصوص میں سے کسی علت کا استنباط ہو اور اس پر اس شی کو قیاس کیا جائے جس کا حال معلوم نہیں ہے۔

❷ **کلمۂ وحی کا اطلاق ظاہر و باطن پر حقیقت و مجاز یا اشتراک کے قبیل سے ہے:۔** کلمہ وحی کا ظاہر و باطن (وحی کی دو اقسام) پر اطلاق حقیقت و مجاز کے قبیل سے بھی ہے کہ ظاہر وحی کی حقیقت اور باطن اس کا مجاز ہے اور یہ اشتراک کے قبیل سے بھی ہے یعنی لفظ وحی مشترک ہے ظاہر اور باطن کے معنی میں یعنی وحی کا معنی ظاہر اور باطن یہ دونوں حقیقت ہیں۔

❸ **حضور ﷺ کے اجتہاد اور ائمہ مجتہدینؒ کے اجتہاد میں فرق:۔** حضور ﷺ کے اجتہاد اور ائمہ مجتہدینؒ کے اجتہاد میں فرق یہ ہے کہ اگر آپ ﷺ سے کسی حادثہ میں خطاء واقع ہو جائے تو خطاء پر تنبیہ کے لئے وحی نازل ہوتی ہے۔ اور خطاء برقرار نہیں رہتی بخلاف ائمہ مجتہدینؒ کے کہ اگر ان سے کسی حادثہ کے حکم میں خطاء واقع ہو جائے تو وہ برقرار رہتی ہے۔

❹ **حضور ﷺ کے اجتہاد سے ظاہر ہونے والے شرعی حکم کا رتبہ:۔** حضور ﷺ کے اجتہاد سے ظاہر ہونے والا شرعی حکم حجت قطعیہ ہے اور اقسام وحی میں داخل ہے اور اس کی مخالفت حرام ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۳ھ

**الشق الاوّل** ...... **الراوی ان عرف بالفقه والتقدم فی الاجتهاد کالخلفاء الراشدینؓ والعبادلة کان حدیثه حجة یترک به القیاس خلافا لمالك فانه قال القیاس مقدم علی خبر الواحد ان خالفه.** (ص۱۹۰۔ رحمانیہ)

عبارت کی وضاحت کریں۔ عبادلة سے کون کون مراد ہیں واضح کریں۔ اختلاف کو مدلل بیان فرمائیں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت کی وضاحت (۲) عبادلہ کا مصداق (۳) ائمہ کا اختلاف مع الدلائل۔

**جواب** ...... ❶ **عبارت مذکورہ کی وضاحت:۔** مصنفؒ فرماتے ہیں کہ اگر خبر واحد کا راوی معروف بالفقہ ہے اور درجہ اجتہاد میں سب سے مقدم ہے تو ایسی خبر واحد حجت ہوگی اگر ایسی حدیث کا قیاس سے معارضہ ہو گیا تو قیاس کو چھوڑ دیا جائے گا اور خبر واحد پر عمل کیا جائے گا لیکن امام مالکؒ اس مسئلہ میں اختلاف کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس صورت میں خبر واحد کو چھوڑ دیا جائے گا

Maktaba Tul Ishaat.com

اور قیاس پر عمل کیا جائے گا۔ اس کی مثال حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت من حمل جنازۃ فلیتوضا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس حدیث کو قیاس سے رد فرمایا چنانچہ ارشاد فرمایا کہ کیا دو خشک لکڑیاں اٹھانے سے ہمیں وضو لازم ہوتا ہے؟ تو معلوم ہوا کہ خبر واحد اگر قیاس کے مخالف ہو جائے تو خبر واحد کو چھوڑ دیں گے اور قیاس پر عمل کریں گے۔

② عبادلہ کا مصداق:۔ عبادلہ یہ عبدل کی جمع ہے اس سے مراد حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم اور بعض کے نزدیک حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بھی ہیں۔

③ ائمہ کا اختلاف مع الدلائل:۔ اگر راوی فقیہ ہے اور اجتہادی صلاحیت کی وجہ سے اس کو حق تقدم حاصل ہے تو اس کی روایت کردہ حدیث حجت ہے اور اس کے خلاف اگر قیاس ہوگا تو قیاس کو ترک کر دیا جائے گا۔ حضرت امام مالکؒ کے نزدیک اگر قیاس خبر واحد کے خلاف ہو تو خبر واحد سے قیاس مقدم ہے، دلیل یہ روایت ہے ان ابا هريرة الخ (ترجمہ) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ روایت بیان کی کہ من حمل جنازة فليتوضأ (جو شخص جنازہ اٹھائے وہ وضو کرے)۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس روایت کو سن کر یہ ارشاد فرمایا ایلزمنا الوضوء الخ کیا ہم پر وضو لازم ہو جائے گا دو خشک لکڑیوں کے اٹھانے کی وجہ سے؟۔ احناف کی جانب سے اس کا جواب دیا گیا کہ خبر واحد اپنی اصل کے ساتھ تو یقینی ہے کہ آپ ﷺ کا فرمان ہے اور خبر واحد میں جو شبہ ہے وہ نفس خبر میں نہیں بلکہ اس کے طریق وصول میں ہے بخلاف قیاس کے کہ وہ اپنی اصل سے ہی مشکوک ہے اور اپنی صفت کے اعتبار سے بھی (ممکن ہے کہ مجتہد سے قیاس کرنے میں نسیان چوک وغیرہ ہو گئی ہو) اور جب قیاس میں اس قدر ضعف ہے تو وہ خبر واحد کے ساتھ کسی بھی وقت مقابلہ نہیں کر سکتا ہے بلکہ خبر واحد کو قیاس کے مقابلہ میں راجح قرار دیا جائے گا۔

## ﴿سراجی﴾

**الشق الثانی** ...... انكر احوال الاخت العينية والزوج والزوجة والبنت وبنت الابن. (ص ۱۶،۱۷، امدادیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں فقط مذکورہ ورثاء کے احوال مطلوب ہیں۔

**جواب** ...... مذکورہ ورثاء کے احوال:۔ اُختِ عینی کے احوال: اخت عینیہ کے پانچ حال ہیں۔ ① ایک بہن ہو تو وہ نصف کی حقدار ہے۔ ② دو یا زائد بہنیں ہوں تو وہ ثلثین کی حقدار ہیں۔ ③ حقیقی بھائی کے ذریعہ حقیقی بہن عصبہ بن کر بھائی کی نصف مقدار کی مستحق ہوتی ہے۔ ④ میت کی بیٹیوں اور پوتیوں کے ساتھ میت کی بہنیں عصبہ بن جاتی ہیں یعنی میت کی بیٹی اور پوتی کو حصہ دینے کے بعد جو بچے گا وہ بہنوں میں تقسیم ہوگا۔ ⑤ میت کا باپ یا بیٹا یا پوتا ہو تو پھر یہ بہنیں بالاتفاق محروم ہیں اور اگر میت کا دادا ہے تو امام صاحب کے نزدیک اب بھی بہنیں محروم ہوں گی۔

زوج کے احوال: زوج کی دو حالتیں ہیں۔ ① زوجہ میتہ کی اولاد یا بیٹے کی اولاد زندہ نہ رہنے کی صورت میں زوج نصف ترکہ کا حقدار ہوتا ہے ② زوجہ میتہ کی اولاد یا اس کے بیٹے کی اولاد زندہ رہنے کی صورت میں زوج چوتھائی ترکہ کا حقدار ہوتا ہے۔

زوجہ کے احوال: زوجہ کے دو احوال ہیں۔ ① میت کی اولاد اور اس کے بیٹے کی اولاد نہ ہو تو پھر زوجہ کیلئے ربع ہے ② میت کی اولاد یا اس کے بیٹے کی اولاد ہو تو زوجہ کے لئے ثمن ہے۔

بنت کے احوال: بیٹیوں کی تین حالتیں ہیں۔ ① صرف ایک بیٹی کیلئے ترکہ کا نصف ہے ② دو یا زیادہ بیٹیوں کے لئے

ترکہ کے دو تہائی ہیں ③ بیٹی کے ساتھ بیٹا بھی ہو تو مرد کے واسطے دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہے اور بیٹا بیٹیوں کو عصبہ بنا دیتا ہے۔

بنت الابن کے احوال: پوتیوں کی چھ حالتیں ہیں۔ ① پوتی کیلئے ترکہ کا نصف ہے جب بیٹی نہ ہو ② دو پوتیاں یا زیادہ کیلئے ترکہ کی دو تہائی ہیں جبکہ بیٹی نہ ہو ③ ایک بیٹی کے ساتھ پوتیوں کیلئے ترکہ کا چھٹا حصہ ہے دو تہائی کو پورا کرنے کیلئے ④ دو بیٹیوں کے ساتھ پوتیاں وارث نہیں ہوتی ⑤ ان پوتیوں کے برابر یا ان سے نیچے کوئی پوتا یا پڑپوتا ہو تو وہ پوتیوں کو عصبہ بنا دیتا ہے اور جو ترکہ باقی بچے وہ ان کے درمیان مرد کیلئے دو عورتوں کے حصے کے برابر والے ضابطہ پر منقسم ہوگا ⑥ میت کے بیٹے کے ذریعے پوتیاں ساقط ہو جاتی ہیں۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۳ھ

**الشق الاوّل**......عرف الردّ والعول لغةً و اصطلاحًا۔ عين الذين يرد عليهم والذين لا يرد عليهم و وضح ذالك بالمثال. (ص۴۳۔امدادیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں (۱) ردّ و عول کا لغوی و اصطلاحی معنی (۲) ردّ اور عدم ردّ والے ورثاء کی تعیین مع امثلہ۔

**جواب**...... ① <u>ردّ و عول کا لغوی و اصطلاحی معنی:</u>۔ ردّ کا لغوی معنی لوٹانا ہے اور اصطلاح میں ردّ عول کی ضد ہے کہ وہ مال جو ذوی الفروض سے بچ جائے اس کا کوئی اور مستحق نہ ہو تو اس مال کو دوبارہ ذوی الفروض پر ان کے حقوق کے مطابق لوٹانا رد ہے، بالفاظِ دیگر رؤس کم ہوں اور فروض و سہام بڑھ جائیں تو ان فروض کو رؤس پر لوٹانا اور تقسیم کرنا رد ہے۔

عول کا لغوی معنی زیادتی اور غلبہ ہے اور اصطلاح میں وہ اعداد جن کے ذریعہ ورثاء کے حصے معلوم ہوں ان کو مخرج کہتے ہیں، اگر مخرج حصوں سے تنگ ہو جائے یعنی عدد چھوٹا ہو اور ورثاء کے حصے زیادہ ہوں تو پھر مخرج (عدد) میں زیادتی کی جاتی ہے یعنی ایک ایسا عدد تلاش کیا جاتا ہے جس سے تمام ورثاء کے حصے نکل آئیں کسی سہام کو توڑنے کی حاجت اور ضرورت پیش نہ آئے اسی زیادتی کرنے کا نام عول ہے۔ مثلاً میت نے ایک زوج اور دو حقیقی بہنوں کو چھوڑا تو اب زوج کا نصف اور بہنوں کے دو ثلث جمع ہو گئے، مسئلہ چھ سے بنے گا مرد کے تین حصے اور بہنوں کے چار حصے تو مخرج (چھ) تنگ ہو گیا کیونکہ مخرج چھ ہے اور حصے سات ہیں تو اب چھ میں سات تک عول ہوگا۔ کل مال کے سات حصے کر کے تین زوج کو اور چار دو بہنوں میں تقسیم ہو نگے۔

② <u>ردّ اور عدم ردّ والے ورثاء کی تعیین مع امثلہ:</u>۔ ہمارے نزدیک بارہ ورثاء میں سے زوجین پر ردّ نہیں ہوگا، اس کے علاوہ بقیہ تمام ورثاء خواہ مرد ہوں یا عورتیں ہوں ان سب پر رد ہو سکتا ہے اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم رد کے قائل تھے۔

جبکہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ، امام مالکؒ و امام شافعیؒ کے نزدیک رد نہیں ہوگا بلکہ جو مال حصوں کے بعد بچ جائے گا وہ بیت المال میں جمع کر دیا جائے گا ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ قرآن کریم میں ذوی الفروض کے حصے مقرر ہیں لہٰذا ردّ کے ذریعہ ان کے حصوں میں کمی بیشی نہیں کی جا سکتی کیونکہ یہ کتاب اللہ پر زیادتی ہے۔

**الشق الثانی**......وَاَمَّا اِثْنَا عَشَرَ فَهِيَ تَعُوْلُ اِلٰى سَبْعَةَ عَشَرَ وِتْرًا لَا شَفْعًا وَاَمَّا اَرْبَعَةٌ وَعِشْرُوْنَ فَاِنَّهَا تَعُوْلُ اِلٰى سَبْعَةٍ وَعِشْرِيْنَ عَوْلًا وَاحِدًا كَمَا فِي الْمَسْئَلَةِ الْمِنْبَرِيَّةِ وَهِيَ اِمْرَاَةٌ وَبِنْتَانِ وَاَبَوَانِ وَلَا يُزَادُ عَلٰى هٰذَا اِلَّا عِنْدَ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ فَاِنَّ عِنْدَهٗ تَعُوْلُ اِلٰى اَحَدٍ وَّثَلٰثِيْنَ. (ص۴۳۔امدادیہ)

Maktaba Tul Ishaat.com

شکّل العبارة ثم اشرحها ببسط ووضوح ، ماهو وجه تسمية "المسئلة المنبرية"؟

﴿خلاصہ سوال﴾ ......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کی تشریح (۳) مسئلہ منبریہ کی وجہ تسمیہ۔

جواب ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ بارہ میں عول سترہ تک ہوتا ہے فقط طاق، جفت نہیں ، اگر بارہ کے سدس کا نصف یعنی ایک بڑھ جائے تو عول تیرہ تک ہوگا یہ اس وقت ہوگا جب ربع ، ثلثان اور سدس جمع ہو جائیں مثلاً میت نے ایک بیوی اور دو حقیقی بہنیں اور ایک اخیافی بہن چھوڑی

مسئلہ ۱۲ عول ۱۳

میــــــــــت

| زوجہ | دو اخت عینی | ایک اخت اخیافی |
|---|---|---|
| ربع | ثلثان | سدس |
| ۳ | ۸ | ۲ |

اور اگر بارہ پر بارہ کے ربع یعنی تین کا اضافہ ہو جائے تو یہ عول پندرہ تک ہوگا یہ اس وقت ہوگا جب ربع ، ثلثان اور ثلث جمع ہو جائیں مثلاً میت نے زوجہ اور دو حقیقی بہنیں اور دو اخیافی بہنیں چھوڑی۔

مسئلہ ۱۲ عول ۱۵

میــــــــــت

| زوجہ | اخت عینی ۲ | اخت اخیافی ۲ |
|---|---|---|
| ربع | ثلثان | ثلث |
| ۳ | ۸ | ۴ |

اور اگر بارہ پر بارہ کے ربع یعنی تین اور سدس یعنی دو کا اضافہ ہو جائے تو عول سترہ تک ہوگا یہ اس وقت ہوگا جب ربع ، ثلثان ، ثلث اور سدس جمع ہو جائیں مثلاً میت نے زوجہ ، دو حقیقی بہنیں دو اخیافی بہنیں اور ایک ماں کو چھوڑا۔

مسئلہ ۱۲ عول ۱۷

میــــــــــت

| زوجہ | اخت عینی ۲ | اخت اخیافی ۲ | ام |
|---|---|---|---|
| ربع | ثلثان | ثلث | سدس |
| ۳ | ۸ | ۴ | ۲ |

جمہور کے نزدیک ۲۴ میں صرف ایک ہی عول ہوتا ہے ۲۷ تک ، جیسا کہ مسئلہ منبریہ میں ہوا جس کا نقشہ یہ ہے

مسئلہ ۲۴ عول ۲۷

میــــــــــت

| زوجہ | بنتان | اب | اُم |
|---|---|---|---|
| ثمن | ثلثان | سدس | سدس |
| ۳ | ۱۶ | ۴ | ۴ |

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک ۲۴ میں ۳۱ تک عول ہوتا ہے کیونکہ انکے نزدیک محروم شخص حاجب بن سکتا ہے جیسے

مسئلہ ۲۴ عول ۳۱

| زوجہ | أم | أختان (علاتی یا حقیقی) | أختان اخیافی | ابن کافر |
|---|---|---|---|---|
| ثمن | سدس | ثلثان | ثلث | محروم |
| ۳ | ۴ | ۱۶ | ۸ | ............ |

③ مسئلہ منبریہ کی وجہ تسمیہ:۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے خطبہ دینے کے لئے منبر پر چڑھتے ہوئے یہ مسئلہ دریافت کیا گیا تھا اور انہوں نے فی الفور یہ جواب دیا تھا اس لئے اس مسئلہ کو مسئلہ منبریہ کہا جاتا ہے۔

## ﴿الورقة الرابعة فی اصول الفقه و الفرائض﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ﴿نور الانوار﴾ ١٤٣٤ھ

**الشق الاوّل** ......وَالضَّبْطُ : هُوَ سِمَاعُ الْكَلَامِ كَمَا يَحِقُّ سِمَاعُهُ: أَیْ سِمَاعًا مِثْلَ سِمَاعِ شَیْئٍ يَحِقُّ سِمَاعُهُ: يَعْنِیْ مِنْ أَوَّلِهِ إِلٰی آخِرِهِ بِتَمَامِ الْكَلِمَاتِ، وَالْهَيْئَةِ التَّرْكِيْبِيَّةِ، وَإِنَّمَا قَالَ ذٰلِكَ: لِأَنَّهُ كَثِيْرًا مَا يَجِیْئُ السَّامِعُ فِی سِمَاعِ مَجْلِسِ الْوَعْظِ بَعْدَ أَنْ مَضٰی شَیْئٌ مِنْ أَوَّلِهِ وَفَاتَهُ وَلَمْ يَعْلَمْهُ الْمُعَلِّمُ لِلْإِزْدِحَامِ حَتّٰی يُرَدِّدَ الْكَلَامَ الْمَاضِیَ بَعْدَ حُضُوْرِهِ فَمِثْلُ هٰذَا السِّمَاعِ لَا يَكُوْنُ حُجَّةً فِی بَابِ الْحَدِيْثِ. (ص۱۹۳۔رحمانیہ)

عبارت پر اعراب لگائیں۔ عبارت کا خلاصہ بیان کریں۔ حدیث اور سنت کی تعریف کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا خلاصہ (۳) حدیث اور سنت کی تعریف۔

**جواب** ...... ① عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

② عبارت کا خلاصہ:۔ خبر واحد کے حجت ہونے کیلئے اسکے راوی میں جن چار شرائط کا ہونا ضروری ہے ان میں سے دوسری شرط ضبط ہے اس عبارت میں ضبط کی تعریف کا ذکر ہے۔ چنانچہ مصنفؒ فرماتے ہیں کہ ضبط کلام کو کما حقہ سننے کا نام ہے۔ شارح کما حقہ سننے کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اسکا مطلب یہ ہے کہ سامع اس کلام کو ابتداء سے انتہا تک کلمات کی ہیئت ترکیبیہ کے ساتھ سنے کیونکہ بسا اوقات سامع وعظ کی مجلس کے سماع میں اس وقت آتا ہے کہ اسکے اوّل سے کچھ حصہ گزر چکا ہوتا ہے اور اس وعظ کا اوّل حصہ اس سامع سے رہ جاتا ہے اور معلم بھی ازدحام کی وجہ سے اسکے دیر سے آنے کو نہیں جانتا کہ وہ گزشتہ کلام کو اسکے حاضر ہونے کے بعد لوٹائے تا کہ وہ اسکو سن لے پس اس جیسا سماع باب حدیث میں حجت نہیں ہوتا بلکہ محض تبرک ہوتا ہے جسطرح وعظ کی مجالس میں بچوں کو تبرکا لایا جاتا ہے۔

③ حدیث اور سنت کی تعریف:۔ سنت کا لفظ آپ ﷺ کے اقوال اور افعال اور آپ ﷺ کے سکوت اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال اور افعال پر بولا جاتا ہے۔ اور حدیث رسول اللہ ﷺ کے قول کو کہتے ہیں۔ البتہ بعض دفعہ سنت کا لفظ حدیث پر بولا جاتا ہے اسی وجہ سے ملاجیون رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس جگہ یعنی باب السنة میں سنت سے مراد حدیث یعنی فقط قول الرسول ﷺ مراد ہے کیونکہ افعال النبی ﷺ اور افعال صحابہ رضی اللہ عنہم اور اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم کا ذکر مصنفؒ نے اس باب کے آخر میں ایک مستقل فصل میں کیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تعریف صاحب نورالانوار کی عبارت کے مطابق ہے۔ اور مشہور تعریف کے مطابق حدیث مطلقاً آپ ﷺ کے اقوال و افعال و سکوت کا نام ہے اور سنت وہ عمل ہے جس پر آپ ﷺ نے آخر زندگی میں دوام کے ساتھ عمل کیا ہو یعنی سنت دائمی غیر منسوخ عمل کا نام ہے۔

**الشق الثانی** ...... والطعن المبهم من ايمة الحديث لايجرح الراوى عندنا الا اذا وقع مفسرا بما هو جرح متفق على ممن اشتهر بالنصيحة دون التعصب حتى لايقبل الطعن بالتدليس والتلبيس والارسال وركض الدابة. (ص۲۰۳۔رحمانیہ)

طعن مبہم اور طعن مفسر کی تعریف ذکر کریں، مذکورہ عبارت کی بے غبار تشریح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) طعن مبہم اور مفسر کی تعریف (۲) عبارت کی تشریح۔

**جواب** ...... ① طعن مبہم و مفسر کی تعریف:۔ راوی حدیث پر کوئی محدث مبہم الفاظ جرح کے ذریعہ جرح کرے مثلاً وهو مجروح، منكر وغيره تو یہ راوی پر طعن مبہم کہلاتا ہے۔ اور اگر راوی حدیث پر الفاظ جرح جو مبہم ہیں بولے پھر ایسے لفظ سے اکی تفسیر کردے جو کہ جرح میں متفق علیہ ہیں یا ایسے الفاظ کے ذریعہ جرح کی جو بذات خود جرح میں متفق علیہ ہیں تو یہ طعن مفسر ہے۔

② عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں مصنفؒ نے جرح معتبر و غیر معتبر کو ذکر کیا ہے فرماتے ہیں کہ طعن مبہم یعنی محدث کا صرف یہ کہنا هذا الحديث مجروح او منكر یہ حدیث پر جرح کے لئے کافی نہیں ہے لہٰذا اس طرح کی حدیث قابل عمل ہوگی۔ البتہ طعن مفسر راوی میں جرح کو پیدا کردے گا اور اس کی روایت مجروح اور ناقابل عمل قرار پائے گی۔ پھر مصنفؒ فرماتے ہیں کہ طعن مفسر سے حدیث میں جرح کا پیدا ہوجانا ہر عام آدمی کے طعن سے نہیں بلکہ اس شخص کے طعن مفسر سے حدیث مجروح ہوگی اور اس پر عمل نہ ہوگا جو دین میں خیر خواہی چاہنے والا ہو اور متعصب اور متشدد بھی نہ ہو۔ کیونکہ متعصب و متشدد افراد کی جرح اور طعن اس لئے حجت نہیں ہے کہ ان کی اختلافی حالت سے یہ بعید نہیں کہ یہ جرح و طعن محض تعصب اور تشدد کی وجہ سے ہو۔ پھر مصنفؒ بطور تفریع کے چند ان امور کو ذکر کرتے ہیں جن سے حدیث پر طعن نہیں ہوسکتا وہ تقریباً آٹھ چیزیں ہیں۔ ① تدلیس یعنی راوی کے متعلق یہ کہا جائے کہ یہ سند کی تفصیل کو چھپا رہا ہے ② تلبیس یعنی راوی اپنے شیخ کے معروف نام یا کنیت کو غلط کر رہا ہے ③ ارسال یا تلبیس یعنی اپنے شیخ کا ایسا نام یا ایسی صفت ذکر کرنا جو لوگوں میں مشہور نہ ہو ④ رکض الدابہ یعنی گھڑ دوڑ وغیرہ میں سواری کا ایڑ لگانا ⑤ مزاح کرنا یعنی دل لگی کے لئے کوئی حق بات مزاحاً کہہ دینا ⑥ کم عمری یعنی یہ کہنا کہ یہ حدیث اس نے نوعمری میں سنی ہے ⑦ کثیر تعداد میں روایات کا نہ ہونا ⑧ کثرت سے مسائل کا استنباط، یہ تمام امور جرح میں معتبر نہیں ہیں۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۴ھ

**الشق الاوّل** ...... او بيان ضرورة وهو اما ان يكون فى حكم المنطوق أو ثبت بدلالة حال المتكلم او ثبت ضرورة دفع الغرور عن الناس او ثبت ضرورة كثرة الكلام. (ص۲۱۹۔رحمانیہ)

بیان ضرورت کی تعریف کریں، بیان ضرورت کی مذکورہ تمام صورتوں کی وضاحت مثالوں کے ذریعہ کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امر حل طلب ہیں (۱) بیان ضرورت کی تعریف (۲) ضرورت کی مذکورہ صورتوں کی وضاحت

**جواب** ...... ① بیان ضرورت کی تعریف:۔ بیان ضرورت وہ بیان ہے جو بوقت ضرورت متکلم کی کلام سے قضاءً ضرورۃً سمجھا جائے۔

❷ بیان ضرورۃ کی مذکورہ صورتوں کی وضاحت مع امثلہ:۔ اس عبارت میں بیان ضرورت کی چار صورتوں کو ذکر کیا گیا ہے۔ ① یہ ہے کہ متکلم کا بیان منطوق کے حکم میں ہو یا وہ کلام جس سے سکوت کیا گیا ہو اور مقدر تسلیم کیا گیا ہو وہ منطوق کے حکم میں ہو جیسے **وورثه ابواه فلامه الثلث**، اس آیت میں شارح نے اولاً والدین کو مع الشرکت میت کا وارث قرار دیا۔ اسکے بعد والدہ کا حصہ ثلث خاص کر دیا تو یہ بیان ضرورت ہے اسلئے کہ اسکے علاوہ جو حصہ (دو ثلث) بچا ہے وہ از خود معلوم ہو گیا کہ اسکا حقدار والد ہے ② یہ ہے کہ متکلم کی حالت ساکتہ دلالت کرے کہ بیان ضرورت مکمل ہو چکا ہے اگر ضرورت ہوتی تو متکلم خاموش نہ رہتا، یہاں متکلم کا خاموش رہنا بیان ضرورت ہے جیسے آپ کے سامنے لوگ مختلف عقود (مضاربت مشارکت بیع وشراء وغیرہ) کرتے رہے آپ نے ان امور کا ملاحظہ کرنے کے باوجود خاموشی اختیار کی تو یہ ان امور کے جواز کیلئے بیان ضرورت ہے کہ اگر یہ امور وعقود جائز نہ ہوتے تو آپ خاموشی اختیار نہ کرتے ③ یہ ہے کہ لوگوں سے ضرر کو دفع کرنے کیلئے ضرورۃً اس کو بیان تسلیم کیا جائے جیسے ایک مالک کے سامنے اس کا غلام خرید وفروخت کرتا ہے اور وہ مالک خاموش رہتا ہے تو مالک کی یہ خاموشی مالک کی طرف سے اجازت بھی جائیگی، کیونکہ اگر اس خاموشی کو بیان ضرورت کے درجہ میں اجازت پر محمول نہ کریں تو لوگ اس غلام کو عبد ماذون سمجھتے ہوئے اس سے خرید وفروخت کرینگے اور ان کا ضرر لازم آئے گا جو کہ حرام ہے اور اس ضرر کو دفع کرنا واجب ہے ④ یہ ہے کہ کثرت کلام یا طول عبارت ہونے کی وجہ سے اس کو ضرورۃً بیان تسلیم کر لیا جائے کہ وہ عبارت مراد کلام پر دلالت کرتی ہے جیسے **له علی مائة ودرهم**، اس مثال میں متکلم نے مائۃ کے ساتھ تمیز کو ذکر نہیں کیا، اور عطف کی صورت مابعد میں درہم کا لفظ اس بات کا بیان ہے کہ معطوف علیہ میں بھی مائۃ سے مراد دراہم ہی ہیں اور متکلم نے کثرت کلام یا طول عبارت سے بچنے کے لئے معطوف علیہ میں تمیز کو ذکر نہیں کیا۔

## ﴿سراجی﴾

**الشق الثانی** ......وَأَمَّا لِلْأُمِّ فَأَحْوَالٌ ثَلَاثٌ: اَلسُّدُسُ مَعَ الْوَلَدِ أَوْ وَلَدِ الْاِبْنِ وَ اِنْ سَفَلَ أَوْ مَعَ الْاِثْنَيْنِ مِنَ الْإِخْوَةِ وَ الْأَخَوَاتِ فَصَاعِدًا مِنْ أَيِّ جِهَةٍ كَانَا، وَ ثُلُثُ الْكُلِّ عِنْدَ عَدَمِ هٰؤُلَاءِ الْمَذْكُوْرِيْنَ، وَ ثُلُثُ مَا بَقِيَ بَعْدَ فَرْضِ أَحَدِ الزَّوْجَيْنِ وَ ذٰلِكَ فِيْ مَسْأَلَتَيْنِ...... وَ لَوْ كَانَ مَكَانَ الْأَبِ جَدٌّ فَلِلْأُمِّ ثُلُثُ جَمِيْعِ الْمَالِ إِلَّا عِنْدَ أَبِيْ يُوْسُفَ.

اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں۔ آخری مسئلے میں امام ابو یوسف کا اختلاف واضح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے ① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ عبارت کی تشریح ④ امام ابو یوسفؒ کے اختلاف کی وضاحت۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مر فی السوال آنفًا.

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور رہی ماں تو اس کی تین حالتیں ہیں: سدس ہے اولاد کے ساتھ یا بیٹے کی اولاد کے ساتھ چاہے رشتے میں نیچے ہو جائے، یا دو یا دو سے زیادہ بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ خواہ وہ دونوں کسی جہت سے ہوں۔ اور پورے مال کا تہائی حصہ ہے ان مذکورہ ورثاء کے نہ ہونے کی صورت میں۔ اور میاں بیوی میں سے ایک کا حصہ دینے کے بعد بچے ہوئے مال کا تیسرا حصہ ہے۔ اور یہ دو مسئلوں میں ہے...... اور اگر باپ کی جگہ دادا ہو تو ماں کیلئے پورے مال کا تیسرا حصہ ہے، مگر امام ابو یوسفؒ کے نزدیک۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں ام کی تین حالتیں بیان کی گئی ہیں۔ ① میت کے بیٹے بیٹی یا پوتے پوتی یا پڑپوتے

Maktaba Tul Ishaat.com

پڑپوتی کے ساتھ یا دو بھائی بہن یا زیادہ بھائی بہنوں کی موجودگی میں ماں کیلئے سدس ہے خواہ وہ عینی بھائی بہن ہوں یا علاتی یا اخیافی یا مخلوط ② ذکورہ ورثاء کے نہ ہونے کی صورت میں ماں کے لئے کل ترکہ کا ایک ثلث ہے ③ احد الزوجین کا حصہ نکالنے کے بعد جو باقی بچے اس کا ثلث ہے، اور یہ حالت صرف دو مسئلوں میں پیش آتی ہے ① بیوی کا انتقال ہوا اور ورثاء میں صرف خاوند اور والدین ہوں ② خاوند کا انتقال ہوا اور ورثاء میں صرف بیوی اور والدین ہوں۔

باپ کی جگہ اگر دادا ہو تو طرفین رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ ماں کو کل مال کا ثلث ملے گا، امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ماں کو زوجین میں سے ایک کا حصہ دینے کے بعد بقیہ مال ہی کا ثلث ملے گا۔

③ اختلاف کی وضاحت:۔ اگر میت نے اپنی ماں کے ساتھ اپنے دادا اور میاں بیوی میں سے کسی ایک کو چھوڑا تو اس صورت میں اختلاف ہے۔ امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ باپ کی جگہ اگر دادا ہو تو پھر ماں کو زوجین میں سے ایک کا حصہ دینے کے بعد بقیہ مال ہی کا ثلث ملے گا جبکہ طرفین رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ کل مال کا ثلث ملے گا، اور اسی پر فتویٰ ہے۔ گویا طرفین رحمہما اللہ کے نزدیک باپ اور دادا کے احکام الگ الگ ہیں۔ (طرازی)

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۴ھ

**الشق الاوّل** ...... وَالْمَحْرُوْمُ لَا يَحْجِبُ عِنْدَنَا وَ عِنْدَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ يَحْجِبُ حَجْبَ النُّقْصَانِ كَالْكَافِرِ وَالْقَاتِلِ وَالرَّقِيْقِ وَالْمَحْجُوْبُ يَحْجِبُ بِالْاِتِّفَاقِ (ص۷۷۔امدادیہ)

محجوب کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ بتایئے۔ محروم اور محجوب میں کیا فرق ہے؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا اختلاف واضح کریں۔

﴿ خلاصۂ سوال ﴾ ...... اس سوال میں تین امور حل طلب ہیں (۱) محجوب کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ (۲) محروم اور محجوب میں فرق (۳) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور جمہور میں اختلاف۔

**جواب** ...... ① محجوب کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ:۔ حجب کا لغوی معنیٰ منع کرنا ہے اور اصطلاح میں کسی وارث کو میت کے بعض یا کل ترکہ سے روک دینے کو حجب کہا جاتا ہے۔ حجب کی دو قسمیں ہیں ① حجب نقصان: محجوب کا ایک بڑے حصے سے دوسرے چھوٹے حصے کی طرف منتقل ہونا اور یہ اصحاب فرائض میں سے پانچ فریق کیلئے ہے یعنی زوج، زوجہ، ماں، پوتی اور علاتی بہن کیلئے ② حجب حرمان: اس بارے میں وارثوں کے دو فریق ہیں ایک فریق جو کسی حال میں اس حجب کے ساتھ محجوب نہیں ہوتا اور وہ چھ قسم کے وارثین ہیں یعنی بیٹا، باپ، شوہر، بیٹی، ماں، بیوی اور دوسرا فریق کسی حالت میں وارث ہوتا ہے اور کسی حالت میں حجب حرمان کے ساتھ محجوب ہو جاتا ہے اور وہ ان چھ کے علاوہ ہیں۔

الحاصل وہ ورثاء جن میں حجب حرمان نہیں ہوتا ان کی تعداد چھ ہے اور وہ اب، ام، ابن، بنت، زوج اور زوجہ ہیں۔

اور حجب نقصان صرف پانچ ذوی الفروض میں ہوتا ہے۔ ① زوج ② زوجہ: ان دونوں کا حصہ اولاد کی وجہ سے کم ہوتا ہے ③ ام: اس کا حصہ اولاد، اخوۃ اور اخوات کی وجہ سے کم ہوتا ہے ④ بنت الابن: اس کا حصہ بنت صلبیہ کی وجہ سے کم ہوتا ہے ⑤ اخت علاتیہ: اس کا حصہ اخت عینیہ کی وجہ سے کم ہوتا ہے۔

② محروم اور محجوب میں فرق:۔ محجوب: وہ شخص ہے کہ میراث نہ ملنے یا کم ملنے کا باعث کوئی اس کا ذاتی سبب نہ ہو بلکہ کوئی

دوسرا شخص ہو جس کی وجہ سے یہ میراث نہیں پاتا پایا جاتا ہے مگر کم پاتا ہے جیسے اولاد کی وجہ سے زوجین کے حصہ کا کم ہونا
محروم: وہ شخص ہے کہ جس کی ذات میں برائی یا کوئی کمی پائی جائے جیسے کفر، غلامی وغیرہا۔

③ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور جمہور میں اختلاف:۔ جو کسی مانع ارث کی وجہ سے محروم ہو وہ حنفیہ اور جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم کے ہاں کسی دوسرے کیلئے نہ حاجب حرمان بن سکتا ہے اور نہ حاجب نقصان، بلکہ اس کو غیر موجود شمار کر کے دوسرے وارث کو وارث بنایا جاتا ہے اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ محروم حاجب بن جاتا ہے جیسے کافر، رقیق، قاتل اس کی صورت یہ ہے کہ ایک مسلمان عورت کا انتقال ہوا اور اس نے ایک مسلمان زوج اور دو مسلمان بھائی چھوڑے اور ایک کافر بیٹا چھوڑا اب یہ بیٹا محروم ہے تو ہمارے نزدیک یہ بیٹا زوج کیلئے حاجب نہیں بنے گا زوج کیلئے نصف ہوگا اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ بیٹا محروم ہونے کے باوجود زوج کیلئے حاجب بنے گا اس کے لئے بجائے نصف کے ربع ہوگا۔

**الشق الثانی** ......درج ذیل مسائل حل کیجئے۔(زوج ، ۳ بنات)(زوج ، ٦ بنات)(زوج ، ۵ بنات)

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں فقط مذکورہ مسائل کا حل مطلوب ہے۔

**جواب** ......مذکورہ مسائل کا حل:۔

**مسئلہ اوّل** ۴

میت

| زوج | بنات۳ |
|---|---|
| ربع | ثلثان |
| ۱ | ۳ |

**مسئلہ دوم** مضروب ۲ تصحیح ۸

میت

| زوج | بنات٦ |
|---|---|
| ربع | ثلثان |
| ۱×۲=۲ | ۳×۲=٦(فی بنت ۱) |

**مسئلہ سوم** مضروب ۵ تصحیح ۲۰

میت

| زوج | بنات۵ |
|---|---|
| ربع | ثلثان |
| ۱×۵=۵ | ۳×۵=۱۵(فی بنت ۳) |

# ﴿الورقة الرابعة فی اصول الفقه و الفرائض﴾

## ﴿السوال الاول﴾﴿نور الانوار﴾ ۱۴۳۵ھ

**الشق الاول** ......فَرُكْنُ الْمُعَارَضَةِ تَقَابُلُ الْحُجَّتَيْنِ عَلَى السَّوَاءِ لَامَزِيَّةَ لِاَحَدِهِمَا عَلَى الْاٰخَرِ فِيْ حُكْمَيْنِ مُتَضَادَّيْنِ وَ شَرْطُهَا اِتِّحَادُ الْمَحَلِّ وَالْوَقْتِ مَعَ تَضَادِّ الْحُكْمِ وَحُكْمُهَا بَيْنَ الْاٰيَتَيْنِ اَلْمَصِيْرُ اِلَى السُّنَّةِ۔
عبارت پر اعراب لگائیں، عبارت کی وضاحت کریں، معارضہ بین الآیتین کو مثال کے ذریعہ واضح کریں۔(ص ۲۰۵۔رحمانیہ)

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا خلاصہ تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کی وضاحت (۳) معارضہ بین الآیتین کی مثال سے وضاحت۔

Maktaba Tul Ishaat.com

جواب ..... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفاً۔

❷ عبارت کی وضاحت:۔ عبارت کا حاصل یہ ہے کہ دو حکم و دلائل یعنی نصوص میں تعارض کے تحقق کے لئے کچھ شرائط ہیں چنانچہ تعارض کا سب سے اعلیٰ و افضل رکن یہ ہے کہ وہ دونوں دلائل درجہ کے اعتبار سے مساوی اور برابر ہوں کسی ایک کو دوسری دلیل و حکم پر ذات وصفات کے اعتبار سے کوئی زیادتی حاصل نہ ہو مثلاً مفسر و محکم میں تقابل و برابری نہ ہونے کی وجہ سے تعارض نہیں ہوسکتا اس لئے کہ محکم مفسر سے افضل و اعلیٰ ہے اس کو مفسر پر ترجیح ہوگی۔

دوسرا رکن و شرط یہ ہے کہ اُن دونوں نصوص و احکام کے محل و وقت میں اتحاد ہو اور باہم دونوں حکم متضاد بھی ہوں، پس اگر محل میں یا وقت میں اختلاف ہو یا باہم دونوں حکم متضاد نہ ہوں تو تعارض متحقق نہ ہوگا مثلاً زوجہ سے وطی حلال اور اسکی والدہ سے حرام ہے یہاں اتحاد محل نہ ہونے کی وجہ سے تعارض نہیں ہے۔ شراب ابتداء اسلام میں حلال تھی اور بعد میں حرام ہوگئی یہاں اتحاد وقت نہ ہونے کی وجہ سے تعارض نہیں ہے۔

اس تعارض کا حکم یہ ہے کہ اگر دو آیتوں میں تعارض ہو جائے تو پھر سنت کی طرف رجوع کیا جائے گا۔

❸ معارضہ بین الآیتین کی مثال سے وضاحت:۔ قرآن کریم کی آیت فاقرؤا ما تیسر من القرآن اور واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا باہم متعارض ہیں۔ اول آیت نمازی پر علی العموم قرأت کو لازم کرتی ہے اور دوسری آیت خاص صورت میں اس کی نفی کرتی ہے حالانکہ مفسرین کی تصریح کے مطابق دونوں آیات کا تعلق نماز سے ہے پس دونوں آیات میں تعارض ہوا۔ ہم نے سنت کی طرف رجوع کیا تو آپ ﷺ کے ارشاد من کان له امام فقراءة الامام قراءة له سے یہ تعارض ختم ہوگیا کہ مقتدی قراءت نہ کرے بلکہ وہ خاموشی سے سنے۔ (قوت الاخیار ج ص ۳۱)

الشق الثانی ..... وَاِذَا انْتَقَلَ اِلَيْنَا اِجْمَاعُ السَّلَفِ بِاِجْمَاعِ كُلِّ عَصْرٍ عَلٰى نَقْلِهٖ كَانَ كَنَقْلِ الْحَدِيْثِ الْمُتَوَاتِرِ وَاِذَا انْتَقَلَ اِلَيْنَا بِالْاَفْرَادِ كَانَ كَنَقْلِ السُّنَّةِ بِالْآحَادِ ثُمَّ هُوَ عَلٰى مَرَاتِبَ. (ص ۲۳۳۔ رحمانیہ)

عبارت پر اعراب لگائیں، مذکورہ عبارت کا مطلب بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ..... اس سوال کا حل دو امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا مطلب۔

جواب ..... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفاً۔

❷ عبارت کا مطلب:۔ حاصل عبارت یہ ہے کہ اجماع کا ایک زمانہ کے اہلِ اجماع سے دوسرے زمانہ کے اہلِ اجماع کی طرف منتقل ہونا ضروری ہے، جب کوئی اجماع ہماری طرف منتقل ہو کر پہنچے گا تو وہ حدیثِ متواتر کی مثل ہوگا یعنی اس کا ایجاب قطعی ہوگا اور وہ اجماع سے ثابت شدہ حکم واجب العمل ہوگا جیسا کہ قرآن کریم کے کتاب اللہ ہونے اور نماز کے فرض ہونے پر اجماع نقل در نقل ہے۔ اور اگر یہ اجماع بذریعہ آحاد منقول ہو تو پھر یہ خبرِ واحد کی مثل ہوگا یعنی یہ عمل کو ثابت کرے گا مگر یقین و قطعیت کو ثابت نہیں کرے گا جیسا کہ عبیدہ سلمانی نے ظہر سے قبل چار رکعت سنت پر اہتمام کے ساتھ محافظت کرنے پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع نقل کیا ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۵ھ

الشق الاوّل ..... وَالرَّاوِيْ اِنْ عُرِفَ بِالْفِقْهِ وَالتَّقَدُّمِ بِالْاِجْتِهَادِ كَالْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ وَالْعَبَادِلَةِ كَانَ حَدِيْثُهٗ حُجَّةً، يُتْرَكُ بِهِ الْقِيَاسُ، خِلَافًا لِمَالِكٍ، وَاِنْ عُرِفَ بِالْعَدَالَةِ وَالضَّبْطِ دُوْنَ الْفِقْهِ كَاَنَسٍ وَاَبِيْ

هُرَيْرَةَ إِنْ وَافَقَ حَدِيْثُهُ الْقِيَاسَ عُمِلَ بِهِ وَإِنْ خَالَفَهُ لَمْ يُتْرَكْ إِلَّا بِالضَّرُوْرَةِ كَحَدِيْثِ الْمُصَرَّاةِ (ص۴۹ـ رحمانیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، مذکورہ بحث کا تعلق خبر کی کس قسم سے ہے، حضرت انس اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں دون الفقہ کا لفظ کس اعتبار سے کہا گیا، حدیث مصراۃ کی تفصیل ائمہ کے مذاہب کی روشنی میں لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) بحث کے متعلق کی نشاندہی (۴) حضرت انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما میں دون الفقہ کے لفظ کا استعمال (۵) حدیث مصراۃ کی تفصیل۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور اگر راوی کا فقیہ ہونا معروف ہے اور اجتہادی صلاحیت کی وجہ سے اُسے حقِ تقدم حاصل ہے جیسے خلفاء راشدین اور عبادلہ رضی اللہ عنہم تو اس کی حدیث حجت ہوگی اُس کی وجہ سے قیاس کو ترک کر دیا جائے گا۔ امام مالک کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے اور اگر راوی کی عدالت اور ضبط حدیث معروف ہے مگر فقاہت معروف نہیں ہے جیسا کہ حضرت انس اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما اگر اُس کی حدیث قیاس کے موافق ہوگی تو اس پر عمل کیا جائے گا اور اگر وہ قیاس کے مخالف ہو تو اُس کو ضرورت کے بغیر ترک نہیں کیا جائے گا جیسا کہ حدیث مصراۃ۔

❸ بحث کے متعلق کی نشاندہی:۔ مذکورہ عبارت و بحث کا تعلق اتصال سند کی کیفیت کے اعتبار سے خبر کی قسم ثالث یعنی خبر واحد کے ساتھ ہے۔

❹ حضرت انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما میں دون الفقہ کے لفظ کا استعمال:۔ حضرت انس و حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کے متعلق دون الفقہ کا لفظ محض مسئلہ و مثال کو سمجھانے کیلئے ایک نکتہ کے طور پر بطور ضرورت ہمہ مجبوری استعمال کیا گیا ہے معاذ اللہ حضرت انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی جانب حقارت واستخفاف کو منسوب نہیں کیا گیا۔ اس کو صاحب اصول الشاشی نے ان الفاظ سے تعبیر کیا ہے کہ وہ راوی معروف بالحفظ والعدالت ہو مگر معروف بالفقہ والاجتہاد نہ ہو یعنی ان کو اجتہاد واستنباط کا ملکہ عطا نہ کیا گیا ہو اور وہ راوی فتویٰ میں مشہور نہ ہو بلکہ کبھی کبھار وہ فتویٰ دیتے ہوں جیسے حضرت ابو ہریرہ وانس بن مالک رضی اللہ عنہما۔ (خیر الحواشی)

❺ حدیث مصراۃ کی تفصیل:۔ حدیث میں تصریہ سے منع کیا گیا ہے تصریہ اور مصراۃ الابل کا مطلب یہ ہے کہ جانور کے تھن میں اسے فروخت کرنے سے دو تین روز قبل سے دودھ نہ دیا جائے اور اسے دوہا نہ جائے تا کہ خریدار یہ سمجھے کہ یہ بہت زیادہ دودھ دینے والا جانور ہے۔

ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ ”مصراۃ“ بکری یا ”محفلہ“ اونٹنی خریدنے والے مشتری کو تین دن کا اختیار ملے گا، چاہے تو وہ اس کو اپنے پاس رکھے یا واپس کر دے اور ساتھ میں ایک صاع کھجور بھی لوٹا دے، ان کی دلیل ” ولا تصروا الابل والغنم فمن ابتاعها فهو بخير النظرين بعد ان يحلبها فان رضيها امسكها وان سخطها ردها وصاعا من تمر “ (مسلم) ہے۔

پھر بعض فقہاء یہ فرماتے ہیں کہ ایک صاع کھجور ہی لوٹانا ضروری ہے جبکہ دوسرے بعض فقہاء یہ فرماتے ہیں کہ صاع تمر کا ذکر اتفاقی ہے، ورنہ اصل بات یہ ہے کہ جتنا دودھ نکال کر استعمال کیا ہے اس کی قیمت ادا کرے۔

حنفیہ اور مالکیہ کا مذہب یہ ہے کہ اس صورت میں مشتری کو یہ اختیار نہیں کہ وہ بکری بائع کو واپس کرے البتہ مشتری رجوع بالنقصان کر سکتا ہے وہ اس طرح کہ یہ دیکھا جائے گا کہ اس وقت بازار میں اس بکری کی کیا قیمت ہے؟ اور مشتری نے اس کے دودھ سے بھرے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہوئے تھن دیکھ کر کیا قیمت لگائی تھی؟ ان دونوں قیمتوں کے درمیان جو فرق ہوگا وہ بائع مشتری کو ادا کریگا یہ امام ابوحنیفہؒ کا مسلک ہے۔

اس حدیث کے دو جزو ہیں ایک خیار رد اور دوسرا رد کی صورت میں ایک صاع تمر دینا۔ شوافع تو اس کے ظاہر پر عمل کرتے ہوئے دونوں جزو کو اختیار کرتے ہیں۔ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ دونوں جزو کے خلاف عمل کرتے ہیں۔ نہ رد کا اختیار دیتے ہیں اور نہ صاع تمر کے رد کا حکم دیتے ہیں۔ امام ابو یوسفؒ اور امام مالکؒ حدیث کے پہلے جزو پر تو عمل کرتے ہیں کہ مشتری کو رد کا اختیار دیتے ہیں لیکن دوسرے جزو یعنی مبیع کے ساتھ ایک صاع تمر کا رد بھی ضروری ہے، اسے اختیار نہیں کرتے۔ البتہ امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ صاع کا لوٹانا ضروری نہیں ہے لیکن غالب قوت بلد میں سے ایک صاع کو لوٹانا ضروری ہے، خواہ وہ تمر ہو یا اس کے علاوہ کوئی اور جنس ہو کیونکہ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں غالب قوت مدینہ تمر تھی اس لئے حضور ﷺ نے اسی کا حکم دیا، ہمارے شہر میں جو قوت غالب ہوگی، ہمارے ہاں اس کا رد کرنا ضروری ہوگا۔

امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ جتنا دودھ مشتری نے اس شاۃ مصراۃ سے نکالا ہے اس کی قیمت لوٹانا ضروری ہے کیونکہ مضمون دودھ ہی ہے لہٰذا اس کی قیمت واجب ہوگی اور عام طور پر حضور ﷺ کے زمانے میں اس دودھ کی قیمت ایک صاع تمر بنتی تھی، اس لئے آپ ﷺ نے اس کی ادائیگی کا حکم دے دیا، یا پھر مصلحۃً اس کا حکم دیا۔

امام ابوحنیفہؒ نے اس حدیث کو اس لئے چھوڑا کہ یہ حدیث بہت سے اصول شریعہ کے معارض تھی مثلاً ایک اصول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے **فمن اعتدی علیکم فاعتدوا علیه بمثل ما اعتدی علیکم**، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ضمان بقدر نقصان ہوتا ہے، دونوں میں مساوات ہوتی ہے، اگر حدیث پر عمل کرتے ہیں تو ضمان اور نقصان میں مساوات ممکن نہیں اس کے علاوہ یہ حدیث اور بھی اصول مسلمہ کے خلاف ہے۔

حنفیہ کا استدلال: امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ اس مسئلے میں یہ بکری بائع کو واپس لوٹانے کی کوئی صورت نہیں، اس لئے کہ جس وقت بائع نے وہ بکری فروخت کی اس وقت بکری کے تھنوں میں جو دودھ تھا وہ بھی فروخت کیا تو وہ دودھ بھی مشتری کی ملکیت میں آ گیا اور وہ دودھ بھی مبیع کا ایک حصہ ہو گیا لہٰذا اگر کسی وقت اس بکری کو واپس لوٹایا جائے گا تو اس دودھ کو بھی لوٹانا ضروری ہوگا جو بیع کے وقت بکری کے تھنوں میں موجود تھا لیکن جب مشتری اس بکری کو خرید کر گھر لایا تو اس میں مزید دودھ پیدا ہو گیا اور یہ دودھ مشتری کی ملکیت اور اس کی ضمان میں پیدا ہوا اور یہ اصول وقاعدہ ہے کہ "الخراج بالضمان" یعنی اگر کوئی چیز کسی شخص کی ضمان میں ہے تو اس کے ضمان میں ہوتے ہوئے اس سے جو نفع حاصل ہوگا وہ اسی شخص کی ملکیت ہوگا جس شخص کے ضمان میں وہ چیز ہوگی تو چونکہ یہ بکری مشتری کے ضمان میں ہے اس لئے اس عرصہ میں پیدا ہونے والا دودھ بھی اس کی ملکیت ہونا چاہیے۔ اس قاعدہ کی رُو سے مشتری پر صرف پہلی قسم کا دودھ لوٹانا لازم ہونا چاہیے یعنی وہ دودھ جو بیع کے وقت بکری کے تھنوں میں موجود تھا اور دوسری قسم کا دودھ جو بعد میں پیدا ہوا، اس کا لوٹانا لازم نہ ہونا چاہیے۔ اب اگر ہم مشتری پر کل دودھ کی قیمت لازم کریں تو اس میں مشتری کا نقصان ہے کیونکہ اس دودھ میں وہ دودھ بھی تھا جو اس کے اپنے ضمان میں پیدا ہوا تھا اور اگر ہم مشتری پر بالکل قیمت لازم نہ کریں تو اس میں بائع کا ضرر ہے کیونکہ عقد کے وقت بکری میں جو دودھ تھا وہ بائع کے یہاں پیدا ہوا تھا۔ اور اگر ہم یہ کہیں کہ مشتری پر اس دودھ کی قیمت لازم ہے جو عقد کے وقت تھا اور جو دودھ اس کے بعد اس کی ملکیت میں پیدا ہوا ہے اس کی قیمت لازم نہیں ہے۔ مگر عقد کے وقت کتنا دودھ تھا اور بعد میں کتنا پیدا ہوا؟ یہ معلوم کرنا ممکن نہیں

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں پانچ امور حل طلب ہیں (۱) علم میراث کے ماخذ و مصادر (۲) میراث کے مستحقین کے اسماء (۳) ورثاء کی اقسام (۴) ترکہ کی تعریف (۵) فروض مقدرہ کی نشاندہی۔

**جواب** ...... ❶ علم میراث کے ماخذ و مصادر:۔ علم میراث کے ماخذ و مراجع تین ہیں۔ ① کتاب اللہ ② سنتِ رسول اللہ ③ اجماع امتِ محمدیہ ﷺ۔ قیاس ماخذ میراث میں داخل نہیں ہے۔

❷ میراث کے مستحقین کے اسماء:۔ میراث کے مستحقین بارہ افراد ہیں جن میں سے چار مرد اور آٹھ عورتیں ہیں، چار مرد یہ ہیں اب، جد صحیح، اخ خیفی، زوج۔ آٹھ عورتیں یہ ہیں زوجہ، بنت صلبیہ، بنت الابن، اخت عینیہ، اخت علاتیہ، اخت خیفیہ، ام، جدہ صحیحہ۔

❸ ورثاء کی اقسام:۔ درجہ ذیل ترتیب سے ترکہ کو ورثاء میں تقسیم کرینگے۔ ① اصحاب فرائض ② عصبہ نسبی ③ عصبہ سببی ④ معتق کا معتق ⑤ اصحاب فرائض پر رد ⑥ ذوی الارحام ⑦ مولی الموالات ⑧ مقرلہ بالنسب علی الغیر ⑨ موصی لہ زائد علی الثلث ⑩ بیت المال۔

❹ ترکہ کی تعریف:۔ میت کا وہ مال جس کے ساتھ غیر کا حق متعلق نہ ہو۔

❺ فروض مقدرہ کی نشاندہی:۔ کتاب اللہ میں ذکر کردہ فروضِ مقدرہ چھ ہیں، نصف، رُبع وثمن اور ثلثان ثلث وسدس۔ اور یہ چھ فروض تضعیف وتنصیف کے طریقہ پر ہیں۔ تضعیف کا مطلب دُگنا ہے یعنی نصف ربع کا دُگنا ہے اور ربع ثمن کا دُگنا ہے۔ اسی طرح ثلثان ثلث کا دُگنا ہے اور ثلث سدس کا دُگنا ہے۔ تنصیف کا مطلب نصف کرنا ہے یعنی اسکے برعکس سدس، ثلث کا نصف ہے اور ثلث ثلثان کا نصف ہے، اسی طرح ثمن رُبع کا نصف ہے اور رُبع نصف کا نصف ہے۔

**الشق الثانی** ......اذكر احوال الاشخاص التالية الاب، الجد، الام، الجدة الصحيحة و اكتب حل المسئلة التالية. (بنتان ، اخ خيفي، زوجه، بنت الابن، اب) (ص۸، ۱۷، ۱۸۔ امدادیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں (۱) مذکورہ ورثاء کے احوال (۲) مذکورہ مسئلہ کا حل۔

**جواب** ...... ❶ مذکورہ ورثاء کے احوال:۔ باپ کے احوال: باپ کی تین حالتیں ہیں۔ ① مطلق حصہ اور وہ سدس ہے جبکہ میت کا بیٹا یا پوتا یا پڑپوتا موجود ہو ② حصہ ملنا اور عصبہ بننا دونوں ایک ساتھ اور یہ میت کی بیٹی، پوتی یا پڑپوتی وغیرہ کیساتھ ہے اگر چہ یہ سلسلہ نیچے تک چلا جائے ③ فقط عصبہ بننا اور یہ میت کی اولاد اور اولادِ ابن نہ ہونے کی صورت میں ہے۔

جد کے احوال: جد صحیح کے چار احوال ہیں ① اگر میت کا باپ موجود ہو تو دادا ساقط و محروم ہو جائے گا ② باپ نہ ہونے کی صورت میں دادا کے ساتھ میت کی مذکر اولاد بیٹا، پوتا وغیرہ ہو تو دادا کو سدس ملے گا ③ اگر دادا کے ساتھ باپ کی بجائے میت کی صرف مؤنث اولاد (بیٹی، پوتی) موجود ہو تو دادا سدس پانے کے ساتھ عصبہ بھی ہوگا ④ اگر دادا کے ساتھ میت کی کوئی اولاد نہ ہو تو دادا عصبہ محض ہوگا۔ تنہا ہونے کی صورت میں سارا ترکہ اور دوسرے اصحاب فرائض کی موجودگی میں بقیہ میراث اس کو ملے گی۔

ام کے احوال: ام کی تین حالتیں ہیں۔ ① میت کے بیٹے بیٹی یا پوتے پوتی یا پڑپوتے پڑپوتی کے ساتھ یا دو بھائی بہن یا زیادہ بھائی بہنوں کی ماں کیلئے سدس ہے خواہ وہ عینی بھائی بہن ہوں یا علاتی یا اخیافی یا مخلوط ② ان کے نہ ہونے کی صورت میں ماں کے لئے کل ترکہ کا ایک ثلث ہے ③ احد الزوجین کے حصہ کے بعد جو باقی بچے اس کا ثلث ہے۔

جدہ کے احوال: جدہ کی دو حالتیں ہیں ① جدہ کیلئے کل ترکہ کا سدس ہے خواہ ماں کی طرف سے ہو یا باپ کی طرف سے ہو خوا

Maktaba Tul Ishaat.com

ایک ہو یا زیادہ، جب یہ جدات صحیحہ ہوں اور درجہ میں سب برابر ہوں ⑤ ماں کی وجہ سے تمام جدات، باپ کی وجہ سے صرف پدری جدات (دادیاں)، دادا کی وجہ سے وہ دادیاں جو دادا کے واسطے سے ہوں اور قریب والی جدہ کی وجہ سے دور والی جدہ یہ تمام ساقط ہو جائیں گی۔

② مسئلہ مذکور کا حل:۔

مسئلہ ٢٤

| اب | بنت الابن | زوجہ | اخ خیفی | بنتان |
|---|---|---|---|---|
| سدس مع العصبہ | محروم | ثمن | محروم | ثلثان |
| ٥ | ......... | ٣ | ......... | ١٦ |

## ﴿الورقة الرابعة فی اصول الفقه و الفرائض﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ﴿نور الانوار﴾ ١٤٣٦ھ

**الشق الاول** ...... وَالْمَرْوِيُّ عَنْهُ إِذَا أَنْكَرَ الرِّوَايَةَ أَوْعَمَلَ بِخِلَافِهِ بَعْدَ الرِّوَايَةِ مِمَّا هُوَ خِلَافٌ بِيَقِيْنٍ سَقَطَ الْعَمَلُ بِهِ وَإِنْ كَانَ قَبْلَ الرِّوَايَةِ أَوْ لَمْ يُعْرَفْ تَارِيْخُهُ لَمْ يَكُنْ جَرْحًا وَتَعْيِيْنُ الرَّاوِيْ بَعْضَ مُحْتَمَلَاتِهِ لَا يَمْنَعُ الْعَمَلَ بِهِ وَالْإِمْتِنَاعُ عَنِ الْعَمَلِ مِثْلُ الْعَمَلِ بِخِلَافِهِ .(ص٢٠٣۔رحمانیہ)

عبارت پر اعراب لگائیں مذکورہ عبارت کا تعلق کس بحث سے ہے، عبارت میں مذکور اصول کو مثالوں کے ساتھ بطرز شارح واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (١) عبارت پر اعراب (٢) بحث کے متعلق کی نشاندہی (٣) عبارت میں مذکور اصول کی وضاحت بطرز شارح۔

**جواب** ...... ① عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

② بحث کے متعلق کی نشاندہی:۔ مذکورہ عبارت کا تعلق حدیث کو لاحق ہونے والے طعن اور جرح کے ساتھ ہے۔

③ عبارت میں مذکور اصول کی وضاحت بطرز شارح:۔ عبارت کا حاصل یہ ہے کہ راوی اگر اپنی روایت کا بالکل انکار کر دے یا روایت کا انکار تو نہ کرے لیکن روایت کے بعد اپنی ہی روایت کردہ روایت کے خلاف عمل کرے تو اس صورت میں روایت پر عمل ساقط ہو جائیگا جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مشہور حدیث ایما امرأة نكحت بلا اذن وليها فنكاحها باطل (جو عورت ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اُس کا نکاح باطل ہے) کی راویہ ہیں مگر خود انہوں نے اپنی بھتیجی کا نکاح اُسکے ولی کی اجازت کے بغیر کیا۔

اور اگر راوی کے عمل کا اختلاف روایت لئے جانے سے قبل ہوا ہو یا تاریخ کا علم نہ ہو کہ عمل روایت سے پہلے ہے یا روایت کے بعد ہے تو اس صورت میں وہ روایت قابل اعتبار ہے، یہ چیز اس روایت کے لئے مضر نہیں ہے۔

اگر حدیث کے راوی نے حدیث کے مشترک معانی میں سے کسی ایک محتمل معنیٰ کی تعیین کر دی تو ہم اُس پر عمل کریں گے۔ اُس پر عمل کرنا دوسری تاویل کے لئے مانع نہ ہوگا بلکہ اُس پر بھی عمل کیا جا سکتا ہے، اس لئے کہ صرف راوی کا قول حجت نہیں ہے، اس کی مثال ترمذی شریف کی ایک روایت (المتبايعان بالخيار مالم يتفرقا) ہے، جس کے راوی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ ہیں۔ پس یہ روایت تفرق اقوال اور تفرق ابدان دونوں کا احتمال رکھتی ہے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی تاویل تفرق ابدان کے ساتھ کی ہے

جیسا کہ امام شافعیؒ کا قول ہے اور یہ اس بات کے منافی نہیں ہے کہ ہم اس حدیث کے دوسرے معنیٰ تفرق اقوال پر عمل کرتے ہیں۔

اور خود کسی راوی کا اپنی روایت کردہ روایت کے مطابق عمل نہ کرنا اور اُس پر عمل کرنے سے باز رہنا یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ وہ راوی اُس حدیث کے خلاف پر عمل کرے جیسا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین والی حدیث کے راوی ہیں مگر وہ خود اس حدیث پر عمل نہیں کرتے وہ صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرتے تھے پس اُن کا اِس روایت کے مطابق عمل نہ کرنا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ روایت منسوخ ہو چکی ہے۔

**الشق الثانی** ...... وكونه من الصحابة أو من العترة لايشترط وكذا أهل المدينة وانقراض عصر و قيل: يشترط للإجماع اللاحق عدم الاختلاف في السبق عند أبي حنيفة وليس كذالك في الصحيح۔

مذکورہ عبارت کی اس طرح تشریح کریں جس سے تمام قیودات احترازیہ کی افادیت واضح ہو جائے۔ (ص۲۳۶۔رحمانیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں حل عبارت اور قیودات احترازیہ کی وضاحت مطلوب ہے۔

**جواب** ...... عبارت وقیودات احترازیہ کی وضاحت:۔ عبارت کا حاصل یہ ہے کہ اجماع کے لئے مجتہد کا متقی وصالح ہونا اور خواہش پرست وبدعتی نہ ہونا ضروری ہے۔ اجماع کیلئے بالخصوص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل قرابت ہونا یا اہل مدینہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ اسی طرح اجماع کے بعد تمام مجتہدین واہل اجماع کا فوت ہونا اور ان کے زمانہ کا ختم ہونا ضروری نہیں ہے۔ یہ احترازی قیود اس لئے لگائی گئی ہیں تاکہ ان بعض حضرات کے اقوال کی نفی ورد ہو جائے جنہوں نے یہ قیود لگائی ہیں مثلاً بعض حضرات نے کہا کہ صرف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع معتبر ہے اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انعقاد احکام اور علم شریعت کے اصول کی بجہ بوجہ پر ان کی مدح وثناء کی ہے۔ اسی طرح بعض حضرات نے کہا کہ صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسل اور اہل قرابت کا اجماع معتبر ہے اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعد گمراہی سے بچنے کیلئے کتاب اللہ اور اپنے اہل بیت کو مضبوطی سے تھامنے کی وصیت کی۔ اسی طرح امام مالکؒ نے فرمایا کہ صرف اہل مدینہ کا اجماع معتبر ہے اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مدینہ سے خبث کی نفی کی گئی ہے اور خطاء بھی خبث ہی ہے، اس لئے خبث سے پاک لوگوں کا اجماع معتبر ہے۔ اسی طرح امام شافعیؒ نے فرمایا کہ اجماع کے بعد اہل اجماع کا فوت ہونا اور ان کے زمانہ کا ختم ہونا بھی ضروری ہے کیونکہ اگر اہل اجماع میں سے کوئی زندہ ہے تو اجماع کے بعد موت سے پہلے اس کے رجوع کرنے کا احتمال موجود ہے۔ تو مصنفؒ نے ان قیود احترازیہ کے ذریعہ ان تمام اقوال کی نفی کر دی۔ اس لئے کہ جو نصوص اجماع کے حجت ہونے پر دلالت کرتے ہیں ان میں اس طرح کی کوئی قید نہیں ہے وہ تمام نصوص مطلق ہیں۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۶ھ

**الشق الاول** ...... وَالْعَدَالَةُ وَهِيَ الْإِسْتِقَامَةُ فِي الدِّيْنِ وَهُوَ يَتَفَاوَتُ إِلٰى دَرَجَاتٍ مُتَفَاوِتَةٍ بِالْإِفْرَاطِ وَالتَّعَصُّبِ وَالْمُعْتَبَرُ هٰهُنَا كَمَالُهَا وَهُوَ رُجْحَانُ جِهَةِ الدِّيْنِ وَالْعَقْلِ عَلٰى طَرِيْقِ الْهَوٰى وَالشَّهْوَةِ حَتّٰى إِذَا ارْتَكَبَ كَبِيْرَةً أَوْ أَصَرَّ عَلٰى صَغِيْرَةٍ سَقَطَتْ عَدَالَتُهُ۔ (ص۱۹۵۔رحمانیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر تشریح کریں، گناہ صغیرہ وکبیرہ کی تعریف کریں اور بتائیں کہ کبائر کتنے ہیں؟ عدالت قاصرہ کسے کہتے ہیں؟ اور عدالت قاصرہ روایت حدیث میں کیوں معتبر نہیں؟

Maktaba Tul Ishaat.com

﴿خلاصۂ سوال﴾ ..... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کی تشریح (۳) گناہ صغیرہ و کبیرہ کی تعریف اور کبیرہ کی تعداد (۴) عدالت قاصرہ کی مراد اور روایت حدیث میں معتبر نہ ہونے کی وجہ۔

جواب ..... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السؤال آنفا۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ خبر کے قبول ہونے کیلئے راوی کی شرائط میں سے یہ ہے کہ وہ عادل ہو اور عدالت دین میں استقامت اختیار کرنا ہے۔ اور استقامت کے مختلف درجات ہیں جس قدر وہ استقامت دین پر مستحکم وقوت کے ساتھ قائم ہوگا اُسی اعتبار سے وہ اعلیٰ درجے کا عادل ہوگا اور روایت حدیث میں جس عدالت کا اعتبار کیا گیا ہے وہ عدالت کاملہ ہے۔ اور عدالت کاملہ یہ ہے کہ اُس کا رجحان دین کی جانب ہو نفسانی خواہشات اور شہوت رانی سے دور ہو لہٰذا اگر وہ کسی کبیرہ گناہ کا ارتکاب کرے گا یا کسی صغیرہ پر اصرار کرے گا تو اس صورت میں اُس کی عدالت ختم ہو جائے گی البتہ اگر کبھی کسی صغیرہ گناہ میں پڑ گیا تو اُس کی عدالت ساقط نہ ہوگی۔ اس لئے کہ ہر چھوٹے بڑے گناہ سے دائمی طور پر بچنا یہ انبیاء علیہم السلام کی خصوصیت ہے جو کہ عوام کے حق میں دشوار ہے اور صغیرہ پر اصرار کرنا اُس کو کبیرہ کے درجے میں پہنچا دیتا ہے لہٰذا عادل ہونے کے لئے صغیرہ پر اصرار سے بھی بچنا ضروری ہے۔

❸ گناہ صغیرہ و کبیرہ کی تعریف اور کبیرہ کی تعداد:۔ گناہ کبیرہ کی تعیین اور تعارف میں مختلف روایات ہیں۔

بعض حضرات نے کہا کہ ہر وہ گناہ جس کی ماتحت گناہ کی طرف نسبت کی جائے تو وہ کبیرہ ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ ہر وہ گناہ جو مابعد میں مذکور گناہوں میں سے کسی ایک کے برابر ہو یا اس سے زیادہ ہو کبیرہ ہے۔ بعض نے کہا کہ ہر وہ گناہ جس پر خصوصیت سے شارع کی طرف سے دھمکی وارد ہوئی ہو وہ کبیرہ ہے مثلاً جاندار کی تصویر بنانا۔ بعض حضرات نے کہا کہ ہر وہ معصیت جس پر معمولی سمجھ کر اصرار ہو وہ کبیرہ ہے اور جس سے استغفار کر لے وہ صغیرہ ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کبائر کی تعداد نو ہے۔ ① اشراک باللہ ② قتل النفس بغیر حق خواہ دوسرے نفس کا ہو یا اپنے نفس کا قتل ہو جس کو خودکشی کہتے ہیں ③ مؤمنہ آزاد عاقلہ بالغہ پر زنا کی تہمت لگانا ④ زنا کرنا ⑤ میدان جنگ میں کفار کے مقابلے سے بھاگنا ⑥ کسی پر جادو کرنا ⑦ یتیم کا مال ناحق طریقہ سے کھانا ⑧ جائز امور میں مسلمان والدین کی نافرمانی کرنا ⑨ حدود حرم میں گناہ کرنا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان نو پر سود کھانے کا اضافہ کیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان دس پر چوری کرنے اور شراب پینے کا اضافہ کیا ہے۔

بعض حضرات نے ان میں ① لواطت ② جھوٹی گواہی ③ جھوٹی قسم ④ ڈاکہ ڈالنا ⑤ غیبت ⑥ جوابازی کو بھی شامل کیا ہے تو کل تعداد اٹھارہ ہو گئی۔ (بیان الفوائد ج ۳ ص ۱۱۲)

❹ عدالت قاصرہ کی مراد اور روایت حدیث میں معتبر نہ ہونے کی وجہ:۔ عدالت قاصرہ سے مراد وہ عدالت ہے جو ایک مسلمان کی ظاہری حالت سے نظر آئے کیونکہ ظاہری امر یہی ہے کہ ہر وہ مسلمان جس کی عقل میں اعتدال ہو وہ جھوٹ وغلط بیانی سے پرہیز واجتناب کرے گا۔ روایت حدیث میں عدالت قاصرہ معتبر نہیں ہے اس لئے کہ انسان کے ظاہر کے معارض ایک دوسرا معارض ہے جسے ہوائے نفس یعنی نفسانی خواہشات کہتے ہیں اور انسان بسا اوقات ان نفسانی خواہشات والے عارض میں مبتلا ہو جاتا ہے پس ان نفسانی خواہشات کے پیش نظر یہ شخص من کل الوجوہ عادل نہ ہوا بلکہ اس کی عدالت قاصرہ ہے اور عدالت کے قاصرہ ہونے کی وجہ سے ایسے شخص کی روایت حدیث معتبر نہیں ہے۔

## ﴿سراجی﴾

**الشق الثانی**...... اکتب سهم الوارثين في المسائل الآتية. (٦ بنات، ٣ جدات، ٣ اعمام) (اب، ام، زوج) (زوج، اب، ام، ٦ بنات) (بنت، بنت الابن، اخت عينيه)

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں فقط مذکورہ مسائل میں وارثین کے سہام کا حل مطلوب ہے۔

**جواب**...... مذکورہ مسائل میں وارثین کے سہام:۔

مسئلہ ۶ مضروب ۳ تصحیح ۱۸

میـــــــــت

| | | | |
|---|---|---|---|
| | بنت ۶ | جدات ۳ | اعمام ۳ |
| | ثلثان | سدس | عصبہ |
| | ۴x۳=۱۲ | ۱x۳=۳ | ۱x۳=۳ |
| | (فی بنت ۲) | (فی جد ۱) | (فی عم ۱) |

مسئلہ ۶ مضروب ۳ تصحیح ۸۱

میـــــــــت

| | | |
|---|---|---|
| اب | ام | زوج |
| عصبہ | ثلث باقی | نصف |
| ۲ | ۱ | ۳ |

زوج کو اولاد نہ ہونے کی وجہ سے ربع ملا اور اَب مذکر اولاد نہ ہونے کی وجہ سے عصبہ ہے اسلئے بقایا دو حصے اَب کے ہی ہوں گے۔

مسئلہ ۱۲، عول ۱۵، مضروب ۳، تصحیح ۴۵

میـــــــــت

| | | | |
|---|---|---|---|
| زوج | اب | ام | بنات ۶ |
| ربع | سدس | سدس | ثلثان |
| ۳x۳=۹ | ۲x۳=۶ | ۲x۳=۶ | ۸x۳=۲۴ |

مسئلہ ۶

میـــــــــت

| | | |
|---|---|---|
| بنت | بنت الابن | اخت عینیہ |
| نصف | سدس | عصبہ |
| ۳ | ۱ | ۲ |

## ﴿السؤال الثالث﴾ ۱۴۳۶ھ

**الشق الاول**...... وقال زيد بن ثابت لا ميراث لذوى الارحام ويوضع المال في بيت المال. (ص۵۶: امدادیہ)

عرّف ذا الرحم. ماهو الاختلاف في مسئلة توريث ذوى الارحام بين الصحابة؟ وما هو مذهب الامام ابى حنيفةؒ والشافعیؒ ومالكؒ في هذه المسئلة. بيّن أصناف ذوى الارحام.

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور حل طلب ہیں (۱) ذوی الارحام کی تعریف (۲) ذوی الارحام کے وارث بننے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اختلاف (۳) مسئلہ مذکورہ میں ائمہ اربعہ کا مذہب (۴) ذوی الارحام کی اصناف۔

**جواب**...... ❶ ذوی الارحام کی تعریف:۔ هو كل قريب ليس بذى سهم ولا عصبة میت کے وہ رشتہ دار جن کا حصہ قرآن پاک و حدیث میں مقرر نہیں ہے اور اجماع سے طے پایا ہے اور نہ وہ عصبات ہیں۔

❷ ذوی الارحام کے وارث بننے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اختلاف:۔ اکثر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و تابعین حضرت عمر حضرت علی، حضرت ابن مسعود، حضرت ابوعبیدہ بن جراح، حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہم وغیرہ کے نزدیک ذوی الفروض اور عصبات کی عدم موجودگی میں ذوی الارحام کو ترکہ ملے گا لیکن حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ، حضرت سعید بن مسیب و سعید بن جبیر رحمہما اللہ کے نزدیک ذوی الارحام ترکہ کے وارث نہیں بن سکتے بلکہ ترکہ بیت المال میں جمع کرادیا جائے گا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

③ مسئلہ مذکورہ میں ائمہ اربعہ کا مذہب:۔ احناف اور حنابلہ کے نزدیک ذوی الارحام ترکہ کے وارث ہونگے امام مالک اور امام شافعی کے نزدیک ذوی الارحام ترکہ کے وارث نہیں بن سکتے بلکہ ترکہ بیت المال میں جمع کرادیا جائیگا۔ بشرطیکہ بیت المال شرعی نظم و ضبط کے مطابق چلتا ہو (اس شرط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے متاخرین مالکیہ و شافعیہ نے بھی حنفیہ و حنابلہ والے قول پر فتویٰ دیا ہے۔ (طرازی ص۲۷۸)

④ ذوی الارحام کی اصناف:۔ استحقاق وراثت کے اعتبار سے ذوی الارحام کی چار قسمیں ہیں ① وہ ذوی الارحام جو میت کی طرف منسوب ہوتے ہیں جیسے بیٹی اور پوتی کی مذکر و مؤنث اولاد نیچے تک ② وہ ذوی الارحام جن کی طرف میت منسوب ہوتی ہے جیسے جد فاسد (نانا، نانا کا باپ اوپر تک) اور جدہ فاسدہ (نانا کی ماں اور انکی ماں اوپر تک) ③ وہ ذوی الارحام جو میت کے والدین کی طرف منسوب ہوتے ہیں جیسے حقیقی علاتی اور اخیافی بہن کی مذکر و مؤنث اولاد اور حقیقی علاتی اخیافی بھائی کی لڑکیاں اور آگے انکی لڑکیاں نیچے تک اور اخیافی بھائیوں کے لڑکے اور انکی مذکر و مؤنث اولاد ④ وہ ذوی الارحام جو میت کے دادا اور دادی کی طرف منسوب ہوتے ہیں جیسے باپ کی حقیقی علاتی اور اخیافی بہنیں اور ان سب کی اولاد نیچے تک اور باپ کے اخیافی بھائی اور انکی اولاد نیچے تک اور ماں کے حقیقی علاتی اور اخیافی بھائی اور انکی اولاد نیچے تک اور ماں کی حقیقی علاتی اور اخیافی بہنیں اور انکی اولاد نیچے تک۔

**الشق الثانی** ......قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوْهَا النَّاسَ فَإِنَّهَا نِصْفُ الْعِلْمِ (ص۲ سراجیہ)

**ترجم العبارة رائعة و شكّلها رائقا. عرف علم الفرائض و انكر حكم الشرع عن تعلمه . ما هو موضوع علم الفرائض و غرضه . لما ذا سمى هذا العلم بعلم الفرائض و ما اهميته و مقامه؟**

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل سات امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت پر اعراب (۳) علم الفرائض کی تعریف (۴) علم الفرائض کے تعلم کا شرعی حکم (۵) علم الفرائض کا موضوع و غرض و غایت (۶) علم الفرائض کی وجہ تسمیہ (۷) علم فرائض کی اہمیت۔

**جواب** ...... ① عبارت کا ترجمہ:۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ علم فرائض سیکھو اور وہ لوگوں کو سکھاؤ کیونکہ یہ آدھا علم ہے۔

② عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

③ علم الفرائض کی تعریف:۔ علم الفرائض وہ علم ہے جس سے میت کا ترکہ اس کے شرعی ورثاء کے درمیان شرعی طریقہ کے مطابق تقسیم کرنے کا طریقہ معلوم ہو اور اس کا ماخذ کتاب اللہ، سنت رسول اللہ ﷺ اور اجماع اُمت ہے۔

④ علم الفرائض کے تعلم کا شرعی حکم:۔ علم الفرائض کا تعلم یعنی اس کا سیکھنا فرض کفایہ ہے۔

⑤ علم الفرائض کا موضوع و غرض و غایت:۔ علم الفرائض کا موضوع ترکہ اور وارث ہیں، غرض و غایت ہر وارث کو اس کا میراث کا حق دینا اور ترکہ کی تقسیم میں غلطی سے بچنا تاکہ اخروی مؤاخذہ سے بچا جا سکے۔

⑥ علم الفرائض کی وجہ تسمیہ:۔ فرائض فریضہ کی جمع ہے۔ فرض کے عربی زبان میں کئی معنی ہیں جن میں سے ہر معنی کو اس فن سے مناسبت ہے مثلاً ① مقرر کرنا، فرائض سے مراد مقرر کردہ حصے ہیں ② بلاعوض کوئی چیز دینا اس فن میں جن حصوں سے بحث ہوتی ہے وہ ورثاء کو بلاعوض ہی ملتے ہیں۔

⑦ علم فرائض کی اہمیت:۔ علم فرائض کی فضیلت و اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دیگر احکام نماز، روزہ وغیرہ اجمالاً نازل فرمائے اور ان کی تفصیل آنحضرت ﷺ کے حوالے کی گئی، جبکہ وراثت و فرائض کی تمام تفصیلات اللہ

**الشق الثانی** ...... اَلْاَفْعَالُ النَّبِیِّ ﷺ سِوَى الزَّلَّةِ اَرْبَعَةُ اَقْسَامٍ مُبَاحٌ وَمُسْتَحَبٌّ وَوَاجِبٌ وَفَرْضٌ ..... وَلٰكِنْ هٰذَا التَّقْسِيْمُ بِالنِّسْبَةِ اِلَيْنَا ..... ثُمَّ اِنَّهُمْ اِخْتَلَفُوْا فِىْ اِقْتِدَاءِ اَفْعَالٍ لَمْ تَصْدُرْ عَنْهُ سَهْوًا وَلَمْ تَكُنْ لَهٗ طَبْعًا وَلَمْ تَكُنْ مَخْصُوْصَةً بِهٖ. (ص۲۲۳۔رحمانیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، زلّۃ کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں کہ اس کا استثناء کیوں کیا گیا؟ **بالنسبة الينا** کا کیا مطلب ہے؟ **ثم انهم اختلفوا فی اقتداء افعال الخ** اختلاف کی وضاحت کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) زلّۃ کی تعریف اور استثناء کی وجہ (۴) **بالنسبة الينا** کا مطلب (۵) **ثم انهم اختلفوا فی اقتداء افعال** کی تفصیل۔

**جواب** ...... ❶ **عبارت پر اعراب:۔** کما مرّ فی السوال آنفاً۔

❷ **عبارت کا ترجمہ:۔** زلّۃ کے علاوہ آپ ﷺ کے دیگر افعال کی چار قسمیں ہیں۔ مباح، مستحب، واجب، فرض ..... لیکن یہ تقسیم ہماری طرف نسبت کرتے ہوئے ہے (ہمارے اعتبار سے ہے) ..... پھر بے شک علماء نے اختلاف کیا ہے آپ ﷺ کے اُن افعال کی اقتداء میں جو آپ ﷺ سے نہ سہواً صادر ہوئے اور نہ طبعاً صادر ہوئے اور نہ وہ آپ ﷺ کے ساتھ خاص تھے۔

❸ **زلّۃ کی تعریف اور استثناء کی وجہ:۔** زلّۃ کا لغوی معنیٰ گرنا، گناہ و لغزش ہے اور اصطلاح میں آپ ﷺ کا کسی فعل کو مباح سمجھتے ہوئے اس کا ارتکاب کرنا ہے جبکہ حقیقت میں وہ فعل مباح نہ ہو بالفاظِ دیگر اجتہادی لغزش وخطاء کو زلّۃ کہتے ہیں۔

چونکہ اس باب و بحث سے مقصود آپ ﷺ کے اُن افعال وغیرہ کو ذکر کرنا ہے جو قابلِ اقتداء و قابلِ عمل ہیں اور ازلّات (اجتہادی لغزشیں) قابلِ اقتداء و قابلِ عمل نہیں ہوتے اس لئے افعالِ نبی ﷺ سے ازلّات کا استثناء کیا گیا ہے۔

شارحؒ نے اس کو مثال کے ذریعہ واضح فرمایا ہے کہ جیسے کوئی شخص راستہ میں چلتے چلتے لغزش کھا کر گر گیا اور اس کے فوراً بعد وہ اُٹھ کر چل پڑا تو ظاہر ہے کہ یہ شخص نہ قصداً گرا ہے اور نہ اس پر قائم رہا ہے۔ پس ازلّات کے اعتبار سے حضرات انبیاء علیہم السلام کا بھی یہی معاملہ ہے۔ الغرض ازلّات قابلِ اقتداء و قابلِ عمل نہیں ہیں۔

❹ **بالنسبة الينا کا مطلب:۔** شارحؒ فرماتے ہیں کہ افعال النبی ﷺ کی فرض و واجب و مستحب وغیرہ کی طرف تقسیم ہمارے اعتبار سے ہے، خود رسول اللہ ﷺ کے اعتبار سے نہیں ہے اس لئے کہ کوئی بھی عمل و فعل اس اصطلاح کے طور پر آپ ﷺ پر واجب نہ ہوا تھا، کیونکہ وجوبِ اصطلاحی کا معنیٰ یہ ہے کہ وہ فعل ایسی دلیل سے ثابت ہے جس میں شبہ ہے حالانکہ حضرات انبیاء علیہم السلام کے اعتبار سے ہر دلیل قطعی ہوتی ہے کسی دلیل میں کوئی شک و شبہ نہیں ہوتا۔ پس ان افعال کا فرض و واجب وغیرہ ہونا ہمارے اعتبار سے ہے، رسول اللہ ﷺ کے اعتبار سے نہیں ہے۔

❺ **ثم انهم اختلفوا فی اقتداء افعال کی تفصیل:۔** جو افعال آپ ﷺ سے سہواً صادر ہوئے یا طبعی افعال یا آپ ﷺ کے خصوصی افعال، ان تینوں اقسام کے علاوہ دیگر جو افعال آپ ﷺ سے صادر ہوئے اُن پر عمل کرنا یا ان کی اتباع کرنا فی الفور واجب ہے یا نہیں؟ اس میں علماء کا اختلاف ہے

بعض حضرات کے نزدیک ان میں فی الفور توقف کرنا واجب ہے جب یہ ظاہر ہو جائے کہ آپ ﷺ کا یہ فعل کس نوعیت کا ہے مباح

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے واجب ہے یا مستحب ہے تو پھر اس پر عمل واقتداء کرے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ جب تک کوئی منع کرنے والی دلیل نہ آجائے اُس وقت تک اُن افعال کی اتباع کرنا واجب وضروری ہے۔ امام کرخیؒ فرماتے ہیں کہ اُن افعال میں اباحت کا اعتقاد رکھنا ہوگا، البتہ جب اُس پر کوئی وجوب یا استحباب کی دلیل دلالت کرے گی تو پھر اُسی درجے میں اُس پر عمل ہوگا۔ مصنفؒ ان تمام اقوال کو ترک کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ہمارے نزدیک مذہب مختار یہ ہے کہ آپ ﷺ کے جو افعال معلوم ہوں وہ جس نوعیت (واجب، مستحب، مباح) کے ہوں اُسی اعتبار سے ہم اُن کی اقتداء کریں گے اور جب کوئی خصوصیت کی دلیل آجائے گی تو پھر ہم اُن افعال مخصوصہ کی اقتداء نہیں کریں گے لہٰذا جو افعال آپ ﷺ پر واجب ہیں وہ ہم پر بھی واجب ہیں اور جو آپ ﷺ کے لئے مباح ہیں وہ ہمارے لئے بھی مباح ہیں۔ البتہ اگر کوئی علامت اس نوعیت پر دلالت کرنے والی نہ ہو تو پھر اُن افعال کو اباحت کے درجے میں رکھتے ہوئے اُن پر عمل کریں گے کیونکہ عمل کا ادنیٰ درجہ یہی ہے۔ (قوت الاخیار ص ۸۱)

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاوّل** ...... اَلتَّقْسِيْمُ الْاَوَّلُ فِيْ كَيْفِيَّةِ الْاِتِّصَالِ بِنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ، وَهُوَ اِمَّا اَنْ يَّكُوْنَ كَامِلًا كَالْمُتَوَاتِرِ وَهُوَ الْخَبَرُ الَّذِيْ رَوَاهُ قَوْمٌ لَا يُحْصٰى عَدَدُهُمْ وَلَا يُتَوَهَّمُ تَوَاطُؤُهُمْ عَلَى الْكِذْبِ وَيَدُوْمُ هٰذَا الْحَدُّ فَيَكُوْنُ اٰخِرُهٗ كَاَوَّلِهٖ وَاَوَّلُهٗ كَاٰخِرِهٖ وَاَوْسَطُهٗ كَطَرَفَيْهِ كَنَقْلِ الْقُرْاٰنِ وَالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ مِثَالٌ لِمُطْلَقِ الْمُتَوَاتِرِ دُوْنَ مُتَوَاتِرِ السُّنَّةِ۔ اعراب لگا کر ترجمہ کریں، عبارت کی وضاحت کریں۔ علم ضروری واستدلالی میں فرق واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی وضاحت (۴) علم ضروری اور علم استدلالی میں فرق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ پہلی تقسیم حدیث کے رسول اللہ ﷺ سے ہم تک پہنچنے کی کیفیت کے بیان میں ہے۔ وہ حدیث یا متواتر کی طرح کامل ہوگی اور متواتر وہ خبر ہے جسے ایسی قوم نے روایت کیا ہو جن کی تعداد کو شمار نہ کیا جاسکتا ہو اور نہ اُن کے جھوٹ پر متفق ہونے کا وہم کیا جاسکتا ہو اور یہ تعداد ہمیشہ رہے پس اُس کا آخر اُس کے اوّل کی مثل ہو اور اُس کا اوّل اُس کے آخر کی مثل ہو اور اُس کا وسط اُس کی دونوں طرفوں کی مثل ہو جیسے قرآن کریم اور پانچ نمازوں کا منقول ہونا یہ مطلق متواتر کی مثال ہے نہ کہ متواتر السنہ کی۔

❸ عبارت کی وضاحت:۔ اس عبارت میں مصنفؒ حدیث رسول ﷺ کے ہم تک پہنچنے کی کیفیت کے اعتبار سے حدیث کی تقسیم فرما رہے ہیں۔ فرمایا کہ حدیث رسول ﷺ کے ہم تک پہنچنے کا جو واسطہ اور وسیلہ ہے یا وہ حدیث متواتر کی طرح کامل درجے کا ہوگا۔ پھر حدیث متواتر کی تعریف فرمائی جو مذکورہ حوالہ پر گزر چکی ہے۔

❹ علم ضروری اور علم استدلالی میں فرق:۔ علم ضروری علم یقینی وقطعی کو کہتے ہیں جس کے لیے کسی دلیل وغیرہ کی ضرورت نہیں ہوتی اور علم استدلالی میں کسی چیز کو دلائل سے ثابت کیا جاتا ہے اور دلائل کے قائم کرنے میں مقدمات عارضہ ظنیہ کو ترتیب دیا جاتا ہے، اس لیے یہ علم یقینی نہیں ہوتا۔

## ﴿سراجی﴾

**الشق الثانی** ...... اکتب جواب المسائل المذکورۃ۔

(بنت، ام، عم) (٦ بنات، ام، اب) (٣زوجه، ٥ أخت خيفى، ٧عم) (زوج، ٣ أخت عينى، أم)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں صرف مذکورہ مسائل کا حل مطلوب ہے۔

**جواب**...... مذکورہ مسائل کا حل:۔

**مسئلہ ۶**

میت

| بنت | أم | عم |
| --- | --- | --- |
| نصف | سدس | عصبہ |
| ۳ | ۱ | ۲ |

**مسئلہ ۶** مضروب ۳ تصحیح ۱۸

میت

| ۶ بنات | أم | اب |
| --- | --- | --- |
| ثلثان | سدس | سدس |
| ۴x۳=۱۲ | ۱x۳=۳ | ۱x۳=۳ |

**مسئلہ ۱۲** مضروب ۳۵ تصحیح ۴۲۰

میت

| ۳ زوجہ | ۵ اخت خیفی | ۷ عم |
| --- | --- | --- |
| ربع | ثلث | عصبہ |
| ۳x۳۵=۱۰۵ | ۴x۳۵=۱۴۰ | ۵x۳۵=۱۷۵ |
| فی زوجہ ۳۵ | فی اخت ۲۸ | فی عم ۲۵ |

**مسئلہ ۶** عول ۸ مضروب ۳ تصحیح ۲۴

میت

| زوج | ۳ اخت عینی | أم |
| --- | --- | --- |
| نصف | ثلثان | سدس |
| ۳x۳=۹ | ۴x۳=۱۲ | ۱x۳=۳ |
| | فی اخت ۴ | |

## ﴿السوال الثالث﴾ ١٤٣٧ھ

**الشق الاوّل**......عرّف العصبة۔ بين اقسام العصبة النسبية مع ذكر الامثلة وماهو حكم كل صنف فى استحقاق الميراث۔ (ص۲۱۔امدادیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور حل طلب ہیں (۱) عصبہ کی تعریف (۲) عصبہ کی اقسام مع امثلہ (۳) ہر قسم کے مستحقِ میراث ہونے کا حکم۔

**جواب**...... ❶ عصبہ کی تعریف:۔ عصبہ عاصب کی جمع ہے اور یہ عصوبہ بمعنی گھیرنا داحاطہ کرنا سے ماخوذ ہے اور عصبہ میت کے وہ رشتہ دار ہیں جن کا حصہ شریعت نے مقرر نہیں کیا، بلکہ وہ ذوی الفروض کے نہ ہونے کی صورت میں تمام ترکہ اور ذوی الفروض کی موجودگی میں باقی ماندہ ترکہ کے مستحق ہوتے ہیں۔

❷ عصبہ کی اقسام مع امثلہ:۔ عصبہ کی اولاً دو قسمیں ہیں، عصبہ سببیہ و عصبہ نسبیہ۔

عصبہ سببیہ: یعنی وہ انسان جو دوسرے کو آزاد کر دے پس وہ جس کو آزاد کیا ہے اس کا عصبہ سببیہ ہے۔

عصبہ نسبیہ: عصبہ نسبیہ (جن کا میت سے ولادت کا تعلق ہو) کی تین قسمیں ہیں۔ ① عصبہ بنفسہٖ: میت کا وہ مرد رشتہ دار جو کسی عورت کے واسطہ سے میت کا رشتہ دار نہیں۔ پھر اس کی چار اقسام ہیں (۱) جزءِ میت یعنی میت کی مذکر اولاد نیچے تک جیسے بیٹا، پوتا، پڑپوتا نیچے تک (۲) اصل میت یعنی میت کے مذکر اصول اوپر تک جیسے باپ، دادا، پردادا اوپر تک (۳) جزءِ اب میت یعنی میت کا باپ، حقیقی بھائی کا بیٹا پھر علاتی بھائی کا بیٹا نیچے تک (۴) جزءِ جدِ میت یعنی میت کے دادا کی مذکر اولاد جیسے حقیقی چچا پھر علاتی چچا پھر حقیقی چچا کی اولاد پھر علاتی چچا کی اولاد نیچے تک۔ ② عصبہ بغیرہٖ: وہ عورتیں جو اپنے بھائیوں کی وجہ سے عصبہ ہو جاتی ہیں، اگر یہ تنہا

Maktaba Tul Ishaat.com

ہوں تو پھر انکا حصہ ایک ہونے کی صورت میں نصف اور زائد ہونے کی صورت میں ثلثان ہے، لیکن اگر انکے ساتھ بھائی بھی ہو تو پھر یہ سب عصبہ ہونگے اور یہ چار عورتیں ہیں، بیٹی، پوتی، حقیقی بہن، علاتی بہن ③ عصبہ مع غیرہ: ہر وہ عورت ہے جو دوسری کسی عورت کے ساتھ عصبہ ہو جائے جیسے، بہن بیٹی کے ساتھ عصبہ ہو جاتی ہے۔

② ہر قسم کے مستحق میراث ہونے کا حکم:۔ عصبہ بنفسہ کی اقسام اربعہ میں اگر ایک ہی درجہ کے عصبات ہوں تو وہی مستحق ہونگے اور اگر متعدد انواع و درجات کے عصبات ہوں تو ان میں تین طریقہ سے ترجیح ہوگی ① پہلی قسم والے عصبہ کو دوسری قسم والے عصبہ پر ترجیح ہوگی اور دوسری قسم کو تیسری قسم پر اور تیسری قسم کو چوتھی قسم پر ترجیح ہوگی، پس بیٹے و پوتے کی موجودگی میں باپ دادا عصبہ نہیں ہوگا، باپ دادا کی موجودگی میں بھائی و بھتیجا عصبہ نہیں ہوگا، بھائی و بھتیجا کی موجودگی میں چچا اور اسکے لڑکے عصبہ نہیں ہونگے۔ ② الاقرب فالاقرب یعنی قریب والا رشتہ دار دور والے رشتہ دار پر مقدم ہوگا پس سب سے قریبی میت کی فرع یعنی بیٹا پھر پوتا ہے پھر میت کی اصل یعنی باپ پھر دادا ہے، پھر میت کے باپ کی فرع یعنی بھائی پھر اسکے بیٹے ہیں، پھر میت کے دادا کی فرع یعنی چچا پھر اس کے بیٹے ہیں۔ ③ یرجحون بقوۃ القرابۃ یعنی قوت قرابت کے اعتبار سے ترجیح ہوگی یعنی جس کا رشتہ قوی ہوگا وہ دوسرے پر مقدم ہوگا، اس اعتبار سے حقیقی بھائی علاتی بھائی پر، حقیقی چچا علاتی چچا پر، حقیقی بھتیجا علاتی بھتیجے پر مقدم ہوگا۔ (طرازی ص ۱۰۵ تا ۱۰۸)

**الشق الثانی** ...... عرف التماثل والتداخل والتوافق والتباين فی ضوء الأمثلة ۔ لماذا يقال ان علم الفرائض نصف العلم بين وجه ذالك ۔ (ص ۳۶،۳۷۔ امدادیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امور حل طلب ہیں (۱) تماثل، توافق، تداخل اور تباین کی تعریف مع امثلہ (۲) علم الفرائض کو نصف العلم کہنے کی وجہ۔

**جواب** ...... ① تماثل، توافق، تداخل اور تباین کی تعریف مع امثلہ:۔ تماثل: اگر ایک عدد دوسرے عدد کا ہم مثل ہو جیسے تین تین، چار چار، پانچ پانچ، تو ان دونوں کو متماثلین اور ان کی نسبت کو تماثل کہتے ہیں۔

تداخل: اگر دو مختلف عدد اس کیفیت پر ہوں کہ ان میں جو عدد چھوٹا ہو وہ بڑے عدد کا جزء ہو تو ان دونوں کو متداخلین اور ان کی نسبت کو تداخل کہا جاتا ہے جیسے تین اور نو کہ تین نو کا جز ہے اس کو بالفاظ دیگر یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ چھوٹا عدد بڑے عدد کو فنا کردے یعنی اگر چھوٹے عدد کو بڑے عدد میں سے ایک بار یا چند بار نکالا جائے تو بڑا عدد ختم ہو جائے جیسے مثال مذکور میں جب نو میں سے تین کو تین مرتبہ نکالا گیا تو نو ختم ہو گیا بالفاظ دیگر اسی مفہوم کو یوں بھی تعبیر کر سکتے ہیں کہ تداخل یہ ہے کہ بڑا عدد چھوٹے عدد پر برابر تقسیم ہو جائے جیسے نو، تین پر برابر تقسیم ہو جاتا ہے۔

توافق: اگر دو عدد ایسے ہوں کہ چھوٹا عدد بڑے کا جزء نہیں ہے اور نہ چھوٹا عدد بڑے کو فنا کر سکتا ہے اور نہ بڑا عدد چھوٹے پر برابر تقسیم ہو سکتا ہے تو وہاں غور کیا جائے کہ کوئی ایسا تیسرا عدد ہے جو ان دونوں کو فنا کردے یا وہ دونوں اس پر بلا کسر تقسیم ہو جائیں، اگر مل جائے تو ان دونوں کو متوافقین اور ان کی نسبت کو توافق کہا جاتا ہے جیسے آٹھ اور بیس کہ اس مثال میں آٹھ اور بیس کو چار فنا کر دیتا ہے آٹھ کو دو مرتبہ تفریق کرنے سے اور بیس کو پانچ مرتبہ تفریق کرنے سے تو انکو فنا کرنے والا عدد چار ہے اور چار ربع کا مخرج ہے تو انکو متوافقین بالربع کہا جاتا ہے۔

تباین: اگر دو عدد ایسے ہوں کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کی مثل بھی نہ ہوں اور ایک دوسرے پر نہ برابر تقسیم ہو سکتے ہوں اور نہ کوئی

تیسرا عدد ایسا ملتا ہو کہ جس پر یہ دونوں برابر تقسیم ہوسکیں تو ایسے دو عددوں کو متباعین اور ان کی نسبت کو تباین کہا جاتا ہے جیسے چار اور پانچ۔

❷ علم الفرائض کو نصف العلم کہنے کی وجہ:۔ اس کو نصف علم کہنے کی وجہ یہ ہے کہ احکام میراث صرف نصوص سے ثابت ہیں قیاس کا ان میں دخل نہیں بخلاف دوسرے احکام کے کیونکہ وہ قیاس سے بھی ثابت ہوتے ہیں اور بعضوں نے کہا کہ احکام کی دو قسمیں ہیں ① وہ احکام جن کا تعلق مردہ کے ساتھ ہے ② وہ احکام جن کا تعلق زندہ کے ساتھ ہے، قسم اوّل کو فرائض کہا جاتا ہے اور یہ فرائض احکام کی دو قسموں میں سے ایک قسم ہونے کی وجہ سے اس کو نصف علم کہا گیا ہے۔

نیز ملک کے دو سبب ہیں، اختیاری جیسے خرید و فروخت ہبہ وغیرہ اور غیر اختیاری جیسے وراثت چونکہ علم الفرائض میں غیر اختیاری سبب (میراث، وراثت) سے بحث ہوتی ہے اس لئے اس کو نصف العلم کہا گیا ہے۔

# ﴿الورقة الرابعة فی اصول الفقه و الفرائض﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ﴿نور الانوار﴾ ١٤٣٨ھ

**الشق الاول** ...... وَالتَّقْسِيمُ الثَّالِثُ فِيْ بَيَانِ مَحَلِّ الْخَبَرِ الَّذِيْ جُعِلَ الْخَبَرُ فِيْهِ حُجَّةً وَهُوَ اِمَّا حُقُوْقُ اللّٰهِ وَهُوَ نَوْعَانِ: اَلْعُقُوْبَاتُ وَغَيْرُهَا وَاِمَّا حُقُوْقُ الْعِبَادِ وَهُوَ ثَلٰثَةُ اَقْسَامٍ: مَا فِيْهِ اِلْزَامٌ مَحْضٌ اَوْ لَا اِلْزَامَ فِيْهِ اَصْلًا اَوْ فِيْهِ اِلْزَامٌ مِنْ وَجْهٍ دُوْنَ وَجْهٍ، فَهٰذِهٖ خَمْسَةُ اَقْسَامٍ وَهٰذَا التَّقْسِيمُ لِمُطْلَقِ الْخَبَرِ الْوَاحِدِ

اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ عبارت کی تشریح کرتے ہوئے خبر واحد کے قبول وعدم قبول کے اعتبار سے حقوق کا حکم اور مثال سے اسکی وضاحت کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ یہ خبر کی تیسری تقسیم ہے جو کہ محل خبر کے بیان میں ہے، وہ محل کہ اُس میں خبر کو حجت کا مقام دیا گیا ہے اور وہ مقام یا حقوق اللہ ہوگا اور اسکی دو قسمیں ہیں عقوبات اور غیر عقوبات۔ اور یا حقوق العباد ہوگا اور اسکی تین قسمیں ہیں اُس میں الزام محض ہوگا یا بالکل الزام نہیں ہوگا یا اُس میں من وجہ الزام ہوگا اور من وجہ الزام نہیں ہوگا۔ پس یہ پانچ اقسام ہیں اور یہ مطلق خبر واحد کی تقسیم ہے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں مصنفؒ نے محل خبر کے اعتبار سے خبر واحد کی تقسیم کی ہے چنانچہ فرمایا کہ محل خبر کا تعلق یا حقوق اللہ سے ہوگا یا حقوق العباد سے ہوگا۔ اگر محل خبر کا تعلق حقوق اللہ سے ہو تو پھر اسکی دو قسمیں ہیں ① عقوبات ② غیر عقوبات (عبادات)۔ بہر صورت خبر واحد اس میں حجت ہوگی، اِس میں تعداد وغیرہ کی کوئی شرط نہیں ہے اس کی مثال اذا التقی الختانان الخ والی حدیث ہے جس کی راویہ حضرت عائشہ ؓ ہیں اور بغیر کسی تعداد کی شرط کے ساتھ یہ حدیث قبول کی گئی ہے۔

البتہ دوسری جماعت کی رائے یہ ہے کہ اِس میں بھی تعداد شرط ہے۔ اِس کی مثال حضرت ذوالیدینؓ والا واقعہ ہے کہ جب انہوں نے نماز کے مکمل نہ ہونے کی خبر دی تو آپ ﷺ نے دیگر صحابہؓ سے تائید کروانے کے بعد اُن کی خبر کو قبول کیا۔

علامہ کرخیؒ عقوبات میں اختلاف کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ عقوبات کا ثبوت خبر واحد سے نہیں ہوسکتا کیونکہ خبر واحد کے اتصال الی الرسول ﷺ میں قدرِ شبہ ہو جاتا ہے اور حدود شبہات کی وجہ سے ختم ہو جاتی ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اگر محلِ خبر کا تعلق حقوق العباد سے ہو تو پھر اس کی تین قسمیں ہیں ① اُس میں من کل وجہ الزام ہو، اس خبر میں وہ تمام شرائط مطلوب ہوں گی جو آپ ﷺ کی دیگر اخبار واحادیث میں معتبر ہیں یعنی عاقل، عادل ہونا وغیرہ۔ مثلاً کسی شخص کے ذمے کسی حق کو ثابت کرنا۔ ② اگر حقوق العباد میں بالکل الزام نہ ہو تو پھر اخبارِ آحاد بغیر کسی شرط کے حجت ہیں خواہ خبر دینے والا بچہ ہو یا بالغ، آزاد ہو یا غلام، مسلمان ہو یا حربی کافر، عادل ہو یا فاسق ہر ایک کی خبر قابلِ قبول ہوگی۔ جیسے وکالہ کی خبر دینا یا عقدِ مضاربت کی خبر دینا۔ ③ اگر حقوق العباد میں من وجہ الزام ہو اور من وجہ الزام نہ ہو تو اس صورت میں امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک شہادت کی دو شرطوں میں سے کسی ایک شرط کا پایا جانا ضروری ہے یعنی یا تعداد ہو یا گواہ عادل ہوں تا کہ دونوں جانب کی رعایت ہو جائے۔ اس میں ایک اعتبار سے الزام والی نوع کی مشابہت ہے اور ایک اعتبار سے عدمِ الزام والی نوع کی مشابہت ہے۔ اس کی مثال وکیل کو وکالت سے معذول کرنے کی خبر اور عبدِ ماذون پر پابندی کی خبر ہے۔

**الشق الثانی** ...... باب الاجماع، ركن الاجماع نوعان: عزيمة ....... ورخصة وهو لن يتكلم او يفعل البعض دون البعض، وفيه خلاف الشافعيؒ ...... و الأمة اذا اختلفوا على اقوال كان اجماعا منهم على أن ما عداها باطل.

عبارت کی وضاحت کرتے ہوئے رکنِ اجماع کی قسم ثانی میں امام شافعیؒ کا اختلاف تحریر کریں۔ والأمة اذا اختلفوا الخ کی مثال سے وضاحت کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل دو امور ہیں ① رکنِ اجماع کی قسم ثانی میں امام شافعیؒ کا اختلاف ② والأمة اذا اختلفوا..... الخ کی مثال سے وضاحت۔

**جواب** ...... ① رکنِ اجماع کی قسم ثانی میں امام شافعیؒ کا اختلاف:۔ رکنِ اجماع کی دوسری قسم رخصت ہے۔ رخصت سے مراد یہ ہے کہ بعض اصحابِ اجتہاد قول یا فعل پر متفق ہو جائیں اور باقی خاموش رہیں اور مدتِ تامل کے گزرنے کے بعد بھی ان پر رد اور نکیر نہ کریں اور یہ مدتِ تامل تین دن یا مجلسِ علم ہے اور اس کا نام اجماع سکوتی ہے۔ یہ اجماع احناف کے نزدیک معتبر اور مقبول ہے۔ امام شافعیؒ کا اختلاف ہے وہ فرماتے ہیں کہ اجماع سکوتی معتبر نہیں ہے کیونکہ سکوت جس طرح موافقت میں ہوسکتا ہے اسی طرح بڑوں کے دبدبہ کی وجہ سے بھی ہوسکتا ہے، جو کہ رضامندی پر دال نہیں ہے۔ چنانچہ حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ انہوں نے عول کے مسئلہ میں حضرت عمرؓ سے اختلاف کیا تو اُن سے کسی نے عرض کیا کہ آپ نے حضرت عمرؓ پر اپنی حجت کو کیوں ظاہر نہ کیا؟ انہوں نے فرمایا کہ وہ ایک بارعب شخص ہیں ان کے ڈر نے مجھے حجت سے باز رکھا۔

احناف کی طرف سے جواب یہ ہے کہ حضرت ابن عباسؓ کا یہ قول کس طرح درست ہوسکتا ہے حالانکہ حضرت عمرؓ حق کو قبول کرنے میں دوسروں سے بہت زیادہ احتیاط کرتے تھے اور اُن کا یہ مقولہ مشہور ہے **"لا خير فيكم مالم تقولوا ولا خير لى مالم اسمع"** (تمہارے لئے اُس چیز میں خیر نہیں ہے جو تم نہ کہہ سکو اور میرے لئے اُس چیز میں خیر نہیں ہے جو میں نہ سن سکوں)۔ لہٰذا یہ کیسے گمان کیا جاسکتا ہے کہ حضرات صحابہ کرام دین کے معاملات میں تقصیر کریں اور خاموشی کا مظاہرہ کریں۔ (قوت الاخیار، ص ٩٥)

② **والأمة اذا اختلفوا..... الخ کی مثال سے وضاحت:۔** کسی بھی زمانے میں جب کسی مسئلہ میں دو یا زائد اقوال ہوں اور اس مسئلہ میں امت کا اختلاف ہو گیا تو اس اختلاف نے یہ ثابت کر دیا کہ اب ان اقوال کے علاوہ کوئی نیا قول باطل ہے، اب اس میں کوئی قول پیدا نہیں کیا جاسکتا۔ گویا اختلاف کے بعد اجماع شدہ مسئلہ پر بعد میں اختلاف کرتے ہوئے نیا قول پیدا

کرنا جائز نہ ہوگا۔ مثلاً جس عورت کے زوج کا انتقال ہو جائے اور وہ عورت حاملہ بھی ہو تو اسکی عدت میں اختلاف ہوا بعض حضرات کے نزدیک اسکی عدت وضع حمل ہی ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ اسکی عدت ابعد الاجلین ہے یعنی عدت وفات اور وضع حمل میں سے جس کی مدت زیادہ ہوگی وہ اس عورت کی عدت ہوگی۔ اب اس عورت کی عدت کے متعلق کوئی تیسرا قول نہیں نکالا جاسکتا (نوت الاخیار)

## ﴿السوال الثانی﴾ ﴿سراجی﴾ ١٤٣٨ھ

**الشق الثانی** ...... وبنات الابن كبنات الصلب ولهن أحوال ست: النصف للواحدة والثلثان للاثنتين فصاعدًا عند عدم بنات الصلب ولهن السدس مع الواحدة الصلبية تكملة للثلثين (ص۱۱۔امدادیہ)

ترجم العبارة ووضّح قول المصنف" تكملةً للثلثين مع سرد الدليل له.

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا خلاصہ دو امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) تکملة للثلثین کی وضاحت۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اور پوتیاں حقیقی بیٹیوں کی مثل ہیں اور ان کے چھ احوال ہیں، ایک پوتی کے لئے نصف ترکہ ہے، اور دو یا زائد پوتیوں کے لئے حقیقی بیٹیاں نہ ہونے کے وقت دو ثلث ہیں اور ایک حقیقی بیٹی کی موجودگی میں دو ثلث کو پورا کرنے کے لئے ان کے لئے سدس ہے۔

❷ تکملة للثلثین کی وضاحت:۔ لڑکیوں اور پوتیوں کا مجموعی حصہ ثلثان ہی ہے اس سے زیادہ ان کو نہیں مل سکتا، جب ایک حقیقی بیٹی کو نصف (چھ میں سے تین) مل گیا تو ثلثان میں سے صرف سدس (ایک) بچ گیا کیونکہ نصف وسدس کا مجموعہ ثلثان ہے۔ لہٰذا پوتیوں کو ثلثان کا بقیہ (سدس) مل جائیگا، باقی لڑکیوں اور پوتیوں کا مجموعی حصہ ثلثان ہونے اور نہ ہونے کی دلیل یہ آیت ہے فَإِن كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ نیز قاعدہ ہے لايزاد حق البنات على الثلثين ۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ١٤٣٨ھ

**الشق الاوّل** ...... واما لأولاد الأم فأحوال ثلاث: السدس للواحد والثلث للاثنين فصاعدًا ذكورهم واناثهم في القسمة والاستحقاق سواء ويسقطون بالولد وولد الابن وان سفل وبالأب والجد بالاتفاق (ص۱۰۔امدادیہ)

ترجم العبارة رائقة وفسرقول المصنف" ذكورهم واناثهم في القسمة والاستحقاق سواء في ضوء الدليل ووضّح قوله بالأب والجد بالاتفاق.

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور حل طلب ہے۔ (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) ذكورهم واناثهم الخ کی تفسیر (۳) بالاب والجد بالاتفاق کی وضاحت۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ پس اولاد الام (اخیافی بہن و بھائی) کے تین احوال ہیں ایک کیلئے سدس ہے اور دو یا زائد کے لئے ثلث ہے، ان کے مذکر و مؤنث تقسیم اور حقدار ہونے میں برابر ہیں اور یہ سب ساقط ہو جاتے ہیں اولاد کے ذریعہ اور بیٹے کی اولاد کے ذریعہ اگر چہ وہ نیچے ہو، اور باپ دادا کی وجہ سے بھی بالاتفاق یہ ساقط ہو جاتے ہیں۔

❷ ذكورهم و اناثهم الخ کی تفسیر:۔ اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ علم فرائض کا ایک ضابطہ ہے للذكر مثل حظ الانثيين کہ مرد کے لئے دو عورتوں کے حصہ کے برابر ایک حصہ ہوتا ہے، بالفاظ دیگر عورت کو مرد کا نصف حصہ ملتا ہے مگر اخیافی بہن

Maktaba Tul Ishaat.com

بھائی کے ورثاء بننے کی صورت میں یہ ضابطہ جاری نہیں ہوگا بلکہ ایک ہونے کی صورت میں سدس اور زائد ہونے کی صورت میں ثلث ملے گا اور یہ سب بہن و بھائی برابر کے شریک ہوں گے۔

اس برابری کی دلیل یہ آیت کریمہ ہے **وان کان رجل یورث کلالۃ او امرأۃ ولہ اخ او اخت فلکل واحد منھما السدس** اس آیت میں اخ واخت سے بالاجماع اخیافی بہن بھائی مراد ہیں اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی قرأت میں **ولہ اخ او اخت من الام** کی تصریح ہے، پس اس آیت میں واضح طور پر خواہ اخیافی بھائی ہو یا بہن ہو اس کے لئے سدس بیان کیا گیا ہے، ان میں کوئی فرق نہیں کیا گیا۔ (طرازی صفحہ ۲۶)

❸ <u>بالاب والجد بالاتفاق کی وضاحت:۔</u> مصنفؒ کے اس قول کا مطلب یہ ہے کہ باپ اور دادا کی وجہ سے اخیافی بہن و بھائی بالاتفاق ساقط ہو جاتے ہیں اس میں علماءِ احناف کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔

**الشق الثانی** ...... **بیّن من یصیر عصبةً من بین ذوی الفروض. ثم اکتب حل المسائل الآتیة.**

**(۱) زوج ، ۳ بنت، ام، عم (۲) زوج ، ۳ اخت عینی، اُم (۳) زوجہ ۵ بنات، ام، اب**

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل دو امور ہیں (۱) عصبہ کی نشاندہی (۲) مذکورہ مسئلوں کا حل۔

**جواب** ...... ❶ <u>عصبہ کی نشاندہی:۔</u> کل دس افراد (چار مرد اور چھ عورتیں) عصبہ بنتے ہیں۔

چار افراد عصبہ بنفسہ ہیں ① جزء المیت یعنی میت کی اولاد (بیٹا، پوتا نیچے تک) ② اصل المیت یعنی میت کے اصول (والد، دادا اوپر تک) ③ جزء اب المیت یعنی والد کی اولاد (بھائی، بھتیجے نیچے تک) ④ جزء جد المیت یعنی دادا کی اولاد (چچا، چچا کی اولاد نیچے تک)۔

چار عورتیں عصبہ بغیرہ ہیں ① بیٹی ② پوتی ③ حقیقی بہن ④ علاتی بہن۔ دو عورتیں عصبہ مع غیرہ ہیں ① حقیقی بہن ② علاتی بہن۔

❷ <u>مذکورہ مسئلوں کا حل:۔</u>

① زوج، ۳ بنات، ام، عم

**مسئلہ** مول ۱۳ مضروب ۳ تصحیح ۳۹

میت

| زوجہ | ۳ بنات | ام | عم |
|---|---|---|---|
| ربع | ثلثان | سدس | محروم |
| ۳×۳=۹ | ۸×۳=۲۴ | ۲×۳=۶ | |

فی بنت ۸

② زوجہ، ۵ بنات، ام، اب

**مسئلہ** مول ۲۷ مضروب ۵ تصحیح ۱۳۵

میت

| زوج | ۳ اخت عینی | اُم |
|---|---|---|
| نصف | ثلثان | سدس |
| ۳×۳=۹ | ۴×۳=۱۲ | ۱×۳=۳ |

فی اخت ۴

**مسئلہ** مول ۲۷ مضروب ۵ تصحیح ۱۳۵

میت

| زوجہ | ۵ بنات | ام | اب |
|---|---|---|---|
| ثمن | ثلثان | سدس | سدس |
| ۳×۵=۱۵ | ۱۶×۵=۸۰ | ۴×۵=۲۰ | ۴×۵=۲۰ |

(فی بنت ۱۶)

# ﴿الورقة الرابعة فی اصول الفقه و الفرائض﴾

## ﴿السوال الثانی﴾ ﴿سراجی﴾ ۱۴۳۹ھ

**الشق الثانی** ...... ورثہ میں من یرد علیہ اور من لا یرد علیہ دونوں موجود ہوں تو اسے کس طرح حل کیا جائے گا؟ مثالوں سے واضح کریں۔ درج ذیل مسئلوں کو حل کریں۔

① زوجہ ۳ بیٹی ۵ بیٹے ام ② زوج ۷ ابن ۳ بنت

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال کا حل دو امور ہیں (۱) من یرد علیہ اور من لا یرد علیہ میں وراثت کی تقسیم (۲) مسائل کا حل۔

**جواب** ...... ❶ <u>من یرد علیہ اور من لا یرد علیہ میں وراثت کی تقسیم:۔</u> ورثاء میں من لا یرد علیہ بھی ہو اور من یرد علیہ میں سے ایک ہی قسم کے ورثاء ہوں تو زوجین کو اقل مخارج زوجین سے انکا حصہ دے دو یعنی زوج ہو تو اس کو چار میں سے ایک اور زوجہ ہو تو آٹھ میں سے ایک دیدو پھر اگر باقی بقیہ ورثاء پر برابر تقسیم ہو جائے تو ٹھیک ہے جیسے زوج اور تین بیٹیاں تھی زوج کو چار میں سے ایک دیا تو تین بیٹیوں کیلئے تین بچ گئے جو برابر تقسیم ہو سکتے ہیں لہٰذا اب تقسیم کر دینگے، مزید کسی عمل کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر بقیہ حصے بقیہ ورثاء پر برابر تقسیم نہ ہوں تو پھر بقیہ حصے اور بقیہ ورثاء میں نسبت دیکھو اگر نسبت توافق کی ہو تو عدد رؤس کے وفق کو اصل مسئلہ میں ضرب دینگے اور اب حاصل ضرب تمام ورثاء پر برابر تقسیم ہو جائیگا مثلاً زوج اور چھ بنات ہیں مسئلہ چار سے بنا زوج کو ایک دینے کے بعد چھ بنات کیلئے تین بچ گئے جو برابر منقسم نہیں ہیں لہٰذا عدد رؤس چھ اور تین میں توافق بالثلث ہے اس کا وفق دو ہے ہم نے دو کو اصل مسئلہ چار میں ضرب دی تو آٹھ ہو گئے اب زوج کو دو اور بقیہ چھ بنات کو ایک ایک مل جائے گا۔

اگر بقیہ سہام اور ورثاء میں نسبت تباین کی ہو تو پھر کل عدد سہام کو اصل مسئلہ میں ضرب دینگے حاصل ضرب سے مسئلہ حل ہو جائیگا۔ مثلاً زوج اور پانچ بنات ہیں زوج کو چار میں سے ایک دیا بقیہ تین سہام پانچ بنات پر برابر منقسم نہیں ہے اور سہام و رؤس میں نسبت تباین کی ہے لہٰذا رؤس یعنی پانچ کو اصل مسئلہ چار میں ضرب دی تو بیس ہو گئے، بیس میں سے پانچ زوج کے لئے اور پندرہ پانچ بنات کیلئے ہو گئے جو کہ ہر بنت کو تین تین ملیں گے۔

❷ <u>مذکورہ مسائل کا حل:۔</u>

**مسئلہ ۲۴** مضروب ۱۳ تصحیح ۳۱۲

میت

| زوجہ | ۳ بیٹی | ۵ بیٹے | ام |
| --- | --- | --- | --- |
| ثمن | عصبہ | عصبہ | سدس |
| ۳x۱۳=۳۹ | ۱۷x۱۳=۲۲۱ | | ۴x۱۳=۵۲ |
| | (فی بیٹی ۱۷) | (فی بیٹا ۳۴) | |

**مسئلہ ۴** مضروب ۱۷ تصحیح ۶۸

میت

| زوج | ۷ بیٹے | ۳ بیٹی |
| --- | --- | --- |
| ربع | عصبہ | عصبہ |
| ۱x۱۷=۱۷ | ۳x۱۷=۵۱ | |
| | (فی بیٹا ۶) | (فی بیٹی ۳) |

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۹ھ

**الشق الاوّل** ...... اسباب ارث کتنے ہیں؟ ذوی الفروض میں سے ثلثان کے مستحق بننے والے ورثاء کے نام اور انکے احوال تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں (۱) اسباب ارث کی وضاحت (۲) ثلثان کے مستحق ورثاء کے نام و احوال۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**جواب** ...... ❶ **اسباب ارث کی وضاحت:** اسباب ارث تین ہیں۔ ① قرابت یعنی رشتہ داری ② نکاح یعنی زوجیت ③ ولاء یعنی آقا و غلامی۔

❷ **ثلثان کے مستحق ورثاء کے نام واحوال:** ثلثان کی مستحق چار عورتیں ہیں۔ بیٹی، پوتی، حقیقی بہن، علاتی بہن۔

**بنت (بیٹی) کے احوال:** بیٹیوں کی تین حالتیں ہیں۔

① صرف ایک بیٹی کے لئے ترکہ کا نصف ہے۔ ② دو یا زیادہ بیٹیوں کے لئے ترکہ کے دو تہائی ہیں۔

③ بیٹی کے ساتھ بیٹا بھی ہو تو مرد کے واسطے دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہے اور بیٹا بیٹیوں کو عصبہ بنا دیتا ہے۔

**بنت الابن (پوتی) کے احوال:** پوتیوں کی چھ حالتیں ہیں۔

① بیٹی نہ ہونے کی صورت میں ایک پوتی نصف ترکہ کی حقدار ہے۔ ② بیٹی نہ ہونے کی صورت میں دو پوتیاں دو تہائی کی حقدار ہیں۔ ③ ایک بیٹی کے ساتھ پوتیاں چھٹے حصے کی حقدار ہیں دو تہائی پورا کرنے کیلئے۔ ④ دو بیٹیوں کے ساتھ پوتیاں اصحاب فرائض ہو کر وارث نہیں ہوتیں۔ ⑤ پوتیوں کے برابر میں اگر کوئی پوتا ہو یا ان کے نیچے کوئی پڑپوتا ہو تو لڑکا پوتیوں کو عصبہ بنا دیتا ہے اور جو ترکہ بچا ہے وہ مرد کیلئے عورت کے دوگنا ہونے کے حساب سے تقسیم ہو جائے گا۔ ⑥ میت کے بیٹے کے ذریعے پوتیاں ساقط ہو جاتی ہیں خواہ اس بیٹے کے ساتھ میت کی بیٹیاں ہوں یا نہ ہوں۔

**اخت عینیہ (حقیقی بہن) کے احوال:** اخت عینیہ کے پانچ حال ہیں۔ ① ایک بہن ہو تو وہ نصف کی حقدار ہے۔ ② دو یا زائد بہنیں ہوں تو وہ ثلثین کی حقدار ہیں۔ ③ حقیقی بھائی کے ذریعہ حقیقی بہن عصبہ بن کر بھائی کی نصف مقدار کی مستحق ہوتی ہے۔ ④ میت کی بیٹیوں اور پوتیوں کے ساتھ میت کی بہنیں عصبہ بن جاتی ہیں یعنی میت کی بیٹی اور پوتی کو حصہ دینے کے بعد جو بچے گا وہ بہنوں میں تقسیم ہوگا۔ ⑤ میت کا باپ یا بیٹا یا پوتا ہو تو پھر یہ بہنیں بالاتفاق محروم ہیں اور اگر میت کا دادا ہے تو امام صاحب کے نزدیک اب بھی بہنیں محروم ہوں گی۔

**اخت علاتیہ کے احوال:** علاتی بہنوں کے سات احوال ہیں۔ ① اگر علاتی بہن ایک ہے تو اس کے لئے نصف ہے۔ ② اگر علاتی بہن دو یا دو سے زائد ہیں تو ثلثان ہونگے بشرطیکہ حقیقی بہنیں نہ ہوں۔ ③ اگر علاتی بہنوں کے ساتھ ایک حقیقی بہن ہے تو ان کے لئے سدس ہوگا ثلثین کو مکمل کرنے کے لئے۔ ④ اگر علاتی بہنوں کے ساتھ دو حقیقی بہنیں ہیں تو ان کے لئے کچھ نہیں ہوگا اس لئے کہ ثلثین مکمل ہو چکے ہیں۔ ⑤ اگر علاتی بہنوں کے ساتھ دو حقیقی بہنیں ہیں اور ایک علاتی بھائی بھی ہے ان کے ساتھ تو وہ علاتی بھائی علاتی بہنوں کو عصبہ بنا دے گا ثلثین حقیقی بہنوں کیلئے ہوں گے اور ایک ثلث ان کے درمیان تقسیم ہوگا۔ **للذکر مثل حظ الانثیین** کے تحت۔ ⑥ اگر علاتی بہنوں کے ساتھ میت کی بیٹیاں، پوتیاں یا پڑپوتیاں ہیں تو علاتی بہنیں عصبہ بن جائیں گی تو ان کا حصہ نکالنے کے بعد باقی مال ان کے درمیان تقسیم ہوگا۔ ⑦ علاتی بھائی، علاتی بہنیں یہ حقیقی بھائی اور حقیقی بہن کی وجہ سے محروم ہو جائیں گی لیکن حقیقی بہن کے ساتھ ساقط تب ہوں گی جب یہ عصبہ بن جائے۔

**الشق الثانی** ...... مسئلہ بنانے کا طریقہ تحریر کریں، درج ذیل مسائل حل کریں۔ (۱) زوجہ، ۲ اُخت عینی، ۲ اُخت خیفی، ام، ابن قاتل (۲) ۳ زوجہ، اب، اُم، ۵ بنت۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں (۱) مسئلہ بنانے کا طریقہ (۲) مذکورہ مسائل کا حل۔

**جواب** ...... ❶ <u>مسئلہ بنانے کا طریقہ</u>:۔ قرآن پاک میں بیان کئے گئے حصوں کی دو قسمیں ہیں۔ ① نصف، ربع، ثمن ② ثلثان، ثلث، سدس۔ مسئلہ کی تخریج و بنانے کے متعدد قواعد ہیں۔

① اگر کسی مسئلہ میں قرآن پاک میں مذکور حصوں میں سے کوئی ایک حصہ آئے تو مسئلہ اُسی حصہ کے ہم نام عدد سے بنے گا مثلاً حصہ ربع ہو تو مسئلہ اربعۃ سے بنے گا اگر حصہ ثمن ہو تو مسئلہ ثمانیۃ سے بنے گا اگر حصہ ثلث یا ثلثان ہو تو مسئلہ ثلاثۃ سے بنے گا البتہ جب کسی کا حصہ نصف ہو تو مسئلہ دو سے بنے گا اس لئے کہ نصف کسی عدد سے نہیں نکلا تو نصف کیلئے دو عدد کا فرض کیا گیا ہے۔

② جب کسی مسئلہ میں دو حصے یا تین حصے آئیں اور وہ ایک ہی قسم کے ہوں یعنی نصف، ربع، ثمن ہوں یا ثلثان، ثلث، سدس میں سے ہوں تو مسئلہ سب سے چھوٹے حصہ کے ہمنام عدد سے بنے گا مثلاً کسی مسئلہ میں ثلثان، ثلث اور سدس جمع ہو جائیں تو مسئلہ سدس کے ہمنام عدد یعنی چھ سے بنے گا۔ سدس والے کو ایک ثلث والے کو دو اور ثلثان والے کو چار حصے ملیں گے۔

(**نوٹ**: ایک ہی مسئلہ میں نصف، ربع اور ثمن ایک ساتھ جمع نہیں ہو سکتے)

③ اگر پہلی قسم میں سے نصف دوسری قسم کے تمام یا بعض حصوں کے ساتھ جمع ہو جائے تو مسئلہ چھ سے بنے گا جیسے زوج (نصف) اختان لام (ثلث) عم (عصبہ)۔ اسی طرح اُم (سدس) بنت (نصف) عم (عصبہ) جمع ہو جائیں تو مسئلہ چھ سے بنے گا۔

**مسئلہ ۶** — میت

| زوج | اختان لام | عم |
|---|---|---|
| نصف | ثلث | عصبہ |
| ۳ | ۲ | ۱ |

**مسئلہ ۶** — میت

| اُم | بنت | عم |
|---|---|---|
| سدس | نصف | عصبہ |
| ۱ | ۳ | ۲ |

④ اگر پہلی قسم میں سے ربع دوسری قسم کے کل یا بعض حصوں کے ساتھ جمع ہو جائے تو مسئلہ بارہ سے بنے گا جیسے زوج (ربع) بنتان (ثلثان) عم (عصبہ)۔ اسی طرح زوجہ (ربع) اُم (سدس) اختان لام (ثلث) ابن العم (عصبہ) جمع ہو جائیں تو مسئلہ بارہ سے بنے گا۔

**مسئلہ ۱۲** — میت

| زوج | بنتان | عم |
|---|---|---|
| ربع | ثلثان | عصبہ |
| ۳ | ۸ | ۱ |

**مسئلہ ۱۲** — میت

| زوجہ | اُم | اختان لام | ابن العم |
|---|---|---|---|
| ربع | سدس | ثلث | عصبہ |
| ۳ | ۲ | ۴ | ۳ |

⑤ اگر پہلی قسم میں سے ثمن دوسری قسم کے کل یا بعض کے ساتھ جمع ہو جائے تو مسئلہ ۲۴ سے بنے گا جیسے زوجہ (ثمن) بنتان (ثلثان) اُم (سدس) عم (عصبہ)۔ اسی طرح زوجہ (ثمن) اُم (سدس) ابن (عصبہ) جمع ہو جائیں تو مسئلہ چوبیس سے بنے گا۔

**مسئلہ ۲۴** — میت

| زوجہ | بنتان | اُم | عم |
|---|---|---|---|
| ثمن | ثلثان | سدس | عصبہ |
| ۳ | ۱۶ | ۴ | ۱ |

**مسئلہ ۲۴** — میت

| زوجہ | اُم | ابن |
|---|---|---|
| ثمن | سدس | عصبہ |
| ۳ | ۴ | ۱۷ |

Maktaba Tul Ishaat.com

**(فائدہ):** اگر پہلی قسم کے متعدد حصوں کا دوسری قسم کے کل یا بعض حصوں سے اختلاط ہو جائے پھر پہلی قسم کے چھوٹے حصے کا اعتبار کیا جائے گا مثلاً نصف اور ربع دونوں کا قسم ثانی سے اختلاط ہو جائے تو ربع کا اعتبار ہوگا اور قاعدہ نمبر ۴ جاری ہوگا۔

اگر مسئلہ میں صرف عصبات ہوں تو پھر مسئلہ ان کے عدد رؤس سے بنے گا، اگر مذکر و مؤنث دونوں طرح کے عصبات ہوں تو مذکر کو دو اور مؤنث کو ایک شمار کر کے مجموعہ سے مسئلہ بنے گا۔ (طرازی۔ص ۱۲۸)

❷ **مذکورہ مسائل کا حل:-** اس مسئلہ کے حل میں جمہور اور حضرت ابن مسعودؓ کا اختلاف ہے۔

مسئلہ ۱۲ عول ۱۷ (جمہور کے نزدیک)

میت

| زوجہ | ۲ اخت عینی | ۲ اُخت خیفی | اُم | ابن قاتل |
|---|---|---|---|---|
| ربع | ثلثان | ثلث | سدس | محروم |
| ۳ | ۸ | ۴ | ۲ | (غیر حاجب) |

مسئلہ ۲۴ عول ۳۱ (ابن مسعودؓ کے نزدیک)

میت

| زوجہ | ۲ اخت عینی | ۲ اُخت خیفی | اُم | ابن قاتل |
|---|---|---|---|---|
| ثمن | ثلثان | ثلث | سدس | محروم |
| ۳ | ۱۲ | ۸ | ۴ | (حاجب) |

مسئلہ ۲۴ عول ۲۷ مضروب ۲۰ تصحیح ۵۴۰

میت

| ۴ زوجہ | اب | اُم | ۵ بنت |
|---|---|---|---|
| ثمن | سدس | سدس | ثلثان |
| ۳x۲۰=۶۰ | ۴x۲۰=۸۰ | ۴x۲۰=۸۰ | ۱۶x۲۰=۳۲۰ |
| فی زوجہ ۱۵ | | | فی بنت ۶۴ |

## ﴿الورقة الرابعة فی اصول الفقه و الفرائض﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ﴿نور الانوار﴾ ۱٤٤٠ھ

**الشق الاول**......أو يكون اتصالا فيه شبهة صورية ومعنى كخبر الواحد وهو كل خبر يرويه الواحد أو الاثنان فصاعدا ولا عبرة للعدد فيه بعد أن يكون دون المشهور و المتواتر وأنه يوجب العمل دون العلم اليقين بالكتاب والسنة والأجماع والمعقول. (ص ۱۸۸۔رحمانیہ)

ترجمہ کرتے ہوئے عبارت کی وضاحت کریں۔ کتاب، سنہ، اجماع اور معقول کی تشریح بطرز شارح تحریر کریں۔ نیز خبر واحد متواتر اور مشہور میں سے ہر ایک کی تعریف اور حکم بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کی وضاحت (۳) خبر واحد، متواتر و مشہور کی تعریف و حکم

**جواب** ...... ❶ **عبارت کا ترجمہ:-** یا سند میں ایسا اتصال ہو جس میں صورۃً و معنیً شبہ ہو جیسے خبر واحد۔ اور خبر واحد وہ خبر ہے جسے ایک یا دو یا زائد افراد روایت کریں، اور اس میں عدد کا اعتبار نہیں ہے جبکہ وہ مشہور و متواتر سے کم درجہ پر ہو، اور خبر واحد کتاب وسنت اور اجماع و قیاس وعقل کی وجہ سے عمل کو واجب کرتی ہے، نہ کہ علم یقین کو۔

❷ عبارت کی وضاحت:۔ اس عبارت میں سند کے اتصال کے اعتبار سے حدیث کی تیسری قسم کا ذکر ہے کہ وہ حدیث خبر اس طرح کی ہو کہ اسکے اتصال میں صورۃً ومعنیً دونوں اعتبار سے شبہ ہو کیونکہ خیر القرون (قرن اول: صحابہ کرام کا زمانہ، قرن ثانی: تابعین کا زمانہ، قرن ثالث: تبع تابعین کا زمانہ) کے کسی بھی زمانہ میں وہ مشہور نہ ہوئی ہو جیسے خبر واحد۔

خبر واحد وہ روایت ہے کہ اس کے راوی ایک یا دو یا اس سے زائد ہوں، بعض کی رائے یہ ہے کہ دو کی روایت قابل قبول ہے، مصنفؒ ان کے قول پر رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جو روایت متواتر ومشہور سے کم رتبہ پر ہے اس میں کسی خاص تعداد کا اعتبار نہ ہوگا خواہ وہ راوی ایک ہو دو ہوں، یا اس سے زائد ہوں بہر صورت ان کا درجہ برابر ہے اور یہ خبر خبر واحد ہی رہے گی۔

یہ خبر واحد عمل کو ثابت کرتی ہے البتہ اس سے علم الیقین کا درجہ حاصل نہ ہوگا اگر چہ اس کا راوی عادل وولی ہو بہر صورت وہ علم یقین کا فائدہ نہیں دے گی کیونکہ اس کا رتبہ خبر متواتر ومشہور سے کم ہے۔

اس کے بعد مصنفؒ فرماتے ہیں کہ خبر واحد کا واجب العمل ہونا قرآن وسنت، اجماع وقیاس سب دلائل سے ثابت ہے قرآن کریم سے خبر واحد کے واجب العمل ہونے کی دلیل یہ آیت کریمہ ہے **فلولا نفر من کل فرقة منهم طائفة لیتفقهوا فی الدین ولینذروا قومهم**، اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے طائفہ پر حصول علم کے بعد انذار (ڈرانا) واجب کر دیا ہے اور طائفہ کا اطلاق واحد اثنین اور اس سے زائد افراد پر بھی ہوتا ہے اور فرقہ پر اس طائفہ کے قول کو قبول کرنا اور اس کے مطابق عمل کرنا واجب کر دیا ہے پس معلوم ہوا کہ خبر واحد موجب للعمل ہے۔ شارح فرماتے ہیں کہ ممکن ہے الکتاب سے خبر واحد کے واجب العمل ہونے کے لئے اس آیت کی طرف اشارہ ہو **واذ اخذ الله میثاق الذین اوتوا الکتاب لتبیننه للناس ولا تکتمونه**، اس آیت سے معلوم ہوا کہ ہر صاحب علم پر کتاب اللہ کو بیان کرنا اور لوگوں کو وعظ ونصیحت کرنا واجب ہے اور اس کا فائدہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب لوگ اس کو قبول بھی کریں پس معلوم ہوا کہ لوگوں کے لئے اس صاحب علم کی خبر پر عمل کرنا لازم ہے۔

سنت سے خبر واحد کے واجب العمل ہونے کے متعدد دلائل ہیں مثلاً آپ نے صدقہ کے حق میں حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کی خبر کو قبول کیا اور فرمایا **لك صدقة ولنا هدية** ہدیہ کے متعلق حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی خبر کو قبول کرتے ہوئے اسے تناول فرمایا۔ حضرت علی وحضرت معاذ رضی اللہ عنہما کو یمن کی طرف اور حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کو اپنی تحریر دے کر قیصر روم کی طرف روانہ کیا اگر اخبار آحاد قابل عمل نہ ہوتیں تو آپ ایسا عمل کیوں کرتے۔

اجماع سے خبر واحد کے واجب العمل ہونے کی دلیل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا انصار کے خلاف یہ خبر دینا تھا **الائمة من قریش** تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس کو قبول کیا۔ کسی نے بھی اس پر نکیر نہیں فرمائی۔ اسی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خبر قول کی بناء پر مسئلہ اکسال میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرض غسل کا حکم جاری فرمایا اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس کو قبول کیا۔

قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے کہ خبر واحد واجب العمل ہو کیونکہ ہر معاملہ میں خبر متواتر یا مشہور کا ہونا ممکن نہیں ہے لہٰذا اگر خبر واحد کو رد کر دیا جائے گا تو شریعت کے بے شمار احکامات معطل ہو جائیں گے۔

❸ خبر واحد، متواتر ومشہور کی تعریف وحکم:۔ (خبر واحد کی مکمل وضاحت ابھی ہو چکی ہے۔)

خبر متواتر وہ خبر ہے جس کے روایت کرنے والے ہر زمانہ میں اس قدر کثیر ہوں کہ انکی تعداد کو شمار کرنا دشوار ہو، اور اتنی بڑی تعداد

Maktaba Tul Ishaat.com

کا جھوٹ پرمتفق ہونا محال ہو جیسے نقل قرآن، اسی طرح بعض حضرات کے بقول حدیث انما الاعمال بالنیات اور بعض کے بقول البینة علی المدعی و الیمین علی من انکر خبر متواتر کی مثال ہے۔

اس کا حکم یہ ہے کہ اس درجہ کی روایت واجب العمل ہونے کے ساتھ علم یقین کا بھی فائدہ دیتی ہے جس طرح عینی طور پر دیکھنا علم یقین کا فائدہ دیتا ہے اور اس کا منکر کافر ہے۔

خبر مشہور وہ خبر ہے جو دورِ صحابہ رضی اللہ عنہم میں آحاد کے قبیل سے تھی اس کے بعد وہ دورِ ثانی و ثالث (تابعین و تبع تابعین کا دور) میں وہ خبر اس قدر پھیل گئی کہ اس کو اتنی بڑی جماعت نے نقل در نقل کیا کہ اس جماعت کا جھوٹ پر متفق ہونا ناممکن و محال ہو، اگر یہ شہرت دورِ ثالث (تبع تابعین کا دور) کے بعد ہوئی تو پھر اس کا اعتبار نہ ہوگا کیونکہ اس زمانہ میں بہت سی اخبار آحاد مشہور ہو چکی ہیں تو اگر اس دور کے بعد کی شہرت کا بھی اعتبار کیا جائے تو پھر کوئی بھی خبر واحد خبر واحد نہیں رہے گی، جیسے تعدادِ رکعات اور مقدارِ زکوٰۃ یا نصابِ زکوٰۃ وغیرہ متعدد اس کی مثالیں ہیں۔

اس خبر مشہور کے ذریعہ ایسا علم حاصل ہوتا ہے کہ مخاطب کو اس سے اطمینان و تسلی حاصل ہو جاتی ہے جس کا درجہ ظن غالب سے زیادہ اور یقین کے قریب قریب ہے اور اس کا مرتبہ خبر متواتر سے کم اور خبر واحد سے زیادہ ہے، چنانچہ خبر مشہور کے ذریعہ کتاب اللہ پر زیادتی جائز ہے مثلاً احناف نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قرأت کی وجہ سے کفارہ یمین کی روزوں کو تسلسل کی قید سے مقید کر دیا ہے البتہ خبر مشہور کے منکر کو صحیح قول کے مطابق کافر نہیں کہا جائے گا۔ البتہ وہ گمراہ ہوگا۔

**الشق الثانی** ......وانما جعل الخبر حجة بشرائط فی الراوی وهی أربعة: العقل والضبط والعدالة والاسلام، فالعقل وهو نور فی بدن الآدمی یضیئ به طریق یبتدأ من حیث ینتهی الیه درك الحواس.

عبارت کا ترجمہ وتشریح لکھیں۔ خبر واحد کے موجب عمل ہونے کے لئے راوی کے اندر پائی جانے والی چار شرطوں کو اجمالاً بیان کریں۔ عقل کامل اور عقل قاصر کی وضاحت کریں۔ نیز بتائیں کہ عقل مدرک ہے یا آلۂ ادراک ہے؟ (ص۱۹۴۔رحمانیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل پانچ امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کی تشریح (۳) خبر واحد کے موجب عمل ہونے کے لئے راوی کی شرائط اربعہ کی وضاحت (۴) عقل کامل وعقل قاصر کی وضاحت (۵) عقل مدرک ہے یا آلۂ ادراک؟

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اور خبر واحد کو حجت قرار دیا گیا ہے اس کے راوی میں چند شرائط کے ساتھ اور وہ چار شرائط ہیں، عقل، ضبط، عدالت اور اسلام، پس عقل بدن انسانی میں ایسا نور ہے کہ اس کے ذریعہ راستہ روشن ہو جاتا ہے اور اس کی ایسی جگہ سے ابتداء ہوتی ہے کہ جہاں پر انسانی حواس کے ادراک کی انتہاء ہوتی ہے۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ خبر واحد کے قابل عمل وقابل اعتبار ہونے کے لئے راوی میں جن شرائط کا پایا جانا ضروری ہے، اس عبارت میں اولا ان شرائط کو اجمالا ذکر کیا گیا ہے کہ وہ چار شرائط ہیں ① راوی عاقل ہو ② راوی کلام کو کما حقہ سنے سمجھے اور محفوظ کرے ③ راوی عادل ہو ④ راوی مسلمان ہو۔ اس کے بعد شرط اول عقل کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ عقل انسانی ایسا نور ہے جس کے ذریعہ اشیاء کا ادراک ہوتا ہے اور اس ادراک کی ابتداء وہاں سے ہوتی ہے جہاں پر انسانی حواس کے ادراک کی انتہاء ہوتی ہے گویا انسان کے حواس ظاہرہ کی جہاں پر انتہاء ہوتی ہے اس کے بعد عقل انسانی کی ابتداء ہوتی ہے۔

③ خبر واحد کے موجب عمل ہونے کیلئے راوی کی شرائط اربعہ کی وضاحت:۔ ① خبر واحد کے معتبر و موجب عمل ہونے کیلئے پہلی شرط یہ ہے کہ اس راوی میں عقل کامل ہو کیونکہ خبر کی وضع معنی ظاہر کرنے کیلئے ہوتی ہے اور عقل کے بغیر اسکا اعتبار نہیں ہو سکتا ② یہ ہے کہ راوی میں ضبط کامل ہو کیونکہ اس کے بغیر اس خبر کا صدق ممکن نہیں ہے اور ضبط کے کامل ہونے میں چند امور کی رعایت ضروری ہے کہ راوی کامل توجہ سے متکلم کی کلام سنے سمجھے محفوظ رکھے اور اس کلام کے حفظ پر اس کی محافظت کی حدود کی رعایت کرتے ہوئے ثابت قدم رہے تا کہ کلام محفوظ رہے ③ یہ ہے کہ راوی عادل ہو یعنی دین میں استقامت اختیار کرے اور نفسانی خواہشات سے بچے اور گناہ کبیرہ کا ارتکاب نہ کرے اور گناہ صغیرہ پر اصرار نہ کرے ④ یہ ہے کہ وہ راوی مسلمان بھی ہو یعنی زبان سے ذات وصفات باری تعالیٰ کا اقرار کرے، دل سے تصدیق کرے، جوارح سے عمل کرے۔

④ عقل کامل وعقل قاصر کی وضاحت:۔ عقل کامل سے مراد بالغ کی عقل ہے اور صبی معتوہ و مجنون کی عقل قاصر ہوتی ہے۔ اسی لئے شریعت نے انہیں ذاتی امور میں تصرف کا اہل نہیں بنایا، لہٰذا وہ دینی امور میں بھی تصرف کے اہل نہیں ہیں اور ان کی روایت معتبر نہیں ہے۔ البتہ اگر سماع حدیث اور تحمل حدیث تو قبل البلوغ ہی ہو مگر روایت حدیث بعد البلوغ ہو تو پھر صبی کی حدیث معتبر ہے بشرطیکہ اس نے سماع وتحمل حدیث ایسی عمر میں کیا ہو جب اسے تمیز وشعور حاصل ہو۔

⑤ عقل مدرک ہے یا آلۂ ادراک؟ مصنفؒ کی تشریح کے مطابق قلب مدرک ہے اور عقل اس کا آلہ ہے جس سے وہ اہل اسلام کے طریقہ کو معلوم کرتا ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ١٤٤٠ھ

**الشق الاوّل** ......وَ لَمَّا فَرَغَ عَنْ اَقْسَامِ السُّنَّةِ شَرَعَ فِيْ بَيَانِ الْإِجْمَاعِ فَقَالَ: بَابُ الْإِجْمَاعِ رُكْنُ الْإِجْمَاعِ نَوْعَانِ عَزِيْمَةٌ وَ هُوَ التَّكَلُّمُ مِنْهُمْ بِمَا يُوْجِبُ الْاِتِّفَاقَ اَوْ شُرُوْعُهُمْ فِي الْفِعْلِ إِنْ كَانَ مِنْ بَابِهٖ وَرُخْصَةٌ وَ هُوَ اَنْ يَّتَكَلَّمَ اَوْ يَفْعَلَ الْبَعْضُ دُوْنَ الْبَعْضِ. (ص۲۳۶۔رحمانیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ وضاحت کریں۔ اجماع کی لغوی واصطلاحی تعریف اور حکم بیان کریں، ماتن نے اجماع کے جو مراتب ذکر کئے ہیں؟ انہیں بطرز شارح تفصیل کیساتھ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چھ امور حل طلب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی وضاحت (۴) اجماع کی لغوی اور اصطلاحی تعریف (۵) اجماع کا حکم (۶) اجماع کے مراتب کی تفصیل۔

**جواب** ...... ① عبارت پر اعراب:۔ كما مرّ فی السوال آنفاً.

② عبارت کا ترجمہ:۔ اور جب مصنفؒ سنت کی اقسام کے بیان سے فارغ ہوئے تو اب اجماع کے بیان میں شروع ہونے کا ارادہ کیا پس فرمایا "باب الاجماع" اجماع کے رکن دو نوع ہیں ایک عزیمۃ ہے اور وہ ان کا ایسے الفاظ کا تکلم کرنا ہے جو اتفاق کو لازم کرتے ہوں یا ان کا فعل میں شروع ہونا اگر فعل کے باب سے ہو، اور دوسری قسم رخصۃ ہے اور وہ (رخصۃ) یہ ہے کہ بعض کا کلام کرنا یا بعض کا فعل کرنا۔

③ عبارت کی وضاحت:۔ شارحؒ فرماتے ہیں کہ مصنفؒ نے پہلے سنت کی اقسام کو بیان کیا اس کے بیان سے فارغ ہو کر اب اجماع کے بیان میں شروع ہو رہے ہیں۔ مصنفؒ فرماتے ہیں کہ اجماع کے دو رکن ہیں ایک عزیمۃ دوسرا رخصت۔ عزیمۃ ایک زمانہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ے مجتہدین کے کسی حکم پر متفق ہو جانے کا نام ہے یعنی اگر وہ حکم قول کی قبیل سے ہو تو سب یہ کہیں اجمعنا علی هذا یعنی ہم سب نے اس بات پر اتفاق کر لیا ہے اور اگر وہ حکم فعل کی قبیل سے ہو تو سب اس فعل کے کرنے میں شروع ہو جائیں چنانچہ عقد مضاربۃ یا مزارعۃ یا شرکت اسی قسم میں داخل ہیں کہ ان پر اہل اجتہاد کا عملی اجماع ہے۔

رخصت سے مراد یہ ہے کہ بعض اصحاب اجتہاد قول یا فعل پر متفق ہو جائیں اور باقی خاموش رہیں اور مدۃ تامل کے گزرنے کے بعد بھی ان پر رد اور نکیر نہ کریں اور یہ مدۃ تامل تین دن یا مجلس علم ہے اور اس کا نام اجماع سکوتی ہے۔

④ **اجماع کی لغوی اور اصطلاحی تعریف:-** اجماع کا لغوی معنی اتفاق، عزم، اور پختہ ارادہ کرنا ہے اور اصطلاح میں کسی ایک زمانہ میں رسول اللہ کی امت کے مجتہدین کا کسی امر پر اتفاق کرنا ہے بشرطیکہ وہ مجتہدین صالح ہوں، فاسق، بدعتی وہوی پرست نہ ہوں

⑤ **اجماع کا حکم:-** امور شرعیہ میں اجماع یقین اور قطعیت کا فائدہ دیتا ہے۔ اس کا انکار کرنے والا کافر ہے۔ البتہ بعض عوارض کی بناء پر بعض جگہوں میں قطعیت اور یقین کا فائدہ نہیں دیتا جیسے اجماع سکوتی۔

⑥ **اجماع کے مراتب کی تفصیل:-** اجماع کے قوت وضعف اور یقین وظن کے اعتبار سے متعدد مراتب ہیں۔ ① سب سے زیادہ قوی اجماع صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا وہ اجماع ہے جو نصاً ہو جیسے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یوں کہیں اَجْمَعْنَا عَلٰی هٰذَا یہ اجماع آیت اور خبر متواتر کے مرتبہ میں ہے چنانچہ اسکا منکر کافر ہوگا ② صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا وہ اجماع سکوتی ہے جسمیں بعض صحابہ نے نص کی ہو اور باقی صحابہ خاموش رہے ہوں۔ اسکا انکار کرنیوالا کافر نہیں کہلائے گا اگر چہ اس نوع کا اجماع ادلہ قطعیہ میں سے ہے ③ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد ہر زمانہ میں آنیوالے لوگوں کا اجماع ہے۔ بشرطیکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دور میں اس حکم کا خلاف ظاہر نہ ہوا ہو۔ یہ اجماع خبر مشہور کی مانند ہے اور طمانیت کا فائدہ دے گا، یقین کا فائدہ نہ دیگا ④ کسی ایسے مسئلہ میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد والے لوگ اتفاق کر لیں جو پہلے دور میں مختلف فیہ تھا، یہ سب سے کمزور درجہ کا اجماع ہے، اور یہ خبر واحد کے درجہ میں ہے، یہ اجماع عمل کو تو ثابت کریگا لیکن علم یقینی وقطعی کو ثابت نہیں کرے گا، البتہ یہ اجماع قیاس سے مقدم ہوگا جس طرح کہ خبر واحد قیاس سے مقدم ہوتی ہے۔

**الشق الثانی** ......قال علمائنا رحمهم الله تعالیٰ تتعلق بتركة الميت حقوق اربعة مرتبة۔ (ص۳۔امدادیہ)

**اكتب الحقوق المتعلقة بالتركة ووضحها۔ اكتب موانع الارث بالاجمال۔ ما المراد باختلاف الدارين؟ و هل يستوی فی هذا المانع مسلم و كافر او هناك تفصيل؟**

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں چار امور حل طلب ہیں (۱) حقوق اربعہ متعلقہ بالترکہ کی تفصیل (۲) موانع ارث کی وضاحت (۳) اختلاف دارین کی مراد (۴) مذکورہ مانع میں مسلم وکافر کے مساوی ہونے کی تفصیل۔

**جواب** ...... ❶ **حقوق اربعہ متعلقہ بالترکہ کی تفصیل:-** ترکہ کے ساتھ چار حقوق متعلق ہوتے ہیں ① تجہیز وتکفین: سب سے پہلے میت کے ترکہ سے میت کی تجہیز وتکفین کی جائے گی، اس میں نہ اسراف کیا جائے گا اور نہ بخل سے کام لیا جائے گا بلکہ مسنون ومعروف طریقہ پر میت کے ترکہ سے تجہیز وتکفین کی جائے گی ② اداء دین: کفن دفن سے فارغ ہونے کے بعد بقیہ ترکہ سے میت کے ذمے اگر کوئی قرض ہو تو وہ قرض ادا کیا جائے گا ③ نفاذ وصیت فی ثلث المال: اگر میت نے کوئی جائز وصیت کی ہو خواہ وہ حقوق اللہ سے متعلق ہو یا حقوق العباد سے متعلق ہو تو قرض کی ادائیگی کے بعد باقی ماندہ کی تہائی سے اس وصیت کو پورا کیا جائے گا، باقی

مانده مال کی تہائی سے زائد کو وصیت میں خرچ کرنے کی شرعاً اجازت نہیں، صرف تہائی تک خرچ کیا جائے گا۔ نیز واضح رہے کہ میت نے اگر کسی وارث کے لئے وصیت کی ہے تو شرعاً اس وصیت کا کوئی اعتبار نہیں ⑥ بقیہ ترکہ کی ورثاء میں تقسیم: ترکہ سے متعلق چوتھا حق یہ ہے کہ باقی ماندہ ترکہ کو حصص شرعیہ کے مطابق ورثاء میں تقسیم کر دیا جائے گا۔

② **موانع ارث کی وضاحت:۔** موانع ارث چار ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔ ① رقیّت: یعنی رقیق ہونا غلام ہونا، رقیق کسی کا وارث نہ ہوگا، رقیّت خواہ کامل ہو یا ناقص ہو جیسے مدبر اور ام ولد وغیرہ ان کی رقیّت ناقص ہوتی ہے ② قتل: ایسا قتل جس سے قصاص یا کفارہ واجب ہوتا ہو قتل عمد میں قصاص اور شبہ عمد، خطاء، جاری مجری خطاء میں کفارہ واجب ہوتا ہے اسلئے مورث کا قاتل ان چار قسم کے قتل کی وجہ سے وراثت سے محروم ہوگا، قتل بالسبب میں قصاص اور کفارہ نہیں ہوتا صرف دیت ہوتی ہے اسلئے اسکی وجہ سے قاتل میراث سے محروم نہیں ہوگا ③ اختلاف دین: مسلمان کافر کا اور کافر مسلمان کا وارث نہیں ہوتا ④ اختلاف دارین: کفار کے درمیان وراثت سے مانع ہے مسلمان ایک دوسرے کے بہر حال وارث ہوں گے اگر چہ ان میں اختلاف دارین پایا جاتا ہو۔

③ **اختلاف دارین کی مراد:۔** اختلاف دارین سے مراد ممالک (بادشاہ و فوج) کا اختلاف ہے۔ پس اگر ملک (بادشاہ اور فوج) الگ الگ ہو تو اختلاف دارین سمجھا جائیگا، پھر اختلاف دارین کی دو صورتیں ہیں۔ ① اختلاف دارین حقیقی: یہ ہے کہ میت اور وارث میں حقیقۃً ملک کا اختلاف ہو جیسے حربی دار الحرب کا رہنے والا ہے اور ذمی دار الاسلام کا رہنے والا ہے ② اختلاف دارین حکمی: یہ ہے کہ میت اور وارث دونوں بظاہر ایک ہی ملک (دار الاسلام) میں رہتے ہوں لیکن دونوں کے رہنے کی حیثیت الگ الگ ہو جیسے ذمی و مستأمن، ذمی دار الاسلام کا مستقل باشندہ ہے جبکہ مستأمن کا دار الاسلام میں عارضی قیام ہے، لہٰذا یہ ایک دوسرے کے وارث نہ ہوں گے، بلکہ ذمی کا ترکہ دار الاسلام میں رہنے والے وارث کو ملے گا اور حربی کا ترکہ دار الحرب میں رہنے والے ورثاء کو ملے گا۔

④ **مذکورہ مانع میں مسلم وکافر کے مساوی ہونے کی تفصیل:۔** اس مانع (اختلاف دارین) کا اعتبار صرف غیر مسلم کے حق میں ہے مسلمان کے حق میں اختلاف دارین کا کوئی اعتبار نہیں، مسلمان خواہ کسی بھی ملک میں ہو وہ اپنے رشتہ دار مسلمان کی وراثت لے گی۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۴۰ھ

**الشق الاوّل** ..... اَلْفُرُوْضُ الْمُقَدَّرَةُ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ سِتَّةٌ: اَلنِّصْفُ وَ الرُّبُعُ وَ الثُّمُنُ وَ الثُّلُثَانِ وَ الثُّلُثُ وَ السُّدُسُ عَلَى التَّضْعِيفِ وَ التَّنْصِيفِ وَ اَصْحَابُ هٰذِهِ السِّهَامِ اِثْنَا عَشَرَ نَفَرًا اَرْبَعَةٌ مِنَ الرِّجَالِ ..... وَ ثَمَانٌ مِنَ النِّسَاءِ.

اعراب لگا کر ترجمہ و تشریح کریں، اور علی التضعیف و التنصیف کا مطلب واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ..... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے ① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ عبارت کی تشریح اور علی التضعیف و التنصیف کی وضاحت۔

**جواب** ..... ① **عبارت پر اعراب:۔** کما مر فی السوال آنفًا

② **عبارت کا ترجمہ:۔** کتاب اللہ میں مذکور فروض مقدرہ چھ ہیں: ① نصف ② ربع ③ ثمن ④ ثلثان ⑤ ثلث ⑥ سدس تضعیف و تنصیف کے طریقے پر۔ اور ان حصوں کے وارث و مالک بارہ افراد ہیں، چار مردوں میں سے اور آٹھ عورتوں میں سے۔

③ **عبارت کی تشریح اور علی التضعیف و التنصیف کی وضاحت:۔** کتاب اللہ میں ذکر کردہ فروض مقدرہ چھ

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں، نصف، رُبع و ثمن اور ثلثان، ثلث و سدس۔ اور یہ چھ فروض تضعیف و تنصیف کے طریقہ پر ہیں۔ تضعیف کا مطلب دُگنا ہے یعنی نصف ربع کا دُگنا ہے اور ربع ثمن کا دُگنا ہے۔ اسی طرح ثلثان ثلث کا دُگنا ہے اور ثلث سدس کا دُگنا ہے۔ تنصیف کا مطلب نصف کرنا ہے یعنی اسکے برعکس سدس ثلث کا نصف ہے اور ثلث ثلثان کا نصف ہے، اسی طرح ثمن رُبع کا نصف ہے اور رُبع نصف کا نصف ہے۔

**الشق الثانی** ...... **یحتاج فی تصحیح المسائل الی سبعة اصول : ثلاثة بین السهام والرؤس و اربعة بین الرؤس و الرؤس .......**

عبارت کا ترجمہ کریں۔ تصحیح کی لغوی واصطلاحی تعریف کریں اور اس کے کتنے اصول ہیں؟ واضح کریں

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) تصحیح کی لغوی واصطلاحی تعریف (۳) تصحیح کے اصول۔

**جواب** ...... ❶ <u>عبارت کا ترجمہ:۔</u> مسائل کی تصحیح میں سات اصول کی طرف احتیاج ہوتی ہے ان میں سے تین سہام اور رؤس کے درمیان اور چار رؤس اور رؤس کے درمیان ہوتے ہیں۔ (وارثوں کے حصوں کو سہام بھی کہا جاتا ہے اور عدد سہام بھی کہا جاتا ہے اور وارثوں کی تعداد کو رؤس بھی کہا جاتا ہے اور عدد رؤس بھی کہا جاتا ہے)

❷ <u>تصحیح کی لغوی واصطلاحی تعریف:۔</u> تصحیح کا لغوی معنی رفع السقم (بیاری کا رفع) ہے۔ وارثین پر حصے منکسر ہونے کی صورت میں حصوں کے انکسار کو دفع کرنے کا نام اصطلاح فرائض میں تصحیح ہے، بالفاظ دیگر سہام اور رؤس کے درمیان جو کسر واقع ہے اس کو زائل کرنا۔

❸ <u>تصحیح کے اصول:۔</u> مسائل کی تصحیح میں سات اصول کی طرف احتیاج ہوتی ہے۔

① یہ ہے کہ اگر ایک فریق کے سہام اس پر بغیر کسر کے تقسیم ہو سکیں تو پھر ضرب کی طرف احتیاج نہیں ہوگی مثلاً میت نے ماں، باپ اور دو بیٹیاں چھوڑیں ماں کیلئے سُدس، باپ کیلئے بھی سدس اور دو بیٹیوں کیلئے ثلثان ہیں تو چونکہ سُدس کا اجتماع ہوا ثلثان کے ساتھ اور سُدس چھوٹا ہے تو مسئلہ چھ سے بنے گا، باپ کیلئے ایک حصہ اور ماں کیلئے بھی ایک حصہ اور دو بیٹیوں کیلئے چار حصے ہیں، ہر بیٹی کیلئے دو حصے ہیں چونکہ سہام عدد رؤس پر تقسیم ہو گئے بغیر کسر کے تو لہٰذا ضرب کی طرف احتیاج نہیں ہوگی۔

② ورثاء میں سے فقط ایک طائفہ پر کسر واقع ہو لیکن جس فریق پر کسر واقع ہو اس کے عدد رؤس اور عدد سہام کے درمیان نسبت توافق کی ہو تو جس فریق پر کسر واقع ہو اس کے عدد رؤس کے وفق کو ضرب دی جائے گی اصل مسئلہ میں اگر اس میں عول نہ ہو اگر اس میں عول ہوا ہو تو پھر وفق کو ضرب دیا جائے گا عول میں جو حاصل ضرب ہوگا اس سے مسئلہ کی تصحیح ہوگی، غیر عائلہ کی مثال کسی میت نے ماں، باپ اور دس بیٹیاں چھوڑیں۔

**مسئلہ ٦** مضروب ۵ تصحیح ۳۰

میت

| ماں | باپ | بنات ۱۰ |
|---|---|---|
| سدس | سدس | ثلثان |
| ۱×۵=۵ | ۱×۵=۵ | ۴×۵=۲۰ |
| | | فی بیٹی دو حصے |

دس بیٹیوں کیلئے چار حصے ہیں اور چار دس پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتا، عددِ سہام یعنی چار میں اور عددِ رؤس یعنی دس میں توافق بالنصف ہے کیونکہ دو کا عدد دونوں کو فنا کر سکتا ہے تو عددِ رؤس یعنی دس کے وفق یعنی پانچ کو ضرب دی اصل مسئلہ یعنی چھ میں تو حاصل ضرب تیس ہوا تو تیس سے مسئلہ کی تصحیح ہوئی۔

عائلہ کی مثال کسی میت نے زوج، اب، ام اور چھ بیٹیوں کو چھوڑا اب زوج کیلئے ربع ہے اور باپ کیلئے سُدس اور ماں کے لئے بھی سُدس، چھ بیٹیوں کے لئے ثلثان ہیں یہ مسئلہ بارہ سے بنے گا کیونکہ نوعِ اول کے ربع کا اختلاط ہوا ہے نوعِ ثانی کے بعض کے ساتھ تو مسئلہ بارہ سے بنے گا زوج کے لئے تین ماں کے لئے دو، باپ کیلئے بھی دو اور چھ بیٹیوں کیلئے آٹھ ہے، عول پندرہ تک ہوگا، تو ثلثان آٹھ حصے ہیں اور آٹھ حصے چھ بیٹیوں پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتے، عددِ سہام یعنی آٹھ اور عددِ رؤس یعنی چھ کے درمیان نسبت توافق کی ہے اور توافق بالنصف ہے کیونکہ دو کا عدد دونوں کو فنا کر سکتا ہے لہٰذا عددِ رؤس چھ کے نصف یعنی تین کو ضرب دی عول یعنی پندرہ میں تو ۴۵ ہو جائے گا تو مسئلہ کی تصحیح پینتالیس سے ہوگی تو زوج کے لئے تین تھا اس کو مضروب یعنی تین کے ساتھ ضرب دی تو نو ہو جائے گا اور باپ کے لئے پہلے دو تھا اس کو مضروب یعنی تین کے ساتھ ضرب دیں تو چھ ہو جائے گا اسی طرح ماں کے لئے اور چھ بیٹیوں کے لئے آٹھ حصے تھے اس کو مضروب یعنی تین کے ساتھ ضرب دی تو چوبیس ہو جائے گا ہر ایک بیٹی کے لئے چار حصے ہوں گے۔

مسئلہ ۱۲ عول ۱۵ مضروب ۳ تصحیح ۴۵

میت

| زوج | اب | ام | بنات ٦ |
| --- | --- | --- | --- |
| ربع | سدس | سدس | ثلثان |
| ۳×۳=۹ | ۲×۳=٦ | ۲×۳=٦ | ۸×۳=۲۴ |

③ ورثاء میں سے ایک طائفہ پر کسر واقع ہو اور جس فریق پر کسر واقع ہو اس کے عددِ رؤس اور عددِ سہام کے درمیان نسبت تباین کی ہو تو جس فریق پر کسر واقع ہوا اس کے عددِ رؤس کے کل کو ضرب دی جائے گی اصل مسئلہ میں اگر عول نہ ہوا ہو اگر عول ہوا ہو تو پھر عول میں ضرب دی جائے گی، غیر عائلہ کی مثال کہ مثلاً میت نے ماں، باپ اور پانچ بیٹیاں چھوڑیں تو اب ماں کیلئے سُدس اور باپ کیلئے سُدس ہے اور خمس بنات کیلئے ثلثان ہیں تو اب مسئلہ چھ سے بنے گا کیونکہ چھوٹا عدد سُدس ہے، ماں کیلئے ایک اور باپ کیلئے بھی ایک اور خمس بنات کیلئے چار ہیں، اور چار حصے خمس بنات پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتے اور عددِ رؤس یعنی پانچ اور عددِ سہام یعنی چار ان کے درمیان نسبت تباین کی ہے تو اب عددِ رؤس کے کل یعنی پانچ کو ضرب دی اصل مسئلہ یعنی چھ میں تو حاصل ضرب تیس ہو جائے گا تو مسئلہ کی تصحیح تیس سے ہوگی۔

مسئلہ ٦ مضروب ۵ تصحیح ۳۰

میت

| ماں | باپ | خمس بنات |
| --- | --- | --- |
| سُدس | سُدس | ثلثان |
| ۱×۵=۵ | ۱×۵=۵ | ۴×۵=۲۰ |

عائلہ کی مثال کہ میت نے زوج اور خمس اخوات کو چھوڑا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مسئلہ مول ۷ مضروب ۵ تصحیح ۳۵

میت

| زوج | خمس اخوات |
| --- | --- |
| نصف | ثلثان |
| ۳×۵=۱۵ | ۴×۵=۲۰ |
| | فی بہن چار حصے |

④ وہ چار اصول جو رؤس اور رؤس کے درمیان ہوتے ہیں ان میں سے پہلا اصول کہ ورثاء کے فریقوں میں سے دو یا دو سے زائد فریقوں پر کسر واقع ہو اور ورثاء کے عدد رؤس کے درمیان نسبت تماثل کی ہو اس صورت میں اعداد میں سے کسی ایک کو ضرب دی جائیگی اصل مسئلہ میں جو حاصل ضرب ہوگا اس سے مسئلہ کی تصحیح ہوگی، مثلاً میت نے ست بنات اور ثلث جدات اور ثلثۂ اعمام چھوڑیں، ست بنات کیلئے ثلثان اور ثلث جدات کیلئے سدس، مسئلہ چھ سے بنے گا کیونکہ چھوٹا عدد سُدس ہے، ست بنات کیلئے چار اور ثلث جدات کیلئے ایک حصہ اور ثلث اعمام کیلئے بھی ایک حصہ، چھ بیٹیوں کیلئے چار حصے بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتے لیکن ان میں توافق بالنصف ہے دو کا عدد دونوں کو فنا کر سکتا ہے لہٰذا عدد رؤس کے وفق یعنی تین کو ہم نے محفوظ کرلیا، اور ثلث جدات کیلئے ایک ہے اور ایک تین جدات پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتا اور عدد رؤس یعنی تین اور سہام یعنی ایک میں نسبت تباین کی ہے، ہم نے عدد رؤس کے کل یعنی تین کو محفوظ کرلیا اور ثلثۂ اعمام کیلئے ایک ہے اور یہ ایک تین اعمام پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتا اور عدد رؤس یعنی تین اور سہام یعنی ایک میں نسبت تباین کی ہے تو ہم نے عدد رؤس کے کل یعنی تین کو محفوظ کرلیا اب دیکھا کہ یہ جو ہم نے عدد کو محفوظ کیا یعنی تین، تین، تین انمیں نسبت تماثل کی ہے ان میں سے ایک یعنی تین کو ضرب دی اصل مسئلہ یعنی چھ میں تو اٹھارہ ہوگئے، اب اٹھارہ سے مسئلہ کی تصحیح ہوگی، ست بنات کیلئے چار حصے تھے تین کو چار سے ضرب دی تو بارہ ہوگئے، ثلث جدات کیلئے ایک تھا ضرب دی تو تین ہوگیا اسی طرح ثلثۂ اعمام کیلئے ایک تھا ضرب دی تو تین ہوگیا۔

مسئلہ مضروب ۳ تصحیح ۱۸

میت

| ست بنات | ثلث جدات | ثلثۂ اعمام |
| --- | --- | --- |
| ثلثان | سُدس | عصبہ |
| ۴×۳=۱۲ | ۱×۳=۳ | ۱×۳=۳ |

⑤ ورثاء کے فریقوں میں سے دو یا دو سے زائد پر کسر واقع ہو اور اعداد رؤس کے درمیان نسبۃ تداخل کی ہو پھر دیکھیں گے کہ ان اعداد میں سے جو اکثر ہے اس کو ضرب دی جائے گی اصل مسئلہ میں جو حاصل ضرب ہوگا اس سے مسئلہ کی تصحیح ہوگی، مثلاً میت نے اربع زوجات اور ثلث جدات اور اثنا عشر اعماما کو چھوڑا، اربع زوجات کیلئے ربع ہے اور ثلث جدات کیلئے سُدس ہے اور ربع کا اختلاط ہورہا ہے سُدس کیساتھ تو مسئلہ بارہ سے بنے گا اربع زوجات کیلئے ربع یعنی تین حصے اور ثلث جدات کیلئے دو ہیں اور اثنا عشر اعماما کیلئے سات، تین حصے چار زوجات پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتے اور عدد رؤس یعنی چار اور عدد سہام یعنی تین ان میں نسبۃ تباین کی ہے اس لئے ہم نے عدد رؤس کے کل یعنی چار کو محفوظ کرلیا اور دو حصے ثلث جدات پر بغیر کسر کے تقسیم ہو سکتے ہیں اور عدد رؤس یعنی تین اور سہام یعنی دو میں نسبت تباین کی ہے تو ہم نے تین کو محفوظ کرلیا اور سات حصے اثنا عشر اعماما پر بغیر کسر کے تقسیم

نہیں ہوسکتے اور سات اور بارہ میں بھی نسبت تباین کی ہے تو ہم نے بارہ کو محفوظ کرلیا تو جو ہم نے محفوظ کیا یعنی تین، چار، بارہ ان میں سے بڑا عدد بارہ کا ہے تو چار بھی اس کو فنا کرسکتا ہے اور تین بھی بارہ کو فنا کرسکتا ہے اور ان میں سے بڑا عدد بارہ کا ہے تو اس کو ضرب دی اصل مسئلہ یعنی بارہ میں تو ۱۴۴ ہوگئے تو ایک سو چوالیس سے مسئلہ کی تصحیح ہوگی۔ اربع زوجات کیلئے تین تھا اس کو ضرب دی مضروب یعنی بارہ کے ساتھ تو ۳۶ ہوگئے اور ثلث جدات کیلئے دو حصے تھے اس کو ضرب دی مضروب یعنی بارہ میں تو چوبیس ہوگئے اور اثنا عشر اعماماً کیلئے سات حصے تھے اس کو ضرب دی مضروب یعنی بارہ میں تو ۸۴ ہوگئے۔

مسئلہ ۱۲ مضروب ۱۲ تصحیح ۱۴۴

میت

| اربع زوجات | ثلث جدات | اثنا عشر اعمام |
| --- | --- | --- |
| ربع | سدس | عصبہ |
| ۳×۱۲=۳۶ | ۲×۲=۲۴ | ۷×۱۲=۸۴ |

⑥ یہ ہے کہ ورثاء کے دو یا دو سے زائد فریقوں پر کسر واقع ہو جن فریقوں پر کسر واقع ہوا ان میں سے بعض کے اعداد رؤس کے درمیان نسبت توافق کی ہو اس وقت ایک کے وفق کو ضرب دی جائے دوسرے کے کل میں پھر دیکھا جائے گا کہ حاصل ضرب اور تیسرے کے درمیان نسبت توافق کی ہے یا نہیں، اگر نسبت توافق کی ہو تو حاصل ضرب کو ضرب دی جائے ثالث کے وفق میں اور اگر نسبت توافق کی نہ ہو تو حاصل ضرب کو ضرب دی جائے تیسرے کے کل میں پھر دیکھا جائے حاصل ضرب اور رابع کے درمیان نسبت توافق کی ہے یا نہیں اگر نسبت توافق کی ہو تو حاصل ضرب کو ضرب دی جائے رابع کے وفق میں اور اگر توافق کی نسبت نہیں تو حاصل ضرب کو ضرب دی جائے رابع کے کل میں اسی طرح چلتے جائیں پھر حاصل ضرب کو ضرب دی جائے اصل مسئلہ میں جو حاصل ضرب ہوگا اس سے مسئلہ کی تصحیح ہوگی، مثلاً میت نے چار زوجات، اٹھارہ بیٹیاں، پندرہ جدات اور چھ اعمام کو چھوڑا، چار زوجات کیلئے ثمن ہوگا کیونکہ بیٹیاں موجود ہیں اور اٹھارہ بیٹیوں کیلئے ثلثان ہیں اور پندرہ جدات کیلئے سدس ہے اب ثمن کا اختلاط ہو رہا ہے دوسرے عدد کیساتھ تو ضابطہ کی رو سے مسئلہ چوبیس سے بنے گا چار زوجات کیلئے ثمن تین حصے ہونگے اور ثلثانی عشر بنات کیلئے ۱۶ حصے ہیں اور پندرہ جدات کیلئے چار حصے ہیں اور چھ اعمام کیلئے ایک حصہ ہے، چار زوجات کیلئے ۳ حصے ہیں اور تین حصے چار پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہوسکتے اور عدد رؤس یعنی چار اور عدد سہام یعنی تین ان کے درمیان نسبت تباین کی ہے تو ہم نے عدد رؤس کے کل یعنی چار کو محفوظ کرلیا، اور اٹھارہ بیٹیوں کا حصہ سولہ ہیں اور سولہ اٹھارہ پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہوسکتے اور عدد رؤس یعنی اٹھارہ اور عدد سہام یعنی سولہ کے درمیان توافق بالنصف ہے کیونکہ دو کا عدد دونوں کو فنا کرسکتا ہے عدد رؤس کے وفق یعنی نو کو محفوظ کرلیا۔

اور پندرہ جدات کیلئے چار حصے ہیں اور چار حصے پندرہ جدات پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہوسکتے اور عدد رؤس یعنی پندرہ اور عدد سہام یعنی چار میں نسبت تباین کی ہے تو ہم نے عدد رؤس کے کل یعنی پندرہ کو محفوظ کرلیا، اور چھ اعمام کیلئے ایک حصہ ہے اور ایک چھ پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہوسکتا اور عدد رؤس یعنی چھ اور عدد سہام یعنی ایک میں نسبت تباین کی ہے تو ہم نے عدد رؤس کے کل یعنی چھ کو محفوظ کرلیا تو اعداد محفوظہ ۴، ۶، ۹، ۱۰ ہیں ان میں سے بعض کے درمیان نسبت توافق کی ہے مثلاً چار اور چھ ان میں توافق بالنصف ہے دو کا عدد دونوں کو فنا کرسکتا ہے چار کا نصف یعنی دو کو ضرب دی دوسرے کے کل یعنی چھ میں تو بارہ ہوگئے اب بارہ اور نو ہیں ان

Maktaba Tul Ishaat.com

میں توافق بالثلث ہے کیونکہ تین دونوں کو فنا کرسکتا ہے تو نو کا وفق یعنی تین اس کو ضرب دی بارہ میں تو چھتیس ہو گئے، اب چھتیس اور پندرہ میں توافق کی نسبت ہے تین دونوں کو فنا کرسکتا ہے تو ان میں توافق بالثلث ہے چھتیس کو ضرب دی پندرہ کے وفق یعنی پانچ میں تو یہ ایک سو اسی بن گئے، اب ایک سو اسی کو اصل مسئلہ یعنی چوبیس میں ضرب دی یہ چار ہزار تین سو بیس ہو گئے۔

اب چار ہزار تین سو بیس سے مسئلہ کی تصحیح ہوگی۔ چار زوجات کیلئے تین حصے تھے اس تین کو ضرب دی مضروب یعنی ایک سو اسی میں تو پانچ سو چالیس ہو جائے گا اور ثمانی عشر بنات کیلئے ۱۶ حصے تھے اس کو ضرب دی مضروب یعنی ایک سو اسی میں تو دو ہزار آٹھ سو اسی ہو جائے گا اور خمس عشر جدات کیلئے ۴ حصے تھے اس کو ضرب دی مضروب یعنی ایک سو اسی میں تو یہ سات سو بیس ہو جائیگا اور ستۃ اعمام کیلئے ایک حصہ تھا اس کو ضرب دی مضروب یعنی ایک سو اسی میں تو ایک سو اسی ہو جائے گا۔

مسئلہ ۲۴ مضروب ۱۸۰ تصحیح ۴۳۲۰

| چار زوجات | ۱۸ بنات | پندرہ جدات | چھ اعمام |
|---|---|---|---|
| ثمن | ثلثان | سدس | عصبہ |
| ۳×۱۸۰=۵۴۰ | ۱۶×۱۸۰=۲۸۸۰ | ۴×۱۸۰=۷۲۰ | ۱×۱۸۰=۱۸۰ |

⑥ ورثاء کے فریقوں میں سے دو یا دو سے زائد فریقوں پر کسر واقع ہو اور اعداد رؤس کے درمیان نسبت تباین کی ہو تو ایک فریق کے عدد رؤس کے کل کو ضرب دی جائے دوسرے کے کل میں پھر حاصل ضرب کو تیسرے کے کل میں اور پھر حاصل ضرب کو چوتھے کے کل میں ضرب دی جائے اسی طرح چلتے جائیں پھر حاصل ضرب کو اصل مسئلہ میں ضرب دی جائے جو حاصل ضرب ہوگا اس سے مسئلہ کی تصحیح ہوگی۔

مثلاً میت نے زوجتین، ست جدات، عشر بنات اور سبعۃ اعمام کو چھوڑا، زوجتین کیلئے ثمن ہے اور ست جدات کیلئے سدس ہے اور عشر بنات کیلئے ثلثان ہیں چونکہ ثمن کا اختلاط ہو رہا ہے دوسرے عدد کے ساتھ تو ضابطہ کی رو سے مسئلہ چوبیس سے بنے گا زوجتین کیلئے تین اور ست جدات کیلئے چار حصے اور عشر بنات کیلئے سولہ حصے اور سبعۃ اعمام کیلئے ایک حصہ ہوگا، زوجتین کیلئے تین حصے ہیں اور تین حصے زوجتین پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتے اور ان میں نسبت تباین کی ہے تو ہم نے عدد رؤس کے کل یعنی دو کو محفوظ کر لیا، اور چھ جدات کے چار حصے ہیں اور چار حصے چھ پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتے چار اور چھ ان میں توافق بالنصف ہے دو کا عدد دونوں کو فنا کرسکتا ہے تو ہم نے چھ کے نصف یعنی تین کو محفوظ کر لیا اور عشر بنات کیلئے سولہ حصے ہیں اور سولہ حصے عشر بنات پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتے اور اعداد رؤس یعنی عشر بنات اور سہام یعنی سولہ کے درمیان توافق بالنصف ہے کیونکہ دو کا عدد دونوں کو فنا کرسکتا ہے تو ہم نے عدد رؤس کے نصف یعنی پانچ کو محفوظ کر لیا اور سبعۃ اعمام کیلئے ایک حصہ ہے اور ایک سات پر بغیر کسر کے تقسیم نہیں ہو سکتا اور عدد رؤس یعنی سات اور عدد سہام یعنی ایک میں نسبت تباین کی ہے تو ہم نے عدد رؤس کے کل یعنی سات کو محفوظ کر لیا تو اعداد محفوظہ ۲، ۳، ۵، ۷ ہیں اور ان میں نسبت تباین کی ہے دو کو تین میں ضرب دیں تو چھ ہو گیا پھر چھ کو ضرب دیں پانچ میں تو تیس ہو گئے پھر تیس کو ضرب دی سات میں تو ۲۱۰ ہو گئے پھر ۲۱۰ کو ضرب دی اصل مسئلہ یعنی چوبیس میں تو یہ ۵۰۴۰ ہو گئے تو مسئلہ کی تصحیح پانچ ہزار چالیس

سے ہوگی، اب زوجتین کے تین حصے تھے اس کو ضرب دی مضروب یعنی ۲۱۰ میں تو ۶۳۰ ہو گئے اور ست جدات کیلئے چار حصے ہیں اس کو ضرب دی مضروب یعنی ۲۱۰ میں تو ۸۴۰ ہو گئے اور عشر بنات کیلئے سولہ حصے ہیں اس کو ضرب دی مضروب یعنی ۲۱۰ میں تو ۳۳۶۰ ہو گئے اور سبعہ اعمام کیلئے ایک حصہ ہے اس کو ضرب دی مضروب یعنی ۲۱۰ میں تو ۲۱۰ ہو گئے۔

**مسئلہ ۲۴** مضروب ۲۱۰ تصحیح ۵۰۴۰

میت

| زوجتین | ست جدات | عشر بنات | سبعہ اعمام |
|---|---|---|---|
| ثمن | سُدس | ثلثان | عصبہ |
| ۳x۲۱۰=۶۳۰ | ۴x۲۱۰=۸۴۰ | ۱۶x۲۱۰=۳۳۶۰ | ۱x۲۱۰=۲۱۰ |

﴿وصلّی اللّٰہ علی النّبیّ الامّیّ﴾

Maktaba Tul Ishaat.com

# الورقة الخامسة

# بلاغه

## دروس البلاغه

## ﴿الورقة الخامسة: في البلاغة﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۳۱ھ

**الشق الاوّل** ...... علم المعانی کی تعریف کیجئے۔ اورادوات استفہام میں سے ہمزہ اور ھل کے درمیان فرق اور مواقع استعمال مثالوں کی روشنی میں تفصیل سے تحریر کیجئے۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) علم معانی کی تعریف (۲) ہمزہ اور ھل استفہامیہ میں فرق اور مواقع استعمال مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ علم معانی کی تعریف:۔ علم معانی ایک ایسا علم ہے جس کے ذریعے عربی لفظ کے احوال کو پہچانا جائے، جن کے ساتھ مقتضائے حال موافق ہو۔

❷ ہمزہ اور ھل استفہامیہ میں فرق اور مواقع استعمال مع امثلہ:۔ ہمزہ طلب تصور اور طلب تصدیق دونوں کیلئے آتا ہے، تصور کہتے ہیں ادراک مفرد کو مثلاً اگر آپ کو خالد اور علی دو بھائیوں میں سے کسی ایک کے لئے حصول سفر کی نسبت کے واقع ہونے کا علم ہوا ہے مگر متعین طور پر آپ نہیں جانتے کہ وہ سفر کرنے والا کون ہے علی یا خالد، اب آپ کسی واقف کار شخص سے اعلی سافر ام خالد کہہ کر جو سوال کریں گے تو جواب میں ان دو مفرد یعنی علی و خالد میں سے کسی ایک مفرد کی تعیین کی جائے گی اور مثلاً کہا جائے گا کہ "علی" تو آپ کو علی کی شکل میں ایک مفرد کا حصول ہوا ہے اسی ادراک مفرد کو طلب تصور کہا جائے گا اور تصدیق کہتے ہیں ادراک نسبت کو مثلاً اگر آپ کو علی (مفرد) کے بارے میں اتنا تو معلوم ہے کہ وہ سفر کرنے والا تھا البتہ یہ معلوم نہیں کہ آیا یہ سفر کرنے کی نسبت حاصل ہوئی بھی ہے یا نہیں۔ اب آپ أسافر علی کہہ کر جب سوال کریں گے تو آپ اس سوال کے ذریعے حصول سفر (وقوع نسبت) کو پوچھنا چاہیں گے اور اس نسبت کے معلوم کرنے کو ہی تصدیق کہا جاتا ہے۔ چنانچہ آپ کو نعم یا لا کے ذریعے جواب دیا جائے گا۔ پس اگر نعم کے ذریعے جواب ملا تو آپ کو علی کے وقوع نسبت سفر کا علم ہوا اور لا کی صورت میں جواب ملا تو آپ کو اس کیلئے لا وقوع نسبت سفر کا علم حاصل ہوا، اور ھل صرف تصدیق کرنے کیلئے آتا ہے، یعنی وقوع نسبت یا عدم وقوع نسبت کی معرفت حاصل کرنے کیلئے آتا ہے طلب تصور (مفرد) کے لئے نہیں جیسے هل جاء صديقك تو گویا تصدیق ایک نسبت ہے جسے سائل جاننا چاہتا ہے اور ظاہر ہے کہ جواب اثبات یا نفی ہی میں آئے گا۔ اسی وجہ سے ام متصل کے بعد اس کے ساتھ معادل کو ذکر کرنا جائز نہیں چنانچہ هل جاء صديقك ام عدوك کہنا صحیح نہیں ہوگا۔ کیونکہ استفہام کے موقع پر واقع ہونے والے مفرد یعنی عدو کا واقع ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ ام متصلہ ہے اور ام متصلہ تو دو مفردوں میں سے کسی ایک مفرد کی تعیین معلوم کرنے کے لئے آتا ہے اور ایسی صورت میں اصل حکم کا معلوم کرنا ضروری ہے۔ تو اس سے یہ لازم آیا کہ یہ متکلم حکم اور نسبت کو جانتا ہے مگر صرف مفرد معلوم کرنا چاہتا ہے حالانکہ ھل طلب مفرد کے لئے نہیں آتا ہے بلکہ طلب تصدیق یعنی نسبت اور حکم کو طلب کرنے کے لئے آتا ہے، نتیجہ یہ ہوا کہ اس متکلم نے ھل کو طلب تصور کیلئے استعمال کیا جو اس کی اصل وضع یعنی طلب تصدیق کے خلاف ہے۔

**الشق الثانی** ...... وَ اَمَّا النَّكِرَةُ فَيُؤتىٰ بِهَا اِذَا لَمْ يُعْلَمْ لِلْمَحْكِيِّ عَنْهُ جِهَةُ تَعْرِيفٍ كَقَوْلِكَ جَاءَ هٰهُنَا رَجُلٌ اِذَا لَمْ يُعْرَفْ مَا يُعَيِّنُهُ مِنْ عَلَمٍ اَوْ صِلَةٍ اَوْ نَحْوِهِمَا وَ قَدْ يُؤتىٰ بِهَا لِاَغْرَاضٍ اُخْرىٰ۔

Maktaba Tul Ishaat.com

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، عبارت کی تشریح کریں اور ان اغراض کو مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے جن کیلئے نکرہ لایا جاتا ہے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) اغراض نکرہ کی وضاحت مع امثلہ۔

جواب...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ "نکرہ" پس اس کو اس وقت لایا جاتا ہے جب کہ محکی عنہ کے لئے تعریف و پہچان کی کوئی جہت معلوم نہ ہو، جیسے تیرا قول جاء ھھنا رجل جب کہ اس کو معین کرنے والا کوئی حکم یا صلہ وغیرہ معلوم نہ ہو اور کبھی نکرہ دوسری اغراض ومقاصد کے لئے بھی لایا جاتا ہے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ نکرہ کی غرض حقیقی تو یہ ہے کہ اسے ایسے وقت استعمال کیا جاتا ہے جبکہ محکی عنہ یعنی وہ چیز جس کی بات و حکایت کرنا مقصود ہو اس کے لئے تعریف کی کوئی جہت وصورت متکلم کو معلوم نہ ہو جیسے اگر آپ کے پاس کوئی ایسا اجنبی شخص آیا ہو جس کا نام اور صلہ وغیرہ کوئی طریقہ تعریف آپ نہ جانتے ہوں اور آپ اپنے کسی متعارف آدمی کو اس کے آنے کی خبر دینا چاہیں تو آپ یہ کہیں گے کہ جاء ھھنا رجل یہاں ایک شخص آیا۔

اسم نکرہ کی حقیقی غرض تو محکی عنہ کیلئے کوئی جہت تعریف معلوم نہ ہونا ہے۔ مگر کبھی اس کا استعمال اور اغراض کیلئے بھی ہوتا ہے۔

❹ اغراض نکرہ کی وضاحت مع امثلہ:۔ ① تکثیر و تقلیل یعنی کسی شیئ کی کثرت یا قلت بتلانا جیسے لفلان مال فلاں کے پاس بہت مال ہے یہ تکثیر کی مثال ہے اس میں لفظ مال سے تکثیر اس طرح سمجھی گئی ہے کہ اس آدمی کے پاس اس قدر زیادہ مال ہے کہ اسے شمار کرنا ہی ممکن نہیں اگر ممکن ہوتا تو ہم شمار کر کے اس کا عدد بتاتے لہٰذا مجبوراً مال کو مطلق ہی ذکر کر دیا، اور جیسے ورضوان من اللّٰہ اکبر اللہ کی جانب سے کسی کو نصیب ہونے والی تھوڑی سی بھی رضامندی سب نعمتوں سے بڑی نعمت ہے۔ یہ تقلیل کی مثال ہے اور اس میں رضوان سے تقلیل اس طرح سمجھی گئی ہے کہ جنت کی ساری نعمتوں کی اصل جڑ یہی ہے۔

② تعظیم و تحقیر یعنی کسی شیئ کی عظمت یا حقارت بتانا جیسے لہ حاجب عن کل امیر یشینہ ۔ ولیس لہ عن طلب العرف حاجب فلاں (میرے ممدوح) کے یہاں ایک عظیم دربان ہے جو اس کو بدنما کرنے والے کسی بھی عیب کو اس کے پاس پہنچنے نہیں دیتا۔ ہاں داد و دہش کے طلب گاروں کو روکنے کیلئے کوئی ادنیٰ دربان بھی نہیں ہے۔ دیکھیے یہاں مقام مدح کے قرینے سے ہم نے ایک جگہ حاجب کا معنیٰ تعظیم کا اور دوسری جگہ تحقیر کا سمجھا کیونکہ اگر اس کے برخلاف معنیٰ سمجھا جائے یعنی پہلے حاجب سے حاجب حقیر و ضعیف اور دوسرے حاجب سے حاجب عظیم سمجھا جائے تو یہ شعر بجائے مدح کے ہجو ہو جائے گا حالانکہ شعر کا مضمون مدح سرائی کا ہے۔

③ عموم بعد النفی یعنی کسی شیئ میں تعمیم کا معنیٰ پیدا کرنا اور یہ فائدہ اس صورت میں حاصل ہوگا جبکہ یہ اسم نکرہ نفی کے بعد آئے جیسے ما جاءنا من بشیر ہمارے پاس کوئی بھی خوشخبری سنانے والا نبی نہیں آیا اس میں لفظ بشیر اسم نکرہ ہے جو سیاق نفی میں واقع ہونے کی وجہ سے عموم کا فائدہ دے رہا ہے کہ افراد انبیاء میں سے کوئی ایک بھی نہیں آیا۔

④ قصد فرد معین او نوع معین یعنی کسی معین فرد یا معین نوع کا ارادہ کرنا جیسے واللّٰہ خلق کل دابۃ من ماء اور اللہ تعالیٰ نے ہر ہر (فرد) جانور کو ایک معین پانی (اسکے باپ کے مخصوص نطفے) سے پیدا کیا جو اس کے ساتھ مخصوص ہے۔ یا یہ ترجمہ بھی کر سکتے

ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے (انواع) دواب میں سے ہر (نوع) دابہ کو (پانی کی انواع میں سے) ایک (نوع) پانی (نطفہ) سے پیدا کیا جو اس نوع کے ساتھ مخصوص ہے۔ دیکھئے پہلے ترجمے سے فردِ معین کا قصد ظاہر ہوگا اور دوسرے سے نوعِ معین کا قصد معلوم ہوگا۔

⑤ اخفاء امر یعنی کسی خاص بات کو لوگوں سے مخفی رکھنا جیسے کسی امیر یا وزیر نے اپنے حوارئین اور بہی خواہوں سے کہا کہ **قال رجل انك انحرفت عن الصواب** (ایک آدمی نے ہم سے یوں کہا کہ تو راہِ راست سے بھٹک گیا ہے) حالانکہ اس وزیر یا امیر کو خوب معلوم ہے کہ اس قول کا قائل کون ہے اگر وہ چاہتا تو اس کا نام ظاہر کر سکتا تھا مگر جان بوجھ کر اس کا نام اس وجہ سے ذکر نہیں کیا کہ میں اگر اس کا نام ظاہر کر دوں تو میرے حوارئین اور بہی خواہ اس ناز یبا بات کہنے والے شخص کو کوئی تکلیف واذیت پہنچا دیں گے اور یہ اس کی مرضی کیخلاف ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۱ھ

**الشق الاوّل** ............ **اماالتوابع فالتقييدبها يكون لاغراض تقصدمنها**

حکم کو نعت اور بدل کے ساتھ کن وجوہ کی بناء پر مقید کیا جاتا ہے ہر وجہ کے ساتھ مثال بھی لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں حکم کو نعت اور بدل کے ساتھ مقید کرنے کی وجوہ مع امثلہ مطلوب ہیں۔

**جواب** ...... حکم کو نعت و بدل کے ساتھ مقید کرنے کی وجوہ مع امثلہ:۔ نعت جسے ہم صفت بھی کہہ سکتے ہیں اس کی غرض کبھی اپنے موصوف کو دوسروں سے ممتاز ومخصوص کرنا ہوتا ہے جیسے **حضر علی الکاتب** کاتب علی آیا۔ اس سوال میں الکاتب (نعت) نے اپنے متبوع علی کو علی نام کے دوسرے لوگوں سے ممتاز کر دیا ہے اگر یہ نعت نہ لائی جاتی اور صرف **حضر علی** کہا جاتا تو اس سے دوسرا کوئی بھی علی مراد ہو سکتا تھا۔ اور کبھی اس کی غرض موصوف کی حقیقت وماہیت بیان کرنا ہوتا ہے جیسے **الجسم الطویل العریض یشغل حیزا من الفراغ** (لمبا چوڑا گہرا جسم خالی جگہ کو گھیر لیتا ہے) یعنی مثلاً ایک الماری خالی ہے اور اس میں آپ نے کتابیں رکھ دیں تو اب ان کتابوں نے اس خلاء کو پُر کر دیا کیونکہ کتاب ایک جسم ہے جس میں ابعادِ ثلاثہ (طول، عرض، عمق) پائے گئے ہیں کہ ہر کتاب کم وبیش طویل، عریض، عمیق بھی ہوتی ہے دیکھئے اس مثال میں الطویل، العریض، العمیق، یہ تینوں نعت ہیں جنہوں نے اپنے متبوع کی حقیقت وماہیت اور تعریف کو واضح کر دیا ہے اور کبھی اس کی غرض اپنے متبوع کی تاکید کرنا ہوتا ہے جیسے **تلك عشرة كاملة** (یہ دس روزے پورے ہوئے) اس آیت میں حج قران وتمتع کرنے والے کا حکم بیان ہوا ہے کہ قارن اور متمتع پر دمِ شکر دینا لازم ہے اور نہ پانے کی صورت میں اس پر دس روزے رکھنا ضروری ہے۔ دیکھئے اس مثال میں **کاملة** نعت نے اپنے متبوع عشرۃ کو مؤکد و پختہ کر دیا ہے اور کبھی اس کی غرض اپنے متبوع کی مدح وتعریف کرنا ہوتی ہے جیسے **حضر الخالد الهمام** الہمام نعت نے اپنے متبوع خالد کی مدح سرائی اور تعریف وتوصیف کی ہے۔

اور کبھی اس کی غرض اپنے متبوع کی مذمت وبرائی بیان کرنا ہوتا ہے جیسے **وامرأته حمالة الحطب** (عنقریب ابولہب اور اپنے سر پر ایندھن کی لکڑیاں اٹھائے پھرنے والی اس کی بیوی شعلے والی جہنم میں داخل ہوں گے) اس میں حمالۃ الحطب نے اپنے متبوع **امرأته** کی مذمت اور ہجو بیان کی ہے اور کبھی اس کی غرض اپنے متبوع کے حالِ زار پر رحم کھانے (اظہارِ ہمدردی) کی ہوتی ہے جیسے **أحسِنْ الیٰ خالدالمسکین** غریب مسکین خالد کے ساتھ اچھا سلوک کر دیکھئے اس مثال میں المسکین نے اپنے متبوع خالد کے قابلِ رحم اور لائقِ ہمدردی ہونے کو بیان کیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

بدل اس کے ساتھ جب کسی کلام کو مقید کیا جاتا ہے تو اس وقت اس کی غرض اپنے متبوع کو پختہ اور اسے واضح کرنا ہوتا ہے اور اس کی تین قسمیں ہیں ① بدل الکل کی مثال جیسے قَدِمَ ابنی علی (میرا لڑکا علی آیا) اس مثال میں تابع (علی) نے اپنے متبوع (ابنی) کو اس طرح مقرر (پختہ) کر دیا کہ مبدل منہ اور بدل دونوں سے مراد تو ایک ہی ذات ہے گویا کہ متکلم نے مسندالیہ کو مکرر ذکر کیا اور جب تکرار پایا گیا تو تقریر (پختگی) بھی ضرور پائی جائے گی ② بدل البعض کی مثال سافر الجند اغلبه (اکثر و بیشتر لشکر نے کوچ کر دیا) اس مثال میں تابع (اغلبه) نے اپنے متبوع (الجند) کو اس طرح مقرر و پختہ کر دیا کہ مبدل منہ یعنی الجند اپنے بدل یعنی اغلب الجند پر مشتمل ہے اس وجہ سے کہ مبدل منہ کل ہے اور بدل اس کا بعض ہے اور ظاہر ہے کہ کل میں بعض داخل و شامل ہوتا ہی ہے اور جب ایسا ہے تو بدل کا ذکر مکرر (دو مرتبہ) ہوا پہلی دفعہ کل کے ضمن میں اور دوسری مرتبہ مستقل طور پر اور جب مسندالیہ کا تکرار پایا جائے تو اس کی تقریر (پختگی) بھی ضرور پائی جاتی ہے ③ بدل الاشتمال کی مثال نفعنی الاستاذ علمه (استاذ یعنی اس کے علم نے مجھے فیض یاب کیا) اس مثال میں تابع (علمه) نے اپنے متبوع (الاستاذ) کو بایں طور پر مقرر و پختہ کر دیا ہے کہ جب نفعنی الاستاذ کہا تو لفظ استاذ مشتمل ہوا علم پر کہ استاذ بولا جاتا ہے تو خود بخود اس کا علم سمجھ میں آتا ہے کیونکہ بغیر علم کے کسی کو استاذ نہیں بنایا جاتا اس طرح استاذ مشتمل ہوتا ہے علم پر اور علم اس میں شامل رہتا ہے اور جب مبدل منہ اپنے بدل پر مشتمل ہوا اور پھر جداگانہ طور پر علمه بھی کہا تو بدل کا ذکر مکرر ہوا ایک مرتبہ مبدل منہ کے ضمن میں اور دوسری مرتبہ مستقل طور پر اور جب مسندالیہ کا تکرار پایا جائے تو اس کی تقریر بھی بالضرور پائی جاتی ہے۔

**الشق الثانی** ...... درج ذیل اشعار کا سلیس ترجمہ کیجئے اور بتائیے کہ ان کو کس چیز پر استشہاد کے لئے لایا گیا ہے، نیز وجہ استشہاد کی وضاحت کریں۔

| | |
|---|---|
| وان صخرا لتاتم الهداة به | كأنه علم فى رأسه نار |
| فقلت يمين الله ابرح قاعدا ولوقطعوا | رأسى لديك واوصالى |
| وقال رائد هم ارسلوا نزاولها | فحتف كل امرئ يجرى بمقدار |

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) اشعار کا ترجمہ (۲) مذکورہ اشعار کے استشہاد اور وجہ استشہاد کی وضاحت۔

**جواب** ...... ① **اشعار کا ترجمہ:** بے شک صخر (نامی میرے بھائی) کی پیروی کرتے ہیں رہبر لوگ بھی گویا وہ ایک پہاڑ ہے جس کی چوٹی پر آگ جل رہی ہو۔ تب میں نے کہا کہ بخدا میں تو برابر بیٹھا ہی رہوں گا چاہے تو میرے دشمن یہیں تیرے پاس اے میری محبوبہ میرا سر اور ایک ایک جوڑ کاٹ کر علیحدہ علیحدہ کر دیں۔ انکے نمائندے نے کہا یہیں ٹھہر جاؤ ہم ان سے قتال کریں گے کیونکہ ہر نفس کی موت تو اپنے وقت پر آ کر رہے گی۔

② **اشعار کے استشہاد و وجہ استشہاد کی وضاحت:** "وان صخرا لتاتم الهداة به...... كأنه علم فى رأسه نار"۔ اس شعر کو اطناب کی اقسام میں سے ایغال کی مثال کے طور پر لایا گیا ہے ایغال کہتے ہیں کلام کو کسی ایسے لفظ پر ختم کرنا جو کسی ایسی غرض کا فائدہ دے کہ اس کے بغیر بھی معنی مکمل ہو رہا ہو جیسے خنساء شاعرہ کا یہ شعر ہے۔

وجہ استشہاد یہ ہے کہ اس مثال میں عَلَم کا ذکر آیا ہے اور عَلَم ایسے پہاڑ کو کہتے ہیں جس کی چوٹی پر آگ روشن ہو اور اگر اس

پر اکتفاء کیا جاتا تو بھی مقصود تو پورے طور پر ادا ہو رہا تھا مگر پھر بھی فی رأسہ نار کہہ کر اس کے بھائی کی رہنمائی اور اضاءت نور کی صفت میں مبالغہ کی زیادتی کر دی ہے۔

**فقلت یمین اللہ ابرح قاعدا ولو قطعوا رأسي لدیک و اوصلی.**

یہ اس ایجاز حذف کی مثال ہے جس میں سے ایک کلمہ کو حذف کیا گیا ہے اور وہ ابرح سے پہلے لا کو حذف کیا گیا ہے۔ اس لئے کہ یہ فعل ناقص ہے جو ماضی میں مابرح اور مضارع میں لایبرح استعمال ہوتا ہے۔

**وقال رائدھم ارسلوا نزاولھا فحتف کل امریٔ یجری بمقدار.**

یہ مواضع فصل میں سے دو جملوں میں خبر و انشاء کے اعتبار سے اختلاف کی صورت میں ہونے والے کامل تباین کی مثال ہے۔

اس میں جملہ ارسلوا اور نزاولھا میں خبر و انشاء کے لحاظ سے تباین تام ہے کہ پہلا انشائیہ ہے جبکہ دوسرا خبریہ ہے اس وجہ سے دونوں میں واؤ عاطفہ نہیں لایا گیا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ١٤٣١ھ

**الشق الاوّل**......وَ التَّعْقِيْدُ اَنْ يَكُوْنَ الْكَلَامُ خَفِيَّ الدَّلَالَةِ عَلَى الْمَعْنَى الْمُرَادِ وَالْخِفَاءُ اِمَّا مِنْ جِهَةِ اللَّفْظِ بِسَبَبِ تَقْدِيْمٍ اَوْ تَاخِيْرٍ اَوْفَصْلٍ وَيُسَمّٰى تَعْقِيْدُ اللَّفْظِيًا .

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے، عبارت کی تشریح کیجئے، تعقید کا معنی اور اقسام مع تعریفات بیان کیجئے۔ شعر کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ یہ کس چیز کی مثال ہے اور کیسے۔

**سَاَطْلُبُ بُعْدَ الدَّارِ عَنْكُمْ لِتَقْرَبُوْا وَتَسْكُبُ عَيْنَايَ الدُّمُوْعَ لِتَجْمُدَا**

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں سات امور مطلوب ہیں (١) عبارت پر اعراب (٢) عبارت کا ترجمہ (٣) عبارت کی تشریح (٤) تعقید کا معنی (٥) تعقید کی اقسام مع تعریفات (٦) شعر کا ترجمہ (٧) شعر کے ممثل لہ کی تعیین و وضاحت۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرفی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ تعقید کے معنی یہ ہیں کہ کلام متکلم کے معنی مرادی پر خفی الدلالۃ ہو اور یہ خفا یا تو لفظی خلل کے اعتبار سے ہو گا مثلاً تقدیم یا تاخیر یا دو لفظوں میں فصل ہونے کی بناء پر اور اس خفاء کا نام تعقید لفظی رکھا جاتا ہے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ تعقید یعنی کلام کی پیچیدگی یہ ہے کہ کوئی کلام اپنا معنی مرادی صاف طور پر نہ بتائے، بلکہ کلام کی مراد مخفی رہے پھر یہ پیچیدگی اور خفاء کبھی لفظ اور کبھی معنی کی جہت سے آتا ہے اور ان دونوں کے اسباب بھی مختلف ہیں لفظ کی جہت سے آنے والے خفاء اور پیچیدگی کو تعقید لفظی کہیں گے اور معنی کی جہت سے آنے والے خفاء کو تعقید معنوی کہیں گے تعقید لفظی کے اسباب تقدیم ماحقہ التاخر، تاخیر ماحقہ التقدیم، مبتداء و خبر، موصوف و صفت، حال و ذوالحال وغیرہ کے درمیان کسی اجنبی لفظ کے ذریعہ فصل کرنا وغیرہ ہیں جن کی وجہ سے فہم مراد میں مشکل ہو جائے۔

❹ تعقید کا معنی:۔ تعقید کا لغوی معنی گرہ باندھنا ہے۔ اصطلاحی معنی کسی غلطی اور خلل کی وجہ سے کلام کا اپنے مطلب پر ظاہر الدلالت نہ ہونا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

⑤ تعقید کی اقسام مع تعریفات:۔ تعقید کی دو قسمیں ہیں۔تعقید لفظی،تعقید معنوی۔

① تعقید لفظی کی وضاحت ہو چکی ہے کہ تعقید لفظی اس پیچیدگی کو کہتے ہیں جس کی وجہ سے کلام کا معنی مخفی ہو اور وہ پیچیدگی لفظوں کے ہیر پھیر وغیرہ مثلاً تقدیم ملحقہ التاخیر، تاخیر ملحقہ التقدیم، فصل بالا جنبی کی وجہ سے ہو جیسے۔

جفخت وهم لايجفخون بها    بهم شيم على الحسب الاغر دلائل

(فخر کیا حالانکہ وہ لوگ ان پر فخر نہیں کرتے ان لوگوں پر ایسے اچھے اخلاق نے جو معزز حسب ونسب پر دلالت کرتے ہیں)

اس شعر کے ترجمہ سے شاعر کی مراد کچھ سمجھ میں نہیں آئی۔ کیونکہ اس شعر میں الفاظ کا ایسا ہیر پھیر ہے جس نے معنی مرادی کو مخفی کر دیا ہے

اس شعر میں ہیر پھیر یہ ہے کہ جفخت فعل کے فاعل ومتعلق کو مؤخر کر کے فعل وفاعل اور متعلق کے درمیان فصل بالا جنبی کر دیا گیا ہے،اسی طرح دلائل موصوف کو مؤخر اور علی الحسب الاغر صفت کو مقدم کر دیا گیا ہے،تقدیر عبارت یوں ہے، جفخت بهم شيم دلائل على الحسب الاغر وهم لايجفخون بها تو اس طرح ترتیب کے ساتھ الفاظ کو ذکر کرنے سے معنی مرادی واضح ہو گیا، کہ اس گھرانے پر ایسے اچھے اخلاق نے فخر کیا ہے جو گھرانے کی شرافت اور اعلیٰ حسب ونسب پر دلالت کرنے والے ہیں، حالانکہ یہ لوگ خود ان اخلاق پر فخر نہیں کرتے ، تو اس لفظی ہیر پھیر کو جس کی وجہ سے معنی مرادی مخفی ہو جائے تعقید لفظی کہتے ہیں۔

② تعقید معنوی یہ ہے کہ کلام اپنا معنی مرادی صاف اور واضح طور پر نہ بتلائے اور کلام کا یہ اخفاء معنی کلام میں مجازات کثیرہ اور کنایات بعیدہ کے استعمال کی وجہ سے ہو، جیسے نشر الملك العينة في المدينة (بادشاہ نے اپنے جاسوس شہر میں پھیلا دیے) یہاں پر متکلم نے العسنــه (زبان) بول کر عیون (آنکھیں) مراد لیا ہے، کیونکہ جاسوسی کرنا آنکھوں کا کام ہوتا ہے نہ زبانوں کا کام نہیں ہوتا تو یہاں العسنه کا لفظ بولنے کی وجہ سے کلام کا معنی مخفی ہو گیا ہے اور یہ اخفاء معنی کی وجہ سے ہے، اس وجہ سے اس کو تعقید معنوی کہتے ہیں۔

⑥ شعر کا ترجمہ:۔ میں تم سے گھر کی دوری چاہتا ہوں تا کہ تم قریب ہو جاؤ اور میری آنکھیں آنسو بہا رہی ہیں تا کہ وہ جم جائیں۔

⑦ شعر کے مُشکل کی تعیین و وضاحت:۔ مذکورہ شعر تعقید معنوی کی مثال ہے کہ شاعر نے لتجمدا کے لفظ سے سرور اور راحت کا معنی مراد لیا ہے کہ میں کسب معاش کی خاطر تم سے دور جا رہا ہوں، مگر یہ عارضی جدائی ہے، جس میں مستقبل کا بڑا افادہ ہے کہ معاشی حالت بہتر ہو جائے گی اور میں لوٹ آؤں گا، پھر ہم سب خوشی سے اطمینان کی زندگی گزاریں گے۔اس میں شاعر نے لتجمدا کے لفظ سے سرور و راحت کا جو معنی مراد لیا ہے وہ درست نہیں ہے کیونکہ جمود کا لفظ قساوت قلبی اور رونے کے وقت رونا نہ آنے کیلئے بطور کنایہ مستعمل ہوتا ہے، اور یہاں پہلے شاعر تسكب عيناى الدموع کہہ چکا ہے، جس کی وجہ سے اس کی کلام میں تضاد ہو جائیگا۔

**الشق الثانی** ......هل ادلكم على تجارة تنجيكم من عذاب اليم، هل جزاء الاحسان الا الاحسان ، سواء عليهم أأنذرتهم ام لم تنذرهم لايؤمنون اعقلك يسوغ لك ان تفعل كذا، فاين تذهبون.

الفاظ استفہام کن کن معانی میں استعمال ہوئے ہیں اور یہ ان کے حقیقی معنی ہیں یا مجازی ہر جملہ کا ساتھ ساتھ ترجمہ بھی کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں فقط مذکورہ الفاظ کے معانی مع ترجمہ مطلوب ہیں۔

**جواب**......مذکورہ الفاظ کے معانی مع ترجمہ:۔ هل ادلكم على تجارة تنجيكم من عذاب اليم اس میں ادات استفہام تشویق کے معنیٰ میں استعمال ہوا ہے اور یہ اس کا مجازی معنیٰ ہے۔معنیٰ آیت کا یہ ہے کہ کیا میں تمہیں بتلاؤں ایسی سوداگری

جو بچائے تم کو ایک دردناک عذاب سے۔

هل جزاء الاحسان الاالاحسان اس میں ادات استفہام نفی کے معنی میں استعمال ہوا ہے اور یہ اس کا مجازی معنی ہے اور آیت کا معنی ہے احسان (نیکی) کا بدلہ سوائے احسان (نیکی) کے اور کیا ہوسکتا ہے۔

سواء عليهم انذرتهم ام لم تنذرهم لايؤمنون اس میں ادات استفہام برابری کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ یہ حقیقی معنی میں نہیں بلکہ تسویہ کی صورت میں جملہ خبریہ ہے۔ ترجمہ ہے کہ انکے حق میں برابر ہے چاہے آپ انکو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں۔

اعقلك يسوغ ان تفعل كذا اس میں ادات استفہام استہزاء اور تمسخر کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ اور یہ اس کا مجازی معنی ہے۔ ترجمہ ہے کہ کیا تیری عقل تیرے لئے مباح اور جائز ٹھہراتی ہے کہ تو ایسا غلط کرے۔

فاين تذهبون اس میں ادات استفہام کسی کو اس کی جہالت وضلالت اور غلطی پر متنبہ کرنے کے لئے استعمال ہوا ہے اور یہ اس کا مجازی معنی ہے۔ ترجمہ پھر تم کدھر چلے جارہے ہو۔

# ﴿الورقة الخامسة : في البلاغة﴾

## ﴿السوال الاول﴾　۱۴۳۲ھ

**الشق الاول** ......

| | |
|---|---|
| فَقَالَ لِيْ كَيْفَ اَنْتَ قُلْتُ عَلِيْلٌ | سَهَـرٌ دَائِـمٌ وَحُـزْنٌ طَـوِيْـلٌ |
| نَـحْـنُ بِـمَا عِنْدَنَا وَ اَنْتَ بِمَا | عِـنْدَكَ رَاضٍ وَ الـرَّأْيُ مُـخْتَلِفٌ |
| قَدْ طَلَبْنَا فَلَمْ نَجِدْلَكَ فِيْ السُّؤْدُدِ | وَالْـمَـجْـدِ وَ الْـمَـكَـارِمِ مِثْلًا |

قل هل يستوى الذين يعلمون والذين لايعلمون.

اشعار پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے۔ مندرجہ بالا اشعار اور آیت میں محذوف اشیاء کی تعیین کرتے ہوئے انکے دواعی حذف بیان کیجئے۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) اشعار پر اعراب (۲) اشعار کا ترجمہ (۳) مذکورہ اشعار و آیت میں محذوف اشیاء کی تعیین ودواعی حذف کی وضاحت۔

**جواب**...... ❶ اشعار پر اعراب:۔ كما مرفی السوال آنفا۔

❷ اشعار کا ترجمہ:۔ مجھ سے پوچھا کیا حال ہے تیرا میں نے کہا بیمار ہوں دائمی بیداری اور طویل رنج ہے۔ ہم اپنی رائے سے راضی ہیں اور تو اپنی رائے پر خوش ہے، حالانکہ دونوں رائیں الگ الگ ہیں۔ ہم نے تلاش کیا مگر سرداری، بزرگی اور نیک اخلاق میں تیرا ہم مثل ہم کو نہ ملا۔

❸ مذکورہ اشعار و آیت میں محذوف اشیاء کی تعیین ودواعی حذف کی وضاحت:۔ قال لی كيف انت الخ اس میں شاعر نے كيف انت کے جواب میں صرف عليل کی شکل میں خبر ذکر کی ہے اور اس کا مبتداء یعنی انا حذف کر دیا اس کا سبب درد اور تکلیف کے سبب حاصل ہونیوالی نزاکت اور تنگی مقام ہے۔

نحن بما عندنا الخ اس میں بما عندنا کے بعد "رضوان" کالفظ "عندك راض" کے قرینے کی وجہ سے حذف کر دیا گیا ہے اور اسکا داعی وسبب وزن شعر کو برقرار رکھنا ہے اگر پہلے مصرعہ میں رضوان کا لفظ ذکر کرتے تو شعر کا پہلا مصرعہ طویل ہوجاتا

Maktaba Tul Ishaat.com

اور شعر کا وزن باقی نہ رہتا۔

**قد طلبنا فلم نجد الخ** اس میں شاعر نے **طلبنا** فعل متعدی کے مفعول **مثلك** کو حذف کر دیا اور اس کا داعی وسبب ادب ہے کہ اگر **مثلك** کو ذکر کرتے تو بادشاہ کی شان میں بے ادبی ہو جاتی کہ ہم نے آپ کا مثل ڈھونڈنے کی کوشش کی ہے مگر ہم کو مثل ملا نہیں ہے، گویا بادشاہ کا مثل متصور ہے تو اس بے ادبی سے بچنے کیلئے **مثلك** کو حذف کر دیا ہے۔

**آیت میں محذوف شیٔ کی تعیین اور داعی حذف:۔** اس آیت میں **یعلمون** اور **لایعلمون** دونوں فعل متعدی ہیں جن کے لئے مفعول کی ضرورت رہتی ہے اور یہاں مفعول مذکور نہیں وجہ اس کی یہ ہے کہ اس کا مفعول ایک مخصوص لفظ **الدین** ہے یعنی دین کا علم رکھنے والا اور نہ رکھنے والا برابر نہیں۔ بلکہ علم دین والا افضل ہوگا۔ اس میں اللہ تعالیٰ نے مفعول کو ذکر نہ کر کے دین کا علم نہ رکھنے والوں کی انتہائی مذمت بیان کی ہے۔ کہ علم تو علم دین ہی ہے اس کے علاوہ علم ہے ہی نہیں بلکہ وہ تو فنون ہیں اور کمائی کے دھندے ہیں۔ جب علم متعین ہے تو اس کے ذکر کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ اس داعی کے پیش نظر مفعول کو حذف کر دیا گیا ہے۔

**الشق الثانی** ...... کلام کے بعض اجزاء کی بعض پر تقدیم کے جو دواعی مصنفؒ نے ذکر کئے ہیں آپ ان میں سے مندرجہ ذیل دواعی کی تشریح کرتے ہوئے ہر ایک کی مثال ذکر کیجئے۔ ① مراعاۃ الترتیب الوجودی ② النص علی عموم السلب اوسلب العموم ③ التخصیص۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں فقط مندرجہ بالا دواعی تقدیم کی تشریح مع امثلہ مطلوب ہے۔

**جواب** ...... __مندرجہ بالا دواعی تقدیم کی تشریح مع امثلہ:۔__ ① **مراعاۃ الترتیب الوجودی**: یعنی وجودی اور فطری ترتیب کی رعایت کرنا ہے جیسے **لاتاخذہ سنۃ و لا نوم** (اللہ تعالیٰ پر نہ تو اونگھ طاری ہوتی ہے اور نہ نیند) ابتدائی مرحلے کی غنودگی اور بے اختیار آنکھیں بند ہونے اور کھلنے کی حالت کو اونگھ کہتے ہیں۔ اور یہی حالت جب ترقی کر جائے اور اس میں مزید پختگی پیدا ہو جائے کہ معمولی آواز سے آنکھ نہ کھلے بلکہ آدمی مکمل محوخواب ہو جائے تو اس حالت کو نیند کہتے ہیں اور ظاہر ہے کہ انسان اور دیگر حیوانات پر اونگھ پہلے طاری ہوتی ہے۔ جو بعد میں نیند سے بدل جاتی ہے تو اگر لفظی صورت کو خارجی اور فطری اور واقعی صورت کے موافق بیان کیا جائے تو اسے مراعاۃ الترتیب الوجودی کہیں گے۔

① **نص علی عموم السلب اوسلب العموم**: یعنی ہر ہر فرد کی نفی یا سلب عموم یعنی جملہ افراد اور مجموعۂ افراد کی نفی کی تصریح اور وضاحت کرنا، پھر اگر کلام میں نفی اور سلب کو عام کرنا ہے یعنی کسی شیئ کے افراد میں سے ہر ایک فرد کی نفی کرنا مقصود ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ عموم پر دلالت کرنیوالے کسی کلمے کو پہلے اور نفی پر دلالت کرنے والے کلمے کو بعد میں ذکر کیا جائے جیسے کسی ملزم پر دو فرد جرم عائد کی گئیں اور یہ شخص دونوں سے اپنی براءت ظاہر کرنا چاہتا ہے تو وہ یہ کہے گا **کل ذالك لم یکن** یہ کچھ بھی نہیں ہوا۔ یعنی نہ تو یہ جرم ہوا اور نہ ہی وہ، اس نفی کو عموم سلب یا شمول نفی کہیں گے، اور اگر کلام میں جملہ افراد اور مجموعۂ افراد کی نفی کرنا مقصود ہو تو اس کا طریقہ پہلی قسم کے برخلاف ہوگا۔ یعنی ادات نفی کو پہلے ذکر کیا جائے گا اور ادات عموم بعد میں جیسے وہ ملزم اگر ایک جرم کا اقرار اور دوسرے سے انکار کرنا چاہتا ہے تو اسے چاہئے کہ یہ کہے **لم یکن کل ذالك** یہ سب نہیں ہوا۔ یعنی ان دونوں باتوں کا مجموعہ نہیں ہوا کہ یہ بھی ہوا ہو اور وہ بھی نہیں بلکہ ان میں سے ایک ہی جرم ہوا ہے اور دوسرا نہیں اس طرح کی نفی کو سلب عموم یا نفی شمول کہیں گے۔

③ **التخصیص**: یعنی کسی شیٔ کے ساتھ کسی حکم کو خاص کرنا جیسے ایک شخص نے دوسرے پر الزام لگایا کہ مجھے یہ بات معلوم

ہوئی ہے کہ آپ نے میرے بارے میں ایسی ویسی باتیں کہی ہیں اور ملزم صرف اپنی ہی براءت کرنا چاہتا ہے اپنے علاوہ کسی دوسرے کی نہیں تو وہ یہ جملہ کہے گا کہ ما انا قلت میں نے تو نہیں کہا۔ اس جملے کے منطوق یعنی بولے جانے والے الفاظ سے یہ سمجھا جائے گا کہ اس شخص نے یہ باتیں نہیں کہی ہیں لہٰذا اس جملے کا مفہوم یہ بتا رہا ہے کہ یہ باتیں کہی گئی ہیں۔ مگر کہنے والا میرے علاوہ دوسرا شخص ہے۔ دیکھیے اس جملے کے منطوق نے اپنے سے ایک بات کی نفی کی اور اس کے مفہوم نے اسی بات کا کسی غیر کیلئے اثبات بھی کیا یعنی اس متکلم نے عدمِ قول کو اپنے ساتھ مخصوص کر لیا یہ فائدہ ہوا مسند الیہ انا کو مقدم کرنے کا اور اس سے پہلے بلافصل حرفِ نفی واقع کرنے کا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاوّل**...... اخراج الکلام علی خلاف مقتضی الظاہر کی انواع میں سے مندرجہ ذیل انواع کے معانی، ان کی صورتیں اور مثالیں بیان کیجئے۔ التفات، تجاهل عارف، اسلوب الحکیم۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں فقط مندرجہ بالا اخراج الکلام علی خلاف مقتضی الظاہر کی انواع کے معانی، صورتیں اور امثلہ مطلوب ہیں۔

**جواب**...... مذکورہ الفاظ کے معانی، صورتیں اور امثلہ:۔ التفات: کلام کو خطاب، تکلم یا غیبت میں سے ہر ایک سے دوسرے کی جانب منتقل کرنا ہے۔ اس حساب سے التفات کی کل چھ صورتیں ہیں۔

① نقل الکلام من التکلم الی الخطاب جیسے ومالی لا اعبدالذی فطرنی والیه ترجعون یہاں ظاہر کا تقاضا تو یہ تھا کہ والیه ارجع کہا جاتا کیونکہ جب قائل نے اپنے کلام کو بطریقہ تکلم تعبیر و بیان کرنا شروع کیا تو سیاقِ کلام کے ظاہر کا تقاضا تو یہ تھا کہ باقی کلام کی تعبیر و بیان بھی اسی طریقہ تکلم پر آگے جاری رکھا جاتا۔ مگر اس تعبیر سے دوسری تعبیر کی طرف عدول کرنے کی وجہ یہ ہوئی کہ جب کلام کو ایک اسلوب سے دوسرے کسی اسلوب کی طرف منتقل کیا جاتا ہے تو سامع کے نشاط میں اضافہ و تازگی آ جاتی ہے جو اس کلام کی جانب زیادہ کان دھرنے اور متوجہ ہونے کا سبب بنتی ہے۔ کیونکہ ہر جدید شئے میں ایک نئی لذت ہوتی ہے۔

② نقل الکلام من التکلم الی الغیبة جیسے انا اعطینك الکوثر فصل لربك یہاں ظاہر کے تقاضے سے فصل لنا کہنا چاہئے تھا۔ کیونکہ سیاقِ کلام کے ظاہر کا تقاضا یہی تھا کہ صیغہ تکلم پر ہی باقی کلام کو چلایا جاتا مگر اس سے عدول کر کے ایک نئے اسلوب کو اپنا کر مخاطب کے نشاط کو تازہ کرنا مقصود ہوا۔ ③ نقل الکلام من الخطاب الی التکلم جیسے شاعر کا یہ شعر ہے۔

أَتَطْلُبُ وَصْلَ رَبَّاتِ الْجَمَالِ    وَقَدْ سَقَطَ الْمَشِيْبُ عَلٰى قَذَالِيْ

(اے میرے نفس کیا تو اب بھی حسین و جمیل عورتوں کی رغبت رکھتا ہے حالانکہ سفیدی میری گدی کے بالوں پر اتر چکی ہے)
یہاں ظاہر کے تقاضے سے سیاقِ کلام کی رعایت میں علٰی قذالك کہنا چاہئے تھا مگر سامع کے نشاط کو بڑھانے کے پیشِ نظر اسلوب تعبیر بدل دیا گیا اور جدت اختیار کی گئی۔

④ نقل الکلام من الخطاب الی الغیبة جیسے ربنا انك جامع الناس لیوم لاریب فیه ان اللّٰه لا یخلف المیعاد بتقاضائے ظاہر انك لا تخلف المیعاد کہنا چاہئے تھا مگر خطاب کی جگہ " ان اللّٰه " غیب کا صیغہ مستعمل ہے۔

⑤ نقل الکلام من الغیبة الی التکلم جیسے وھوالذی ارسل الریاح بشرا بین یدی رحمته وانزلنا من السماء ماءً طهورا ظاہر کے تقاضے سے وانزل من السماء ماء طهورا ہونا چاہیے تھا مگر " انزلنا " متکلم کا صیغہ مستعمل ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

⑨ نقل الکلام من الغیبۃ الی الخطاب جیسے واذ اخذنا میثاق بنی اسرائیل لا تعبدون الا اللّٰہ ظاہر حال کے تقاضے سے تو لا یعبدون الا اللّٰہ ہونا چاہئے تھا مگر غیب کی جگہ مخاطب کا صیغہ "لا تعبدون" مستعمل ہے۔

**تجاھل عارف :** یعنی توبیخ وغیرہ کسی غرض کی وجہ سے ایک جانی ہوئی چیز کو کسی انجان شیٔ کی جگہ لانا جیسے لیلیٰ بنت طریف کا اپنے مقتول بھائی ولید بن طریف کے مرثیے میں کہا گیا یہ شعر۔ اَیَا شَجَرَ الْخَابُوْرِ مَالَکَ مُوْرِقًا ...... کَاَنَّکَ لَمْ تَجْزَعْ عَلَی ابْنِ طَرِیْفِ" (اے خابور نامی درخت آخر تو کیوں پتادار اور تر و تازہ ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ تجھے میرے بھائی ابن طریف پر کوئی غم نہیں ہے) یہ شاعرہ خوب جانتی ہے کہ درخت کسی کی موت پر بھی ماتم نہیں کرتے۔ کیونکہ یہ کام تو ذوی العقول ہی سے ممکن ہے اور یہ ذی عقل نہیں ہے۔ پھر بھی دیار بنی بکر میں پیدا ہونے والے خابور نامی اس درخت کو ڈانٹ کر کہہ رہی ہے کہ میں تجھے دیکھ رہی ہوں کہ تو ہرا بھرا اور تر و تازہ اور پتادار ہے۔ کیوں تو میرے ساتھ شریک غم ہو کر سوکھ نہیں جاتا اور اس توبیخ کے ذریعے وہ یہ ظاہر کر رہی ہے کہ درختوں کے ماتم نہ کرنے کا مجھے یقین نہیں ہے اور اس طرح شک ظاہر کر کے اپنے آپ کو انجان و جاہل بتا رہی ہے اس قسم کے استفہام اور یقین و شک کے باہم خلط کرنے کو تجاہل عارف کہیں گے۔

**اسلوب حکیم :** حکیمانہ اسلوب کی دو قسمیں ہیں۔ ایک تلقی المخاطب بغیر مایترقبہ اور دوسری تلقی السائل بغیر مایطلبہ یعنی مخاطب سے ایسی بات کہنا جس کی اسے امید نہ ہو۔ تلقی المخاطب بغیر مایترقبہ کا طریقہ یہ ہے کہ کلام کو قائل کی مراد کے خلاف معنیٰ پر محمول کر لیا جائے۔ جیسے قبعثری نے حجاج بن یوسف کی دھمکی آمیز کلام کو دوسرے ہی معنیٰ پر محمول کر لیا۔ اسکا قصہ یوں ہے کہ یہ شخص ایک دن اپنے دوستوں کے ساتھ انگور کے ایک باغ میں کہ جسکے دانے ابھی کچے تھے بیٹھا ہوا تھا کہ اثنائے گفتگو حجاج کا تذکرہ کسی نے چھیڑ دیا اس پر قبعثری نے کہا۔ اللھم سود وجھہ واقطع عنقہ، واسقنی من دمہ اے اللہ اس کا چہرہ سیاہ کر دے اسکی گردن اڑا دے اور مجھے اس کا خون پلا، اس کا یہ کلام کسی نے حجاج تک پہنچا دیا۔ اسے بلوا کر پوچھا گیا تو اس نے جواب دیا کہ ہاں میں نے یہ کلام ضرور کہا ہے مگر آپ کے بارے میں نہیں کہا۔ بلکہ وہ باغ کے کچے انگوروں کے بارے میں کہا تھا۔ کہ اے اللہ اس کا چہرہ سیاہ کر دے یعنی جلد پختہ کر دے اور اس کا رنگ سیاہ کر دے پھر اسکی گردن مار یعنی اسے توڑ کر مجھے دے اور اسکا خون یعنی رس کو نچوڑ کر نبیذ بنا کر مجھے پلا دے۔ تو حجاج نے کہا نہیں تو نے میرے خلاف بدعا کی ہے اب میں تجھے ادھم (سولی) پر چڑھا دوں گا۔ تو اسکے جواب میں قبعثری نے کہا کہ مثل الامیر یحمل علی الادھم والاشھب کہ امیر المؤمنین جیسے بڑے اور سخی لوگ سیاہ اور سفید گھوڑوں پر سوار کرتے ہیں تب حجاج نے کہا ادھم میری مراد حدید (لوہے کی سولی) ہے اس پر قبعثری نے کہا کہ اس گھوڑے کا حدید (تیز فہم و تیز رفتار) ہونا تو بہتر ہے۔ کند ذہن و سست رفتار کے مقابلے میں دیکھیے اس گفتگو میں قبعثری نے حجاج کے کلام الادھم بمعنی سولی کو الادھم بمعنی الفرس الاسود پر اور حدید بمعنی لوہے کو حدید بمعنی تیز فہم پر محمول کر کے ایسا جواب دیا ہے کہ جس کا حجاج خیال نہیں کرتا تھا اور اس طرح کے تصور و انتظار کے برعکس جواب دے کر یہ بتلایا کہ اے بادشاہ آپ کی شایان شان تو یہی معنیٰ ہے جو میں سمجھتا ہوں اور آپ کا تو رعایا کے ساتھ عفو و درگذر اور انعام و احسان کا معاملہ ہونا چاہئے نہ کہ کسی کو سولی پر چڑھا کر یا کسی کے پیر میں بیڑی ڈال کر سزا دینے کا۔ واضح ہو کہ الادھم کا معنیٰ الحدید (سولی) دوسرا معنیٰ چتکبرا گھوڑا۔ اسی طرح الحدید کا ایک معنیٰ لوہا اور دوسرا معنیٰ تیز فہم۔ حجاج نے دونوں میں سے پہلا معنیٰ اور قبعثری نے دوسرا معنیٰ مراد لیا ہے۔ یہ اسلوب حکیم کی نوع اوّل ہے۔

اسلوب حکیم کی نوع ثانی تـلـقى السائل بغير ما يطلبه کا طریقہ یہ ہے کہ سائل کی جانب سے کئے گئے سوال کو کسی ایسے دوسرے سوال کے جواب میں اتارا جائے کہ جو اس سائل کے حال کیلئے زیادہ مناسب ہو۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان يسئلونك عن الاهلة قل هي مواقيت للناس والحج (اے پیغمبر ﷺ آپ سے صحابہ ؓ سوال کرتے ہیں نئے چاند کے حال کے بارے میں آپ کہہ دیجئے کہ یہ اوقات مقررہ ہیں لوگوں کے واسطے اور حج کے واسطے) دراصل صحابہ کرام ؓ کا سوال چاند کی صورت کے بدلتے رہنے اور اس کی مقدار کے گھٹنے بڑھتے رہنے کی وجہ اور علت کے بارے میں تھا۔ مگر اللہ کی جانب سے اس کا فلسفہ اور سائنس بتانے کی بجائے اس کی زیادتی اور گھٹنے بڑھتے رہنے پر مرتب ہونے والی علت اور حکمت کے بارے میں جواب آیا اور کہا گیا کہ اُن سے کہہ دو کہ لوگوں کے معاملات اور عبادات مثل قرض، اجارہ، عدت، مدت حمل ورضاعت، روزہ وزکوٰۃ وغیرہ کے اوقات ہر ایک کو بے تکلف معلوم ہو جاتے ہیں، بالخصوص حج کہ روزے وغیرہ کی قضا تو ان کے غیر ایام میں ہوتی ہے۔ جبکہ حج کی تو قضا بھی ایام مقررہ حج کے سوا دوسرے ایام میں نہیں کر سکتے۔ دیکھیے اللہ تعالیٰ نے صحابہ ؓ کے اصل سوال جو ہلال کے گھٹنے بڑھتے رہنے کے فلسفہ وسائنس کے بارے میں کیا گیا تھا اس کو ایک دوسرے ہی سوال چاند کی کمی وزیادتی پر مرتب ہونے والے فائدے وحکمت کے درجے میں اتار دیا اور اس طرح اصل سوال کا جواب نہ دے کر اور نہ کیے گئے دوسرے سوال کا جواب دے کر اللہ تعالیٰ نے اس بات پر متنبہ کیا کہ آپ کو یہ دوسرا سوال کرنا چاہیے تھا جس کا ہم نے جواب دیا۔ نہ وہ جو تم نے کیا اور جس کا جواب ہم نے نہیں دیا۔ کیونکہ آپ کے لائق اور مناسب حال یہی ہے کہ آپ اپنے کام اور فائدے اور اپنے دین وعبادات سے متعلق سوال کریں۔

**الشق الثانی** ...... أَلَا يَجُوزُ اِمَّا اَنْ يَكُوْنَ بِتَضَمُّنِ الْعِبَارَةِ الْقَصِيْرَةِ مَعَانِيَ كَثِيْرَةً وَ اِمَّا اَنْ يَكُوْنَ بِحَذْفِ كَلِمَةٍ اَوْ اَكْثَرَ مَعَ قَرِيْنَةٍ تُعَيِّنُ الْمَحْذُوْفَ۔

عبارت پر اعراب لگائیے، عبارت کا ترجمہ کیجئے، ایجاز کی تعریف تحریر کیجئے، عبارت میں ایجاز کی اقسام بیان کی گئی ہیں، ایجاز کی اقسام مثالوں کی روشنی میں بیان کیجئے۔

﴿ خلاصۂ سوال ﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) ایجاز کی تعریف (۴) ایجاز کی اقسام مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مر في السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ ایجاز کبھی تو مختصر عبارت کے اپنے اندر معانی کثیرہ کو متضمن وشامل ہونے کی شکل میں ہوتا ہے اور کبھی ایجاز ایک کلمہ یا ایک جملہ یا زیادہ جملوں کو کسی ایسے قرینے کی موجودگی میں حذف کرنے سے ہوتا ہے جو محذوف کو متعین کرے۔

❸ ایجاز کی تعریف:۔ ایجاز اپنے مانی الضمیر کی تعبیر اور اس کی عکاسی کا وہ طریقہ ہے جس میں معنیٰ مرادی زیادہ اور اس کی ادائیگی وترجمانی کرنے والی عبارت کم ہو البتہ اس ناقص عبارت میں بھی غرض متکلم پورے طور پر ادا ہو رہی ہو۔

❹ ایجاز کی اقسام مع امثلہ:۔ ایجاز کی دو قسمیں ہیں۔ ① ایجاز قصر: ایجاز قصر اس طریقہ تعبیر کو کہتے ہیں جس کی عبارت کے الفاظ تو کم ہوں مگر معانی بہت زیادہ ہوں اور اس عبارت سے کسی لفظ کو حذف نہ کیا گیا ہو۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ولكم في القصاص حيوة (اور تمہارے لئے اے عقلمندو قصاص یعنی (مقتولوں میں برابری کرنے میں) بڑی زندگی ہے) دیکھئے یہ آیت

Maktaba Tul Ishaat.com

کریمہ بلاغت کے اعلیٰ درجہ پر متمکن ہے کیونکہ اس کے الفاظ اگر چہ قلیل ہیں مگر اس میں کثیر معانی مضمر ہیں اور اس میں شریعت کا ایک ایسا بڑا راز مضمر ہے جس پر انسانی معاشرے کی دینوی اور اخروی سعادت کا دارومدار ہے اور وہ راز یہ ہے کہ حکم قصاص ظاہری نظر میں اگر چہ بھاری معلوم ہوتا ہے لیکن عقلمند سمجھ سکتے ہیں کہ یہ حکم بڑی زندگانی کا سبب ہے، کیونکہ قصاص کے خوف سے ہر کوئی کسی دوسرے کو قتل کرنے سے رکے گا تو قاتل ومقتول دونوں کی جان محفوظ رہے گی۔

② ایجاز حذف: ایجاز حذف اس طریقہ تعبیر کو کہتے ہیں کہ جس میں سے کوئی ایک کلمہ یا پورا جملہ یا کئی ایک جملے حذف کیے گئے ہوں۔ ایک کلمہ کو حذف کرنے کی مثال امرؤالقیس کا شعر ہے۔

فَقُلْتُ يَمِيْنُ اللّٰهِ اَبْرَحُ قَاعِدًا   وَلَوْ قَطَّعُوْا رَأْسِىْ لَدَيْكَ وَاَوْصَالِى

اس مثال میں ابرح سے قبل لا کو حذف کیا گیا ہے یعنی یہ ایک فعل ناقص ہے جو ماضی میں مابرح اور مضارع میں لایبرح ہوتا ہے۔ اور ایک جملے کے حذف کرنے کی مثال اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے وان یكذبوك فقد كذبت رسل من قبلك اس مثال میں ایک جملہ یعنی تَـأَسَّ محذوف ہے اور یہ کامل جملہ ہے کیونکہ فعل لازم میں فعل وفاعل مل کر جملہ تام ہوجاتا ہے اور ایک جملے سے زائد جملوں کے حذف ہونے کی مثال اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے فارسلون یوسف ایھاالصدیق یعنی اے بادشاہ جیل خانہ میں آپ مجھے یوسف علیہ السلام کے پاس بھیجو تا کہ میں ان سے آپ کے خواب کی تعبیر معلوم کروں چنانچہ انہوں نے اس ساقی کو اجازت دے دی۔ آخر یہ شخص ان کے پاس آیا اور یوں عرض کی اے یوسف الخ دیکھئے اس فعل میں پانچ جملے محذوف ہیں اور وہ یہ ہیں۔ لأستعبره الرؤيا، ففعلوا، فاتاه، فقال له، اور ''یا'' جو ادعو کے قائم مقام ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاوّل**......فَبَلَاغَةُ الْكَلَامِ مُطَابَقَتُهُ لِمُقْتَضَى الْحَالِ مَعَ فَصَاحَتِهٖ وَ الْحَالُ وَيُسَمّٰى بِالْمَقَامِ هُوَ الْاَمْرُ الْحَامِلُ لِلْمُتَكَلِّمِ عَلٰى اَنْ يُّوْرِدَ عِبَارَتَهٗ عَلٰى صُوْرَةٍ مَخْصُوْصَةٍ وَ الْمُقْتَضٰى وَ يُسَمّٰى الْاِعْتِبَارُ الْمُنَاسِبُ هُوَ الصُّوْرَةُ الْمَخْصُوْصَةُ الَّتِىْ تُوْرَدُ عَلَيْهَا الْعِبَارَةُ ۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے، بلاغت کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کیجئے، عبارت کی تشریح کرتے ہوئے حال اور مقتضیٰ حال کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) بلاغت کا لغوی واصطلاحی معنی (۴) حال ومقتضیٰ حال کی تشریح مع امثلہ۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ كمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ کلام کی بلاغت وہ اس کا فصاحت کلام کے ساتھ حال کے تقاضے کے مطابق بھی ہونا ہے، اور حال جسے مقام بھی کہا جاتا ہے وہ ایک ایسی بات ہے جو متکلم کو اپنی کلام کسی مخصوص صورت میں لانے پر آمادہ کرے۔ اور مقتضیٰ جسے اعتبار مناسب بھی کہا جاتا ہے وہ مخصوص صورت ہے جس کے مطابق عبارت کو لایا جاتا ہے۔

❸ بلاغت کا لغوی واصطلاحی معنی:۔ بلاغت لغت میں پہنچنے اور رک جانے کو کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے بَلَغَ فُلَانٌ مُرَادَهٗ جبکہ

کوئی اپنی مراد کو پہنچ جائے اور مراد کو پالے اور کہا جاتا ہے۔ بَلَغَ الرَّكْبُ الْمَدِيْنَةَ جبکہ قافلہ شہر تک اپنے سفر کی انتہا کرے اور وہاں جا کر رک جائے۔ اور اصطلاحی طور پر بلاغت کی دو اقسام ہیں ① بلاغت کلام ② بلاغت متکلم اور مستقل طور پر ان دو قسموں کے علاوہ بلاغت کی کوئی اصطلاحی تعریف نہیں ہے، اور بلاغت کلام یہ ہے کہ کلام فصیح ہونے کے ساتھ ساتھ حال کے مقتضی کے مطابق بھی ہو اور بلاغت متکلم وہ ملکہ وصلاحیت وقابلیت ہے جس کے ذریعہ متکلم کسی بھی غرض کیلئے کلام بلیغ کے ذریعہ اپنی مراد و دل کی بات کہہ سکے۔

❷ حال و مقتضی حال کی تشریح مع امثلہ:۔ عبارت کا حاصل یہ ہے کہ کسی کلام کو اس وقت بلیغ کہا جاتا ہے جبکہ اوّل تو خود وہ کلام فصیح ہو اور مخل فصاحت کوئی سبب وعیب نہ پایا جائے۔ نیز وہ کلام حال کے تقاضے کے مناسب ومطابق بھی ہو جیسے کتاب کی مثال سمجھنے سے قبل ایک خارجی مثال قریب الی الفہم کرنے کیلئے یہ لیجئے کہ اگر تعزیت کے موقع پر کوئی مقرر، علم سائنس یا علم حساب یا منطق وفلسفہ کی دقیق باتیں اور ان کے رموز بیان کرے تو اگر چہ فی نفسہ وہ مضمون کتنا ہی صحیح وفصیح کیوں نہ ہو مگر وہ مقتضائے حال کے ساتھ میل نہیں کھاتا تو اس کلام کو آپ فصیح تو کہہ سکیں گے مگر بلیغ ہرگز نہیں، بلاغت کلام کی اس تعریف مطابقته لمقتضى الحال میں جو تین الفاظ وارد ہوئے ہیں۔ پہلے ان کا معنی معلوم کر لیں ان میں سے ایک لفظ حال ہے تو حال وموقع محل وغیرہ ایسی بات ہے جو متکلم کو اپنا کلام کسی مخصوص صورت میں لانے پر آمادہ کرے دوسرا لفظ مقتضا ہے اور وہ کلام کی وہ مخصوص صورت ہے جس کے مطابق کلام لانے کا تقاضا کیا گیا ہو اور تیسرا لفظ مطابقت ہے اور وہ کلام کا اس مخصوص صورت میں لے آنا مثلاً اگر کسی بڑے کی تو قیر و مدح سرائی کرنی ہے تو اس امر اور مقام کا تقاضا یہ ہے کہ کلام میں اطناب اور درازی ہو نہ یہ کہ نہایت موجز کلام کر کے قصہ ختم کر دیا جائے تو مدح کا امر اور مقام یہ حال ہے اور کلام کا مطنب کی صورت میں ہونا یہ تقاضا ہے۔ پہلی چیز یعنی مدح سرائی کرنا اس کو آپ امر، مقام یا مقتضی کہیں گے اور دوسری چیز یعنی کلام مطنب لانے کو مقتضا یا اعتبار مناسب کہیں گے اب اگر کوئی متکلم ان دونوں یعنی مقتضی اور مقتضا کے درمیان اپنے کلام مطنب کے ذریعے میل (موافقت) بھی کرا دے تو ہم اسے مطابقت کہیں گے۔

**الشق الثانی** ...... **اَمَّا الْاَمْرُ فَهُوَ طَلَبُ الْفِعْلِ عَلٰى وَجْهِ الْاِسْتِعْلَاءِ، لَهٗ اَرْبَعُ صِيَغٍ فِعْلُ الْاَمْرِ وَ الْمُضَارِعُ الْمَقْرُوْنُ بِاللَّامِ وَ اِسْمُ فِعْلِ الْاَمْرِ وَالْمَصْدَرُ النَّائِبُ عَنْ فِعْلِ الْاَمْرِ۔**

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے۔ امر کی تعریف کرتے ہوئے امر کے چار صیغے مثالوں کے ساتھ زیب قرطاس کیجئے۔ کبھی کبھی امر اپنے اصلی معنی کے علاوہ دوسرے معانی میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے دعا، التماس، تمنی اور ارشاد ان کو مثالوں کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حاصل چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) امر کی تعریف وصیغے مع امثلہ (۴) امر کا مجازی معانی میں استعمال مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مر فی السوال آنفاً۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ امر پس وہ خود کو بڑا سمجھتے ہوئے کوئی کام کروانا ہے، اور اس کے چار صیغے ہیں، فعل امر، وہ فعل مضارع جس کے ساتھ لام امر لگا ہو، اسم فعل امر، وہ مصدر جو فعل امر کا نائب ہو۔

❸ امر کی تعریف وصیغے مع امثلہ:۔ امر: خود کو بڑا سمجھتے ہوئے کوئی کام کروانا اور طلب کرنا۔

امر کے چار صیغے ہیں ① فعل امر جیسے خذ الكتاب بقوة ② مضارع جسکے ساتھ لام امر لگا ہوا ہو جیسے لينفق ذوسعة

Maktaba Tul Ishaat.com

من صعته ③ اسم فعل امر جیسے حی علی الفلاح ④ وہ مصدر جو فعل امر کا نائب ہو جیسے سقیا فی الخیر۔

❷ امر کا مجازی معانی میں استعمال مع امثلہ:۔ امر کے صیغے کبھی اپنے معنیٰ حقیقی یعنی طلب الفعل علیٰ وجہ الاستعلاء کو چھوڑ کر دوسرے مجازی معنوں میں بھی مستعمل ہوتے ہیں۔ یعنی صیغہ تو امر کا ہوتا ہے مگر معنیٰ طلب الفعل علی وجہ الاستعلاء کا نہیں ہوتا۔ بایں طور کہ سرے سے طلب فعل ہی نہیں ہوتا یا طلب فعل تو ہوتا ہے مگر استعلاء نہیں پایا جاتا یا استعلاء بھی ہوتا ہے مگر لزوم و وجوب نہیں پایا جاتا معنیٰ حقیقی سے تجاوز کر کے معنیٰ مجازی مراد لئے جانے کیلئے ایک شرط ہے کہ اس کلام کے سیاق وسباق اور موقعہ محل وغیرہ میں کوئی نہ کوئی قرینہ لفظیہ یا عقلیہ پایا جائے۔ جب تک یہ قرائن نہ پائے جائیں ان صیغوں سے معنیٰ حقیقی ہی مراد ہوگا معنیٰ مجازی نہیں۔

مثلاً دعا کا معنیٰ جیسے رب اوزعنی ان اشکر نعمتك اے میرے پروردگار مجھے توفیق دے کہ تیری نعمتوں کا شکر ادا کروں۔

یہاں اوزع صیغہ امر ہے مگر معنیٰ امر کا نہیں بلکہ دعا کا ہے کیونکہ اس کلام کا مضمون اور اس کے قائل حضرت سلیمان علیہ السلام پر نظر کرنے سے معلوم ہوگا کہ اس صیغہ سے طلب الفعل تو ہوا ہے مگر علیٰ وجہ الاستعلاء نہیں اور استعلاء کا معنیٰ متصور ہی نہیں ہو سکتا کہ ایک نبی کبھی بھی اپنے کو خدا کے مقابل بڑا سمجھے اور مضمون میں اپنے مخاطب یعنی اللہ تعالیٰ کی ربوبیت اور اس کی نعمتوں کا اعتراف اور احسان مند بندہ ہونا ظاہر کر کے نعمتوں کی حق شناسی کی مزید توفیق مانگی گئی ہے۔

② التماس جیسے تیرا اپنے ہم عمر کو یوں کہنا اَعْطِنِی الْکِتَابَ مجھے کتاب دے۔ یہاں اعطنی امر کا صیغہ ہے مگر معنیٰ امر کا نہیں کیونکہ اگر چہ اس میں طلب فعل بھی ہے۔ مگر علیٰ وجہ الاستعلاء نہیں البتہ اس میں التماس کا معنیٰ ہے کیونکہ اعطنی کا مخاطب اس متکلم کا رفیق ہے اور جب کوئی رفیق اپنے رفیق سے کوئی کام طلب کرے تو اسے التماس کہا جائے گا۔

③ تمنی جیسے الا ایھا اللیل الطویل الا انجلی ، بصبح وما الاصباح منك بامثل۔

اے لمبی رات تو جاتی کیوں نہیں کہ صبح آئے اور صبح بھی تیرے مقابلے میں بہتر تو ہے نہیں۔ یہاں بھی الا انجلی اگر چہ امر کا صیغہ ہے مگر معنیٰ امر کا نہیں کیونکہ شاعر امرء القیس کے مخاطب یعنی لیل سے فعل کو طلب کیا جانا ہی ممکن نہیں ہے اور یہ انجلاء لیل اور اس کے نتیجے میں وصال یار کا ہونا شاعر کی ایسی محبوب شئے ہے جس کے حصول کی یہ شاعر امید نہیں کرتا لہٰذا یہ تمنی کے مجازی معنیٰ میں ہوگا۔

④ ارشاد و نصیحت جیسے اذا تداینتم بدین الیٰ اجل مسمّی فاکتبوہ ولیکتب بینکم کاتب بالعدل یہاں بھی فاکتبوہ کا صیغہ اگر چہ امر کا ہے مگر معنیٰ امر کا نہیں کیونکہ جمیع دیار اسلام میں اکثر و بیشتر مسلمان ادھار کا لین دین بغیر کتابت و اشتہار کے کرتے ہیں اور اس طرح کیا جانا اس بات پر اجماع کہا جائے گا کہ یہ صیغہ اپنے حقیقی معنیٰ میں وارد نہیں ہوا ہے بلکہ اس بات کی تعلیم وارشاد کے لئے ہے کہ اگر اس طریقے پر عمل کیا جائے گا تو اس کا فائدہ مخلوق کو ان کی دنیا ہی میں مل جائے گا اور اس کے فاعل کو اخروی فائدہ نہیں ہوگا۔ الا یہ کہ اس کی نیت امتثال امر کی ہو۔

⑤ تہدید جیسے اعملوا ماشئتم یہاں بھی اعملوا کا صیغہ امر کے حقیقی معنیٰ میں نہیں ہے کہ ملحدین فی الآیات کو چھوٹ دے دی گئی ہو کہ آیات اللہ میں الحاد و کجی تلاش کرتے رہو کیونکہ سچے کلام میں کجی تلاش کرنا امر مکروہ ہے جو اللہ کو ناپسند ہے اور ناپسندیدہ کام کا اللہ تعالیٰ حکم نہیں دے سکتا۔ جبکہ اسی آیت کا اگلا ٹکڑا انہ بما تعملون بصیر اور لا یخفون علینا کا قرینہ بتا رہا ہے کہ ٹیڑھی چال چلنے والوں کو اللہ خوب جانتا ہے اور وہ اپنے اسی علم کے مطابق ان کو سزا دے گا۔ لہٰذا یہ تہدید کے مجازی معنیٰ میں ہوگا۔

ذلت واہانت کیلئے جیسے کونوا حجارة او حدیدا ۔ اباحت وجواز کیلئے جیسے کلوا واشربوا احسان جتلانے کیلئے جیسے کلوا مما رزقکم الله ۔ اختیار دینے کیلئے جیسے خلطنا اوذاك ۔ برابری بتلانے کیلئے جیسے اصبروا اولا تصبروا ۔ عزت دینے کیلئے جیسے ادخلوها بسلام اٰمنین ۔

## ﴿الورقة الخامسة : فی البلاغة﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۳ھ

**الشق الاول** ...... اِذَا اُرِیْدَ اِفَادَةُ السَّامِعِ حُکْمًا فَاَیُّ لَفْظٍ یَدُلُّ عَلٰی مَعْنًی فِیْهِ فَالْاَصْلُ ذِکْرُہٗ وَاَیُّ لَفْظٍ عُلِمَ مِنَ الْکَلَامِ لِدَلَالَةِ بَاقِیْهِ عَلَیْهِ فَالْاَصْلُ حَذْفُهٗ وَاِذَا تَعَارَضَ هٰذَانِ الْاَصْلَانِ فَلَا یُعْدَلُ عَنْ مُقْتَضٰی احدهما اِلٰی مُقْتَضَی الْاٰخَرِ اِلَّا لِدَاعٍ ۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، عبارت کی تشریح کریں، دواعی حذف وذکر میں سے کم سے کم پانچ کو مثالوں کے ساتھ بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) پانچ دواعیٔ حذف کا ذکر مع امثلہ (۵) دواعی ذکر کی وضاحت مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ **عبارت پر اعراب:** کما مرّ فی السوال آنفا ۔

❷ **عبارت کا ترجمہ:** جب سامع کو کسی حکم کا فائدہ پہنچانے کا ارادہ کیا جائے تو جو لفظ اپنے معنی پر دلالت کرے (اپنا معنی بتلائے) تو اصل اس کا ذکر کرنا ہے اور جو لفظ کلام سے سمجھا جائے بوجہ بقیہ کلام کے اس پر دلالت کرنے کے تو اصل اس کا حذف کرنا ہے اور جب یہ دونوں اصل متعارض ہو گئے تو نہیں اعراض کیا جائے گا ، ایک کے مقتضی سے دوسرے کے مقتضی کی طرف بغیر کسی داعی وسبب کے۔

❸ **عبارت کی تشریح:** مذکورہ بالا عبارت دواعی ذکر وحذف کے بیان میں مقدمہ وتمہید ہے۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ کسی بھی کلام میں مسند یا مسند الیہ یا مفعولات ، متعلقات ودیگر قیودات کو ذکر کرنا یا حذف کرنا دونوں کی افادیت ہے۔ کوئی بھی فائدہ سے خالی نہیں۔ البتہ اس بات کا جاننا ضروری ہے کہ کس جگہ پر کس لفظ کو ذکر کیا جائے اور کس لفظ کو حذف کیا جائے۔ تو اس بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ جو لفظ خود اپنے معنی پر دلالت کرے اس کا ذکر کرنا اصل ہے۔ اور جو لفظ بقیہ کلام کے اس پر دلالت کرنے کی وجہ سے کلام سے سمجھا جائے اس کا حذف کرنا اصل ہے۔ اور جب ذکر وحذف کے دونوں دواعی واسباب جمع ہو جائیں یا متعارض ہو جائیں تو پھر کسی داعی اور سبب کے بغیر ایک کے مقتضی سے دوسرے کے مقتضی کی طرف اعراض نہیں کیا جائے گا۔

❹ **پانچ دواعیٔ حذف کا ذکر مع امثلہ:** ① حذف کا پہلا داعی وسبب اخفاء الامر عن غیر المخاطب ہے یعنی مخاطب کے علاوہ کسی دوسرے کو بات کا علم نہ ہو سکے جیسے اقبل (وہ آ گیا) آپ نے فاعل کو حذف کر دیا کہ مخاطب کو تو معلوم ہے کہ کس نے آنا تھا ، البتہ دیگر لوگوں پر بات مخفی رہ گئی۔

② حذف کا دوسرا داعی وسبب تاتی الانکار عند الحاجة ہے یعنی بوقت ضرورت انکار کی گنجائش باقی رہے جیسے کسی کی مجلس میں ذکر ہو رہا تھا آپ نے کہا لئیم خسیس (وہ کمینہ و ذلیل ہے) یہاں آپ نے مبتدا کو حذف کر دیا کہ اگر اس شخص کو علم ہو جائے تو آپ یہ کہہ سکیں کہ میں نے آپ کا نام ہی نہیں لیا تھا تو یہاں انکار کی گنجائش کی وجہ سے مبتدا کو حذف کر دیا گیا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

③حذف کا تیسرا داعی دسبب تنبیه علی تعیین المحذوف ہے یعنی محذوف کے متعین ہونے کی وجہ سے اسے حذف کر دیا جاتا ہے جیسے خالق کل شیئ (وہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے) یہاں پر لفظ اللہ کو حذف کر دیا کہ ہر شخص جانتا ہے کہ کل کائنات کا خالق اللہ ہی ہے گویا خالق متعین ہے۔

④حذف کا چوتھا داعی دسبب اختبار تنبه السامع ہے یعنی سامع کی عقل کے امتحان وآزمائش کیلئے بھی لفظ کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے نوره مستفادمن نورالشمس وواسطة عقد الكواكب (اس کا نور سورج کے نور سے حاصل شدہ ہے اور وہ موتیوں کی لڑی کا درمیانی بڑا موتی ہے) یہاں پر مبتدا القمر کو حذف کر دیا اور خبر کو ذکر کر دیا کہ مخاطب میں کچھ عقل وسمجھ ہے یا نہیں، اسکو کچھ پتہ چلتا ہے یا نہیں، تو آپ نے اس آزمائش وامتحان کے لئے مبتدا القمر کو حذف کر دیا۔

⑤حذف کا پانچواں داعی دسبب ضیق المقام ہے یعنی مقام اور وقت کی نزاکت۔ تنگی کی وجہ سے بھی لفظ کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے قال لی کیف انت قلت علیل (اس نے کہا تیرا کیا حال ہے؟ میں نے کہا کہ بیمار ہوں) یہاں پر علیل کا مبتدا انا محذوف ہے کیونکہ یہاں پر متکلم بیمار ہے اور وہ بات چیت پر بمشکل قادر ہے تو اس سے کسی نے پوچھا کیف انت تو متکلم نے انا کو حذف کرتے ہوئے صرف علیل کہہ دیا۔

⑤ **دواعی ذکر کی وضاحت مع امثلہ:**۔①ذکر کا پہلا داعی دسبب وضاحت وپختگی ہے اور وضاحت اور پختگی سے مراد یہ ہے کہ اگر کسی کلام کے مخصوص لفظ کو ذکر نہ بھی کیا جائے تب بھی وہ کلام پختہ اور واضح ہو مگر اس مخصوص لفظ کو ذکر کرنے کی وجہ سے فائدہ یہ ہوگا کہ اس کی وضاحت اور پختگی میں مزید اضافہ ہو جائیگا جیسے اولئك علیٰ هدیً من ربهم واولئك هم المفلحون یہاں اگر دوسرا اولئک ذکر نہ کیا جاتا تو بھی اصل معنیٰ اور مراد تو حاصل ہو ہی جاتی کہ وہ لوگ من جانب اللہ ہدایت یافتہ ہیں اور وہ بامراد کامیاب ہیں، دیکھئے یہ کلام واضح اور پختہ ہے مگر ایک اور اولئک داخل کر دیا تو مزید پختگی آ گئی اور معنیٰ یہ ہوگیا کہ وہی لوگ من جانب اللہ ہدایت یافتہ ہیں۔ اور وہی لوگ بامراد و کامیاب ہیں کوئی اور نہیں یہاں مسندالیہ کو ذکر کرا گیا ہے۔

②ذکر کا دوسرا داعی یہ ہے کہ اگر بجائے ذکر کے اس لفظ کو حذف کیا جائے اور محذوف پر دلالت کرنے والا کوئی واضح وقوی قرینہ بھی موجود نہ ہو یا قرینہ تو واضح وقوی ہو مگر فہم سامع ضعیف وکمزور ہو۔ نتیجتاً اس کلام سے بجائے معنیٰ مرادی کے دوسرا معنیٰ غیر مرادی کا وہم ہو سکتا ہو تو ایسی صورت میں اس لفظ کو ذکر کرنا ضروری ہوگا۔ جیسے مثلاً آپ اپنے مخاطب کے سامنے زید کے فضائل اور اس کی خوبیاں بیان کر رہے تھے اور اس درمیان کچھ ادھر ادھر کی دوسری باتیں بھی ہوئیں یا اس ضمن میں کسی اور صاحب کا تذکرہ آ گیا اور زید کا تذکرہ کئے ہوئے کافی دیر بھی ہو چکی ہے، پھر آپ یوں کہیں هونعم الصدیق وہ کیا ہی خوب دوست ہے، تو ممکن ہے کہ آپ کا مخاطب مذکورہ بالا وجوہ میں سے کسی ایک کی وجہ سے ھو کی ضمیر کا مرجع کوئی دوسرا شخص سمجھ لے۔ مثلاً بجائے زید کے عمر یا بکر کو اچھا دوست سمجھ بیٹھے تو لہٰذا آپ کو ایسے موقع پر ھو کے مرجع یعنی زید کو ذکر کرنا ضروری ہوا اور آپ کو یوں کہنا چاہئے۔ زید نعم الصدیق یہاں ذکر کیا جانے والا لفظ زید ہے جو کلام میں مسندالیہ واقع ہوا ہے۔

③ذکر کا تیسرا داعی یہ ہے کہ سامع کی غباوت اور کم عقلی پر اشارے کنائے کے طور پر چھیڑ اور چوٹ کرنا مقصود ہو، جیسے ایک غبی شخص نے کسی ذکی اور دانا آدمی سے یوں پوچھا کہ (ماذا قال عمرو) عمرو نے کیا کہا؟ اب ظاہر ہے جواب میں صرف قال

بھی آپ کیلئے درست تھا کیونکہ سوال میں تو اسم ظاہر آہی چکا ہے۔ اب اس کے لئے ضمیر لانا چاہیے تھا یا اسی اسم ظاہر کو دوبارہ لے آتے تب بھی صحیح تھا مگر ان صورتوں میں صرف واپسی کا حکم بیان ہوتا اور اس حکم سے زائد امیر کی عظمت بتانے کا مقصد حاصل نہ ہوتا۔ اب آپ نے جو المنصور کی شکل میں اسم ظاہر ذکر کیا اس سے اصل حکم کے ساتھ ایک زائد معنیٰ تفخیم کا بھی ادا ہو گیا اس پر دوسری مثال رجع المهزوم کو بھی قیاس کر لیجئے جو تحقیر کا معنیٰ ادا کرتی ہے، ان دونوں مثالوں میں ذکر کیا جانے والا لفظ المنصور اور المهزوم ہے جو ان مثالوں میں مسند الیہ واقع ہو رہے ہیں۔

**الشق الثانی** ...... مندرجہ ذیل اصطلاحات کی وضاحت بطرز صاحب کتاب تحریر کریں۔ ذکر الخاص بعد العام، ذکر العام بعد الخاص، الا یضاح بعد الابهام، التوشیع، الاعتراض، الایغال۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں فقط مندرجہ بالا اصطلاحات کی وضاحت بطرز صاحب کتاب مطلوب ہے۔

**جواب** ...... مذکورہ اصطلاحات کی وضاحت:۔ "ذکر الخاص بعد العام" یعنی پہلے عام کو ذکر کیا جائے پھر خاص کو لایا جائے جیسے اجتهدوا فی دروسکم واللغة العربية (اے بچو تم اپنے اسباق اور عربی زبان وادب کے سبق میں محنت کرو) دیکھئے اس مثال میں جب استاذ نے اجتهدوا فی دروسکم کہا تو دروس کے لفظ میں دیگر اسباق کے ساتھ نحو، صرف، عربی زبان وغیرہ پڑھائے جانے والے تمام اسباق بھی شامل تھے تاہم اللغة العربية کا خاص لفظ بڑھا کر اپنے کلام کو مطنب کیا اور یہ بے فائدہ نہیں بلکہ اس طرح کر کے اس متکلم نے اس بات پر تنبیہ کر دی کہ عربی زبان کا سبق دوسرے اسباق کے مقابلے میں افضل ہے۔ حتیٰ کہ یہ سبق اپنی فضیلت وخصوصیت کی وجہ سے ایک مستقل علیحدہ جنس ہو گئی ہے۔ جو اپنے ما سبق اسباق سے جدا ہے کیونکہ معطوف اور معطوف علیہ میں مغایرت ہوتی ہے۔

"ذکر العام بعد الخاص" جیسے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان رب اغفرلی ولوالدی ولمن دخل بیتی مؤمنا وللمؤمنین والمؤمنات اس میں حضرت نوح علیہ السلام نے اپنا ذکر پہلے اصالۃً اور خصوصیت کے ساتھ فرمایا اور ظاہر ہے کہ آپ عام مؤمنین کے زمرے میں بھی تعمیماً شامل ہوں گے کیونکہ مؤمنین میں سے ایک فرد آپ بھی ہیں اس طرح دو مرتبہ آپ کا ذکر آیا اور اس کے نتیجے میں خاص کی اہمیت اور بقیہ افراد کے عموم کا فائدہ حاصل ہوا۔

"ایضاح بعد الابهام" کبھی کلام میں اس طرح اطناب ہوتا ہے کہ پہلے ایک شئی کو مبہم طور پر ذکر کیا جائے، بعد ازاں اس ابہام کا ازالہ کر کے وضاحت کی جائے، تا کہ ایک بات دو مرتبہ ذکر ہونے کی وجہ سے مخاطب کے ذہن میں پختہ ہو جائے اور دو مرتبہ اس طرح کہ اولاً مجملا وابهامًا اور دوسری مرتبہ ایضاحًا وتفصیلاً ذکر کیا جائے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔ امدکم بما تعلمون امدکم بانعام وبنین (اللہ نے تمہیں ایسی مدد سے نوازا جسے تم جانتے ہو اس نے تمہیں نوازا مویشیوں اور بیٹوں کے ذریعے) اس مثال میں انعام دہندہ کا دو مرتبہ ذکر آیا۔ پہلی مرتبہ ماتعلمون کہہ کر اجمالی طور پر اور دوسری دفعہ وضاحت اور تفصیل کی صورت میں اور اس طرح کرنے کی وجہ سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مخاطبین کے دلوں میں اپنی نعمتوں کے امتنان کے مضمون کو پختہ کر دیا ہے۔

"التوشیع" کبھی کسی کلام کے اخیر میں مثنیٰ کو لایا جائے پھر اس کی دو مفرد کے ذریعے تفسیر کی جائے۔ جیسے شاعر کا یہ شعر ہے۔

أُمْسِيْ وأُصْبِحُ مِنْ تَذْكَارِكُمْ وَصِبًا يَرْثِيْ لِيَ الْمُشْفِقَانِ الْأَهْلُ وَالْوَلَدُ۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(میری صبح اور شام تیری یاد اور محبت میں ایسی گزرتی ہے کہ مجھ پر میرے دو مہربان رحم کھاتے ہیں۔ یعنی میری بیوی اور اولاد)
اس مثال میں المشفقان تثنیہ ہے جس کی تفسیر دو مفرد یعنی الاهل والولد نے کی ہے۔
"الاعتراض" یعنی کسی ایک جملے کے بعض اجزاء یا معنوی اعتبار سے مربوط دو جملوں کے درمیان کسی ایک لفظ یا جملے کو داخل کیا جائے جس کا کوئی محل اعراب نہ ہو جیسے عوف بن محلم شیبانی کا شعر ہے۔

إِنَّ الثَّمانِيْنَ وَبُلِّغْتَهَا قَدْ أَحْوَجَتْ سَمْعِيْ إِلٰى تَرْجُمَانِ

(میری اسی سالہ عمر نے اللہ تعالیٰ تجھے بھی اتنی لمبی مدت عطا فرمائے میرے کان کو ایک ترجمان رکھنے پر مجبور کر دیا ہے) یہ مثال ایک جملے کے اجزاء کے درمیان کسی ایک جملے کے داخل ہونے کی ہے اور وہ اس طرح کہ انّ حرف مشبہ بالفعل اور اسکے اسم وخبر سے بننے والے ایک جملے کے بیچ میں وبلغتها کا جملہ معترض ہو گیا ہے۔ اور دوسری مثال اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔

ويجعلون لله البنات سبحنه ولهم مايشتهون

(اور کفار مکہ اللہ کیلئے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں وہ اس سے منزہ و منزہ ہے اور اپنے لئے جو ان کا دل چاہے یعنی لڑکے) یہ مثال معنوی اعتبار سے مربوط دو جملوں کے درمیان کسی جملے کے معترض ہونے کی ہے۔ یعنی سبحانہ کا جملہ باہم مربوط دو جملوں کے درمیان داخل ہو گیا ہے۔
"الایغال" کلام کو کسی ایسے لفظ پر ختم کرنے کو کہتے ہیں جو کسی ایسی غرض کا فائدہ دے کہ اس کے بغیر بھی معنیٰ مکمل ہو رہا ہو جیسے خنساء کا یہ شعر ہے۔ "وَإِنَّ صَخْرَ النَّتَأْتَمُّ الْهُدَاةُ بِهِ ...... كَأَنَّهُ عَلَمٌ فِيْ رَأْسِهِ نَارٌ"
(بیشک صخر (نامی میرے بھائی) کی پیروی کرتے ہیں رہبر لوگ بھی گویا کہ وہ ایک پہاڑ ہے جس کی چوٹی پر آگ جل رہی ہو) اس مثال میں علم کا ذکر آیا ہے اور علم ایسے پہاڑ کو کہتے ہیں جس کی چوٹی پر آگ روشن ہو اور اگر اتنے پر اکتفاء کیا جاتا تو بھی مقصود تو پورے طور پر ادا ہو رہا تھا۔ مگر پھر بھی فی راسہ نار کہہ کر اس کے بھائی کی رہنمائی اور اضاءت نور کی صفت میں مبالغہ کی زیادتی کر دی ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۲۳ھ

**الشق الاوّل** ......

نحن بما عندنا وانت بما — عندك راض والرأى مختلف
والذى حارت البرية فيه — حيوان مستحدث من جماد
ان الذين ترونهم اخوانكم — يشفى غليل صدورهم ان تصرعوا

مذکورہ اشعار کا سلیس ترجمہ کیجئے اور محل استشہاد کو واضح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) مذکورہ اشعار کا ترجمہ (۲) محل استشہاد کی وضاحت۔

**جواب** ...... ❶ **مذکورہ اشعار کا ترجمہ:** ہم اپنی رائے سے راضی ہیں اور تو اپنی رائے پر خوش ہے، حالانکہ دونوں رائیں الگ الگ ہیں۔ اور وہ چیز جس میں کل مخلوق اختلاف کر رہی ہے وہ ایک ایسا جانور ہے جو مٹی سے پیدا ہونیوالا ہے۔ جن کو تم اپنا بھائی خیال کرتے ہو ان کے دلوں کی پیاس تو تب بجھے گی جب تم پچھاڑے جاؤ (یعنی تم پر مصیبت آئے)۔
❷ **محل استشہاد کی وضاحت:** پہلے شعر میں نحن بما عندنا کے بعد راضون کا لفظ حذف ہے اور اس پر قرینہ عندك

واضں کے الفاظ ہیں، یہ حذف لفظ کا ایک سبب نظم کے وزن یا نثر کے جملوں کے آخری حرف کی رعایت کرتے ہوئے کسی لفظ کو حذف کرنے کی مثال ہے۔ تو اگر اس شعر کے پہلے جملہ میں واضون کو ذکر کردیتے تو وزن شعر باقی نہ رہتا۔

دوسرا شعر تقدیم و تاخیر کے اسباب میں سے تشویق یعنی مخاطب و سامع کو مقدم کردہ کلام کے ذریعہ مابعد والی کلام کی طرف شوق و رغبت دلانے کی مثال ہے۔ کہ اس میں شاعر نے پہلے مصرعہ کے ذریعہ لوگوں کو شوق دلا کر اپنی طرف متوجہ کیا کہ سب غور و فکر رہے ہیں کہ آ خر کونسی ایسی چیز ہے جس میں ساری مخلوق متحیر و پریشان ہے اور باہم نزاع و اختلاف کررہی ہے، تو دوسرا مصرعہ لاکر اس شوق و پیاس کو بجھا دیا کہ وہ انسان کا اپنی قبروں کی بے جان مٹی سے دوبارہ زندہ ہونا ہے، اگر شاعر پہلے مصرعہ کو مؤخر اور دوسرے کو مقدم کردیتا تو پھر یہ تشویق والا مقصد حاصل نہ ہوتا۔

تیسرا شعر اسم موصول کے استعمال کی مثال ہے کہ اسم موصول کبھی مخاطب کو اس کی غلطی پر متنبہ کرنے کے لئے بھی آتا ہے جیسا کہ اس شعر میں متکلم شاعر اپنے مخاطبین کو غلطی پر خبردار کررہا ہے کہ تم دشمن کو دوست اور بدخواہ کو خیرخواہ سمجھ رہے ہو، اگر شاعر اسم موصول کی جگہ دشمنوں کے نام وغیرہ ذکر کرتا تو یہ فائدہ حاصل نہ ہوتا۔

**الشق الثانی** ...... فَفَصَاحَةُ الْكَلِمَةِ سَلَامَتُهَا مِنْ تَنَافُرِ الْحُرُوْفِ وَمُخَالَفَةِ الْقِيَاسِ وَ الْغَرَابَةِ فَتَنَافُرُ الْحُرُوْفِ وَصْفٌ فِي الْكَلِمَةِ يُوْجِبُ ثِقْلَهَا عَلَى اللِّسَانِ وَعُسْرُ النُّطْقِ بِهَا نَحْوُ الظَّشِّ لِلْمَوْضِعِ الْخَشِنِ وَ الْهُعْخُعِ لِنَبَاتٍ تَرْعَاهُ الْإِبِلُ وَ النُّقَاخِ لِلْمَاءِ الْعَذْبِ الصَّافِي وَالْمُسْتَشْزِرِ لِلْمَفْتُوْلِ۔

عبارت پر اعراب لگائیں۔ فصاحت کی کتنی قسمیں ہیں۔ تنافر حروف مخالفت قیاس اور غرابت کی تعریف کر کے مثالوں سے واضح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا خلاصہ تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) فصاحت کی اقسام (۳) تنافر حروف مخالفت قیاس، غرابت کی تعریف مع امثلہ۔

**جواب** ...... ① عبارت پر اعراب:۔ کما مر فی السوال آنفاً۔

② فصاحت کی اقسام:۔ فصاحت کا لغوی معنی ظاہر ہونا اور واضح ہونا ہے اور فصاحت کی تین اقسام ہیں اور ایسی کوئی جامع مانع تعریف نہیں ہے جو ان تمام اقسام کو شامل ہو۔ اسلئے اس کی تینوں قسموں کی تعریف ذکر کرتے ہیں تو فصاحت کی تین اقسام ہیں ① فصاحت الکلمہ: یہ ہے کہ کلمہ تنافر حروف مخالفت قیاس لغوی اور غرابت فی السمع سے محفوظ ہو، یعنی وہ کلمہ زبان پر ثقیل بھی نہ ہو۔ علم صرف ولغت کے قواعد کے خلاف بھی نہ ہو اور اسکے معنی حقیقی کی طرف ذہن آسانی سے منتقل ہو جائے۔

② فصاحت الکلام: یہ ہے کہ کلام کلمات کے فصیح ہونے کے ساتھ ساتھ تنافر کلمات مجتمعہ اور ضعف تالیف اور تعقید سے خالی ہو یعنی اس کلام کے تمام کلمات فصیح ہوں اور اس میں ایسے کلمات بھی جمع نہ ہوں جن کا اجتماع زبان پر ادائیگی کو دشوار بنادے اور وہ کلام مشہور نحوی قانون کے خلاف بھی نہ ہو اور لفظی و معنوی پیچیدگی سے بھی وہ خالی ہو، جب یہ تمام باتیں پائی جائیں گی اس وقت وہ کلام فصیح ہوگی ③ فصاحت المتکلم: جس متکلم میں یہ ملکہ یعنی صلاحیت و قابلیت ہو کہ وہ کسی بھی قسم کی غرض کو فصیح کلام کے ذریعہ ادا کر سکے تو اسے متکلم فصیح کہیں گے اور اس صلاحیت کو فصاحت المتکلم کہیں گے۔

③ تنافر حروف، مخالفت قیاس، غرابت کی تعریف مع امثلہ:۔ تنافر حروف: تنافر یہ نفرت سے ماخوذ ہے۔ یعنی ایک ہی

Maktaba Tul Ishaat.com

کلمہ میں ایسے حروف جمع ہو جائیں جن کے اجتماع سے زبان پر ان کی ادائیگی اور تلفظ میں ثقل پیدا ہو جائے جیسے خلــش (کھردری جگہ) ھعخع (اونٹوں کی گھاس) اور نقاخ (صاف وشیریں پانی) مستشزر (بٹی ہوئی چیز) یہ ایسے کلمات ہیں کہ باذوق آدمی انہیں زبان پر ثقیل اور دشوار سمجھے گا۔ لہٰذا یہ کلمات فصاحت سے خارج ہو گئے۔

مخالفت قیاس: کسی کلمہ میں علم صرف ولغت کے قوانین کی رعایت نہ کی گئی ہو بلکہ اس کی خلاف ورزی ہوگئی ہو۔ جیسے متنبّی کے اس شعر میں۔ "فَإِنْ يَكُ بَعضُ النَّاسِ سَيْفاً لِدَوْلَةٍ ......فَفِى النَّاسِ بُوْقَاتٌ لَهَا وَطُبُوْلٌ"

اس میں بُوق کی جمع بُـوقـات کی صورت میں جولائی گئی ہے یہ خلاف قیاس ہے کیونکہ شاعر نے بُوق کی جمع قلت لاتے وقت اسکے وزن أَفعَال کی رعایت نہ کی اور ابواق نہ کہا حالانکہ یہاں شاعر جمع قلت ہی بتانا چاہتا ہے کیونکہ بعض الناس کا لفظ قلت پر دال ہے اور مخالفت قیاس کی دوسری مثال مَوْدَدَة ہے۔ جو اس شعر میں ہے۔

إِنَّ بَنِيَّ لَلِئَامٌ زَهَدَة مَالِيَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ مَوْدَدَة

یہ لفظ فک ادغام کی صورت میں شاعر نے استعمال کیا ہے حالانکہ علم صرف کے مشہور قاعدہ مضاعف کے مطابق مَوَدّة کہنا چاہیے تھا۔

غرابت فی السمع: ایسا کلمہ کہ اس کے معنی حقیقی کی طرف ذہن آسانی اور سہولت سے منتقل نہ ہو کیونکہ لوگ اسے کثرت سے استعمال نہ کرتے ہوں اور نہ عموماً وہ لوگوں کے سننے میں آتا ہو نتیجتاً لغت کی بڑی کتابوں اور وکشنریوں کی طرف مراجعت کرنی پڑے جیسے تكأكأ (جمع ہوا) افرنقع (لوٹا) إطلخمّ (دشوار ہوا) یہ تینوں وحشی اور غیر ظاہر المعنی ہیں اور ان ہی معانی کو ادا کرنے کے لئے اجتمع، انصرف، اشتد کثیر الاستعمال اور واضح المعنی ہیں۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۲۳ھ

**الشق الاوّل** ......اَلْخَبَرُ إِمَّا اَنْ يَكُوْنَ جُمْلَةً فِعْلِيَّةً اَوْ اِسْمِيَّةً وَالْاُوْلٰى مَوْضُوْعَةٌ لِإِفَادَةِ الحُدُوْثِ فِيْ زَمَنٍ مَخْصُوْصٍ مَعَ الْإِخْتِصَارِ وَقَدْ تُفِيْدُ الْاِ سْتِمْرَارَ التَّجَدُّدِيَّ بِالْقَرَائِنِ إِذَا كَانَ الْفِعْلُ مُضَارِعًا كَقَوْلِ طَرِيْف. "اَوَكُلَّمَا وَرَدَتْ عُكَاظَ قَبِيْلَةٌ ......بَعَثُوْا اِلَيَّ عَرِيْفَهُمْ يَتَوَسَّمُ".

عبارت پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ کیجئے۔ عبارت کی تشریح کیجئے۔ فائدۃ الخبر اور لازم فائدۃ الخبر کیا ہیں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) فائدۃ الخبر اور لازم فائدۃ الخبر کی تعریف۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ كما مرّ فی السوال آنفاً۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ جملہ خبریہ یا تو جملہ فعلیہ ہوگا یا جملہ اسمیہ، پھر پہلا (جملہ فعلیہ) اس غرض سے وضع کیا گیا ہے کہ وہ مختصر طور پر خاص زمانے میں کسی چیز کے ظاہر ہونے کا فائدہ دے اور کبھی استمرار تجددی کا فائدہ بھی دیتا ہے جبکہ فعل اس جملہ میں مضارع ہو جیسا کہ طریف شاعر کا قول "اوکلما وردت الخ" جب کبھی میلۂ عکاظ میں کوئی قبیلہ اترتا ہے تو وہ میری جانب اپنے نمائندے کو بھیجتے ہیں جو مجھے بار بار دیکھتا رہتا ہے اور میرے چہرے کو پہچاننے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں جملہ خبریہ کی اقسام کا بیان ہے۔ جملہ خبریہ کی دو قسمیں ہیں، ایک جملہ فعلیہ اور دوسرا جملہ

اسمیہ۔ پھر جملہ فعلیہ کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا کہ جملہ فعلیہ اختصار کے ساتھ ماضی، حال، مستقبل میں سے کسی مخصوص زمانے میں حدوث وقوع فعل کا فائدہ دینے کے لئے وضع کیا گیا ہے اس تعریف میں مع الاختصار کی قید زید قائم الآن یا زید قائم امس یا زید قائم غدا جیسی مثالوں سے احتراز کرنے کیلئے بڑھائی گئی ہے۔ جہاں حدوث فی زمن مخصوص تو معلوم ہوتا ہے مگر ان میں قام زید یا یقوم زید جیسا اختصار نہیں ہے۔ البتہ کبھی قرائن کی موجودگی میں استمرار تجددی کا بھی فائدہ دیتا ہے۔ بشرطیکہ اس جملہ فعلیہ میں استعمال ہونے والا فعل صیغہ ماضی نہ ہو بلکہ مضارع ہو جیسے طریف کا یہ شعر ہے۔

اوکلما وردت عکاظ قبیلۃ بعثوا الیّ عریفھم یتوسّمُ

دیکھئے اس شعر میں یتوسم ایک جملہ فعلیہ ہے، اس سے کوئی مخصوص زمانہ مراد نہیں بلکہ اس سے استمرار تجددی کا فائدہ حاصل ہوا ہے۔

❷ فائدۃ الخبر اور لازم فائدۃ الخبر کی تعریف:۔ فائدۃ الخبر: اس خبر کو کہتے ہیں جس میں مخبر اپنی خبر کے ذریعہ مخاطب کو اس حکم کا فائدہ پہنچانا چاہتا ہے جو جملہ میں متضمن ہوتا ہے اور جس پر جملہ مشتمل ہوتا ہے۔ جیسے اگر ہم کہیں حضر الامیر امیر آ گئے تو اس خبر کے ذریعے ہم نے مخاطب کو امیر کے آنے کے حکم کا فائدہ پہنچا دیا اور آنے نہ آنے کے بارے میں مخاطب کی جہالت کو دور کر دیا۔ ہم اس حکم کو فائدۃ الخبر کا نام دیں گے۔

لازم فائدۃ الخبر: میں مخاطب کو اس بات کا فائدہ پہنچانا ہوتا ہے کہ مخاطب کی طرح متکلم بھی اس خبر سے واقف کار ہے۔ جیسے انت حضرت امس تو کل آیا۔ دیکھئے اس خبر کے ذریعے اس متکلم نے مخاطب کے لئے کوئی نئی بات نہیں بتائی اور اس کی کوئی جہالت دور نہیں کی بلکہ متکلم اس خبر سے پہلے ہی سے واقف کار ہے۔ کیونکہ وہ خود ہی تو آنے والا ہے۔ البتہ متکلم نے اپنی واقفیت بتائی ہے، تو متکلم کے اس خبر سے واقف کار ہونے کو لازم فائدۃ الخبر کہیں گے۔

**الشق الثانی** ......وَ اَمَّا النَّهْيُ فَهُوَ طَلَبُ الْكَفِّ عَنِ الْفِعْلِ عَلٰى وَجْهِ الْإِسْتِعْلَاءِ وَ لَهٗ صِيْغَةٌ وَهِيَ الْمُضَارِعُ مَعَ لَا النَّاهِيَةِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا وَقَدْ تَخْرُجُ صِيْغَتُهٗ عَنْ مَعْنَاهَا الْاَصْلِيِّ اِلٰى مَعَانٍ اُخْرٰى تُفْهَمُ مِنَ الْمَقَامِ وَ السِّيَاقِ۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے، عبارت کی تشریح کرتے ہوئے مثالوں کو اس پر منطبق کیجئے۔ نہی کا صیغہ دوسرے معانی کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے ان معانی کو مثالوں کے ساتھ قلمبند کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح مع امثلہ (۴) نہی کے صیغہ کا مجازی معانی میں استعمال۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ نہی، پس وہ خود کو بڑا سمجھتے ہوئے کام سے رکنے کو طلب کرنا ہے اور اس کا ایک صیغہ ہے اور وہ فعل مضارع بلائے نہی ہے، جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا قول "ولا تفسدوا فی الارض بعد اصلاحھا" اور کبھی اس کا صیغہ اپنے اصلی معنی سے دوسرے مجازی معانی میں بھی مستعمل ہوتا ہے جو معانی مقام وسیاق سے سمجھے جاتے ہیں۔

❸ عبارت کی تشریح مع امثلہ:۔ نہی کی تعریف کر رہے ہیں کہ اپنے کو بڑا سمجھتے ہوئے کسی کام سے رکنے کو طلب کرنا اور اس

Maktaba Tul Ishaat.com

کے لئے ایک صیغہ ہے اور وہ مضارع بالائے نہی ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ ولا تفسدوا فی الارض بعد اصلاحھا اور زمین میں بعد اس کے کہ درستگی کر دی گئی فساد مت پھیلاؤ اور کبھی صیغہ نہی بجائے اپنے اصلی وحقیقی معنی کے دوسرے مجازی معانی میں بھی مستعمل ہوتے ہیں جو سیاق کلام اور قرائن احوال سے سمجھے جاتے ہیں۔

❷ نہی کے صیغہ کا مجازی معانی میں استعمال:۔ ① دعا جیسے لاتشمت بی الاعداء مجھ پر دشمنوں کو مت ہنساؤ ② التماس جیسے تیرا اپنے برابر کے ساتھی کو یہ کہنا کہ لاتبرح من المکان حتی ارجع الیک تو یہاں سے نہ ہلنا جب تک میں تیرے پاس لوٹ کے نہ آؤں ③ تمنی جیسے یالیل طُلْ یا نوم زُلْ یاصبح قِفْ لاتطلع اے رات لمبی ہو جا اے نیند اُڑ جا اے صبح ٹھہر جا مت نکل ④ تہدید یعنی ڈرانا، دھمکانا، جیسے تیرا اپنے نوکر کو یہ کہنا۔ لا تطع امری تو میری اطاعت نہ کر۔

# ﴿الورقة الخامسة : فی البلاغة﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۴ھ

**الشق الاول** ...... وَاَمَّا اِسْمُ الْاِشَارَةِ فَيُؤْتٰى بِهٖ اِذَا تَعَيَّنَ طَرِيقًا لِاِحْضَارِ مَعْنَاهُ كَقَوْلِكَ بِعْنِيْ هٰذَا مُشِيْرًا اِلٰى شَيْئٍ لَا تَعْرِفُ لَهٗ اِسْمًا وَّلَا وَصْفًا اَمَّا اِذَا لَمْ يَتَعَيَّنْ طَرِيقًا لِذٰلِكَ فَيَكُوْنُ لِاَغْرَاضٍ اُخْرٰى كَاِظْهَارِ الْاِسْتِغْرَابِ. كَمْ عَاقِلٍ عَاقِلٍ اَعْيَتْ مَذَاهِبُهٗ ...... وَجَاهِلٍ جَاهِلٍ تَلْقَاهُ مَرْزُوْقًا

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کیجئے۔ اسم اشارہ کے مجازی اغراض میں استعمال کو مثالوں سے واضح کیجئے۔ اس بیت کے بعد جو بیت مذکور ہے اس کو ذکر کیجئے۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) اسم اشارہ کا مجازی اغراض میں استعمال مع امثلہ (۵) مابعد والے بیت کی نشاندہی۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مر فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اسم اشارہ یہ اس وقت لایا جاتا ہے جب کہ سامع کے ذہن میں اس کا معنی حاضر کرنے اور تصور جمانے کے لئے بطور ایک طریقے کے متعین ہو جائے۔ جیسے تیرا قول بعنی ھذا مجھے یہ چیز بیچ جبکہ تو اس چیز کے نام یا صفت سے واقف نہ ہو بہ خلاف جب وہ بطور کسی ایک طریقے کے اس کے لئے متعین نہ ہو تو وہ دوسرے مقاصد و اغراض کے لئے ہوگا۔ جیسے غرابت و ندرت کا اظہار مقصود ہو جیسے کم عاقل عاقل الخ کتنے ہی کامل عقلمندوں کو ان کے کسب معاش کے طریقوں نے تھکا دیا ہے اور کتنے ہی پکے جاہلوں کو تو خوشحال و مالدار پائے گا۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ معرفہ کی تیسری قسم اسم اشارہ ہے کلام میں اس کا استعمال اس وقت ہوتا ہے جبکہ ذہن سامع میں اس کا تصور جمانے کیلئے بحیثیت ایک طریقہ اور ذریعہ کے متعین ہو جائے یعنی اسکے علاوہ تعیین لفظ کا کوئی ذریعہ ممکن نہ ہو جیسے ایک شخص کوئی خاص چیز خریدنا چاہتا ہے۔ مگر اس کا نام، علم، وصف وغیرہ کچھ جانتا نہیں ہے۔ اور کسی دکان پر وہ شیئ سامنے رکھی ہوئی اس نے دیکھ لی تو اب ظاہر ہے کہ وہ شخص اس شیئ کی جانب اشارہ کر کے ہی کہے گا۔ بعنی ھذا یہ چیز مجھے بیچ دو یہ متکلم اس بائع کے ذہن میں اس شیئ کا معنی اور تصور لانے کیلئے ھذا کی جانب اس وجہ سے مجبور ہوا ہے کہ یہ ناواقف شخص اسکے علم اور دوسرے کسی وصف کو نہیں جانتا۔

اسم اشارہ کی اصلی اور حقیقی غرض تو یہی ہے کہ اسکے ذریعے سامع کے ذہن میں کسی شیئ کے تصور اور معنی جمانے کیلئے بحیثیت ایک طریقے اور ذریعے کے متعین ہو جائے اور اسکے علاوہ کوئی دوسرا طریقہ ممکن نہ ہو۔ مگر کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ وہ بحیثیت ایک طریقے کے متعین نہیں ہوتا کہ اسم اشارہ لایا جائے تو ہی اس شیئ میں تعریف کا معنی پیدا ہو اور سامع کے ذہن میں احضار معنی ہو۔ بلکہ تعریف کے دوسرے طریقے بھی ممکن ومتصور ہو سکتے ہوں، تاہم جان بوجھ کر ان دوسرے طریقہائے تعریف کو استعمال نہ کیا جائے۔ ان صورتوں میں اسم اشارہ کے استعمال کی غرضیں دوسری ہوں گی۔ان ہی اغراض مجازیہ کو آگے بیان کیا جارہا ہے۔

❹ <u>اسم اشارہ کا مجازی اغراض میں استعمال مع امثلہ:۔</u> اسم اشارہ کے استعمال کی پہلی مجازی غرض کسی چیز کے انوکھا اور نادر ہونے کا اظہار ہوتا ہے، جیسے

**کم عاقل عاقل اعیت مذاهبه — وجاهل جاهل تلقاه مرزوقا**

**هذا الذی ترك الاوهام حائرة — وصَيَّر العالم النحرير زنديقا**

(کتنے عقلمند ایسے ہیں جن کو کسب معاش نے پریشان کر رکھا ہے اور کتنے جاہل ہیں کہ تو ان کو غنی ومالدار دیکھے گا، اسی چیز نے عقلوں کو حیران کر رکھا ہے اور باکمال عالم کو کافر بنا دیا ہے)۔ اس شعر میں ھذا اسم اشارہ کا استعمال مجازی معنی (اظہار استغراب) میں ہو رہا ہے یعنی عجیب وغریب بات ہے کہ بڑے بڑے عقلمند لوگ غریب محتاج ہیں اور بالکل ان پڑھ جاہل لوگ عیش وعشرت کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔

اسم اشارہ کے استعمال کی دوسری مجازی غرض مشارالیہ پر مکمل توجہ دینا اور اسے دوسرے ہم جنسوں سے ممتاز ونمایاں کرنا ہوتا ہے، جیسے فرزدق شاعر کا یہ شعر "**هذا الذی تعرف البطحاء وطاته ...... والبيت يعرفه والحل والحرم**"

یہ وہ شخصیت ہیں جن کے نشانات قدم کو بطحاء کی پتھریلی زمین پہچانتی ہے، بیت اللہ اور مقام حل وحرم بھی انہیں پہچانتے ہیں۔ اس شعر میں شاعر نے امام زین العابدین کا نام ذکر کرنے کی بجائے ان کی شان عالی پر سامعین کی پوری توجہ مرکوز کرنے اور انہیں دوسرے دنیاوی باعزت لوگوں سے ممتاز کرنے کے لئے ھذا اسم اشارہ کو استعمال کیا ہے۔

اسم اشارہ کے استعمال کی تیسری مجازی غرض مشارالیہ کے قرب یا توسط یا بعد کے حال کو بیان کرنا ہوتا ہے **هــذا يـوسف** (یہ یوسف ہے) اور **ذالك ابـراهيم** (وہ ابراہیم ہے) ان دونوں مثالوں میں ھذا اور دونوں اسم اشارہ نے قرب اور بعد کے اعتبار سے اپنے مشارالیہ کے حال کو بیان کیا ہے۔

❺ <u>مابعد والے بیت کی نشاندہی:۔</u> "**هذا الذی ترك الاوهام حائرة...... وصيّر العالم النحرير زنديقاً**"۔

**الشق الثانی** ...... **وَضُعْفُ التَّـالِيْفِ كَوْنُ الْـكَلَامِ غَيْـرَجَـارٍ عَـلَى الْقَانُوْنِ النَّحْوِيِّ الْمَشْهُوْرِ كَالِاِضْمَارِ قَبْلَ الذِّكْرِ لَفْظاً وَّ رُتْبَةً فِيْ قَوْلِهٖ جَزٰى بَنُوْهُ اَبَا الْغَيْلَانِ عَنْ كِبْرٍ وَحُسْنِ فِعْلٍ كَمَا جُوْزِىَ سِنِمَّار.**

عبارت پر اعراب لگا کر دلنشین تشریح کیجئے سنمار کون ہے، اضمار قبل الذکر کس صورت میں جائز ہے۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کی تشریح (۳) سنمار کا تعارف (۴) اضمار قبل الذکر کے جواز کی صورت۔

**جواب** ...... ❶ <u>عبارت پر اعراب:۔</u> كما مر فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ ضعف تالیف کلام کا مشہور قانون نحوی پر جاری نہ ہونا ہے جیسے لفظ اور رتبہ کے اعتبار سے لفظ (مرجع) کو ذکر کرنے سے پہلے اس کی ضمیر کو ذکر کرنا۔ جیسے شاعر کے اس شعر میں:(ترجمہ)

بدلہ دیا اس کے بیٹوں نے ابوالغیلان کو اس کے بڑھاپے اور حسن سلوک کا جیسا کہ سنمار انجینئر کو بدلہ دیا گیا۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں ضعف تالیف کی تعریف کا ذکر ہے کہ ضعف تالیف مشہور نحوی قانون کی خلاف ورزی کو کہتے ہیں جیسے اضمار قبل الذکر (لفظا و رتبہ کسی مرجع کو ذکر کرنے سے پہلے ہی اس کی طرف ضمیر کو لوٹانا) جیسے شاعر کے اس شعر میں بنوہ کی ضمیر کا مرجع ابا لغیلان ہے جو کہ "جزیٰ" فعل کا مفعول بہ ہے اور ابا لغیلان کا ذکر ماقبل میں نہیں گزرا۔ یہ اضمار قبل الذکر اگرچہ بعض نحات کے نزدیک جائز ہے۔ مگر جمہور نحات اس کو ناجائز ہی کہتے ہیں۔

❹ سنمار کا تعارف:۔ سنمار ایک انجینئر کا نام ہے، اس نے حیرہ کے بادشاہ نعمان کے لئے کوفہ میں خورنق نامی ایک عمدہ محل تعمیر کیا تھا، بادشاہ کو خطرہ ہوا کہ اگر یہ انسان زندہ رہا تو کسی دوسرے بادشاہ کے پاس جا کر اس کے لئے بھی اس کی مثل محل تعمیر کر سکتا ہے۔ اس صورت میں ہمارے اس محل کا امتیاز وخصوصیت باقی نہ رہے گی۔ لہٰذا بہتر یہ ہے کہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری کے قاعدہ سے اس شخص کو مار دیا جائے۔ چنانچہ اسے اسی محل کے اوپر سے نیچے پھینک دیا جس کے نتیجہ میں وہ بیچارہ ہلاک ہو گیا یہ سوئے مکافات میں ضرب المثل کے طور پر مستعمل ہے۔

❺ اضمار قبل الذکر کے جواز کی صورت:۔ عمدہ کا اضمار قبل ذکر جائز ہے بشرطیکہ اس کی تفسیر آگے آرہی ہو جیسے قل هو الله احد۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۴ھ

**الشق الاوّل** ...... اَمَّا الضَّمِيرُ فَيُؤْتٰى بِهٖ لِكَوْنِ الْمَقَامِ لِلتَّكَلُّمِ اَوِ الْخِطَابِ اَوِ الْغَيْبَةِ مَعَ الْاِخْتِصَارِ نَحْوُ اَنَا رَجَوْتُكَ فِيْ هٰذَ الْاَمْرِ وَاَنْتَ وَعَدْتَنِيْ بِاِنْجَازِهٖ وَالْاَ صْلُ فِى الْخِطَابِ اَنْ يَّكُوْنَ لِمُشَاهَدٍ مُّعَيَّنٍ وَقَدْ يُخَاطَبُ غَيْرُ الْمُشَاهِدِ اِذَا كَانَ مُسْتَحْضَرًا فِى الْقَلْبِ نَحْوُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ.

عبارت پر اعراب لگا کر تشریح کیجئے۔ بتایئے کہ معرفہ کی قسموں میں سے علم کن کن فوائد کے لئے استعمال ہوتا ہے نیز اسم علم اور اسم ضمیر کے فوائد میں فرق واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کی تشریح (۳) علم کے فوائد (۴) اسم علم اور اسم ضمیر کے فوائد میں فرق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما تر فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ معرفہ کی تمام اقسام میں ضمیر کو سب سے اس لئے مقدم کیا گیا ہے کہ وہ اعرف المعارف ہے۔ اور ضمیر اس لئے لائی جاتی ہے کہ موقعہ تکلم یا خطاب یا غیبت کا ہوتا ہے اور اس میں اختصار کا فائدہ بھی ملحوظ رہتا ہے، کیونکہ جتنی ضمائر ہیں سب کی سب کم حروف والی ہیں برخلاف اگر علم وغیرہ لفظ کے ذریعے تکلم یا خطاب یا غیبت کا معنیٰ ادا کیا جائے تو اس میں اختصار کا فائدہ ملحوظ نہیں رہے گا مثلاً عبدالرحمن يقول كذا يا امير المؤمنين يقول كذا کے مقابلے میں انا اقول كذا میں یقیناً اختصار ہے، کیونکہ اگر انسان کہتا تو اس کو اپنا نام یا منصب وغیرہ ذکر کرنا پڑتا اور ظاہر ہے کہ بہت سے اعلام اور مناصب ایسے ہیں کہ

ان میں حروف بہت ہوتے ہیں، ضمیر کی مثال میں انسا رجوتك فی هذا الامر، وانت وعدتنی بلنجازہ کی صورت میں ایک ہی جامع جملہ پیش کیا گیا ہے جو تکلم، خطاب غیوبۃ تینوں کیلئے کافی ہے۔

والاصل فی الخطاب سے مصنف یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ضمیر خطاب کے استعمال میں اصل قاعدہ تو یہی ہے کہ اس متکلم کا مخاطب مشاہد ہو جسے دیکھا جائے اور وہ معین بھی ہو، مگر کبھی مجازی اعتبار سے غیر مشاہد شیٔ کو بھی مخاطب بنایا جاتا ہے بشرطیکہ وہ قلب میں متحضر ہو۔ جیسے ایاك نعبد کا مخاطب اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس ہے جو یقیناً ہماری ان دنیاوی آنکھوں سے مشاہد نہیں کہ اسے دیکھا جا سکے، تاہم اسے اس لئے مخاطب بنایا جاتا ہے کہ وہ ہمارے قلوب میں متحضر ہے۔

❸ علم کے فوائد:۔ علم کے استعمال کی اصل غرض تو یہ ہے کہ ذہن سامع میں کسی شیٔ کا تصور اسکے مخصوص نام کے ذریعے جمایا جاوے۔ مگر کبھی اس علم کو ذکر کرنے کی غرض اس شیٔ کی عظمت کو ظاہر کرنا ہوتا ہے جیسے رکب سیف الدولة (سیف الدولہ جنگ کے لئے سوار ہو گئے) یعنی اب دشمنوں کی خیر نہیں یہ لفظ خود ہی عظمت پر دلالت کرنے والا ہے کہ وہ حکومت وسلطنت کی سیف قاطع ہے۔ برخلاف اگر رکب الامیر کہا جاتا تو یہ فائدہ حاصل نہ ہوتا۔

کبھی اس علم کو ذکر کرنے کی غرض کسی شیٔ کی تحقیر واہانت ظاہر کرنا ہوتا ہے۔ جیسے ذهب صخر (صخر چلا گیا) اس لفظ میں کوئی عظمت نہیں بلکہ اس کا معنیٰ پتھر ہونے کی وجہ سے اس میں حقارت ہے کہ ایک معمولی گراپڑا پتھر ہے اور پھر اس کے لئے ذھب کے اسناد کی نسبت کی گئی ہے جس سے اس کی اہانت اور واضح ہوگئی کہ وہ گیا گزرا ہوگیا۔

کبھی اس علم کو ذکر کرنے کی غرض کسی مخصوص معنیٰ سے کنایہ کرنا ہوتا ہے جس کی وہ لفظ صلاحیت رکھتا ہو جیسے تبت یدا ابی لهب (ابولہب کے دونوں ہاتھ ہلاک ہو گئے) یعنی جہنمی شخص ہلاک ہوا یہاں ابولہب کہہ کر معبود شخص کے جہنمی ہونے سے کنایہ کیا گیا ہے۔ کیونکہ یہ لفظ اس کے جہنمی ہونے پر اس طرح دلالت کرتا ہے کہ لہب کا معنیٰ ہے شعلہ اور لفظ "اب" عربی زبان میں ہر اس شیٔ کو کہا جاتا ہے جس کا کسی دوسری شیٔ کے ساتھ تلازم اور ملابست کا یعنی قریبی تعلق ہو۔ اب ابولہب کا معنیٰ ہوگا ملابس شعلہ اور ملازم نار اور ملابس نار جو عرفی اعتبار سے جہنمی ہونے کا لازم ہے۔

❹ اسم علم اور اسم ضمیر کے فوائد میں فرق:۔ اسم ضمیر کو کلام میں ذکر کرنے کا فائدہ محض کلام میں اختصار کرنا ہوتا ہے، کہ اگر ضمیر کی بجائے اسم علم کے ذریعہ تکلم، خطاب یا غیوبت والا معنی ادا کیا جائے تو کلام طویل ہو جاتی ہے حالانکہ کلام میں اختصار پسندیدہ ہے اور اسم علم کو کلام میں ذکر کرنے کا فائدہ یہ ہے کہ اسم علم کے ذریعہ کسی چیز کے تصور کو مخاطب کے ذہن میں اسکے خاص نام کیساتھ راسخ کر دیا جائے، اگر اسم علم کو ذکر نہ کیا جائے تو پھر مخاطب کے ذہن میں صحیح طور پر اسکا تصور ممکن نہ ہوگا۔

**الشق الثانی** ...... مَوَاضِعُ الْوَصْلِ بِالْوَاوِ وَ يَجِبُ الْوَصْلُ فِيْ مَوْضِعَيْنِ، اَلْاَوَّلُ اِذَا اتَّفَقَتِ الْجُمْلَتَانِ خَبَرًا اَوْ اِنْشَاءً وَ كَانَ بَيْنَهُمَا جِهَةٌ جَامِعَةٌ اَيْ مُنَاسَبَةٌ تَامَّةٌ وَلَمْ يَكُنْ مَانِعٌ مِنَ الْعَطْفِ......

عبارت پر اعراب لگائیے۔ عبارت کا دلنشین ترجمہ کیجئے۔ وصل اور فصل کی تعریف کی وضاحت کر کے مثالوں سے سمجھائیں۔ کتاب میں مذکورہ وصل کے مقامات تحریر کر کے مثالوں سے سمجھائیں۔

﴿ خلاصہ سوال ﴾...... اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) وصل اور فصل

Maktaba Tul Ishaat.com

کی تعریف مع امثلہ (۴) وصل کے مقامات مع امثلہ۔

جواب ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ وصل بالواؤ کے مواضع، وصل کرنا دو جگہوں پر واجب ہے پہلی جگہ وہ مقام ہے جہاں دو جملے خبریہ یا انشائیہ ہونے کے اعتبار سے متفق ہوں اور ان دونوں جملوں کے درمیان کوئی جامع جہت یا مناسبت تامہ پائی جائے اور مانع عطف کوئی سبب نہ پایا جائے۔

❸ وصل اور فصل کی تعریف:۔ وصل کہتے ہیں ایک جملے کا دوسرے جملے پر دس حروف عاطفہ میں سے کسی عاطف کے ذریعے عطف کرنے کو اور فصل کہتے ہیں عطف نہ کرنے کو۔

وصل کی مثال: ان الابرار لفی نعیم وان الفجار لفی جحیم ۔فصل کی مثال: فمهل الكٰفرين امهلهم رويدا۔

❹ وصل کے مقامات مع امثلہ:۔ وصل بالواو کے مواقع، وصل کرنا دو جگہوں میں ضروری ہے۔

پہلی جگہ وہ دونوں جملے خبریہ اور انشائیہ ہونے کے اعتبار سے متفق ہوں کہ دونوں خبریہ ہوں یا دونوں انشائیہ ہوں۔ اور موانع عطف میں سے کوئی مانع بھی موجود نہ ہو پھر ان دونوں کے درمیان کوئی ایسی جہت جامعہ و مناسبتِ تامہ موجود ہو جو دونوں کو جمع کرنے والی ہو۔ یعنی ان میں کامل مناسبت پائی جائے۔ جہتِ جامعہ مناسبت تامہ سے مراد یہ ہے کہ ان دونوں جملوں میں کوئی ایسا امر پایا جائے جس کی وجہ سے عقل قوتِ مفکرہ میں ان دونوں کے اجتماع کا تقاضا کرے اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب دونوں کے مسند اور مسند الیہ میں اتحاد، تماثل، تقابل یا تضایف پایا جائے۔ جیسے "ان الابرار لفی نعیم وان الفجار لفی جحیم" یہ جملہ خبریہ کی مثال ہے کہ معطوف علیہ اور معطوف دونوں خبر کے اعتبار سے متفق ہیں اور ان دونوں میں مناسبت تامہ بھی پائی گئی ہے کہ ان دونوں کے مسند الیہ یعنی ابرار و فجار میں اسی طرح ان کے مسند یعنی نعیم و جحیم میں تقابل اور تضاد کی نسبت ہے اور ان دونوں جملوں میں کوئی مانع عطف نہیں پایا گیا۔ جب یہ تینوں شرطیں پائی گئیں تو ان دونوں کے درمیان کلمہ واؤ کے ذریعے عطف کر دیا گیا۔

دوسری مثال فليضحكوا قليلا وليبكوا كثيرا یہ جملہ انشائیہ کی مثال ہے کہ معطوف علیہ اور معطوف دونوں انشاء کے اعتبار سے متفق ہیں اور ان میں بھی سابقہ مثال کی طرح مسند الیہ یعنی ہم ضمیر مذکر غائب اور اسی طرح ان کے مسند یعنی ليضحكوا اور ليبكوا میں تقابل اور تضاد کی نسبت ہے اور کوئی مانع عطف نہیں پایا گیا یہاں بھی تینوں شرطوں کی موجودگی کی وجہ سے کلمہ واؤ کے ذریعے عطف کیا گیا ہے۔

دوسری جگہ یہ ہے کہ دونوں جملوں میں کمال انقطاع ہو کہ ایک خبریہ اور ایک انشائیہ ہو یا دونوں خبر اور انشاء ہونے کے اعتبار سے تو متفق ہوں مگر انمیں کوئی بھی معنوی مناسبت نہ ہو تو اگر ان دونوں میں وصل نہ کیا جائے اور فصل کیا جائے تو مرادِ متکلم اور مقصود کلام کے خلاف معنیٰ کا وہم پیدا ہو جائے تو ایسے وقت میں بھی وصل کرنا ضروری ہوگا جیسے کسی نے آپ سے پوچھا هَلْ بَرِئَ عَلِيٌّ مِنَ الْمَرَضِ علی اپنی بیماری سے شفایاب ہو گیا اور آپ اس کا جواب نفی میں دینا چاہیں اور اس کے ساتھ ساتھ اس کی شفاء یابی کی دعا بھی دینا چاہیں تو آپ یوں کہیں گے لَا وَشَفَاهُ اللّٰهُ وہ صحت یاب نہیں ہوا ہے اور اللہ اسے اچھا کر دے دیکھئے اس مثال میں دو جملے ہیں ایک جملہ لا کی صورت میں ہے یعنی کلمہ "لا" جو جملہ خبریہ کے قائم مقام ہے۔ کیونکہ اس کی تقدیری عبارت لَا بُـرْءَ حَاصِلٌ لِعَلِيٍّ ہے کہ علی کے لئے شفاء حاصل نہیں ہوئی اور دوسرا جملہ شفاه الله کی صورت میں جملہ انشائیہ ہے ان دونوں جملوں میں اس قسم کا تعلق ہے کہ اگر دونوں جملوں میں بجائے وصل کے فصل کیا جائے اور یوں کہا جائے لَا شفاه الله تو معنیٰ ہو

جائے گا کہ اللہ اسے شفا نہ دے اور اس صورت میں مقصودِ متکلم کے خلاف معنیٰ ہو جائے گا۔ کیونکہ متکلم تو اسے دعاءِ خیر دینا چاہتا ہے اور یہاں اس کلام کا معنیٰ بددعا ہو جائے گا۔ لہٰذا اس فہم سے بچنے کیلئے وصل یعنی عطف بالواو کرنا ضروری ہوگا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱٤۳٤ھ

**الشق الاوّل**...... وَمِنْهَا التَّغْلِيْبُ وَهُوَ تَرْجِيْحُ اَحَدِ الشَّيْئَيْنِ عَلَى الْاٰخَرِ فِيْ اِطْلَاقِ لَفْظِهٖ عَلَيْهِ كَتَغْلِيْبِ الْمُذَكَّرِ عَلَى الْمُؤَنَّثِ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِيْنَ وَمِنْهُ الْاَبَوَانِ لِلْاَبِ وَالْاُمِّ وَكَتَغْلِيْبِ الْمُذَكَّرِ وَالْاَخَفِّ عَلٰى غَيْرِهِمَا نَحْوُ الْقَمَرَيْنِ اَيِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعُمَرَيْنِ اَيْ اَبُوْبَكْرٍ وَ عُمَرٌ۔

عبارت پر اعراب لگا کر اس کا واضح مطلب لکھیے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا مطلب۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مر فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا مطلب:۔ اخراج الکلام علیٰ خلاف مقتضی الظاہر کی دسویں نوع تغلیب ہے۔ یعنی ایک شیئ کو دوسری شیئ پر راجح کر کے اس پر بھی اس پہلے لفظ کا اطلاق کیا جائے اور دوسری شیئ کو بھی وہی نام دیا جائے جو پہلی شیئ کا ہے۔ پھر تغلیب کی متعدد صورتیں ہیں ان میں سے ایک صورت یہ ہے کہ ایک ایسے مذکر لفظ کو مؤنث پر ترجیح دی جائے کہ ان دونوں کا مادہ اشتقاق ایک ہو البتہ دونوں کے صیغے اور ہیئت مختلف ہوں۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان وکانت من القٰنتین اور وہ مریم بنت عمران بندگی کرنے والوں میں سے تھی یعنی کامل مردوں کی طرح بندگی و اطاعت میں ثابت قدم تھیں۔ اس مثال میں اصل لفظ تو قانتہ تھا اور ظاہر کا تقاضا تو یہ تھا کہ وکانت من القانتات کہا جاتا ہے کیونکہ من تبعیضیہ کی وجہ سے حضرت مریم علیہا السلام بعض القانتات تھیں نہ کہ بعض القانتین مگر چونکہ وصفِ قنوت مذکر و مؤنث دونوں کو عام اور شامل ہے اور عبادت کرنے والے مرد بھی ہوتے ہیں اور عورتیں بھی تو ان میں سے بعض افراد مذکر اور بعض مؤنث ہوئے اور مرد بالعموم عقل، دین اور قوت کے لحاظ سے عورتوں کے مقابلے میں زیادہ کامل طور پر عبادت کرنے والے ہوتے ہیں۔ لہٰذا قانت کو قانتہ پر غلبہ دے دیا گیا اور اس کے لئے جمع مذکر کا صیغہ قانتین لایا گیا اس مثال میں قانت اور قانتہ دونوں کا مادۂ اشتقاق لفظ قنوت ہے اور ایک مذکر اور دوسرا مؤنث۔ اور کبھی تغلیب کی ایک صورت یہ ہوتی ہے کہ ایک ایسے مذکر لفظ کو مؤنث پر ترجیح دی جائے کہ ان دونوں کا مادۂ اشتقاق اور صیغہ اور ہیئت سب مختلف ہو۔ جیسے لفظ ابوان کہ دراصل ابٌ اور امٌ تھا اور دونوں کا مادۂ اشتقاق الگ الگ ہے۔ ایک کا ابو اور دوسرے کا امومۃ ہے اور صورت و صیغہ بھی جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں کہ مختلف ہیں کہ ایک کا ہمزہ مفتوح ہے اور دوسرے کا مضموم ہے اور ایک میں ہمزہ کے بعد باء ہے جبکہ دوسرے میں میم ہے اور تغلیب کی ایک صورت یہ ہے کہ ہم شکلوں میں سے ایک کو دوسرے پر ترجیح دی جائے۔ جن میں سے ایک مؤنث اور دوسرا مذکر ہو جیسے قمرین کہ دراصل قمر و شمس تھا اور یہ دونوں سیارے روشنی اور شکل و صورت میں ایک دوسرے کے مشابہ ہیں۔ پھر ان میں سے ایک یعنی قمر کو جو مذکر ہے دوسرے یعنی شمس پر جو مؤنث ہے غالب کر دیا گیا۔

اور تغلیب کی ایک صورت یہ ہے کہ اخف (ہلکے) کو غیر اخف پر ترجیح دی جائے۔ جیسے عمرین یعنی ابو بکرؓ و عمرؓ ان دونوں میں ثانی اول کے بالمقابل مفرد اور قلیل الحرفی ہونے کی وجہ سے زیادہ ہلکا ہے۔ لہٰذا اسے پہلے پر غالب کر دیا گیا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**الشق الثانی** ...... وَمِنْهَا تَنْزِيْلُ غَيْرِ الْمُنْكِرِ مَنْزِلَةَ الْمُنْكِرِ اِذَالَاحَ عَلَيْهِ شَيْئٌ مِنْ عَلَامَاتِ الْاِنْكَارِ فَيُؤَكَّدُ لَهٗ نَحْوُ.

جَاءَ شَقِيْقٌ عَارِضًا رُمْحَهٗ    اِنَّ بَنِيْ عَمِّكَ فِيْهِمْ رِمَاحٌ

وَمِنْهَا تَـنْـزِيْـلُ الْـمُـنْـكِرِ اَوِ الشَّاكِّ مَنْزِلَةَ الْخَالِيْ اِذَا كَانَ مَعَهٗ مِنَ الشَّوَاهِدِ مَااِذَا تَأَمَّلَهٗ زَالَ اِنْكَارُهٗ اَوْشَكُّهٗ كَقَوْلِكَ لِمَنْ يُنْكِرُ مَنْفَعَةَ الطِّبِّ اَوْيَشُكُّ فِيْهَا اَلطِّبُّ نَافِعٌ.

عبارت پر اعراب لگا کر دلنشین تشریح کیجئے۔ مذکورہ شعر کی ترکیب کیجئے۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کی تشریح (۳) شعر کی ترکیب

**جواب** ...... ❶ <u>عبارت پر اعراب:۔</u> کما مر فی السوال آنفا۔

❷ <u>عبارت کی تشریح:۔</u> اخراج الکلام علی خلاف مقتضی الظاہر کی دوسری نوع تنزیل غیر المنکر منزلۃ المنکر ہے۔ یعنی غیر منکر مخاطب کو منکر تصور اور فرض کر لیا جائے، غیر منکر میں دو فرد شامل ہیں ایک خالی الذھن اور دوسرا متردد۔ ان دونوں کو منکر کے درجے میں اتارنے کیلئے شرط یہ ہے کہ اس مخاطب پر انکار کی علامتوں میں سے کوئی علامت نظر آ رہی ہو۔ اور پھر اس کے سامنے ایسا کلام لایا جائے جو منکر کیلئے لایا جاتا ہے۔ پہلے فرد یعنی خالی الذھن کو منکر کے درجے میں اتارنے کی مثال حجل بن نضلہ کا یہ شعر ہے۔

جاء شقيق عارضا رمحه    ان بنى عمك فيهم رماح

شقیق نامی شخص اپنے نیزے کو ران پر جانب عرض (چوڑائی) میں رکھ کر آیا تب میں نے اس سے کہا کہ بلاشبہ تیرے چچازاد بھائی نیزوں سے مسلح ہیں۔ شقیق کی ایک قبیلے کے ساتھ عداوت اور لڑائی تھی کہ ایک وقت شقیق کو اس شاعر نے گھوڑے پر سوار ہو کر اس حال میں آتے دیکھا کہ اس کا نیزہ مقابل سمت میں رخ کیا ہوا اور ہاتھ میں سیدھے سنبھالے ہوئے نہیں ہے بلکہ یوں ہی بے فکری کے ساتھ حسب عادت اپنی رانوں پر نیز ھا جانب عرض میں رکھا ہوا ہے نیزے کی اس طرح رکھنے کی علامت یہ بتا رہی ہے کہ اس سوار کو اپنے دشمنوں کے مسلح طور پر موجود ہونے کی اطلاع ہی نہیں ہے ورنہ وہ اس نیزے کو اپنے ہاتھوں میں لیکر جانب مقابل میں سیدھا تان کر تیار رہتا حالانکہ اسے خوب معلوم ہے کہ میرا دشمن قبیلہ مسلح اور چاق و چوبند ہے اور ان کے مسلح ہونے کا اسے انکار بھی نہیں ہے مگر علامت انکار کی وجہ سے اسے منکر سمجھ لیا گیا پھر منکر کیلئے لائی جانے والی خبر یعنی خبر انکاری لائی گئی اور اِنَّ کے ذریعے اس خبر کو پختہ کیا گیا۔

غیر منکر کے دوسرے فرد یعنی مخاطب متردد کی مثال یہ ہے کہ ایک قیدی شخص جسے اس کی رہائی کے قریبی زمانے میں ہونے کی خبر دی گئی تھی، آپ سے مایوسانہ انداز میں پوچھ رہا ہے کہ کیا ہمارا چھٹکارا بھی ہو سکتا ہے، یہ شخص اگرچہ فی الواقع متردد اور شاک ہے مگر ابھی اس کے چہرے پر رہائی کے بارے میں مایوسی اور استبعاد کی کچھ ایسی کیفیت چھائی ہوئی ہے جس سے آپ نے تاڑ لیا کہ یہ قیدی (سائل) رہائی کے قریب ہونے کی خبر کا منکر ہے۔ اب ظاہر ہے کہ آپ اس کے لئے وجوبی تاکید والی انکاری خبر لائیں گے اور یوں کہیں گے۔ **ان الفرج بقريب** بے شک آپ کی رہائی نزدیک آ ہی چکی ہے۔ اس مثال میں اِنَّ اور لام دونوں ادوات تاکید ہیں جن کے ذریعے کلام کو مؤکد کیا گیا ہے۔

اخراج الکلام علی خلاف مقتضی الظاہر کی تیسری نوع تنزیل المنکر اوالشاک منزلۃ الخالی ہے، یعنی منکر یا متردد کو خالی الذھن تصور کر لیا جائے بشرطیکہ اس مخاطب کے سامنے اس قدر دلائل و شواہد موجود ہوں کہ ان میں صرف غور کرے تو اس کا انکار و تردد و شک

سب دور ہو جائے، جیسے کوئی شخص علم طب اور حکمت کے مفید و نفع بخش ہونے میں شک یا انکار کر رہا ہے تو آپ اسکے ساتھ زیادہ بحث وتمحیص نہیں کریں گے اور اس کے انکار و تردد کو زائل کرنے کیلئے دلائل نہیں لائیں گے بلکہ ایک سادہ ابتدائی خبر لا کر یوں کہیں گے کہ الطب نافع علم طب نفع بخش ہے۔ گویا آپ نے اس مخاطب منکر و شاک کو خالی الذہن تصور کر لیا۔

❹ **شعر کی ترکیب:۔** جلہ فعل شقیق ذوالحال علا رضا صیغہ اسم فاعل مع فاعل و محہ مضاف و مضاف الیہ مل کر مفعول بہ اسم فاعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال و حال مل کر فاعل، فعل و فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ انّ حرف مشبہ بالفعل بنی مضاف عمک مضاف و مضاف الیہ مل کر بنی کا مضاف الیہ ہو کر انّ کا اسم فیھم جار مجرور مل کر ثابت یا کائن کے متعلق ہو کر خبر مقدم اور رماح مبتدا مؤخر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر انّ کی خبر، انّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## ﴿الورقة الخامسة : في البلاغة﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱٤۳۵ھ

**الشق الاول** .....اَلْإِنْشَاءُ إِمَّا طَلَبِيٌّ أَوْ غَيْرُ طَلَبِيٍّ فَالطَّلَبِيُّ مَايَسْتَدْعِيْ مَطْلُوْبًا غَيْرَ حَاصِلٍ وَقْتَ الطَّلَبِ وَغَيْرُ الطَّلَبِيِّ مَالَيْسَ كَذَالِكَ وَالْاَوَّلُ يَكُوْنُ بِخَمْسَةِ اَشْيَاءٍ۔

عبارت پر اعراب لگا کر مطلب خیز ترجمہ کیجئے، عبارت کی تشریح کیجئے، انشاء طلبی پانچ امور کے لئے آتی ہے۔ ان پانچ امور کی تعریف ذکر کیجئے اور ہر ایک کی ایک ایک مثال ذکر کیجئے۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) انشاء طلبی کے امور خمسہ کی تعریف مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ **عبارت پر اعراب:۔** کما مر فی السوال آنفا۔

❷ **عبارت کا ترجمہ:۔** انشاء یا تو طلبی ہوگی یا غیر طلبی، طلبی وہ انشاء ہے جو کسی ایسے مطلوب کو چاہے جو بوقتِ طلب حاصل شدہ نہ ہو اور جس میں یہ بات نہ ہو وہ انشاء غیر طلبی ہے۔

❸ **عبارت کی تشریح:۔** اس عبارت میں انشاء کی قسموں کو بیان کیا جا رہا ہے کہ انشاء کی دو قسمیں ہیں۔

① انشاء طلبی وہ کلام ہے جس کے ذریعے کوئی متکلم ایک ایسے مطلوب کو چاہے جو بوقت طلب غیر موجود ہو جیسے کہ اس کی آئندہ ذکر کی جانے والی پانچ اقسام پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ امر کے ذریعے متکلم نے فعل کو اور نہی کے ذریعے کسی فعل سے رکنے کو اور استفہام کے ذریعے علم شیٔ کو اور تمنی کے ذریعے شیٔ محبوب کو اور ندا کے ذریعے منادیٰ کی توجہ کو طلب کیا ہے اور یہ پانچوں ایسی چیزیں ہیں کہ بوقت طلب موجود و حاصل نہ تھیں۔ بلکہ ان کو جملوں کے ذریعے چاہا اور طلب کیا گیا۔

② انشاء غیر طلبی وہ کلام ہے جس میں کسی ایسے مطلوب کو نہ چاہا جائے جو بوقت طلب غیر حاصل ہو۔

❹ **انشاء طلبی کے امور خمسہ کی تعریف مع امثلہ:۔** ① امر کے معنی ہیں فعل کو بطور استعلاء طلب کرنا (استعلاء کے معنی یہ ہیں کہ آپ اپنے آپ کو مخاطب کے مقابلے میں عالی رتبہ سمجھے خواہ وہ اصل میں عالی رتبہ ہو یا نہ ہو) جیسے خذ الکتاب بقوۃ (کتاب کو مضبوطی سے پکڑ)۔

Maktaba Tul Ishaat.com

② نہی بطور استعلاء ترکِ فعل کے طلب کرنے کو کہتے ہیں۔(طلب فعل کو روکنا نہیں ہے) اور اس کیلئے ایک ہی صیغہ مخصوص ہے اور وہ لائے نہی کیساتھ والا مضارع ہے جیسے ولاتفسدوا فی الارض بعداصلاحها (فساد برپا نہ کرو زمین میں اسکی اصلاح کے بعد)

③ استفهام کسی چیز کے بارے میں حال دریافت کرنا اور اس کے ادوات (حروف) همزه، هل، ما، مَن، متی، ایان، کیف، این، انیٰ، کم، اور انی ہیں۔

④ تمنّی کسی ایسی محبوب چیز کے طلب کرنے کو کہتے ہیں جس کے حصول کی امید دو وجوں سے نہ کی جاتی ہو ایک وجہ یہ کہ اس کا حصول محال ہو اور دوسری وجہ یہ کہ اس کا وقوع خارج میں بعید ہو۔ پہلے کی مثال یہ شعر ہے۔

الا لیت الشباب یعود یوما فَاُخْبِرُهٗ بِمَا فَعَل المشیب

کہ کاش میری جوانی کسی روز لوٹ آتی تو میں اسے ان تمام جان گداز واقعات سے مطلع کرتا جو بڑھاپے نے میرے ساتھ برتے ہیں دوسرے کی مثال تنگ دست کا قول ہے لیت لی الف دینار کہ کاش میرے پاس ہزار دینار ہوتے۔

⑤ نداء یا اقبال (مخاطب کی توجہ) کو ایسے حروف سے طلب کرنا ہے جو اَدْعُــوْ (میں پکارتا ہوں) کے قائم مقام ہوں، نداء کے آٹھ حروف ہیں۔ یا، همزه ، ای، آ، آی، ایا، هیا، وا جیسے یا عبدالله۔

**الشق الثانی** ...... وَبَلَاغَةُ الْمُتَكَلِّمِ مَلَكَةٌ يَقْتَدِرُ بِهَا عَلَى التَّعْبِيْرِ عَنِ الْمَقْصُوْدِ بِكَلَا مٍ بَلِيْغٍ فِيْ أَيِّ غَرَضٍ كَانَ

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، عبارت کی مختصر تشریح کریں۔ تنافر، مخالفت قیاس، ضعف تالیف، تعقید لفظی و معنوی اور غرابت معلوم کرنے کے لئے کیا طریقے ہیں تفصیل سے بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) مذکورہ اشیاء کی معرفت کے طریقے۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرفی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ متکلم کی بلاغت وہ ایسی صلاحیت و قابلیت ہے کہ اس کے ذریعہ متکلم کسی بھی غرض کے لئے کلام بلیغ کے ذریعہ مقصود کو ادا کرنے پر قادر ہو جائے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ کوئی متکلم اس وقت بلیغ کہا جا سکتا ہے جبکہ اس میں ایسی لیاقت و قابلیت موجود ہو کہ جس کی وجہ سے وہ کسی غرض و مقصد میں بلیغ کلام کے ذریعے اپنی مراد اور دل کی بات ظاہر کر سکے۔

❹ مذکورہ اشیاء کی معرفت کے طریقے:۔ تنافر پہچانا جاتا ہے ذوقِ سلیم سے اور مخالفت قیاس لغوی علم صرف سے اور ضعفِ تالیف اور تعقید لفظی علم نحو سے اور تعقیدِ معنوی علم بیان سے اور غرابت فی السمع کلام عرب کا بکثرت مطالعہ کرنے سے پہچانے جاتے ہیں۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱٤۳۵ھ

**الشق الاوّل** ...... وَالثَّانِيَةُ مَوْضُوْعَةٌ لِمُجَرَّدِ ثُبُوْتِ الْمُسْنَدِ لِلْمُسْنَدِ اِلَيْهِ نَحْوُ الشَّمْسُ مُضِيْئَةٌ وَقَدْ تُفِيْدُ الْاِسْتِمْرَارَ بِالْقَرَائِنِ اِذَا لَمْ يَكُنْ فِيْ خَبَرِهَا فِعْلٌ نَحْوُ الْعِلْمُ نَافِعٌ . وَالْاَصْلُ فِي الْخَبَرِ اَنْ يُلْقٰى لِاِفَادَةِ الْمُخَاطَبِ الْحُكْمَ الَّذِيْ تَضَمَّنَتْهُ الْجُمْلَةُ .

عبارت پر اعراب لگائیں الثانیہ سے کیا مراد ہے؟ عبارت کی تشریح کرتے ہوئے بتائیں کہ والا صل فی الخبر سے کیا بتانا چاہتے ہیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) الثانیہ کی مراد (۳) عبارت کی تشریح (۴) والا صل فی الخبر سے غرض مصنف۔

جواب...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ الثانیہ کی مراد:۔ خبر کا بیان چل رہا ہے کہ خبر یا تو جملہ فعلیہ ہوگی یا جملہ اسمیہ، جملہ فعلیہ کا بیان گزر چکا۔ الثانیہ سے مراد دوسرا جملہ یعنی جملہ اسمیہ ہے۔

❸ و ❹ عبارت کی تشریح اور والا صل فی الخبر سے غرض مصنف:۔ خبر کا بیان چل رہا ہے کہ خبر یا تو جملہ فعلیہ ہوگی یا جملہ اسمیہ، جملہ فعلیہ کا بیان گزر چکا۔ الثانیۃ سے مراد دوسرا جملہ یعنی جملہ اسمیہ ہے جو محض مسند کو مسند الیہ کے لئے ثابت کرنے کے واسطے وضع ہوا ہے۔ جیسے کہ "الشمس مضیئۃٌ" [سورج روشن ہے] اس میں اضاءت کو شمس کے لئے ثابت کیا گیا ہے جملہ فعلیہ کی طرح جملہ اسمیہ بھی قرائن کی موجودگی میں استمرار تجددی کا فائدہ دے گا، اور یہاں بھی ایک شرط ہے اور وہ یہ کہ اس جملہ کے مبتدا کی خبر میں اسم ہی آنا چاہئے نہ کہ کوئی فعل جیسے کہ "العلم نافع" [علم نفع بخش ہے] یعنی علم کی افادیت کوئی وقتی اور عارضی نہیں بلکہ استمراری ہے۔ اور خبر میں اصل یہ ہے کہ وہ اس لئے لائی جاتی ہے تاکہ مخاطب کو اس حکم کا فائدہ دے جس پر جملہ مشتمل ہے اور خبر اس کے علاوہ بھی متعدد اغراض کیلئے استعمال ہوتی ہے۔

① کبھی خبر کو استرحام (طلب رحمت) کیلئے لایا جاتا ہے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اس دعا میں رب انی لما انزلت الیّ من خیر فقیر (اے میرے پروردگار میں اس خیر کا جو تو میری طرف نازل کرے محتاج ہوں)

② اظہار ضعف یعنی کمزوری و ضعیفی کے اظہار کیلئے جیسے حضرت زکریا کی اس دعا میں رب انی وھن العظم منی واشتعل الرأس شیبا (اے میرے پروردگار میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور میرے سر پر سفیدی پھیل گئی ہے)۔

③ اظہار تحسر یعنی حسرت و افسوس کے اظہار کیلئے جیسے امرأۃ عمران کا یہ قول رب انی وضعتھا انثیٰ (اے میرے رب میں نے اس حمل کو بچی کی شکل میں جنا)۔ ④ اظہار فرحت و شماتت یعنی کسی آنے والی اچھی چیز پر خوشی اور کسی ناپسندیدہ چیز کے جانے پر خوشی کے اظہار کے لئے جیسے جاء الحق وزھق الباطل (حق آ گیا اور باطل نکل بھاگا)۔

الشق الثانی ......مِنَ الْمَعْلُوْمِ أَنَّهٗ لَا يُمْكِنُ النُّطْقُ بِأَجْزَاءِ الْكَلَامِ دَفْعَةً وَاحِدَةً فَلَا بُدَّ مِنْ تَقْدِيْمِ بَعْضِ الْاَجْزَاءِ وَتَاخِيْرِ الْبَعْضِ وَلَيْسَ شَيْئٌ مِنْهَا فِيْ نَفْسِهٖ أَوْلٰى بِالتَّقْدِيْمِ مِنَ الْاٰخَرِ لِاشْتِرَاكِ جَمِيْعِ الْاَلْفَاظِ مِنْ حَيْثُ هِيَ اَلْفَاظٌ فِيْ دَرَجَةِ الْاِعْتِبَارِ فَلَا بُدَّ مِنْ تَقْدِيْمِ هٰذَا عَلٰى ذَاكَ مِنْ دَاعٍ يُوْجِبُهٗ۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ و تشریح کیجئے۔ دواعی تقدیم میں سے کم از کم چھ کو مثالوں کے ساتھ بیان کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) چھ دواعی تقدیم مع امثلہ۔

جواب...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۵ھ

**الشق الاول** ...... اَمَّا الْمُضَافُ لِمَعْرِفَةٍ فَيُؤْتَى بِهِ إِذَا تَعَيَّنَ طَرِيْقًا لِإِحْضَارِ مَعْنَاهُ اَيْضًا كَكِتَابِ سِيْبَوَيْهِ وَسَفِيْنَةِ نُوْحٍ وَاَمَّا اِذَالَمْ يَتَعَيَّنْ لِذَالِكَ فَيَكُوْنُ لِاَغْرَاضٍ اُخْرىٰ

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، عبارت کی تشریح کریں، اغراض اخریٰ کو مثالوں کے ذریعے واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) مضاف کے استعمال کی اغراض۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ مضاف لمعرفہ، یہ بھی اس وقت لایا جاتا ہے جب کہ سامع کے ذہن میں اس کا معنی حاضر کرنے کے لیے بطور ایک طریقہ کے متعین ہو جائے جیسے کتاب سیبویہ وسفینۃ نوح بہرحال جب یہ کسی ایک طریقہ کے لیے متعین نہ ہو تو یہ دوسری غرضوں کے لئے ہوگا۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ معرفہ کی چھٹی قسم وہ اسم ہے جو مذکورہ پانچ اقسام معرفہ میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو رہا ہو، کلام میں اس کا استعمال اس وقت کیا جاتا ہے جبکہ وہ ذہن سامع میں کسی شیئ کے تصور کئے جانے کے لئے ایک طریقہ اور ذریعہ کی حیثیت سے متعین ہو جائے اور اس کے علاوہ کوئی دوسرا طریقہ ممکن نہ ہو، جیسے کہ کتاب سیبویہ اور سفینۂ نوح، ان دونوں مثالوں میں مذکوران دو اشیاء کا معنی اور خیال کسی سامع کے ذہن میں اگر لانا چاہیں تو اولاً ہم علم یا ضمیر، یا اسم اشارہ وغیرہ کی جانب متوجہ ہوتے ہیں، مگر ان دونوں کا کوئی مستقل نام ہی نہیں تھا یا وہ قریب یا ایسا بعید بھی نہیں کہ اس کی جانب اشارہ کیا جا سکے لہٰذا ہم اضافت کی جانب متوجہ ہوئے اور کتاب اور سفینہ کو ایک ایک علم یعنی سیبویہ اور نوح کی طرف مضاف کر دیا تو ان دونوں مضاف الیہ کی تعریف کا اثر ان کے مضاف میں بھی آ گیا اور وہ بھی معرفہ ہو گئے، اب اگر کتاب سیبویہ کہا جائے تو دوسری کوئی اور کتاب اور اسی طرح اگر سفینۂ نوح کہا جائے تو دوسری اور کوئی کشتی مراد نہیں ہوگی بلکہ وہی مشہور نحوی امام سیبویہ کی فن نحو میں لکھی ہوئی کتاب اور اسی طرح وہی کشتی جو اللہ کے حکم سے اللہ کے پیغمبر سیدنا نوح علیہ السلام نے بنائی تھی مراد ہوگی۔

❹ مضاف کے استعمال کی اغراض:۔ مضاف لمعرفہ کی پہلی غرض کسی معدود کی چیز کی گنتی اور شمار کرنا دشوار یا مشکل ہوتا ہے، تعذر اور تعسر دونوں کی مثال اَجْمَعَ اَهْلُ الْحَقِّ عَلٰى كَذَا اور اَهْلُ الْبَلَدِ كَرِيْمٌ شہر والے شریف ہیں، ان دونوں مثالوں میں اہل حق اور اہل بلد کی تعداد کو شمار کرنا حد درجہ مشکل ہے۔

دوسری غرض اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ بعض کو بعض پر مقدم کرنے سے جو برے نتائج پیدا ہوتے ہیں اس سے بچنے کے لئے اضافت الی المعرفہ کا طریقہ استعمال کرتے ہیں جیسے حَضَرَ اُمَرَاءُ الْجُنْدِ (امراء لشکر آئے) یہاں اگر امیروں کے نام لے کر ذکر کیا جاتا تو موخر الذکر سالاروں میں ناراضگی پھیل جانے کا احتمال تھا۔

تیسری غرض اور کبھی تعظیم کی غرض سے مضاف کی تعظیم کیلئے اس کو معرفہ کی طرف مضاف کرتے ہیں جیسے کتاب السلطان حَضَرَ بادشاہ کا خط آیا یا مضاف الیہ کی تعظیم کے لئے جیسے ھٰذا خادمی یہ میرا نوکر ہے یا ان دونوں کے علاوہ کسی اور کی تعظیم کے

لئے جیسے اخوالو زید عندی وزیر کا بھائی میرے پاس ہے۔
چوتھی غرض اور کبھی تحقیر کی غرض سے بھی اضافت استعمال کرتے ہیں مثلاً مضاف کی تحقیر کیلئے ھٰذَا اِبْنُ اللِّصِّ یہ چور کا بیٹا ہے یا مضاف الیہ کی تحقیر کیلئے جیسے اَللِّصُّ رفیق ھذا چور اس کا ساتھی ہے یا ان دونوں کے علاوہ کسی اور کی تحقیر کیلئے جیسے اخو اللص عند عمرو چور کا بھائی عمرو کے پاس ہے اور چور کا بھائی و ساتھی ہونا شریف آدمی کا کام نہیں ہے۔
پانچویں غرض یہ ہے کہ تنگی مقام کی بناء پر بھی طریقۂ اضافت مختصر اور مناسب ہوتا ہے جیسے جعفر بن علبہ حماسی کا شعر ہے۔

هوای مع الركب اليمانين مصعد جنيب وجثماني بمكة موثق

اس مثال میں مذکور ھوای جو الذی اَھْوَاہُ کے عوض میں ہے اور اس کی نسبت سے زیادہ مختصر ہے اور تنگی مقام کی بناء پر اس سے زیادہ مناسب ہے۔

**السؤال الثانی** ...... ھُوَ عِلْمٌ یُعْرَفُ بِهِ اَحْوَالُ اللَّفْظِ الْعَرَبِیِّ الَّتِیْ بِهَا یُطَابِقُ مُقْتَضَی الْحَالِ لَتَخْتَلِفُ صُوَرُ الْكَلَامِ لِاِخْتِلَافِ الْاَحْوَالِ

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، علم معانی کی لغوی واصطلاحی تعریف کریں اور مصنفؒ کی بیان کردہ مثال کو ذکر کر کے وضاحت کریں۔
﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) علم معانی کی لغوی واصطلاحی تعریف (۴) مثال کی وضاحت۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔
❷ عبارت کا ترجمہ:۔ علم معانی وہ ایک ایسا علم ہے جس کے ذریعے عربی لفظ کے احوال کو پہچانا جائے، جن کے ساتھ مقتضائے حال موافق ہو، پس کلام کی صورتیں احوال کے بدلنے سے مختلف ہو جائیں گی۔
❸ علم معانی کی لغوی واصطلاحی تعریف:۔ علم بیان کا لغوی معنیٰ معانی کا جاننا ہے اور اصطلاح میں علم معانی وہ علم ہے جس کے ذریعے عربی زبان کے وہ احوال (مقامات) معلوم کیے جا سکتے ہیں جن کے ساتھ مقتضیات، موافق و مطابق ہو سکیں۔
❹ مصنف کی ذکر کردہ مثال کی وضاحت:۔ وَاَنَّا لَا نَدْرِیْ اَشَرٌّ اُرِیْدَ بِمَنْ فِی الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا (اور ہمیں معلوم نہیں کہ زمین والوں کے ساتھ کیا شر کا ارادہ کیا گیا ہے یا ان کے ساتھ ان کے رب نے بھلائی کا ارادہ کیا ہے) اس آیت میں جنات کے بعض مؤمن افراد کا قول نقل کیا گیا ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کی زبان اطہر سے قرآن کریم کا بعض حصہ سُن کر اپنی قوم کے پاس جا کر ان سے جہاں دوسری بہت سے باتیں کہی ان میں سے ایک بات یہ بھی کہی جو اس آیت کے ترجمہ میں آپ نے دیکھی، درحقیقت وہ اس بات سے اپنی لاعلمی بتانا چاہتے ہیں کہ اہل ارض کے لئے ان کے رب نے خیر یا شر میں سے کس کا ارادہ فرمایا ہے۔ مگر اس بات کو کتنے بہتر اسلوب سے ادا کیا کہ جہاں خیر کی نسبت کی نوبت آئی تو اسے بے تکلف اللہ کی طرف منسوب کر دیا اور جہاں شر کی نسبت کا موقع آیا اسے اللہ کی جانب صراحت کے ساتھ منسوب نہیں کیا۔ بلکہ اس فعل کے ارادہ کو بجائے معروف اور اس کے فاعل (اللہ) کو ذکر کرنے کی بجائے فاعل حذف کر کے سرے سے فعل ہی کو مجہول کر دیا کیونکہ پہلے کا حال اور موقع ادب کا ہے اور دوسرے کا بے ادبی کا۔ چنانچہ احوال اگر بدل جائیں تو کلام کی صورتیں (مقتضیات) بھی بدل جائیں

Maktaba-Tul-Ishaat.com

گی۔ ویسے تو تمام مؤمنوں کا یہ عقیدہ ہے کہ خیر وشر دونوں کا خالق اللہ ہے، لہٰذا دونوں کو اللہ کی طرف صراحت کے ساتھ منسوب کردینا جائز تھا۔ مگر اُم کے بعد کلام میں ان باادب قائلین نے خیر کی نسبت اللہ کی جانب کی کیونکہ حال اور مقام اسی کا متقاضی تھا کہ ہر اچھی چیز اللہ ہی کیطرف منسوب کی جائے تاکہ ادب ملحوظ رہے اور اَمْ کے ماقبل کلام میں شر کی نسبت اللہ کی جانب نہ کی کیونکہ حال اور مقام اسی کا متقاضی تھا کہ کسی بھی بُری چیز کی نسبت اللہ کی طرف کرنے سے احتراز کیا جائے تاکہ بے ادبی نہ ہو جائے۔

## ﴿الورقة الخامسة : فی البلاغة﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۶ھ

**الشق الاوّل** ...... وَهَلْ لِطَلَبِ التَّصْدِيْقِ فَقَطْ نَحْوُهَلْ جَاءَ صَدِيْقُكَ وَالْجَوَابُ نَعَمْ اَوْلَا وَلِذَ ايَمْتَنِعُ مَعَهَا ذِكْرُالْمُعَادِلِ فَلَا يُقَالُ هَلْ جَاءَ صَدِيْقُكَ اَمْ عَدُوُّكَ.

عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ عبارت کی تشریح کریں اور ھل کی دونوں قسموں کو مثالیں دیکر واضح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) ھَلْ کی دونوں قسموں کی وضاحت مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما ترفی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور ھَلْ صرف طلب تصدیق کے لئے ہوتا ہے جیسے۔ "ھَلْ جَاءَ صَدِيْقُكَ" کیا تیرا دوست آیا؟ اور جواب ہاں یا نہیں کی صورت میں آئے گا اور اس وجہ سے اس کے ساتھ معادل کا ذکر کرنا ممتنع و ناجائز ہے۔ چنانچہ ھَلْ جَاءَ صَدِيْقُكَ اَمْ عَدُوُّكَ نہیں کہا جائے گا۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ ھَلْ یہ دوسرا ادات استفہام ہے جو صرف تصدیق کیلئے آتا ہے یعنی وقوع نسبت یا عدم وقوع نسبت کی معرفت حاصل کرنے کیلئے آتا ہے اور طلب تصور (مفرد) کیلئے نہیں پس ھل جاء صدیقك ام عدوك کہنا صحیح نہیں ہوگا کیونکہ استفہام کے موقع پر واقع ہونے والے مفرد یعنی عدو کا واقع ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ ام متصلہ ہے اور ام متصلہ تو دو مفردوں میں سے کسی ایک مفرد کی تعیین معلوم کرنے کیلئے آتا ہے اور ایسی صورت میں اصل حکم کا معلوم ہونا ضروری ہے تو اس سے یہ لازم آیا کہ یہ متکلم حکم اور نسبت کو جانتا ہے مگر صرف مفرد معلوم کرنا چاہتا ہے حالانکہ ھل طلب مفرد کیلئے نہیں آتا بلکہ طلب تصدیق یعنی نسبت اور حکم کو طلب کرنے کیلئے آتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس متکلم نے ھل کو طلب مفرد کیلئے استعمال کیا جو اس کی اصل وضع یعنی طلب تصدیق کے خلاف ہے۔

❹ ھَلْ کی دونوں قسموں کی وضاحت مع امثلہ:۔ ھَلْ کی دو قسمیں ہیں، ایک بسیطہ اور دوسرا مرکبہ۔ اگر بذات خود کسی چیز کے موجود ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں سوال کیا جائے تو اس ھَلْ کو بسیطہ کہیں گے جیسے کوئی ھل العنقاء موجودۃ کہہ کر سوال کرے تو مطلب یہ ہوگا کہ یہ شخص خود فی نفسہٖ عنقاء کی ذات کے موجود ہونے کے بارے میں سوال کرتا ہے، کہ اس نام کا کوئی مسمّٰی موجود بھی ہے یا نہیں یا جیسے یہ پوچھا جائے ھل الخِلّ الوفیُّ موجودٌ کیا وفادار دوست دنیا میں موجود بھی ہے یا نہیں۔ اگر ایک چیز کے لئے دوسری چیز کو موجود و ثابت ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں سوال کیا جائے تو اس کو ھل مرکبہ کہیں گے جیسے ھل تبیض العنقاء او تفرخ کیا عنقاء نامی جانور انڈے دیتا ہے یا بچے جنتا ہے، یعنی یہ سائل تناسل کے دو طریقوں میں سے کوئی ایک

طریقہ متعین کرنا چاہتا ہے کہ وہ کونسا طریقہ ہے جبھل النبات حساس کیا سبزہ ذی شعور ہے، دیکھیے ان دونوں سوالوں کا سائل ایک ایک بات یعنی حقائق اور نبات کو جانتا ہے کہ یہ چیزیں موجود ہیں مگر ان کے لئے دوسری دوسری شیئ یعنی انڈے دیتا ہے یا بچے جنتا ہے، حساسیت کے وجود یا عدم وجود کے بارے میں لاعلم ہے اور سوالوں کے ذریعے اسی جہالت اور لاعلمی کو دور کرنا چاہتا ہے۔

**الشق الثانی**......والفرق بین ان واذا انّ الاصل عدم الجزم بوقوع الشرط.

لفظ ان اور لفظ اذا میں فرق مثالوں کی روشنی میں واضح فرمائیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں فقط لفظ ان اور اذا میں فرق مع امثلہ مطلوب ہے۔

**جواب**...... لفظ اِنْ اور اِذَا میں فرق مع امثلہ:۔ ان اور اذا ایسی شرائط پر داخل ہوتے ہیں جن کا واقع ہونا مستقبل میں ممکن ہو مگر بعض امکان ایسے ہیں جن کا واقع ہونا بالکل یقینی ہوتا ہے، ایسے امکان کو جزم بوقوع الشرط کہتے ہیں اور بعض امکان ایسے ہیں کہ جن کا واقع ہونا بالکل یقینی نہ ہو بلکہ اس کام کا واقع ہونا اور نہ ہونا دونوں برابر اور مساوی ہوں، ایسے امکان کو عدم جزم بوقوع الشرط کہتے ہیں، پس اصل وضع کے اعتبار سے اِنْ کا محل استعمال یہی عدم جزم بوقوع الشرط ہے اور اذا کا موقعۂ استعمال جزم بوقوع الشرط ہے اور یہی وجہ ہے کہ اذا کے ساتھ اکثر و بیشتر صیغۂ ماضی استعمال ہوتا ہے، اگر چہ اس میں مستقبل کا ہی معنیٰ ہوگا۔ کیونکہ مستقبل کے مقابلے میں ماضی میں یقینی کیفیت زیادہ ہے اور یوں سمجھ لیا جائے کہ بالفعل یہ شرط واقع ہو چکی ہے، برخلاف اِن کے کہ اس میں یہ یقینی کیفیت نہیں ہوتی۔ جیسے اِنْ اَبْرَءُ مِنْ مَرَضِیْ اَتَصَدَّقْ بِاَلْفِ دِیْنَارٍ اگر میں اپنی بیماری سے شفایاب ہو جاؤں گا تو ایک ہزار اشرفیاں صدقہ کروں گا اور اِذَا بَرِئْتُ مِنْ مَرَضِیْ تَصَدَّقْتُ اگر میں شفایاب ہوگیا تو ایک ہزار اشرفیاں صدقہ کرونگا۔ ان میں یہ فرق ظاہر ہوگا کہ پہلی مثال میں اس متکلم کا اپنے کلام سے وقوع شرط (حصول شفاء) کے بارے میں شک اور تردد ظاہر ہو رہا ہے اور دوسری مثال میں اس کی کلام سے وقوع شرط کے بارے میں یقین یا قریب بیقین کی کیفیت ظاہر ہو رہی ہے۔

**الشق الثانی**...... مواضع الفصل یجب الفصل فی خمسة مواضع.

مواضع فصل کی پوری تشریح فرمائیں اور مثالیں دیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں ایک ہی امر مواضع فصل کی وضاحت مع امثلہ مطلوب ہے۔

**جواب**...... مواضع فصل کی وضاحت مع امثلہ:۔ پانچ جگہوں میں فصل کرنا ضروری ہے۔ ① پہلی جگہ یہ ہے کہ دو جملوں میں ایسا کامل اتحاد ہو کہ دونوں میں سے ایک بدل دوسرا مبدل منہ، یا ایک بیان اور دوسرا مبین یا ایک تاکید دوسرا مؤکد بن رہا ہو۔ بدل اور مبدل منہ کی مثال اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ امدکم بما تعلمون امدکم بانعام وبنین اس میں دوسرا جملہ بدل اور پہلا اس کا مبدل منہ ہے۔ بیان و مبین کی مثال فوسوس الیه الشیطان قال یا آدم هل ادلك علیٰ شجرة الخلد اس میں قال یا آدم سے آخر آیت تک بیان ہے۔ آیت کے پہلے ٹکڑے فوسوس الیه الشیطان کا، تاکید و مؤکد کی مثال فمهل الکافرین امهلهم رویدا اس میں امهلهم تاکید ہے پہلے جملے مهل مؤکد کی۔

② دوسری جگہ دو جملوں میں ایسا کامل تباین اور تضاد ہو کہ ان میں سے ایک اگر جملہ خبریہ ہو تو دوسرا انشائیہ ہو یا خبر اور انشاء کے اعتبار سے تو تباین نہ ہو (بلکہ توافق ہو) مگر ان کے مابین معنوی اعتبار سے کوئی بھی مناسبت نہ ہو۔ دو جملوں میں خبر و انشاء کے اعتبار

Maktaba Tul Ishaat.com

سے اختلاف کی صورت میں ہونے والے کامل تباین کی مثال شاعر کا یہ شعر ہے!

وقال رائدهم ارسلوا نزاولها فحتف کل امرئ یجری بمقدار

(انکے رہنما نے کہا کہ یہیں رک جاؤ ہم ان سے لڑیں گے سو ہر شخص کی موت اپنی میعاد پر ہی آ کر رہنے والی ہے)

اس میں پہلا جملہ ارسلوا اور دوسرا جملہ نزاولها میں خبر اور انشاء کے لحاظ سے تباین تام ہے کہ پہلا انشائیہ ہے جبکہ دوسرا خبریہ ہے اس وجہ سے ان دونوں کے درمیان واؤ عاطفہ نہیں لایا گیا بلکہ فصل کیا گیا ہے۔ اور تباین تام کی دوسری صورت یعنی دونوں جملوں کے درمیان معنوی اعتبار سے کوئی بھی مناسبت نہ پائی جانے کی مثال یہ ہے جیسے کہ کہا جائے علیؒ کاتبٌ الحمام طائر۔ یہ دو جملے من حیث الخبر تو متفق ہیں مگر ان میں معنوی لحاظ سے کوئی مناسبت نہیں ہے، کیونکہ علی کے کاتب ہونے اور کبوتر کے پرندہ ہونے کے درمیان کوئی مناسبت نہیں ہے۔

③ تیسری جگہ دوسرے جملے کا پہلے جملے سے پیدا ہونے والے کسی سوال کا جواب بننے کی وجہ سے ان دونوں میں اس قدر گہرا ربط پیدا ہو گیا ہو کہ گویا وہ ایک جملے کی طرح ہو گئے ہوں اور یہی رابطہ تو یہ عطف کے لئے مانع ہے جیسے!

زعم العواذل اننی فی غمرۃ صدقوا ولکن غمرتی لاتنجلی

(ملامت کرنے والے لوگوں کی جماعت کا یہ خیال ہے کہ میں پریشان حال ہوں ان کا خیال درست ہے البتہ میری پریشانی کچھ ایسی ہے کہ وہ دور ہونے والی نہیں) ظاہر ہے شاعر جب ہمدردوں کا یہ خیال بتا کر خاموش ہوا کہ مجھے کوئی سخت پریشانی لاحق ہوئی ہے تو اب سننے والوں کے دل میں ایک سوال پیدا ہوگا کہ اچھا اب آپ بتایئے کہ ان کا یہ خیال سچا ہے یا غلط۔ اسی کا جواب دینے کے لئے دوسرا جملہ "صدقوا" لایا گیا کہ ہاں ان کا خیال درست ہے جب ان دونوں جملوں میں سے ایک سوال اور دوسرا اس کا جواب بن رہا ہے تو ان کے مابین گہرا ربط ہونے کی وجہ سے گویا وہ کلام واحد ہو گیا اور کلام واحد کے درمیان واؤ کا کروصل کرنا خلاف اصل اور نا جائز ہے۔

④ چوتھی جگہ کہ ایک جملہ سے پہلے دو جملے ایسے ہوں کہ ان میں سے پہلے جملہ پر تو اس تیسرے جملہ کا عطف درست ہو مگر دوسرے جملہ پر درست نہ ہو، بلکہ معنی میں فساد لازم آئے تو ایسی صورت میں تیسرے جملہ کا پہلے جملہ پر عطف نہیں کیا جائے گا کیونکہ عطف کرنے کی صورت میں وہم پیدا ہوگا کہ شاید تیسرے جملہ کا دوسرے جملہ پر عطف ہو رہا ہے، حالانکہ عطف پہلے جملے پر ہو رہا ہے تو اس وہم سے بچنے کے لئے حرف عطف کو ذکر نہیں کریں گے بلکہ فصل کریں گے۔ جیسے!

وتظن سلمیٰ اننی ابغی بها بدلا اراها فی الضلال تهیم

(میری محبوبہ سلمیٰ یہ خیال کرتی ہے کہ میں اسکے مقابلہ میں کسی اور عورت کو چاہتا ہوں۔ میرا خیال یہ ہے کہ وہ غلط فہمی میں مبتلا ہے)

اس شعر میں تظن سلمیٰ، اننی ابغی بها بدلا اور اراها فی الضلال تهیم تین جملے ہیں اس میں تیسرے جملہ کا پہلے جملہ تظن سلمیٰ پر عطف کرنا درست ہے۔ کیونکہ ان میں معنوی اتحاد کی وجہ سے مناسبت تامہ موجود ہے۔ کیونکہ تظن (گمان) کا فاعل محبوبہ اور اراها (گمان، خیال) کا فاعل محب ہے، جب مسند و مسند الیہ میں مناسبت تامہ موجود ہے تو دونوں جملوں میں عطف کے ذریعہ وصل ہونا چاہئے تھا، مگر عطف کو ترک کر دیا گیا، کیونکہ عطف کی صورت میں تیسرے جملہ کے متصل دوسرا جملہ ہے سامع سمجھے گا کہ شاید اسی دوسرے جملہ پر عطف ہو رہا ہے اور شعر کا مطلب یہ ہوگا کہ جیسے "اننیٰ ابغی بها بدلا" سلمیٰ کا خیال ہے اسی طرح اراها فی الضلال تهیم بھی سلمیٰ کا خیال ہے کہ سلمیٰ یہ خیال کرتی ہے کہ میں اس کے مقابلہ میں دوسری عورت سے

محبت کرتا ہوں اور سلمی کی یہ خیال بھی کرتی ہے کہ میں اسے غلط فہمی کا شکار سمجھ رہا ہوں، حالانکہ شاعر کی یہ مراد نہیں ہے۔ بلکہ تیسرا جملہ شاعر کا گمان وخیال ہے کہ میں سلمی کو غلط فہمی میں مبتلا سمجھتا ہوں۔ تو اس وہم سے بچنے کے لئے فصل کیا جائے گا، عطف نہیں کیا جائے گا۔

⑤ پانچویں جگہ دو جملوں کے درمیان مناسبت اور ربط تو ہو لیکن ایک کا کسی دوسرے مانع کی وجہ سے عطف جائز نہ ہو اور وہ مانع یہ ہے کہ ان دونوں کو حکم واحد میں شریک کرنے کا ارادہ نہ ہو کیونکہ پہلے جملے کا حکم ایسا ہے کہ اس میں دوسرے جملے کو شریک کرنا صحیح نہ ہو اور اس طرح کرنے کی وجہ سے کلام کے معنی میں خلل پیدا ہو رہا ہو۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان **لو اذا خلوا الی شیٰطینهم قالوا انا معکم انما نحن مستهزئون، الله یستهزئ بهم** اس میں **الله یستهزئ بهم** کے جملے کا نہ تو **انا معکم** پر اور نہ ہی جملہ **قالوا** پر عطف کرنا صحیح ہے جملہ **انا معکم** پر اس لئے صحیح نہیں کہ اگر اس پر عطف کیا جائے تو یہ بھی منافقین کا مقولہ ہو جائیگا حالانکہ یہ اللہ تعالیٰ کا مقولہ ہے اور اگر جملہ **قالوا** پر عطف کیا جائے تو یہ مقولہ تو اللہ تعالیٰ ہی کا رہے گا مگر اس صورت میں اللہ تعالیٰ کا ان سے استہزاء کرنا صرف اسی وقت مقید ہوگا جس میں یہ منافقین اپنے سرغنوں کے ساتھ تخلیہ میں سرگوشی کر رہے ہوں، حالانکہ انکے ساتھ اللہ تعالیٰ کی جانب سے کی جانے والی استہزاء تمام اوقات کو عام ہے، کسی حال یا وقت کے ساتھ مقید نہیں ہوتی لہٰذا یہاں بھی فصل کرنا ضروری ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۶ھ

**الشق الاوّل** ...... **ای: اذا الکلام علی حسب ما تقدم من القواعد یسمیٰ اخراج الکلام علی مقتضی الظاهر وقد تقتضی العدول من مقتضی الظاهر ویورد الکلام علیٰ خلافه فی انواع مخصوصة.**

عبارت کی وضاحت فرمائیں، خلاف مقتضی ظاہر کے مواقع میں سے پانچ مواقع کو مثالوں سمیت بیان کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل دو امر ہیں (۱) عبارت کی وضاحت (۲) خلاف مقتضیٰ ظاہر کے پانچ مواقع کی وضاحت مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کی وضاحت:۔ یہاں تک علم معانی کے موٹے موٹے اصول ومسائل آٹھ ابواب میں ذکر کیے گئے۔ اگر انکے موافق کلام کیا جائے تو اسے اخراج الکلام علیٰ مقتضی الظاہر کہا جائے گا، مثلاً باب اول میں ذکر شدہ اقسام خبر میں خبر ابتدائی (خالی من التاکید) کا استعمال اس مخاطب کیلئے کیا جائے جو خالی الذہن ہے اور خبر طلبی (موکدہ جوبلی) کا استعمال مخاطب منکر کیلئے کیا جائے تو ہم کہیں گے کہ اس متکلم نے جیسا ظاہر حال کا تقاضا تھا ویسے ہی اپنی کلام کا استعمال کیا ہے، مگر کبھی بعض اعتبارات ایسے ہوتے ہیں جنہیں متکلم مناسب وملحوظ رکھنا چاہتا ہے تو ایسے اوقات واحوال میں ظاہر حال کے مقتضیات سے عدول واعراض کیا جاتا ہے اور ان کے تقاضوں کے خلاف چند انواع مخصوصہ میں کلام لایا جاتا ہے۔ اور اس طرح عدول کرنے کو اخراج الکلام علیٰ خلاف مقتضی الظاہر کہا جائے گا۔

❷ خلاف مقتضی الظاہر کے پانچ مواقع کی وضاحت مع امثلہ:۔ ① یہ ہے کہ فائدۃ الخبر اور لازم فائدۃ الخبر سے کسی واقف کار انسان کو ناواقف اور جاہل تصور اور فرض کر لیا جاتا ہے، اسلئے کہ وہ اپنے علم کے موجب اور تقاضے پر عمل نہیں کر رہا تو ایسے علم سے کیا فائدہ، گویا ہم اسے جاہل اور ناواقف ہی کہیں گے، کیونکہ اگر واقعی عالم ہوتا تو ضرور اس علم کے موجب اور تقاضے پر عمل کرتا، چنانچہ ایسے شخص کیلئے ایسی ہی خبر لائی جائیگی جو کسی جاہل کیلئے لائی جاتی ہے، مثلاً اگر آپ کسی ایسے شخص کو دیکھیں جو اپنے باپ کو ضرب وشتم وغیرہ کی تکلیف پہنچا رہا ہے تو آپ اس سے یوں کہیں گے، **هذا ابوك** (یہ تیرا باپ ہے) یعنی جب باپ ہے تو اسکی تکلیف نہیں پہنچانا چاہئے۔ یہاں ظاہر کے تقاضے کے مقتضیات سے **هذا ابوك** کہنا صحیح نہیں تھا، کیونکہ آپ کا مخاطب آپ سے زیادہ واقف کار ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

کہ فلاں شخص میرا باپ ہے مگر وہ اسکے مقتضی پر عمل نہیں کر رہا، اس وجہ سے اسے جاہل قرار دے کر اسے ھذا ابوک کہہ کر خبر دی گئی ہے۔

② یہ ہے کہ مخاطب غیر منکر کو منکر کے درجہ میں اتار کر اسکے سامنے خبر کو مؤکد و پختہ کر کے ذکر کرنا، جبکہ اس پر انکار کی کوئی علامت پائی جائے، مثلاً ایک قیدی شخص کو قریب زمانہ میں رہائی کی خبر دی گئی تھی، وہ آپ سے مایوسانہ انداز میں سوال کرتا ہے کہ کیا ہمارا چھٹکارا بھی ہوسکتا ہے؟ تو یہ شخص اگر چہ رہائی کے بارے میں متردد ہے، رہائی کا منکر نہیں ہے مگر اسکے چہرے اور انداز سے اس طرح معلوم ہو رہا ہے کہ وہ رہائی کا منکر ہے تو آپ کا ایسے شخص کے سامنے کلام و خبر کو حروف تاکید کے ساتھ مؤکد کر کے پیش کرنا کہ ان الفرج لقریب (بے شک آپ کی رہائی البتہ قریب ہے) کہ مقام عدم تاکید یا تاکید استحسانی کا ہے مگر آپ نے کلام کو دو حرف تاکید کے ساتھ مؤکد و پختہ کر دیا۔

③ یہ ہے کہ مخاطب منکر یا متردد کو خالی الذھن کے درجہ و مرتبہ میں اتار کر کلام کو بلا تاکید ذکر کرنا، جب کہ اس مخاطب کے پاس اس قدر دلائل و شواہد ہوں کہ اگر وہ ان میں ذرہ بھی غور وفکر کرے تو اسکا شک و انکار ختم ہو جائے۔ جیسے وہ شخص جو حکمت وطب کی منفعت کا منکر یا شک کرنیوالا ہے، آپ اسکے سامنے کلام کو بغیر تاکید کے ذکر کریں اور یوں کہیں الطب نافع (طب نفع بخش ہے)۔

④ یہ ہے کہ ماضی کو مضارع کی جگہ پر کسی غرض کے لئے ذکر کرنا مثلاً کسی چیز کے حصول و وقوع کے یقینی ہونے پر تنبیہ کرنے کیلئے امر مستقبل کو ماضی کے صیغہ سے تعبیر کرنا، حالانکہ مقام کا تقتضی یہ ہے کہ مضارع کا صیغہ استعمال کیا جائے جیسے **اتیٰ امر اللہ فلا تستعجلوہ** اس میں وقوع قیامت کو ماضی کے صیغہ سے تعبیر کیا گیا ہے، حالانکہ مستقبل میں اس کا وقوع ہوگا، لہٰذا مضارع کا صیغہ آنا چاہئے تھا، مگر وقوع کے یقینی ہونے کی وجہ سے ماضی کا صیغہ ذکر کر دیا گویا کہ قیامت واقع ہو چکی ہے۔

⑤ یہ ہے کہ جملہ انشائیہ کی جگہ جملہ خبریہ کو ذکر کرنا کسی غرض و مقصد کیلئے مثلاً نیک فالی کی وجہ سے جملہ انشائیہ کی جگہ پر جملہ خبریہ کو ذکر کرنا جیسے **ھداك اللہ لصالح الاعمال** (اللہ تعالیٰ آپ کو نیک کاموں کی توفیق مرحمت فرمائیں) اس مثال میں متکلم شخص ابھی دعا کر رہا ہے تو اس کے ظاہر کا تقاضا یہ تھا کہ **یھدیکم اللہ** مضارع کا صیغہ استعمال کیا جاتا، مگر مضارع کی جگہ ماضی کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے کہ متکلم اللہ تعالیٰ سے اپنی دعا کی قبولیت کا اس قدر امیدوار ہے کہ گویا اللہ تعالیٰ نے ہماری مراد معلوم کر لی ہے اور ہماری خواہشات کے موافق نیک اعمال کی توفیق مل بھی گئی ہے۔

**الشق الثانی**...... وَالتَّعْقِيْدُ اَنْ يَكُوْنَ الْكَلَامُ خَفِيَّ الدَّلَالَةِ عَلَى الْمَعْنَى الْمُرَادِ وَالْخِفَّةُ اِمَّا مِنْ جِهَةِ اللَّفْظِ كَقَوْلِ الْمُتَنَبِّيْ، جَفَخَتْ وَهُمْ لَا يَجْفَخُوْنَ بِهَابِهِمْ شِيَمٌ عَلَى الْحَسَبِ الْاَغَرِّ دَلَائِلُ۔

عبارت پر اعراب لگا کر مطلب خیز ترجمہ کیجئے، نیز بتائیے کہ مذکورہ شعر کس کی مثال ہے۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) ممثل لہ کی نشاندہی۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّفی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور تعقید یہ ہے کہ کلام اپنا معنیٰ مرادی صاف اور واضح طور پر نہ بتائے اور کلام کا یہ خفاء (معنیٰ کو صاف اور واضح طور پر نہ بتانا) کبھی تو لفظ کی طرف سے آتا ہے جیسے متنبی کے اس شعر میں ہوا ہے۔ جفخت الخ ترجمہ فخر کیا حالانکہ وہ لوگ ان پر فخر نہیں کرتے ہیں، ان لوگوں پر ایسے اچھے اخلاق نے جو معزز حسب ونسب پر دلالت کرنے والے ہیں۔

❸ ممثل لہ کی نشاندہی:۔ متنبی کا یہ شعر تاکید لفظی کی مثال ہے کہ اس شعر میں لفظی ہیر پھیر اور تقدیم وتاخیر کی وجہ سے شعر کا معنیٰ مرادی واضح نہیں ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۶ھ

**الشق الاوّل** ......وَاَمَّا التَّمَنِّیْ فَهُوَ طَلَبُ شَیْئٍ مَحْبُوْبٍ لَا یُرْجٰی حُصُوْلُهٗ لِكَوْنِهٖ مُسْتَحِیْلًا اَوْبَعِیْدًا اَوْلُزُوْمٍ كَقَوْلِهٖ "اَلَالَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ یَوْمًا ...... فَاُخْبِرَهٗ بِمَا فَعَلَ الْمَشِیْبُ"

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے۔ ادوات تمنی کیا کیا ہیں مثالوں کیساتھ تحریر کیجئے تمنی اور ترجی میں فرق واضح کیجئے۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) ادوات تمنی کی نشاندہی مع امثلہ (۴) تمنی اور ترجی میں فرق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرفی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور بہرحال تمنی وہ کسی ایسی محبوب و پسندیدہ چیز کو طلب کرنے کا نام ہے جس کے حاصل ہونے کی امید نہ ہو۔ کیونکہ وہ محال یا قریب بمحال ہو۔ جیسے شاعر کا یہ شعر ہے۔ الا لیت الشباب یعود الخ

ترجمہ:۔ اے کاش کہ جوانی کسی دن لوٹ آتی تاکہ میں اسے بتاتا کہ بڑھاپے نے میرے ساتھ کیا سلوک کیا۔

❸ ادوات تمنی کی نشاندہی مع امثلہ:۔ ادوات تمنی چار ہیں۔ ایک اصلی ہے اور وہ لیت ہے جیسے شعر میں ہے اور تین غیر اصلی ہیں۔ ان میں سے ایک هل ہے جیسے فهل لنا من شفعاء فيشفعوا لنا (اے کاش ہمارے لئے سفارش کرنے والے ہوتے کہ وہ ہماری سفارش کرتے) دوسرا حرف لَوْ ہے جیسے فلو ان لنا كرة فنكون من المؤمنين (کاش کہ ہمیں دنیا میں آنا دوبارہ نصیب ہوتا تو ہم ایمانداروں میں سے ہوتے) اور تیسرا حرف لعل ہے جیسے شاعر کا یہ شعر ہے۔

اَسِرْبَ الْقَطَا هَلْ مَنْ یُّعِیْرُ جَنَاحَهٗ لَعَلِّیْ اِلٰی مَنْ قَدْ هَوِیْتُ اَطِیْرُ

اے قطا نامی پرندوں کی جماعت کیا کوئی مجھے اپنا پر عارت پر دے گا کاش کہ میں اپنے محبوب کے پاس اڑ کر پہنچ جاؤں

❹ تمنی و ترجی میں فرق:۔ تمنی کہ آدمی کسی ایسی محبوب چیز کو طلب کرے کہ اس شیئ مطلوب کا حصول ناممکن ہو یا خارج میں بعید ہو اس کو تمنی کہتے ہیں۔ اور ترجی کہ آدمی کسی ایسی محبوب چیز کو طلب کرے کہ اس شیئ مطلوب کا حصول متوقع ہو اس کو ترجی کہتے ہیں۔

**الشق الثانی** ......ومنها الالتفات وهو نقل الكلام ...... ومنها التغليب وهو...... .

التفات کی تعریف کریں۔ التفات کی قسمیں مثالوں کے ساتھ تحریر کریں۔ تغلیب کی تعریف کرنے کے بعد اقسام مع امثلہ تحریر کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) التفات کی تعریف واقسام مع امثلہ (۲) تغلیب کی تعریف واقسام مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ التفات کی تعریف واقسام مع امثلہ:۔ التفات کلام کو تکلم یا خطاب یا غیبت میں سے ایک کو دوسرے کی طرف نقل کرنا ہے یعنی پہلے متکلم کا صیغہ استعمال کیا پھر متکلم کی بجائے خطاب یا غیبت کا صیغہ استعمال کر لیا۔ اسی طرح بقیہ میں بھی۔ التفات کی کل چھ صورتیں وقسمیں ہیں ① نقل الكلام من التكلم الى الخطاب جیسے ومالی لا اعبدالذی فطرنی والیه ترجعون یہاں لا اعبد متکلم کے بعد ترجعون مخاطب کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے۔

② نقل الكلام من التكلم الى الغيبة جیسے انا اعطينك الكوثر فصل لربك وانحر یہاں لنا اور اعطینا دونوں متکلم کے صیغوں کے بعد لربک میں ضمیر خطاب کو استعمال کیا گیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

⑥ نقل الکلام من الخطاب الی التکلم جیسے اتطلب وصل ربّات الجمال۔ وقد سقط المشیب علی قذالی۔ اس میں تطلب مخاطب کے بعد قذالی میں ضمیر متکلم مستعمل ہے۔

⑦ نقل الکلام من الخطاب الی الغیبۃ جیسے ربنا انک جامع الناس لیوم لاریب فیه ان الله لایخلف المیعاد اس میں انکَ ضمیر خطاب کے بعد ان اللّٰہ میں غیب کے صیغہ کا استعمال ہے۔

⑧ نقل الکلام من الغیبۃ الی التکلم جیسے ھوالذی ارسل الریاح بشرا بین یدی رحمته وانزلنا من السماء ماءً طھورا۔ اس میں ھو اور ارسل صیغہ غائب کے بعد انزلنا صیغہ متکلم کو لایا گیا ہے۔

⑨ نقل الکلام من الغیبۃ الی الخطاب جیسے واذاخذنا بنی اسرائیل لاتعبدون الّا اللّٰہ اس میں بنی اسرائیل صیغہ غائب کے بعد تعبدون صیغہ خطاب مستعمل ہے۔

## ﴿الورقۃ الخامسۃ : فی البلاغۃ﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاول** ......وَاَمَّا الْعَلَمُ فَيُؤْتٰى بِهٖ لِاِحْضَارِ مَعْنَاهُ فِيْ ذِهْنِ السَّامِعِ بِاسْمِهِ الْخَاصِ نَحْوُ وَاِذْيَرْفَعُ اِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمَاعِيْلُ وَقَدْ يُقْصَدُ بِهٖ مَعَ ذَالِكَ اَغْرَاضٌ اُخْرٰى۔

عبارت کا سلیس ترجمہ کیجئے، عبارت پر اعراب لگا کر تشریح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح۔

**جواب** ...... ① عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

② عبارت کا ترجمہ:۔ بہر حال عَلَم بس اس کو لایا جاتا ہے اس کے معنی کو سننے والے کے ذہن میں مخصوص نام کے ساتھ حاضر کرنے کے لئے جیسے واذ یرفع ابراھیم القواعد من البیت و اسمٰعیل اور کبھی قصد کیا جاتا ہے اس عَلَم کے ساتھ اس غرض مذکورہ کے ساتھ اور اغراض کا بھی۔

③ عبارت کی تشریح:۔ معرفہ کی دوسری قسم عَلَم ہے۔ کلام میں اس کا استعمال اس لئے کیا جاتا ہے کہ کسی شئی کے تصور کو ذہن مخاطب میں اس کے خاص نام کے ساتھ جمادیا جائے جیسے واذ یرفع ابراھیم القواعد من البیت و اسمٰعیل (یاد کرو اس وقت کو جب ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام کعبۃ اللہ کی بنیادوں کو اٹھا رہے تھے) اس آیت میں دو علم مذکور ہوئے ہیں تا کہ ان سے مخصوص پیغمبر ابوالانبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کے صاحبزادے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی پاکیزہ شخصیتوں کا تصور ذہن سامع میں جم جائے۔ اگر یہ اسم علم نہ لایا جاتا تو بنائے کعبہ کا فاعل کوئی بھی غیر متعین دو افراد مراد ہو سکتے تھے۔

**الشق الثانی** ......وَقَدْ تُخْرَجُ اَلْفَاظُ الْاِسْتِفْهَامِ عَنْ مَعْنَاهَا الْاَصْلِيِّ لِمَعَانٍ اُخَرَ تُفْهَمُ مِنْ سِيَاقِ الْكَلَامِ كَالتَّسْوِيَةِ نَحْوُ سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے، استفہام کے الفاظ جن دوسرے معانی کیلئے آتے ہیں ان میں سے چھ الفاظ کو مثالوں کیساتھ ذکر کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ استفہام کا

غیر معنی اصلی میں استعمال مع امثلہ۔

**ج** ...... ❶ **عبارت پر اعراب:۔** کما مرفی السوال آنفا۔

❷ **عبارت کا ترجمہ:۔** اور کبھی الفاظ استفہام اپنے حقیقی معنی سے نکل کر ایسے دوسرے معنوں کے لئے استعمال کیے جاتے ہیں جو اسلوب بیان سے خود بخود معلوم ہو جایا کرتے ہیں مثلاً تسویہ جیسے سواء علیهم ءانذرتهم ام لم تنذرهم ان کے حق میں برابر ہے چاہے آپ ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں۔

❸ **الفاظ استفہام کا غیر معنیٰ اصلی میں استعمال مع امثلہ:۔** ① تسویہ میں جیسے سواء علیهم ءانذرتهم ام لم تنذرهم ان کے حق میں آپ کا ڈرانا اور نہ ڈرانا برابر ہے ② نفی کے معنی میں جیسے هل جزاء الاحسان الا الاحسان احسان کا معاوضہ احسان کے سوا کچھ نہیں ③ انکار کے معنی میں جیسے اغیر الله تدعون کیا اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے؟ ④ امر کے معنی میں جیسے فهل انتم منتهون سو اب بھی تم باز آؤ گے اور أسلمتم کیا تم بھی تابع ہوتے ہو یہ بمعنی انتهوا اور أسْلِمُوْا ہے ⑤ نہی کے معنی میں جیسے اتخشونهم فالله احق ان تخشوه کیا تم ان لوگوں سے ڈرتے ہو حالانکہ اللہ سب سے زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو اس کے معنی یہ ہوئے کہ تم ان لوگوں سے نہ ڈرو ⑥ مخاطب کو رغبت اور شوق دلانے کے معنی میں جیسے هل ادلکم علیٰ تجارة تنجیکم من عذاب الیم کیا میں تم لوگوں کو ایسا کاروبار بتلاؤں جو تمہیں ایک دردناک عذاب سے رہا کرے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاوّل** ...... وَاَمَّا الْمَوْصُوْلُ فَيُؤْتٰى بِهٖ اذا تعين طريقا لاحضار معناه كَقَوْلِكَ "اَلَّذِيْ كَانَ مَعَنَا اَمْسِ مُسَافِرٌ" اِذَا لَمْ تَكُنْ تَعْرِفُ اِسْمَهٗ اَمَّا اِذَا لَمْ يَتَعَيَّنْ طَرِيْقًا لِذَالِكَ فَيَكُوْنُ لِاَغْرَاضٍ اُخْرٰى۔

عبارت پر اعراب لگایئے، عبارت کا معنی خیز ترجمہ کر کے تشریح کیجئے، موصول دیگر اغراض کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ان اغراض کو مثالوں کے ساتھ ذکر کیجئے۔ معرف باللام کو کن صورتوں میں لایا جاتا ہے؟ مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) موصول کے استعمال کی اغراض مع امثلہ (۵) معرف باللام کو ذکر کرنے کی صورتیں مع امثلہ۔

**ج** ...... ❶ **عبارت پر اعراب:۔** کما مرفی السوال آنفا۔

❷ **عبارت کا ترجمہ:۔** اور بہر حال موصول یہ اس وقت لایا جاتا ہے جب کہ سامع کے ذہن میں اس کا معنی حاضر کرنے اور تصور جمانے کیلئے بطور ایک طریقے کے متعین ہو جائے جیسے کہ تیرا قول الذی کان معنا امس مسافر (جو شخص کل ہمارے ساتھ تھا وہ مسافر تھا) جبکہ تم اس کا نام نہ جانتے ہو بہ خلاف جبکہ وہ بطور کسی طریقے کے اس کیلئے متعین نہ ہو تو اس وقت وہ دوسرے اغراض و مقاصد کیلئے ہوگا۔

❸ **عبارت کی تشریح:۔** معرفہ کی چوتھی قسم اسم موصول ہے کلام میں اس کا استعمال اس وقت کیا جاتا ہے جبکہ ذہن سامع میں اس کا تصور جمانے کے لئے ایک ہی طریقہ اور ذریعہ متعین ہو اور اس کے علاوہ کوئی دوسرا طریقہ ممکن نہ ہو جیسے کہ آپ اور آپ کے دوست کی گذشتہ کل کسی اجنبی سے ملاقات ہوئی تھی اور آپ کا دوست تو اس سے بالکل ناواقف ہے اور آج آپ کا یہ دوست اس شخص کے بارے میں پوچھ رہا ہے کہ کل جس صاحب سے ہماری ملاقات ہوئی تھی وہ کون تھے یا آپ ہی خود اسے بتانا چاہتے ہیں مگر

Maktaba Tul Ishaat.com

آپ بھی اس کا نام وسکونت اور دیگر تفصیلات وغیرہ نہیں جانتے ہیں البتہ اتنا جانتے ہیں کہ وہ ایک مسافر شخص تھے اس شہر کے باشندے نہیں تھے تو اس صورت میں آپ یہی جواب دیں گے کہ الذی کان معنا امس مسافر دیکھئے آپ الذی کی صورت میں تعریف اس مجبوری کی وجہ سے کر رہے ہیں کہ نہ تو وہ صاحب قریب ہیں کہ ان کی جانب اشارہ کرتے، نہ ہی ان کا علم وغیرہ جانتے ہیں کہ جس کا سہارا لے کر آپ اپنے سامع کے ذہن میں اس شخص کا تصور لاتے آپ زیادہ سے زیادہ اتنا ہی جانتے ہیں کہ وہ صاحب کل ہمارے ساتھ تھے تو آپ اب اسی کے سہارے یعنی الذی لا کر اپنے دوست کے ذہن میں اس شخص کے تصور کو لانے پر مجبور ہوں گے۔ یہ فائدہ یا غرض اسم موصول کے استعمال کرنے کی ہے اور یہی اصلی اور حقیقی غرض ہے۔

مگر جب وہ بحیثیت ایک طریقے اور ذریعے کے متعین نہ ہو بلکہ تعریف کے دوسرے طریقے بھی ممکن ومقصود ہو سکتے ہوں، تاہم ان دوسرے طریقوں کا استعمال نہ کیا جائے اور اسم موصول ہی کا استعمال کیا جائے تو اس صورت میں اسم موصول کے استعمال کی غرضیں اس پہلی غرض کے علاوہ دوسری ہوں گی۔

④ <u>موصول کے استعمال کی اغراض مع امثلہ:</u>۔ اسم موصول کو ذکر کرنے کی چھ اغراض ہیں۔

① اسم موصول کے استعمال کی پہلی غرض کسی شیٔ کی علت اور وجہ بیان کرنا ہوتا ہے جیسے ان الذین امنوا وعملوا الصالحات کانت لهم جنّت الفردوس نزلا (بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک کام کیے ان کیلئے ٹھنڈی چھاؤں کے باغات ہونگے بطور مہمانی کے) یعنی ایمان اور اعمال صالحہ وجہ اور علت ہوئی دخول جنت کی اگر یہ علت نہ پائی جاتی تو جنت میں داخلے کا مستحق قرار نہ پاتے (دیکھئے یہ فائدہ ہوا اسم موصول اور اس کے صلہ کے استعمال کا)۔

② دوسری غرض اپنے مخصوص مخاطب کے علاوہ دوسروں سے کسی بات کا مخفی رکھنا مقصود ہوتا ہے جیسے اخذت ملجاد الامير به وقضيت حاجاتی كما هوا هوی (حاکم نے جو کچھ دیا میں نے لے لیا اور میں نے حسب مرضی اپنی ضرورتوں میں خرچ کیا) دیکھئے یہاں دی ہوئی چیز کا نام نہیں لیا گیا تا کہ مخاطب ومتکلم کے علاوہ کسی کو اس کا علم نہ ہو سکے۔

③ تیسری غرض مخاطب کو اس کی غلطی پر متنبہ کرنا ہوتا ہے۔ جیسے اِنَّ الَّذِيْنَ تَرَوْنَهُمْ اِخْوَانَكُمْ. يَشْفِيْ غَلِيْلَ صُدُوْرِهِمْ اَنْ تُصْرَعُوْا (وہ لوگ جن کو تم اپنا بھائی سمجھتے ہو وہ تو آپ کے دشمن ہیں۔ ان کے دلوں کی پیاس تب بجھے گی جب تم پچھاڑے جاؤ) یعنی تم حوادثات کا شکار ہو جاؤ یا ہلاک ہو جاؤ، ظاہر ہے کہ یہاں الذين ترونهم کی شکل میں جو صلہ اور موصول کا استعمال ہوا ہے اس سے اس شاعر کی غرض اپنے مخاطبین کو ان کی غلطی پر متنبہ اور خبردار کرنا ہے۔ کہ تم دشمن کو دوست اور بدخواہ کو خیرخواہ سمجھ رہے ہو۔ اب اگر یہ متکلم دوست نما ان دشمنوں کے نام یا تعریف کے طریقوں میں سے ایک طریقے کا استعمال کرتا تو یہ فائدہ حاصل نہ ہوتا۔

④ چوتھی غرض محکوم بہ (مسند) کی شان کی بڑائی کو ذکر کرنا جیسے اِنَّ الَّذِیْ سَمَكَ السَّمَاءَ بَنٰى لَنَا الخ (بیشک وہ ذات جس نے آسمان کی بلند عمارت تعمیر کی اُس نے ہمارے لئے ایک ایسا گھر بنایا جس کے ستون نہایت لمبے اور باعزت ہیں)۔

اس شعر میں بنائے کعبہ محکوم بہ ومسند ہے۔ الذی سمك السماء کی صورت میں اسم موصول وصلہ کو لا کر اُس کی عظمت کو بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ ہمارے اس کعبہ کی تعمیر اُس عظیم ہستی نے کی ہے جس نے بلند وبالا آسمان کو بنایا ہے، یہ کسی عام معمولی کاریگر اور انجینئر کا کام نہیں ہے۔ اگر متکلم اسم موصول اور صلہ کی بجائے لفظ اللہ وغیرہ ذکر کر دیتا تو یہ عظمت والا مقصد حاصل نہ ہوتا۔

⑤ پانچویں غرض مسند الیہ کی خوفناکی اور ہولناکی کو ظاہر کرنا، کبھی یہ خوفناکی وہولناکی تعظیم کے طور پر ہوتی ہے اور کبھی تحقیر کے طور پر ہوتی ہے۔ ہولناکی کی تعظیم جیسے فَغَشِيَهُمْ مِنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ (پھر اُن فرعونیوں کو اُس سمندر کے پانی کی اس قدر عظیم موج اور اتنے زیادہ پانی نے ڈھانپ لیا کہ جن کو الفاظ وعبارت میں ذکر کرنا ممکن نہیں)۔ اس عبارت میں اللہ تعالیٰ نے ما اسم موصول اور اسکے صلہ غشیھم کے ذریعے اُس پانی اور موج کی ہولناکی کی عظمت کو بیان کیا ہے کہ ہم اُس پانی کی کثرت اور موج کی بلندی کی مقدار نہیں بتاتے کہ وہ کس قدر زیادہ اور بلند تھی آپ خود ہی اندازہ کرلو۔ اگر اُن موجوں کی زیادتی اور بلندی کو ذکر کردیا جاتا تو یہ ہولناکی والا مقصد حاصل نہ ہوتا۔ ہولناکی کی تحقیر جیسے مَنْ لَمْ يَدْرِ حَقِيْقَةَ الْحَالِ قَالَ مَا قَالَ (جس شخص کو حقیقتِ حال معلوم نہیں اُس نے وہ بات کہی جو کہی) یعنی جس شخص کو صحیح صورتحال وحقیقت معلوم نہیں وہ ایسی ہی گری پڑی اور حقیر باتیں کہے گا، اُس سے معقول اور سمجھداری والی بات کی توقع نہیں ہے۔ اس مثال میں اسم موصول کے ذریعے مسند الیہ کی حقارت کو بیان کیا گیا ہے۔

⑥ چھٹی غرض کسی چیز کے استہزاء وتمسخر کا اظہار مقصود ہو جیسے مشرکینِ مکہ کا قول يَا أَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ (اے وہ شخص جس پر قرآن نازل کیا گیا ہے بیشک تو مجنون ہے) اس میں مشرکین مکہ نے آپ ﷺ کو بطور استہزاء وتمسخر کہا کہ کیا آپ ہی ایسے بڑے رہ گئے تھے جن کو رسالت کے لئے اللہ تعالیٰ نے منتخب کیا، آپ کے علاوہ اللہ تعالیٰ کو کوئی بڑا شخص ملا ہی نہیں تھا۔ تو یہاں پر اسم موصول کو استہزاء وتمسخر کے اظہار کے لئے ذکر کیا گیا ہے۔

⑤ <u>معرف باللام کو ذکر کرنے کی صورتیں مع امثلہ:۔</u> معرفہ کی پانچویں قسم معرف باللام ہے (وہ اسم جس پر لام تعریف داخل کرکے اُسے معرفہ بنایا گیا ہو)۔ کلام میں اس کا استعمال اُس وقت ہوتا ہے جب کسی چیز کی جنس ہی کے متعلق کوئی بات بتانا مقصود ہو جیسے الانسان حیوانٌ ناطقٌ (جنسِ انسان حیوان ناطق ہے) اس جملہ میں انسان سے کوئی مخصوص انسان مراد نہیں ہے اور نہ ہی تمام انسان مراد ہیں بلکہ دیگر اجناس کے مقابلہ میں اس کے متعلق خبر دی جارہی ہے کہ انسان کی حقیقت اور ماہیت یہ ہے کہ وہ حیوان ناطق ہے۔ اس الف لام کو الف لام جنسیہ کہتے ہیں۔

کبھی خود جنس کے متعلق نہیں بلکہ جنس کے افراد میں سے کسی فرد کے متعلق کوئی بات بتانا مقصود ہو تو اُس خاص فرد کا تعین تین طریقوں سے کیا جاتا ہے۔ ① ماقبل میں اُس کا ذکر گزر جانے کی وجہ سے اُس کا تعین ہوتا ہے جیسے كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا فَعَصَىٰ فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ (جیسے ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجا پس فرعون نے رسول کی نافرمانی کی) اس مثال میں الرسول سے مراد وہی رسول ہے جس کا ذکر ماقبل میں رسولًا کی شکل میں گزر چکا ہے۔

② کبھی اُس فرد کا تعین خود اُس فرد کے بذاتہ موجود ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے جیسے الیوم اکملتُ لکم دینکم (آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کردیا) یہاں پر یوم پر الف لام لگا کر اُس کو متعین کردیا گیا کہ وہ دن خود بذاتہٖ موجود ہے اِس سے مراد ہجرت کے دسویں سال حجۃ الوداع کا یومِ عرفہ ہے۔

③ کبھی اُس فرد کا تعین سامع کے اُس سے واقف اور باخبر ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے جیسے اذ یبایعونك تحت الشجرۃ (جب وہ تم سے بیعت کررہے تھے اُس درخت کے نیچے) اس جملہ میں شجرہ پر الف لام داخل کرکے اسے معرفہ بنایا گیا ہے اور اس کا تعین سامعین کے اُس سے باخبر اور واقف کار ہونے کی وجہ سے ہے کیونکہ اس آیت کے اولین مخاطب حضرات

Maktaba Tul Ishaat.com

صحابہ کرام ﷺ ہیں اور انہوں نے آپ ﷺ کے ہاتھ پر حدیبیا ی جگہ میں واقع کیکر کے درخت کے نیچے یہ بیعت کی تھی لہٰذا اس سے کوئی دوسرا درخت مراد نہیں ہے۔ ان تینوں قسموں کے الف لام کو الف لام عہدی کہتے ہیں۔

کبھی نہ ہی خود جنس مراد ہوتی ہے اور نہ ہی جنس کے افراد مراد ہوتے ہیں بلکہ جنس کے سارے افراد اور ان افراد میں سے ایک ایک فرد کے بارے میں کوئی بات بتلانا مقصود ہوتی ہے جیسے ان الانسان لفی خسر (بلاشبہ سب انسان خسارے میں ہیں) یہاں پر جنسِ انسان یا اُس کا کوئی فردِ متعین مراد نہیں بلکہ ہر ہر فرد کا استیعاب کیا گیا ہے اور ہر ایک کے لئے خسارے ونقصان کا حکم لگایا گیا ہے۔ البتہ اگلی آیت میں نیک وصالح مؤمنین کا استثناء کیا گیا ہے۔ اس الف لام کو الف لام استغراقی کہتے ہیں۔

**الشق الثانی** ......يَجِبُ الْفَصْلُ فِيْ خَمْسَةِ مَوَاضِعَ اَلْاَوَّلُ اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَ الْجُمْلَتَيْنِ اِتِّحَادٌ تَامٌّ بِاَنْ تَكُوْنَ الثَّانِيَةُ بَدَلًا مِنَ الْاُوْلٰى اَوْ بِاَنْ تَكُوْنَ بَيَانًا لَهَا اَوْ بِاَنْ تَكُوْنَ مُؤَكِّدَةً لَهَا وَالثَّانِيْ اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَ الْجُمْلَتَيْنِ تَبَايُنٌ تَامٌّ.

عبارت کا ترجمہ کر کے اعراب لگایئے۔ عبارت میں کمالِ اتصال بین الجملتین کی تین صورتیں ذکر کی گئی ہیں ان میں سے دو مثالیں ذکر کیجئے۔ الثانی ان یکون بین الجملتین تباین تام الی آخرہ میں کمال انقطاع بین الجملتین کی دو صورتیں بیان کی گئی ہیں مثالوں کے ساتھ ان کو تحریر کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت پر اعراب (۳) کمال اتصال بین الجملتین کی صورتیں مع امثلہ (۴) کمال انقطاع بین الجملتین کی صورتیں مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ فصل کرنا واجب ہے پانچ جگہوں میں، پہلی جگہ یہ ہے کہ دو جملوں میں کمالِ اتحاد ہو بایں طور کہ دوسرا جملہ پہلے سے بدل ہو یا دوسرا جملہ پہلے جملہ کے لیے بیان ہو یا دوسرا جملہ پہلے جملہ کی تاکید ہو، دوسری جگہ یہ ہے کہ دو جملوں میں کامل تباین وانقطاع ہو۔

❷ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❸ کمال اتصال بین الجملتین کی صورتیں مع امثلہ:۔ دو جملوں میں کمال اتصال کی پہلی صورت یہ ہے کہ دوسرا جملہ پہلے جملے سے بدل ہو، جیسے امدکم بما تعلمون ، امدکم بانعام وبنین اس میں دوسرا جملہ امدکم بانعام وبنین پہلے جملہ امدکم بما تعلمون سے بدل ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ دوسرا جملہ پہلے جملہ کیلئے بیان ہو، جیسے فوسوس الیہ الشیطن قال یآدم هل ادلك علی شجرة الخلد اس مثال میں پہلا جملہ فوسوس الیہ الشیطن مبیّن ہے، اور دوسرا جملہ قال یآدم الخ اس کیلئے بیان ہے

تیسری صورت کمال اتصال بین الجملتین کی یہ ہے کہ پہلا جملہ مؤکد ہے اور دوسرا جملہ اس کی تاکید ہو، جیسے فمهل الکافرین امهلهم رویدا اس میں مثال میں دوسرا جملہ امهلهم رویدا پہلے جملہ مهل الکافرین کیلئے تاکید ہے۔

❹ کمال انقطاع بین الجملتین کی صورتیں مع امثلہ:۔ دو جملوں میں کمال انقطاع کی پہلی صورت یہ ہے کہ ان میں سے ایک جملہ خبریہ ہو اور دوسرا جملہ انشائیہ ہو، جیسے شاعر کا یہ شعر ہے "وَقَالَ رَائِدُهُمْ اَرْسُوْا نُزَاوِلُهَا ...... فَحَتْفُ كُلِّ امْرِءٍ يَجْرِيْ بِمِقْدَارِ"

ان کے نمائندے نے کہا یہیں ٹھہر جاؤ ہم ان سے قتال کریں گے کیونکہ ہر نفس کی موت اپنے وقت پر آئے گی۔

اس شعر کے پہلے مصرعہ میں أَرْسُوا، نُزَاوِلُهَا یہ دو جملے ہیں، اوران میں کمال انقطاع ہے بایں طور کہ ارسوا اصل امر ہونے کی وجہ سے جملہ انشائیہ ہے اورنزاولها جملہ فعلیہ ہونے کی وجہ سے جملہ خبریہ ہے اس وجہ سے یہاں فصل کرنا ضروری ہے۔

کمال انقطاع بین الجملتین کی صورت یہ ہے کہ اگر چہ دونوں جملیں خبر اور انشاء ہونے کے اعتبار سے تو متفق و متحد ہوں مگر معنوی اعتبار سے ان میں کوئی مناسبت نہ ہو، جیسے علی کاتب ، الحمام طائر (علی کاتب ہے اور کبوتر اڑنے والا جانور و پرندہ ہے) یہ دونوں جملے اگر چہ خبر ہونے کے اعتبار سے متفق ہیں مگر معنوی اعتبار سے ان میں کوئی تعلق ومناسبت نہیں ہے، کیونکہ علی کے کاتب ہونے اور کبوتر کے پرندہ ہونے میں کوئی مناسبت نہیں ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاول** ......وَ الْإِطْنَابُ وَهُوَ تَأْدِيَةُ الْمَعْنَى بِعِبَارَةٍ زَائِدَةٍ عَنْهُ مَعَ الْفَائِدَةِ فَإِذَا لَمْ تَكُنْ فِي الزِّيَادَةِ فَائِدَةٌ سُمِّيَ تَطْوِيلًا إِنْ كَانَتِ الزِّيَادَةُ غَيْرَ مُتَعَيِّنَةٍ وَ حَشْوًا إِنْ تَعَيَّنَتْ.

عبارت کا ترجمہ کر کے اعراب لگائیے۔ مذکورہ عبارت میں اطناب، تطویل اور حشو کا ذکر ہے ان کو مثالوں سے واضح کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور حل طلب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت پر اعراب (۳) اطناب، تطویل و حشو کی وضاحت مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اطناب وہ معنی مرادی کو اس کی نسبت زائد عبارت کے ساتھ ادا کرنا ہے کسی مخصوص فائدہ کے ساتھ پس جب زیادتی میں کوئی فائدہ نہ ہو اور زیادتی غیر متعین ہو تو اس کا نام تطویل رکھا جاتا ہے اور اگر زیادتی متعین ہو تو اس کو حشو کہیں گے۔

❷ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❸ اطناب، تطویل و حشو کی وضاحت مع امثلہ:۔ اطناب کی تعریف یہ ہے کہ معنی مرادی کو ضرورت سے زائد الفاظ کے ساتھ ادا کیا جائے اور ان زائد الفاظ کا کوئی فائدہ بھی ضرور ہو جیسے حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا رب انی وهن العظم منی واشتعل الراس شیبا اس میں حضرت زکریا علیہ السلام اگر صرف رب انی کبرت کے مختصر الفاظ ذکر کرتے تو طلب اولاد والا مقصد ادا ہو جاتا مگر انکی جگہ وهن العظم منی واشتعل الراس شیبا کے طویل الفاظ ذکر کیے اور یہ طویل کلام بے فائدہ نہیں ہے کیونکہ یہ مقام طلب ولد کا تھا بڑھاپا کی وجہ سے اس کے ظاہری اسباب موجود نہیں تھے، اسلئے مقصد کے حصول کیلئے ایسی مؤثر اور درد انگیز دعا کی ضرورت تھی جس کی وجہ سے مخاطب کو ضرور رحم آجائے اور اس کا دل نرم ہو جائے، لہٰذا اس دعا کے زائد الفاظ خاص فائدہ کی وجہ سے ہیں۔

البتہ اگر کلام میں معنی مرادی سے زائد عبارت متعین ہو تو اس کو حشو کہتے ہیں تطویل کی مثال الفی قولها کذبا و مینا (اس جذیمہ نامی بادشاہ نے زباء عورت کے نکاح والے قول کو جھوٹ وفریب پایا، اس میں شاعر نے مراد متکلم کی ادائیگی کیلئے کذبا ومینا کے دو الفاظ ذکر کیے ہیں، صرف کذبا کہنے سے یا صرف مینا کہنے سے بات مکمل ہو سکتی تھی مگر دو الفاظ ذکر کئے اور ان میں سے ایک بے فائدہ لفظ ہے مگر وہ متعین نہیں ہے، اس لئے اس کو تطویل کہیں گے۔

حشو کی مثال واعلم علم الیوم والامس قبله (میں آج اور کل گذشتہ کی خبر جانتا ہوں) اس مثال میں متکلم نے معنی مرادی کی ادائیگی کے لئے الامس قبله کے دو الفاظ ذکر کئے ہیں، حالانکہ امس کا معنی کل گذشتہ ہی ہے، لہٰذا اس کے بعد قبله کا

Maktaba Tul Ishaat.com

لفظ زائد وبے فائدہ ہے اور یہ زیادتی متعین بھی ہے اس لئے اس کو حشو کہیں گے۔

**الشق الثانی** ......وَ اَمَّا الْاِسْتِفْهَامُ فَهُوَ طَلَبُ الْعِلْمِ بِشَيْءٍ وَ اَدَوَاتُهُ اَلْهَمْزَةُ وَهَلْ وَ مَا وَ مَنْ وَ مَتٰى وَ اَيَّانَ وَ كَيْفَ وَ اَيْنَ وَ اَنّٰى وَ كَمْ وَ اَيُّ ـ

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے۔ ادوات استفہام میں سے ہر ایک کی صرف ایک ایک مثال بیان کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) ادوات استفہام کی مثال۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ استفہام، پس وہ کسی چیز کا علم طلب کرنا ہے اور اس کے ادوات یہ ہیں۔ همزه ، هل ، ما ، مَن، متی، ایان، کیف، این ، انی ، کم ، ای ۔

❸ ادوات استفہام کی مثال:۔ ہمزہ کی مثال آسَافر علیٌّ ،ھل کی مثال هَلْ جَاءَ صَدِيْقُكَ ،ما کی مثال مَاالْاِنْسَانُ ،مَنْ کی مثال مَنْ فَتَحَ الْمِصْرَ ، مَتٰی کی مثال مَتٰى تَذْهَبُ ،اَیَّان کی مثال يَسْئَلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ ،کیف کی مثال كَيْفَ اَنْتَ ،این کی مثال اَيْنَ تَذْهَبُ ،انّٰی کی مثال اَنّٰى يُحْيِيْ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ،کم کی مثال كَمْ لَبِثْتُمْ ،ایّ کی مثال اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَقَامًا ـ

## ﴿الورقة الخامسة : فی البلاغة﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱٤۳۸ھ

**الشق الاوّل** ...... وَ مِنْهَا التَّذْيِيْلُ وَهُوَ تَعْقِيْبُ الْجُمْلَةِ بِاُخْرٰى تَشْتَمِلُ عَلٰى مَعْنَاهَا تَاْكِيْدًا وَ هُوَ اِمَّا اَنْ يَّكُوْنَ جَارِيًا مَجْرَى الْمَثَلِ لِاِسْتِقْلَالِ مَعْنَاهُ وَ اسْتِغْنَائِهِ عَمَّا قَبْلَهُ وَ اِمَّا اَنْ يَّكُوْنَ غَيْرَ جَارٍ مَجْرَى الْمَثَلِ لِعَدَمِ اِسْتِغْنَائِهِ عَمَّا قَبْلَهُ ۔ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے۔ عبارت کی تشریح مثالوں کی روشنی میں کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت پر اعراب (۳) عبارت کی تشریح مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ تذییل یہ ہے کہ کسی جملہ کو ایک جملہ کے بعد لایا جائے جو پہلے کے معنی پر مشتمل ہو، اس کو پختہ کرنے کے لئے اور یہ دوسرا جملہ یا تو مثل و کہاوت کے قائمقام ہو اس کے مستقل بالمعنی اور اپنے ماقبل سے مستغنی ہونے کی وجہ سے اور یا یہ اپنے ماقبل سے مستغنی نہ ہونے کی وجہ سے مثل و کہاوت کے قائم مقام نہ ہو۔

❷ عبارت پر اعراب:۔کما مرّ فی السوال آنفا۔

❸ عبارت کی تشریح مع امثلہ:۔ اس عبارت میں اطناب کی آٹھویں قسم تذییل کا ذکر ہے، تذییل یہ ہے کہ کسی جملہ کے بعد ایک ایسا جملہ بڑھایا جائے جو پہلے جملہ کے معنی پر مشتمل ہو اور اس جملہ کو لانے کا مقصد پہلے جملہ کو پختہ کرنا ہو پھر تذییل کی دو قسموں کا ذکر ہے، جاری مجری مثل اور غیر جاری مجری مثل۔

تذییل جار مجری مثل وہ دوسرا جملہ ہے جو مستقل بالمعنی اور ماقبل والے جملہ سے مستغنی اور حکم کلی کو متضمن ہونے کی وجہ سے بطور مثال وکہاوت کے مستعمل ہوسکتا ہو جیسے جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا اس میں دوسرا جملہ ان الباطل كان زهوقا ماقبل کی تاکید ہے مستقل بالمعنی ہے اور عام بول چال میں بطور کہاوت مستعمل ہوتا ہے۔

تذییل غیر جاری مجری مثل وہ دوسرا جملہ ہے جو ماقبل سے مستغنی اور مستقل بالمعنی نہ ہونے کی وجہ سے بطور کہاوت مثال کے مستعمل نہ ہوسکتا ہو، جیسے ذلك جزيناهم بما كفروا، وهل نجازي الا الكفور اس میں دوسرا جملہ وهل نجازي الا الكفور ماقبل والے جملہ کی تاکید ہے مگر بطور کہاوت ومثال اس کا استعمال نہیں ہوتا کیونکہ اس کا سمجھنا ماقبل والے جملہ پر ہی موقوف ہے کیونکہ اس میں مذکور جزا سے وہی جزا مراد ہے جس کا ذکر ماقبل والے جملہ میں کیا گیا ہے اور وہ باغات کی تباہی ہے اور یہاں مطلق جزا مراد نہیں ہے ورنہ یہ بھی جاری مجری مثل کی مثال ہوگی۔

**الشق الثانی** ...... وَ اَمَّا النَّفْيُ فَالتَّقْيِيْدُ بِهٖ يَكُوْنُ بِسَلْبِ النِّسْبَةِ عَلٰى وَجْهٍ مَخْصُوْصٍ مِمَّا تُفِيْدُهٗ اَحْرُفُ النَّفْيِ وَ هِيَ سِتَّةٌ لَا وَ مَا وَ اِنْ وَ لَنْ وَ لَمْ وَ لَمَّا فَلَا لِلنَّفْيِ مُطْلَقًا وَمَا وَ اِنْ لِنَفْيِ الْحَالِ اِنْ دَخَلَا عَلَى الْمُضَارِعِ وَ لَنْ لِنَفْيِ الْاِسْتِقْبَالِ وَ لَمْ وَ لَمَّا لِنَفْيِ الْمُضِيِّ.

عبارت کا سلیس ترجمہ کیجئے، عبارت پر صحیح اعراب لگائیے، لم اور لما کے استعمال میں فرق کو مثالوں کی روشنی میں واضح کیجئے۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت پر اعراب (۳) لم ولما میں فرق مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ نفی اس کے ساتھ حکم کو مقید کرنا مخصوص طریقہ پر نسبت کو سلب کرنے کیلئے ہوتا ہے، جس کا حروف نفی فائدہ دیتے ہیں اور وہ چھ حروف ہیں لا ، ما، ان، لن ، لم ، لما پس "لا" مطلق نفی کیلئے آتا ہے، ما، ان حال کی نفی کے لئے آتے ہیں، جب وہ مضارع پر داخل ہوں، لن مستقبل کی نفی کے لئے آتا ہے لم ولمّا ماضی کی نفی کیلئے آتے ہیں۔

❷ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❸ لَمْ ولَمَّا میں فرق مع امثلہ:۔ لَمْ ولمّا میں عمومی طور پر تین فرق ذکر کئے جاتے ہیں۔ ① لَمْ مطلق نفی ماضی کے لئے آتا ہے جیسے لم يضرب اس نے نہیں مارا اور لما استغراق نفی کے لئے آتا ہے لما يضرب اس نے وقت ولادت سے وقت تکلم تک کسی زمانہ میں نہیں مارا ② لم میں فعل مضارع مجزوم کو حذف کرنا جائز نہیں ہے ندم زيد ولم کہنا درست نہیں ہے اور لما کے بعد مضارع کو حذف کرنا جائز ہے ندم زيد ولما کہنا درست ہے اصل میں ہے ولما ينفعه الندامة کہ زید شرمندہ ہوا مگر شرمندگی نے اس کو فائدہ نہ دیا ③ لم میں فعل منفی کے وقوع کی توقع نہیں ہوتی جبکہ لما میں فعل منفی کے وقوع کی توقع ہوتی ہے جیسے لم يركب سوار نہیں ہوا لما يركب الامير ابھی تک امیر سوار نہیں ہوا مگر سوار ہونے کی توقع وانتظار ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاول** ......وَاَمَّا الشَّرْطُ فَالتَّقْيِيْدُ بِهٖ يَكُوْنُ لِلْاَغْرَاضِ الَّتِيْ تُؤَدِّيْهَا مَعَانِيْ اَدَوَاتِ الشَّرْطِ كَالزَّمَانِ فِيْ مَتٰى وَاَيَّانَ وَالْمَكَانِ فِيْ اَيْنَ وَاَنّٰى وَحَيْثُمَا وَالْحَالِ فِيْ كَيْفَمَا وَاسْتِيْفَاءُ ذٰلِكَ وَتَحْقِيْقُ الْفَرْقِ بَيْنَ الْاَدَوَاتِ يُذْكَرُ فِيْ عِلْمِ النَّحْوِ وَاِنَّمَا يُفَرَّقُ هٰهُنَا بَيْنَ اِنْ وَاِذَا وَلَوْ لِاخْتِصَاصِهَا بِمَزَايَا تُعَدُّ مِنْ وُجُوْهِ الْبَلَاغَةِ.

Maktaba Tul Ishaat.com

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ وتشریح کریں۔ اِنْ، اِذَا اور لَوْ میں استعمال کے لحاظ سے فرق کو مثالوں سے واضح کریں۔

﴿ خلاصۂ سوال ﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) اِنْ، اِذَا اور لَوْ کے استعمال میں فرق مع امثلہ۔

جواب ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ في السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور شرط پس حکم کو اس کے ذریعے مقید کرنا ان اغراض کیلئے ہوتا ہے جن کو حروفِ شرط کے معانی ادا کرتے ہیں جیسا کہ متی و ایّان زمانہ کیلئے۔ اَیْنَ اَنّٰی حَیْثُمَا مکان کیلئے اور کیفما حال کیلئے ہوتے ہیں۔ اس کی مکمل بحث اور ان حروف کے درمیان فرق کی تحقیق علم نحو میں کی جاتی ہے۔ اور یہاں صرف اِنْ، اِذَا، لَـوْ کے درمیان فرق بیان کیا جاتا ہے اس لئے کہ یہ الفاظ ایسی زائد خوبیوں کے ساتھ مخصوص ہیں جن کو وجوہ بلاغت میں سے شمار کیا جاتا ہے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ کلام کے اندر کسی حکم کو جب شرط کے ساتھ مقید کیا جاتا ہے تو اس وقت حروفِ شرط کے مختلف معانی کے اعتبار سے تقیید کے معانی بھی جدا جدا ہوتے ہیں مثلاً متی اور ایّان میں زمانہ کی شرط، اَیْنَ، اَنّٰی اور حَیْثُمَا میں مکان کی شرط اور کیفما میں حال کی شرط کا لحاظ کیا جاتا ہے۔ مصنفؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے یہاں پر چند حروف بطورِ نمونہ ذکر کئے ہیں، ان حروف کی پوری بحث اور ان میں فرق علم نحو کے اندر ذکر کیا جاتا ہے یہاں پر ان حروف میں سے صرف تین حروف یعنی اِنْ، اِذَا اور لَوْ کے فرق کے متعلق بحث کریں گے کیونکہ ان تین حروف میں معنیٰ شرط کے علاوہ بعض ایسی خوبیاں بھی ہیں جن کا تعلق علم بلاغت کے ساتھ ہے۔

❹ اِنْ، اِذَا اور لَوْ کے استعمال میں فرق مع امثلہ:۔ یہ تینوں الفاظ اگرچہ شرط زمان کے لئے ہیں مگر ان میں متعدد وجوہ سے فرق ہے۔ ① پہلے دو مستقبل کیلئے ہیں اور لَوْ ماضی کیلئے ہے۔ پس پہلے دونوں کے ساتھ فعل مضارع اور لَوْ کے ساتھ فعل ماضی لایا جاتا ہے۔ ② پہلے دو میں امکانِ وقوعِ شرط ہے جبکہ لَـوْ میں وقوع کا محال ہونا شرط ہے۔ یعنی پہلے دونوں ایسی شرائط پر داخل ہوتے ہیں جن کا واقع ہونا مستقبل میں ممکن ہو جبکہ لَـوْ ایسی شرط پر داخل ہوتا ہے جس کا وقوع محال ہوتا ہے۔ ③ اِنْ میں وقوع کا عدم یقین شرط ہے جبکہ اِذَا میں وقوع کا یقین شرط ہے۔

اِنْ کی مثال: جیسے اِنْ یَسْتَغِیْثُوْا یُغَاثُوْا بِمَاءٍ کَالْمُهْلِ یَشْوِی الْوُجُوْهَ (اگر جہنمی پانی کی فریاد کریں گے تو ان کو تیل کی تلچھٹ کی شکل پانی دیا جائے گا)۔

اِذَا کی مثال: جیسے ابوذویب کا شعر وَالنَّفْسُ رَاغِبَةٌ اِذَا رَغَّبْتَهَا، وَاِذَا تُرَدُّ اِلٰى قَلِیْلٍ تَقْنَعُ (اور تیرا نفس مال کثیر کی جانب رغبت کریگا اگر تو اسے آزاد چھوڑ دے گا اور اگر تو اس کو اس طرف سے پھیر دے تو وہ مال قلیل پر بھی راضی ہو جائے گا)۔

ان دونوں مثالوں میں یستغیثوا، ترد فعل مضارع ہیں۔

لَوْ کی مثال فَلَوْ شَاءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِیْنَ (اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو سب کو ہدایت عطا کر دیتا) یہاں لَوْ، شَاءَ فعل ماضی کے ساتھ مستعمل ہے۔

السوال الثانی ......یَنْقَسِمُ التَّشْبِیْهُ بِاعْتِبَارِ طَرْفَیْهِ اِلٰى اَرْبَعَةِ اَقْسَامٍ، تَشْبِیْهُ مُفْرَدٍ بِمُفْرَدٍ وَتَشْبِیْهُ مُرَكَّبٍ بِمُرَكَّبٍ وَتَشْبِیْهُ مُفْرَدٍ بِمُرَكَّبٍ وَتَشْبِیْهُ مُرَكَّبٍ بِمُفْرَدٍ نَحْوَ قَوْلِهٖ:

یَا صَاحِبَیَّ تَقَصَّیَا نَظَرَیْكُمَا     تَرَیَا وُجُوْهَ الْاَرْضِ كَیْفَ تَصَوَّرُ؟

تَرَيَا نَهَارًا مُشْمِسًا قَدْ شَابَهُ ۔۔۔ زَهْرُ الرُّبَا فَكَأَنَّمَا هُوَ مُقْمِرُ

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔تشبیہ کی چاروں اقسام کو مثالوں سے واضح کریں۔ملفوف اور مفروق کسے کہتے ہیں؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا خلاصہ چار امور ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) تشبیہ کی چاروں اقسام کی وضاحت مع امثلہ (۴) ملفوف اور مفروق کی تعریف۔

جواب ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔كما مرّ في السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ تشبیہ اپنی طرفین کے اعتبار سے چار اقسام پر منقسم ہوتی ہے یعنی تشبیہ مفرد بمفرد، تشبیہ مرکب بمرکب، تشبیہ مفرد بمرکب اور تشبیہ مرکب بمفرد جیسے شاعر کا قول (شعر کا ترجمہ) اے میرے دونوں رفیقو! تم خوب غور سے دیکھو، تم دیکھو کے جنگل کے مقامات کو کہ وہ کیسا منظر پیش کر رہے ہیں، تم دیکھو گے روشن اور سورج والے دن کو جسکے ساتھ ٹیلوں کے پودوں کی آمیزش ہوئی تو ایسے محسوس ہوتا ہے کہ وہ چاندنی رات ہو۔

❸ تشبیہ کی چاروں اقسام کی وضاحت مع امثلہ:۔ ① تشبیہ مفرد بمفرد: یعنی مشبہ ومشبہ بہ دونوں مفرد ہوں، مفرد ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ان دونوں کے ساتھ وصف، اضافت، مفعول، حال، ظرف وغیرہ کوئی قید نہ لگی ہوئی ہو جیسے هذا الشيئ كالمسك في الرائحة (یہ چیز مشک کی طرح ہے خوشبو میں)۔اس میں ھذا (مثلاً الصابون) سے مراد بھی شیئ مفرد ہے جو کہ مشبہ ہے اور المسك بھی مفرد ہے جو کہ مشبہ بہ ہے۔

② تشبیہ مرکب بمرکب: یعنی مشبہ ومشبہ بہ دونوں مرکب ہوں، مرکب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ ایسی ہیئت پیش کریں جو متعدد چیزوں سے حاصل ہونے والی ہو جیسے كَأَنَّ مُثَارَ النَّقْعِ فَوْقَ رُؤُوسِنَا وَأَسْيَافَنَا لَيْلٌ تَهَاوَى كَوَاكِبُهُ (ہمارے سروں پر اونچا اٹھنے والا غبار اور ہماری تلواریں گویا کہ وہ رات ہیں جسکے ستارے ٹوٹ ٹوٹ کر گر رہے ہوں) اس شعر میں شاعر نے غبار اور اس سے حرکت کرنے والی تلوار کی ہیئت کو رات کی اُس ہیئت سے تشبیہ دی ہے جس میں ستارے مختلف سمتوں سے ٹوٹ کر گر رہے ہوں۔تو اس مثال میں مشبہ اور مشبہ بہ دونوں مرکب ہیں کیونکہ اکیلے غبار یا اکیلے روشن تلوار کو مشبہ نہیں بنایا گیا بلکہ دونوں کا مجموعہ مشبہ ہے اسی طرح صرف رات کی ظلمت یا اکیلے ستاروں کو مشبہ بہ نہیں بنایا گیا بلکہ دونوں کے مجموعے کو مشبہ بہ بنایا گیا ہے۔

③ تشبیہ مفرد بمرکب: جیسے گل لالہ کو ایسے یاقوتی جھنڈوں کے ساتھ تشبیہ دینا جو زبرجدی نیزوں پر پھیلائے گئے ہوں مثلاً وَكَأَنَّ مُحْمَرَّ الشَّقِيقِ إِذَا تَصَوَّبَ أَوْ تَصَعَّدَ ...... أَعْلَامُ يَاقُوتٍ نُشِرْنَ عَلَى رِمَاحٍ زَبَرْجَدٍ (ہوا میں لہلہانے والے سرخ گل لالہ ایسے محسوس ہو رہے ہیں جیسے زبرجدی سبز نیزوں پر لہرائے جانے والے یاقوتی سرخ رنگ کے جھنڈے ہوں) اس میں مثال میں مشبہ یعنی شقیق مفرد ہے اور مشبہ بہ اعلام یاقوت اور رماح زبرجد سے مرکب ہے۔

④ تشبیہ مرکب بمفرد: یعنی مشبہ مرکب اور مشبہ بہ مفرد ہو جیسے سوال کی عبارت میں مذکور مثال ہے۔اس مثال میں شاعر نے روشن دن اور اُس کے ساتھ ٹیلوں کے پودوں سے اختلاط سے حاصل ہونے والی ہیئت کو چاندی رات سے تشبیہ دی ہے۔ پس اس میں مشبہ مرکب اور مشبہ بہ مفرد ہے۔

❹ ملفوف اور مفروق کی تعریف:۔ تشبیہ کی طرفین کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں ① ملفوف ② مفروق۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تشبیہ ملفوف: وہ تشبیہ ہیں جس میں اولاً دو یا زیادہ مشبہ اکٹھے لائے جاتے ہیں پھر اسی طور پر مشبہ بہ لائے جاتے ہیں جیسا کہ امرؤ القیس شاعر کے اس شعر میں ہے۔

كَأَنَّ قُلُوْبَ الطَّيْرِ رَطْبًا وَّيَابِسًا لدىٰ وَكْرِهَا الْعُنَّابُ وَالْحَشَفُ الْبَالِيْ

(عقاب کے گھونسلے کے قریب پرندوں کے گرے ہوئے تازہ وخشک قلوب ایسے لگتے ہیں گویا کہ وہ عناب اور باسی وردّی چھوہارے ہیں اس شعر میں شاعر نے قلوب طیر کو یعنی رطب طری کو عناب اور قلب یابس کو تمر ردی سے تشبیہ دی ہے مشبہ رطب و یابس میں بھی تعدد ہے اسی طرح مشبہ بہ عناب اور تمر ردی میں بھی تعدد ہے)۔

تشبیہ مفروق: وہ تشبیہ ہے جس میں پہلے ایک مشبہ و ایک مشبہ بہ کو لایا جاتا ہے پھر اس طور پر کئی مشبہ اور کئی مشبہ بہ لائے جاتے ہیں جیسا کہ شاعر کا قول ہے۔ النَّشْرُ مِسْكٌ وَالْوُجُوْهُ دَنَا نِيْرُ وَأَطْرَافُ الْأَكُفِّ عَنَمْ

(ان عورتوں کی مہک کستوری ہے اور ان کے چہرے دینار کی طرح ہیں اور ان کی انگلیاں عنم کے درخت کی شکل ہیں جن کے پھول سرخ اور ڈالیاں نرم و نازک ہیں)۔ اس شعر میں تین تشبیہات کا ذکر ہے اور ہر مشبہ کے ساتھ ہی اس کا مشبہ بہ بھی مذکور ہے (النشر مسك، الوجوه دنانير، اطراف الاكف عنم)۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاوّل** ...... اَلْمَجَازُ الْعَقْلِيُّ: هُوَ إِسْنَادُ الْفِعْلِ أَوْ مَا فِيْ مَعْنَاهُ إِلٰى غَيْرِ مَا هُوَ لَهُ عِنْدَ الْمُتَكَلِّمِ فِي الظَّاهِرِ لِعَلَاقَةٍ نَحْوُ قَوْلِهِ: أَشَابَ الصَّغِيْرَ وَأَفْنَى الْكَبِيْرَ كَرُّ الْغَدَاةِ وَمَرُّ الْعَشِيِّ

وَمِنَ الْمَجَازِ الْعَقْلِيِّ: إِسْنَادُ مَا بُنِيَ لِلْفَاعِلِ إِلَى الْمَفْعُوْلِ وَعَكْسُهُ وَالْإِسْنَادُ إِلَى الْمَصْدَرِ وَإِلَى الزَّمَانِ وَإِلَى الْمَكَانِ وَإِلَى السَّبَبِ وَيُعْلَمُ مِمَّا سَبَقَ أَنَّ الْمَجَازَ اللُّغَوِيَّ يَكُوْنُ فِي اللَّفْظِ وَالْمَجَازَ الْعَقْلِيَّ يَكُوْنُ فِي الْإِسْنَادِ.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ و تشریح کریں۔ مجاز عقلی کی تمام اقسام کو مثالوں سے واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل چار امور ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) مجاز عقلی کی اقسام کی وضاحت مع امثلہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ كما مرّ في السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ مجاز عقلی وہ فعل یا معنیٰ فعل کی نسبت کرنا ہے کسی ایسے ملابس و متعلق کی طرف جو اس کا غیر ہو متکلم کے نزدیک اس کے ظاہری حال کے اعتبار سے کسی علاقہ و مناسبت کی وجہ سے جیسے شاعر کا قول أَشَابَ الخ (بچے کو بوڑھا کر دیا اور بوڑھے کو فنا کر دیا صبح و شام کے آنے جانے نے)

اور مجاز عقلی کی اقسام میں سے مبنی للفاعل (خواہ وہ فعل ہو یا معنیٰ فعل) کی نسبت کرنا ہے مفعول کی جانب اور ایک قسم اس کے برعکس ہے اور ایک قسم مصدر کی طرف نسبت کرنا ہے اور ایک قسم زمان کی طرف اور ایک قسم مکان کی طرف نسبت کرنا ہے اور ایک قسم سبب کی طرف نسبت کرنا ہے۔ اور سابقہ بحث سے معلوم ہو گیا کہ مجاز لغوی لفظ میں ہوتا ہے اور مجاز عقلی نسبت و اسناد میں ہوتا ہے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں اسناد کی دوسری قسم مجاز عقلی کی تعریف کا ذکر ہے کہ فعل یا معنیٰ فعل کی نسبت فاعل کی

طرف کرنے کی بجائے بظاہر کسی غیر ما وضع لہ کی طرف کرنا یعنی جس کی طرف نسبت کرنی چاہیے تھی اس کی بجائے کسی دوسری چیز کی طرف کرنا بشرطیکہ ان میں کوئی علاقہ وقرینہ بھی موجود ہو جیسے شعر مذکور اشاب الصغیر الخ میں بوڑھا کرنے اور فناء کرنے کی نسبت فاعلِ حقیقی اللہ تعالیٰ کی بجائے فاعلِ مجازی مرورِ زمانہ کی طرف کردی گئی ہے۔ بقیہ تشریح مابعد میں آرہی ہے۔

**② مجازِ عقلی کی اقسام کی وضاحت مع امثلہ:۔** ① مجازِ عقلی کی پہلی قسم (پہلا ملابس وعلاقہ) مفعولیت ہے یعنی فعل یا معنیٰ فعل کی نسبت اپنے فاعل کی بجائے مفعول کی جانب کردی جائے حالانکہ اُس فعل یا معنیٰ فعل کا حق یہ تھا کہ اُس کی نسبت اپنے فاعل کی طرف کی جاتی کیونکہ اُس کو اِسی کیلئے وضع کیا گیا ہے مگر اُس کے فاعل کو حذف کرکے مفعول کی جانب نسبت کردی جائے جیسے فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَاضِيَةٍ (جسکے اعمال وزنی ہوئے وہ راضی رہنے والی زندگی یعنی جنت میں رہے گا)۔ یہاں راضية اسم فاعل کا صیغہ ہے جو فاعل کا تقاضا کرتا ہے اور اُس کا فاعل دراصل صاحب العیشۃ تھا یعنی وہ آدمی ایسی عشرت کی زندگی میں رہے گا جسے یہ زندگی والا شخص پسند کریگا مگر صاحب العیشۃ کو حذف کردیا اور اُس کی نسبت عیشۃ کی طرف کردی گئی جو کہ راضية کا ماحولہٗ نہیں ہے۔

② مجازِ عقلی کا دوسرا ملابس فاعلیت ہے یعنی کسی فعل یا معنیٰ فعل کا اسناد اپنے مفعول کی بجائے فاعل کی جانب کردیا جائے حالانکہ اُس فعل کا حق یہ تھا کہ اُس کا اسناد اپنے مفعول کی جانب کیا جاتا کیونکہ اُس کو اسی کیلئے وضع کیا گیا ہے جیسے عربی زبان میں اُس سیلاب کو جو خشک یا خالی ندی نالوں کو بھردے سیلٌ مفعمٌ (بھرا ہوا سیلاب) کہا جاتا ہے۔ یہاں پر مفعمٌ اسم مفعول کا صیغہ ہے جو اپنے لئے مفعول کا تقاضا کرتا ہے اس کا مفعول الوادی تھا اصل ترکیب افعم السیل الوادی تھی (سیلاب کے پانی نے نالے کو بھردیا) مگر مفعول (الوادی) کو حذف کرکے اُس کا اسناد سَیل کی طرف کردیا گیا جو کہ غیر ماحولہٗ ہے۔

③ مجازِ عقلی کا تیسرا ملابس مصدریت ہے یعنی فعل یا معنیٰ فعل کا اسناد فاعل کی بجائے مصدر کی طرف کردیا جائے حالانکہ اُس فعل یا معنیٰ فعل کا حق یہ تھا کہ اُس کا اسناد اپنے فاعل کی طرف کیا جاتا، جیسے اپنی محنت اور کوشش میں کامیاب ہونے والے شخص کے لئے عربی میں جَدَّ جِدُّهٗ (فلاں کی کوشش کامیاب ہوئی) بولا جاتا ہے۔ اس میں جَدَّ کا فاعل صاحب الجِدِّ تھا کیونکہ اصل ترکیب مثلاً جَدَّ زَيْدٌ جِدًّا تھی مگر فاعلِ حقیقی زیدٌ کو حذف کرکے فعل کی نسبت جِدّ کی طرف کردی گئی جو کہ مصدر ہے۔

④ مجازِ عقلی کا چوتھا ملابس زمانیت ہے یعنی فعل کی نسبت فاعل کی بجائے زمان کی طرف کردی جائے جیسے کسی عابد وزاہد کے روزہ کی تعریف کرتے ہوئے نهاره صائمٌ (اُس کا دن روزے دار ہے) کہنا، تو یہاں پر حقیقت میں الزاهد والعابد صائمٌ فی النهارِ تھا تو فاعل کو حذف کرکے فعل کی نسبت نہار کی طرف کردی گئی جو کہ فعل کا ماحولہٗ نہیں ہے بلکہ اُس کا زمانہ ہے۔

⑤ مجازِ عقلی کا پانچواں ملابس مکانیت ہے یعنی فعل ومعنیٰ فعل کی نسبت فاعل کی بجائے مکان کی طرف کردی جائے جیسے نهرٌ جارٍ (جاری نہر) یہ اصل میں هذا نهرٌ ماءٌ ہٗ جارٍ تھا، کیونکہ حقیقت میں نہر جاری نہیں ہوتی بلکہ پانی جاری ہوتا ہے تو جارٍ کی نسبت فاعل کی طرف کرنے کی بجائے مکان یعنی نہر کی طرف کردی گئی، جو کہ فعل کا ماحولہٗ نہیں ہے بلکہ اُس کا مکان ہے۔

⑥ مجازِ عقلی کا چھٹا ملابس سببیت ہے یعنی فعل ومعنیٰ فعل کی نسبت فاعل کی بجائے سبب کی طرف کردی جائے جیسے بنى الامير المدينة . (بادشاہ نے شہر بسایا وبنایا) یہاں فعل کی نسبت بادشاہ کی طرف کردی گئی حالانکہ اصل شہر کو بسانے وبنانے والے عوام اور معمار ہیں تو یہاں پر فعل کی نسبت فاعل کی بجائے فعل کے سبب وعلت یعنی بادشاہ کی طرف کردی گئی کیونکہ شہر بسانے اور بنانے کا حکم بادشاہ نے کیا تھا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**النص الثانی**......تَاكِيدُ الْمَدْحِ بِمَا يُشْبِهُ الذَّمَّ ضَرْبَانِ : اَحَدُهُمَا اَنْ يُسْتَثْنٰى مِنْ صِفَةِ ذَمٍّ مَنْفِيَّةٍ صِفَةُ مَدْحٍ عَلٰى تَقْدِيْرِ دُخُوْلِهَا فِيْهَا ، كَقَوْلِهٖ

وَلَا عَيْبَ فِيْهِمْ غَيْرَ اَنَّ سُيُوْفَهُمْ ۔۔۔ بِهِنَّ فُلُوْلٌ مِنْ قِرَاعِ الْكَتَائِبِ

وَثَانِيْهِمَا اَنْ يُثْبَتَ لِشَيْئٍ صِفَةُ مَدْحٍ وَيُؤْتٰى بَعْدَهَا بِاَدَاةِ اِسْتِثْنَاءٍ تَلِيْهَا صِفَةُ مَدْحٍ اُخْرٰى ، كَقَوْلِهٖ:

فَتًى كَمُلَتْ اَوْ صَافُهٗ غَيْرَ اَنَّهٗ ۔۔۔ جَوَادٌ فَمَا يُبْقِىْ عَلَى الْمَالِ بَاقِيًا

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ وتشریح کریں، تاکید الذم بما یشبہ المدح کسے کہتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل چار امور ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) تاکید الذم بما یشبہ المدح کی وضاحت مع امثلہ۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ تاکید المدح بما یشبہ الذم: اس کی دو اقسام ہیں ان میں سے پہلی قسم یہ ہے کہ کسی صفت مدح کو منفی صفت ذم سے مستثنیٰ کیا جائے، اس تقدیر پر کہ وہ صفت مدح صفت ذم میں داخل تھی جیسے شاعر کا قول (ان لوگوں میں کوئی عیب نہیں ہے علاوہ اس بات کے کہ انکی تلواروں میں دندانے ہیں لشکروں پر بکثرت تلوار کا وار کرنے کی وجہ سے) اور دوسری قسم یہ ہے کہ کسی چیز کے لئے ایک صفت مدح کو ثابت کیا جائے اور اسکے بعد کسی حرف استثناء کو ذکر کیا جائے جس سے متصل ایک دوسری صفت مدح لائی جائے جیسے شاعر کا قول (وہ ایسا جوان ہے جسکے اوصاف کامل ہیں علاوہ اس بات کے کہ وہ ایسا سخی ہے جو مال میں سے کچھ بھی باقی نہیں رکھتا)۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں معنی کلام کو مزین کرنے کا بیسواں طریقہ (تاکید المدح بما یشبہ الذم) ذکر کیا گیا ہے کہ کسی شیئ کی مدح وتعریف کو ایسے الفاظ مدحیہ سے پختہ کرنا جو بظاہر مذمت کے الفاظ ہوں۔ جیسا کہ سوال میں مذکور شعر میں شاعر نے منفی صفت ذم (لاعیب فیھم) سے ایک صفت مدح (وقوع الفلول بالسیوف) کا یہ مان کر استثناء کیا کہ وہ بھی اپنے مستثنیٰ منہ میں داخل اور شامل تھی۔ حالانکہ حقیقت میں وہ کوئی صفت ذم ہی نہیں بلکہ عین صفت مدح ہے اس کی وضاحت یہ ہے کہ شاعر نے اپنی جماعت کے جنگ بازوں کی شجاعت وغیرہ بتاتے ہوئے یہ کہا کہ یہ لوگ ہر قسم کے عیب سے پاک ہیں اور ان میں کوئی بری صفت نہیں ہے پھر جب اس نے یہ کہا کہ غیر ان سیوفھم (یہ لوگ تمام عیوب سے تو پاک ہیں البتہ ایک بات ہے کہ انکی تلواریں......) تو ہمیں انتظار ہوا کہ دیکھئے یہ شاعر کونسا انکا عیب ضرور ذکر کرے گا مگر جب اس نے آگے کہا کہ بھن فلول من قراع الکتائب (دشمنوں کی ہڈیوں پر بکثرت وار کرنے کی وجہ سے ان کی تلواریں کند ہوگئی ہیں اور ان میں دندانے پڑ چکے ہیں) تو ہمارا گمان غلط نکلا کہ ان میں کوئی عیب بھی ہے جسے گنا یا جا رہا تھا بلکہ یہ تو بجائے ذم کے عین تعریف ہوگئی کہ ان کی تلواریں نمائش کیلئے نہیں کہ ان کا استعمال نہ ہوتا ہو بلکہ شمشیر زنی تو انکا جوہر خاص اور وصف ممتاز ہے کہ انکے بکثرت استعمال کی وجہ سے ہی اُن تلواروں پر دندانے پڑے ہوئے ہیں۔

❹ تاکید الذم بما یشبہ المدح کی وضاحت مع امثلہ:۔ کہ ذم کو ایسے الفاظ مذمت سے پختہ کرنا جو بظاہر مدح کے مشابہ ہوں جیسے فُلَانٌ لاخیر فیہ الّا انّہ یتصدق بما یسرق (فلاں شخص میں کوئی خیر نہیں ہے سوائے اس بات کے کہ وہ جو چوری کرتا ہے اُس کو صدقہ کردیتا ہے)۔ھو الکلب الّا انّ فیہ ملالةً وسوء مراعاةٍ وماذاك فی الکلب (وہ شخص کتے کی طرح ہے

تحریر کہ اس میں (مزید باعث مذمت یہ کہ) طلالت اور سوء مراعات ہے جو کتے میں نہیں ہے) یعنی یہ شخص کتے سے بھی بدتر ہے وہ کیتی باڑی وسامان کی حفاظت کرتا ہے اور جو مل جائے اس پر قناعت کرتا ہے جبکہ اس میں یہ اوصاف بھی نہیں ہیں۔

ان مثالوں میں متکلم نے جب صفات مذمومہ کو ذکر کرنے کے بعد حرف استثناء إلا کو ذکر کیا تو شک ہوا کہ شاید اب کوئی صفت محمودہ کو ذکر کیا جائیگا مگر الا کے بعد پھر دوسری صفات مذمومہ کو ذکر کرکے صفات مذمومہ کی تاکید کردی گئی جو بظاہر مدح کے مشابہ ہے۔

## ﴿الورقة الخامسة : فی البلاغة﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ۱۴۳۹ھ

الشق الاول ...... اَلْكِنَايَةُ هِيَ لَفْظٌ أُرِيْدَ بِهٖ لَازِمُ مَعْنَاهُ مَعَ جَوَازِ إِرَادَةِ ذٰلِكَ الْمَعْنٰى نَحْوُ طَوِيْلُ النِّجَادِ أَيْ طَوِيْلُ الْقَامَةِ وَتَنْقَسِمُ بِاعْتِبَارِ الْمَكْنِىِّ عَنْهُ إِلٰى ......

عبارت پر اعراب لگا کر کنایہ کی لغوی اور اصطلاحی تعریف کی وضاحت کریں، مکنی عنہ کے اعتبار سے کنایہ کی قسمیں مثالوں کے ساتھ تحریر کریں، کنایہ کو "تلویح" اور "رمز" کے نام سے کس صورت میں یاد کیا جاتا ہے۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) کنایہ کی لغوی اور اصطلاحی تعریف (۳) مکنی عنہ کے اعتبار سے کنایہ کی اقسام مع امثلہ (۴) کنایہ کو تلویح و رمز کے نام سے ذکر کرنے کی وضاحت۔

جواب ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفاً۔

❷ کنایہ کی لغوی اور اصطلاحی تعریف:۔ کنایہ کا لغوی معنیٰ مخفی و پوشیدہ ہے۔ اور اصطلاح میں کنایہ وہ لفظ ہے جس سے اُس کے اصل معنیٰ کو مراد لینے کے جواز کے ساتھ ساتھ معنیٰ لازم کو مراد لیا جائے۔ یعنی کسی لفظ سے معنیٰ مجازی کو مراد لیا جائے مگر اُس کے ساتھ ساتھ معنیٰ حقیقی کو بھی مراد لینا جائز ہو۔ جبکہ مجاز میں معنیٰ حقیقی کو مراد لینا جائز نہیں ہوتا۔

❸ مکنی عنہ کے اعتبار سے کنایہ کی اقسام مع امثلہ:۔ ① وہ کنایہ جس میں مکنی عنہ صفت ہو یعنی کسی موصوف کی کسی صفت کو طلب کیا جائے اور اُس صفت کو مکنی عنہ بنایا جائے۔ اس کنایہ کا طریقہ یہ ہے کہ موصوف اور اسکی نسبت کی تصریح کی جائے مگر اُس صفت کی تصریح نہ ہو جس کی طرف منسوب کرنے کا قصد کیا گیا ہے البتہ اُس کی جگہ کوئی ایسی دوسری صفت ذکر کردی جائے جو پہلی مقصود صفت کو مستلزم ہو جیسے خنساء شاعرہ کا یہ قول "طویل النجاد رفیع العماد ...... کثیر الرماد اذا ماشتا" (میرا بھائی لمبے پر تلے والا، اونچے ستونوں والا، بہت زیادہ راکھ والا تھا اگر چہ موسم سرما ہی ہو)۔ اس شعر میں کنایہ کے تین الفاظ ہیں طویل النجاد سے دراز قد، رفیع العماد سے شریف و معزز، کثیر الرماد سے فیاض و مہمان نواز مراد لیا گیا ہے۔ طول نجاد سے طول قامت کا کنایہ اس طرح ہے کہ طول نجاد طول سیف کو مستلزم ہے اور طول سیف طول قامت کو مستلزم ہے تو طول نجاد سے اُس کا لازم معنیٰ یعنی طول قامت مراد لیا گیا ہے۔ رفع عماد سے اس نے اپنے بھائی کی شرافت وسرداری کا کنایہ کیا ہے کہ اونچے ستون والا مکان اُس زمانے میں شریف و معزز آدمی ہی بناتا تھا اور کثرت رماد سے اُس نے مہمان نوازی کا کنایہ کیا ہے کہ راکھ کی کثرت لکڑیاں جلانے کی کثرت کو مستلزم ہے اور یہ کثرت کھانا پکانے کو مستلزم ہے اور کھانا پکانا کھانے والوں کی کثرت کو مستلزم ہے اور یہ مہمانوں کی کثرت کو مستلزم ہے اور مہمانوں کی کثرت یہ آدمی کی سخاوت کو مستلزم ہے۔ پس ان مثالوں میں مکنی عنہ وہ صفات ہیں جن کو بطور کنایہ مراد لیا گیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

② وہ کنایہ جس میں مکنی عنہ نسبت ہو خواہ وہ نسبت ثبوتی ہو یا سلبی ہو جیسے **المجد بین ثوبیه والکرم تحت ردائه** (بزرگی اسکے دو کپڑوں کے درمیان ہے اور سخاوت اسکی چادر کے نیچے ہے)۔ اس کنایہ کا طریقہ یہ ہے کہ موصوف اور صفت دونوں کی تصریح کی جائے مگر ان دونوں کے درمیان نسبت کی تصریح نہ کی جائے البتہ اس کی جگہ کوئی دوسری ایسی نسبت ذکر کی جائے جو اصل نسبت کو مستلزم ہو جیسے مذکورہ مثال میں موصوف یعنی "محمد" اور اس کی صفت "مجد وکرم" کی تصریح کی گئی ہے لیکن "مجد وکرم" کو صراحتاً "محمد" کی جانب منسوب نہیں کیا گیا البتہ "مجد" کی نسبت اسکے دو کپڑوں اور "کرم" کی نسبت اُس کی چادر کی طرف کر دی گئی جو کہ "محمد" کو مستلزم ہے۔

③ وہ کنایہ جس میں مکنی عنہ نہ صفت ہو اور نہ نسبت ہو بلکہ خود موصوف ہو۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ صفت اور نسبت دونوں کی تصریح ہو مگر موصوف کی تصریح نہ ہو البتہ اُس کی جگہ پر کسی صفت کو ذکر کر دیا گیا ہو جیسے عمرو بن معدی کرب کا یہ شعر "**الضاربین بکل ابیض مخذم...... والطاعنین مجامع الاضغان**" (میں تعریف کرتا ہوں ہر تیز وسفید تلوار کے ذریعے حملہ کرنے والوں کی اور کینوں کے جمع ہونے کی جگہ پر نیزہ مارنے والوں کی)۔ اس شعر میں شاعر نے اپنی قوم کی شجاعت و بہادری کی تعریف کی اور "مجامع الاضغان" کہہ کر قلوب سے کنایہ کیا اور قلوب نہ صفت ہے نہ نسبت ہے بلکہ موصوف ہے اور قلب کا مجمع الضغن ہونا یہ اس کا خاص وصف ہے یعنی کینہ یہیں جمع ہوتا ہے کسی اور جگہ نہیں۔ اس خاص وصف کے ذریعے قلب کو مراد لیا گیا ہے جو قلب ہی کو مستلزم ہے۔

❷ <u>کنایہ کو تلویح و رمز کے نام سے ذکر کرنے کی وضاحت:۔</u> جس کنایہ میں لازم و ملزوم کے درمیان وسائط اور لوازم زیادہ ہوں تو اُسے تلویح کہا جاتا ہے جیسے **کثیر الرماد**، اس کی وضاحت ماقبل میں گزر چکی کہ یہاں لازم و ملزوم کے درمیان متعدد واسطے ہیں اور اگر لازم و ملزوم کے درمیان وسائط و لوازم کم ہوں اور مخفی ہوں تو اُسے رمز کہا جاتا ہے جیسے کسی شخص کو کند ذہن اور سست کہنا ہو تو اسے سَمِینٌ رِخْوٌ (وہ شخص موٹا اور مالدار) کہا جاتا ہے۔ ان دو لفظوں کی موصوف کی طرف نسبت کرتے ہوئے اُسے غبی اور سست اس طرح بتایا گیا کہ کسی شخص کا زیادہ مالدار ہونا اُس کے زیادہ اچھی و مرغن غذائیں کھانے کو مستلزم ہے۔ اور اچھی و مرغن غذائیں کھانا بدن کے موٹاپا کو مستلزم ہے اور بدن کا موٹاپا کاموں میں رغبت نہ ہونے اور سست پڑے رہنے کو مستلزم ہے۔ یہاں اگرچہ لازم و ملزوم کے درمیان وسائط زیادہ نہیں ہیں مگر مخفی ضرور ہیں اس لئے اس کو رمز کہا جاتا ہے۔

**الشق الثانی** ...... **محسنات معنوية، التورية: ان يذكر لفظ له معنيان: قريب يتبادر فهمه من الكلام وبعيد هو المراد بالافادة لقرينة خفية، نحو: (وهو الذی يتوفٰكم بالليل ويعلم ما جرحتم بالنهار.**

علم بدیع کی تعریف کریں۔ محسنات معنویہ اور لفظیہ کسے کہتے ہیں؟ واضح کریں۔ عبارت مذکورہ کی تشریح اور مثال مذکورہ میں توریہ کی وضاحت کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) علم بدیع کی تعریف (۲) محسنات معنویہ اور لفظیہ کی تعریف (۳) عبارت کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ <u>علم بدیع کی تعریف:۔</u> **هو علم يعرف به وجوه تحسين الكلام المطابق لمقتضى الحال** یعنی علم بدیع وہ علم ہے جس سے کلام کے مقتضی حال کے مطابق ہونے کے بعد کلام کے محسنات لفظیہ و معنویہ معلوم ہوں۔ بالفاظ دیگر وہ علم جسکے ذریعے ایک فصیح و بلیغ اور واضح المراد کلام کو مزین و خوبصورت بنانے کے طریقے معلوم ہوں۔

② **محسنات معنویہ اور لفظیہ کی تعریف:۔** کلام میں دو چیزیں ہوتی ہیں ،لفظ ومعنی۔ پھر کلام کو مزین وخوبصورت بنانے والے اسالیب وطریقے بھی دو ہی ہیں کچھ کا تعلق لفظ سے ہے ان کو محسنات لفظیہ کہتے ہیں اور کچھ کا تعلق معنی سے ہوتا ہے ان کو محسنات معنویہ کہتے ہیں مثلاً محسنات لفظیہ میں سے تشابہ الاطراف ہے یعنی اپنے کلام کے آخری لفظ و جملہ کو دوسرے جملہ وکلام کے شروع میں ذکر کرنا جیسے فيها مصباح، المصباح في زجاجة، الزجاجة كأنها كوكب۔ محسنات معنویہ کی مثال یہی توریہ ہے۔

③ **عبارت کی تشریح:۔** اس عبارت میں محسنات معنویہ میں سے توریہ کی تعریف اور مثال ذکر کی گئی ہے۔

توریہ یہ ہے کہ کلام میں ایسا لفظ ذکر کیا جائے جسکے دو معنی ہوں ایک معنی قریبی ہو جس کی طرف ذہن فوراً سبقت کرے اور دوسرا معنی بعید ہو اس کے قلیل الاستعمال ہونے کی وجہ سے لفظ کی اس پر دلالت خفی ہو لیکن کسی قرینہ کی وجہ سے متکلم کا مقصود یہی معنی بعید ہی ہو۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا قول وهو الذي يتوفلكم بالليل و يعلم ما جرحتم بالنهار اس میں جرحتم بالنهار کا قریبی معنی اکتساب مال ہے مگر یہ معنی یہاں مراد نہیں ہے یہاں پر معنی بعید یعنی ارتکاب ذنوب مراد ہے۔

## السوال الثاني ۱۴۳۹ھ

**الشق الاوّل** ......اَلْاِسْتِعَارَةُ مَجَازٌ عَلَاقَتُهُ الْمُشَابَهَةُ، كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى: ﴿كِتَابٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ﴾ اَیْ: مِنَ الضَّلَالِ اِلَى الْهُدٰى فَقَدِ اسْتُعْمِلَتِ الظُّلُمَاتُ وَ النُّوْرُ فِیْ غَيْرِ مَعْنَاهُمَا الْحَقِيْقِيِّ، وَ الْعَلَاقَةُ الْمُشَابَهَةُ بَيْنَ الضَّلَالِ وَ الظَّلَامِ وَ الْهُدٰى وَ النُّوْرِ وَ الْقَرِيْنَةُ مَا قَبْلَ ذٰلِكَ.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور مطلوب ہیں ① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ عبارت کی تشریح

**جواب** ...... ① **عبارت پر اعراب:۔** كما مر في السوال آنفًا

② **عبارت کا ترجمہ:۔** استعارہ وہ مجاز ہے جس کا علاقہ ونسبت مشابہت ہو۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا قول: ﴿كِتَابٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ﴾ (یہ ایک کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف اتارا ہے تاکہ آپ لوگوں کو اندھیروں سے اجالے اور روشنی کی طرف نکالیں) یعنی گمراہی سے ہدایت کی طرف۔ پس یہاں ظلمات ونور کو معنی حقیقی کے غیر میں استعمال کیا گیا ہے اور یہاں گمراہی وتاریکی اور ہدایت ونور کے درمیان علاقہ ونسبت مشابہت ہے۔ اور اس پر قرینہ اس کا ماقبل والا لفظ ہے۔

③ **عبارت کی تشریح:۔** اس عبارت میں مجاز کی اقسام میں سے پہلی قسم استعارہ کا ذکر ہے۔ استعارہ ایسے مجاز کو کہتے ہیں جس کے معنی حقیقی اور معنی مجازی کے درمیان مشابہت کی نسبت وتعلق ہو بشرطیکہ معنی حقیقی کی جگہ معنی مجازی مراد لینے پر کوئی قرینہ موجود ہو۔ جیسے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں ہے: ﴿كِتَابٌ اَنْزَلْنٰهُ ..... الخ﴾ (یہ ایک کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف اتارا ہے تاکہ آپ لوگوں کو اندھیروں سے اجالے اور روشنی کی طرف نکالیں) یہاں ظلمات ونور کا حقیقی معنی (روشنی وتاریکی) مراد نہیں بلکہ معنی مجازی (ایمان وگمراہی) مراد ہے اور معنی مجازی ومعنی حقیقی کے مابین علاقہ ونسبت مشابہت ہے کہ جیسے اجالے میں اہتداء (راہ پانا) ہے اسی طرح ایمان میں بھی اہتداء ہے اور جیسے ظلمات میں عدم اہتداء ہے اسی طرح ضلالت میں بھی عدم اہتداء ہے۔ اور یہاں معنی مجازی مراد لینے پر قرینہ لفظ کتاب ہے کہ کتاب سورج و چراغ کی طرح کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو روشنی دینے کی حیثیت

Maktaba Tul Ishaat.com

سے متعارف ہو اور اس سے تاریکی دور کر کے راستہ معلوم کیا جائے اور منزل تک پہنچا جائے بلکہ کتاب کفر و ضلالت سے نکال کر ایمان وہدایت کے صاف و شفاف راستے پر گامزن کرنے کا ایک روحانی و معنوی ذریعہ ہے۔

# ﴿الورقة الخامسة: في البلاغة﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۴۰ھ

**الشق الاوّل**.....كُلُّ كَلَامٍ فَهُوَ إِمَّا خَبَرٌ أَوْ إِنْشَاءٌ وَالْخَبَرُ مَا يَصِحُّ أَنْ يُقَالَ لِقَائِلِهِ إِنَّهُ صَادِقٌ فِيْهِ أَوْ كَاذِبٌ كَسَافَرَ مُحَمَّدٌ وَ عَلِيٌّ مُقِيْمٌ.......أَضْرُبُ الْخَبَرِ حَيْثُ كَانَ قَصْدُ الْمُخْبِرِ بِخَبَرِهِ إِفَادَةَ الْمُخَاطَبِ يَنْبَغِيْ أَنْ يَقْتَصِرَ مِنَ الْكَلَامِ عَلَى قَدْرِ الْحَاجَةِ حَذَرًا مِنَ اللَّغْوِ، فَإِنْ كَانَ الْمُخَاطَبُ خَالِيَ الذِّهْنِ مِنَ الْحُكْمِ أُلْقِيَ إِلَيْهِ الْخَبَرُ مُجَرَّدًا عَنِ التَّأْكِيْدِ نَحْوُ.....وَإِنْ كَانَ مُتَرَدِّدًا فِيْهِ طَالِبًا لِمَعْرِفَتِهِ حَسُنَ تَأْكِيْدُهُ نَحْوُ.....وَإِنْ كَانَ مُنْكِرًا وَجَبَ تَأْكِيْدُهُ بِمُؤَكِّدٍ أَوْ بِمُؤَكِّدَيْنِ أَوْ أَكْثَرَ حَسْبَ دَرَجَةِ الْإِنْكَارِ نَحْوُ.(ص۳۰۔امدادیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، کلام خبری وانشائی کی تعریف اور فرق مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔صدق خبر اور کذب خبر سے کیا مراد ہے۔عبارت میں مذکور خبر کی اقسام ثلاثہ کی مثالوں کے ذریعے وضاحت کیجئے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾.....اس سوال میں پانچ امور مطلوب ہیں۔(۱)عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) کلام خبری وانشائی کی تعریف اور فرق کی وضاحت (۴) صدق وکذب خبر کی مراد (۵) تاکید پر مشتمل ہونے کے اعتبار سے خبر کی اقسام ثلاثہ کی وضاحت۔

**جواب**.....❶ عبارت پر اعراب:۔کما مرّ في السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ ہر کلام یا خبر ہوگی یا انشاء ہوگی، اور خبر وہ کلام ہے کہ اس کے قائل کو اس کلام میں سچا یا جھوٹا کہنا صحیح ہو جیسے سافر محمد وعلی مقیم (محمد نے سفر کیا اور علی مقیم ہے)۔.........خبر کی اقسام: جہاں مخبر کا اپنی خبر کے ذریعے مخاطب کو فائدہ پہنچانے کا ارادہ ہو تو مناسب یہ ہے کہ بقدر ضرورت ہی کلام کیا جائے تا کہ لغو سے بچا جائے۔پس اگر مخاطب کا ذہن حکم سے خالی ہو تو اس کے لئے بغیر تاکید کے خبر لائی جائے گی جیسے اخوک قـادم اور اگر وہ اس حکم کے بارے میں متردد ہو اور وہ اس کی معرفت حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس کی تاکید لانا بہتر ہے جیسے ان اخاك قادم اور اگر مخاطب حکم کا منکر ہو تو اس خبر کو انکار کے مطابق ایک یا دو یا زیادہ تاکید سے مؤکد کرنا ضروری ہے جیسے إنّ اخاك قادم، انّ اخاك لقادم ، والله انّ اخاك لقادم۔

❸ کلام خبری وانشائی کی تعریف اور فرق کی وضاحت:۔ کلام خبری وہ کلام ہے جسکے کہنے والے کو اس کلام کے کہنے میں سچا یا جھوٹا کہہ سکیں جیسے سَافَرَ زید (زید نے سفر کیا) اور علی مقیم (علی مقیم) ہے۔اور کلام انشائی وہ کلام ہے جسکے کہنے والے کو اس کلام کے کہنے میں سچا یا جھوٹا نہ کہہ سکیں۔جیسے سَافِرْ یا زید اے زید سفر کر اَقِمْ یا علی اے علی مقیم ہو جا اس میں متکلم اپنے مخاطب کو حکم دے رہا ہے جس میں صدق اور کذب کا احتمال نہیں ہے۔

❹ صدق وکذب خبر کی مراد:۔ صدق خبر کا مطلب یہ ہے کہ وہ خبر واقع نفس الامر کے مطابق ہو اور کذب خبر کا مطلب یہ ہے کہ وہ خبر واقع نفس الامر کے مطابق نہ ہو پس جس کلام میں واقع نفس الامر کے مطابق ہونے اور نہ ہونے کے دونوں احتمال موجود ہوں وہ کلام خبری کہلاتی ہے۔

⑤ تاکید پر مشتمل ہونے کے اعتبار سے خبر کی اقسام ثلاثہ کی وضاحت:۔ خبر کی تاکید سے خالی ہونے اور تاکید پر مشتمل ہونے کے اعتبار سے تین اقسام ہیں۔خبر ابتدائی، خبر طلبی، خبر انکاری، اگر مخاطب خالی الذہن ہو اس کے سامنے جو سادہ کلام و خبر بغیر حروف تاکید کے لائی جاتی ہے اسے خبر ابتدائی کہتے ہیں جیسے "جاء زید" اس کے ذریعہ متکلم نے زید کے آنے کی خبر دی۔

اور اگر مخاطب متردد فی الحکم والخبر ہوتو اس کے سامنے جو خبر مؤکد بتاکید استحبابی لائی جاتی ہے اسے خبر طلبی کہتے ہیں جیسے "انّ زیدًا لقائم" اس میں مخاطب زید کے قیام کے متعلق شک اور تردد میں تھا تو تاکید لاکر اس شک اور تردد کو ختم کر دیا۔

اور اگر مخاطب منکر للحکم ہو اس کے سامنے جو خبر مؤکد بتاکید وجوبی لائی جاتی ہے اسے خبر انکاری کہتے ہیں جیسے "الا انھم ھم المفسدون" اس میں مخاطب اپنے مفسد ہونے کے منکر تھے اور صحابہ کرام علیہم کو مفسد سمجھتے تھے تو متعدد طریقہ سے تاکید لاکر بتلایا کہ مشرکین ہی مفسد ہیں۔

**الشق الثانی** ..... اما النداء فھو طلب الاقبال بحروف نائب مناب ادعو وادواتہ ثمانیۃ

اسکان نعمان الاراک تیقنوا ۔۔۔ بانکم فی ربع قلبی سکان

نداء کی تعریف کریں اور ادوات نداء کی نشاندہی کرتے ہوئے قرب اور بعد کے اعتبار سے ادوات نداء کی تفصیل بیان کریں۔ مذکورہ شعر کا ترجمہ کریں اور استشہاد کی وضاحت کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) نداء کی تعریف (۲) ادوات نداء کی نشاندہی و قرب اور بعد کے اعتبار سے ادوات نداء کی تفصیل (۳) شعر کا ترجمہ و استشہاد کی وضاحت۔

**جواب** ..... ❶ نداء کی تعریف:۔ متکلم کا مخاطب کی توجہ کو کسی ایسے حرف کے ذریعہ طلب کرنا جو حرف اَدْعُوْا یا اُنَـادِیْ فعل کے قائم مقام ہو، جیسے یازیدُ (اے! زید) یہاں متکلم نے "یا" کے ذریعہ زید کو اپنی طرف متوجہ کیا ہے۔

❷ ادوات نداء کی نشاندہی اور قرب و بعد کے اعتبار سے ادوات نداء کی تفصیل:۔ ادوات نداء آٹھ ہیں: یا، ھمزہ، ای، آ، آی، ایا، ھیا، وا۔

ھمزہ اور ای منادیٰ قریب کیلئے مخصوص ہیں، ان کے علاوہ باقی تمام حروف منادیٰ بعید کے لئے آتے ہیں۔

❸ شعر کا ترجمہ و استشہاد کی وضاحت:۔ ترجمہ: اے وادی نعمان اراک کے باشندو! تم یقین کرلو کہ تم میرے دل کی بستی میں آباد ہو۔ اس شعر میں شاعر نے منادیٰ بعید کو منادیٰ قریب کے مرتبہ و درجہ میں اتار کر اس کیلئے حرف نداء ھمزہ کو استعمال کیا ہے، جو کہ منادیٰ قریب کیلئے موضوع ہے، حالانکہ شاعر کے درمیان اور اس کے منادیٰ (سکان نعمان اراک) کے درمیان کئی میلوں کا فاصلہ ہے مگر شاعر نے یہ بات سمجھانے اور تاثر دینے کیلئے ہمزہ کو استعمال کیا کہ میرا منادیٰ اگرچہ بعید ہے مگر وہ میرے دل و دماغ اور تصور پر ہر وقت چھایا ہوا ہے، اسی وجہ سے اسے بعید نہ سمجھو بلکہ وہ میرے دل کے انتہائی قریب ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۴۰ھ

**الشق الاول** ..... الحصر تخصیص شیئ بشیئ بطریق مخصوص وینقسم الی حقیقی واضافی فالحقیقی ملکان الاختصاص فیہ بحسب الواقع والحقیقۃ لا بحسب الاضافۃ الی شیئ آخر نحو

Maktaba Tul Ishaat.com

**لاكلتب في المدينة الاعلى اذا لم يكن غيره فيها من الكتاب۔**

عبارت کا بامحاورہ ترجمہ کیجئے۔ قصر کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کرنے کے بعد قصر حقیقی اور قصر اضافی میں فرق واضح کیجئے۔ نیز قصر افراد، قصر قلب، اور قصر تعیین ہر ایک کی مثالوں سے وضاحت کیجئے۔ قصر الصفۃ علی الموصوف اور قصر الموصوف علی الصفۃ کے درمیان فرق مثالوں سے واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں پانچ امور توجہ طلب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) قصر کا لغوی و اصطلاحی معنی (۳) قصر حقیقی و اضافی میں فرق (۴) قصر افراد، قصر قلب، قصر تعیین کی مثالوں سے وضاحت (۵) قصر الصفۃ علی الموصوف اور قصر الموصوف علی الصفۃ کے درمیان فرق کی وضاحت مع امثلہ۔

**جواب**...... ❶ __عبارت کا ترجمہ:۔__ قصر ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ کسی مخصوص طریقہ سے خاص و منحصر کرنے کا نام ہے اور اس کی دو قسمیں حقیقی و اضافی ہیں، پس حقیقی وہ قصر ہے جس میں اختصاص و حصر صورت واقعہ اور نفس حقیقت کے اعتبار سے ہو، نہ کہ کسی دوسری چیز کی طرف اضافت و نسبت کے اعتبار سے جیسے "**لاكاتب في المدينة الا عليٌّ**" (اس شہر میں علی کے علاوہ کوئی کاتب نہیں ہے) جب کہ (واقع میں بھی) اس شہر میں علی کے علاوہ کوئی کاتب نہ ہو۔

❷ __قصر کی لغوی و اصطلاحی تعریف:۔__ قصر کا لغوی معنی روکنا ہے اور اصطلاح میں ایک شیئ کو دوسری شیئ کے ساتھ قصر کے کسی ایک طریقے کے ذریعے مخصوص اور منحصر کرنے کو قصر کہتے ہیں۔

❸ __قصر حقیقی و اضافی میں فرق:۔__ قصر حقیقی: اس قصر کو کہیں گے جس میں ایک شیئ کو دوسری شیئ کے ساتھ حقیقت حال اور صورت واقعہ کے اعتبار سے خاص کیا گیا ہو جیسے کسی شہر میں ایک شخص مثلاً علی کے علاوہ کوئی دوسرا شخص انشاء پرداز نہ ہو (کاتب نہ ہو) اور حقیقت حال اور صورت واقعہ بھی ایسی ہی ہو تو اس وقت کہا جائے گا **لا كاتب في المدينة الا على** (اس شہر میں صرف علی ہی انشاء پرداز ہے) دیکھئے اس مثال میں صرف علی کے لئے صفت کتابت کو ثابت کیا گیا ہے اور اس کے علاوہ اس شہر کے زید، عمر، بکر، خالد وغیرہ ہر فرد سے نفی کی گئی ہے۔

قصر اضافی: اس قصر کو کہیں گے کہ جس میں ایک شیئ کو دوسری شیئ کے ساتھ کسی معین شیئ کی طرف نسبت و اضافت کے اعتبار سے خاص کیا گیا ہو جیسے اگر ایک متکلم کا مخاطب علی کے بارے میں اس بات کا اعتقاد رکھتا ہے کہ وہ بیٹھا ہوا ہے مگر یہ متکلم اس مخاطب کے اعتقاد پر رد کرنا چاہتا ہے اور اس کیلئے صفت قیام کا اثبات کرنا چاہتا ہے تو اس متکلم کو چاہئے کہ یوں کہے **ما على الا قائم** کہ علی تو کھڑا ہی ہے۔ اس جملے کے ذریعے اس متکلم نے علی کے لئے ایک شیئ یعنی صفت قعود کی نفی کی ہے، دوسری تمام صفات کو رد نہیں کیا۔

❹ __قصر افراد، قصر قلب، قصر تعیین کی مثالوں سے وضاحت:۔__ قصر اضافی کی مخاطب کے حال کے اعتبار سے تین قسمیں ہیں

① قصر افراد اس قصر اضافی کو کہتے ہیں کہ جس میں کسی متکلم کا مخاطب ایک صفت میں دو یا زیادہ موصوف کو اسی طرح ایک موصوف میں دو یا زیادہ صفت کو شریک سمجھے۔ قصر موصوف علی صفت کی مثال جیسے **ما محمد الا رسول** لہٰذا ان پر موت طاری ہو سکتی ہے۔ اور قصر صفت علی موصوف کی مثال جیسے **ماغني الا بكرٌ** بکر کے علاوہ اور کوئی غنی نہیں ہے۔

② قصر قلب اس قصر اضافی کو کہتے ہیں کہ جس میں مخاطب اس حکم کے برعکس اعتقاد رکھے جیسے یہ متکلم ثابت کرنا چاہتا ہے

چاہے وہ حکم کسی موصوف کے لئے کسی صفت کے یا کسی صفت کے لئے کسی موصوف کے ثابت کرنے کا ہو۔ جیسے قصر صفت علی موصوف کی مثال لا فارس الاّ علیٌّ گھوڑ سوار تو صرف علی ہے اور کوئی نہیں۔ اور قصر موصوف علی صفت کی مثال جیسے "لا علی الاّ فارس" علی صرف گھوڑ سوار ہی ہے اور کچھ نہیں ہے۔

② قصر تعیین اس قصر اضافی کو کہتے ہیں کہ جس میں مخاطب ایک صفت کیلئے دو موصوف میں سے ایک کو یا ایک موصوف کیلئے دو صفتوں میں سے ایک کو متعین کرنے میں متردد ہو۔ جیسے قصر صفت علی موصوف کی مثال ما قائم الاّ زید کھڑا ہونے والا صرف زید ہے اور کوئی نہیں ہے۔ اور قصر موصوف علی صفت کی مثال جیسے مازید الاّ قائم کہ زید تو صرف کھڑا ہونے والا ہی ہے۔

قصر کے عمومی طریقے یہ ہیں: ① نفی واستثناء ہو جیسے ان هـذا الاّ ملك كريمٌ (نہیں ہے یہ مگر ایک قابل قدر فرشتہ) ② انّما کا استعمال ہو جیسے انـمـا الفَاهِمُ عَلِيٌّ (سمجھدار تو علی ہی ہے) ③ لا یا بل یالکن کے ذریعہ عطف کرنا جیسے آنـا نَاثِرٌ لَا نَاظِمٌ (میں نثر کہنے والا ہوں نظم کہنے والا نہیں) مَـا آنـا حَاسِبٌ بَلْ كَاتِبٌ (میں حساب جاننے والا نہیں ہوں بلکہ کاتب ہوں) ④ جس چیز کو کلام میں مؤخر ہونا چاہئے اس کو مقدم کرنا جیسے ایَّاكَ نعبد (ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں)۔

⑤ <u>قصر الصفة علی الموصوف اور قصر الموصوف علی الصفة کے درمیان فرق کی وضاحت مع امثلہ:۔</u> قصر الصفة علی الموصوف اس قصر کو کہتے ہیں کہ وہ صفت صرف اس موصوف میں پائی جائے اور اس موصوف کو چھوڑ کر کسی دوسرے موصوف تک تجاوز نہ ہو۔ ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ اس موصوف میں دوسری صفات بھی پائی جائیں۔ جیسے لا فارس الا علی شہسوار تو صرف علی ہی ہے۔ یعنی شہسواری کی صفت صرف علی میں پائی جاتی ہے اس سے متجاوز ہو کر کسی دوسرے تک نہیں پہنچتی۔ اور قصر الموصوف علی الصفة اس قصر کو کہتے ہیں کہ وہ موصوف صرف اس صفت کے ساتھ متصف ہو اور اس صفت کو چھوڑ کر کسی دوسری صفت تک تجاوز نہ کرے۔ ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ یہ صفت کسی دوسرے موصوف میں بھی پائی جائے جیسے ما بکر الا کاتب بکر تو صرف کاتب ہی ہے۔ یعنی بکر میں صرف وصف کتابت پائی جاتی ہے بکر کتابت کے علاوہ کسی دوسری صفت کے ساتھ متصف نہیں ہے۔ البتہ وصف کتابت اس سے تجاوز ہو کر کسی دوسرے شخص میں بھی پائی جاسکتی ہے۔

**الشق الثانی** ...... والایجاز و هو تأدية المعنى الخ

ایجاز واطناب ومساوات کی تعریف امثلہ کے ساتھ ذکر کریں، مصنفؒ نے واعلم علم اليوم والأمس قبله ...... سے کس شئی پر استدلال کیا ہے۔ نیز اخلال کی تعریف ومثال بھی ذکر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امر مطلوب ہیں (۱) ایجاز، واطناب ومساوات کی تعریف مع امثلہ (۲) واعلم علم اليوم والامس قبله کا مستدل (۳) اخلال کی تعریف ومثال۔

**جواب** ...... ❶ <u>ایجاز اطناب ومساوات کی تعریف مع امثلہ:۔</u> ایجاز: اپنے مافی الضمیر کی تعبیر اور اس کی عکاسی کا وہ طریقہ ہے جس میں معنی مرادی زیادہ اور اس کی ادائیگی وترجمانی کرنے والی عبارت کم ہو البتہ اس کم عبارت میں بھی غرض متکلم پورے طور پر ادا ہو رہی ہو جیسے قِفَا نَبْكِ مِنْ ذِكْرىٰ حَبِيْبٍ و مَنْزِلِ (اے میرے دونوں دوست! تم میری محبوبہ اور اسکے ویرانے کو یاد کر کے روتے ہوئے ٹھہر جاؤ) اس مثال میں جیسا کہ آپ ترجمہ سے سمجھ چکے ہونگے کہ معنی کے مقابلے میں الفاظ کم لائے گئے ہیں

Maktaba Tul Ishaat.com

اور وہ قفا سے پہلے یا صاحبیّ کے کلمے کو حذف کر کے ایجاز کیا گیا ہے۔ مگر اسکے باوجود غرض متکلم اس طرح پوری ہو رہی ہے کہ کلام میں قفا تثنیہ ذکر حاضر کا صیغہ اس حذف پر دلالت کرنے والا ایک قرینہ موجود ہے۔

. اطناب: یہ ہے کہ معنی مقصودی کو ایسی عبارت سے ادا کرنا جو اس معنی کی نسبت سے زائد ہو اور مفید بھی ہو جیسا کہ آیت کریمہ ربّ انّی وھن العظم منی واشتعل الرأس شیبا (اے میرے پروردگار میرے جسم کی ہڈیاں ڈھیلی ہو چکی ہیں اور سر کے بال بھی سفید ہو چکے ہیں) یعنی میں بوڑھا ہو چکا ہوں دیکھئے یہاں اظہار مطلب کے لئے بہت سے الفاظ بڑھا دیئے گئے ہیں تا کہ ضعف اچھی طرح سے ثابت اور متحقق ہو جائے۔

مساوات: اپنے مافی الضمیر کی تعبیر اور اس کی عکاسی کا وہ طریقہ ہے جس میں معنیٰ مرادی اور اس کو ادا کرنے والے الفاظ دونوں مساوی اور برابر ہوں یعنی الفاظ بقدر معانی اور معانی بقدر الفاظ ہوں اور ہر ایک دوسرے کے مقابلے میں نہ زیادہ ہوں نہ کم ہوں اور یہ تعبیر درمیانہ درجے کے لوگوں کے عرف کے مطابق ہو اور درمیانی طبقے سے مراد وہ لوگ ہیں جو بلاغت کے رتبے کو پانے والے نہ ہوں اور نہ ہی وہ اس قدر عاجز عن الکلام ہوں جنہیں ہم گونگے کہہ سکیں۔ جیسے واذا رأیت الذین یخوضون فی آیاتنا فاعرض عنهم (اے مخاطب جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو ہماری آیات احکام میں عیب جوئی کر رہے ہیں تو تو ان کے پاس بیٹھنے سے کنارہ کش ہو جا یہاں تک کہ وہ کسی اور بات میں لگ جائیں) اس مثال میں الفاظ بقدر معانی ہیں نہ کم اور نہ زیادہ یعنی اس آیت میں اس کے معنی مرادی (کفار کے آیات اللہ سے استہزاء و عیب جوئی کے وقت ان سے کنارہ کشی کا حکم) اور اس کیلئے لائے جانے والے الفاظ جتنے چاہیے اتنے ہی لائے گئے ہیں۔ نہ تو اس میں ایجاز کی طرح بعض الفاظ کو حذف کیا گیا ہے اور نہ ہی اطناب کی طرح ضرورت سے زیادہ مترادفات وغیرہ الفاظ کی زیادتی کی گئی ہے۔

❷ <u>واعلم علم الیوم والامس قبله کا مستدل:</u>۔ شعر کا یہ مصرعہ اطناب کی مثال ہے کہ اس میں لفظ امس کے بعد قبله کا ذکر بے فائدہ ہے کیونکہ امس کل گذشتہ کو ہی کہتے ہیں۔ اور کل آئندہ کے لئے غدا کا لفظ مستعمل ہوتا ہے۔ تو گویا قبله کا ذکر زائد ہے اور کوئی نیا معنی و فائدہ بھی نہیں دے رہا۔

❸ <u>اخلال کی تعریف و مثال:</u>۔ اخلال: معنی مرادی کو معنی کے مقابلہ میں کم عبارت کے ذریعہ ادا کرنا اور پھر اس عبارت سے غرض بھی پوری واضح نہ ہو رہی ہو، جیسے: اَلْعَیْشُ خَیْرٌ فِیْ ظِلَالِ النُّوکِ مِمَّنْ عَاشَ کَدًّا

(جہالت و بیوقوفی کے سائے میں گزرنے والی خوشحال زندگی عقل و علم کے سائے میں گزرنے والی تنگ دست زندگی سے بہتر ہے)۔

یہاں پر معنی کے مقابلہ میں شعر کے الفاظ بھی کم ہیں اور یہ شعر مراد متکلم کو مکمل طور پر واضح بھی نہیں کر رہا، کیونکہ العیش کی الرغد اور ممن عاش کدا کی قید فی ظلال العقل حذف کی گئی ہے۔ اور اس حذف پر کوئی قرینہ دال بھی نہیں ہے لہٰذا یہ کلام تعقید لفظی کی وجہ سے کلام فصیح سے خارج ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ١٤٤٠ھ

**الشق الاول** ——وقد یذکر فعل ینبئ عن التشبیه نحو قوله تعالیٰ: (اذا رأیتهم حسبتهم لؤلؤا منثورا) واذا حذفت اداة التشبیه ووجهه یسمی تشبیها بلیغا

تشبیہ کی تعریف اور مثال کی وضاحت کریں۔ ارکان تشبیہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ عبارت مذکورہ کی تشریح کریں، نیز تشبیہ بلیغ کی مثال بھی تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) تشبیہ کی تعریف اور وضاحت مع مثال (۲) ارکان تشبیہ کی تعداد ونشاندہی (۳) عبارت کی تشریح (۴) تشبیہ بلیغ کی مثال۔

**جواب**...... ❶ **تشبیہ کی تعریف اور وضاحت مع مثال:۔** تشبیہ کلام کا وہ طریقۂ تعبیر جس میں ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ کسی وصف ومعنی میں کسی غرض کی وجہ سے کسی حرف تشبیہ کے ذریعہ شریک ولاحق کرتا ہے۔ جس چیز کو تشبیہ دی جائے اس کو مشبہ اور جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے اس کو مشبہ بہ اور جس وصف ومعنی میں تشبیہ دی جائے اس کو وجہ تشبیہ اور جس حرف کے ذریعہ تشبیہ دی جائے اس کو ادات تشبیہ کہتے ہیں جیسے العلم کالنور فی الهداية (علم ہدایت میں نور کی مثل ہے)۔ اس مثال میں علم کو وصف ہدایت میں کاف کے ذریعہ نور کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ اس میں العلم مشبہ کاف حرف تشبیہ النور مشبہ بہ اور الهداية وصف تشبیہ اور وجہ تشبیہ ہے اور یہی چار چیزیں ارکان تشبیہ کہلاتی ہیں۔

❷ **ارکان تشبیہ کی تعداد ونشاندہی:۔** ارکان تشبیہ چار ہیں۔ ① مشبہ: وہ چیز جس کو کسی وصف میں دوسری چیز کے ساتھ تشبیہ دی جائے۔ ② مشبہ بہ: وہ چیز جس کے ساتھ کسی وصف میں دوسری چیز کو تشبیہ دی جائے۔ ③ ادات تشبیہ: وہ حرف جو تشبیہ پر دلالت کرے۔ ④ وصف تشبیہ: وہ خاص وصف جس میں ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔

تشبیہ کے ان چاروں ارکان کو مذکورہ مثال کے ذریعے واضح کیا جا چکا ہے۔

❸ **عبارت کی تشریح:۔** عموماً کاف اور کأن کے ذریعہ تشبیہ دی جاتی ہے البتہ بعض اوقات کوئی ایسا فعل ذکر کر دیا جاتا ہے جو تشبیہ والا معنی وفائدہ ادا کرتا ہے جیسے اذا رأیتهم حسبتهم لؤلؤا منثورًا (جب تو ان غلمانِ جنت کو دیکھے گا تو تُو انہیں بکھرے ہوئے موتی خیال کرے گا)۔ اس مثال میں غلمان کو موتیوں کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے اور ادات تشبیہ کوئی حرف نہیں بلکہ فعل (حسبتهم) ہے جو تشبیہ کے معنی پر دلالت کر رہا ہے۔

❹ **تشبیہ بلیغ کی مثال:۔** بعض اوقات کسی تشبیہ سے ادات تشبیہ اور وجہ تشبیہ کو حذف کر دیا جاتا ہے اس تشبیہ کو تشبیہ بلیغ کہتے ہیں کیونکہ اس صورت میں تشبیہ کی بلاغت میں اور زیادہ اضافہ ہو جاتا ہے جیسے وجعلنا الليل لباسًا (ہم نے رات کو لباس کی طرح ساتر بنایا) اس مثال میں کلف حرف تشبیہ اور وجہ تشبیہ (فی الستر) کو حذف کیا گیا ہے۔

**الشق الثانی**......اَلْاِسْتِعَارَةُ هِيَ مَجَازٌ عَلَاقَتُهُ الْمُشَابَهَةُ......وَاَصْلُ الْاِسْتِعَارَةِ تَشْبِيْهٌ حُذِفَ اَحَدُ طَرَفَيْهِ وَوَجْهُ شِبْهِهٖ وَاَدَاتُهٗ، وَالْمُشَبَّهُ يُسَمّٰى مُسْتَعَارًا لَهٗ، وَالْمُشَبَّهُ بِهٖ مُسْتَعَارًا مِنْهُ ...... وَتَنْقَسِمُ الْاِسْتِعَارَةُ اِلٰى مُصَرَّحَةٍ وَاِلٰى مَكْنِيَّةٍ وَاِلٰى اَصْلِيَّةٍ وَاِلٰى مُرَشَّحَةٍ.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ واصل الاستعارة تشبيه حذف أحد طرفيه ووجه شبهه وأداته تشریح کریں۔ عبارت میں مذکور استعارے کی اقسام کو مثالوں سے واضح کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی

Maktaba Tul Ishaat.com

تشریح(۳) عبارت میں مذکور استعارہ کی اقسام کی وضاحت مع امثلہ۔

جواب ..... ❶ عبارت پر اعراب: کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ: استعارہ وہ مجاز ہے جس کا علاقہ ونسبت مشابہت ہو۔ استعارہ کی اصل وہ ایسی تشبیہ ہے جس کی دوطرفوں میں سے ایک طرف، وجہ تشبیہ اور حرف تشبیہ کو حذف کر دیا گیا ہو، مشبہ کو مستعارلہ، مشبہ بہ کو مستعار منہ کہتے ہیں اور استعارہ تقسیم ہوتا ہے کہ مصرحہ، مکنیہ، اصلیہ اور مرشحہ کی طرف۔

❸ عبارت کی تشریح: عبارت کا حاصل یہ ہے کہ استعارہ درحقیقت اختصار کردہ تشبیہ کا ہی دوسرا نام ہے مگر اس میں تشبیہ کی دو طرف یعنی مشبہ ومشبہ بہ میں سے ایک طرف کو اور وجہ تشبیہ وحرف تشبیہ کو حذف کر دیا جاتا ہے یعنی استعارہ حقیقت میں تشبیہ ہی ہے مگر اس میں تشبیہ کے اجزائے اربعہ میں سے تین اجزاء حذف ہوتے ہیں۔

❹ عبارت میں مذکور استعارہ کی اقسام کی وضاحت مع امثلہ:

مصرحہ: جس میں مشبہ بہ کو صراحتاً ذکر کیا گیا ہو اور مشبہ کو ذکر نہ کیا گیا ہو جیسے فَأَمْطَرَتْ لُؤْلُؤًا مِنْ نَرْجِسٍ وَسَقَتْ، وَرْدًا وَعَضَّتْ عَلَى الْعُنَّابِ بِالْبَرَدِ (پھر اس محبوبہ نے نرگس سے موتی برسائے اور گلاب کے پھولوں کو سیراب کیا اور عناب کو اولوں سے کاٹا)۔ اس شعر میں شاعر نے محبوبہ کی آنکھوں کو نرگس سے، آنسوؤں کو موتیوں سے، رخساروں کو گلاب کے پھولوں سے اور دانتوں کو اولوں سے اور انگلیوں کے پوروں کو عناب سے تشبیہ دی ہے اور صرف مشبہ بہ کو ذکر کیا گیا ہے۔

مکنیہ: وہ استعارہ جس میں مشبہ کو حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے لوازمات میں سے کسی لازم کے ذریعہ اشارہ کیا گیا ہو جیسے وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ (والدین کے آگے عاجزی کرتے ہوئے نیازمندی سے کندھوں کو جھکاؤ)۔ اس مثال میں عاجزی کے لئے پرندہ کا استعارہ کیا گیا ہے پھر اس مشبہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور اس کے لوازمات میں سے کسی ایک لازم یعنی جناح کے ذریعہ دلالت کی گئی ہے۔

اصلیہ: استعارہ اصلیہ وہ تشبیہ ہے جس میں مستعار لفظ اسم غیر مشتق (اسم جامد) ہو جیسے كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّوْرِ، اس مثال میں ظلام ونور ایسے دو الفاظ ہیں جو اسم جامد ہیں اور ان کے ذریعہ ضلال وایمان کا معنی غیر حقیقی مراد لیا گیا ہے اور الفاظ مستعار اسم جامد ہیں۔

مرشحہ: استعارہ مرشحہ وہ استعارہ ہے جس میں مشبہ بہ کے ملائم ومناسب کو ذکر کیا گیا ہو جیسے أُولٰـئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدٰى فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ (یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی کو خرید الیس ان کی تجارت نے ان کو نفع نہ دیا)۔ اس مثال میں ایثار الباطل علی الحق کو اشتراء کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے کہ جیسے تجارت میں غیر مرغوب شیئ کا مرغوب شیئ کے ساتھ تبادلہ ہوتا ہے اسی طرح یہاں بھی تبادلہ پایا جاتا ہے پاپھر اس اشتراء کو ایثار کے لئے مستعار بنایا گیا ہے پھر اس پر مستعار منہ (مشبہ بہ) یعنی تجارت کے ملائم ومناسب (نفی الربح فی التجارة) کو متفرع کر کے ذکر کیا۔ لہٰذا ربح و تجارت کے الفاظ ملائم مشبہ بہ ہیں۔

❁✽❁✽❁

# الورقة السادسة

# ادب وعقائد

مختارات (حصہ اوّل) عقیدہ طحاویہ

Maktaba Tul Ishaat.com

## ﴿الورقة السادسة: فی الادب العربي والعقائد﴾

### ﴿السوال الاوّل﴾ ﴿مختارات﴾ ۱۴۳۱ھ

**الشق الاوّل**...... وَغَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ تِلْكَ الْغَزْوَةَ حِيْنَ طَابَتِ الثِّمَارُ وَالظِّلَالُ وَتَجَهَّزَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهُ فَطَفِقْتُ أَغْدُوْ لِكَيْ أَتَجَهَّزَ مَعَهُمْ فَأَرْجِعُ وَلَمْ أَقْضِ شَيْئًا، فَأَقُوْلُ فِيْ نَفْسِيْ وَأَنَا قَادِرٌ عَلَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ يَتَمَادٰى بِيْ حَتّٰى اشْتَدَّ الْجِدُّ فَأَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهُ وَلَمْ أَقْضِ مِنْ جِهَازِيْ شَيْئًا فَقُلْتُ أَتَجَهَّزُ بَعْدَهُ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ ثُمَّ أَلْحَقُهُمْ فَغَدَوْتُ بَعْدَ أَنْ فَصَلُوْا لِأَتَجَهَّزَ فَرَجَعْتُ وَلَمْ أَقْضِ شَيْئًا، ثُمَّ غَدَوْتُ فَرَجَعْتُ وَلَمْ أَقْضِ شَيْئًا، فَلَمْ يَزَلْ بِيْ حَتّٰى أَسْرَعُوْا وَتَفَارَطَ الْغَزْوُ، وَهَمَمْتُ أَنْ أَرْتَحِلَ فَأُدْرِكَهُمْ وَلَيْتَنِيْ فَعَلْتُ. (ص۱۰۲۔ مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق بھی تحریر کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ یہ غزوہ رسول اللہ ﷺ نے اس وقت کیا جبکہ پھل اور سائے اچھے ہوگئے تھے اور نبی ﷺ نے اور آپ کے ساتھ مسلمانوں نے بھی تیاری کی تو میں شروع ہوا کہ صبح کو نکلتا تاکہ ان کے ساتھ تیاری کروں پھر میں واپس لوٹتا اور میں نے کچھ بھی پورا نہ کیا ہوتا اور میں دل میں کہتا کہ میں اس پر قادر ہوں پس میرے ساتھ یہی صورت حال لمبی ہوگئی حتی کہ کوشش تیز اور سخت ہوگئی تو نبی ﷺ نے اور آپ کے ساتھ مسلمانوں نے تیاری مکمل کر لی اور میں نے ابھی اپنی تیاری میں سے کچھ بھی مکمل نہیں کیا تھا تو میں نے کہا کہ میں آپ ﷺ کے ایک یا دو دن بعد تیاری کر لوں گا۔ اور ان کے ساتھ شامل ہو جاؤں گا ان کے چلے جانے کے بعد میں صبح کو نکلا تاکہ تیاری کروں پھر میں اس حال میں لوٹا کہ میں نے کچھ بھی پورا نہیں کیا تھا پھر صبح کو گیا پھر اس حال میں لوٹا کہ میں نے کچھ پورا نہیں کیا تھا تو ہمیشہ میرا یہی حال رہا حتی کہ وہ تیز چلے گئے اور جنگ شروع ہوگئی اور میں نے ارادہ کیا کہ کوچ کروں پھر ان کو مل جاؤں اور کاش کہ میں یہ کام کرتا۔

❸ خط کشیدہ الفاظ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "ثِمَار" یہ جمع ہے اس کا مفرد ثَمَرَةٌ ہے بمعنی پھل، مصدر ثُمُوْرًا (نصر) بمعنی پھلدار ہونا۔

"ظِلَال" یہ جمع ہے اس کا مفرد ظِلٌّ ہے بمعنی سایہ، مصدر ظَلَالَةٌ (سمع) بمعنی سایہ دار ہونا۔

"أَتَجَهَّزُ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر تَجَهُّزًا (تفعل) بمعنی تیاری کرنا، سامان مہیا کرنا۔

"أَلْحَقُهُمْ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر لَحَاقًا و لَحْقًا (سمع) بمعنی لاحق ہونا وملنا۔

"أَسْرَعُوْا" صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر إِسْرَاعًا (افعال) بمعنی جلدی کرنا، سبقت کرنا۔

"هَمَمْتُ" صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم از مصدر هَمًّا و مَهَمَّةً (نصر، مضاعف) بمعنی رنجیدہ وغمگین ہونا۔

**الشق الثانی**...... فَطَافَ ابْنُ الدَّغِنَةِ فِيْ أَشْرَافِ قُرَيْشٍ عَشِيَّةً فَقَالَ لَهُمْ إِنَّ أَبَابَكْرٍ لَا يَخْرُجُ مِثْلُهُ وَلَا يُخْرَجُ، أَتُخْرِجُوْنَ رَجُلًا يَكْسِبُ الْمُعْدِمَ وَيَصِلُ الرَّحِمَ وَيَحْمِلُ الْكَلَّ وَيَقْرِي الضَّيْفَ وَيُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ؟ فَلَمْ تُكَذِّبْ قُرَيْشٌ بِجِوَارِ ابْنِ الدَّغِنَةِ وَقَالُوْا لِابْنِ الدَّغِنَةِ مُرْ أَبَابَكْرٍ فَلْيَعْبُدْ رَبَّهُ فِيْ دَارِهٖ فَلْيُصَلِّ فِيْهَا وَلْيَقْرَأْ مَاشَاءَ وَلَا يُؤْذِيْنَا بِذٰلِكَ وَلَا يَسْتَعْلِنْ بِهٖ فَإِنَّا نَخْشٰى أَنْ يَفْتِنَ نِسَاءَنَا وَأَبْنَاءَنَا فَقَالَ ذٰلِكَ ابْنُ الدَّغِنَةِ لِأَبِيْ بَكْرٍ فَلَبِثَ أَبُوْبَكْرٍ بِذٰلِكَ يَعْبُدُ رَبَّهُ فِيْ دَارِهٖ وَلَا يَسْتَعْلِنُ بِصَلَاتِهٖ وَلَا يَقْرَأُ فِيْ

## ﴿الورقة السادسة: فی الادب العربی والعقائد﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ﴿مختارات﴾ ۱۴۳۱ھ

**الشق الاول** ...... وَغَزَارَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ تِلْكَ الْغَزْوَةَ حِيْنَ طَابَتِ الثِّمَارُوَالظِّلَالُ وَتَجَهَّزَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهٗ فَطَفِقْتُ أَغْدُوْ لِكَيْ أَتَجَهَّزَ مَعَهُمْ فَأَرْجِعُ وَلَمْ أَقْضِ شَيْئًا،فَأَقُوْلُ فِيْ نَفْسِيْ وَأَنَاقَادِرٌ عَلَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ يَتَمَادٰى بِيْ حَتّٰى اشْتَدَّ الْجِدُّ فَأَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهٗ وَلَمْ أَقْضِ مِنْ جِهَازِيْ شَيْئًا،فَقُلْتُ أَتَجَهَّزُ بَعْدَهٗ بِيَوْمٍ أَوْيَوْمَيْنِ ثُمَّ أَلْحَقُهُمْ فَغَدَوْتُ بَعْدَأَنْ فَصَلُوْا لِأَتَجَهَّزَفَرَجَعْتُ وَلَمْ أَقْضِ شَيْئًا،ثُمَّ غَدَوْتُ فَرَجَعْتُ وَلَمْ أَقْضِ شَيْئًا،فَلَمْ يَزَلْ بِيْ حَتّٰى أَسْرَعُوْا وَتَفَارَطَ الْغَزْوُ،وَهَمَمْتُ أَنْ أَرْتَحِلَ فَأُدْرِكُهُمْ وَلَيْتَنِيْ فَعَلْتُ ـ (ص۱۰۶۔مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق بھی تحریر کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ یہ غزوہ رسول اللہ ﷺ نے اس وقت کیا جبکہ پھل اور سائے اچھے ہو گئے تھے اور نبی ﷺ نے اور آپ کے ساتھ مسلمانوں نے بھی تیاری کی تو میں شروع ہوا کہ صبح کو نکلتا تا کہ ان کے ساتھ تیاری کروں پھر میں واپس لوٹتا اور میں نے کچھ بھی پورا نہ کیا ہوتا اور میں دل میں کہتا کہ میں اس پر قادر ہوں پس میرے ساتھ یہی صورت حال لمبی ہوگئی حتی کہ کوشش تیز اور سخت ہوگئی تو نبی ﷺ نے اور آپ کے ساتھ مسلمانوں نے تیاری مکمل کر لی اور میں نے ابھی اپنی تیاری میں سے کچھ بھی مکمل نہیں کیا تھا تو میں نے کہا کہ میں آپ ﷺ کے ایک یا دو دن بعد تیاری کر لوں گا۔ اور ان کے ساتھ شامل ہو جاؤں گا ان کے چلے جانے کے بعد میں صبح کو نکلتا تا کہ تیاری کروں پھر میں اس حال میں لوٹا کہ میں نے کچھ بھی پورا نہیں کیا تھا پھر صبح کو گیا پھر اس حال میں لوٹا کہ میں نے کچھ پورا نہیں کیا تھا تو ہمیشہ میرا یہی حال رہا حتی کہ وہ تیز چلے گئے اور جنگ شروع ہوگئی اور میں نے ارادہ کیا کہ کوچ کروں پھر ان کو مل جاؤں اور کاش کہ میں یہ کام کرتا۔

❸ خط کشیدہ الفاظ کی لغوی صرفی تحقیق:۔ "ثِمَار" یہ جمع ہے اسکا مفرد ثَمَرَةٌ ہے بمعنی پھل، مصدر ثُمُوْرًا (نصر) بمعنی پھلدار ہونا۔

"ظِلَال" یہ جمع ہے اس کا مفرد ظِلٌّ ہے بمعنی سایہ، مصدر ظَلَالَةٌ (سمع) بمعنی سایہ دار ہونا۔

"أَتَجَهَّزُ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر تَجَهُّزًا (تفعّل) بمعنی تیاری کرنا، سامان مہیا کرنا۔

"أَلْحَقُهُمْ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر لَحَاقًا و لَحْقًا (سمع) بمعنی لاحق ہونا، ملنا۔

"أَسْرَعُوْا" صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر اِسْرَاعًا (افعال) بمعنی جلدی کرنا، سبقت کرنا۔

"هَمَمْتُ" صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم از مصدر هَمًّا و مَهَمَّةً (نصر، مضاعف) بمعنی رنجیدہ و غمگین ہونا۔

**الشق الثانی** ...... فَطَافَ ابْنُ الدَّغِنَةِ فِيْ أَشْرَافِ قُرَيْشٍ عَشِيَّةً فَقَالَ لَهُمْ إِنَّ أَبَابَكْرٍ لَايَخْرُجُ مِثْلُهٗ وَلَايُخْرَجُ، أَتُخْرِجُوْنَ رَجُلًا يَكْسِبُ الْمُعْدِمَ وَيَصِلُ الرَّحِمَ وَيَحْمِلُ الْكَلَّ وَيَقْرِي الضَّيْفَ وَيُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ؟فَلَمْ تُكَذِّبْ قُرَيْشٌ بِجِوَارِ ابْنِ الدَّغِنَةِ وَقَالُوْا لِابْنِ الدَّغِنَةِ مُرْأَبَابَكْرٍ فَلْيَعْبُدْ رَبَّهٗ فِيْ دَارِهٖ فَلْيُصَلِّ فِيْهَا وَلْيَقْرَأْ مَاشَاءَ وَلَا يُؤْذِيْنَا بِذٰلِكَ وَلَايَسْتَعْلِنْ بِهٖ فَإِنَّا نَخْشٰى أَنْ يَفْتِنَ نِسَائَنَا وَأَبْنَائَنَا فَقَالَ ذٰلِكَ ابْنُ الدَّغِنَةِ لِأَبِيْ بَكْرٍ فَلَبِثَ أَبُوْبَكْرٍ بِذٰلِكَ يَعْبُدُ رَبَّهٗ فِيْ دَارِهٖ وَلَايَسْتَعْلِنُ بِصَلَاتِهٖ وَلَايَقْرَأُ فِيْ

Maktaba Tul Ishaat.com

غَيْرَ دَارِهِ . عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز عبارت کے مضمون کی نشاندہی بھی کریں۔ (ص۴۶۔مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کے مضمون کی نشاندہی۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ تو ابن الدغنہ نے قریش کے معزز لوگوں کے پاس شام کو چکر لگایا اور ان سے کہا کہ بے شک ابوبکرؓ جیسا آدمی نہ نکلتا ہے اور نہ نکالا جاتا ہے۔ کیا تم ایسے آدمی کو نکالتے ہو جو محتاج کو کما کر دیتا ہے اور صلہ رحمی کرتا ہے اور بوجھ اٹھاتا ہے اور مہمان نوازی کرتا ہے اور حق کے واقعات پر امداد کرتا ہے؟ تو قریش نے ابن الدغنہ کی پناہ کو نہ جھٹلایا اور انہوں نے ابن الدغنہ سے کہا کہ ابوبکر کو حکم کرو کہ چاہیے کہ وہ اپنے گھر میں عبادت کرے اور اس میں نماز پڑھے اور اس کی وجہ سے ہمیں تکلیف نہ دے اور اس کو ظاہر کرنے کے در پے نہ ہو ہمیں خوف ہے کہ وہ ہماری عورتوں اور ہمارے بیٹوں کو فتنہ میں ڈال دے گا، یہ بات ابن الدغنہ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ذکر کی تو ابوبکر رضی اللہ عنہ اس طریقہ پر ٹھہرے رہے کہ وہ اپنے گھر میں اپنے رب کی عبادت کرتے اور نماز میں اعلان نہ کرتے یعنی اس کو ظاہر نہ کرتے اور اپنے گھر کے علاوہ کسی جگہ میں قرآن نہ پڑھتے۔

❸ عبارت کے مضمون کی نشاندہی:۔ مذکورہ عبارت کا تعلق کیف ھا جر النبیؐ (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسے ہجرت فرمائی) کیساتھ ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۱ھ

**الشق الاوّل** ...... دَخَلَ الْقَوْمُ وَاللّٰهِ ثُمَّ خَرَجُوْا وَعَرَفُوْا ثُمَّ أَنْكَرُوْا وَحَرَّمُوْا ثُمَّ اسْتَحَلُّوْا، إِنَّمَا دِيْنُ أَحَدِكُمْ لُعْقَةٌ عَلٰى لِسَانِهِ، إِذَا سُئِلَ أَمُؤْمِنٌ أَنْتَ بِيَوْمِ الْحِسَابِ؟ قَالَ: نَعَمْ! كَذَبَ وَمَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ، إِنَّ مِنْ أَخْلَاقِ الْمُؤْمِنِ قُوَّةً فِيْ دِيْنٍ وَحَزْمًا فِيْ لِيْنٍ وَإِيْمَانًا فِيْ يَقِيْنٍ وَعِلْمًا فِيْ حِلْمٍ وَحِلْمًا بِعِلْمٍ وَكَيْسًا فِيْ رِفْقٍ وَتَجَمُّلًا فِيْ فَاقَةٍ وَإِنْصَافًا فِي اسْتِقَامَةٍ، لَا يَحِيْفُ عَلٰى مَنْ يُبْغِضُ وَلَا يَأْثَمُ فِيْ مُسَاعَدَةِ مَنْ يُحِبُّ وَلَا يَهْمِزُ وَلَا يَغْمِزُ وَلَا يَلْمِزُ وَلَا يَلْغُوْ وَلَا يَلْهُوْ وَلَا يَلْعَبُ وَلَا يَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ وَلَا يَتَّبِعُ مَا لَيْسَ لَهٗ وَلَا يَجْحَدُ الْحَقَّ الَّذِيْ عَلَيْهِ وَلَا يَتَجَاوَزُ فِي الْعُذْرِ وَلَا يَشْمَتُ بِالْفَجِيْعَةِ إِنْ حَلَّتْ بِغَيْرِهِ وَلَا يَسُرُّ بِالْمَعْصِيَةِ إِذَا نَزَلَتْ بِسِوَاهُ.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز صاحب مضمون کا مختصر تعارف بھی تحریر کریں۔ (ص۶۳۔مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) صاحب مضمون کا مختصر تعارف۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اللہ کی قسم قوم ایمان میں داخل ہوئی پھر نکل گئی اور پہچانا پھر اجنبی ہوگئی، حرام سمجھا پھر حلال سمجھ لیا، سوائے اس کے نہیں تم میں سے ایک کا دین اس کی زبان پر چاٹنے کے قابل معمولی چیز ہے، جب اس سے پوچھا جاتا ہے کہ حساب کے دن پر ایمان رکھتا ہے تو؟ کہتا ہے جی ہاں، انصاف کے دن کے مالک کی قسم اس نے جھوٹ بولا ہے۔ بیشک مؤمن کے اخلاق میں سے ہے دین میں مضبوطی، نرمی میں ہوشیاری، یقین میں ایمان، بردباری میں علم اور علم کے ساتھ بردباری، نرمی میں عقل مندی اور غربی میں صبر کرنا اور مالداری میں میانہ روی اختیار کرنا اور خرچ میں مہربانی کرنا اور کمزور و غمگین کیلئے رحمت اور حقوق میں ادائیگی اور استقامت میں انصاف کرنا اور مؤمن جس پر غصہ ہوتا ہے اس سے زیادتی نہیں کرتا اور محبوب کی امداد میں گناہ نہیں کرتا اور نہ غیبت کرتا ہے اور نہ طعنہ دیتا ہے اور نہ عیب لگاتا ہے اور نہ فضول کام کرتا ہے اور نہ لہو ولعب کرتا ہے اور چغلخوری نہیں کرتا جو چیز اُس کی نہ ہو اُس کے پیچھے نہیں جاتا اور جو حق اُس کے اوپر اُس کا انکار نہیں کرتا اور عذر میں حد سے تجاوز نہیں کرتا، اگر کسی دوسرے پر مصیبت اُترے تو

اس سے خوش نہیں ہوتا، جب گناہ اُس کے سوا کسی اور پر اُترے تو اُس کے ساتھ خوش نہیں ہوتا۔

❸ مخطوط جملے کی نحوی ترکیب:۔ انّ حرف مشبہ بالفعل من جار ماخلاق المؤمن مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور، جار ومجرور مل کر کائن یا ثابت کے متعلق ہو کر خبر مقدم بقوۃ مصدر ىفى دین جار ومجرور مل کر مصدر کے متعلق ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ حزما مصدر فی لین جار ومجرور مل کر مصدر کے متعلق ہو کر معطوف، معطوف علیہ معطوف مل کر اسم، انّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❹ صاحب مضمون کا مختصر تعارف:۔ صاحب مضمون حضرت حسن بصریؒ کے نام سے مشہور ہیں۔ آپ کا نام حسن، کنیت ابوسعید، نسبت بصری، والد کا نام یسار اور والدہ کا نام خیرہ ہے۔

آپ کے والد حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے غلام تھے اور آپ کی والدہ ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی باندی تھیں۔ حضرت حسن بصریؒ اعلیٰ درجہ کے عالم، فاضل اور متقی و پرہیزگار تھے۔ سلوک وتصوف کے سلسلہ میں آپ کا انتہائی اونچا مقام ہے۔ سلوک وتصوف کے ساتھ ساتھ آپ کو فصاحت وبلاغت میں بھی ملکہ راسخہ حاصل تھا۔ ابوعمرو بن علاء کہتے ہیں کہ میں نے آج تک حضرت حسن بصریؒ اور حجاج بن یوسفؒ سے بڑا فصیح نہیں دیکھا۔ پھر فرمایا کہ ان دونوں میں سے بھی بڑے فصیح حضرت حسن بصریؒ ہیں۔ آپ کی ولادت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں مدینہ میں ہوئی اور وفات رجب ۱۱۰ھ میں ہوئی۔ (بشرات۔ص۱۶۶)

**الشق الثانی** ...... فَلَمْ اَزَلْ اَتَفَكَّرُ فِيْهِ مُدَّةً وَاَنَا بَعْدُ عَلٰى مَقَامِ الْاِخْتِيَارِ اُصَمِّمُ الْعَزْمَ عَلَى الْخُرُوْجِ عَنْ بَغْدَادَ وَمُفَارَقَةِ تِلْكَ الْاَحْوَالِ يَوْمًا وَاُحِلُّ الْعَزْمَ يَوْمًا وَاُقَدِّمُ فِيْهِ رِجْلًا وَاُؤَخِّرُ عَنْهُ اُخْرٰى لَاتَصْدُقُ لِيْ رَغْبَةٌ فِيْ طَلَبِ الْاٰخِرَةِ بُكْرَةً اِلَّا وَيَحْمِلُ عَلَيْهِ جُنْدُ الشَّهْوَةِ حَمْلَةً فَيُفَتِّرُهَا عَشِيَّةً فَصَارَتْ شَهَوَاتُ الدُّنْيَا تُجَاذِبُنِيْ بِسَلَاسِلِهَا اِلَى الْمَقَامِ وَ مُنَادِي الْاِيْمَانِ يُنَادِي الرَّحِيْلَ الرَّحِيْلَ، فَلَمْ يَبْقَ مِنَ الْعُمُرِ اِلَّا قَلِيْلٌ وَبَيْنَ يَدَيْكَ السَّفَرُ الطَّوِيْلُ وَجَمِيْعُ مَا اَنْتَ فِيْهِ مِنَ الْعَمَلِ وَالْعِلْمِ رِيَاءٌ وَ تَخْيِيْلٌ فَاِنْ لَمْ تَسْتَعِدَّ الْاٰنَ لِلْاٰخِرَةِ فَمَتٰى تَسْتَعِدُّ، وَاِنْ لَمْ تَقْطَعِ الْاٰنَ هٰذِهِ الْعَلَائِقَ فَمَتٰى تَقْطَعُ؟

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق بھی تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ تو ایک مدت میں اس بارے میں سوچتا رہا اور اس کے بعد اختیار کرنے کے مقام پر ایک دن ان احوال کو جدا کرنے اور بغداد سے نکلنے پر میں پکا ارادہ کر لیتا اور دوسرے دن اس ارادہ سے نکل جاتا اور ایک پاؤں اس میں آگے کرتا اور دوسرا پاؤں اس سے پیچھے کر لیتا، صبح کو طلب آخرت میں میری رغبت خالص نہ ہوتی مگر خواہش کا لشکر اس پر حملہ کر دیتا اور شام کو اس کو سست کر دیتا لہٰذا دنیا کی خواہشات مجھے اپنی زنجیروں کے ساتھ اسی مقام پر برقرار رہنے کیلئے کھینچتیں اور ایمان کا منادی آواز لگاتا، کوچ کرو، کوچ کرو، عمر کم باقی ہے اور سفر لمبا ہے اور جس علم وعمل میں تو معروف ہے وہ سب دکھلاوا اور وہم ہے۔ اگر تو نے اب آخرت کی تیاری نہ کی تو کب تیاری کریگا اگر اب تو نے یہ تعلقات ختم نہ کیے تو کب ختم کرے گا؟۔

❸ الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "جُنْدٌ" یہ مفرد ہے اس کی جمع جُنُوْدٌ و اَجْنَادٌ ہے بمعنی لشکر، فوج۔

"اَتَفَكَّرُ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر تَفَكُّرًا (تفعل) بمعنی سوچنا، غور وفکر کرنا۔

"يَحْمِلُ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر حَمْلًا و حُمْلَانًا (ضرب) بمعنی اُٹھانا، اُکسانا، حملہ کرنا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

"عَلَائِق" یہ جمع ہے اس کا مفرد عِلَاقَة ہے بمعنی لٹکانے کی چیز۔

"تَقَطَّعُ" صیغہ واحد مذکر حاضر فعل مضارع معلوم از مصدر تَقَطُّعًا و مُتَقَطِّعًا (تفعّل) بمعنی کا ٹنا، جدا کرنا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ﴿عقیدہ طحاویہ﴾ ١٤٢١ھ

**الشق الاول** ...... وَلَا يَكُوْنُ اِلَّا مَا يُرِيْدُ وَلَا تَبْلُغُهُ الْاَوْهَامُ وَلَا تُدْرِكُهُ الْاَفْهَامُ وَلَا يُشْبِهُهُ الْاَنَامُ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ ، قَيُّوْمٌ لَا يَنَامُ ۔ (ص ٣۔ امدادیہ)

ترجم العبارة مع تشكيلها . اذكر اختلاف المعتزلة فى مسئلة الارادة . اشرح العبارة بتمامها .

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل چار امور ہیں (١) عبارت کا ترجمہ (٢) عبارت پر اعراب (٣) مسئلہ ارادۃ میں معتزلہ کا اختلاف (٤) عبارت کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اور جہاں میں نہیں ہوتا مگر وہی جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے۔ انسانی خیالات اس کی حقیقت تک نہیں پہنچ سکتے اور نہ ہی عقلِ انسانی اس کا ادراک کرسکتی ہے۔ کوئی مخلوق اس کے مشابہ نہیں اور وہ ایسا زندہ ہے جس کو کبھی موت نہیں آئے گی اور ایسا محافظ ہے جس کو کبھی نیند نہیں آتی۔

❷ عبارت پر اعراب:۔ كما مرّ فى السوال آنفا۔

❸ مسئلہ ارادۃ میں معتزلہ کا اختلاف:۔ تمام افعالِ عباد کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں اور کسی چیز کی ایجاد و تخلیق مشیت و ارادہ کے بغیر نہیں ہوسکتی پس افعالِ عباد میں سے کوئی فعل بھی اللہ تعالیٰ کے ارادے و مشیت اور قضاء و قدر اور حکم کے بغیر وجود میں نہیں آتا خواہ وہ افعالِ خیر کی قبیل سے ہو یا شر کی قبیل سے ہو۔

معتزلہ ارادۂ الٰہی کے تمام افعالِ عباد کو عام ہونے کا انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بندوں کے اچھے افعال تو ارادۂ الٰہی کے سبب صادر ہوتے ہیں۔ اور برے افعال ارادۂ الٰہی کے سبب صادر نہیں ہوتے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ شر اور قبیح کا ارادہ نہیں کرتا حتیٰ کہ کافر سے بھی اس نے ایمان ہی کا ارادہ کیا ہے اور فاسق سے بھی طاعت کا ہی ارادہ کیا ہے اور اصل معتزلہ کے نزدیک یہ ہے کہ جس طرح خلقِ قبیح قبیح ہے اسی طرح ارادۂ قبیح بھی قبیح ہے۔

معتزلہ نے جو اصل بتلایا ہے کہ جس طرح خلقِ قبیح قبیح ہے اسی طرح ارادۂ قبیح قبیح ہے۔ ہم اس اصل کو تسلیم نہیں کرتے۔ اور کہتے ہیں کہ: خلقِ قبیح قبیح ہے اور نہ ارادۂ قبیح قبیح ہے بلکہ کسبِ قبیح اور قبیح کے ساتھ متصف ہونا قبیح ہے جو بندے کا اختیاری فعل ہے اور معتزلہ کی اصل پر بندوں کے بیشتر افعال ارادۂ الٰہی کے خلاف صادر ہوں گے اور یہ بہت بری بات ہے۔ کیونکہ اس صورت میں اللہ تعالیٰ کا مغلوب ہونا اور اپنی مراد میں ناکام ہونا لازم آئے گا۔ (بیان الفوائد ج ص ٣١)

❹ عبارت کی تشریح:۔ مصنفؒ نے مذکورہ بالا عبارت سے فرقہ ضالہ کے تمام نظریات کا رد کیا ہے۔ چنانچہ فرمایا کہ قدریہ اور معتزلہ جو یہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ بندوں کے ایمان کا ارادہ کرتا ہے۔ مگر مؤمن اسکے ارادہ کے مطابق ایمان لے آتا ہے، کافر ایمان نہیں لاتا۔ انکی یہ بات جہالت پر مبنی ہے اسلئے کہ اس صورت میں کافر کا اللہ تعالیٰ کے ارادہ کیخلاف عمل کرنا لازم آئیگا حالانکہ اللہ تعالیٰ کے ارادہ کی مخالفت ممکن نہیں ہے۔ نیز ان کا یہ نظریہ خلق اور کسب کے درمیان فرق نہ کرنے کی وجہ سے ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ ہر چیز مثلاً مؤمن کا ایمان، کافر کا کفر، بندوں کے اچھے اور برے اعمال، نفع و نقصان سب اللہ تعالیٰ کے ارادہ سے ہوتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً الخ (اگر اللہ تعالیٰ تم پر برائی یا مہربانی کرنا چاہے تو تمہیں کون اس سے بچاسکتا ہے)

باقی خلق اور کسب میں فرق یہ ہے کہ بندے کے وہ افعال جو اس کے ارادہ کے بغیر صادر ہوتے ہیں یہ افعال صرف اللہ کی تخلیق اور ارادے سے ہیں ان کے صدور میں بندہ کی قدرت اور اختیار کو کوئی دخل نہیں ہے اور بندے کے وہ افعال جو بندہ کے ارادہ اور اختیار سے صادر ہوتے ہیں مثلاً کفر، ایمان، طاعت ومعصیت وغیرہ یہ محلِ اختلاف ہیں، اہلِ سنت کے نزدیک ان کا خالق ذات باری تعالیٰ ہے اور کسب بندے کے اختیار وقدرت سے ہے تو بندہ جب اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی قدرت کو استعمال کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنی قدرت قدیمہ سے وہ عمل موجود فرمادیتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں وہی ہوتا ہے اس کے ارادہ ومشیت کے خلاف کچھ نہیں ہوسکتا اور انسانی عقل وشعور کے ذریعہ اس کا ادراک نہیں ہوسکتا، اسی طرح اگرچہ بندے بھی بعض صفات مثلاً سمع وبصر وغیرہ کے ساتھ متصف ہیں مگر باری تعالیٰ کی صفات میں اور ان کی صفات میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔

اسی طرح وہ زندہ رہنے والی ذات اور باقی رہنے والی ذات ہے اور خود قائم رہ کر دوسروں کو قائم رکھتا اور سنبھالتا ہے۔ اور یہ صفتِ حق تعالیٰ ہے اس میں کوئی اور شریک نہیں ہے۔ لہٰذا لفظ قیوم اسی ذات پر ہی بولا جائے گا کسی اور کو قیوم نہیں کہا جائے گا۔

**الشق الثانی** ...... **وَالْإِسْتِطَاعَةُ الَّتِیْ یَجِبُ بِهَا الْفِعْلُ مِنْ نَحْوِ التَّوْفِیْقِ الَّذِیْ لَا یَجُوْزُ أَنْ یُوْصَفَ الْمَخْلُوْقُ بِهٖ فَهِیَ مَعَ الْفِعْلِ وَ أَمَّا الْإِسْتِطَاعَةُ مِنَ الصِّحَّةِ وَالْوُسْعِ وَالتَّمَكُّنِ وَسَلَامَةِ الْآلَاتِ فَهِیَ قَبْلَ الْفِعْلِ وَ بِهَا یَتَعَلَّقُ الْخِطَابُ وَ هُوَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا۔** (ص۱۴۱۔امدادیہ)

**شکل العبارة ثم ترجمها جمیلة ۔ اشرح العبارة بکل وضوح ۔ وضح الفرق بین قسمی الاستطاعة۔**

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) استطاعت کی دونوں قسموں کے درمیان فرق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ **کما مرّ فی السوال آنفا۔**

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور وہ استطاعت جس کے ذریعے فعل واجب ہوتا ہے۔ جیسے وہ فعل جس سے مخلوق کو متصف نہیں کیا جاسکتا یہ استطاعت فعل کے ساتھ ہوتی ہے۔ اور لیکن وہ استطاعت جو صحت، وسعت، قدرت اور موافق اسباب کی صورت میں مہیا ہوتی ہے اس کا وجود فعل سے پہلے ہوتا ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد **لا یکلف اللّٰہ نفسا الا وسعها۔**

❸ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ لفظ استطاعت کبھی تو سلامتی اسباب وآلات کے معنی میں آتا ہے اور یہ استطاعت کا مجازی معنی ہے اور اس معنی کے اعتبار سے استطاعت فعل پر مقدم ہوتی ہے کیونکہ اسی استطاعت پر فعل کی تکلیف کا مدار ہے سو اگر فعل سے پہلے بندہ کو یہ استطاعت حاصل نہ ہو تو غیر مستطیع کو فعل کا مکلف بنانا لازم آئے گا جو کہ درست نہیں ہے اور کبھی لفظ استطاعت کا اطلاق بندہ کی اس قدرت پر ہوتا ہے جسکے ذریعے فعل کا وجود ہوتا ہے اور یہ استطاعت کا حقیقی معنی ہے جس کو اشاعرہ فعل کا مقارن بالزمان مانتے ہیں بایں معنی کہ پہلے سے بندہ کے اندر فعل کی قدرت نہیں ہوتی بلکہ جب وہ فعل کا ارادہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکے اندر اس فعل کی قدرت پیدا فرمادیتے ہیں جسکے ساتھ ہی فعل موجود ہوجاتا ہے اور معتزلہ کہتے ہیں کہ بندہ کے اندر یہ قدرت فعل سے پہلے بھی موجود ہوتی ہے تاکہ غیر مستطیع کو فعل کا مکلف بنانا لازم نہ آئے اور فعل کے ساتھ بھی موجود ہوتی ہے تاکہ بغیر قدرت کے فعل کا موجود ہونا لازم نہ آئے چونکہ لفظِ استطاعت کو مطلقاً ذکر کرنے سے یہ شبہ ہوسکتا تھا کہ شاید استطاعت کا اس جگہ مجازی معنی اسباب وآلات کی سلامتی ہے جو بالاجماع فعل پر مقدم ہے اس لئے مصنف نے استطاعت کا معنی بیان کیا کہ استطاعت کا حقیقی معنی قدرت ہے جو کہ محلِ نزاع ہے کیونکہ مجازی معنی محلِ نزاع نہیں ہے وہ بالاجماع فعل پر مقدم ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

❷ استطاعت کی دونوں قسموں کے درمیان فرق:۔ مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ استطاعت کی دو قسمیں ہیں ①:استطاعت بمعنی سلامتی اسباب وآلات یہ متفق علیہ ہے ②استطاعت بمعنی قدرت یہ معنی اشاعرہ اور معتزلہ کے درمیان مختلف فیہ ہے استطاعت کا معنی مجازی جو کہ سلامتی اسباب وآلات ہے استطاعت کی یہی قسم تکلیف کی صحت کا مدار ہے اس لئے کہ یہ استطاعت فعل سے مقدم ہوتی ہے اس کے بغیر انسان احکام کا مکلف نہیں ہوسکتا۔

## ﴿الورقة السادسة: في الادب العربي والعقائد﴾

## ﴿السؤال الاول﴾ ﴿مختارات﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاول** ......ثُمَّ جَاءَ الْقَاضِي الْفَاضِلُ مُجَدِّدُ أُسْلُوْبِ الْحَرِيْرِيِّ وَبِالْأَصَحِّ مُقَلِّدُهُ وَهُوَ وَزِيْرُ أَعْظَمِ دَوْلَةٍ إِسْلَامِيَّةٍ فِيْ عَصْرِهَا وَكَاتِبُ سِرِّ أَحَبِّ سُلْطَانٍ فِيْ عَهْدِهِ صَلَاحِ الدِّيْنِ الْأَيُّوْبِيِّ قَاهِرِ الصَّلِيْبِيِّيْنَ وَمُعِيْدِ مَجْدِ الْمُسْلِمِيْنَ فَانْتَشَرَ أُسْلُوْبُهُ فِي الْعَالَمِ الْإِسْلَامِيِّ وَحَرَصَ عَلَى تَقْلِيْدِهِ الْكُتَّابُ وَالْمُنْشِئُوْنَ فِيْ أَنْحَاءِ الْمَمْلَكَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ وَهٰكَذَا بَقِيَ أُسْلُوْبٌ وَحِيْدٌ يَتَحَكَّمُ فِي الْعَالَمِ الْإِسْلَامِيِّ وَيُسَيْطِرُ عَلَى الْأَوْسَاطِ الْأَدَبِيَّةِ وَأَصْبَحَ مَا خَلَّفَهُ هٰؤُلَاءِ الْكُتَّابُ الْمُتَصَنِّعُوْنَ مِنْ تُرَاثٍ أَدَبِيٍّ هُوَ الْمَعْنِيُّ بِالْأَدَبِ الْعَرَبِيِّ وَجَاءَ الْمُؤَرِّخُوْنَ لِلْأَدَبِ فَاعْتَبَرُوْهُمْ أَئِمَّةَ الْبَلَاغَةِ وَأُمَرَاءَ الْبَيَانِ وَأَصْحَابَ الْأَسَالِيْبِ وَقَدَّمُوْا مَا كَتَبُوْهُ وَعَرَضُوْهُ لِلدَّارِسِيْنَ وَالْبَاحِثِيْنَ وَقَلَّدَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَتَنَاقَلُوْهُ وَأَصْبَحَتْ كُتُبُ التَّارِيْخِ وَالْأَدَبِ نُسْخَةً وَاحِدَةً. (ص۱۵۔مجلس نشریات اسلام) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز عبارت کا مفہوم وخلاصہ بھی تحریر کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کا مفہوم وخلاصہ

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ پھر حریری کے طریقہ کا مجدد قاضی فاضل آیا اور زیادہ صحیح یہ ہے کہ وہ اس کا مقلد ہے اور وہ اپنے زمانہ کی بڑی حکومت کا وزیر اور مسلمانوں کی بزرگی لوٹانے والے صلیبیوں پر غالب اپنے زمانے کے سب سے پسندیدہ بادشاہ صلاح الدین ایوبی کا رازدار کاتب تھا۔لہٰذا اس کا طریقہ عالم اسلامی میں پھیل گیا اور مملکت اسلامیہ کے اطراف میں لکھاریوں اور انشاء پردازوں نے اس کی تقلید کرنے پر حرص کیا اور اسی طرح وہ اکیلا ایسا انداز رہ گیا جو عالم اسلامی میں حکومت کرتا رہا اور ادبی اعتدالیوں پر غالب رہا۔اور ان بناوٹی لکھاریوں نے جو ادبی میراث چھوڑی تھی عربی ادب سے وہی مراد ہوگئی۔اور ادب کے مؤرخین آئے تو انہوں نے ان کو بلاغت کے امام اور بیان کے امیر واصحاب طرق اعتبار کیا اور جو کچھ انہوں نے لکھا تھا اس کو آگے کیا اور اسی کو پڑھنے والوں اور تحقیق کرنے والوں کے سامنے پیش کیا اور بعض نے بعض کی تقلید کی اور ایک دوسرے سے اسی کو نقل کیا اور تاریخ وادب کی کتب ایک نسخہ ہو کر رہ گئیں۔

❸ عبارت کا مفہوم وخلاصہ:۔ عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ علامہ حریریؒ کے مقامات کا اسلوب ایجاد کرنے اور مقامات لکھنے کے بعد بہت طویل عرصہ تک مقامات ہی ادبی درس وتدریس کا محور رہی اور اسی سے طویل عرصہ تک فائدہ اٹھایا گیا پھر علامہ حریریؒ کے اسلوب کا مجدد بلکہ اس کا مقلد قاضی فاضل آیا اور اس نے علم ادب پر لکھا اور وہ سلطان صلاح الدین ایوبی کا رازدار کاتب تھا پھر اس کا طریقہ عالم اسلام میں پھیل گیا اور عالم اسلام نے پھر اسی کے طریقہ پر لکھنا شروع کر دیا۔کاتب وانشاء پرداز لوگ اس کی تقلید کے حریص ہو گئے اور بعد والے وقتوں میں پھر اُسی کی ادبی میراث کو قبول کیا گیا،ادب کے مؤرخین نے ان کو بلاغت کا امام اور علم بیان کا امیر قرار دیا اور تصویر کا یہی رُخ انہوں نے آنے والی نسلوں کے سامنے پیش کیا اور چلتے چلاتے ایک دوسرے سے نقل کرتے

ہوئے تاریخ وادب کی کتب ایک ہی نسخہ ہو کر رہ گئیں یعنی ایک ہی مضمون پر محیط ہو گئیں۔

**الشق الثانی** ...... فَلَمَّا اجْتَمَعُوْا أَتٰى سَعْدٌ فَقَالَ قَدِاجْتَمَعَ لَكَ هٰذَاالْحَيُّ مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَتَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَحَمِدَاللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ بِمَاهُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ قَالَ: يَامَعْشَرَ الْأَنْصَارِ مَا قَالَةٌ بَلَغَتْنِيْ عَنْكُمْ وَجِدَةٌ وَجَدْتُمُوْهَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ؟ أَلَمْ اٰتِكُمْ ضُلَّالًا فَهَدَاكُمُ اللّٰهُ بِيْ وَعَالَةً فَأَغْنَاكُمُ اللّٰهُ بِيْ وَأَعْدَاءً فَأَلَّفَ اللّٰهُ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ؟ قَالُوْا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمَنُّ وَأَفْضَلُ، ثُمَّ قَالَ أَلَا تُجِيْبُوْنِيْ يَامَعْشَرَ الْأَنْصَارِ؟ قَالُوْا بِمَاذَا نُجِيْبُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ الْمَنُّ وَالْفَضْلُ، قَالَ أَمَا وَاللّٰهِ لَوْشِئْتُمْ لَقُلْتُمْ فَلَصَدَقْتُمْ وَلَصُدِّقْتُمْ. (ص ۳۴۳۔مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ الخطابة المعجزة کا خلاصہ بھی تحریر کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الخطابة المعجزة کا خلاصہ۔

**جواب** ...... ❶ **عبارت پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفاً۔

❷ **عبارت کا ترجمہ:۔** جب لوگ جمع ہو گئے تب سعد رضی اللہ عنہ آئے اور عرض کیا کہ انصار کے اس قبیلے کے لوگ آپ ﷺ کیلئے جمع ہو گئے ہیں تو انکے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تو اس چیز سے اللہ کی حمد و ثناء بیان کی جس کا وہ اہل ہے پھر فرمایا اے انصار کی جماعت وہ کیا بات ہے جو مجھے تمہاری طرف سے پہنچی ہے کہ تم اپنے دلوں میں ناراض ہو گئے ہو تمہارے پاس اس حال میں نہیں آیا کہ تم گمراہ تھے اللہ میرے ذریعہ تم کو ہدایت دی تم فقیر تھے تو اللہ نے میرے ذریعہ تم کو مال دار کر دیا اور تم آپس میں دشمن تھے تو اللہ نے تمہارے دلوں کو جوڑ دیا۔ تو انہوں نے کہا اللہ اور اس کے رسول کا بڑا احسان ہے پھر آپ ﷺ نے فرمایا اے انصار کی جماعت تم جواب کیوں نہیں دیتے تو انہوں نے کہا یا رسول اللہ ہم آپ ﷺ کو کس چیز کے ساتھ جواب دیں اللہ اور رسول کا فضل اور احسان ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا اللہ کی قسم اگر تم چاہو تو تم کہہ سکتے ہو اور تم سچے ہو گے اور تم تصدیق کئے جاؤ گے۔

❸ **الخطابة المعجزة کا خلاصہ:۔** اس مضمون کا خلاصہ یہ ہے کہ جس وقت آپ ﷺ کو کچھ فتوحات اور مال غنیمت وغیرہ حاصل ہوئے تو آپ ﷺ نے قریش کے بڑے بڑے لوگوں کو اور عرب کے دیگر قبائل کے اندر وہ مال غنیمت وغیرہ تقسیم کر دیا تاکہ وہ مانوس ہو کر مسلمان ہو جائیں۔ حضرات انصار رضی اللہ عنہم کو اس کا دکھ و صدمہ ہوا کہ مشکل وقت میں ہم نے آپ ﷺ کا ساتھ دیا کہ جب سب نے تکذیب کی ہم ایمان لائے، آپ ﷺ بے سہارا و بے یارومددگار تھے ہم نے آپ ﷺ کی مدد کی، آپ ﷺ دربدر تھے ہم نے آپ کو ٹھکانہ دیا وغیرہ ذلک اور جب مال حاصل ہوا تو اپنی قوم میں ہی تقسیم کر دیا۔ آپ ﷺ کو اس کی اطلاع پہنچی تو آپ ﷺ نے انصار کو ایک جگہ جمع ہونے کا حکم دیا جب انصار جمع ہو گئے تو آپ ﷺ نے یہ خطبۂ معجزہ ارشاد فرمایا، بعد حمد و ثناء اے انصار کی جماعت مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ تم ناراض ہو؟ اے انصار! اللہ تعالیٰ نے تمہیں میرے ذریعہ گمراہی سے نکال کر ہدایت عطاء کی۔ تم فقیر تھے میرے ذریعہ تم مالدار کئے گئے، تم باہم دشمن تھے میرے ذریعے باہم شیر و شکر، محبت و بھائی چارہ قائم کرنے والے بن گئے۔ کیا یہ میرے تمہارے اوپر احسان نہیں ہیں؟ کیا تم دنیا کے ایک گھونٹ ولقمہ کی وجہ سے مجھ سے ناراض ہو گئے ہو؟ اے انصار! کیا تم اس پر راضی نہیں کہ لوگ مال و دولت لیکر جائیں اور تم میری رضا لیکر گھروں کو لوٹو؟ قسم بخدا جس چیز کو لیکر تم لوٹو گے وہ دنیاوی مال و دولت سے بہتر ہے۔ پھر آپ ﷺ نے انصار کے کچھ مناقب ذکر کئے کہ اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں بھی انصار کا ہی ایک فرد ہوتا، اگر لوگ ایک گھاٹی میں چلیں اور انصار دوسری گھاٹی میں چلیں تو میں انصار والی گھاٹی میں چلوں گا، انصار بدن سے متصل کپڑا ہیں یعنی میرے انتہائی قریب ہیں، پھر فرمایا کہ اے اللہ! انصار پر، ان کے بیٹوں پر اور انکے بیٹوں کے بیٹوں پر رحم فرما۔

Maktaba Tul Ishaat.com

آپ ﷺ کے اس خطبہ وارشاد کی وجہ سے انصار رو پڑے اور انہوں نے اپنی داڑھیوں کو تر کرلیا اور کہنے لگے کہ ہم آپ ﷺ کی تقسیم پر راضی ہیں۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاوّل** ...... يَاعَبْدَاللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ اُنْظُرْ مَاعَلَيَّ مِنَ الدَّيْنِ؟ فَحَسِبُوْهُ فَوَجَدُوْهُ سِتَّةً وَّثَمَانِيْنَ اَلْفًا اَوْ نَحْوَهُ، قَالَ اِنْ وَفٰى لَهٗ مَالُ آلِ عُمَرَ فَاَدِّهٖ مِنْ اَمْوَالِهِمْ وَاِلَّا فَسَلْ فِيْ بَنِيْ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ فَاِنْ لَّمْ تَفِ اَمْوَالُهُمْ فَسَلْ فِيْ قُرَيْشٍ وَّلَاتَعْدُهُمْ اِلٰى غَيْرِهِمْ فَاَدِّ عَنِّيْ هٰذَا الْمَالَ، اِنْطَلِقْ اِلٰى عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقُلْ يَقْرَاُ عَلَيْكِ عُمَرُ السَّلَامَ وَلَاتَقُلْ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاِنِّيْ لَسْتُ الْيَوْمَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَمِيْرًا، وَقُلْ يَسْتَاْذِنُ عُمَرُبْنُ الْخَطَّابِ اَنْ يُّدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيْهِ ، قَالَ فَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَ عَلَيْهَا فَوَجَدَهَا قَاعِدَةً تَبْكِيْ فَقَالَ: يَقْرَاُعَلَيْكِ عُمَرُبْنُ الْخَطَّابِ السَّلَامَ وَيَسْتَاْذِنُ اَنْ يُّدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيْهِ فَقَالَتْ كُنْتُ اُرِيْدُهٗ لِنَفْسِيْ وَلَاُوْثِرَنَّهٗ بِهِ الْيَوْمَ عَلٰى نَفْسِيْ.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق بھی تحریر کریں۔ (ص ۹۰ د۔ مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اے عبداللہ بن عمر! وہ قرض دیکھو جو میرے ذمہ ہے؟ لوگوں نے اس کا حساب لگایا تو اس کو چھیاسی ہزار یا اس کی مثل پایا، فرمایا اگر اس کے لئے آل عمر کا مال پورا ہو جائے تو اس کو ان کے مال سے ادا کرنا ورنہ بنی عدی بن کعب میں سوال کرنا، پھر اگر ان کے مال کفایت نہ کریں تو قریش میں سوال کرنا اور ان سے دوسرے لوگوں کی طرف تجاوز نہ کرنا، لہٰذا میری طرف سے یہ مال ادا کرنا۔ پھر ام المؤمنین حضرت عائشہ ؓ کے پاس جا اور کہہ کہ عمر آپ کو سلام کہتے ہیں اور امیر المؤمنین نہ کہنا اسلئے کہ میں آج مؤمنین کا امیر نہیں ہوں اور ان سے کہہ عمر بن خطاب اس بات کی اجازت طلب کرتا ہے کہ وہ اپنے دوساتھیوں کے ساتھ دفن کیا جائے۔ عمرو بن میمون کہتا ہے پس ابن عمر ؓ نے سلام کیا پھر اجازت طلب کی پھر ان پر داخل ہوئے تو ان کو پایا اس حال میں کہ وہ بیٹھی رو رہی تھیں پھر عرض کیا کہ عمر بن خطاب آپ کو سلام کہتے ہیں اور اس بات کی اجازت چاہتے ہیں کہ وہ اپنے دوساتھیوں کے ساتھ دفن کئے جائیں! تو انہوں نے فرمایا کہ اس جگہ کا میں اپنے لئے ارادہ رکھتی تھی لو آج میں عمر کو اپنے اوپر ترجیح دیتی ہوں۔

❸ الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ اُنْظُرْ: صیغہ واحد مذکر امر حاضر معلوم از مصدر نَظَرًا و مَنْظَرًا (نصر وسمع) بمعنی دیکھنا۔

فَوَجَدُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر وَجْدًا، وِجْدَانًا (ضرب، مثال) بمعنی پانا، غضبناک ہونا۔

اِنْطَلِقْ: صیغہ واحد مذکر امر حاضر معلوم از مصدر اِنْطِلَاقًا (انفعال) بمعنی جانا، چلنا۔

يُدْفَنُ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول از مصدر دَفْنًا (ضرب) بمعنی گاڑنا، دفن کرنا۔

تَبْكِيْ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم از مصدر بُكَاءً (ضرب، ناقص) بمعنی رونا۔

لَاُوْثِرَنَّ: صیغہ واحد متکلم بحث لام تاکید بانون ثقیلہ معلوم از مصدر اِيْثَارًا (افعال، مثال) بمعنی ترجیح دینا۔

**الشق الثانی** ...... فَكَانَ اَوَّلُ مَنْ صَانَعَهُمْ عُمَّالَكَ بِالْهَدَايَا وَالْاَمْوَالِ لِيَقْوَوْا بِهَا عَلٰى ظُلْمِ رَعِيَّتِكَ ثُمَّ فَعَلَ ذٰلِكَ ذُو الْمَقْدِرَةِ وَالثَّرْوَةِ مِنْ رَعِيَّتِكَ لِيَنَالُوْا ظُلْمَ مَنْ دُوْنَهُمْ، فَامْتَلَاَتْ بِلَادُ اللّٰهِ بِالطَّمَعِ ظُلْمًا وَبَغْيًا وَفَسَادًا وَصَارَ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمُ شُرَكَاءَكَ فِيْ سُلْطَانِكَ وَاَنْتَ غَافِلٌ، فَاِنْ جَاءَ مُتَظَلِّمٌ حِيْلَ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ فَاِنْ

أَزَالَ دَفْعَ قِصَّتِهِ إِلَيْكَ عِنْدَ ظُهُوْرِكَ وَجَدَكَ قَدْ نَهَيْتَ عَنْ ذٰلِكَ وَأَوْقَفْتَ لِلنَّاسِ رَجُلًا يَنْظُرُ فِيْ مَظَالِمِهِمْ

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز عبارت کے عنوان اور صاحب مضمون کی نشاندہی بھی کریں۔ (ص ۸۳، مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کے عنوان اور صاحب مضمون کی نشاندہی۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ تو جس نے سب سے پہلے انگوٹھا دیا اور مالوں کی صورت میں رشوت دی وہ تیرے عامل ہیں تا کہ تیری عوام پر ظلم کرنے میں رشوت کے ذریعہ مضبوط ہوں پھر یہ کام تیری عوام میں سے ان لوگوں نے کیا جو قدرت اور دولت والے ہیں تا کہ وہ ان پر ظلم کریں جو ان سے کم ہیں تو اس طرح لالچ کی وجہ سے اللہ کی زمین ظلم اور زیادتی و فساد سے بھر گئی اور یہ لوگ تیری بے خبری کی حالت میں تیری حکومت میں تیرے شریک ہو گئے پس اگر کوئی ظلم کی شکایت کرنے والا آ جائے تو تیرے اور اسکے درمیان رکاوٹ کر دی جاتی ہے۔ پھر اگر تیرے ظاہر ہونے کے وقت وہ اپنا قصہ تیرے سامنے پیش کرنے کا ارادہ کرے تو تجھے اس حال میں پاتا ہے کہ تو نے اس سے منع کر دیا ہے اور تو نے لوگوں کے لئے ایک شخص مقرر کر رکھا ہے جو لوگوں کے مظالم میں دیکھے۔

❸ عبارت کے عنوان و صاحب مضمون کی نشاندہی:۔ یہ عبارت القمیص الاحمر (سرخ قمیص) سے ماخوذ ہے۔ اور صاحب مضمون کا نام ابو عمر احمد بن محمد بن عبد ربہ ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ﴿عقیدہ طحاویہ﴾ ۱۴۳۲ھ

**الشق الاول** ...... وَلَا يَثْبُتُ قَدَمُ الْإِسْلَامِ إِلَّا عَلٰى ظَهْرِ التَّسْلِيْمِ وَالْإِسْتِسْلَامِ فَمَنْ رَامَ عِلْمَ مَا حُظِرَ عَلَيْهِ عِلْمُهُ وَلَمْ يَقْنَعْ بِالتَّسْلِيْمِ فَهْمُهُ حَجَبَهُ مَرَامُهُ عَنْ خَالِصِ التَّوْحِيْدِ وَصَافِي الْمَعْرِفَةِ وَصَحِيْحِ الْإِيْمَانِ فَيَتَذَبْذَبُ بَيْنَ الْكُفْرِ وَالْإِيْمَانِ وَالتَّصْدِيْقِ وَالتَّكْذِيْبِ وَالْإِقْرَارِ وَالْإِنْكَارِ مُوَسْوِسًا تَائِهًا زَائِغًا شَاكًّا لَا مُؤْمِنًا مُصَدِّقًا وَلَا جَاحِدًا مُكَذِّبًا۔ (ص ۷، امدادیہ)

شکل العبارة ثم ترجمها۔ اشرح العبارة بحيث يتضح معنى التسليم۔ حقق الكلمات المعلمة لغةً و صرفًا۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح (۴) کلمات معلمہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفًا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور اسلام ثابت قدم نہیں رہ سکتا مگر تسلیم و انقیاد کی پشت پر پس جس نے ان چیزوں کو جاننے کی کوشش کی جن کے جاننے سے اس کو منع کیا گیا ہے اور اس کی فہم نے اطاعت پر قناعت نہیں کی تو اس کا یہ مقصد اس کو خالص توحید، معرفت دین اور صحیح ایمان سے محروم کر دے گا بلکہ ایسے شخص کی حالت کفر و ایمان، تصدیق و تکذیب اور اقرار و انکار کے درمیان ہمیشہ وسوسوں میں مبتلا اور شکی المزاج شخص کی طرح مذبذب رہتی ہے۔ نہ وہ تصدیق کرنے والا مؤمن ہوتا ہے اور نہ تکذیب کرنے والا منکر ہوتا ہے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ دین الٰہی کے اصولوں کو کتاب و سنت کے بغیر نہیں سمجھا جا سکتا بلکہ رسول اللہ ﷺ کی اطاعت اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نقش قدم پر چل کر ہی دین کو سمجھا جا سکتا ہے۔ مصنف رحمہ اللہ اسی بات کو حسی طور پر سمجھاتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جس طرح پاؤں کے قرار کے لئے کسی شئی کی پشت کا ہونا ضروری ہے۔ اسی طرح اسلام پر ثابت قدمی اور اس

Maktaba Tul Ishaat.com

کی بقاء کیلئے بھی ضروری ہے کہ آدمی نصوص شرعیہ اور احادیث رسول کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دے۔ کتاب وسنت سے جو احکام ثابت ہوں بلا چوں و چرا ان کو تسلیم کرے۔ اپنی رائے اور قیاس کے ذریعے معارضہ نہ کرے۔ جس نے اپنی عقل کے گھوڑے دوڑاتے ہوئے قرآن مجید میں کوئی بات کہی اور سلف کے طریقہ سے ہٹ کر قرآن کی تفسیر کی اور دین کو سمجھا اور تسلیم ورضا کا دامن چھوڑ دیا تو اسکا یہ مقصد اسکو خالص توحید، دین کی سمجھ اور ایمان کی صحت سے دور کر دیگا اور جو آدمی امور دینیہ میں نکتہ چینی، قیل وقال اور تاویلات فاسدہ ورائے زنی کرتا ہے وہ توحید ومعرفت اور اصل ایمان سے محروم ہو جاتا ہے اور شکوک وشبہات کے گرداب میں پھنس جاتا ہے۔ اور ایسے موڑ پر جا کھڑا ہوتا ہے کہ اس کو ایمان وکفر، اقرار وانکار، تصدیق وتکذیب میں تردد ہونے لگتا ہے۔ جس کی وجہ سے نہ تو وہ اصلی مؤمن کہلاتا ہے کیونکہ شبہات نے اس کو مغلوب کر دیا ہے اور نہ جاحد ومکذب (کھلا کافر) کہلاتا ہے کیونکہ اقرار برقرار ہے۔

❷ **کلمات معلمہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔** "تائِهًا" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر تَيِهًا (ضرب) حیران ہونا، حیران کرنا۔

"مُوَسْوِسًا" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر وسواسًا ووسوسة (فعللة) دوسوسہ ڈالنا، وسوسہ میں مبتلا ہونا۔

"شَاكًّا" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر شكًّا (نصر) بمعنی شک وشبہ کرنا، مشتبہ ہونا۔

"زائغًا" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر زيغًا و زيغانًا (ضرب) بمعنی ٹیڑھا ہونا۔ مائل ہونا۔

**الشق الثانی** ...... ولا نرى السيف على احد من امة محمد ﷺ إلا من وجب عليه السيف (ص۱۲۔امدادیہ)

اشرح العبارة۔ من هم الذين يجب عليهم السيف وضّح المسئلة.

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل دو امور ہیں: (۱) عبارت کی تشریح (۲) تلوار اٹھائے جانے والے لوگوں کی تعیین۔

**جواب** ...... ❶ **عبارت کی تشریح:۔** اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ امت محمدیہ ﷺ میں سے کسی بھی شخص کا خون بہانا واجب وجائز نہیں ہے کیونکہ ارشاد باری ہے وما كان لمؤمن ان يقتل مؤمنا الّا خطأً . ومن يقتل مؤمنا متعمدا فجزاؤه جهنم جو شخص کسی مؤمن کو جان بوجھ کر قتل کرے اس کی سزا جہنم ہے البتہ اگر شریعت کی رو سے کسی پر تلوار چلانا واجب ہو تو پھر ہم اس کے قتل کو جائز سمجھتے ہیں، بخاری شریف میں حضرت عبداللہ ابن مسعود روایت کرتے ہیں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس مسلمان مرد کا خون بہانا حلال نہیں جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اس بات کی کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں مگر تین وجوہ میں سے کسی ایک وجہ کے ساتھ الثيب الزاني والنفس بالنفس والتارك لدينه۔ (شادی شدہ زانی کو یا قاتل کو یا مرتد مرد کو قتل کرنا جائز ہے)۔

❷ **تلوار اٹھائے جانے والے لوگوں کی تعیین:۔** جن مسلمانوں پر تلوار کا اٹھانا یعنی انہیں قتل کرنا واجب ہے وہ تین شخص ہیں ① اگر شادی شدہ مسلمان زنا کرلے تو رجم کیا جاتا ہے ② جو شخص ناحق کسی کو جان بوجھ کر قتل کر دے تو قصاص میں قتل کیا جاتا ہے ③ اگر کوئی مسلمان مرد (العیاذ باللہ) دین سے پھر جائے اور مرتد ہو جائے تو اس کا قتل واجب ہے۔

تشریح کے ضمن میں مسئلہ کی مکمل وضاحت گزر چکی ہے۔

## ﴿الورقة السادسة: فی الادب العربی والعقائد﴾

### ﴿السوال الاوّل﴾ ﴿مختارات﴾ ١٤٣٢ھ

**الشق الاوّل** ...... وَمِنَ النَّاسِ مَنْ لَا يَأْتِي الصَّلٰوةَ إِلَّا دُبُرًا وَمِنْهُمْ مَنْ لَا يَذْكُرُ اللّٰهَ إِلَّا هَجْرًا وَأَعْظَمُ الْخَطَايَا اَللِّسَانُ الْكَذُوْبُ وَخَيْرُ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ وَخَيْرُ الزَّادِ التَّقْوٰى وَرَأْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ وَخَيْرُ

مَا وَقَرَ فِی الْقُلُوْبِ الْيَقِيْنُ وَالْاِرْتِيَابُ مِنَ الْكُفْرِ وَالنِّيَاحَةُ مِنْ عَمَلِ الْجَاهِلِيَّةِ وَالْغُلُوْلُ مِنْ جُثَاءِ جَهَنَّمَ وَالْكَنْزُ كَیٌّ مِنَ النَّارِ وَالشِّعْرُ مِنْ مَزَامِيْرِ اِبْلِيْسَ وَالْخَمْرُ جُمَّاعُ الْاِثْمِ وَالنِّسَاءُ حِبَالَةُ الشَّيْطَانِ وَالشَّبَابُ شُعْبَةٌ مِنَ الْجُنُوْنِ وَشَرُّ الْمَكَاسِبِ كَسْبُ الرِّبَا وَشَرُّ الْمَاٰكِلِ مَالُ الْيَتِيْمِ وَالسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهٖ وَالشَّقِیُّ مَنْ شَقِیَ فِیْ بَطْنِ اُمِّهٖ.. (س۱۴۳۱ھ مجلس نشریات اسلام) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

وَشَرُّ الْمَاٰكِلِ مَالُ الْيَتِيْمِ وَالسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهٖ کی ترکیب تحریر کریں۔خط کشیدہ کلمات کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) جملہ کی ترکیب (۴) کلمات مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

جواب ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور بعض لوگ وہ ہیں جو نماز میں نہیں آتے مگر بعد میں یا تاخیر سے، اور بعض لوگ وہ ہیں جو ذکر اللہ نہیں کرتے سوائے فحش گوئی کے، گناہوں میں سب سے بڑا گناہ جھوٹ بولنے والی زبان ہے، بہترین مالداری دل کی مالداری ہے، بہترین توشہ، پرہیزگاری ہے، دانائی کی بنیاد اور جڑ اللہ کا خوف ہے اور ان باتوں میں سے بہترین جو دل میں ثابت ہوتی ہیں یقین ہے اور شک کرنا کفر میں سے ہے اور مردہ پر واویلا کرنا جاہلیت میں سے ہے اور خیانت کرنا جہنم میں گھٹنے کے بل بیٹھنے کی مثل ہے، اور مال جمع کرنا آگ سے داغنا ہے اور گندے شعر شیطان کی بانسریوں میں سے ہیں اور شراب تمام گناہوں کو جمع کرنے والی ہے اور عورتیں شیطان کا جال ہیں اور جوانی دیوانگی کا شعبہ ہے اور بدترین کمائی سود کی کمائی ہے اور بدترین کھانا یتیم کا مال ہے اور نیک بخت وہ ہے جو اپنے غیر کے ساتھ نصیحت کیا گیا ہو اور کامل بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت ہو۔

❸ خط کشیدہ عبارت کی ترکیب:۔ شر الماٰکل مضاف ومضاف الیہ ملکر مبتدا، مال الیتیم مضاف ومضاف الیہ ملکر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ السعید مبتدا، مَن موصول، وعظ فعل مجہول مع نائب فاعل، ب جار، غیرہ مضاف ومضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق، فعل اپنے نائب فاعل ومتعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول صلہ ملکر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ ومعطوف ملکر جملہ معطوفہ ہوا۔

❹ کلمات مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "کذوبٌ" یہ مبالغہ کا صیغہ ہے از مصدر کَذِبًا وکِذْبًا (ضرب) بمعنی جھوٹ بولنا۔

"وَقَرَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر وَقْرًا، وُقُوْرَةً (ضرب مثال) بمعنی ثابت ہونا، از تفعیل بمعنی تعظیم کرنا۔

"اَلْارتیاب" یہ باب افتعال کا مصدر ہے (اجوف) بمعنی شک کرنا۔ مجرد رَیْبًا (ضرب) بمعنی شک یا تہمت میں ڈالنا۔

غُلُوْلًا: یہ باب نصر (مضاعف) کا مصدر ہے بمعنی خیانت کرنا۔ کَیٌّ: یہ باب ضرب (لفیف مقرون) کا مصدر ہے داغنا۔

جُثَاءٌ: یہ جمع ہے، اس کا مفرد جُثْوَةٌ ہے بمعنی ڈھیر۔ مصدر جُثُوًّا جُثِیًّا (نصر، ناقص) جُثِیًّا (ضرب) بمعنی زانو پر بیٹھنا، انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔ اَلنِّيَاحَةُ: یہ باب نصر (اجوف) کا مصدر ہے بمعنی نوحہ کرنا، رونا پیٹنا، واویلا کرنا۔

"مزامیرُ" یہ مزمارٌ کی جمع ہے بمعنی بانسری۔ مصدر زَمْرًا، زمیرًا (نصر، ضرب) بمعنی بانسری بجانا۔

الشق الثانی ...... قَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ فَلَمَّا بَلَغَنِیْ اَنَّهٗ تَوَجَّهَ قَافِلًا حَضَرَنِیْ هَمِّیْ وَطَفِقْتُ اَتَذَكَّرُ الْكِذْبَ وَاَقُوْلُ بِمَاذَا اَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهٖ غَدًا؟ وَاسْتَعَنْتُ عَلٰی ذٰلِكَ بِكُلِّ ذِیْ رَاْیٍ مِنْ اَهْلِیْ، فَلَمَّا قِيْلَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَدْ اَظَلَّ قَادِمًا زَاحَ عَنِّی الْبَاطِلُ وَعَرَفْتُ اَنِّیْ لَنْ اَخْرُجَ مِنْهُ اَبَدًا بِشَیْءٍ فِيْهِ كِذْبٌ فَاَجْمَعْتُ صِدْقَهٗ

وَاَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قَادِمًا وَكَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ فَيَرْكَعُ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ لِلنَّاسِ فَلَمَّا فَعَلَ ذٰلِكَ جَاءَهُ الْمُخَلَّفُوْنَ فَطَفِقُوْا يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْهِ وَيَحْلِفُوْنَ لَهُ وَكَانُوْا بِضْعَةً وَثَمَانِيْنَ رَجُلًا فَقَبِلَ مِنْهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَلَانِيَتَهُمْ وَبَايَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَوَكَلَ سَرَائِرَهُمْ اِلَى اللّٰهِ، جِئْتُهُ فَلَمَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ تَبَسَّمَ تَبَسُّمَ الْمُغْضَبِ۔ (ص ۱۵۔ مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ عبارت کی ترکیب بھی تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) خط کشیدہ عبارت کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ کعب بن مالک نے فرمایا کہ جب مجھے یہ بات پہنچی کہ آپ ﷺ واپس آ رہے ہیں تو مجھے فکر نے آ پکڑا اور میں جھوٹ یاد کرنا شروع ہو گیا اور میں کہتا کہ میں کل کس بات کے ساتھ آپ کی ناراضگی سے نکلوں گا اور میں نے اپنے لوگوں میں سے ہر ایک عقلمند سے اس بارے میں مدد طلب کی تو جب مجھے کہا گیا کہ آپ ﷺ نے سایہ قدوم ڈال دیا ہے تو مجھ سے جھوٹ دور ہو گیا اور میں نے پہچان لیا کہ میں اس سے ایسی چیز کے ساتھ نہیں نکل سکتا جس میں جھوٹ ہو تو میں نے آپ ﷺ سے سچ بولنے کا پکا ارادہ کر لیا اور صبح کو آپ ﷺ آ گئے اور آپ ﷺ جب سفر سے آتے تو مسجد سے ابتدا کرتے اس میں دو رکعت نماز پڑھتے پھر لوگوں کیلئے بیٹھتے تو جب آپ نے اپنا یہ معمول کر لیا تو آپ ﷺ کے پاس پیچھے رہنے والے لوگ آئے تو آپ کے سامنے عذر بیان کرنے لگے اور آپ کے لئے قسمیں کھانے لگے جو اسّی سے زیادہ آدمی تھے تو آپ ﷺ نے ان سے ان کے ظاہر کو قبول فرما لیا اور ان کو بیعت کر لیا اور ان کے لئے استغفار کیا اور ان کے پوشیدہ حال کو اللہ کے سپرد کیا تو میں آپ ﷺ کے پاس آیا جب میں نے آپ پر سلام کیا تو آپ ﷺ غصہ ہونے والے آدمی کی طرح مسکرائے پھر فرمایا۔

❸ خط کشیدہ عبارت کی ترکیب:۔ ف عاطفہ قبل فعل منھم جار و مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے رسول اللّٰہ مضاف و مضاف الیہ ملکر فاعل علانیتھم مضاف و مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ بایع فعل و فاعل ھم مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل واؤ عاطفہ استغفر فعل و فاعل لھم جار و مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے ملکر جملہ معطوفہ ہوا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۳ھ

**الشق الاوّل** ...... وَلَا مِنَ اللِّبَاسِ لِيْنَهُ بَلَى وَلٰكِنَّكَ زَهِدْتَ فِيْهِ لِمَا بَيْنَ يَدَيْكَ فَمَا اَصْغَرَ مَا بَذَلْتَ وَمَا اَحْقَرَ مَا تَرَكْتَ وَمَا اَيْسَرَ مَا فَعَلْتَ فِيْ جَنْبِ مَا اَمَّلْتَ، اَمَّا اَنْتَ فَقَدْ ظَفِرْتَ بِرُوْحِ الْعَاجِلِ وَسَعِدْتَ وَاللّٰهِ فِي الْاٰجِلِ، عَزَلْتَ الشُّهْرَةَ عَنْكَ فِيْ حَيَاتِكَ لٰكِنْ لَا يَدْخُلَكَ عُجْبُهَا وَلَا يَلْحَقَكَ فِتْنَتُهَا فَلَمَّا مِتَّ شَهَّرَكَ رَبُّكَ بِمَوْتِكَ وَاَلْبَسَكَ رِدَاءَ عَمَلِكَ فَلَوْ رَاَيْتَ الْيَوْمَ كَثْرَةَ تَبَعِكَ عَرَفْتَ اَنَّ رَبَّكَ قَدْ اَكْرَمَكَ۔ (ص ۴۲۷۔ مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز الفاظ مخطوطہ کی لغوی و صرفی تحقیق بھی تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی و صرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور تجھے نرم لباس کی خواہش نہیں ہے۔ کیوں نہیں لیکن تو نے اس میں ان نعمتوں کی وجہ سے بے رغبتی کی ہے جو تیرے سامنے ہیں۔ تو وہ چیز کس قدر حقیر ہے جو تو نے خرچ کی ہے اور جو تو نے چھوڑا ہے وہ کس قدر چھوٹا ہے اس چیز کے مقابلہ میں جو تو نے امید کی ہے وہ کس قدر آسان ہے جو تو نے کیا ہے، لیکن تو دنیا کے آرام کے ساتھ کامیاب ہو گیا ہے، اللہ کی قسم تو آخرت میں نیک بخت ہے تو نے اپنی زندگی میں شہرت کو اپنے آپ سے الگ کر دیا تاکہ آپ میں اسکا عجب داخل نہ ہو اور نہ آپ کو اسکا فتنہ لاحق ہو۔ پس جب تو فوت ہوا تو تیری موت کے ساتھ تیرے رب نے شہرت دی ہے اور تجھے تیرے عمل کی چادر پہنا دی ہے۔ پس اگر تو آج اپنے پیچھے آنے والوں کی کثرت دیکھتا تو تو جان لیتا کہ تیرے رب نے تیرا اکرام کیا ہے۔

❸ خط کشیدہ الفاظ کی تحقیق:۔ "بَذَلْتَ" صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی معلوم از مصدر بَذْلًا (نصر) بمعنی خرچ کرنا۔

"یَدَیْكَ" یَدَانِ یہ یَدٌ کا تثنیہ ہے، اس کی جمع اَیْدِیْ ہے بمعنی ہاتھ، ہتھیلی۔

"اَمَلْتَ" صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی معلوم از مصدر اَمَلًا (نصر، مہموز) بمعنی امید کرنا۔

"لَایَلْحَقُ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی مضارع معلوم از مصدر لَحَاقًا و لَحْقًا (سمع) بمعنی لاحق ہونا، ملنا۔

"اَلْبَسَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر اِلْبَاسًا (افعال) بمعنی پہنانا۔

"اَکْرَمَكَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر اکراما (افعال) بمعنی اکرام وعزت کرنا۔

**الشق الثانی** ......وَاَمَرَ غُلَامَهُ اَنْ يُطْعِمَنِيْ رَغِيْفَيْنِ بِمِلْحٍ فَجِئْتُ وَعِنْدِيْ اَنَّهُ صَائِمٌ وَلَمْ اَزَلْ اَنْتَظِرُ الْمَغْرِبَ اَتَوَقَّعُ اِفْطَارَهُ، فَلَمَّا صَلَّيْتُ الْمَغْرِبَ قُلْتُ لِغُلَامِهِ: مَايَنْتَظِرُ بِالْاَكْلِ؟ قَالَ: قَدْ اَكَلَ مُنْذُ زَمَانٍ، قُلْتُ اَوَلَمْ يَكُنْ صَائِمًا؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: اَفَلَطَوِيْ اَنَا؟ قَالَ؟ قَدْ اُعِدَّ لَكَ مَاتَاْكُلُهُ فَكُلْ، وَاَخْرَجَ اِلَيَّ الرَّغِيْفَيْنِ وَالْمِلْحَ. فَاَكَلْتُهُمَا وَبِتُّ مَيِّتًا جُوْعًا وَاَصْبَحْتُ فَسِرْنَا حَتّٰى نَزَلْنَا الْمَنْزِلَ فَقَالَ لِغُلَامِهِ اِبْتَعْ لَنَا لَحْمًا بِدِرْهَمٍ فَابْتَاعَهُ فَقَالَ كَبِّبْ لِيْ قِطَعًا فَفَعَلَ فَاَكَلَهُ وَنَصَبَ الْقِدْرَ فَلَمَّا نَغَرَتْ قَالَ: اِغْرِفْ لِيْ مِنْهَا قِطَعًا فَفَعَلَ فَاَكَلَهَا ثُمَّ قَالَ: اِطْرَحْ فِيْهَا لَقَّةً وَاَطْعِمْنِيْ مِنْهَا فَفَعَلَ ثُمَّ قَالَ: اَلْقِ تَوَابِلَهَا وَاَطْعِمْنِيْ مِنْهَا فَفَعَلَ وَاَنَا جَالِسٌ اَنْظُرُ اِلَيْهِ لَايَدْعُوْنِيْ. عبارت پر اعراب لگا کر سلیس ترجمہ تحریر کریں۔ (ص ۹۶۔ مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ۔

**جواب** ..... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور اپنے غلام کو حکم دیا کہ مجھے نمک کے ساتھ دو روٹیاں کھلائے پس میں آیا اور میرے خیال میں وہ روزہ دار تھا اور میں مسلسل مغرب کی انتظار کرتا رہا اور اس کی افطاری کی امید کرتا رہا، جب میں نے مغرب کی نماز پڑھ لی تو میں نے اس کے غلام کو کہا کہ کھانے میں کس چیز کا انتظار ہے؟ غلام نے کہا، بیشک اس نے تو کب سے کھالیا ہے، میں نے کہا کیا اس کا روزہ نہیں تھا؟ غلام نے کہا نہیں، میں نے کہا کیا میں بھوکا رہوں، اس نے کہا کہ تیرے لیے میں نے وہ چیز تیار کی ہے جو تو کھائے گا اور اس نے دو روٹیاں اور نمک میری طرف نکالا، تو میں نے ان کو کھایا اور میں نے بھوکے رات گزاری، میں نے صبح کی پھر ہم چلے حتی کہ ہم ایک منزل میں اترے تو اس نے اپنے غلام سے کہا ایک درہم کا ہمارے لئے گوشت خریدو، تو اس نے وہ خریدا پھر اس نے کہا میرے لئے کباب کے ٹکڑے بنا، تو اس نے کیا اور اس نے وہ کھا کر ہانڈی چڑھادی۔ جب وہ جوش مارنے لگی تو کہا میرے لئے اس میں سے ایک چمچہ بھر دے تو اس نے کیا پھر اس نے اس کو کھالیا پھر کہا اس میں خاص مصالحہ ڈال دے اور اس میں سے مجھے کھلا تو اس نے کیا اور میں بیٹھا ہوا دیکھ رہا تھا کہ وہ مجھے نہیں بلا رہا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

## ﴿السوال الثالث﴾ ﴿عقیدہ طحاویہ﴾ ۱٤۳۳ھ

**الشق الاوّل**......مَازَالَ بِصِفَاتِهٖ قَدِيْمًا قَبْلَ خَلْقِهٖ لَمْ يَزْدَدْ بِكَوْنِهِمْ شَيْئًا لَمْ يَكُنْ قَبْلَهُمْ مِنْ صِفَتِهٖ وَكَمَا كَانَ بِصِفَاتِهٖ اَزَلِيًّا كَذَالِكَ لَايَزَالُ عَلَيْهَا اَبَدِيًّا۔ (ص۳۔امدادیہ)

**شكل العبارة ثم ترجمها واضحة . اشرح العبارة بحيث يتضح مفهومها كاملاً.**

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کی تشریح۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ كما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق سے قبل اپنی صفات کے ساتھ ہمیشہ سے قدیم ہیں۔ مخلوق کے وجود کے سبب اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے کسی ایسی نئی صفت کا اضافہ نہیں ہوا جو صفت مخلوق کے وجود سے پہلے نہ ہو۔ جیسے وہ اپنی صفات میں ازلی تھے ایسے ہی ہمیشہ انہی صفات کے ساتھ موصوف رہیں گے۔

❸ عبارت کی تشریح:۔ صفات باری تعالیٰ کی دو قسمیں ہیں۔ صفات ذات اور صفات افعال۔ صفات ذات ان صفات کو کہا جاتا ہے جن کی ذات باری تعالیٰ سے نفی جہل و عجز کو مستلزم ہو جیسے **علیم و قدیر** اور جہل و عجز دونوں از قبیل نقائص ہیں۔ اور صفات افعال ان صفات کو کہتے ہیں جن کی ذات واجب سے نفی موجب نقص نہ ہو۔ مثلاً اعزاز، اذلال اور اغنا، وغیرہ۔

یہاں مقصود یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ صفات کمال کے ساتھ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ یعنی جس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات قدیم اور ازل سے ہے اسی طرح اس کی صفات بھی قدیم اور ازلی ہیں مثلاً صفت خالقیت مخلوق کو پیدا کرنے سے پہلی تھی یہ نہیں کہ پیدا کرنے کے بعد اس صفت کے ساتھ موصوف ہوئے اور نہ ہی مخلوق کو پیدا کرنے کے بعد ان کی اس صفت میں کوئی اضافہ ہوا بلکہ اس صفت کے ثبوت میں مخلوق کی تخلیق کو کوئی دخل نہیں ہے بلکہ وہ ازلی طور پر خالق ہیں کیونکہ اگر مخلوق کو پیدا کرنے کی وجہ سے اسکو خالق کہا جائے گا تو خالق پر مخلوق کا مقدم ہونا لازم آئے گا جبکہ خالق مخلوق پر مقدم ہے جس کی وجہ سے تخلیق عمل میں آتی ہے اور اگر بلا خالق کسی شئی کی تخلیق عمل میں آئے تو لازم آئے گا کہ ذات باری کی طرح وہ حادث نہ ہو حالانکہ یہ بھی باطل ہے۔ اس تفصیل سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات وصفات کمال دونوں کے اعتبار سے ازلی اور قدیم ہیں۔

**الشق الثانی**......وَالْعَرْشُ وَالْكُرْسِيُّ حَقٌّ كَمَا بَيَّنَ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهٖ عَزَّوَجَلَّ وَهُوَ مُسْتَغْنٍ عَنِ الْعَرْشِ وَمَا دُوْنَهٗ مُحِيْطٌ بِكُلِّ شَيْءٍ وَّ بِمَا فَوْقَهٗ وَ قَدْ اَعْجَزَ عَنِ الْاِحَاطَةِ خَلْقَهٗ. (ص۹۔امدادیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، اللہ جل شانہٗ جب زمان اور مکان سے منزہ ہیں تو عرش اور کرسی کا کیا مطلب؟ عرش اور کرسی الگ الگ ہیں یا دونوں ایک ہیں؟

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا خلاصہ چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) باری تعالیٰ کے زمان اور مکان سے منزہ ہونے کے باوجود عرش و کرسی کا مطلب (۴) عرش و کرسی کے الگ الگ یا ایک ہی چیز ہونے کی وضاحت۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور عرش اور کرسی برحق ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں بیان فرمایا اور وہ عرش اور غیر عرش سے بے نیاز ہے، ہر چیز کو محیط ہے اور ہر چیز پر غلبہ وفوقیت رکھتا ہے، اس کی مخلوق اس کا احاطہ کرنے سے عاجز ہے۔

❸ باری تعالیٰ کے زمان اور مکان سے منزہ ہونے کے باوجود عرش و کرسی کا مطلب:۔ بہت سی آیات واحادیث

لہٰذا آپ مجھے بخش دیں تو اللہ نے اس کو بخش دیا بیشک وہ خوب بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ عرض کی اے میرے رب! اس وجہ سے کہ آپ کا مجھ پر احسان ہے تو میں ہرگز مجرمین کا مددگار نہیں ہوں گا، موسیٰ علیہ السلام نے شہر میں صبح کی ڈرتے ہوئے انتظار کرتے ہوئے تو اچانک وہ شخص آپ سے فریاد طلب کر رہا تھا جس نے کل مدد طلب کی تھی۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس سے کہا بے شک تو کھلا گمراہ ہے۔

❸ آیات میں مذکور واقعہ:۔ ان آیات میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اُس مشہور واقعہ کا ذکر ہے جو ان کے ہاتھوں فرعون کی قوم کا ایک آدمی قتل ہو گیا تھا، واقعہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام شہر گئے تو وہاں دیکھا کہ دو آدمی باہم گتھم گتھا ہیں ان میں سے ایک موسیٰ علیہ السلام کی قوم کا آدمی ہے اور دوسرا فرعون کی قوم کا آدمی ہے، جو آدمی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے تھا اُس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مدد کے لئے طلب کیا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دوسرے کو ایک مکا رسید کیا تو اس کی موت واقع ہو گئی، موسیٰ علیہ السلام کو پریشانی لاحق ہو گئی کہ یہ کیا شیطانی عمل سرزد ہو گیا ہے، چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پروردگار کے حضور ندامت کے ساتھ غلطی پر معافی طلب کی اور باری تعالیٰ نے معاف کر دیا، جب اگلی صبح ہوئی تو وہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کا آدمی کسی دوسرے آدمی سے جھگڑ رہا تھا اور اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مدد کے لئے طلب کیا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ تو بڑا سرکش آدمی ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام یہ کہہ کر جب آگے بڑھے اور دشمن کو پکڑنے لگے تو وہ مدد طلب کرنے والے نے سمجھا کہ شاید مجھے کچھ کہنے لگے ہیں اس نے بھاگ کر شور مچانا شروع کر دیا کہ اے موسیٰ! جیسے کل تو نے ایک فرعونی کو قتل کیا تھا اُسی طرح آج تو مجھے قتل کرنا چاہتا ہے اور تیرا کام زمین میں فساد برپا کرنا ہے۔ اس طرح فرعونیوں کو سابقہ قتل کا سراغ مل گیا اور فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنے کا حکم جاری کر دیا جس کے نتیجہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے مدین کی طرف ہجرت کر گئے، اس کے بعد حضرت شعیب علیہ السلام کی بکریاں چرانے والا واقعہ پیش آیا۔

**الشق الثانی** ...... قَالَ سُرَاقَةُ فَعَرَفْتُ اَنَّهُمْ هُمْ فَقُلْتُ لَهُ اِنَّهُمْ لَيْسُوْا بِهِمْ وَلٰكِنَّكَ رَاَيْتَ فُلَانًا وَفُلَانًا اِنْطَلِقُوْا بِاَعْيُنِنَا ثُمَّ لَبِثْتُ فِي الْمَجْلِسِ سَاعَةً ثُمَّ قُمْتُ فَدَخَلْتُ فَاَمَرْتُ جَارِيَتِيْ اَنْ تَخْرُجَ بِفَرَسِيْ وَهِيَ مِنْ وَرَاءِ اَكَمَةٍ فَتَحْبِسُهَا عَلَيَّ وَاَخَذْتُ رُمْحِيْ فَخَرَجْتُ بِهٖ مِنْ ظَهْرِ الْبَيْتِ فَخَطَطْتُ بِزُجِّهِ الْاَرْضَ وَخَفَضْتُ عَالِيَهٗ حَتّٰى اَتَيْتُ فَرَسِيْ فَرَكِبْتُهَا فَرَفَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِيْ حَتّٰى دَنَوْتُ مِنْهُمْ فَعَثَرَتْ بِيْ فَرَسِيْ فَخَرَرْتُ عَنْهَا فَقُمْتُ فَاَهْوَيْتُ يَدِيْ اِلٰى كِنَانَتِيْ فَاسْتَخْرَجْتُ مِنْهُ الْاَزْلَامَ فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا اَضُرُّهُمْ اَمْ لَا؟ فَخَرَجَ الَّذِيْ اَكْرَهُ فَرَكِبْتُ فَرَسِيْ وَعَصَيْتُ الْاَزْلَامَ. (ص ۳۵۔ مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز عبارت کے مضمون کا عنوان بھی تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کے مضمون کا عنوان۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ سراقہ کہتے ہیں میں نے پہچان لیا کہ واقعی یہ وہی ہیں تو اس سے میں نے کہا پکی بات ہے کہ یہ وہ نہیں ہیں اور لیکن تو نے فلاں فلاں کو دیکھا ہے جو کہ ہمارے سامنے چلے ہیں۔ پھر میں کچھ دیر مجلس میں رکا رہا پھر میں کھڑا ہو گیا، گھر میں داخل ہوا اور میں نے اپنی باندی سے کہا وہ میری گھوڑی کو لیکر ٹیلے کے پیچھے سے نکلے اور اس کو میرے آنے تک روکے رکھے اور میں نے اپنا نیزا پکڑا اور گھر کی پشت کی جانب سے میں نکلا تو میں نے نیزہ کے نیچے لگے ہوئے لوہے کے ساتھ زمین پر لکیریں کھینچیں اور اس کے اوپر والے حصہ کو نیچے کر لیا حتیٰ کہ میں ان کے قریب ہو گیا تو میری گھوڑی میرے ساتھ پھسلی تو میں اس سے گر گیا پھر میں کھڑا ہوا پھر میں نے اپنا ہاتھ تیردان کی طرف لمبا کیا اس سے میں نے تیر نکالے ان کے ذریعہ تقسیم کیا کہ ان کو نقصان دے سکوں گا!

Maktaba Tul Ishaat.com

نہیں تو وہ چیز نکلی جو مجھے پسند نہیں تھی تو میں اپنی گھوڑی پر سوار ہو گیا اور میں نے تیروں کی نافرمانی کی۔

❷ عبارت کے مضمون کا عنوان:۔ اس عبارت کا تعلق آپ ﷺ کے ہجرت کرنے کے واقعہ پر مشتمل مضمون کیف هاجر النبی ﷺ کے ساتھ ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱٤۳٤ھ

**الشق الاوّل** ...... اَلْمُؤْمِنُ فِی الصَّلَاةِ خَاشِعٌ وَاِلَى الرُّكُوْعِ مُسَارِعٌ قَوْلُهٗ شِفَاءٌ وَصَبْرُهٗ تُقًى وَسُكُوْتُهٗ فِكْرَةٌ وَنَظَرُهٗ عِبْرَةٌ يُخَالِطُ الْعُلَمَاءَ لِيَعْلَمَ وَيَسْكُتُ بَيْنَهُمْ لِيَسْلَمَ وَيَتَكَلَّمُ لِيَغْنَمَ اِنْ اَحْسَنَ اِسْتَبْشَرَ وَاِنْ اَسَاءَ اِسْتَغْفَرَ وَ اِنْ عُتِبَ اِسْتَعْتَبَ وَاِنْ سُفِهَ عَلَيْهِ حَلِمَ وَاِنْ ظُلِمَ صَبَرَ وَاِنْ جِيْرَ عَلَيْهِ عَدَلَ، لَايَتَعَوَّذُ بِغَيْرِ اللّٰهِ وَلَايَسْتَعِيْنُ اِلَّا بِاللّٰهِ وَقُوْرٌ فِی الْمَلَاِ شَكُوْرٌ فِی الْخَلَا قَانِعٌ بِالرِّزْقِ حَامِدٌ عَلَى الرَّخَاءِ. اِنْ جَلَسَ مَعَ الْغَافِلِيْنَ كُتِبَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ وَاِنْ جَلَسَ مَعَ الذَّاكِرِيْنَ كُتِبَ مِنَ الْمُسْتَغْفِرِيْنَ .(ص ۶۳۔مجلس نشریات اسلام)

عبارت کو خوش خط لکھ کر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں۔ خط کشیدہ کلمات کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) خط کشیدہ کلمات کی تحقیق

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ کامل مؤمن نماز میں خشوع کرنے والا اور جھکنے کی طرف جلدی کرنے والا ہوتا ہے۔ اس کی بات شفاء ہے اور اس کا صبر پرہیزگاری ہے اور اس کی خاموشی سوچ ہے اور اس کا دیکھنا عبرت ہے اور علماء کے ساتھ علم سیکھنے کیلئے میل جول کرتا ہے اور علماء کے درمیان خاموش بیٹھتا ہے تا کہ بے ادبی سے محفوظ رہے اور بولتا ہے تا کہ فائدہ اٹھائے اگر نیکی کرے تو خوش ہوتا ہے اگر گناہ کرے تو استغفار کرتا ہے، اگر اس پر غصہ کیا جائے تو رضا طلب کرتا ہے اگر اس پر حماقت کی جائے تو بردباری کرتا ہے اور غیر اللہ کے ساتھ پناہ نہیں پکڑتا اور مدد صرف اللہ سے مانگتا ہے۔ مجمع میں باوقار ہوتا ہے تنہائی میں شکرگزار ہوتا ہے، رزق پر قناعت کرنے والا، خوشحالی پر تعریف کرنے والا، آزمائش پر صبر کرنے والا ہوتا ہے، اگر غافلین کے ساتھ بیٹھے تو ذاکرین میں لکھا جاتا ہے اور اگر ذاکرین کے ساتھ بیٹھے تو استغفار کرنے والوں میں لکھا جاتا ہے۔

❸ کلمات کی تحقیق:۔ قَانِعٌ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از مصدر قَنَاعَةٌ بمعنی قناعت کرنا، تقسیم میں حصہ پر راضی ہونا۔

يَسْلِمُ: صیغہ واحد مذکر غائب، فعل مضارع معلوم از مصدر سَلَامًا و سَلَامَةٌ (ضرب، سمع) بمعنی محفوظ و بری ہونا۔

يَغْنِمُ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر غُنْمًا، غَنَمًا، غَنِيْمَةً (سمع) بمعنی مفت حاصل کرنا، غنیمت حاصل کرنا۔

عُتِبَ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول از مصدر عَتْبًا، عُتْبَانًا (ضرب، نصر) بمعنی سرزنش کرنا، ملامت کرنا۔

وَقُوْرٌ: یہ مفرد ہے اسکی جمع وُقُرٌ ہے، بمعنی وقار والا۔ مصدر قِرَةٌ، وَقَارَةٌ، وَقْرًا، وَقَارًا (ضرب وکرم۔ مثال) سنجیدہ ہونا، وقار والا ہونا۔ جِيْرَ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول از مصدر جَوْرًا (نصر۔ اجوف) ظلم کرنا۔

**الشق الثانی** ...... يَا اَصْحَابَنَا مَا عِنْدَكُمْ مِنْ حَدِيْثِ النَّاسِ؟ فَقَدْ وَاللّٰهِ طَالَ عَطَشِیْ اِلٰى شَيْئٍ اَسْمَعُهٗ وَلَمْ يَدْخُلْ عَلَیَّ الْيَوْمَ اَحَدٌ فَاَسْتَخْبِرُهٗ وَاِنَّ اُذُنِیْ لَدَى الْبَابِ لَاَسْمَعَ قَرْعَةً اَوْ اَعْرِفَ حَادِثَةً فَهَاتُوْا مَا عِنْدَكُمْ وَمَا مَعَكُمْ وَقُصُّوْا عَلَیَّ الْقِصَّةَ بِفَصِّهَا وَنَصِّهَا وَدَعُوا التَّوْرِيَةَ وَالْكِنَايَةَ وَانْكِرُوا الْغَثَّ وَالسَّمِيْنَ فَاِنَّ الْحَدِيْثَ هٰكَذَا يَطِيْبُ وَلَوْلَا الْعَظْمُ مَا طَابَ اللَّحْمُ وَلَوْلَا النَّوٰى مَا حَلَا التَّمْرُ وَلَوْلَا الْقِشْرُ لَمْ يُوْجَدِ اللُّبُّ،

فَعَجِبْنَا مِنْ هٰذَا الزَّاهِدِ الثَّانِيْ اَكْثَرَ مِنْ عَجَبِنَا بِالزَّاهِدِ الْاَوَّلِ وَخَاطَفْنَاهُ الْحَدِيْثَ وَوَدَّعْنَاهُ وَخَرَجْنَا

عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔(ص ۱۰۳، مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اے میرے ساتھیو! لوگوں کے احوال میں سے تمہارے پاس کیا ہے اللہ کی قسم کسی چیز کے سننے کی طرف میری پیاس لمبی ہوگئی ہے اور مجھ پر آج کوئی داخل نہیں ہوا جس سے میں خبر معلوم کروں اور بیشک میرے کان دروازے کے پاس ہیں تاکہ میں کوئی کھنکا سنوں یا کوئی واقعہ پہچانوں اور مجھ پر واقعہ بیان کرو اس کی اصل اور اس کی صراحت کے ساتھ اور توریہ و کنایہ چھوڑ دو اور کمزور و موٹے کو ذکر کرو (باموقع و بامقصد کلام کرو) اس لئے کہ گفتگو اسی طرح اچھی ہوتی ہے اور اگر ہڈی نہ ہو تو گوشت عمدہ نہ ہو اور اگر گٹھلی نہ ہو تو کھجور میٹھی نہ ہو اور اگر چھلکا نہ ہو تو گودا اور مغز نہ پایا جائے۔ تو ہم نے پہلے زاہد کے ساتھ تعجب کرنے سے اس دوسرے زاہد کے ساتھ زیادہ تعجب کیا اور ہم نے اُس سے بات کو اُچک لیا اور اس کو چھوڑ کر ہم نکل گئے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ﴿عقیدہ طحاویہ﴾ ۱۴۳۴ھ

**الشق الاول**......والایمان هو الایمان باللّٰه و ملائكته و كتبه و رسله واليوم الآخر والبعث بعد الموت.

وضح الايمان و بين ان الاقرار باللسان جزء من الايمان أم شرط لاجراء الاحكام فى الدنيا (ص الاسلامیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل دو امور ہیں (۱) ایمان کی توضیح (۲) دنیا میں اجراء احکام کیلئے اقرار باللسان کی وضاحت۔

**جواب**...... ❶ ایمان کی توضیح:۔ مصنفؒ نے ایمان شرعی کے متعلق پانچ اقوال ذکر کئے ہیں۔ ① ایمان تصدیق قلبی و اقرار باللسان کے مجموعہ کا نام ہے یہ شمس الائمہ سرخسیؒ اور فخر الاسلام بزدویؒ کا مذہب ہے ② جمہور محققین کے نزدیک ایمان شرعی فقط تصدیق بالقلب کا نام ہے اور اقرار باللسان دنیا میں اجراء احکام کیلئے اسکی شرط ہے ③ بعض قدریہ کا مذہب یہ ہے کہ ایمان فقط اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول ﷺ کی معرفت کا نام ہے ④ کرامیہ کے ہاں ایمان شرعی فقط اقرار باللسان کا نام ہے ⑤ جمہور محدثین، فقہاء و متکلمین اور معتزلہ و خوارج کا مذہب یہ ہے کہ ایمان تین چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے تصدیق بالقلب، اقرار باللسان اور عمل بالارکان۔

❷ دنیا میں اجراء احکام کیلئے اقرار باللسان کی وضاحت:۔ جمہور محققین کے نزدیک ایمان فقط تصدیق قلبی کا نام ہے اور یہ ایک امر باطن ہے تو اس کیلئے ایک ظاہری علامت کا ہونا ضروری ہے جس کے ذریعے اسکے مؤمن ہونے کا علم ہو اور اس پر مؤمنین والے احکام جاری کئے جائیں اور وہ علامت اقرار باللسان ہے تو اقرار باللسان دنیا میں مؤمنین کے اوپر احکام جاری کرنے کی شرط ہے اگر ایک آدمی دل سے تصدیق کرتا ہے لیکن زبان سے اقرار نہیں کرتا چونکہ ایمان کی حقیقت پائی گئی تو اگرچہ اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ مؤمن ہے مگر دنیا میں مؤمنین کے احکام جاری کرنے کی شرط اقرار باللسان نہیں پائی گئی اس لئے اس پر ایمان کے احکام جاری نہیں کئے جائیں گے یعنی اس پر نماز جنازہ نہیں پڑھیں گے اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہیں کریں گے اور ایک آدمی زبان سے اقرار کرتا ہے لیکن دل میں تصدیق نہیں ہے تو اگرچہ وہ آدمی اللہ کے ہاں مؤمن نہیں ہے مگر دنیا میں مؤمنین کے احکام جاری کرنے کی شرط پائی گئی ہے اس لئے دنیا میں ایمان والوں کے احکام اس پر جاری کئے جائیں گے نماز جنازہ پڑھی جائے گی وغیرہ ذالک۔

اقرار کے احکام دنیا کو جاری کرنے کیلئے شرط ہونے کی دلیل یہ ہے کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو قتل کر دیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کیوں قتل کیا حالانکہ وہ کلمہ پڑھ رہا تھا تو حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ وہ ڈر کی وجہ سے کلمہ پڑھ رہا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا

Maktaba Tul Ishaat.com

هلا شققت عن قلبه (تونے اس کا دل پھاڑ کر کیوں نہیں دیکھا)۔ آپ ﷺ کا منشاء یہ تھا کہ جب اس نے اقرار باللسان کرلیا تھا تو اسے قتل نہ کرتے بلکہ دنیا کے احکام اس پر جاری کرتے۔ پس معلوم ہوا کہ دنیاوی احکام کو جاری کرنے کیلئے اقرار باللسان شرط ہے۔

**الشق الثانی** ...... وَالْمِعْرَاجُ حَقٌّ قَدْ أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ ﷺ وَ عُرِجَ بِشَخْصِهٖ فِيْ الْيَقْظَةِ اِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ اِلٰى حَيْثُ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الْعُلٰى وَاَكْرَمَهُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰى بِمَا شَآءَ فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى۔ (ص ۷۔ امدادیہ)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور توجہ طلب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت پر اعراب (۳) معراج کے جسمانی یا روحانی ہونے کی وضاحت مع الدلائل (۴) معراج اور اسراء میں فرق۔

**شکل العبارة و ترجمها ۔ بین عقیدة اهل السنة والجماعة فی حق المعراج والاسراء بالتفصیل ما هو حکم منکر المعراج ۔ ماالفرق بین المعراج والاسراء ۔ هل کان المعراج للنبی ﷺ جسمانیا أوروحانیا**

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل چھ امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) معراج اور اسراء کے متعلق اہل سنت والجماعت کا عقیدہ (۴) منکرین معراج کا حکم (۵) معراج اور اسراء میں فرق (۶) معراج کے جسمانی یا روحانی ہونے کی وضاحت۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور معراج حق ہے اور رسول اللہ ﷺ کو بذاتِہ حالتِ بیداری میں اپنے جسم سمیت آسمان تک پھر ان بلند وبالا مقامات تک جہاں تک اللہ تعالیٰ نے چاہا لیجایا گیا اور اللہ تعالیٰ نے جو چاہا ان کا اکرام کیا اور اپنے بندے کی طرف وحی کی جو وحی کی۔

❸ معراج اور اسراء کے متعلق اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ:۔ شبِ معراج کے وقوع کی تاریخ میں مؤرخین کا اختلاف ہے۔ جمہور کے نزدیک ۵ھ میں معراج کا واقعہ پیش آیا۔

اہل السنۃ والجماعۃ کا مسلّم عقیدہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو بیداری کی حالت میں جسم اطہر سمیت مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک پھر مسجد اقصیٰ سے آسمان تک پھر آسمان سے لیکر ان بلند وبالا مقامات تک جہاں تک اللہ تعالیٰ نے چاہا لے جایا گیا۔ شارح فرماتے ہیں کہ معراج واسراء کے اس سفر کے تین حصے ہیں۔ ① مسجد حرام سے لے کر مسجد اقصیٰ تک ② مسجد اقصیٰ سے لیکر آسمان تک ③ آسمان سے لیکر اس بلند وبالا مقام تک جہاں تک اللہ نے چاہا۔ ان میں سے جو پہلا حصہ ہے یعنی مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک یہ سفر دلیل قطعی سے ثابت ہے یعنی قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ ...... الخ اسلئے اس کا منکر کافر ہے اور دوسرا حصہ یعنی مسجد اقصیٰ سے آسمان تک یہ سفر خبر مشہور کے ذریعے ثابت ہے اسلئے اس کا منکر بدعتی ہے اور تیسرا حصہ یعنی آسمان سے ان بلند وبالا مقام تک جہاں تک اللہ تعالیٰ نے لے جانا چاہا اس سفر کا ثبوت خبرِ واحد سے ہے جو کہ ظنی ہے اس لئے اس کا منکر فاسق وگنہگار ہوگا۔

❹ منکرین معراج کا حکم:۔ اس کی تفصیل ابھی گزر چکی ہے کہ پہلے حصہ کا منکر کافر، دوسرے حصہ کا منکر بدعتی اور تیسرے حصہ کا منکر فاسق وگنہگار ہے۔

❺ معراج اور اسراء میں فرق:۔ معراج اس حصۂ سفر کا نام ہے جو آپ ﷺ کو مسجد اقصیٰ سے آسمانوں تک اور وہاں سے جہاں تک اللہ تعالیٰ نے چاہا سفر کروایا گیا اور اسراء بیت اللہ یعنی مسجد حرام سے لیکر مسجد اقصیٰ تک کے سفر کو کہتے ہیں۔ بالفاظ دیگر اسراء زمینی سفر اور معراج آسمانی سفر کا نام ہے۔

❻ معراج کے جسمانی یا روحانی ہونے کی وضاحت:۔ نبی کریم ﷺ کو جو معراج کرائی گئی جس کا ذکر قرآن مجید میں سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ الخ سے کیا گیا وہ معراج بحالتِ بیداری جسمانی طور پر کرائی گئی کیونکہ خواب یا روحانی طور پر

معراج کا ہونا غیر نبی کے لئے بھی ممکن ہے۔اور آیت میں بِعَبْدِهٖ سے معراج جسمانی کی طرف اشارہ ہے۔

اسی طرح فَاسْتَوٰى. وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى. ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى یہ آیت بھی معراج جسمانی کی واضح دلیل ہے نیز اس واقعہ کو قرآن کریم میں فتنہ وآزمائش قرار دیا گیا ہے۔یہ بھی اسکے معراج جسمانی ہونے کی دلیل ہے کیونکہ خواب یا روحانی معراج فتنہ وآزمائش نہیں بن سکتا۔نیز احادیث کثیرہ متواترہ سے بھی اسکی تائید ہوتی ہے ان میں لَلْعرج ہی کے الفاظ موجود ہیں جو معراج جسمانی پر دال ہیں۔

# ﴿الورقة السادسة: فی الادب العربی والعقائد﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ﴿مختارات﴾ ۱۴۳۵ھ

**الشق الاوّل** ...... حَتّٰى مَضَتْ سَنَتَاهُ وَفَصَلْتُهٗ وَكَانَ يَشِبُّ شَبَابًا لَا يَشِبُّهُ الْغِلْمَانُ فَلَمْ يَبْلُغْ سَنَتَيْهِ حَتّٰى كَانَ غُلَامًا جَفْرًا قَالَتْ فَقَدِمْنَا بِهٖ عَلٰى أُمِّهٖ وَنَحْنُ أَحْرَصُ شَيْءٍ عَلٰى مَكْثِهٖ فِيْنَا لِمَا كُنَّا نَرٰى مِنْ بَرَكَتِهٖ، فَكَلَّمْنَا أُمَّهٗ وَقُلْتُ لَهَا لَوْ تَرَكْتِ بُنَيَّ عِنْدِيْ حَتّٰى يَغْلُظَ فَإِنِّيْ أَخْشٰى عَلَيْهِ وَبَاءَ مَكَّةَ، قَالَتْ فَلَمْ نَزَلْ بِهَا حَتّٰى رَدَّتْهُ مَعَنَا قَالَتْ فَرَجَعْنَا بِهٖ فَوَاللّٰهِ إِنَّهٗ بَعْدَ مَقْدِمِنَا بِهٖ بِأَشْهُرٍ مَعَ أَخِيْهِ لَفِيْ بَهْمٍ لَنَا خَلْفَ بُيُوْتِنَا إِذْ أَتَانَا أَخُوْهُ يَشْتَدُّ فَقَالَ لِيْ وَلِأَبِيْهِ ذَاكَ أَخِي الْقُرَشِيُّ قَدْ أَخَذَهٗ رَجُلَانِ عَلَيْهِمَا ثِيَابٌ بِيْضٌ فَأَضْجَعَاهُ فَشَقَّا بَطْنَهٗ فَهُمَا يَسُوْطَانِهٖ۔ (ص ۳۸۔مجلس نشریات اسلام)

مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں، واضح ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق لکھیں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ حتی کہ آپ کی مدتِ رضاعت دو سال گزر گئی اور میں نے آپ کا دودھ چھڑا دیا اور آپ ﷺ اس انداز سے بڑے ہوتے رہے کہ عام لڑکوں کے مشابہ نہیں تھے تو آپ ﷺ دو سال کی عمر کو نہیں پہنچے تھے کہ طاقتور لڑکے ہو گئے فرماتی ہیں پھر ہم آپ ﷺ کو لیکر آپ کی والدہ کے پاس آئے اور ہم جو آپ کی برکت دیکھ چکے تھے اس کی وجہ سے ہماری بڑی حرص تھی کہ آپ ﷺ ہم میں رہیں تو ہم نے آپ کی والدہ سے گفتگو کی اور میں نے اس سے کہا کہ اگر آپ میرے پیارے بیٹے کو میرے پاس چھوڑ دیں حتی کہ وہ بڑا ہو جائے تو اچھا ہے اس لئے کہ میں اس پر مکہ کی وباء کا خوف کرتی ہوں، فرماتی ہیں پس ہم اس کے پاس رہے حتی کہ اس نے آپ ﷺ کو ہمارے ساتھ واپس کر دیا، فرماتی ہیں پس ہم آپ کو لیکر واپس لوٹے تو اللہ کی قسم نبی ہمارے آنے کے چند ماہ بعد اپنے بھائی کے ساتھ ہمارے گھروں کے پیچھے ہماری بکریوں میں تھے اچانک آپ کا بھائی دوڑتا ہوا ہمارے پاس آیا تو اس نے مجھ سے اور اپنے باپ سے کہا کہ میرے اس قریشی بھائی کو ایسے دو مردوں نے پکڑا جن کے سفید کپڑے تھے تو انہوں نے اس کو لٹایا اور اس کے پیٹ کو چیرا اور وہ اس کو خلط ملط کر رہے ہیں یعنی درست کر رہے ہیں۔

❸ الفاظ مخطوطہ کی صرفی تحقیق:۔ "لَمْ يَبْلُغْ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی جحد بلم معلوم از مصدر بُلُوْغًا (نصر) بمعنی پہنچنا۔

"قَدِمْنَا" صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از مصدر قُدُوْمًا، مَقْدَمًا (سمع) بمعنی آنا۔

"تَرَكْتِ" صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل ماضی معلوم از مصدر تَرْكًا (نصر) بمعنی چھوڑنا۔

"رَدَّتْ" صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از مصدر رَدًّا (نصر، مضاعف) بمعنی رد کرنا، لوٹانا۔

"يَشْتَدُّ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر اِشْتِدَادًا (افتعال) بمعنی تیز دوڑنا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

**الشق الثانی**......قَالَ كَعْبٌ فَجَاءَتْ اِمْرَأَةُ هِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ شَيْخٌ ضَائِعٌ لَيْسَ لَهٗ خَادِمٌ فَهَلْ تَكْرَهُ اَنْ اَخْدِمَهٗ قَالَ لَا وَلٰكِنْ لَايَقْرَبُكِ قَالَتْ اِنَّهٗ وَاللّٰهِ مَا بِهٖ حَرَكَةٌ اِلٰى شَيْئٍ وَاللّٰهِ مَازَالَ يَبْكِيْ مُنْذُ كَانَ مِنْ اَمْرِهٖ مَا كَانَ اِلٰى يَوْمِهٖ هٰذَا ، فَقَالَ لِيْ بَعْضُ اَهْلِيْ لَوِ اسْتَأْذَنْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فِيْ اِمْرَأَتِكَ كَمَا اَذِنَ لِاِمْرَأَةِ هِلَالِ ابْنِ اُمَيَّةَ اَنْ تَخْدِمَهٗ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَا اَسْتَأْذِنُ فِيْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ.

مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، عبارت کے مضمون کے عنوان کی وضاحت کریں۔ (ص۲۴۵۔مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت کے مضمون کا عنوان۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ كمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ کعب رضی اللہ عنہ نے کہتے ہیں کہ ھلال بن امیہ کی بیوی آپ ﷺ کے پاس آئی اور کہا یارسول اللہ بیشک ھلال بہت بوڑھا ہے ضائع ہونے والا ہے اس کا کوئی خادم نہیں ہے تو کیا آپ ﷺ کو یہ ناپسند ہے کہ میں اس کی خدمت کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں لیکن وہ تیرے قریب نہ آئے ، فرماتی ہیں کہ اللہ کی قسم اس میں کسی چیز کی طرف کوئی حرکت اور میلان نہیں تھا اللہ کی قسم جب سے اس کا معاملہ ہوا اس سے لیکر اس دن تک وہ ہمیشہ روتا رہا تو مجھ سے میرے بعض اہل نے کہا اگر تو نبی سے اجازت طلب کرلے اپنی بیوی کے لئے جیسے کہ ھلال بن امیہ کی بیوی کو اس کی خدمت کرنے کی اجازت دے دی ہے؟ تو میں نے کہا اللہ کی قسم! اس میں رسول اللہ ﷺ سے میں اجازت طلب نہ کروں گا۔

❸ عبارت کے مضمون کا عنوان:۔ اس عبارت کا تعلق حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے متعلق مضمون "ابتلاءُ كعبِ بنِ مالكٍ" (حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی آزمائش) کے ساتھ ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۵ھ

**الشق الاوّل**......وَصِرْنَا اِلٰى اَبِيْ زَكَرِيَّا الزَّاهِدِ فَلَمَّا دَخَلْنَا رَحَّبَ بِنَا وَفَرِحَ بِزِيَارَتِنَا وَ قَالَ: مَا اَشْوَقَنِيْ اِلَيْكُمْ وَمَا اَلْهَفَنِيْ عَلَيْكُمْ ! اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَمَعَنِيْ وَاِيَّاكُمْ فِيْ مَقَامٍ وَاحِدٍ حَدِّثُوْنِيْ مَا الَّذِيْ سَمِعْتُمْ وَمَاذَا بَلَغَكُمْ مِنْ حَدِيْثِ النَّاسِ وَاَمْرِ هٰؤُلَاءِ السَّلَاطِيْنِ؟ فَرِّجُوْا عَنِّيْ وَقُوْلُوْا لِيْ مَا عِنْدَكُمْ فَلَا تَكْتُمُوْنِيْ شَيْئًا فَمَالِيْ وَاللّٰهِ مُرُوْعَى فِيْ هٰذِهِ الْاَيَّامِ اِلَّا مَااتَّصَلَ بِحَدِيْثِهِمْ وَاقْتَرَنَ بِخَبَرِهِمْ، فَلَمَّا وَرَدَ عَلَيْنَا مِنْ هٰذَا الزَّاهِدِ الْعَابِدِ مَا وَرَدَ دَهِشْنَا وَاسْتَوْحَشْنَا وَقُلْنَا فِيْ اَنْفُسِنَا اُنْظُرُوْا مِنْ اَيِّ شَيْئٍ هَرَبْنَا وَبِاَيِّ شَيْئٍ عَلِقْنَا وَبِاَيِّ دَاهِيَةٍ دُهِيْنَا.

عبارت کو خوش خط لکھ کر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں۔ (ص۱۰۳،مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ كمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور ہم ابوزکریا زاہد کے پاس گئے۔ تو جب ہم اس پر داخل ہوئے تو اس نے ہمیں خوش آمدید کہا اور ہماری زیارت کی وجہ سے خوش ہوا اور کہا کس قدر میرا تمہاری طرف شوق ہے اور کس قدر میرا تم پر افسوس ہے۔ تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہم سب کو ایک جگہ جمع کیا ہے مجھے بیان کرو کہ تم نے کیا سنا ہے اور لوگوں کے احوال وان بادشاہوں کے معاملہ میں سے تم کو کیا خبر پہنچی ہے؟ مجھ سے میرا غم دور کرو اور جو کچھ تمہارے پاس ہے مجھے بتاؤ مجھ سے کوئی بات نہ چھپاؤ، اللہ کی قسم میرے لئے ان دنوں میں کوئی چراگاہ اور خیال نہیں ہے مگر وہ جو لوگوں کے احوال کے ساتھ متصل ہو اور ان کی خبر کے ساتھ

کی مشیت پر موقوف ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے و یغفر ما دون ذلك لمن یشاء اور ہمیں اس کی مشیت کا علم نہیں ہے۔ نیز بندہ کے باطنی احوال کو بھی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اسی لئے اس گنہگار کے بارے میں بھی مغفرت اور گرفت میں سے کسی ایک پہلو کے متعلق یقین سے نہیں کہہ سکتے جس نے اپنے گناہ سے سچے دل سے توبہ کی ہو۔ اسی وجہ سے ہم کسی مسلمان کے یقینی طور پر جنتی ہونے کی بھی گواہی نہیں دے سکتے البتہ جنکے متعلق اللہ تعالیٰ نے اور اسکے رسول ﷺ نے خوش خبری سنادی ہو وہ یقینی طور پر جنتی ہی ہیں۔

اسکے بعد فرمایا کہ اسی طرح بکثرت گناہ کرنے والے مسلمانوں کیلئے ہم استغفار کریں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں مسلمانوں کیلئے استغفار کی تعلیم دی ہے لیکن چونکہ اس دعاء کے قبول ہونے نہ ہونے کا ہمیں علم نہیں اس لئے اس کے عذاب سے بے خوف بھی نہیں ہوں گے اور اس کی رحمت سے ناامید بھی نہیں ہوں گے۔

## ﴿الورقة السادسة: في الادب العربي والعقائد﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ﴿مختارات﴾ ۱٤۳٦ھ

**الشق الاوّل** ......وَالَّذِيْنَ إِذَا أَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا۔ يُضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهِ مُهَانًا۔ إِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ يَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ مَتَابًا۔ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ وَإِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا وَالَّذِيْنَ إِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا

آیات پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، آیات کا مفہوم وخلاصہ تحریر کریں۔ (ص ۳۳۔ مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں۔(۱) آیات پر اعراب (۲) آیات کا ترجمہ (۳) آیات کا مفہوم وخلاصہ

**جواب**...... ❶ آیات پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ آیات کا ترجمہ:۔ اور وہ لوگ ہیں جب وہ خرچ کریں تو نہ اسراف کریں اور نہ تنگی کریں اور اس کے درمیان سیدھی گزران ہوتی ہے۔ اور وہ لوگ ہیں جو اللہ کے ساتھ دوسرا معبود نہیں پکارتے اور جس جان کو اللہ نے حرام کیا ہے اس کو قتل نہیں کرتے مگر حق کے ساتھ اور نہ وہ زنا کرتے ہیں اور جو یہ کام کرے گا وہ گناہ (سزا) پائے گا۔ قیامت کے دن اس کے لئے عذاب دگنا کیا جائے گا اور وہ اس میں ہمیشہ ذلیل ہوکر رہے گا، مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے تو یہ وہ لوگ ہیں جن کی برائیوں کو اللہ نیکیوں میں بدل دے گا اور اللہ خوب بخشنے والا اور نہایت مہربان ہے اور جس نے توبہ کی اور نیک عمل کیا تو وہ اللہ کی طرف خاص رجوع کرتا ہے اور وہ لوگ جو جھوٹے کام میں حاضر نہیں ہوتے، اور جب وہ بری بات کے ساتھ گزرتے ہیں تو معزز ہوکر گزر جاتے ہیں۔ اور وہ لوگ ہیں جب ان کو انکے رب کی آیات کے ساتھ نصیحت کی جائے تو وہ ان پر بہرے اور اندھے ہوکر نہیں گرتے۔

❸ آیات کا مفہوم وخلاصہ:۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں (عباد الرحمٰن) کی کچھ علامات ونشانیاں ذکر کررہے ہیں تو فرمایا کہ عباد الرحمٰن وہ لوگ ہیں جو میانہ روی سے خرچ کرتے ہیں، بخل سے بھی خرچ نہیں کرتے اور فضول بھی خرچ نہیں کرتے، اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک نہیں کرتے، کسی نفس کو ناحق قتل نہیں کرتے، زناء کے قریب نہیں جاتے کیونکہ جو لوگ یہ بُرے اعمال کرتے ہیں ان کو آخرت میں برا بدلہ وعذاب ملے گا اور وہ ہمیشہ اسی عذاب میں ذلیل وخوار ہوتا رہے گا، البتہ جن لوگوں سے یہ گناہ سرزد ہوجائیں اور پھر وہ توبہ واستغفار کرتے ہوئے نیک عمل کریں تو اللہ تعالیٰ ان کی برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیتے ہیں

Maktaba Tul Ishaat.com

کیونکہ اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والے مہربانی کرنے والے ہیں، اور نیک لوگ وہ ہیں جو جھوٹے وغلط کاموں میں شریک نہیں ہوتے اور جب وہ لغو وفضول کاموں کے پاس سے گزرتے ہیں تو خاموشی وشرافت سے گزر جاتے ہیں اور جب ان کے سامنے آیات خداوندی کی تلاوت ہو اور ان کو وعظ ونصیحت کی جائے تو وہ اُن پر بہرے واندھے ہو کر نہیں گر پڑتے۔

**الشق الثانی**......وَاللّٰهِ مَا كَانَ لِيْ مِنْ عُذْرٍ وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ قَطُّ اَقْوٰى وَلَا اَيْسَرَ مِنِّيْ حِيْنَ تَخَلَّفْتُ عَنْكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ صَدَقَ فَقُمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ فِيْكَ فَقُمْتُ وَسَارَ رِجَالٌ مِنْ بَنِيْ سَلِمَةَ فَاتَّبَعُوْنِيْ فَقَالُوْا لِيْ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْنَاكَ كُنْتَ اَذْنَبْتَ ذَنْبًا قَبْلَ هٰذَا وَلَقَدْ عَجَزْتَ اَنْ لَا تَكُوْنَ اِعْتَذَرْتَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بِمَا اِعْتَذَرَ اِلَيْهِ الْمُخَلَّفُوْنَ قَدْ كَانَ كَافِيَكَ ذَنْبَكَ اِسْتِغْفَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ لَكَ . فَوَاللّٰهِ مَا زَالُوْا يُؤَنِّبُوْنَنِيْ حَتّٰى اَرَدْتُ اَنْ اَرْجِعَ فَاُكَذِّبَ نَفْسِيْ ثُمَّ قُلْتُ لَهُمْ هَلْ لَقِيَ هٰذَا مَعِيَ اَحَدٌ قَالُوْا نَعَمْ رَجُلَانِ قَالَا مِثْلَ مَا قُلْتَ فَقِيْلَ لَهُمَا مِثْلُ مَا قِيْلَ لَكَ . (ص ۵۲۔ مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کی لغوی وصرفی تحقیق سپرد قلم کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اللہ کی قسم مجھے کوئی عذر نہیں تھا، اللہ کی قسم میں کبھی زیادہ طاقتور اور مال دار نہیں تھا جس وقت میں آپ ﷺ سے پیچھے رہا تو آپ ﷺ نے فرمایا لیکن اس نے سچ بولا ہے لہٰذا تو کھڑا ہو جا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ تیرے بارے میں فیصلہ کریں، تو میں کھڑا ہوا اور بنی سلمۃ سے کچھ لوگ چلے تو وہ میرے پیچھے آئے انہوں نے مجھ سے کہا اللہ کی قسم ہمیں معلوم نہیں ہے کہ تو نے اس پہلے کوئی گناہ کیا ہو تو اس بات سے عاجز ہو گیا کہ تو نے وہ عذر پیش نہیں کیا جو پیچھے رہنے والوں نے کیا تجھے تیرے گناہ کے متعلق نبی کا تیرے لئے استغفار کرنا کافی ہو جاتا اللہ کی قسم وہ ہمیشہ مجھے ملامت کرتے رہے حتیٰ کہ میں نے ارادہ کیا کہ میں لوٹ جاؤں اور اپنی تکذیب کروں، پھر میں نے ان سے کہا کہ کیا یہ بات میرے ساتھ کسی اور نے پائی ہے، لوگوں نے کہا کہ ہاں وہ دو مرد ہیں۔ انہوں نے تیری بات کے مثل کہا ہے تو ان سے اس کی مثل کہا گیا جو تیرے لئے کہا گیا ہے۔

❸ الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "قِيْلَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول از مصدر قَوْلًا (نصر، اجوف) بمعنی کہنا۔

"يَقْضِيَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر قضاءً (ضرب، ناقص) بمعنی فیصلہ کرنا۔

"قُمْتُ" صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم از مصدر قِيَامًا (نصر، اجوف) بمعنی کھڑا ہونا۔

"فَاتَّبَعُوْنِيْ" صیغہ جمع مذکر امر حاضر معلوم از مصدر اِتِّبَاع (افتعال) بمعنی پیروی کرنا، پیچھے چلنا۔

"فَاُكَذِّبَ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر تکذیب (تفعیل) بمعنی جھٹلانا و تکذیب کرنا۔

"لَقِيَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر لِقَاءً لِقَاءَةً لِقَايَةً (سمع، ناقص) بمعنی پانا، دیکھنا، ملاقات کرنا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳٦ھ

**الشق الاول**......كَانَ مِنْ اَخْلَاقِ مُعَاوِيَةَ اَنَّهُ كَانَ يَاْذَنُ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ خَمْسَ مَرَّاتٍ، كَانَ اِذَا صَلَّى الْفَجْرَ جَلَسَ لِلْقَاصِّ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْ قَصَصِهٖ ثُمَّ يَدْخُلُ فَيُؤْتٰى بِمُصْحَفِهٖ فَيَقْرَاُ جُزْءًا . ثُمَّ يَدْخُلُ اِلٰى مَنْزِلِهٖ فَيَاْمُرُ وَيَنْهٰى ثُمَّ يُصَلِّيْ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ يَخْرُجُ اِلٰى مَجْلِسِهٖ فَيَاْذَنُ لِخَاصَّةِ الْخَاصَّةِ فَيُحَدِّثُهُمْ وَيُحَدِّثُوْنَهٗ

وَيَدْخُلُ عَلَيْهِ وُزَرَاؤُهُ فَيُكَلِّمُوْنَهُ فِيْمَا يُرِيْدُوْنَ مِنْ يَوْمِهِمْ إِلَى الْعَشِيِّ ثُمَّ يُؤْتَى بِالْغَدَاءِ الْأَصْغَرِ وَهُوَ فَضْلَةُ عَشَائِهِ مِنْ جَدْيٍ بَارِدٍ أَوْ فَرْخٍ وَمَا يُشْبِهُهُ ثُمَّ يَتَحَدَّثُ طَوِيْلًا. (ص۸۷۔مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگائیں، سلیس ترجمہ کریں، خط کشیدہ عبارت کی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت مخطوطہ کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ معاویہ رضی اللہ عنہ کی عادات میں سے یہ بات ہے کہ وہ دن اور رات میں پانچ دفعہ ملاقات کی اجازت دیتے تھے جب صبح کی نماز پڑھ لیتے تھے بیان کرنے والے کیلئے بیٹھ جاتے حتیٰ کہ وہ اپنے بیان سے فارغ ہو جاتا پھر حجرہ میں داخل ہوتے تو آپ رضی اللہ عنہ کا مصحف لایا جاتا تو اس کا ایک حصہ (پارہ) پڑھتے پھر اپنے گھر کی طرف داخل ہوتے جو حکم کرنا ہوتا اس کا حکم فرماتے اور جس چیز سے روکنا ہوتا اس سے منع فرماتے پھر چار رکعات نماز پڑھتے پھر اپنی مجلس کی طرف نکلتے پھر خاص الخاص لوگوں کو اجازت دیتے آپ رضی اللہ عنہ سے اور وہ آپ رضی اللہ عنہ سے باتیں کرتے اور آپ رضی اللہ عنہ پر آپ کے وزراء داخل ہوتے تو اس دن شام تک انہوں نے جو کام کرنے ہوتے اس میں آپ رضی اللہ عنہ سے گفتگو کرتے پھر چھوٹا ناشتہ لایا جاتا اور وہ شام کا بچا ہوا بکری یا چوزہ وغیرہ کا ٹھنڈا گوشت ہوتا پھر دیر تک بات چیت کرتے۔

❸ عبارت مخطوطہ کی ترکیب:۔ یدخل فعل علیہ جار و مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے وزراء ہ مضاف و مضاف الیہ ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ ف عاطفہ یکلمون فعل و فاعل ہ ضمیر مفعول بہ فی جار وما موصولہ یریدون فعل و فاعل من جار یوم ھم مضاف و مضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق اول الی العشی جار و مجرور ملکر متعلق ثانی، فعل اپنے فاعل مفعول بہ و دونوں متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر جملہ معطوفہ ہوا۔

**الشق الثانی** ...... وَلَمَّا كَانَ التَّاسِعُ حَدَثَتْ عَلَيْهِ غَشْيَةٌ وَامْتَنَعَ مِنْ تَنَاوُلِ الْمَشْرُوْبِ فَاشْتَدَّ الْخَوْفُ فِي الْبَلَدِ وَخَافَ النَّاسُ وَنَقَلُوْا الْأَقْمِشَةَ مِنَ الْأَسْوَاقِ وَغَشِيَ النَّاسَ مِنَ الْكَآبَةِ وَالْحُزْنِ مَالَا يُمْكِنُ حِكَايَتُهُ وَلَقَدْ كُنْتُ أَنَا وَالْقَاضِي الْفَاضِلُ نَقْعُدُ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ إِلَى أَنْ يَمْضِيَ مِنَ اللَّيْلِ ثُلُثُهُ أَوْ قَرِيْبٌ مِنْهُ ثُمَّ نَحْضُرُ فِيْ بَابِ الدَّارِ فَإِنْ وَجَدْنَا طَرِيْقًا دَخَلْنَا وَشَاهَدْنَاهُ وَانْصَرَفْنَا وَ إِلَّا عَرَّفُوْنَا أَحْوَالَهُ وَكُنَّا نَجِدُ النَّاسَ يَتَرَقَّبُوْنَ خُرُوْجَنَا إِلَى أَنْ يَلْاقُوْنَا حَتّٰى يَعْرِفُوْا أَحْوَالَهُ مِنْ صَفَحَاتِ وُجُوْهِنَا. (ص۱۱۶۔مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کی لغوی وصرفی تحقیق لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور جب نویں کا چاند ہوا تو آپ پر بے ہوشی طاری ہوگئی اور کسی چیز کے پینے سے رک گئے تو شہر میں خوف سخت ہو گیا اور لوگ ڈر گئے اور بازاروں سے سامان منتقل کر لیا اور لوگوں پر غم اور حزن چھا گیا جس کو بیان کرنا ممکن نہیں ہے بیشک میں اور قاضی فاضل ہر رات بیٹھے رہتے تھے، یہاں تک کہ تہائی رات یا اس کے قریب رات کا حصہ گزر جاتا پھر ہم گھر کے دروازہ پر حاضر ہوتے پھر اگر راستہ پاتے تو اندر داخل ہو جاتے اور ان کو دیکھ کر واپس آ جاتے ورنہ گھر والے ہمیں ان کے احوال بتا دیتے اور ہم لوگوں کو پاتے تھے کہ وہ ہمارے نکلنے کے اس لئے منتظر ہوتے تھے کہ ہم سے مل کر اس کے احوال جانیں۔

❸ الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "اَللَّيْلُ" یہ مفرد ہے اس کی جمع لَيَالِيْ ہے بمعنی رات۔

"خَلَتْ" صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از مصدر خُلُوًّا (نصر) بمعنی پیدا ہونا، واقع ہونا۔
"اِشْتَدَّ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر اشتدادًا (افتعال، مضاعف) بمعنی قوی ہونا۔
"اَسْوَاقٌ" یہ جمع ہے اس کا مفرد سُوْقٌ ہے بمعنی بازار۔ مصدر سَوْقًا (نصر، اجوف) بمعنی ہانکنا، پنڈلی پر مارنا۔
"ثُلُثٌ" مفرد ہے اس کی جمع اَثْلَاثٌ ہے بمعنی تہائی۔ "طَرِيْقٌ" یہ مفرد ہے اس کی جمع طُرُقٌ طُرُقَاتٌ، اَطْرِقَةٌ ہے بمعنی راستہ۔
"يَعْرِفُوْا" صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر مَعْرِفَةً (ضرب) بمعنی پہچاننا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ﴿عقیدہ طحاویہ﴾ ۱۴۳۶ھ

**الشق الاول** ...... ولا نفضل احدًا من الأولياء على احد من الأنبياء ونقول نبي واحد أفضل من جميع الأولياء. ترجم العبارة واشرحها كاملًا. (ص۱۵۰۔امدادیہ)

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل دو امور ہیں۔ (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اور ہم نہیں فضیلت دیتے اولیاء میں سے کسی ولی کو انبیاء علیہم السلام میں سے کسی بھی نبی پر اور ہم کہتے ہیں کہ کوئی ایک نبی بھی تمام اولیاء سے افضل واعلیٰ ہے۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ عبارت کا حاصل یہ ہے کہ اہلسنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ کوئی بھی بڑے سے بڑا ولی خواہ وہ کتنی ہی عبادت وریاضت کرلے وہ کسی بھی چھوٹے سے چھوٹے نبی کے مقام ومرتبہ کو نہیں پہنچ سکتا اسلئے کہ متعدد کمالات واوصاف ایسے ہیں جن سے صرف انبیاء علیہم السلام متصف ہوتے ہیں اور اولیاء محروم ہوتے ہیں مثلاً ① حضرات انبیاء علیہم السلام معصوم ہوتے ہیں اور اولیاء معصوم نہیں ہوتے۔
② حضرات انبیاء علیہم السلام پر وحی آتی ہے وہ فرشتہ کا مشاہدہ کرتے ہیں اور اولیاء اس اعزاز سے محروم ہوتے ہیں۔
③ حضرات انبیاء علیہم السلام براہ راست احکام الٰہیہ کی تبلیغ وراہنمائی پر مامور ہیں اور اولیاء براہ راست اس کام پر مامور نہیں ہیں۔
پس ان کمالات واعزازات کی وجہ سے کوئی ایک نبی بھی دنیا بھر کے تمام اولیاء، اتقیاء، قطب، ابدال حتیٰ کہ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم سے بھی افضل واعلیٰ ہے۔

**الشق الثانی** ...... ومن احسن القول في أصحاب النبي ﷺ وازواجه و ذرياته فقد برئ من النفاق وعلماء السلف من الصالحين والتابعين ومن بعدهم من اهل الخير والاثر واهل الفقه والنظر لايذكرون الا بالجميل ومن ذكرهم بسوء فهو على غير السبيل. (ص۱۵۱۔امدادیہ)
ترجم العبارة واضحة. اشرح العبارة جميلا.

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امور توجہ طلب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کی تشریح۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اور جو شخص رسول اللہ ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہم اور ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اور آپ کی آل اولاد کے متعلق قول حسن اختیار کرے، وہ شخص نفاق سے بری ہے اور علماء سلف صالحین اور تابعین وتبع تابعین اور بعد کے اہل خیر واہل حدیث، اہل فقہ اور اہل نظر وفکر کا تذکرہ بھی اچھے انداز میں کیا جائیگا اور جو شخص انکا تذکرہ بُرے انداز میں کرے تو وہ شخص راہ راست سے بھٹکا ہوا ہے۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ مصنف کی عبارت کا حاصل یہ ہے کہ آپ ﷺ کے جملہ متعلقین خواہ وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہوں یا ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن ہوں یا آپ کی آل اولاد کے دیگر افراد ہوں جو شخص انکے متعلق اچھی بات کرے گا ایسا شخص منافق ہونے سے بری ہے تو گویا جو ان کے متعلق بری بات کرے گا وہ منافق ہوگا۔

اسی طرح جو شخص علماءِ سلف صالحین، تابعین وتبع تابعین اور اسی طرح بعد کے جملہ اہلِ خیر خواہ وہ اہلِ حدیث ہوں یا اہلِ فقہ یا اہلِ نظر وفکر یا کسی بھی علم وفن سے تعلق رکھنے والے ہوں اُن کا تذکرہ اچھے انداز میں کرے گا وہ راہِ راست پر ہے اور اگر کوئی ان شخصیات کا تذکرہ بُرے انداز میں کرے تو ایسا شخص گمراہ اور راہِ راست سے بھٹکا ہوا ہے۔

## ﴿الورقة السادسة: فى الادب العربى والعقائد﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ﴿مختارات﴾ ۱٤۳۷ھ

**الشق الاوّل**......أمّا بَعْدُ فَإِنَّ أَصْدَقَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَأَوْثَقَ الْعُرٰى كَلِمَةُ التَّقْوٰى وَخَيْرَ الْمِلَلِ مِلَّةُ إِبْرَاهِيْمَ وَخَيْرَ السُّنَنِ سُنَّةُ مُحَمَّدٍ ﷺ وَأَشْرَفَ الْحَدِيْثِ ذِكْرُاللّٰهِ وَأَحْسَنَ الْقَصَصِ هٰذَا الْقُرْآنُ وَخَيْرَ الْأُمُوْرِ عَوَازِمُهَا وَشَرَّالْأُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَأَحْسَنَ الْهَدْيِ هَدْىُ الْأَنْبِيَاءِ وَأَشْرَفَ الْمَوْتِ قَتْلُ الشُّهَدَاءِ وَأَعْمَى الْعَمٰى الضَّلَالَةُ بَعْدَ الْهُدٰى وَخَيْرَ الْعِلْمِ مَانَفَعَ وَخَيْرَ الْهَدْيِ مَااتُّبِعَ وَشَرَّ الْعَمٰى عَمَى الْقَلْبِ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى وَمَاقَلَّ وَكَفٰى خَيْرٌمِّمَّا كَثُرَ وَأَلْهٰى وَشَرُّ الْمَعْذِرَةِ حِيْنَ يَحْضُرُ الْمَوْتُ وَشَرُّالنَّدَامَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ لَا يَأْتِي الصَّلٰوةَ إِلَّا دُبُرًا وَمِنْهُمْ لَايَذْكُرُاللّٰهَ إِلَّا هَجْرًا. (ص۳۰۔مجلس اشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر سلیس ترجمہ کریں، خط کشیدہ الفاظ کے مفرد وجمع لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ کے مفرد وجمع۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ یقیناً سب سے زیادہ سچی بات اللہ کی کتاب ہے۔ اور سب سے مضبوط دستہ تقویٰ کی بات ہے اور تمام شریعتوں سے بہتر شریعت ابراہیم علیہ السلام ہے اور تمام طریقوں سے بہتر محمد ﷺ کا طریقہ ہے۔ اور معزز ترین بات اللہ کا ذکر ہے، سب سے اچھا بیان یہ قرآن ہے اور سب سے بہتر کام وہ ہے جس پر پکا ارادہ کیا گیا ہو اور بدترین وہ کام ہیں جو نئے بنائے گئے ہوں اور سب سے اچھی سیرت انبیاء علیہم السلام کی سیرت ہے اور سب سے عزت والی موت شہداء کی موت ہے اور بدترین اندھا ہونا دل کا اندھا ہونا ہے اور بہترین علم وہ ہے جو فائدہ دے اور بہتر طریقہ وہ ہے جس کی اتباع کی جائے اور سب سے زیادہ دل کا اندھا پن ہدایت کے بعد گمراہی ہے اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ اور جو چیز کم ہو اور کافی ہو وہ اس سے بہتر ہے جو زیادہ ہو اور غافل کر دے۔ بدترین معافی اس وقت کی ہے جبکہ موت حاضر ہو جائے اور بدترین شرمندگی قیامت کے دن کی ہے، بعض لوگ وہ ہیں جو نماز میں نہیں آتے مگر بعد میں اور بعض لوگ وہ ہیں جو ذکر اللہ کی بجائے فحش باتیں کرتے ہیں۔

❸ الفاظ کے مفرد وجمع:۔

| مفرد | جمع | معانی | مفرد | جمع | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| كتاب | كُتُب | کتاب | كلمة | كَلِمٌ | لفظ |
| ملّة | مِلَل | مذہب وشریعت | سنة | سُنَنٌ | خصلت وطریقہ |
| قِصّة | قِصَص | واقعہ وکہانی | مَوْتٌ | اَمْوَاتٌ | مرنا، ویران ہونا |
| عَزْم | عَوَازِم | پکا ارادہ | صَلٰوة | صلوات | دعا |

Maktaba Tul Ishaat.com

**الشق الثانی** ......إنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ قُلْتُ فَإِنِّيْ أُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِيْ بِخَيْبَرَ، فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ إِنَّمَا نَجَّانِيْ بِالصِّدْقِ وَإِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ أَنْ لَا أُحَدِّثَ إِلَّا صِدْقًا مَا بَقِيْتُ فَوَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ أَبْلَاهُ اللّٰهُ فِيْ صِدْقِ الْحَدِيْثِ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ إِلٰى يَوْمِيْ هٰذَا أَحْسَنَ مِمَّا أَبْلَانِيْ وَمَا تَعَمَّدْتُ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ إِلٰى يَوْمِيْ هٰذَا كِذْبًا وَإِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ يَحْفَظَنِيَ اللّٰهُ فِيْمَا بَقِيْتُ۔

عبارت پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں، خط کشیدہ الفاظ کے صیغے تحریر کریں۔ (ص ۵۶۔ مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظ مخطوطہ کے صیغے۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ یارسول اللہ میری توبہ میں سے یہ ہے کہ میں اپنے مال سے نکلتا ہوں اس سے علیحدہ ہوتا ہوں اللہ اور رسول اللہ کی طرف صدقہ کرتے ہوئے، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اپنے پاس اپنے مال کا کچھ حصہ روک لے یہ تیرے لئے بہتر ہے، میں نے کہا تو میں اپنا وہ حصہ روکتا ہوں جو خیبر میں تھا، میں نے کہا یارسول اللہ بیشک اللہ نے مجھے سچ کی وجہ سے نجات دی ہے اور میری توبہ میں سے یہ ہے کہ جب تک میں زندہ رہوں گا تو سچ ہی بیان کیا کروں گا (بولا کروں گا) تو اللہ کی قسم میں مسلمانوں میں سے کسی ایک کو نہیں جانتا جس کو اللہ نے سچ بولنے کے اوپر انعام دیا ہو جب سے میں نے اس کو رسول اللہ کے لئے ذکر کیا میرے اس دن تک زیادہ اچھا اس انعام سے جو اللہ نے مجھے پر کیا۔ اور جب سے میں نے یہ بات آپ ﷺ سے ذکر کی ہے اس سے لے کر آج تک میں نے جھوٹ بولنے کا ارادہ نہیں کیا اور میں امید کرتا ہوں بقیہ عمر میں اللہ میری حفاظت فرمائے گا۔

❸ الفاظ مخطوطہ کے صیغے:۔ "أَمْسِكْ" صیغہ واحد مذکر امر حاضر معلوم از مصدر إِمْسَاكًا (افعال) بمعنی روکنا۔

"أَنْخَلِعُ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر انخلاعًا (انفعال) بمعنی ہٹنا، اکھڑنا، زائل ہونا۔

"أُمْسِكُ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر إِمْسَاكًا (افعال) بمعنی روکنا۔

"نَجَّانِيْ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر تَنْجِيَةً (تفعیل، ناقص) بمعنی رہائی و نجات دلانا۔

"أَعْلَمُ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم، واحد مذکر اسم تفضیل از مصدر عِلْمًا (سمع) بمعنی جاننا۔

"تَعَمَّدْتُ" صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم از مصدر تَعَمُّدًا (تفعل) بمعنی ارادہ کرنا، ٹیک لگانا۔

"لَأَرْجُوْ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر رَجْوًا، رَجَاءً، رَجَاءَةً (سمع، ناقص) بمعنی امید رکھنا، خوف کرنا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاول** ......لَا يَزَالُ الْإِنْسَانُ مُسْتَمِرًّا فِيْ إِقْبَالِهِ مَا لَمْ يَعْثُرْ، فَإِذَا عَثَرَ لَجَّ بِهِ الْعِثَارُ وَإِنْ مَشٰى فِيْ جُدَدِ الْأَرْضِ وَحَذِرَ عَلَى الْأَخِلَّاءِ خَيْرُ الْأَصْدِقَاءِ الَّتِيْ خُلَّتُهَا لَيْسَتْ لِلْمُجَارَاةِ وَلَا لِالْتِمَاسِ مُكَافَأَةٍ، وَلٰكِنَّهَا خُلَّةُ الْكَرَمِ وَالشَّرَفِ خُلَّةٌ هِيَ أَفْضَلُ مِنْ خُلَّةِ الْوَالِدِ لِوَلَدِهِ خُلَّةٌ لَا يُزِيْلُهَا إِلَّا الْمَوْتُ، وَيْحَ لِهٰذَا الْجَسَدِ الْمُوَكَّلِ بِهِ الْبَلَاءُ الَّذِيْ لَا يَزَالُ فِيْ تَصَرُّفٍ وَتَقَلُّبٍ وَلَا يَدُوْمُ لَهُ شَيْءٌ وَلَا يَلْبَثُ مَعَهُ أَمْرٌ كَمَا لَا يَدُوْمُ لِلطَّالِعِ مِنَ النُّجُوْمِ طُلُوْعٌ وَلَا لِلْآفِلِ مِنْهَا أُفُوْلٌ لٰكِنْ لَا يَزَالُ الطَّالِعُ مِنْهَا آفِلًا وَالْآفِلُ مِنْهَا طَالِعًا وَكَمَا تَكُوْنُ آلَامُ الْكُلُوْمِ وَانْتِقَاضُ الْجِرَاحَاتِ، كَذٰلِكَ مَنْ قُرِحَتْ كُلُوْمُهُ بِفَقْدِ إِخْوَانِهِ بَعْدَ اجْتِمَاعِهِ بِهِمْ۔

عبارت کو خوشخط لکھ کر اعراب لگائیں، سلیس ترجمہ کریں۔ (ص ۶۸۔ مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں دو امور مطلوب ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ کہ انسان ہمیشہ اپنے بخت میں رہتا ہے جب تک پھسلے اور گرے نہ، جب پھسل جائے تو پھر پھسلنا اس کو لازم ہو جاتا ہے اگرچہ وہ سیدھی اور سخت زمین میں چلے، میرا خوف بہترین دوست بچھوے پر ہے جس کی دوستی بدلہ کیلئے ہے اور نہ عوض کی تلاش کے لئے ہے لیکن وہ شرافت کی دوستی ہے اور یہ ایسی دوستی ہے جو والد کی اپنی اولاد کے لئے دوستی سے افضل ہے جس کو موت کے علاوہ کوئی چیز ختم نہیں کر سکتی، افسوس ہے اس جسم کیلئے جس پر آزمائش مقرر کر دی گئی ہے جو ہمیشہ الٹ پلٹ ہونے میں رہتا ہے اور کوئی چیز اس کے لئے ہمیشہ نہیں رہتی۔ اور کوئی معاملہ اس کے ساتھ نہیں ٹھہرتا جیسے طلوع ہونے والے ستارہ کیلئے طلوع ہونا اور غروب ہونے والے کیلئے غروب ہونا ہمیشہ نہیں رہتا ہے، لیکن ان میں سے طلوع ہونے والا غروب ہونے والا اور غروب ہونے والا طلوع ہونے والا ہمیشہ رہتا ہے اور جیسے زخموں کی تکلیف اور زخموں کا لوٹنا ہوتا ہے اسی طرح وہ شخص ہے جس کے زخم پھوڑے ہو گئے ہوں دوستوں کے کم ہونے کی وجہ سے ان کے ساتھ جمع ہونے کے بعد۔

**الشق الثانی** ...... فَقُلْتُ: شَيْخٌ ضَعِيفٌ لَيْسَ صَنَاعَتُهُ كَصَنَاعَتِكُمْ وَضُرِبَ عَلَى الْجُوْعِ لِلْقَتْلِ مِئَلِطًا يَسِيرَةً، إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَمُتْ وَعَالَجُوْهُ وَبَرَأَ إِلَّا أَنَّ مَوْضِعًا فِيْ صُلْبِهِ يُوْجِعُهُ وَجَعًا لَيْسَ لَهُ عَلَيْهِ صَبْرٌ، قَالَ: فَضَحِكَ، فَقُلْتُ: مَا لَكَ؟ قَالَ الَّذِيْ عَالَجَهُ كَانَ حَائِكًا، قُلْتُ: أَيْشِ الْخَبَرُ؟ قَالَ: تَرَكَ فِيْ صُلْبِهِ قِطْعَةُ لَحْمٍ مَيْتَةٍ لَمْ يَقْلَعْهَا، قُلْتُ: فَمَا الْحِيلَةُ؟ قَالَ يُبَطُّ صُلْبُهُ وَتُؤْخَذُ تِلْكَ الْقِطْعَةُ وَ يُرْمٰى بِهَا وَإِنْ تُرِكَتْ بَلَغَتْ إِلَى فُؤَادِهِ فَقَتَلَتْهُ۔ (ص ۹۲۔ مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، یہ مضمون امام احمد بن حنبلؒ کے متعلق ہے، آپ انکے حالات کے متعلق جو جانتے ہیں وہ سپرد قرطاس کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل تین امور ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) امام احمد بن حنبلؒ کے حالات۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ تو میں نے کہا ایک کمزور بوڑھا ہے اس کا فعل تمہارے فعل جیسا نہیں ہے اور بھوک کی حالت میں قتل کرنے کیلئے اس کو کوڑے مارے گئے ہیں مگر بیشک وہ مرا نہیں ہے اور انہوں نے اس کا علاج کیا اور وہ تندرست ہو گیا ہے مگر اس کی پشت میں ایسی جگہ ہے جو اس کو ایسی تکلیف دے رہی ہے جس پر وہ صبر نہیں کر سکتا، راوی کہتا ہے کہ وہ ہنس پڑا تو میں نے کہا تجھے کیا ہوا ہے؟ اس نے کہا جس نے اس کا علاج کیا تھا وہ ایک جولاہا تھا، میں نے کہا اس خبر کی کیا تفصیل ہے؟ اس نے کہا اس جولاہے نے گوشت کا مردار ٹکڑا اسکی پشت میں چھوڑا ہے اس کو نہیں ختم کیا، میں نے کہا تو پھر کیا حیلہ ہے؟ اس نے کہا اس کی پشت کو چیرا جائے اور وہ ٹکڑا لے کر اس کو پھینک دیا جائے اور اگر اس کو چھوڑ دیا گیا تو وہ اس کے دل تک پہنچ جائے گا اور اس کو قتل کر دے گا۔

❸ امام احمد بن حنبلؒ کے حالات:۔ امام احمد بن حنبل بن ہلال کی کنیت ابو عبداللہ شیبانی ذہلی ہے، ان کے باپ کا نام محمد تھا، حنبل ان کے دادا کا نام ہے۔ ۱۶۴ھ میں ربیع الاوّل کے مہینہ میں بغداد میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے بچپن میں قرآن کریم حفظ کر لیا، اسکے بعد کلی طور پر حدیث کی طرف متوجہ ہو گئے اور حصول حدیث کے لئے بلاد کثیرہ کی طرف سفر کیا۔ حجاز کے سفر میں امام شافعیؒ سے ملاقات ہوئی اور ان سے فقہ اور اصول فقہ حاصل کیا پھر دوبارہ بغداد میں امام شافعیؒ سے ملاقات کی۔ علم حدیث اور علم روایت حدیث میں ان کا بلند مقام ہے اور

امامت اور اجتہاد کے مرتبہ پر فائز ہیں ان کو دس لاکھ احادیث یاد تھیں اور درس وتدریس اور افتاء کا شغل اختیار کیا تو ان کی مجلس میں طلباء اور سامعین کا ہجوم ہوتا تھا اور امام بخاریؒ و امام مسلمؒ اور امام ترمذیؒ و امام ابوداؤدؒ جیسے کبار محدثین کو ان سے شرف تلمذ حاصل ہے اور یہ زہد وقناعت توکل اور ورع وتواضع اور بادشاہوں کے اموال سے دور رہنے اور مکارم اخلاق میں اللہ تعالیٰ کی آیات میں سے ایک آیت تھے اور معتصم باللہ کی حکومت میں فتنہ اعتزال میں اللہ کے بارے میں اور سنت اور صحیح عقیدہ کے دفاع کرنے میں ان کو آزمائش میں ڈالا گیا اور ان کو وہ تکالیف دی گئیں جو بہت کم لوگوں کو دی گئیں ہیں مگر انہوں نے بہادروں جیسا صبر کیا اور پہاڑوں جیسی استقامت اختیار کی پھر متوکل کے زمانہ میں ان کو تکریم وتعظیم واعزاز اور عطایا وانعامات کے ذریعے آزمایا گیا مگر انہوں نے متوکلین اور زاہدین اور ربانیین جیسی استقامت اختیار کی اور سنت رسول ﷺ کی امداد کی اور اسلام سے دفاع کیا حتی کہ علی بن مدینی نے جو اپنے زمانہ کے ایک امام الحدیث ہیں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ارتداد کے دن ابوبکر صدیقؓ اور امتحان کے دن امام احمد بن حنبلؒ کے ذریعے اس دین حق کو عزت دی اور غالب کیا۔ جب آپ کسی آدمی کو دیکھو جو امام احمدؒ سے محبت کرتا ہو تو یقین کرلو کہ یہ شخص اہل السنت میں سے ہے اور ۲۴۱ھ میں ان کی وفات ہوئی۔ (بشرت)

## ﴿السوال الثالث﴾ ﴿عقیدہ طحاویہ﴾ ۱۴۳۷ھ

**الشق الاوّل** ......وَ اِنَّ الْقُرْآنَ كَلَامُ اللّٰهِ مِنْهُ بَدَأَ بِلَا كَيْفِيَّةٍ قَوْلًا وَ اَنْزَلَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَحْيًا وَ صَدَّقَهُ الْمُؤْمِنُوْنَ عَلٰى ذٰلِكَ حَقًّا وَ اَيْقَنُوْا اَنَّهٗ كَلَامُ اللّٰهِ تَعَالٰى بِالْحَقِيْقَةِ لَيْسَ كَكَلَامِ الْبَرِيَّةِ۔ (ص۶۔امدادیہ)

**شكل العبارة ثم ترجمها ترجمة سلسة، من يقول بخلق القرآن وما هو عقيدتنا حول ذلك. من هم أهل القبلة و ما معنى عدم تكفير هم بذنب؟ الا يتوجه المنلاق الى القبلة فما الحكم فيه؟**

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور حل طلب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) خلقِ قرآن کے قائلین کی نشاندہی اور ہمارا عقیدہ (۴) اہلِ قبلہ کی تعیین اور عدمِ تکفیر کا معنی۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ كما مرّ في السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور بے شک قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ اس کتاب سے بغیر کسی کیفیت کے اللہ تعالیٰ کی بات کا اظہار ہوتا ہے۔ اس کتاب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ پر وحی کی صورت میں نازل فرمایا اور مؤمنین نے حق سمجھتے ہوئے اس کی تصدیق کی اور انہوں نے اس بات پر یقین کیا کہ یہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ کا کلام ہے یہ انسانوں کے کلام کی طرح مخلوق نہیں ہے۔

❸ خلق قرآن کے قائلین کی نشاندہی اور ہمارا عقیدہ:۔ خلق قرآن کے قائلین معتزلہ ہیں انہوں نے باری تعالیٰ سے کلام نفسی کی نفی کی ہے اور قرآن کریم کے حادث ومخلوق ہونے کا قول اختیار کیا ہے۔ ہمارا (اشاعرہ) کا عقیدہ یہ ہے کہ قرآن جو کہ کلام اللہ ہے وہ ازلی وقدیم اور غیر مخلوق ہے، مطلق قرآن اور وہ کلام جو حروف واصوات سے مرکب ہے، وہ ہرگز قدیم وغیر مخلوق نہیں ہے جیسا کہ حنابلہ نے کہا کہ کلام الٰہی الفاظ وحروف سے مرکب ہونے کے باوجود بھی قدیم اور غیر مخلوق ہے۔

اہل السنۃ والجماعۃ اور معتزلہ کا قرآن مجید کے مخلوق اور غیر مخلوق ہونے میں اختلاف ہے لیکن اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہمارا اور معتزلہ کا اصل اختلاف قرآن مجید کے مخلوق ہونے میں نہیں ہے بلکہ اصل اختلاف کلام ازلی نفسی کے اثبات اور نفی میں ہے، اہل السنۃ کلام نفسی کو اللہ تعالیٰ کیلئے ثابت مانتے ہیں اور معتزلہ اس کی نفی کرتے ہیں تو اس نزاع کا اصل محل کلام اللہ کا نفسی ہونا یا نہ ہونا ہے۔

یہ بات اجماع سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ متکلم ہیں اور انبیاء ﷺ سے تواتر کے ساتھ ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ متکلم ہیں اور متکلم اسم مشتق ہے اس کا ماخذ اشتقاق کلام ہے اور کسی شئ کے ساتھ ماخذ اشتقاق کے قیام کے بغیر اس کے لئے مشتق کا اثبات ممتنع ہوتا

ہے تو جب اللہ تعالیٰ متکلم ہیں تو ماخذِ اشتقاق یعنی کلام بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ قائم ہوگا اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ حادث چیز کا قیام نہیں ہوسکتا تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو کلام ثابت ہے وہ کلام نفسی ہے اس سے معلوم ہوا کہ کلام نفسی ثابت ہے۔

معتزلہ کی قرآن کریم کے حادث ہونے کی دلیل یہ ہے کہ قرآن کریم ایسی چیزوں کے ساتھ متصف ہے جو مخلوق کی صفات ہیں مثلاً اس کا پڑھا جانا، لکھا جانا اور حفظ کرنا وغیرہ۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ کلام نفسی کا قرأت، کتابت اور حفظ وغیرہ کے ساتھ اتصاف مجازی ہے۔ حقیقتاً یہ سب کلام نفسی پر دلالت کرنے والے امور کے اوصاف ہیں چنانچہ کلامِ نفسی کے مکتوب فی المصاحف ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس پر دلالت کرنے والے حروف کی صورتیں اور کتابت کے نقوش مکتوب ہیں۔ اسی طرح اس کے محفوظ فی القلوب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس پر دلالت کرنے والے الفاظ کی وہ صورتیں محفوظ ہوتی ہیں جو خزانہ خیال میں جمع شدہ ہیں اور مقرؤ ومسموع ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس پر دلالت کرنے والے الفاظ کی قرأت ہوتی ہے اور وہی الفاظ سنے جاتے ہیں۔

❷ <u>اہل قبلہ کی تعیین</u> <u>اور عدم تکفیر کا معنی:۔</u> اہل قبلہ کا مصداق وہ لوگ ہیں جو تمام ضروریات دین (مثلاً حدوث عالم، حشر الاجساد، علم اللہ تعالیٰ بالکلیات والجزئیات اور ختم نبوت وغیرہ) پر ایمان رکھتے ہوئے قبلہ کی طرف رخ کرکے نماز پڑھتے ہوں۔ اہل قبلہ کا مصداق وہ شخص قطعاً نہیں ہے جو صرف قبلہ رخ ہو کر نماز پڑھتا ہو چاہے وہ کسی قطعی حکم کا منکر بھی کیوں نہ ہو؟ کیونکہ قبلہ کی طرف رخ کرکے نماز تو مسیلمہ کذاب بھی پڑھتا تھا مگر اس کے کافر ہونے پر پوری امت متفق ہے۔

قبلہ چونکہ شعائرِ اسلام میں سے ہے اور اسلام کے بعد سب سے بڑا رکن اور عظیم عمل نماز ہے اور یہ رکن (نماز) قبلہ کی طرف رخ کرکے ادا کیا جاتا ہے اس وجہ سے اسکی طرف نسبت کرتے ہوئے اہل قبلہ کہا جاتا ہے۔ مراد اس سے تمام ضروریاتِ دین پر ایمان لانے والا ہے۔

اہل السنۃ والجماعۃ کے نزدیک مسلمان ومؤمن ہونے کیلئے تمام ضروریاتِ دین پر ایمان لانا ضروری ہے اور کافر ہونے کا مدار ضروریاتِ دین میں سے کسی ایک کے انکار پر ہے یعنی ضروریاتِ دین میں سے کسی ایک چیز کا منکر بھی کافر ہے مثلاً منکرِ ختم نبوت اور بعث بعد الموت کا منکر کافر ہے۔ اسی طرح منافق، مدافض، قادیانی وغیرہ بظاہر اہل قبلہ ہیں مگر ضروریاتِ دین کے منکر ہونے کی وجہ سے کافر ہیں۔

**الشق الثانی** ......وفی دعاء الاحیاء للاموات وصدقتهم منفعة للاموات ...... ونحب اصحاب النبی ﷺ ولا نفرط فی حب احد منهم ولا نتبرأ من احد منهم و نبغض من يبغضهم ...... وبغضهم كفر و نفاق وطغيان. انكر حكم انتفاع الاموات باعمال الاحياء و بأيصال الثواب اليهم. ماذا يريد المصنف باثبات الحب للصحابة وعدم التفريط فی حقهم والتبرؤ منهم. هل العبارة تدل علی ان بغض الصحابة كفر ام لا؟ بيّن حكمه بالتفصيل فی ضوء الدليل. (ص۱۴۳۰ھ)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) مُردوں کو زندوں کے اعمال کا نفع اور ایصال ثواب کا حکم (۲) حُبِ صحابہ رضی اللہ عنہم کے اثبات اور تفریط کی نفی کی وضاحت (۳) بغضِ صحابہ رضی اللہ عنہم کا حکم مع الدلیل۔

**جواب** ...... ❶ <u>مُردوں کو زندوں کے اعمال کا نفع اور ایصال ثواب کا حکم:۔</u> ایک شخص کی دعا وصدقہ کا ثواب دوسرے شخص کو پہنچنا نصوص شرعیہ سے ثابت اور تمام امت کا اجماعی مسئلہ ہے، تلاوتِ قرآن کا ثواب پہنچنے کا امام شافعی رحمہ اللہ انکار کرتے ہیں اور ان کی دلیل آیت کریمہ وان ليس للانسان الا ماسعی کا مفہوم عام ہے۔ جمہور ائمہ اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک دعا وصدقہ کی طرح ہر نفلی عبادت کا ثواب دوسرے کو پہنچتا ہے۔ تفسیر قرطبی میں لکھا ہے کہ احادیث کثیرہ اس پر شاہد ہیں کہ مومن کو دوسرے شخص کی طرف سے عمل صالح کا ثواب پہنچتا ہے۔ تفسیر مظہری میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں۔ (معارف القرآن ج۸ ص۲۱۹)

Maktaba Tul Ishaat.com

امام شافعیؒ کی دوسری دلیل یہ ہے کہ صدقہ، دعا اور حج کے علاوہ دیگر عبادتوں کا ایصال ثواب آنحضور ﷺ سے اور صحابہ کرام ؓ سے ثابت نہیں ہے۔ابن المبارکؒ نے اس کا جواب دیا ہے کہ ثبوت کی ضرورت بھی کیا ہے؟ جب صدقہ کا ایصال ثواب بالا جماع ثابت ہے تو اسی پر باقی عبادتوں کو قیاس کیا جائیگا۔ کسی مسئلہ کے ہر ہر جزء کا ثبوت ضروری نہیں ہے ورنہ پھر قیاس کی ضرورت ہی کیا تھی؟۔

❷ **حُبِ صحابہ ؓ کے اثبات اور تفریط کی نفی کی وضاحت:۔** امام طحاویؒ فرماتے ہیں کہ ہم آپ ﷺ کے تمام صحابہ ؓ سے محبت کرتے ہیں وہ معیارِ حق اور رشد وہدایت کے ستارے بلکہ آفتاب و مہتاب ہیں، ہم کسی ایک صحابی کی محبت میں افراط وتفریط سے بھی کام نہیں لیتے یعنی حد سے تجاوز بھی نہیں کرتے اور کسی ایک صحابی سے بیزاری و براءت کا اظہار بھی نہیں کرتے، جیسا کہ روافض وخوارج اور زنادقہ نے کہا کہ ایک گروہ نے بعض صحابہ کرام ؓ کے مقام وعظمت کا بالکل انکار کر دیا اور دوسرے گروہ نے بعض شخصیات کو حد سے زیادہ مقام دیا،حتیٰ کہ زنادقہ نے حضرت علی ؓ کو الٰہ کا درجہ دیا اور کسی نے ان کے اسلام کا ہی انکار کر دیا تو امام طحاویؒ فرماتے ہیں کہ افراط وتفریط کے بغیر حبِ صحابہ ؓ ہمارا عقیدہ وایمان کا حصہ ہے۔

آپ ﷺ نے ایک جگہ ارشاد فرمایا کہ میرے سب صحابہ عادل ہیں،ایک جگہ فرمایا کہ مسئلۂ قدر اور میرے صحابہ کو زیرِ بحث نہ لاؤ اس سے اجتناب کرو اور وہ اخلاص وللّٰہیت اور خلوص ووفا کی آخری منزل تک پہنچے ہوئے تھے اسی لئے فرمایا کہ اگر تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تب بھی وہ میرے صحابہ کے ایک مُد خرچ کرنے کے برابر بھی نہیں پہنچ سکتا،فرمایا کہ میرے صحابہ کے متعلق اللہ تعالیٰ سے ڈرنا ان کو میرے بعد اعتراضات کا نشانہ نہ بنانا، جو ان سے محبت کرے گا وہ مجھ سے محبت کی وجہ سے ہی ان سے محبت کرے گا اور جو اُن سے بغض ودشمنی کرے گا وہ بھی مجھ سے بغض وعداوت کی وجہ سے ان سے دشمنی کرے گا، جو اُن کو تکلیف دے گا اس نے مجھے تکلیف دی اور جس نے مجھے تکلیف دی اُس نے اللہ کو تکلیف دی اور جس نے اللہ کو تکلیف دی اُس کو عنقریب اللہ تعالیٰ عذاب میں مبتلا کرے گا۔فرمایا کہ میرے صحابہ کا اکرام کرو اس لئے کہ وہ تم میں سے سب سے بہترین لوگ ہیں پھر وہ لوگ جو اُن سے ملے ہوئے ہیں پھر وہ لوگ جو اُن سے ملے ہوئے ہیں پھر کذب کا ظہور ہوگا۔فرمایا کہ اُس مسلمان کو آگ نہیں چھوئے گی جس نے مجھے دیکھا یا اُس کو دیکھا جس نے مجھے دیکھا۔

❸ **بغضِ صحابہ ؓ کا حکم مع الدلیل:۔** امام طحاویؒ فرماتے ہیں کہ جو لوگ صحابہ کرام ؓ سے بغض وعداوت رکھتے ہیں ہم اُن سے بغض وعداوت رکھتے ہیں اور صحابہ کرام ؓ سے بغض وعداوت رکھنا کفر وفسق، نفاق وسرکشی ہے۔اس عبارت سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ بغضِ صحابہ کفر ونفاق ہے۔

آپ ﷺ کے چند ارشادات حُبِ صحابہ ؓ،عظمت ومقامِ صحابہ کے متعلق اور ایک طویل حدیث بغضِ صحابہ کے متعلق اوپر ذکر کی گئی ہے۔مزید یہ کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرے صحابہ کو بُرا بھلا مت کہو،دوسری جگہ ارشاد فرمایا کہ جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو میرے صحابہ کو سب وشتم کا نشانہ بنا رہے ہیں تو تم ان سے کہو کہ تمہارے شر پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔ایک حدیث میں ارشاد فرمایا کہ جب فتنے ظاہر ہوں گے اور میرے صحابہ کو بُرا بھلا کہا جائے گا اُس وقت علماء اپنے علم کا اظہار کریں (یعنی ان کو سمجھائیں اور دلیلیں سنائیں)اگر علماء یہ کام نہ کریں گے تو اُن پر اللہ تعالیٰ کی،فرشتوں کی اور تمام انسانوں کی لعنت ہوگی۔

چنانچہ محدث جلیل حافظ الحدیث ابوزرعہ رازیؒ فرماتے ہیں کہ جب تم کسی کو صحابہ کرام ؓ کی تنقید وتنقیص کرتے ہوئے دیکھو تو یقین کرلو کہ وہ زندیق ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ اور قرآن کریم ہمارے نزدیک برحق ہیں اور ہم تک قرآن کریم اور احادیثِ رسول ﷺ صحابہ کرام ؓ نے ہی پہنچائی ہیں تو یہ لوگ ہمارے گواہوں کو مجروح کر کے اُن سے اعتماد اُٹھانا چاہتے ہیں حالانکہ یہ

لوگ خود جرح کے زیادہ لائق ہیں کیونکہ یہ زنادقہ و بے دین لوگ ہیں۔اس سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام ﷺ کی تنقیص و تنقید نہایت سنگین جرم اور عظیم گناہ ہے اس سے اسلام کی بنیاد کھوکھلی ہو جاتی ہے اور دین اسلام ایک کہانی والسنہ بن کر رہ جاتا ہے۔

محقق ابن ہمام حنفی اور علامہ ابن ابی شریف شافعی فرماتے ہیں کہ اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ تمام صحابہ کرام ﷺ کے حق وجوب تزکیہ کا ہے کہ ان سب کی عدالت مانی جائے اور ان میں طعن کرنے سے روکا جائے۔

ان دلائل سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام ﷺ کا قول و عمل اور انکے اتفاقی فیصلے امت کیلئے معیار و کسوٹی ہیں ان سے فرار اختیار کرنا گمراہی وضلالت ہے اور رسول اللہ ﷺ کے قول ما انا علیہ واصحابی کے صریح خلاف و منشاء شریعت سے کھلی بغاوت ہے اسلئے کہ نجات صرف آپ ﷺ اور آپ ﷺ سے براہ راست فیض یافتہ جماعت صحابہ کرام ﷺ کی اتباع و پیروی میں ہے۔(تکمیل الایمان ص۲۴)

# ﴿الورقة السادسة: فى الادب العربي والعقائد﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ﴿مختارات﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاول** ......فَمَا مِنَّا امْرَأَةٌ اِلَّا وَقَدْ عُرِضَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَتَاْبَاهُ اِذَا قِيْلَ لَهَا اِنَّهُ يَتِيْمٌ وَذٰلِكَ اَنَّا اِنَّمَا كُنَّا نَرْجُوْ الْمَعْرُوْفَ مِنْ اَبِ الصَّبِيِّ فَكُنَّا نَقُوْلُ يَتِيْمٌ وَمَا عَسٰى اَنْ صَنَعَ اُمُّهُ وَجَدُّهُ فَكُنَّا نَكْرَهُهُ لِذٰلِكَ فَمَا بَقِيَتْ امْرَأَةٌ قَدِمَتْ مَعِيَ اِلَّا اَخَذَتْ رَضِيْعًا غَيْرَهُ ، فَلَمَّا اَجْمَعْنَا الْاِنْطِلَاقَ قُلْتُ لِصَاحِبِيْ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَكْرَهُ اَنْ اَرْجِعَ مِنْ بَيْنِ صَوَاحِبِيْ وَلَمْ اٰخُذْ رَضِيْعًا ، وَاللّٰهِ لَاَذْهَبَنَّ اِلٰى ذٰلِكَ الْيَتِيْمِ فَلَاٰخُذَنَّهُ ، قَالَ لَا عَلَيْكِ اَنْ تَفْعَلِيْ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ لَنَا فِيْهِ بَرَكَةً قَالَتْ فَذَهَبْتُ اِلَيْهِ فَاَخَذْتُهُ وَمَا حَمَلَنِيْ عَلٰى اَخْذِهٖ اِلَّا اَنِّيْ لَمْ اَجِدْ غَيْرَهُ. (ص۳۶، مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، مضمون کا عنوان بھی تحریر کریں، نیز الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق بھی لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) مضمون کا عنوان (۴) الفاظ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ ہم میں سے ہر عورت کے سامنے رسول اللہ ﷺ کو پیش کیا گیا مگر جب اس کو کہا جاتا کہ یہ یتیم ہے تو انکار کر دیتی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم بچے کے باپ سے احسان کی امید کرتے تھے تو ہم کہتے کہ یہ تو یتیم ہے اور یہ توقع نہیں تھی کہ اس کی ماں اور دادا بھلائی کریں گے تو اس وجہ سے ہم عورتیں آپ کو لینا گوارہ نہیں کر رہی تھی تو میرے علاوہ میرے ساتھ آئی ہوئی کوئی عورت باقی نہ رہی مگر اس نے دودھ پیتا بچہ لے لیا تو جب ہم نے واپس جانے کا پکا ارادہ کر لیا تو میں نے اپنے ساتھی (خاوند) سے کہا کہ اللہ کی قسم مجھے یہ بات بری لگتی ہے کہ میں اپنی ساتھیوں کے درمیان میں سے اس حال میں لوٹوں کہ میں نے دودھ پیتا کوئی بچہ نہیں لیا۔اللہ کی قسم میں اس یتیم کی طرف جاتی ہوں اور اسی کو لیتی ہوں۔تو اس نے کہا اس کام کرنے میں تجھ پر کوئی حرج نہیں،امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس میں ہمارے لئے برکت ڈال دے،حلیمہ کہتی ہیں تو میں آپ ﷺ کی طرف گئی اور میں نے آپ ﷺ کو لے لیا اور مجھے آپ کو لینے پر اس چیز نے آمادہ کیا تھا کہ مجھے آپ کے علاوہ اور کوئی ملا نہیں تھا۔

❸ مضمون کا عنوان:۔ اس عبارت کے مضمون کا عنوان "فی بنی سعد" (رسول اللہ ﷺ قبیلہ بنو سعد میں) ہے۔

❹ خط کشیدہ الفاظ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "اَخْذ" یہ باب نصر (مہموز) کا مصدر ہے بمعنی لینا، پکڑنا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

"عُرِضَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول از مصدر عَرْضًا (ضرب) بمعنی پیش کرنا۔

"فَتَأْبَاهُ" صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم از مصدر اِبَاءَةً، اِبَاءً (فتح وضرب، مہموز و ناقص) انکار کرنا۔

"صَوَاحِبِيْ" یہ جمع ہے اس کا مفرد صاحبۃ ہے بمعنی بیوی وساتھی، مصدر صُحْبَةً، صَحَابَةً (سمع) بمعنی ساتھی ہونا۔

"رَضِيْعًا" صیغہ صفت ہے اسکی جمع رُضَعَاءُ ہے از مصدر رَضْعًا، رَضِعًا، رَضَاعًا (سمع، فتح، ضرب) بمعنی دودھ پینا۔

"فَلَاٰخُذَنَّهُ" صیغہ واحد متکلم فعل لام تاکید بانون ثقیلہ معلوم از مصدر اَلْاَخْذُ (نصر، مہموز) بمعنی لینا و پکڑنا۔

"لَمْ اَجِدْ" صیغہ واحد متکلم فعل نفی جحد بلم معلوم از مصدر وِجْدَانًا (ضرب، مثال) بمعنی پانا۔

**الشق الثانی** ......فَلَمَّا جِئْتُهُ قَالَ : اَيْنَ كُنْتَ؟ قُلْتُ :تُوُفِّيَتْ اَهْلِيْ فَاشْتَغَلْتُ بِهَا ، فَقَالَ: هَلَّا اَخْبَرْتَنَا فَشَهِدْنَا؟ قَالَ : ثُمَّ اَرَدْتُ اَنْ اَقُوْمَ فَقَالَ : هَلْ اَحْدَثْتَ امْرَاَةً غَيْرَهَا؟ فَقُلْتُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَمَنْ يُزَوِّجُنِيْ وَمَا اَمْلِكُ اِلَّا دِرْهَمَيْنِ اَوْ ثَلَاثَةً؟ فَقَالَ : اِنْ اَنَا فَعَلْتُ تَفْعَلُ؟ قُلْتُ : نَعَمْ ثُمَّ حَمِدَاللّٰهِ تَعَالٰى وَصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ ﷺ وَ زَوَّجَنِيْ عَلٰى دِرْهَمَيْنِ اَوْ قَالَ عَلٰى ثَلَاثَةٍ قَالَ : فَقُمْتُ وَمَا اَدْرِيْ مَا اَصْنَعُ مِنَ الْفَرَحِ، فَصِرْتُ اِلٰى مَنْزِلِيْ وَجَعَلْتُ اَتَفَكَّرُ مِمَّنْ اٰخُذُ وَاَسْتَدِيْنُ وَصَلَّيْتُ الْمَغْرِبَ وَكُنْتُ صَائِمًا فَقَدِمْتُ عَشَائِيْ لِاُفْطِرَ. وَكَانَ خُبْزًا وَزَيْتًا وَاِذَا بِالْبَابِ يُقْرَعُ . (ص ۱۳۶۔ مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، ابن خلکان کے حالات زندگی تحریر کریں، درج ذیل صیغوں کی لغوی و صرفی تحقیق کریں۔

**(توفيت، فصرت، استدين، عشاى، يقرع)**

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) ابن خلکان کے حالات (۴) مذکورہ الفاظ کی لغوی و صرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ **کمامرّ فی السوال آنفا۔**

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ جب میں آیا تو فرمایا کہاں تھا؟ میں نے کہا میری بیوی کا انتقال ہو گیا تھا اس میں مشغول رہا ہوں، فرمایا کہ ہمیں کیوں نہیں خبر دی کہ ہم بھی جنازے میں حاضر ہوتے؟ جب میں نے کھڑا ہونے کا ارادہ کیا تو فرمایا کیا اسکے علاوہ کسی اور عورت سے تو نے شادی کر لی ہے؟ میں نے کہا اللہ آپ پر رحم فرمائے میرے ساتھ کون شادی کرے گا میں تو دو تین درہم سے زیادہ مال کا مالک نہیں ہوں، فرمایا کہ اگر میں یہ تیرا کام کر دوں تو کیا تو راضی ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں، پھر اللہ کی حمد بیان کی اور نبی پر درود پڑھا اور دو درہم یا تین درہم پر میری شادی کر دی، ابو وداعہ کہتا ہے کہ میں کھڑا ہوا اور خوشی کی وجہ سے مجھے معلوم نہیں ہو رہا تھا جو کچھ میں کر رہا تھا پس میں اپنے گھر کی طرف لوٹا اور اس سوچ میں پڑ گیا کہ میں کس سے پکڑوں اور کس سے قرض مانگوں، میں نے نماز مغرب پڑھی اور مجھے روزہ تھا تو میرا شام کا کھانا آ گیا تا کہ میں روزہ افطار کروں اور وہ روٹی اور زیتون کا تیل تھا اور اچانک دروازہ کھٹکھٹایا گیا۔

❸ ابن خلکان کے حالات:۔ آپ کا نام شمس الدین احمد اربلی ہے، یہ شمس المؤرخین اور اپنی تصنیف میں فائق اور ماہر ہیں۔ آپ کی ولادت ۶۰۸ھ ہے، امام، عالم، فقیہ، ادیب، شاعر اور علم ادب وتالیف میں یکتائے روزگار تھے، دو مرتبہ دمشق کے قاضی بنائے گئے پھر ان کو معزول کر دیا گیا تو یہ قاہرہ چلے گئے اور وہاں سات سال رہے اور افتاء و تدریس میں مشغول رہے پھر دوبارہ دمشق کے قاضی بنائے گئے اور ان کے واپس آنے کی وجہ سے لوگ خوش ہو گئے، تاریخ اور مشرقیات کے علماء نے ان کی کتاب وفیات الاعیان کو بہت پسند کیا ہے اور یہ کتاب ان کی طویل تدریس اور وسیع علم کا نتیجہ ہے اور اس کتاب کی تحریر اچھی ہے اور اس میں ادبی مواد زیادہ ہے اور اس میں کثیر

فوائد ہیں اور اس کی عبارت عمدہ ہے اور تعریف میں مبالغہ سے ہٹ کر میانہ روی ہے اور علماء اور لوگوں کے طبقات کی معرفت پر مشتمل ہے اس لئے اس کتاب کو علماء کی طرف سے عنایت و اہتمام کا وافر حصہ ملا ہے۔ علامہ ابن خلکان کی وفات ۶۸۱ھ ہے۔ (اشرف)

❹ **مذکورہ الفاظ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔** یُقْرَعُ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول از مصدر قَرْعًا (فتح) بمعنی کھٹکھٹانا۔

تُوُفِّيَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی مجہول از مصدر تَوَفِّيًا (تفعیل لفیف) بمعنی موت دینا۔

قَصِرْتُ: صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معروف از مصدر صَوَرًا (سمع، اجوف) بمعنی مائل ہونا وجھکنا۔

أَسْتَدِيْنُ: صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر اِسْتِدَانَةً (استفعال، اجوف) بمعنی دَین وقرض طلب کرنا۔

عَشَاءٌ: (بفتح العین) اسکی جمع أَعْشِيَةٌ ہے بمعنی شام کا کھانا۔ (بکسر العین) بمعنی رات کی ابتدائی تاریکی، دن کا آخر۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاوّل**......أنا إن كنتُ حاسدًا أحدًا على نعمةٍ فإنّي أحسد صاحب الكوخ على كوخه قبل أن أحسد صاحب القصر على قصره ولولا أنّ للأوهام سلطانًا على النفوس لما تضاءل الفقراء بين أيدي الأغنياء ولا ورم أنف الأغنياء أن يتّخذ هم الفقراء أربابًا من دون الله، أنا لا أغبط الغنيّ إلّا في موطنٍ واحدٍ من مواطنه، إن رأيتُه يُشبع الجائع ويُواسي الفقير ويعود بالفضل من ماله على اليتيم الذي سلبه الدهر أباه والأرملة التي فجعها القدر في عائلها ويمسح بيده لمعةَ البائس والمحزون، ثم أرثي له بعد ذلك في جميع مواطنه الأخرى. (ص۱۶۶۔ مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، مصنفؒ منفلوطی کے مختصر احوال تحریر کرتے ہوئے مضمون کا حاصل لکھیں، درج ذیل صیغوں کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔ (الكوخ، تضاءل، اربابا، يواسى، الارملة، فجعها، البائس)

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔ (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) مضمون کا حاصل (۴) مذکورہ صیغوں کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب**...... ❶ **عبارت پر اعراب:۔** کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ **عبارت کا ترجمہ:۔** اگر میں کسی نعمت پر کسی سے حسد کروں تو صاحب محل کے محل پر حسد کرنے سے پہلے جھونپڑی والے کی جھونپڑی پر حسد کروں گا اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اوہام کا نفوس پر غلبہ ہے تو فقراء مالداروں کے سامنے حقیر نہ ہوتے اور مالدار اس سے تکبر نہ کرتے کہ فقراء ان کو اللہ تعالیٰ کے ماسواء خدا بنا لیتے ہیں۔ میں مالدار سے کسی موقع پر رشک نہیں کرتا مگر اس کے ایک موقع میں اگر میں اسکو دیکھتا ہوں کہ وہ بھوکے کو سیر کرتا ہے اور فقیر کی غمخواری کرتا ہے اور اپنے مال سے اس یتیم پر احسان کرتا ہے جس سے زمانہ نے اسکے باپ کو چھین لیا ہے اور وہ اس بیوہ پر احسان کرتا ہے جس کو تقدیر نے اپنے خاندان کے بارے میں دردمند کیا ہے اور اپنے ہاتھ سے تنگ دست اور پریشان کے آنسو پونچھتا اور صاف کرتا ہے پھر اس کے بعد میں اس کی دیگر تمام جگہوں میں اس کیلئے اظہار رحمت کرتا ہوں۔

❸ **مضمون کا حاصل:۔** اس مضمون کا عنوان تو الكوخ والقصر (جھونپڑی ومحل) ہے اور اس مضمون میں درحقیقت جھونپڑی ومحل کی بجائے فقراء و مالداروں کے درمیان تقابل کا ذکر ہے۔ صاحب مضمون لکھتے ہیں کہ اوہام کا نفوس پر غلبہ ہونے کی وجہ سے مالداروں کو بڑا اور قابل رشک سمجھا جاتا ہے حالانکہ حقیقت میں فقیر اور جھونپڑی والے قابل رشک لوگ ہیں۔ البتہ مالدار لوگ اس وقت قابل رشک ہیں جب وہ بھوکوں کو کھانا کھلائیں، فقیروں کی غمخواری کریں، یتیموں و بیوہ عورتوں پر احسان کریں، دردمند،

Maktaba Tul Ishaat.com

تنگدست اور پریشان لوگوں کے آنسو صاف کریں اور اگر یہی مالدار فقیروں کے لئے اپنے دروازے بند کردیں، بخل کا مظاہرہ کریں، اپنے نفس کا محاسبہ نہ کریں، تکبر کی چال چلیں تو پھر یہی لوگ قابلِ رحمت اور مبغوض ہیں اور فقیر لوگ ان سے کئی درجے بہتر ہیں۔ اسی طرح یہ فقیر لوگ قابلِ رشک ہیں اور زیادہ راحت والے، البتہ اگر یہی فقراء، امراء کو نیک بخت، آسودہ زندگی والا، زیادہ ٹھنڈا سینہ والا اور نیک بخت تصور کریں، امراء پر حسد کریں، غمگین وپریشان بیٹھ کر لمبی لمبی سانس نکالیں، آنسو بہائیں، آہیں بھریں اور امراء کے محلات کی تمنا کریں تو پھر یہ فقراء قابلِ افسوس ہیں۔

❺ الفاظِ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "اَلْکُوْخُ" یہ مفرد ہے اس کی جمع اَکْوَاخٌ، کُوْخَانٌ ہے بمعنی جھونپڑی۔

"تَضَاءَلَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر تَضَاؤُلٌ (تفاعل، بہموز) بمعنی حقیر وکمزور ہونا۔

"اَرْبَابٌ" یہ جمع ہے اس کا مفرد رَبٌّ ہے بمعنی مالک وسردار۔ مصدر رَبًّا (نصر، مضاعف) بمعنی پالنا، انتظام کرنا۔

"یُوَاسِیْ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر مُوَاسَاۃٌ (مفاعلہ، الفیف) بمعنی غمخواری کرنا۔

"اَرْمَلَۃٌ" وہ عورت جس کا مرد وفات پاگیا ہو، ضعیف محتاج لوگ، مصدر اِرْمَالٌ (افعال) بمعنی توشہ ختم ہونا محتاج ہونا۔

"فَجَعَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر فَجْعًا (فتح) بمعنی دردمند کرنا، مصیبت زدہ بنانا۔

"اَلْبَائِسُ" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل، اس کی جمع بُؤْسٌ ہے، مصدر بُؤْسًا، بُؤْسًا، بُؤُوْسًا (سمع) بمعنی حاجت مند ہونا۔

**الشق الثانی** ...... مِنَ السَّیِّدَۃِ زُبَیْدَۃَ : کُلُّ ذَنْبٍ یَـا اَمِیْرَالْمُؤْمِنِیْنَ وَ اِنْ عَظُمَ صَغِیْرٌ فِیْ جَنْبِ عَفْوِکَ وَکُلُّ زَلَلٍ وَاِنْ جَلَّ حَقِیْرٌ عِنْدَ صَفْحِکَ وَذٰلِکَ الَّذِیْ عَوَّدَکَ اللّٰـهُ فَـاَطَـالَ مُدَّتَکَ وَتَمَّمَ نِعْمَتَکَ وَاَدَامَ بِکَ الْخَیْرَ وَرَفَعَ بِکَ الشَّرَّ . هٰذِہٖ رُقْعَۃُ الْوَالِہِ الَّتِیْ تَرْجُوْکَ فِی الْحَیَاۃِ لِنَوَائِبِ الدَّھْرِ وَفِی الْمَمَاتِ لِجَمِیْلِ الذِّکْرِ فَاِنْ رَاَیْتَ اَنْ تَرْحَمَ ضَعْفِیْ وَاسْتِکَانَتِیْ وَقِلَّۃَ حِیْلَتِیْ وَاَنْ تَصِلَ رَحِمِیْ وَتَحْتَسِبَ فِیْمَا جَعَلَکَ اللّٰهُ لَـہٗ طَـالِبًا وَفِیْہِ رَاغِبًـا فَـافْعَلْ وَتَـذَکَّرْ مَنْ لَـوْ کَـانَ حَیًّـا لَـکَانَ شَفِیْعِیْ اِلَیْکَ . (ص۵۷۰، مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ خط کشیدہ الفاظ کی لغوی تحقیق کریں۔ سیدہ زبیدہ کون تھیں اور انہوں نے یہ مکتوب کس کو اور کیوں لکھا تھا؟ اور اس سے ان کا کیا رشتہ تھا؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا حل چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) الفاظِ مخطوطہ کی لغوی تحقیق (۴) سیدہ زبیدہ کا تعارف، مکتوب الیہ کی نشاندہی اور رشتہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفاً۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ سیدہ زبیدہ کی طرف سے: اے امیر المؤمنین تیری معافی کے سامنے ہر گناہ چھوٹا ہے اگرچہ وہ بظاہر بڑا ہو اور تیرے درگزر کے سامنے ہر لغزش حقیر ہے اگرچہ وہ بظاہر بڑی ہو۔ اور یہ وہ چیز ہے جس کا اللہ نے تجھے عادی بنایا ہے تو تیری مدت کو لمبا کیا اور تجھ پر احسان کو پورا کیا ہے اور ہمیشہ تیرے ساتھ خیر کا معاملہ کیا اور تیرے ساتھ برائی کو دور کیا۔ یہ اس پریشان کا رقعہ ہے جو تجھ سے زندگی میں مصائب زمانہ کیلئے اور موت میں اچھے ذکر کیلئے امید رکھتی ہے۔ تو اگر تو دیکھتا ہے کہ میری کمزوری اور عاجزی اور میرے قلتِ حیلہ پر رحم کرے اور یہ کہ مجھ سے صلہ رحمی کرے اور اس چیز میں ثواب کی امید کرے جس کا اللہ نے تجھے طالب اور اس میں رغبت کرنے والا بنایا ہے تو یہ کام کر اور تو اس شخص کو یاد کر اگر وہ زندہ ہوتا تو تیرے پاس میری سفارش کرنے والا ہوتا۔

❸ الفاظِ مخطوطہ کی لغوی تحقیق:۔ "صَفْحٌ" یہ باب فتح کا مصدر ہے بمعنی روگردانی کرنا، چھوڑنا، معاف کرنا۔

"زَلَلٌ" اسم ہے بمعنی گناہ ولغزش، مصدر زَلًّا، زَلَلًا، زُلُوْلًا، زَلِیْلًا (ضرب وسمع، مضاعف) بمعنی پھسل کر گرنا۔

"عَوَّدَ" صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر تعویدًا (تفعیل، اجوف) بمعنی عادی بنانا۔
"اَلْوَالِہُ" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر وَلَھًا (ضرب وسمع، مثال) بمعنی غمگین و پریشان ہونا۔
"نَوَائِبُ" اس کا مفرد نَائِبَۃٌ ہے بمعنی حادثہ ومصیبت۔ مصدر نَوْبًا ونَوْبَۃً (نصر، اجوف) بمعنی پیش آنا۔
"اَلْمَمَاتُ" بمعنی موت یا زمانہ موت۔ مصدر مَوْتًا (نصر، اجوف) بمعنی مرنا، رُکنا، زائل ہونا۔
"رَاغِبًا" صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل از مصدر رَغْبًا و رُغْبًا و رَغْبَۃً (سمع) بمعنی رغبت کرنا، چاہنا، خواہش کرنا۔ اگر صلہ عَنْ ہو تو بمعنی اعراض کرنا۔ "اِسْتَکَانَتِیْ" یہ باب استفعال کا مصدر ہے بمعنی عاجزی وکمزوری ظاہر کرنا۔

❼ سیدہ زبیدہ کا تعارف، مکتوب الیہ کی نشاندہی اور رشتہ:۔ سیدہ زبیدہ مشہور عباسی خلیفہ جعفر بن ابی جعفر منصور کی بیٹی اور خلیفہ ہارون الرشید کی چچازاد بہن اور بیوی ہیں، آپ کا اصل نام امۃ العزیز اور کنیت ام جعفر ہے، آپ ہاشمی خاندان کی چشم و چراغ ہیں، آپ کی ولادت ۱۴۶ھ میں ہوئی۔ یہ انتہائی درجہ کی نیک وفاضلہ خاتون ہیں، انہوں نے مسلمانوں پر بے شمار احسانات کیے جن میں سب سے مشہور احسان وہ نہر زبیدہ ہے جو انہوں نے حجاج کرام اور اہل مکہ کی مشکلات و دشواریوں کو سامنے رکھتے ہوئے مکہ مکرمہ سے ۳۵ کلومیٹر دور وادی حنین کے جبال طاد سے مکہ مکرمہ کی طرف اور عرفات میں مسجد نمرہ تک سترہ لاکھ دینار کی لاگت سے کھدوائی تھی، آج بھی اس نہر کے آثار عرفات میں موجود ہیں۔ ۸۳۱ھ کو بغداد (عراق) میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کے محل میں ہر وقت ایک ہزار باندیاں تلاوت قرآن میں مصروف رہتی تھیں۔

یہ خط انہوں نے اپنے سوتیلے بیٹے، وقت کے بادشاہ مامون بن ہارون الرشید کو لکھا تھا، جو کہ عزم وحزم اور علم جیسی صفات سے متصف اور علم وفن کا قدردان تھا مگر احکام نافذ کرنے میں سختی کرتا تھا۔ اس خط میں انہوں نے اپنی کسی ذاتی پریشانی کی طرف کنائی الفاظ میں اشارہ کیا ہے، اس کے جواب میں مامون نے جو تحریر کیا وہ غم خواری، حسن سلوک، بادشاہوں کے بڑے پن اور بیٹوں کی فرمانبرداری کی اعلیٰ مثال ہے۔ (بشرات وغیرہ)

## ﴿السوال الثالث﴾ ﴿عقیدہ طحاویہ﴾ ۱۴۳۸ھ

**الشق الاوّل**..... وَاَهْلُ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ﷺ فِي النَّارِ لَا يَخْلُدُوْنَ اِذَا مَاتُوْا وَهُمْ مُوَحِّدُوْنَ وَاِنْ لَمْ يَكُوْنُوْا تَائِبِيْنَ بَعْدَ اَنْ لَقُوا اللّٰهَ عَارِفِيْنَ مُؤْمِنِيْنَ وَهُمْ فِيْ مَشِيْئَتِهٖ وَحُكْمِهٖ اِنْ شَاءَ غَفَرَلَهُمْ وَعَفَاعَنْهُمْ بِفَضْلِهٖ كَمَا ذَكَرَ عَزَّوَجَلَّ فِيْ كِتَابِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاءُ وَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ فِي النَّارِ بِعَدْلِهٖ ثُمَّ يُخْرِجُهُمْ مِنْهَا بِرَحْمَتِهٖ وَشَفَاعَةِ الشَّافِعِيْنَ مِنْ اَهْلِ طَاعَتِهٖ، ثُمَّ يَبْعَثُهُمْ اِلٰى جَنَّتِهٖ. (ص۱۱۔امدادیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، کبیرہ کی تعریف کر کے یہ بتائیں کہ کبیرہ کا اطلاق کن گناہوں پر ہوتا ہے؟ مذکورہ مسئلہ میں اہل السنۃ اور معتزلہ کے اختلاف کی وضاحت کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾..... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) گناہ کبیرہ کی تعریف ونشاندہی (۴) مرتکب کبیرہ کے حکم میں اختلاف۔

**جواب**..... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفاً۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور امت محمدیہ ﷺ میں سے گناہ کبیرہ کرنے والے جب موحد ہونے کی حالت میں مریں تو وہ ہمیشہ جہنم میں نہیں رہیں گے اگر چہ انہوں نے توبہ نہ کی ہو، بعض اس کے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملیں کہ اُس کی معرفت رکھتے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہوں اور یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی مشیت اور حکم کے تحت ہوں گے اگر وہ چاہے گا تو اپنے فضل سے اُن کی مغفرت کر دے گا اور اُن کو معاف کر دے گا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر فرمایا ہے "ویغفر ما دون ذلك لمن يشاء" (شرک کے علاوہ دیگر گناہوں میں سے جس کا چاہے گا معاف فرمادے گا)۔ اور اگر وہ چاہے گا تو اُن کو اپنے عدل کی رو سے جہنم میں عذاب دے گا پھر اُن کو اپنی رحمت سے اور اپنے اطاعت کرنے والوں کی شفاعت سے نکالے گا پھر اُن کو جنت میں بھیج دے گا۔

❸ <u>گناہِ کبیرہ کی تعریف ونشاندہی:۔</u> گناہ کبیرہ کی تعیین اور تعارف میں مختلف روایات ہیں۔

بعض حضرات نے کہا کہ ہر وہ گناہ جس کی ماتحت گناہ کی طرف نسبت کی جائے تو وہ کبیرہ ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ ہر وہ گناہ جو مابعد میں مذکور گناہوں میں سے کسی ایک کے برابر ہو یا اس سے زیادہ ہو کبیرہ ہے۔ بعض نے کہا کہ ہر وہ گناہ جس پر خصوصیت سے شارح کی طرف سے دھمکی وارد ہوئی ہو وہ کبیرہ ہے مثلاً جاندار کی تصویر بنانا۔ بعض حضرات نے کہا کہ ہر وہ معصیت جس پر معمولی سمجھ کر اصرار ہو وہ کبیرہ ہے اور جس سے استغفار کرلے وہ صغیرہ ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ کبائر کی تعداد نو ہے۔ ① اشراک باللہ ② قتل النفس بغیر حق خواہ دوسرے نفس کا ہو یا اپنے نفس کا قتل ہو جس کو خودکشی کہتے ہیں ③ مؤمنہ آزاد عاقلہ بالغہ پر زنا کی تہمت لگانا ④ زنا کرنا ⑤ میدانِ جنگ میں کفار کے مقابلہ سے بھاگنا ⑥ کسی پر جادو کرنا ⑦ یتیم کا مال ناحق طریقہ سے کھانا ⑧ جائز امور میں مسلمان والدین کی نافرمانی کرنا ⑨ حدودِ حرم میں گناہ کرنا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان نو پر سود کھانے کا اضافہ کیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان دس پر چوری کرنے اور شراب پینے کا اضافہ کیا ہے۔

بعض حضرات نے ان میں ① لواطت ② جھوٹی گواہی ③ جھوٹی قسم ④ ذاکہ ڈالنا ⑤ غیبت ⑥ جوا بازی کو بھی شامل کیا ہے تو کل تعداد اٹھارہ ہوگئی۔ (بیان الفوائد ج ۲ ص ۱۱۲)

❹ <u>مرتکب کبیرہ کے حکم میں اختلاف:۔</u> اہلسنت والجماعت کے نزدیک مرتکب کبیرہ ایمان پر باقی رہتا ہے وہ دائرۂ اسلام سے خارج نہیں ہوتا جبکہ معتزلہ کے نزدیک مرتکب کبیرہ دائرۂ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے ایمان پر باقی نہیں رہتا۔ البتہ کافر بھی نہیں ہوتا بلکہ کفر واسلام کے درمیان ایک درجہ ہے اور وہ درجہ فسق ہے، یہ مرتکب کبیرہ اس مرتبہ فسق کو پہنچ جاتا ہے اور خوارج کے نزدیک مرتکب کبیرہ ایمان سے خارج ہو کر کفر میں بھی داخل ہو جاتا ہے۔ اہلسنت والجماعت کی پہلی دلیل: حدیث ابوذر رضی اللہ عنہ ہے جس میں وان زنی وان سرق کے الفاظ ہیں کہ اگرچہ مؤمن آدمی زنا وچوری کرے تب بھی مؤمن ہی رہتا ہے۔

دوسری دلیل: وہ تمام نصوص آیات واحادیث ہیں جن میں مرتکب کبیرہ کو اہلِ ایمان کہہ کر ترک گناہ کا حکم کیا گیا ہے۔

معتزلہ کی دلیل: وہ حدیث ہے کہ جس میں مرتکب کبیرہ کے بارے میں فرمایا کہ وہ ایمان پر باقی نہیں رہتا۔

اہلسنت والجماعت کی طرف سے جوابات: ① اس حدیث میں کمالِ ایمان کی نفی ہے کہ مرتکب کبیرہ کامل مؤمن نہیں رہتا البتہ نفسِ ایمان اس میں موجود رہتا ہے ② ایمان کے متعلق دو چیزیں ہیں نفسِ ایمان اور نورِ ایمان تو مرتکب کبیرہ کے اندر نفسِ ایمان تو موجود ہوتا ہے البتہ نورِ ایمان ختم ہو جاتا ہے ③ یہاں مؤمن لغوی مراد ہے کہ بوقتِ گناہ مؤمن آدمی امن والا نہیں ہوتا خطرہ ہوتا ہے کہ یہ ابھی عذابِ الٰہی کی لپیٹ میں نہ آجائے۔

**الشق الثانی** ...... وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ الْمُصْطَفٰى وَنَبِيُّهُ الْمُجْتَبٰى وَرَسُوْلُهُ الْمُرْتَضٰى وَأَنَّهُ خَاتَمُ الْأَنْبِيَاءِ وَإِمَامُ الْأَتْقِيَاءِ وَسَيِّدُ الْمُرْسَلِيْنَ وَحَبِيْبُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَكُلُّ دَعْوَى النُّبُوَّةِ بَعْدَهُ فَغَيٌّ وَهَوًى وَهُوَ الْمَبْعُوْثُ إِلٰى عَامَّةِ الْجِنِّ وَكَافَّةِ الْوَرٰى بِالْحَقِّ وَالْهُدٰى وَبِالنُّوْرِ وَالضِّيَاءِ۔ (ص۵۔لدرایہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام قرب قیامت میں نازل ہوں گے پھر آنحضرت ﷺ کس طرح خاتم النبیین ہوئے، فتنہ قادیانیت کے متعلق جامع اور مختصر نوٹ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا خلاصہ چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے باوجود آپ ﷺ کے خاتم النبیین ہونے کی وضاحت (۴) فتنہ قادیانیت کے متعلق جامع اور مختصر نوٹ۔

جواب ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور یہ کہ محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے منتخب بندے اور برگزیدہ نبی و پسندیدہ رسول ہیں۔ اور بیشک آپ ﷺ آخری نبی ہیں اور متقیوں کے امام ہیں اور رسولوں کے سردار ہیں اور رب العالمین کے محبوب ہیں اور آپ ﷺ کے بعد نبوت کا ہر دعویٰ گمراہی اور نفس پرستی ہے اور آپ ﷺ تمام جن و انس کی طرف حق و ہدایت اور نور و روشنی کے ساتھ بھیجے گئے۔

❸ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے باوجود آپ ﷺ کے خاتم النبیین ہونے کی وضاحت:۔ آخر زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول آپ ﷺ کی ختم نبوت کے منافی نہیں ہے۔ اسلئے کہ خاتم النبیین ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے بعد کوئی شخص عہدۂ نبوت پر فائز نہ ہوگا، اس سے یہ بات لازم نہیں آتی کہ آپ سے پہلے جن ہستیوں کو نبوت عطاء ہو چکی ہے اُن کی نبوت سلب کر لی جائیگی یا اُن سابقہ انبیاء علیہم السلام میں سے کوئی نبی دوبارہ اس جہان میں نہیں آسکتا۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام قرب قیامت میں آپ ﷺ کی امت میں اصلاح و تبلیغ کے لئے تشریف لائیں گے اور اپنے منصب نبوت پر قائم رہتے ہوئے اس امت میں آپ ﷺ کی تعلیمات کے تابع ہو کر اُمت کی اصلاح کی خدمت سرانجام دیں گے اور یہ بات ختم نبوت کے ہرگز منافی نہیں ہے۔

❹ فتنہ قادیانیت کے متعلق جامع اور مختصر نوٹ:۔ مرزا کا نام غلام احمد، والد کا نام غلام مرتضیٰ، قوم مغل برلاس، آبائی وطن قصبہ قادیان تحصیل بٹالہ ضلع گورداسپور پنجاب ہے، پیدائش ۱۸۳۹ء یا ۱۸۴۰ء میں ہوئی۔ قرآن کریم، فارسی، صرف و نحو، منطق و حکمت کی تعلیم حاصل کی۔ مرزا نے ۱۸۶۴ء سے ۱۸۶۸ء تک چار سال ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی کچہری میں ملازمت اختیار کی، اسی دوران مرزا نے یورپی مشنری اور انگریز افسروں سے تعلقات بنانا شروع کر دیئے اور مذہبی بحث کی آڑ میں عیسائی پادریوں سے خفیہ ملاقاتیں کیں اور انہیں اپنی حمایت و تعاون کا پورا یقین دلایا۔

اس کے بعد مرزا نے مختلف کتابیں تحریر کریں، جن میں اکثر مضامین اسلامی عقائد کے مطابق تھے، پھر رفتہ رفتہ اُن کتب میں مرزا نے اپنے الہامات داخل کر دیئے اور "براہین احمدیہ" نامی کتاب میں اس نے انگریز کی مکمل اطاعت اور جہاد کی حرمت کا اعلان کیا، اس کے علاوہ مرزا نے متعدد دعوے کئے جن میں سے چند ایک یہ ہیں۔ ① ۱۸۸۰ء میں ملہم من اللہ ہونے کا دعویٰ کیا، ② ۱۸۸۲ء میں مجدد ③ ۱۸۹۱ء میں مسیح موعود ④ ۱۸۹۹ء میں ظلی بروزی ⑤ ۱۹۰۱ء میں مستقل صاحب شریعت نبی ہونے کا دعویٰ کیا، اس طرح یہ انگریز کا کاشت کردہ پودا اپنی اصل شکل وصورت "کذاب وجھوٹا مدعی نبوت" میں ظاہر ہوا۔

امام المحدثین حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے مشہور مقدمۂ بہاولپور میں مرزائیت کے کفر وارتداد کی درجہ ذیل وجوہ بیان کیں ① ختم نبوت کا انکار ② دعویٰ نبوت ③ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین ④ آنحضرت ﷺ کی توہین ⑤ عمومی مسلمانوں کی تکفیر۔

اس کے ان کفریہ عقائد کے نتیجہ میں علماء نے اس کے خلاف تحریری و تقریری کام شروع کیا اور مسلمانوں کو اس کے گمراہ کن نظریات سے بچانے کیلئے ہر میدان میں مسلسل جدو جہد کی، امیر شریعت حضرت عطاء اللہ شاہ بخاری، علامہ انور شاہ کشمیریؒ اور دیگر بزرگانِ دین نے خوب محنت سے اس فتنہ کی سرکوبی کی۔ تقسیم ہند کے بعد اس فتنہ نے نئے انداز میں سر اٹھایا تو دوبارہ آپ ﷺ کی

Maktaba Tul Ishaat.com

ناموس کے دفاع اور عقیدۂ ختم نبوت کی حفاظت کے لئے سرفروشانِ اسلام میدان میں اُترے، ۱۹۵۳ء میں ایسی تحریک چلی کہ مرزائیت کی کمر ٹوٹ گئی، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے نام سے اس زمانہ میں ایک جماعت تشکیل دی گئی اس جماعت کے رفقاء وذمہ داران نے بڑی حکمت، حوصلے، جرأت وہمت کے ساتھ ہر سطح پر اس فتنہ کے خلاف کام کیا۔

بالآخر جناب محمد اسٹیشن پر مرزائیوں کی غنڈہ گردی کے نتیجہ میں مرزائیوں کیخلاف زبردست تحریک چلی اور ۱۹۷۴ء میں پاکستان کی قومی اسمبلی نے مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت اور کافر قرار دیا اور ان کی کفریہ وارتدادی سرگرمیوں پر پابندی لگائی گئی۔ (ملخص از آئینہ قادیانیت)

## ﴿الورقة السادسة: فی الادب العربی والعقائد﴾

## ﴿السوال الاول﴾ ﴿مختارات﴾ ۱۴۳۹ھ

**الشق الاوّل**...... اِعْلَمْ اَنَّ الْعَجَمَ وَالرُّوْمَ لَمَّا تَوَارَثُوا الْخِلَافَةَ قُرُوْنًا كَثِيْرَةً وَخَاضُوْا فِيْ لَذَّةِ الدُّنْيَا وَنَسُوا الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَاسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ تَعَمَّقُوْا فِيْ مَرَافِقِ الْمَعِيْشَةِ وَتَبَاهَوْا بِهَا وَوَرَدَ عَلَيْهِمْ حُكَمَاءُ الْاٰفَاقِ يَسْتَنْبِطُوْنَ لَهُمْ دَقَائِقَ الْمَعَاشِ وَمَرَافِقَهُ فَمَازَالُوْا يَعْمَلُوْنَ بِهَا وَيَزِيْدُ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَيَتَبَاهَوْنَ بِهَا حَتّٰى قِيْلَ: اِنَّهُمْ كَانُوْا يُعَيِّرُوْنَ مَنْ كَانَ يَلْبَسُ مِنْ صَنَادِيْدِهِمْ مِنْطَقَةً اَوْ تَاجًا قِيْمَتُهَا دُوْنَ مِائَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ اَوْ لَايَكُوْنُ لَهٗ قَصْرٌ شَامِخٌ وَاٰبْزَنٌ وَحَمَّامٌ وَبَسَاتِيْنُ وَلَايَكُوْنُ لَهٗ دَوَابُّ فَارِهَةٌ وَغِلْمَانٌ حِسَانٌ وَلَايَكُوْنُ لَهٗ تَوَسُّعٌ فِي الْمَطَاعِمِ وَتَجَمُّلٌ فِي الْمَلَابِسِ وَذِكْرُ ذٰلِكَ يَطُوْلُ. (ص ۱۳۳۔مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر سلیس ترجمہ کریں۔ شیخ دہلویؒ اس مضمون سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ پورے مضمون کا خلاصہ لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال کا حل تین امور ہیں۔(۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) مضمون کا خلاصہ۔

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اس بات کو جان لو کہ عجمی اور رومی لوگ جب بہت زمانہ حکومت کے وارث اور دنیا کی لذت میں مشغول رہے اور آخرت کے گھر کو بھول گئے اور ان پر شیطان غالب ہوا تو انہوں نے زندگی کے منافع میں تہ تک پہنچنے میں کوشش کی اور اس پر باہم فخر کرنے لگے اور ان پر مختلف اطراف سے حکماء آئے جو ان کے لئے معاش کی باریکیاں اور اس کے منافع کا استنباط کرتے تھے تو وہ ہمیشہ ان پر عمل کرتے رہے اور ایک دوسرے پر بڑھتے رہے اور ان کے ذریعہ باہم فخر کرتے رہے حتیٰ کہ ان کے بارے میں یہ کہا گیا ہے کہ ان کا جو سردار ایسا پٹکا یا تاج پہنتا جس کی قیمت ایک لاکھ درہم سے کم ہوتی تو اس کو عار دلاتے تھے یا اس کے لئے اونچا محل، فوارہ اور تالاب وباغات نہ ہوتے اور اُس کے لئے چست وطاقتور جانور اور خوبصورت جوان نہ ہوتے اور اُس کیلئے کھانوں میں وسعت اور کپڑوں میں خوبصورتی نہ ہوتی اور اُس کا ذکر لمبا ہے۔

❸ مضمون کا خلاصہ:۔ اس مضمون میں شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے آپ ﷺ کی بعثت سے قبل کے عجمی ورومی حالات کو اختصار سے بیان کیا ہے کہ آپ ﷺ کی بعثت سے قبل عجمی ورومی لوگ حکومت کے وارث ہوئے اور آخرت کو بھول کر دنیا کی لذتوں میں مصروف ہوئے تو شیطان اُن پر غالب آگیا اور پھر انہوں نے زندگی کے منافع کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کی، باہم فخر وتکبر کرنے لگے، لاکھ لاکھ درہم کے قیمتی تاج وکپڑے وغیرہ پہنتے، اونچے اونچے محلات، خوبصورت لمبے چوڑے باغات بناتے جن میں بڑے بڑے فوارے اور تالاب وغیرہ ہوتے، عوام پر ٹیکس لاگو کرکے ان سے جاگیریں بنائی جاتیں وہ اُخروی سعادت وکامیابی کو بھول کر دنیا میں غرق ہوگئے، ان میں سے کسی کا مقصد بھی دین نہ رہا، عوام بھی سب کے سب کھانے پینے اور عمارتوں کی خاطر کمائی کرتے اور وہ بھی

اپنے سرداروں کی نقل کرنے میں تکلف سے کام لیتے۔ الغرض جب سب لوگ مقصد تخلیق دنیا کو بھول گئے تو پھر اللہ تعالیٰ نے اصلاح معاشرہ کیلئے رسول اللہ ﷺ کو مبعوث کیا اور آپ ﷺ نے ان ساری رسوم کا قلع قمع کیا، اللہ تعالیٰ کی پسند اور غیر اللہ کی پسند کو جدا کیا اور عجمیوں کی عادات کی مذمت کی اور ان کی باہم فخر کرنے والی عادات کا خاتمہ کیا سرداری نظام کو ختم کر کے اسلامی نظام کو نافذ کیا..... الخ۔

**الشق الثانی** ...... إِنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ لَمْ أَعْقِلْ أَبَوَيَّ قَطُّ إِلَّا وَهُمَا يَدِينَانِ الدِّينَ وَلَمْ يَمُرَّ عَلَيْنَا يَوْمٌ إِلَّا يَأْتِينَا فِيهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ طَرَفَيِ النَّهَارِ بُكْرَةً وَّ عَشِيَّةً فَلَمَّا ابْتُلِيَ الْمُسْلِمُونَ خَرَجَ أَبُوبَكْرٍ مُهَاجِرًا نَحْوَ أَرْضِ الْحَبْشَةِ حَتَّى إِذَا بَلَغَ بَرْكَ الْغِمَادِ لَقِيَهُ ابْنُ الدُّغُنَّةِ وَهُوَ سَيِّدُ الْقَارَةِ فَقَالَ أَيْنَ تُرِيدُ يَا أَبَابَكْرٍ؟ فَقَالَ أَبُوبَكْرٍ أَخْرَجَنِي قَوْمِي فَأُرِيدُ أَنْ أَسِيحَ فِي الْأَرْضِ وَأَعْبُدَ رَبِّي.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے احوال لکھیں۔ ابن الدغنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کیا جواب دیا؟ وضاحت کریں۔

﴿ خلاصۂ سوال ﴾ ...... اس سوال کا خلاصہ چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے احوال (۴) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ابن الدغنہ کے جواب کی وضاحت۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ كما مرّ في السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ بیشک عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے اپنے والدین کو کبھی نہیں جانا مگر اس حال میں کہ وہ دین کے تابع دار تھے اور ہم پر کوئی دن نہیں گزرتا تھا مگر دن کے دونوں کنارے یعنی صبح اور شام کو اس میں رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس آتے تھے تو جب مسلمانوں کو آزمائشوں میں مبتلا کیا گیا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ حبشہ کی طرف ہجرت کیلئے نکلے حتیٰ کہ مقام برک الغماد پر پہنچے تو ان سے ابن الدغنہ ملا اور وہ قارہ قبیلہ کا سردار تھا تو اس نے کہا اے ابوبکر کہاں کا ارادہ ہے؟ تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے میری قوم نے نکال دیا ہے تو میں چاہتا ہوں کہ زمین میں سیاحت کروں اور اپنے رب کی عبادت کروں۔

❸ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے احوال:۔ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نام عائشہ، کنیت ام عبداللہ، رسول اللہ ﷺ کے سفر وحضر کے صدیق اور یار غار مزار سید نا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی بیٹی ہیں، چھ برس کی عمر میں پانچ سو درہم کے عوض رسول اللہ ﷺ کے حرم میں آئیں اور نو برس کی عمر میں رخصتی ہوئی رسول اللہ ﷺ کی چہیتی اور محبوب بیوی تھیں اور آپ رضی اللہ عنہا کو یہ شرف حاصل ہے کہ تمام ازواج مطہرات میں سے صرف آپ رضی اللہ عنہا ہی کنواری ہونے کی حالت میں حرم نبوی میں آئیں، جب آپ پر تہمت لگی تو متعدد آیات قرآنی آپ رضی اللہ عنہا کی پاکدامنی کے متعلق نازل ہوئیں، آپ رضی اللہ عنہا کو عالمہ بلکہ معلمۃ الصحابہ رضی اللہ عنہم کہا جائے تو غلط اور بے جانہ ہوگا، دقیق اور مشکل مسائل میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ کی طرف ہی رجوع کرتے، آپ کے حجرہ کو ہی آپ ﷺ کے روضہ مبارک ہونے کا شرف ملا، جب آپ ﷺ نے اس دنیا سے کوچ کیا تو اس وقت آپ ﷺ کا سر مبارک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی گود میں ہی تھا۔ دور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ۵۸ھ میں وفات پائی اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔ رضی الله تعالىٰ عنهن اجمعين۔

❹ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ابن الدغنہ کے جواب کی وضاحت:۔ ابن الدغنہ نے کہا کہ اے ابوبکر! آپ جیسا محسن شخص اور اتنا ظلم؟ آپ جیسے محسن آدمی کو اس کی قوم اتنے احسانات کے باوجود کیسے ملک بدر و علاقہ بدر کر سکتی ہے کہ آپ لوگوں سے کھانے کی بجائے خود کما کر فقیروں کو کھلاتے ہو، لڑائیاں کرنے کی بجائے صلہ رحمی کرتے ہو، فقیر و حاجت مندوں کا بوجھ اٹھاتے ہو، زیادہ مہمان نواز ہو، حق سچ و باطل کی چپقلش میں حق سچ کا ساتھ دیتے ہو، پھر آپ کی قوم نے آپ کو کیسے علاقہ بدر کر دیا؟ تم واپس میرے ساتھ چلو میں تمہیں اپنی پناہ دیتا ہوں اور میں قریش سے تمہارے متعلق بات کرتا ہوں چنانچہ ابن الدغنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو واپس

Maktaba Tul Ishaat.com

مکہ لے گیا اور سردارانِ قریش سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے متعلق بات چیت کی تو انہوں نے کہا کہ ابوبکر سے کہو کہ وہ اپنی عبادت اپنے گھر میں ہی کرے، اپنی نماز وتلاوت کا عمل اپنے گھر میں ہی کیا کرے تاکہ ہماری عورتیں اور بچے فتنہ میں مبتلا نہ ہو جائیں۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۳۹ھ

**الشق الاوّل** ...... وَقَدْ رَأَيْتُ فِيْ هٰذَا السَّيِّدِ السَّنَدِ بِالْعِيَانِ مَا كُنْتُ أَتَخَيَّلُهُ عَنْهُ بِالسَّمَاعِ وَحَقَّ لِيْ وَاللّٰهِ أَنْ أُنْشِدَ......

كَانَتْ مُحَادَثَةُ الرُّكْبَانِ تُخْبِرُنَا ... عَنْ جَعْفَرِ بْنِ فَلَاحٍ أَطْيَبَ الْخَبَرِ
حَتّٰى الْتَقَيْنَا فَلَا وَاللّٰهِ مَا سَمِعَتْ ... أُذُنِيْ بِأَحْسَنَ مِمَّا قَدْ رَأٰى بَصَرِيْ

رَأَيْتُ فِي السَّيِّدِ حِبْرًا جَلِيْلًا وَسَيِّدًا غِطْرِيْفًا وَأُسْتَاذًا كَبِيْرًا مِنْ أَنْبَلِ مَنْ وَقَعَ نَظَرِيْ عَلَيْهِمْ مُدَّةَ حَيَاتِيْ جَلَالَةَ قَدْرٍ وَسَرَاوَةَ حَالٍ وَرِجَاحَةَ عَقْلٍ وَسَجَاحَةَ خُلُقٍ وَكَرَمَ مَهْزَّةٍ وَسُرْعَةَ فَهْمٍ وَسَدَادَ رَأْيٍ وَقُوَّةَ حَافِظَةٍ مَعَ الْوَقَارِ الَّذِيْ لَاتَنْغَضُّ مِنْ جَانِبِهِ الْوَدَاعَةُ.

اعراب لگا کر ترجمہ کریں، عبارت میں کس شخصیت کا تذکرہ ہے؟ (غطریفا، سراوۃ، سجلحۃ، لاتنغض) کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا خلاصہ چار امور ہے (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) عبارت میں مذکورہ شخص کا تذکرہ (۴) کلمات کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور بیشک میں نے اس معتمد سردار میں آنکھوں سے وہ کچھ دیکھ لیا جو سن کر میں ان کے متعلق خیال کرتا تھا اور اللہ کی قسم میرے لئے حق ہے کہ میں یہ اشعار پڑھوں۔ سواروں کی باہم گفتگو نے جعفر بن فلاح کے بارے میں ہمیں خبر دی تھی حتیٰ کہ ہم اس سے ملے تو اللہ کی قسم جو میری آنکھ نے دیکھا میرے کانوں نے اس سے زیادہ اچھا نہیں سنا تھا اور میری رائے اس سید کے متعلق یہ ہے کہ وہ عالم جلیل اور اچھے سردار اور استاذ کبیر ہیں ان لوگوں میں سے زیادہ فضل والے ہیں جن پر زندگی بھر میں میری نگاہ پڑی ہے۔ بڑی قدر والے، سخی حال والے، غالب عقل والے، نرم اخلاق والے اور بہت سخاوت والے، تیز فہم والے، درست رائے والے، قوت حافظہ والے اس وقار کے ساتھ جس کی جانب سے سکون کم نہیں کیا جاتا۔

❸ عبارت میں مذکورہ شخص کا تذکرہ:۔ اس عبارت میں امیر شکیب ارسلان نے اپنے سردار وشیخ احمد شریف سنوسی کی مدح سرائی کی ہے۔

❹ کلمات کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "غِطْرِيْفًا" یہ مفرد ہے اس کی جمع غَطَارِفَةٌ، غَطَارِيْفُ ہے بمعنی سخی وسردار۔

"سَرَاوَةَ" یہ مفرد ہے اس کی جمع سُرًى، سَرَاةٌ، سُرَاةٌ، أَسْرِيَاءُ ہے بمعنی شریف وسخی۔

"لَاتَنْغَضُّ" صیغہ واحد مذکر غائب بحث نفی مضارع معلوم از مصدر غَضًّا غِضَاضًا غَضَاضًا غَضَاضَةً (نصر) بمعنی کم کرنا، توڑنا۔

**الشق الثانی** ...... فَلَبِثْنَا عَلٰى ذٰلِكَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً، فَأَمَّا صَاحِبَايَ فَاسْتَكَانَا وَقَعَدَا فِيْ بُيُوْتِهِمَا يَبْكِيَانِ وَأَمَّا أَنَا فَكُنْتُ أَشَبَّ الْقَوْمِ وَأَجْلَدَهُمْ، فَكُنْتُ أَخْرُجُ وَأَشْهَدُ الصَّلٰوةَ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ وَأَطُوْفُ فِي الْأَسْوَاقِ وَلَا يُكَلِّمُنِيْ أَحَدٌ وَآتِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَأُسَلِّمُ عَلَيْهِ وَهُوَ فِيْ مَجْلِسِهٖ بَعْدَ الصَّلٰوةِ، فَأَقُوْلُ فِيْ نَفْسِيْ: هَلْ حَرَّكَ شَفَتَيْهِ بِرَدِّ السَّلَامِ أَمْ لَا؟ ثُمَّ أُصَلِّيْ قَرِيْبًا مِنْهُ فَأُسَارِقُهُ النَّظَرَ فَإِذَا أَقْبَلْتُ عَلٰى صَلَاتِيْ أَقْبَلَ إِلَيَّ.

عبارت پر اعراب لگائیں، سلیس ترجمہ کریں، خط کشیدہ کلمات کی لغوی وصرفی تحقیق کریں۔ (ص ۵۱۔ مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) کلماتِ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ ہم اس حال پر پچاس راتیں ٹھہرے رہے پس میرے دو ساتھی تو عاجز ہو کر گھر میں بیٹھ کر روتے رہے لیکن میں قوم میں سے زیادہ جوان اور قوت وصبر والا تھا، پس میں نکلتا تھا اور مسلمانوں کے ساتھ نماز میں حاضر ہوتا تھا اور بازاروں میں گھومتا تھا اور کوئی بھی مجھ سے کلام نہیں کرتا تھا اور میں آپ ﷺ کے پاس آتا اور آپ ﷺ نماز کے بعد اپنی مجلس میں ہوتے تو میں آپ کو سلام کرتا، پھر میں اپنے دل میں کہتا کہ کیا آپ ﷺ نے سلام کا جواب دینے کے ساتھ اپنے ہونٹوں کو حرکت دی ہے یا نہیں، پھر میں آپ ﷺ کے قریب ہی نماز پڑھتا اور میں آپ ﷺ کو چوری چوری دیکھتا، پس جب میں اپنی نماز پر متوجہ ہوتا تو آپ ﷺ میری طرف متوجہ ہوتے۔

❸ کلماتِ مخطوطہ کی لغوی وصرفی تحقیق:۔ "اُسَارِقُ" صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر مُسَارَقَةٌ (مفاعلہ صحیح) بمعنی ایک دوسرے کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا کہ دوسرے کو علم نہ ہو۔ مجرد سَرَقًا (سمع) بمعنی پوشیدہ ہونا۔ سَرَقًا سَرِقَةٌ (ضرب) بمعنی چرانا۔

"اَشَبُّ" صیغہ واحد مذکر بحث اسم تفضیل از مصدر شَبَابًا وشَبِيْبَةٌ (نصر وضرب، مضاعف) بمعنی جوان ہونا۔

"اَجْلَدُ" صیغہ واحد مذکر بحث اسم تفضیل از مصدر جَلْدًا وجَلَادَةٌ وجُلُوْدَةٌ (کرم، صحیح) بمعنی صبر واستقلال وقوت دکھانا۔

"شَفَتَيْهِ" یہ تثنیہ ہے اس کا مفرد شَفَةٌ اور اس کی جمع شِفَاهٌ شَفَهَاتٌ ہے بمعنی ہونٹ۔ مصدر شَفْهًا (فتح، صحیح) بمعنی ہونٹ پر مارنا۔

"اَقْبَلَ" صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از مصدر اِقْبَالًا (افعال) بمعنی متوجہ ہونا، سامنے ہونا۔ مجرد قُبُوْلًا (سمع) بمعنی لینا وقبول کرنا۔

"فَاسْتَكَانَا" صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از مصدر اِسْتِكَانَةٌ (استفعال، اجوف) بمعنی عاجزی ظاہر کرنا۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ﴿عقیدہ طحاویہ﴾ ۱٤۳۹ھ

**الشق الاوّل** ...... وَنُؤْمِنُ بِمَلَكِ الْمَوْتِ الْمُوَكَّلِ بِقَبْضِ اَرْوَاحِ الْعٰلَمِيْنَ وَبِعَذَابِ الْقَبْرِ لِمَنْ كَانَ لَهٗ اَهْلًا وَ بِسُؤَالِ مُنْكَرٍ وَنَكِيْرٍ لِلْمَيِّتِ فِيْ قَبْرِهٖ عَنْ رَبِّهٖ وَدِيْنِهٖ وَنَبِيِّهٖ عَلٰى مَاجَاءَتْ بِهِ الْاَخْبَارُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَعَنِ الصَّحَابَةِ رضوان الله عليهم اجمعين وَالْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْ حُفْرَةٌ مِنْ حُفَرِ النِّيْرَانِ۔ (ص۱۳۔ امدادیہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، قبر سے کیا مراد ہے؟ اگر کسی کو معروف قبر ہی نہ ملے بلکہ دریا برد ہو جائے یا جل کر راکھ بن کر ہوا میں اُڑ جائے تو اس کا کیا حکم ہوگا؟ ملک الموت سے کون سا فرشتہ مراد ہے؟ کیا اس کا نام یہی ہے یا کوئی اور بھی ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال کا خلاصہ چار امور ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) قبر کی مراد اور دریا برد، جل کر راکھ ہو کر اڑ جانے والے مُردے کا حکم (۴) ملک الموت کی مراد اور اُس کا نام۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اور ہم ایمان لاتے ہیں ملک الموت پر جو لوگوں کی جان نکالنے پر مامور ہیں اور ہم ایمان لاتے ہیں عذابِ قبر پر اُس شخص کیلئے جو اس کا مستحق ہو اور قبر میں رب، دین اور نبی کے متعلق منکر ونکیر کے سوال پر جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کی احادیث اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے آثار میں وارد ہے اور قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے، یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔

❸ قبر کی مراد اور دریا برد، جل کر راکھ ہو کر اڑ جانے والے مُردے کا حکم:۔ قبر عالم برزخ کا نام ہے، ہمیں نظر آنے والے

Maktaba Tul Ishaat.com

اس مخصوص گڑھے کا نام نہیں ہے جس میں مُردہ کو دفن کیا جاتا ہے پس کوئی بھی شخص خواہ قبر میں دفن کیا جائے یا آگ میں جلا دیا جائے یا سمندر برد ہو جائے یا درندے اس کو کھا جائیں جو بھی صورت پیش آئے عالم برزخ میں اُسکے ساتھ وہی معاملہ ہوگا جو اس قبر میں مدفون مُردے کے ساتھ ہوگا یعنی اس دنیا میں روح نکل جانے کے بعد اُس کا عالم برزخ شروع ہے وہ جہاں بھی ہو وہی اُس کیلئے قبر ہے۔

④ ملک الموت کی مراد اور اُس کا نام:۔ ملک الموت سے مراد وہ فرشتہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی روح نکالنے پر مقرر کیا ہے اور اس کا نام حضرت عزرائیل علیہ السلام ہے۔

**الشق الثانی** ......و نری الصلوة خلف کل برو فاجر من اهل القبلة و علی من مات منهم و لا ننزل أحدا منهم جنة و لا نارا ولا نشهد علیهم بکفر و نفاق مالم یظهر منهم شیء من ذلك و نذر سرائرهم الی الله تعالی

عبارت کا ترجمہ وتشریح کریں۔اہل قبلہ کی تعریف لکھ کر بتائیں کہ قادیانی کیوں اہل قبلہ میں داخل نہیں جب کہ وہ بھی قبلہ رخ ہو کر عبادت کرتے ہیں؟۔نیز بتائیں کہ مسلمانوں میں سے کن لوگوں کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی؟

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے ① عبارت کا ترجمہ ② عبارت کی تشریح ③ اہل قبلہ کی تعریف اور قادیانیوں سے متعلق وضاحت ④ کن لوگوں کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی؟

**جواب**...... ① عبارت کا ترجمہ:۔ ہم اہل قبلہ میں سے ہر نیک وبد کے پیچھے نماز پڑھنا جائز سمجھتے ہیں، اور جو ان میں سے فوت ہو جائے اسکی نماز جنازہ پڑھنا جائز سمجھتے ہیں، اور ہم ان میں سے کسی پر قطعی طور پر جنتی یا جہنمی ہونے کا حکم نہیں لگاتے، اور ہم ان میں سے کسی پر کفر ونفاق کی گواہی بھی نہیں دیتے جب تک کہ ان سے اس قسم کی کوئی چیز ظاہر نہ ہو، اور ان کے باطنی حالات کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتے ہیں۔

② عبارت کی تشریح:۔ امام طحاویؒ فرماتے ہیں کہ ہم اہل قبلہ میں سے ہر نیک وبد، فاسق وفاجر کے پیچھے نماز پڑھنا جائز سمجھتے ہیں، اسلئے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا **صلّوا خلف کلّ برّ و فاجر** (ہر نیک وبد کے پیچھے نماز پڑھو)۔نیز اسلاف نے فاسق و فاجر لوگوں کے پیچھے نماز پڑھی ہے جیسے حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے حجاج بن یوسف کی اقتداء میں نماز ادا کی۔البتہ اگر کسی کا فسق و بدعت حدِ کفر کو پہنچ جائے تو پھر اسکی اقتداء جائز نہیں ہے۔ جو شخص اہل قبلہ میں سے ایمان کی حالت میں فوت ہو جائے اسکی نماز جنازہ پڑھنا جائز سمجھتے ہیں، اسلئے کہ آپ ﷺ کے ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ اہل قبلہ میں سے جو فوت ہو جائے اس پر نماز جنازہ پڑھنا نہ چھوڑو۔نیز اسلاف نے فاسق وفاجر لوگوں کی نماز جنازہ پڑھی ہے۔

ہم اہل قبلہ میں سے کسی پر قطعی ویقینی طور پر جنتی یا جہنمی ہونے کا حکم نہیں لگاتے، اور نہ ان میں سے کسی پر کفر ونفاق کی گواہی دیتے ہیں جب تک کہ ان سے اس قسم کا کوئی کفر وشرک ظاہر نہ ہو کیونکہ ہم ظاہر کے مکلف ہیں اور ان کے باطنی حالات واسرار کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتے ہیں کیونکہ باطن کے احوال اور دلوں کے بھید وہی جانتا ہے۔

③ اہل قبلہ کی تعریف اور قادیانیوں سے متعلق وضاحت:۔ **کما مر فی الشق الاول من السوال الثالث ۱۴۳۶ھ**

④ کن لوگوں کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی:۔ باغی و رہزن کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔(تعلیم الحلال)

جب تک کسی مسلمان کے کفر ونفاق پر یقینی موت کا علم نہ ہو تب تک اسکی نماز جنازہ پڑھی جائیگی، خواہ وہ کتنا بڑا منافق ہی کیوں نہ ہو۔البتہ جب کسی انسان کی یقینی طور پر کفر ونفاق پر موت واقع ہوگی تو اس پر نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔

## ﴿الورقة السادسة: فی الادب العربی والعقائد﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ﴿مختارات﴾ ۱۴۴۰ھ

**الشق الاوّل** ...... قَالَتْ ثُمَّ قَدِمْنَا مَنَازِلَنَا مِنْ بِلَادِ بَنِیْ سَعْدٍ وَمَا اَعْلَمُ اَرْضًا مِنْ اَرْضِ اللّٰہِ اَجْدَبَ مِنْھَا، فَکَانَتْ غَنَمِیْ تَرُوْحُ عَلَیَّ، حِیْنَ قَدِمْنَا بِہٖ مَعَنَا شِبَاعًا لُبَّنًا نَحْلِبُ وَ نَشْرَبُ، وَمَا یَحْلِبُ اِنْسَانٌ قَطْرَۃَ لَبَنٍ وَلَا یَجِدُ ھَا فِیْ ضَرْعٍ حَتّٰی کَانَ الْحَاضِرُوْنَ مِنْ قَوْمِنَا یَقُوْلُوْنَ لِرُعْیَانِھِمْ: وَیْلَکُمْ اِسْرَحُوْا حَیْثُ یَسْرَحُ رَاعِیْ بِنْتِ اَبِیْ ذُؤَیْبٍ فَتَرُوْحُ اَغْنَامُھُمْ جِیَاعًا مَا تَبِضُّ بِقَطْرَۃِ لَبَنٍ وَتَرُوْحُ غَنَمِیْ شِبَاعًا لُبَّنًا۔ (ص۲۲۲۔مجلس نشریات اسلام)

عبارت پر اعراب لگا کر دل نشیں تشریح کریں۔ خط کشیدہ کلمات کی تحقیق کر کے مضمون کا عنوان تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کی تشریح (۳) خط کشیدہ کلمات کی تحقیق (۴) مضمون کا عنوان۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفاً

❷ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں آپ ﷺ کی رضاعی والدہ اماں حلیمہ رضی اللہ عنہا کے آپ ﷺ کی برکات کے متعلق ذکر کردہ واقعہ کو بیان کیا گیا ہے کہ جب میں آپ ﷺ کو پرورش کیلئے اپنے قبیلہ بنو سعد میں لیکر آئے اس وقت ہماری زمینوں سے بڑھ کر کوئی قحط زدہ زمین نہیں تھی مگر شام کو ہماری بکریاں سیراب ہو کر دودھ سے بھرے ہوئے تھنوں کے ساتھ لوٹتی تھیں جبکہ بقیہ لوگوں کی بکریوں سے دودھ کا ایک قطرہ بھی نہ نکلتا تھا، اور ہماری قوم اپنے چرواہوں سے کہتی کہ تم بھی اپنی بکریوں کو وہیں چھوڑا کرو جہاں بنت ابی ذؤیب (اماں حلیمہ رضی اللہ عنہا) کا چرواہا اپنی بکریاں چھوڑتا ہے مگر اسکے باوجود لوگوں کی بکریوں سے دودھ کا ایک قطرہ بھی نہ نکلتا تھا۔

❸ خط کشیدہ کلمات کی تحقیق:۔ اَجْدَبُ: صیغہ واحد مذکر بحث اسم تفضیل از مصدر جَدْبًا، جُدُوْبَۃً (نصر ضرب کرم) بمعنی بارش نہ ہونے سے زمین کا خشک وقحط زدہ ہونا۔

تَرُوْحُ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم از مصدر رَوَاحًا (نصر۔اجوف) بمعنی شام کے وقت آنا وجانا۔

شِبَاعًا: یہ جمع ہے اس کا مفرد شَبْعَانٌ ہے بمعنی شکم سیر۔ مصدر شَبْعًا و شِبَعًا (سمع) بمعنی شکم سیر ہونا۔

لِرُعْیَانِھِمْ: یہ جمع ہے اس کا مفرد رَاعِیٌ ہے بمعنی چرواہا۔ مصدر رَعْیًا رِعَایَۃً مَرْعًی (ناقص) بمعنی جانور چرانا۔

اِسْرَحُوْا: صیغہ جمع مذکر امر حاضر معروف از مصدر سَرْحًا و سُرُوْحًا (فتح) بمعنی جانور چرنے کیلئے چھوڑنا۔

❹ مضمون کا عنوان:۔ اس عبارت کے مضمون کا عنوان "فی بنی سعد" (رسول اللہ ﷺ قبیلہ بنو سعد میں) ہے۔

**الشق الثانی** ...... مَا ابْتُلِیَ الْاِنْسَانُ قَطُّ بِاَعْظَمَ مِنْ عُلُوِّ ھِمَّتِہٖ فَاِنَّ مَنْ عَلَتْ ھِمَّتُہٗ یَخْتَارُ الْمَعَالِیَ وَ قَدْ لَا یُسَاعِدُ الزَّمَانُ وَ قَدْ تَضْعُفُ الْاٰلَۃُ فَیَبْقٰی فِیْ عَذَابٍ وَ اِنِّیْ اُعْطِیْتُ مِنْ عُلُوِّ الْھِمَّۃِ طَرَفًا فَاَنَا بِہٖ فِیْ عَذَابٍ وَ لَا اَقُوْلُ: لَیْتَہٗ لَمْ یَکُنْ فَاِنَّہٗ اِنَّمَا یَحْلُوْ الْعَیْشُ بِقَدْرِ عَدَمِ الْعَقْلِ وَ الْعَاقِلُ لَا یَخْتَارُ زِیَادَۃَ اللَّذَّۃِ بِنُقْصَانِ الْعَقْلِ۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، نیز خط کشیدہ عبارت کی نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں ① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ عبارت مخطوطہ کی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مر فی السوال آنفاً

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ انسان کبھی بھی اپنی اونچی سوچ سے زیادہ بڑی آزمائش کے ساتھ نہیں آزمایا گیا، اس لیے کہ جس کی

Maktaba Tul Ishaat.com

ہمت بلند ہوتی ہے وہی بلندیوں کو اختیار و پسند کرتا ہے، اور کبھی حالات زمانہ امداد وتعاون نہیں کرتے اور کبھی ذریعہ واسباب کمزور ہوتا ہے تو وہ آزمائش وتکلیف میں رہتا ہے۔ اور مجھے بھی بلند ہمتی میں سے کچھ حصہ دیا گیا ہے اس لیے میں بھی اس کی وجہ سے تکلیف میں ہوں اور میں یہ نہیں کہتا کہ اے کاش! مجھ میں بلند ہمتی نہ ہوتی اس لیے کہ جتنی عقل کم ہوتی ہے اتنی ہی زندگی مزیدار ہوتی ہے اور عقل مند انسان عقل وفہم کے کم ہونے کی صورت میں لذت کی زیادتی وکثرت کو پسند نہیں کرتا۔

❸ عبارت مخطوطہ کی ترکیب:۔ فا تعلیلیہ ان حرف حبہ بالفعل من موصول علت فعل همته مرکب اضافی ہو کر فاعل، فعل و فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول وصلہ مل کر ان کا اسم یختار فعل ھو ضمیر مستتر فاعل المعالی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ان کی خبر، ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱٤٤٠ھ

**الشق الاوّل** ...... قَالَ اِبْنُ السَّمَّاكِ حِيْنَ مَاتَ دَاوُدُ الطَّائِيُّ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اَهْلَ الدُّنْيَا تَعَجَّلُوْا غُمُوْمَ الْقَلْبِ وَهُمُوْمَ النَّفْسِ وَتَعَبَ الْاَبْدَانِ مَعَ شِدَّةِ الْحِسَابِ فَالرَّغْبَةُ مُتْعِبَةٌ لِاَهْلِهَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، وَالزَّاهِدَةُ رَاحَةٌ لِاَهْلِهَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاِنَّ دَاوُدَ الطَّائِيَّ نَظَرَ بِقَلْبِهٖ اِلٰى مَا بَيْنَ يَدَيْهِ فَاَغْشٰى بَصَرَ قَلْبِهٖ بَصَرَ الْعُيُوْنِ فَكَاَنَّهٗ لَمْ يُبْصِرْ مَا اِلَيْهِ تَنْظُرُوْنَ وَكَاَنَّكُمْ لَاتُبْصِرُوْنَ مَا اِلَيْهِ يَنْظُرُ فَاَنْتُمْ مِنْهُ تَعَجَّبُوْنَ وَهُوَ مِنْكُمْ يَتَعَجَّبُ، فَلَمَّا نَظَرَ اِلَيْكُمْ رَاغِبِيْنَ مَغْرُوْرِيْنَ قَدْ ذَهَبَتْ عَلَى الدُّنْيَا عُقُوْلُكُمْ وَمَاتَتْ مِنْ حُبِّهَا قُلُوْبُكُمْ وَعَشِقَتْهَا اَنْفُسُكُمْ وَامْتَدَّتْ اِلَيْهَا اَبْصَارُكُمْ اِسْتَوْحَشَ الزَّاهِدُ مِنْكُمْ لِاَنَّهٗ كَانَ حَيًّا وَسْطَ مَوْتٰى.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، صاحب مضمون ابن سماک اور داؤد طائی کا مختصر تعارف لکھیں۔ خط کشیدہ جملہ کی نحوی ترکیب کریں۔ (ص ۱۷۱، مجلس نشریات اسلام)

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت پر اعراب (۲) عبارت کا ترجمہ (۳) ابن سماک وداؤد طائی کا تعارف (۴) جملہ کی نحوی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کمامرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ جب داود طائی کا انتقال ہوا تو ابن السماک نے فرمایا اے لوگو بیشک اہل دنیا نے حساب کی سختی کے باوجود دل کے غموں اور نفس کی پریشانیوں اور بدنوں کو تھکانے میں جلدی کی ہے تو دنیا کی رغبت اپنے مشتاقوں کو دنیا اور آخرت میں تھکانے والی اور دنیا سے بے رغبتی اپنے متصف لوگوں کو دنیا اور آخرت میں راحت دینے والی ہے۔ بیشک داؤد نے اپنے دل کے ساتھ اس چیز کو دیکھ لیا تھا جو اس کے آگے ہے، اس نے ظاہری آنکھوں کی بصارت پر دل کی آنکھ کا پردہ چھا دیا تھا تو گویا کہ اس نے وہ چیز نہیں دیکھی جو تم دیکھتے ہو اور تم اس چیز کو نہیں دیکھتے ہو جس کو وہ دیکھتا ہے، لہٰذا تم اس پر تعجب کرتے ہو اور وہ تم سے تعجب کرتا ہے، جب اس نے تم کو اس حال میں دیکھا کہ تم دنیا میں رغبت کرنے والے ہو اور ایسے اس کے دھوکے میں پڑے ہوئے ہو کہ دنیا پر تمہاری عقلیں پیوستہ ہو گئی ہیں اور اس کی محبت کی وجہ سے تمہارے دل مردہ ہو گئے ہیں اور اس پر تمہارے نفس فریفتہ ہو گئے ہیں اور تمہاری آنکھیں اس کی طرف لمبی ہو گئی ہیں تو یہ زاہد تم سے وحشت زدہ ہو گیا اسلئے کہ وہ مردوں کے درمیاں زندہ تھا۔

❸ ابن سماک وداؤد طائی کا تعارف:۔ صاحب مضمون ابن سماک عابد وزاہد بزرگ تھے، آپ اللہ والے ہونے کے ساتھ ساتھ بہت اچھی وخوبصورت گفتگو کے مالک اور شاندار واعظ تھے۔ امام احمد بن حنبل اور دیگر جلیل القدر محدثین وفقہاء کے

استاذ ہیں۔ آپ کوفہ کے رہنے والے تھے، خلیفہ ہارون الرشید کے زمانہ میں کوفہ سے بغداد تشریف لے آئے اور طویل عرصہ وہاں رہنے کے بعد واپس اپنے علاقہ کوفہ ہی تشریف لے گئے اور ۱۸۳ھ میں کوفہ میں ہی انتقال ہوا۔

یہ مضمون انہوں نے داؤد طائی کی وفات پر تحریر کیا جس میں انہوں نے داؤد طائی کی تعریف کرتے ہوئے انکی صفات، محاسن و خوبیوں کو بیان کیا ہے جو درحقیقت ہر زاہد و تارک دنیا کی صفات وعلامات ہیں۔

داؤد طائی ''بہت اونچے درجہ کے چند گنے چنے زاہدوں میں سے تھے آپ نے پہلے درس و تدریس کو اپنا مشغلہ بنایا، بعد میں لوگوں سے میل جول کو ترک کر کے تنہائی وخلوت اختیار کر لی تھی اور عبادت میں مشغول ہو گئے تھے، بادشاہوں کے ہدایا قبول نہیں کرتے تھے۔ ان کے متعلق لکھا ہے کہ انہوں نے چالیس سال روزے رکھے ہیں۔ محارب بن دثار کہتے ہیں کہ اگر داؤد طائی گزشتہ امتوں میں ہوتے تو اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں انکے کچھ احوال بیان فرماتے۔ ۱۶۵ھ یا ۱۶۶ھ میں ان کی وفات ہوئی۔ (مبشرات: ۱۸۲)

❷ جملہ کی نحوی ترکیب:۔ اِنّ حرف مشبہ بالفعل **اهل الدنيا** مضاف ومضاف الیہ ملکر اسم **تعجلوا** فعل وفاعل **هموم القلب** مضاف ومضاف الیہ ملکر معطوف علیہ **واؤ** عاطفہ **هموم النفس** مضاف ومضاف الیہ ملکر معطوف، معطوف علیہ ومعطوف ملکر مفعول بہ، فعل فاعل ومفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، اِنّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی** ...... **فبكى المنصور ثم قال: ليتني لم اخلق ويحك كيف احتال لنفسي؟ فقال: يا امير المؤمنين، ان للناس اعلاما يفزعون اليهم في دينهم ويرضون بهم في دنياهم، فاجعلهم بطانتك يرشدوك، وشاورهم في امرك يسددوك، قال: قد بعثت اليهم فهربوا مني.** (ص۸۵۔ مجلس نشریات اسلام)

عبارت کا ترجمہ کریں۔ عبارت کی واضح تشریح کریں۔ خط کشیدہ جملے کی نحوی ترکیب کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کی تشریح (۳) مخطوط جملے کی نحوی ترکیب۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ پس منصور رو پڑا پھر کہا اے کاش کہ میں پیدا نہ کیا جاتا تیرے لئے افسوس ہے میں اپنی ذات کیلئے کیسے حیلہ کروں؟ تو اس نے کہا اے امیر المؤمنین لوگوں کے ایسے سردار ہیں جن کی طرف وہ اپنے دین میں پناہ پکڑتے ہیں اور اپنی دنیا کے بارے میں اُن پر راضی ہوتے ہیں پس تُو اُن کو اپنا خاص بنا وہ تیری رہنمائی کرینگے اور تُو اپنے معاملہ میں اُن سے مشورہ لیا کر وہ درست بات کی طرف تیری رہنمائی کرینگے۔ منصور نے کہا بیشک میں نے اُنکی طرف آدمی بھیجے ہیں تو وہ مجھ سے بھاگ گئے ہیں۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ جب خلیفہ منصور کو دوران طواف ملنے والے اجنبی شخص نے حکومت اور عاملین وامراء کے صحیح حالات، ظلم وستم اور رشوت وغیرہ کی خبر دی تو یہ سب باتیں سن کر منصور رو پڑا اور کہا کہ اگر میری حکومت میں یہ معاملات ہونے تھے تو اے کاش! میں پیدا ہی نہ ہوا ہوتا، مجھے میری ماں نے جنا ہی نہ ہوتا اور پھر اس اجنبی شخص سے کہا کہ ان ساری باتوں ومعاملات کا حل کیا ہے؟ مجھے کوئی اچھا سا مشورہ دو تو اس اجنبی نے کہا کہ اے امیر المؤمنین! عوام ورعایا میں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جن کی طرف عوام الناس اپنے دین ودنیا کے معاملات میں خوش ہیں ہر معاملہ میں ان سے لوگ رہنمائی لیتے ہیں تو تو بھی ان خواص کو اپنا خاص وقریبی بنالے وہ تیری بھی رہنمائی کریں گے۔ سلطنت کے معاملہ میں بھی ان نے مشورہ طلب کر وہ درست معاملہ کی طرف تیری رہنمائی کریں گے۔ منصور نے کہا کہ مجھے بھی کچھ ایسے لوگوں کا علم ہے میں نے ان کی طرف آدمی بھیجے ہیں تاکہ ان سے مشورہ اور صحیح رائے معلوم کروں مگر وہ ڈر اور خوف کی وجہ سے بھاگ گئے ہیں۔

❸ مخطوط جملے کی نحوی ترکیب:۔ اِنّ حرف مشبہ بالفعل **للناس** جار مجرور ملکر کائن وثابت کے متعلق ہو کر خبر مقدم **اعلاما** موصوف **يفزعون** فعل وفاعل **اليهم** جار ومجرور ملکر متعلق اول **في** جار **دينهم** مضاف ومضاف الیہ ملکر مجرور، جار ومجرور ملکر متعلق ثانی، فعل اپنے فاعل ودونوں متعلقوں سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر اسم مؤخر، اِنّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

## ﴿السوال الثالث﴾ ﴿عقیدہ طحاویہ﴾ ۱۴۴۰ھ

**الشق الاول** ...... الحوض الذی اکرمه اللّٰه تعالٰی به غیاثا لأمته حق والشفاعة التی ادخرها اللّٰه لهم حق کما روی فی الأخبار، والمیثاق الذی اخذه اللّٰه تعالٰی من آدم علیه السلام وذریته حق۔

عبارت کا مطلب خیز ترجمہ کریں۔ عبارت کی تشریح کر کے بتائیں کہ شفاعت سے یہاں کون سی شفاعت مراد ہے؟ نیز شفاعت کے مفہوم میں معتزلہ اور اہل حق کا کیا اختلاف ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عبارت کی تشریح (۳) شفاعت کے مفہوم میں معتزلہ اور اہلسنت کا اختلاف۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ وہ حوض جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کا اکرام کیا ہے آپ ﷺ کی امت کی سیرابی کے لیے وہ بھی حق ہے۔ وہ شفاعت جو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے محفوظ رکھی ہے، وہ بھی حق ہے جیسا کہ احادیث میں مروی ہے اور وہ عہد جو اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد سے لیا تھا وہ بھی حق ہے۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ اس عبارت میں علامہ طحاویؒ نے عقائد اہلسنت والجماعت میں سے تین چیزوں کا ذکر کیا ہے۔

① فرمایا کہ حوض کوثر جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کا اکرام کیا ہے اور آپ ﷺ کو نوازا ہے کہ آپ کی امت کو اس حوض سے سیراب کیا جائے گا یہ حوض برحق ہے۔ مسند احمد کی روایت کے مطابق آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ ایک نہر ہے جو پروردگار نے مجھے عطا کی ہے اس کے اوپر خیر کثیر ہے۔ اس کے پیالے ستاروں کی تعداد میں ہوں گے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید، برف سے زیادہ ٹھنڈا، شہد سے زیادہ میٹھا اور مشک سے زیادہ پاکیزہ وخوشبو والا ہوگا۔ اس کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک ایک ماہ کی مسافت ہے۔ اس کے درمیان سے مشک، چھوٹے چھوٹے موتی اور سونے کی شاخیں اگتی ہیں گی اور طرح طرح کے جواہرات کے پھل بھی نکلیں گے، اس حوض کا پانی پینے کے بعد پیاس نہ لگے گی، ہر نبی کا ایک حوض ہوگا اور آپ ﷺ کا حوض سب سے بڑا اور شیریں ہوگا۔

② آپ ﷺ کی تمام مخلوق کے لیے قیامت کے دن حساب وکتاب شروع کرنے کی سفارش وشفاعت عظمیٰ بھی برحق ہے۔ ویسے تو شفاعت کا ثبوت انبیاء علیہم السلام اور صلحاء وشہداء سب کے لئے ہے لیکن جس شفاعت کا اس عبارت میں ذکر ہے اس سے مراد شفاعت عظمیٰ ہے جو صرف ہمارے نبی کریم ﷺ کی خصوصیت ہے، کسی اور نبی کو یہ خصوصیت نہیں دی گئی ہے۔ اس شفاعت عظمیٰ کی تفصیل اس حدیث میں ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ جب میدان محشر میں شدت گرمی سے لوگ تنگ آ کر حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک یکے بعد دیگرے شفاعت کیلئے جائیں گے اور سب اس پر تیار نہ ہوں گے اور معذرت پیش کریں گے تو انبیاء علیہم السلام کی راہنمائی سے حضور ﷺ کے پاس پہنچیں گے اور شفاعت کا تقاضا کریں گے تو اس وقت حضور ﷺ سجدے میں گر جائیں گے۔ بالآخر سَلْ تُعْطَ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ کا مژدہ جب ملے گا تو رسول اللہ ﷺ سجدے سے سر اٹھائیں گے اور حساب کتاب شروع ہو جائے گا۔

③ حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی تمام اولاد کو حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے نکال کر اللہ تعالیٰ نے اپنی ربوبیت کا جو عہد لیا تھا وہ بھی برحق ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں واذ اخذ ربك من بنی آدم من ظهورهم...... الخ ۔ (تنظیم اللآلی)

❸ شفاعت کے مفہوم میں معتزلہ اور اہلسنت کا اختلاف:۔ اہل سنت والجماعت کے نزدیک شفاعت کا معنی گنہگار کو عذاب سے رہائی دلانا اور گناہ معاف کرانا ہے اور معتزلہ کے نزدیک شفاعت کا معنی صرف نیک بندوں کے ثواب میں زیادتی اور اضافہ کرانا ہے۔ الغرض اہل جنت کے رفع درجات کیلئے نبی کریم ﷺ جو شفاعت فرمائیں گے معتزلہ صرف اسی کے قائل ہیں۔

**الشق الثانی** ......و انّ العشرة الذين سمّاهم رسول الله ﷺ و بشّرهم بالجنة نشهد لهم بالجنة ونؤمن بأشراط الساعة...... ولا نصدق كاهنا ولا عرافا ولا من يدعي شيئا بخلاف الكتاب والسنة واجماع الأمة، ونرى الجماعة حقا وصوابا والفرقة زيغا وعذابا.

عبارت کا مطلب خیز ترجمہ کریں۔ عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم کے نام تحریر کریں۔ امام طحاویؒ کی ذکر کردہ چاروں علامات قیامت لکھ کر کاہن اور عراف میں فرق بتائیں۔ نیز ان دونوں کی عدم تصدیق کی وجہ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں (۱) عبارت کا ترجمہ (۲) عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم کے نام (۳) امام طحاویؒ کی ذکر کردہ علامات قیامت (۴) کاہن اور عراف میں فرق اور وجہ عدم تصدیق۔

**جواب** ...... ① عبارت کا ترجمہ:۔ اور وہ دس حضرات جن کے رسول اللہ ﷺ نے نام ذکر کئے اور ان کے جنتی ہونے کی بشارت دی ہم ان کے جنتی ہونے کی گواہی دیتے ہیں اور ہم قیامت کی نشانیوں پر ایمان رکھتے ہیں اور ہم کسی کاہن وعراف کی تصدیق نہیں کرتے اور نہ کسی ایسے شخص کی تصدیق کرتے ہیں جو کسی ایسی چیز کا دعویٰ کرے جو کتاب وسنت اور اجماع امت کے خلاف ہو اور ہم اتحاد و اجتماعیت کو حق وصواب اور اختلاف وافتراق کو گمراہی وعذاب سمجھتے ہیں۔

② عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم کے نام:۔ جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو آپ ﷺ نے ایک ہی مجلس میں جنت کی بشارت دی وہ دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یہ ہیں: خلفاءِ اربعہ (سیدنا ابوبکر صدیق، سیدنا عمر فاروق، سیدنا عثمان غنی، سیدنا علی المرتضیٰ) حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت زبیر بن عوام، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت طلحہ بن عبیداللہ، حضرت عبیدہ بن جراح، حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہم۔

③ امام طحاویؒ کی ذکر کردہ علامات قیامت:۔ ① دجال کا ظہور ② حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان سے نزول ③ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ④ دابۃ الارض کا خروج۔

④ کاہن اور عراف میں فرق اور وجہ عدم تصدیق:۔ کاہن وہ شخص جو مستقبل میں واقع ہونے والی چیزوں کی خبر دے، پوشیدہ چیزوں کی معرفت کا دعویٰ کرے اور غیب کی باتیں بتائے۔ اور عراف نجوی کو کہتے ہیں جو ستاروں وغیرہ کا حساب لگا کر کسی چیز کی خبر دیتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے و عنده مفاتيح الغيب لا يعلمها الا هو لہٰذا اگر کوئی انسان مثلاً کاہن یا نجومی وغیرہ غیب کی خبریں دے تو ہم اس کی تصدیق نہیں کریں گے کیونکہ احادیث میں اس کی تصدیق پر سخت وعید آئی ہے، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے من اتى عرّافا او كاهنا فى رواية فقد سأله و صدّقه بما يقول فقد كفر بما انزل على محمد ﷺ یعنی جو عراف یا کاہن کے پاس آیا (ایک روایت میں یہ اضافہ ہے) اور اس سے معلومات کی پھر جو اس نے کہا اس کی تصدیق کی تو اس نے انکار کیا اس دین کا جو محمد ﷺ پر نازل ہوا۔ دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں من اتى عرّافا فسأله عن شيئ لم تقبل له صلاة اربعين ليلة یعنی جو شخص کاہن وغیرہ کے پاس آئے گا اس کی چالیس یوم کی نمازیں قبول نہیں ہوں گی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ یہ کاہن کبھی ہم کو کوئی چیز بتاتے ہیں تو وہ حق ثابت ہو جاتی ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ بات تو حق ہوتی ہے۔ اور اس کو شیطان چوری چھپے سن کر کاہنوں کے ذہن میں ڈال دیتا ہے پھر وہ کاہن اس میں سو (۱۰۰) جھوٹ ملاتا ہے۔ دراصل فن کہانت میں ریاضت تخیل اور شیاطین سے مدد لی جاتی ہے، زمانۂ جاہلیت میں اس طرح کے بہت طریقے رائج تھے یہ سب طریقے باطل ہیں اس لئے اسلام نے سختی کے ساتھ ان کی مخالفت کی ہے اور ان کو حرام قرار دیا ہے۔ (الدرس الحاوی)

﴿تمت بالخیر﴾

Maktaba Tul Ishaat.com

# ﴿الورقة الاولیٰ: فی التفسیر﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۴۱ھ

**الشق الاوّل** ...... فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ فِطْرَتَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا ۖ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ۝ (الروم: ۳۰ تا ۳۲)

آیات کا ترجمہ کریں۔ فطرت سے کیا مراد ہے؟ اور "فطرة الله" منصوب کیوں ہے؟ ۔خط کشیدہ کلمات کی صرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① آیات کا ترجمہ ② فطرت کی مراد اور نصب کی وجہ ③ خط کشیدہ کلمات کی صرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ پس تم یکسو ہو کر اپنا رُخ اس دین کی طرف قائم رکھو، اللہ کی بنائی ہوئی اُس فطرت پر چلو جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے اور اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں کوئی تبدیلی نہیں لائی جا سکتی، یہی بالکل سیدھا راستہ ہے لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے ۔ اللہ کی طرف ہی رجوع کرتے ہوئے (فطرت کی پیروی کرتے رہو) اور اس سے ڈرتے رہو اور نماز قائم کرو اور شرک کرنے والوں کے ساتھ شامل نہ ہو جاؤ۔ جنہوں نے اپنے دین میں پھوٹ ڈالی اور وہ مختلف فرقوں میں بٹ گئے، ہر گروہ اپنے اپنے طریقے پر خوش ہے۔

❷ فطرت کی مراد اور منصوب ہونے کی وجہ:۔ ① علامہ مازریؒ کہتے ہیں کہ فطرت عہد الست کا نام ہے، جو اللہ تعالیٰ نے بنی آدم کی ارواح سے لیا۔ ② فطرت سلیمہ اور طبعی سلامتی کا نام فطرت ہے۔ ③ الفطرة هي الدين فطرت ملتِ اسلام اور دین کا نام ہے۔ ④ معرفة الانسان بربه انسان کا اپنے رب کو پہچاننا فطرت ہے۔ ⑤ فطرت اس استعداد کا نام ہے جس سے حق اور باطل کے مابین تمیز اور صحیح فیصلہ کیا جا سکے۔ ⑥ قبول حق کی استعداد کا نام فطرت ہے اور یہی راجح ہے کیونکہ اگر اس سے مراد اسلام و ملت لیں تو آیت میں ہے لا تبديل لخلق الله تو پھر یہودیت، نصرانیت، مجوسیت وضلالت کی طرف تبدیلی کیسے؟

مفسرین نے فطرة الله کے منصوب ہونے کی وجہ یہ لکھی ہے کہ یہاں لفظ اِتَّبِعْ یا لفظ اَعْنِیْ محذوف ہے، یعنی دین حنیف جس کی اتباع کا پہلے جملے میں حکم دیا گیا ہے اس کو اس جملے میں فطرة الله قرار دیا گیا ہے اور اس کا معنی خود اگلے جملے میں یہ بتلایا کہ اللہ کی فطرت سے مراد یہ ہے کہ جس فطرت پر اللہ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے۔ (معارف القرآن)

❸ کلمات مخطوطہ کی صرفی تحقیق:۔ اَقِمْ : صیغہ واحد مذکر امر حاضر معلوم از مصدر اِقَامَةٌ (افعال ۔ اجوف) کھڑا کرنا، سیدھا کرنا۔

فَرَّقُوْا : صیغہ جمع مذکر غائب بحث فعل ماضی معلوم از مصدر تفریقٌ تَفْرِقَةٌ (تفعیل) بمعنی جدا جدا کرنا۔

شِيَعًا : یہ جمع ہے اس کا مفرد شِيْعَة ہے بمعنی فرقہ، گروہ، جماعت۔

فَرِحُوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب بحث اسم فاعل از مصدر فَرْحًا (سمع) بمعنی خوش ہونا، اکڑنا۔

**الشق الثانی** ...... وَاَنْزَلَ الَّذِیْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَیَاصِیْهِمْ وَقَذَفَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِیْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِیْقًا ۝ وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِیَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرًا ۝ (الاحزاب:۲۶،۲۷)

آیات کا ترجمہ کریں۔ شانِ نزول تحریر کریں۔ ﴿ارضًا لم تطئوها﴾ سے کون سی سرزمین مراد ہے؟ خط کشیدہ کلمات کی صرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① آیات کا ترجمہ ② آیات کا شانِ نزول ③ ارضًا لم تطئوها کی مراد ④ کلمات مخطوطہ کی صرفی تحقیق۔

**جواب** ...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ اور اللہ تعالیٰ نے اتار لایا ان کے قلعوں سے ان کو جنہوں نے اُن (دشمنوں) کی مدد کی تھی اہل کتاب میں سے اور ان کے دلوں میں ایسا رعب ڈالا کہ ان میں سے کچھ کو تم قتل کر رہے تھے اور کچھ کو تم قیدی بنا رہے تھے۔ اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں ان کی زمین اور ان کے گھر اور ان کے مال کا وارث بنا دیا اور ایک ایسی زمین کا بھی کہ جس تک ابھی تمہارے قدم نہیں پہنچے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

❷ آیات کا شانِ نزول:۔ ان آیات میں بنو قریظہ کے یہودیوں کا ذکر ہے، مدینہ کے شرقی جانب ان کا مضبوط قلعہ تھا اور پہلے سے مسلمانوں کے ساتھ صلح کا معاہدہ کیے ہوئے تھے۔ جنگ احزاب کے موقع پر حیی بن اخطب کے اغوا سے تمام معاہدات بالائے طاق رکھ کر مشرکین کی مدد پر کھڑے ہو گئے، نبی کریم ﷺ جنگ احزاب سے فارغ ہو کر غسل وغیرہ میں مشغول تھے کہ حضرت جبرائیل تشریف لائے، فرمایا یا رسول اللہ! آپ نے ہتھیار اتار دیے حالانکہ فرشتے ہنوز ہتھیار بند ہیں، اللہ کا حکم ہے کہ بنو قریظہ پر حملہ کیا جائے، چنانچہ فوراً منادی ہوگئی کہ بنو قریظہ کے بدعہد یہودیوں پر چڑھائی ہے، نہایت جلدی کے ساتھ اسلامی فوج نے ان کے قلعوں کا محاصرہ کر لیا، چوبیس پچیس دن محاصرہ جاری رہا، آخر محصورین تاب نہ لا سکے، آنحضرت ﷺ کی خدمت میں پیام بھیجے شروع کیے، اخیر میں ان کی طرف سے بات اس پر ٹھہری کہ ہم قلعوں سے باہر آتے ہیں اور قبیلہ اوس کے سردار حضرت سعد بن معاذؓ کو حکم ٹھہراتے ہیں (کیونکہ وہ ان کے حلیف تھے) ہمارے حق میں حضرت سعدؓ جو فیصلہ کریں گے ہمیں منظور ہوگا، آنحضرت ﷺ نے بھی قبول فرمالیا۔ حضرت سعدؓ تشریف لائے اور فیصلہ کیا کہ بنی قریظہ کے سب جوان قتل کر دیے جائیں اور عورتیں لڑکے سب قیدی و غلام بنائے جائیں اور ان کے اموال و جائیداد کے مالک مہاجرین ہوں۔ اور یہ فیصلہ ٹھیک ان کی مسلمہ آسمانی کتاب تورات کے موافق تھا۔ چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق کئی سو یہودی جوان قتل کیے گئے اور کئی سو عورتیں لڑکے قید ہوئے اور ان کے املاک و اموال پر مسلمانوں کا قبضہ ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

❸ ارضًا لم تطئوها کی مراد:۔ اس سے مراد خیبر کی زمین ہے جو اس کے دو برس بعد فتح ہوئی۔ بعض کہتے ہیں کہ قیامت تک جو زمینیں فتح کی جائیں گی وہ سب اس میں شامل ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

❹ کلمات مخطوطہ کی صرفی تحقیق:۔ صَیَاصِی: یہ صِیصِیَۃ کی جمع ہے بمعنی گڑھی، قلعہ، مکان حفاظت، بیل اور ہرن کے سینگ، مرغ کا کانٹا اور جولاہے کا تانا ٹھیک کرنے کا اوزار۔ دِیَارَ: یہ جمع ہے اس کا مفرد دَارٌ ہے بمعنی گھر، مکان، رہنے کی جگہ۔

تَاْسِرُوْنَ: صیغہ جمع مذکر حاضر بحث فعل مضارع معلوم از مصدر اَلْاَسْرُ اِسَارًا (ضرب۔ مہموز) بمعنی قید کرنا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

لَمْ تَطَؤُا : صیغہ جمع مذکر حاضر بحث نفی جحد بلم معلوم از مصدر وَطْأً (مع۔ مثال ومہموز) بمعنی روندنا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۴۱ھ

**الشق الاول** ..... وَوَهَبْنَا لِدَاوُدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ۝ فَقَالَ اِنِّىْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ۝ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ۭ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ۝ (ص: ۳۰ تا ۳۳)

آیات کا ترجمہ وتفسیر کریں۔ اللہ تعالیٰ کی یاد میں غفلت ہو تو اپنے اوپر سزا مقرر کرنا کیسا ہے؟۔ خط کشیدہ کلمات کی صرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ..... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① آیات کا ترجمہ ② آیات کی تفسیر ③ یادِ الٰہی میں غفلت کی وجہ سے خود پر سزا مقرر کرنے کا حکم ④ کلمات مخطوطہ کی صرفی تحقیق۔

**جواب** ..... ❶ آیات کا ترجمہ: ۔ ہم نے داؤد علیہ السلام کو سلیمان علیہ السلام عطا کیا، وہ بہترین وخوب بندہ تھا اور وہ خوب رجوع کرنے والا تھا۔ جب پیش کیے گئے اس کے سامنے شام کے وقت اچھی نسل کے عمدہ گھوڑے تو بولے میں نے اس مال کی محبت کو اپنے رب کی یاد کی وجہ سے ہی اختیار کیا ہے۔ یہاں تک کہ وہ گھوڑے یا سورج اوٹ میں چھپ گیا (پھر فرمایا کہ) پھیر لاؤ ان کو میرے پاس پھر وہ ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے۔

❷ آیات کی تفسیر: ۔ ارشاد باری ہے کہ ہم نے داؤد علیہ السلام کو سلیمان علیہ السلام کی صورت میں ایک فرزند عطاء کیا اور وہ بہت اچھے بندے تھے کہ خدا کی طرف بہت رجوع ہونے والے تھے چنانچہ ان کا قصہ ہے کہ ایک دن شام کے وقت ان کے روبرو بغرض جہاد وغیرہ رکھے گئے اصیل اور عمدہ گھوڑے پیش کئے گئے اور ان کے ملاحظہ کرنے میں اس قدر دیر ہوگئی کہ دن چھپ گیا اور کوئی معمول از قسم نماز فوت ہوگیا اور بوجہ ہیبت وجلالت کسی خادم کو یہ جرأت نہ ہوئی کہ مطلع ومتنبہ کرے، پھر جب خود ہی متنبہ ہوا تو کہنے لگے کہ افسوس! میں اس مال کی محبت کی خاطر اپنے رب کی یاد سے غافل ہوگیا، یہاں تک کہ آفتاب چھپ گیا پھر خادموں کو حکم دیا کہ ان گھوڑوں کو دوبارہ میرے سامنے لاؤ چنانچہ وہ لائے گئے سو انہوں نے ان گھوڑوں کی پنڈلیوں اور گردنوں پر تلوار سے ہاتھ صاف کرنا شروع کیا یعنی ان کو ذبح کر ڈالا۔ اکثر مفسرین نے آیات مذکورہ کی یہی تفسیر کی ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے نماز سے غافل ہونے کا تدارک یہ کیا کہ نماز سے غفلت کا سبب بننے والے ان گھوڑوں کو اللہ کے راستہ میں ذبح کر دیا تاکہ آئندہ ذکرِ الٰہی میں خلل واقع نہ ہو۔

ان آیات کی دوسری تفسیر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے وہ گھوڑے معائنے کے لئے پیش کئے گئے جو جہاد کے لئے تیار کئے گئے تھے حضرت سلیمان علیہ السلام انہیں دیکھ کر مسرور ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ مجھے ان گھوڑوں سے جو محبت وتعلق خاطر ہے وہ دنیا کی محبت کی وجہ سے نہیں بلکہ اپنے پروردگار ہی کی یاد کی وجہ سے ہے، کیونکہ یہ گھوڑے جہاد کے لئے تیار کئے گئے ہیں اور جہاد ایک اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے، اتنے میں گھوڑوں کی وہ جماعت آپ کی آنکھوں سے روپوش ہوگئی، آپ نے حکم دیا کہ انہیں دوبارہ میرے سامنے لایا جائے چنانچہ جب وہ گھوڑے دوبارہ سامنے آئے تو آپ ان کی گردنوں اور پنڈلیوں پر پیار سے ہاتھ پھیرنے لگے۔ (معارف القرآن ۷:۵۱۲)

❸ <u>یادِ الٰہی میں غفلت کی وجہ سے خود پر سزا مقرر کرنے کا حکم</u>:۔ خدا کی یاد میں غفلت ہو تو اپنے اوپر سزا مقرر کرنا دینی غیرت کا تقاضا ہے۔ اس واقعہ سے یہ بات ثابت ہوئی کہ اگر کسی وقت اللہ کی یاد سے غفلت ہو جائے تو نفس کو سزا دینے کیلئے اسے کسی فعل مباح سے محروم کر دینا جائز ہے۔ کسی نیکی کی عادت ڈالنے کیلئے اپنے نفس پر ایسی سزائیں مقرر کرنا اصلاحِ نفس کا ایک نسخہ ہے اور اس واقعہ سے اس کا جواز بلکہ استحباب معلوم ہوتا ہے۔ سرکارِ دو عالم ﷺ سے بھی مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوجہمؓ نے ایک شامی چادر ہدیتاً پیش کی جس پر کچھ نقش و نگار بنے ہوئے تھے آپ نے اس چادر میں نماز پڑھی اور واپس آ کر حضرت عائشہ ؓ سے فرمایا کہ یہ چادر ابوجہم ؓ کو واپس کر دو کیونکہ نماز میں میری نگاہ اس کے نقش و نگار پر پڑ گئی تو قریب تھا کہ یہ نقش و نگار مجھے فتنہ میں ڈال دیں۔ اسی طرح حضرت ابوطلحہ ؓ ایک مرتبہ اپنے باغ میں نماز پڑھتے ہوئے ایک پرندے کو دیکھنے میں مشغول ہو گئے جس سے نماز کی طرف دھیان نہ رہا تو بعد میں آپ نے پورا باغ صدقہ کر دیا۔

یاد رکھنا چاہئے کہ اس مقصد کیلئے سزا ایسی ہونی چاہئے جو بذاتِ خود جائز ہو، کسی مال کو بلاوجہ ضائع کر دینا جائز نہیں۔ لہٰذا ایسا کوئی کام درست نہیں جس سے اضاعتِ مال لازم آئے۔ صوفیاء میں سے حضرت شبلیؒ نے ایک مرتبہ اسی سزا کے طور پر اپنے کپڑے جلا دیئے تھے، لیکن محقق صوفیاء مثلاً شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ نے ان کے اس عمل کو صحیح قرار نہیں دیا۔ (معارف القرآن)

❹ <u>کلماتِ مخطوطہ کی صرفی تحقیق</u>:۔ مَسْحًا: یہ باب فتح کا مصدر ہے بمعنی پونچھنا، ہاتھ پھیرنا۔

اَوَّابٌ: یہ مبالغہ کا مفرد کا صیغہ ہے اس کی جمع اَوَّابُوْنَ ہے از مصدر اَوْبًا مَاٰبًا (نصر۔ مہموز و اجوف) لوٹنا، واپس ہونا، قصد کرنا۔

صَافِنٰتُ: صیغہ جمع مؤنث بحث اسم فاعل از مصدر صُفُوْنًا (ضرب) گھوڑے کا تین ٹانگ اور چوتھی ٹانگ کے کھر پر کھڑا ہونا۔

جِیَادٌ: جَوَادٌ کی جمع ہے بمعنی تیز رفتار گھوڑا۔ مصدر جَوْدَةٌ جُوْدَةٌ (نصر۔ اجوف) عمدہ و تیز رفتار ہونا۔

تَوَارَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از مصدر تَوَارِیًا (تفاعل۔ لفیف) بمعنی چھپنا۔

**الشق الثانی** ...... وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۚ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰي شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (الجاثیة: ١٦ تا ١٨)

آیات کا ترجمہ کریں۔ ماقبل سے ربط بیان کریں۔ کیا بنی اسرائیل تمام امتوں سے افضل تھے؟ ۔ پچھلی امتوں کی شریعتوں کا امتِ محمدیہ کیلئے کیا حکم ہے؟۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① آیات کا ترجمہ ② آیات کا ماقبل سے ربط ③ بنی اسرائیل کی تمام امتوں پر افضلیت کی وضاحت ④ سابقہ امتوں کی شریعتوں کا امتِ محمدیہ کیلئے حکم۔

**جواب** ...... ❶ <u>آیات کا ترجمہ</u>:۔ اور تحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب، حکومت اور نبوت عطاء کی تھی اور انہیں پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا تھا اور انہیں دنیا جہان کے لوگوں پر بزرگی و فضیلت بخشی تھی۔ اور ہم نے انہیں کھلے کھلے احکام دیئے تھے پھر نہیں اختلاف کیا انہوں نے مگر ان کے پاس علم آ جانے کے بعد باہم ضد کی وجہ سے، بیشک تیرا رب ان میں قیامت کے دن فیصلہ کرے گا جس

Maktaba Tul Ishaat.com

بات میں وہ جھگڑتے تھے۔ (اے پیغمبر!) ہم نے آپ کو دین کی ایک خاص شریعت پر رکھا ہے، لہٰذا آپ اُسی کی پیروی کرو اور ان لوگوں کی خواہشات کے پیچھے نہ چلو جو حقیقت کا علم نہیں رکھتے۔

❷ **آیات کا ماقبل سے ربط:۔** ماقبل کی آیات میں حق تعالیٰ شانہ کی قدرت کی نشانیوں کا بیان چل رہا تھا اور یہ کہ اللہ رب العزت کے کس قدر انعامات ہیں کہ اس نے اپنے بندوں ہی کے فوائد و منافع کیلئے ساری کائنات پیدا کی اور کائنات پر ان کو تصرف کرنے کی صلاحیت اور قدرت بھی عطا فرمائی جس کا ثمرہ اور نتیجہ یہی ہونا چاہئے تھا کہ انسان اپنے رب کا فرمانبردار ہوتا تو اس مقصد اور حقیقت کی توضیح کیلئے کیسے کیسے انعامات سے ان کو نوازا لیکن اس بدنصیب قوم نے اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کی ناشکری کی اور اس کی نازل کی ہوئی ہدایت و رحمت سے محرومی اختیاری کی اور عملی بغاوت و سرکشی کو اپنی زندگی کا شعار بنایا، چنانچہ ان آیات میں بنی اسرائیل کی اسی بغاوت و سرکشی کا ذکر ہے (معارف القرآن کاندھلوی)

❸ **بنی اسرائیل کی تمام امتوں پر افضلیت کی وضاحت:۔** عالم سے اُس زمانہ میں موجود اُمتیں مراد ہیں، نہ کہ مطلق تمام امتیں۔ لہٰذا بنی اسرائیل کی امت محمدیہ پر فضیلت لازم نہیں آتی۔ قاضی بیضاوی کے قول سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ان فضائل میں خصوصیت کو بیان کرنا مراد ہے جو واقعۃً دوسروں کو حاصل نہیں تھیں اور جزوی فضیلت سے کلی فضیلت ثابت نہیں ہوتی، مثلاً بنی اسرائیل میں انبیاء کا بکثرت ہونا، اس سے معلوم ہوا کہ اجر و ثواب کے اعتبار سے فضیلت مراد نہیں ہے۔ (جمالین)

❹ **سابقہ امتوں کی شریعتوں کا امت محمدیہ کیلئے حکم:۔** کہ دین اسلام کے کچھ تو اصولی عقائد ہیں مثلاً توحید و آخرت وغیرہ اور کچھ عملی زندگی سے متعلق احکام ہیں۔ جہاں تک اصولی عقائد کا تعلق ہے وہ تو ہر نبی کی امت میں یکساں رہے ہیں اور ان میں کبھی ترمیم اور تبدیلی نہیں ہوئی لیکن عملی احکام مختلف انبیاء علیہم السلام کی شریعتوں میں اپنے اپنے زمانے کے لحاظ سے بدلتے رہے ہیں، آیت مذکورہ میں انہی دوسری قسم کے احکام کو دین کے ایک خاص طریقے سے تعبیر فرمایا گیا ہے اور اسی وجہ سے فقہاء نے اس آیت سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ امت محمدیہ کیلئے صرف شریعت محمدی ہی کے احکام واجب العمل ہیں۔ پچھلی امتوں کو جو احکام دیئے گئے تھے وہ ہمارے لئے اس وقت تک واجب العمل نہیں ہیں جب تک قرآن و سنت سے ان کی تائید نہ ہو جائے۔ پھر تائید کی ایک شکل تو یہ ہے کہ قرآن یا حدیث میں صراحۃً یہ فرمایا گیا ہو کہ فلاں نبی کی امت کا یہ حکم ہمارے لئے بھی واجب العمل ہے اور دوسری صورت یہ ہے کہ قرآن کریم یا آنحضرت ﷺ کسی پچھلی امت کا کوئی حکم بطور تحسین و مدح بیان فرمائیں اور اس کے بارے میں یہ نہ فرمائیں کہ یہ حکم ہمارے زمانے میں منسوخ ہو گیا ہے۔ اس سے بھی یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ حکم ہماری شریعت میں بھی جاری ہے اور درحقیقت اس حکم کا واجب العمل ہونا بھی اس صورت میں شریعت محمدی کا ایک جز ہونے کی حیثیت ہی سے ہوتا ہے۔ (معارف القرآن)

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۴۱ھ

**الشق الاول** ...... لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ مُقَصِّرِيْنَ لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝ (الفتح ۲۷)

آیات کا ترجمہ کریں۔ الرؤیا اور فتحا قریبا سے کیا مراد ہے؟ صلح حدیبیہ پر مختصر نوٹ لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① آیات کا ترجمہ ② الرؤیا اور فتحا قریبا کی مراد ③ صلح حدیبیہ پر مختصر نوٹ۔

**جواب**...... ❶ آیات کا ترجمہ:۔ تحقیق اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول (ﷺ) کو واقعہ کے مطابق سچا خواب دکھایا ہے، تحقیق تم لوگ ان شاء اللہ ضرور مسجدِ حرام میں اس طرح امن وامان کے ساتھ داخل ہو گے کہ تم میں سے بعض نے اپنے سروں کو بے خوف وخطر منڈوایا ہو گا اور بعض نے بالوں کا قصر کیا ہو گا۔ اور اللہ تعالیٰ وہ باتیں بھی جانتا ہے جو تمہیں معلوم نہیں ہیں، پس اس نے اُس خواب کے پورا ہونے سے پہلے ایک قریبی فتح طے ومقرر کر دی ہے۔

❷ الرؤیا اور فتحا قریبا کی مراد:۔ الرؤیا سے مراد آپ ﷺ کا وہ خواب ہے جو آپ نے سفرِ حدیبیہ سے پہلے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی معیت میں عمرہ کی غرض سے مسجدِ حرام میں داخل ہونے کے متعلق دیکھا تھا۔

فتحا قریبا سے مراد خیبر کی فتح ہے جس کا ذکر ماقبل کی آیات میں گزر چکا ہے۔ (آسان ترجمہ)

❸ صلح حدیبیہ پر مختصر نوٹ:۔ صلح حدیبیہ ۶ھ میں ہوئی جب نبی کریم ﷺ نے مکہ معظمہ جانے کا ارادہ کیا اور عمرہ کا احرام باندھ کر صحابہ کی ایک بڑی جماعت جس کی تعداد چودہ، پندرہ سو بیان کی جاتی ہے وہ ساتھ تھی جب آپ ﷺ حدیبیہ کے مقام پر پہنچے تو آپ ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو سفیر بنا کر بھیجا کہ قریشِ مکہ سے جا کر کہو کہ ہم عمرہ کرنے کیلئے آئے ہیں جنگ کیلئے نہیں، اور آپ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ حدیبیہ کے مقام پر پڑاؤ ڈالا، جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مکہ پہنچے تو قریش نے کہا کہ آپ اکیلے عمرہ کر لیں تو انہوں نے اکیلے اس بات کو پسند نہ کیا اور قریش نے یہ خبر مشہور کر دی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید کر دیے گئے جب یہ خبر آپ ﷺ کے پاس پہنچی تو آپ ﷺ نے تمام صحابہ سے ایک ببول کے درخت کے نیچے بیٹھ کر (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا بدلہ لینے کی) جہاد کی بیعت لی، اسی بیعت کو بیعتِ رضوان کہا جاتا ہے بعد میں معلوم ہوا کہ یہ خبر غلط ہے قریش نے اپنی طرف سے سہیل بن عمرو کو شرائطِ صلح طے کرنے کیلئے بھیجا تو درج ذیل شرائط طے ہوئیں اور عہد نامہ تحریر کیا گیا اور دس سال کیلئے باہمی صلح ہو گئی: ① مسلمان اس وقت واپس جائیں گے ② آئندہ سال آئیں گے اور تین دن مکہ میں قیام کر کے واپس چلے جائیں گے ③ ہتھیار لگا کر نہ آئیں تلوار ہاتھ میں ہو تو میان میں بند کر کے رکھیں ④ مکہ مکرمہ سے کسی مسلمان کو نہ لے جائیں ⑤ اگر کوئی مسلمان مکہ میں رہنا چاہے تو اس کو منع نہ کریں ⑥ اگر کوئی شخص مکہ سے مدینہ چلا جائے تو اسے واپس کر دیں ⑦ اگر مدینہ سے کوئی آ جائے تو کفار اسے واپس نہ کریں گے۔ (سیرت رسول)

**الشق الثانی**...... لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعًا إِلَّا فِي قُرًى مُّحَصَّنَةٍ أَوْ مِن وَرَاءِ جُدُرٍ ۚ بَأْسُهُم بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ ۚ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتَّىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ۝ كَمَثَلِ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ۖ ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ۝ (الحشر: ۱۴تا۱۶)

آیات کا ترجمہ کریں۔ یہ آیات کن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئیں؟ تفصیل لکھیں۔ کمثل الذین من قبلھم قریبا اور کمثل الشیطن اذ قال للانسان اکفر میں دی گئی مثالوں کی وضاحت کریں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

﴿ خلاصۂ سوال ﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① آیات کا ترجمہ ② آیات کے منزل فیہ کی وضاحت ③ مثالوں کی وضاحت۔

**جواب** ...... ① آیات کا ترجمہ:۔ یہ سب لوگ مل کر بھی تم سے جنگ نہیں کریں گے، مگر ایسی بستیوں میں جو قلعوں میں محفوظ ہوں یا دیواروں کے پیچھے چھپ کر، ان کی آپس کی مخالفتیں بہت سخت ہیں، تم انہیں اکٹھا سمجھتے ہو حالانکہ ان کے دل جدا جدا ہیں، یہ اس لئے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو عقل نہیں رکھتے۔ ان کی حالت ان لوگوں کی سی ہے جو ان سے کچھ ہی پہلے اپنے کرتوت کا مزہ چکھ چکے ہیں اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔ ان کی مثال شیطان کی طرح ہے کہ وہ انسان سے کہتا ہے: کافر ہو جا، پھر جب وہ کافر ہو جاتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میں تجھ سے بری ہوں، میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

② و ③ آیات کے منزل فیہ اور مثالوں کی وضاحت:۔ پہلی مثال میں بنونضیر کا بیان ہے اور حضرت مجاہدؒ نے فرمایا کہ من قبلھم سے کفار اہل بدر مراد ہیں اور حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ بنوقینقاع (قبیلۂ یہود) مراد ہیں اور دونوں کا انجام بد اور مقتول و مغلوب اور ذلیل وخوار ہونا اس وقت واضح ہو چکا تھا کیونکہ بنونضیر کی جلاوطنی کا واقعہ غزوۂ بدر واحد کے بعد واقع ہوا اور بنوقینقاع کا واقعہ بھی بدر کے بعد پیش آ چکا تھا۔ بدر میں مشرکین عرب کے ستر سردار مارے گئے اور باقی بڑی ذلت وخواری کے ساتھ واپس ہوئے اور بقول ابن عباس یہ مراد ہیں تو آیت کا مطلب واضح ہے کہ انہوں نے اپنے کرتوت کا بدلہ چکھ لیا، یہ آخرت سے پہلے دنیا ہی میں آنکھوں کے سامنے آ گیا۔

اسی طرح اگر اس سے مراد یہودی کا قبیلہ بنوقینقاع ہو تو ان کا واقعہ بھی ایسا ہی عبرتناک ہے کہ جب نبی کریم ﷺ ہجرت کر کے مدینہ طیبہ تشریف لائے تو مدینہ کے آس پاس یہود کے جتنے قبائل تھے سب کے ساتھ صلح کا ایک معاہدہ ہو گیا تھا جس کی شرائط میں یہ داخل تھا کہ ان میں سے کوئی رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کے کسی مخالف کی امداد نہ کرے گا، ان معاہدہ کرنے والوں میں قبیلہ بنو قینقاع بھی شامل تھا، مگر اس نے چند مہینوں کے بعد ہی غدر وعہد شکنی شروع کر دی اور غزوہ بدر کے موقع پر مشرکین کے ساتھ خفیہ سازش وامداد کے کچھ واقعات سامنے آئے، چونکہ بنوقینقاع اس معاہدہ کو اپنی غداری سے خود توڑ چکے تھے، اسلئے رسول اللہ ﷺ نے ان کے خلاف جہاد کا اعلان فرمایا، یہ لوگ مسلمانوں کا لشکر دیکھ کر اپنے قلعہ میں بند ہو گئے، پندرہ روز تک تو یہ لوگ محصور ہو کر صبر کرتے رہے، بالآخر اللہ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا اور یہ سمجھ گئے کہ مقابلہ سے کام نہ چلے گا اور قلعہ کا دروازہ کھول دیا اور کہا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے فیصلہ پر راضی ہیں جو آپ ہمارے بارے میں نافذ کریں، آپ کا فیصلہ ان کے مردوں کے قتل کا ہونے والا تھا کہ عبداللہ بن ابی منافق نے رسول اللہ ﷺ پر بیحد اصرار والحاح کیا کہ ان کی جاں بخشی کر دی جائے، بالآخر آپ نے یہ فیصلہ فرمایا کہ یہ لوگ بستی خالی کر کے جلاوطن ہو جائیں اور ان کے اموال مسلمانوں کا مال غنیمت ہوں گے، اس قرارداد کے مطابق یہ لوگ مدینہ چھوڑ کر ملک شام کے علاقہ اذرعات میں چلے گئے اور ان کے اموال کو رسول اللہ ﷺ نے مال غنیمت کے قانون کے مطابق تقسیم فرمایا۔

دوسری مثال ان منافقین کی ہے جنہوں نے بنونضیر کو جلاوطنی کا حکم نہ ماننے اور رسول اللہ ﷺ کے مقابلہ پر جنگ کرنے کے لئے ابھارا اور ان کی مدد کرنے کا وعدہ کیا، مگر جب مسلمانوں نے ان کا محاصرہ کیا تو کوئی منافق امداد کو نہ پہنچا ان کی مثال قرآن کریم

نے شیطان کے ایک واقعہ سے دی ہے کہ شیطان نے انسان کو کفر پر آمادہ کیا اور اس سے طرح طرح کے وعدے کئے، مگر جب وہ کفر میں مبتلا ہو گیا تو سب سے مکر گیا۔ (معارف القرآن)

## ﴿الورقة الثانية : فی الحدیث﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۴۱ھ

**الشق الاوّل**......عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ مَنْ مَرَّ فِیْ شَیْئٍ مِنْ مَسَاجِدِنَا اَوْ اَسْوَاقِنَا وَ مَعَہٗ نَبْلٌ فَلْیُمْسِكْ اَوْ لِیَقْبِضْ عَلٰی نِصَالِھَا بِكَفِّہٖ اَنْ یُصِیْبَ اَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ مِنْھَا بِشَیْئٍ. (حدیث:۲۲۳)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ راہ چلنے کے آداب بیان کریں۔ خط کشیدہ جملہ کی ترکیب کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① حدیث پر اعراب ② حدیث کا ترجمہ ③ راستہ میں چلنے کے آداب ④ جملۂ مخطوطہ کی ترکیب۔

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا.

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ہماری مسجدوں یا بازاروں میں سے کسی میں تیر لے کر گذرے، تو اسے چاہئے کہ اس کی پیکار (اگلا تیز حصہ) کو روک لے یا اسکو اپنے ہاتھ میں پکڑ لے، کہیں ایسا نہ ہو کہ اسکے ذریعہ کسی مسلمان کو تکلیف پہنچے۔

❸ راستہ میں چلنے کے آداب:۔ تواضع و عاجزی کے ساتھ چلو۔ تکلیف دہ چیز کو راستہ سے ہٹا دو۔ کسی کو تکلیف نہ پہنچاؤ اور نہ ایسی ہیئت کے ساتھ چلو جس سے دوسرے کو تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو۔ مسلم شریف کی روایت کے مطابق آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ راستہ کے حقوق یہ ہیں کہ آنکھ نیچی رکھو، کسی کو ایذا نہ دو، سلام کا جواب دو، اچھی بات کا حکم کرو اور بُری بات سے منع کرو۔

❹ جملۂ مخطوطہ کی ترکیب:۔ اَنْ ناصبہ مصدریہ یُصِیْبَ فعل اَحَدًا موصوف مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ جار مجرور ملکر کائنا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف وصفت ملکر مفعول بہ۔ مِنْھَا جار مجرور ملکر متعلق ہوا یصیب فعل کے ب جارہ زائدہ شَیْئٍ لفظا مجرور محلا فاعل، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر ماقبل والے فعل کا مفعول لہ ہوا۔

**الشق الثانی**......عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَہٗ عَشْرُ اَمْثَالِھَا اَوْ اَزِیْدُ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّیِّئَةِ فَجَزَآءُ سَیِّئَةٍ مِثْلُھَا اَوْ اَغْفِرُ وَمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّیْ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ مِنْہُ ذِرَاعًا وَمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّیْ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْہُ بَاعًا وَمَنْ اَتَانِیْ یَمْشِیْ اَتَیْتُہٗ ھَرْوَلَةً وَمَنْ لَقِیَنِیْ بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطِیْئَةً لَا یُشْرِكُ بِیْ شَیْئًا لَقِیْتُہٗ بِمِثْلِھَا مَغْفِرَةً. (حدیث:۲۱۳)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ حدیث کی تشریح کریں۔ ھَرْوَلَةً منصوب کیوں ہے؟ وجہ تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① حدیث پر اعراب ② حدیث کا ترجمہ ③ حدیث

Maktaba Tul Ishaat.com

کی تشریح ④ھَرْوَلَةً کے نصب کی وجہ۔

جواب ...... ❶ حدیث پر اعراب: ـکما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ حدیث کا ترجمہ: ـ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ رب العزت فرماتا ہے کہ جو ایک نیکی لائے گا اسے اس کی دس گنا ثواب ہوگا یا میں اس سے بھی زیادہ اجر عطا کروں گا اور جو برائی لائے گا تو اس کا بدلہ اسی کی مثل ہوگا یا میں اسے معاف کر دوں گا اور جو مجھ سے ایک بالشت قریب ہوگا میں ایک ہاتھ اس کے قریب ہوں گا اور جو مجھ سے ایک ہاتھ قریب ہوگا میں ایک ذراع اس کے قریب ہوں گا جو میرے پاس چل کر آئے گا میں اس کے پاس دوڑ کر آتا ہوں اور جو مجھ سے تمام زمین کے برابر گناہ لے کر ملے گا بشرطیکہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرتا ہو تو میں اس سے اسی کی مثل مغفرت کے ساتھ ملاقات کروں گا۔

❸ حدیث کی تشریح: ـ حدیث قدسی کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان کوئی نیکی کرتا ہے تو اس کو اس کا اجر دس گنا بلکہ اگر اللہ تعالیٰ چاہیں گے تو سات سو گنا تک ملے گا اور اگر انسان کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کو اس کی مثل ہی ایک گنا بدلہ ملے گا بلکہ اگر اللہ تعالیٰ چاہیں گے تو اسکو بھی معاف کر دیں گے۔ اور جو شخص ایک بالشت باری تعالیٰ کے قریب ہوگا باری تعالیٰ ایک ہاتھ اس کے قریب ہوں گے اور جو باری تعالیٰ سے ایک ہاتھ قریب ہوگا باری تعالیٰ ایک ذراع اس کے قریب ہوں گے اور جو باری تعالیٰ کے پاس چل کر آئے گا باری تعالیٰ اس کے پاس دوڑ کر آتے ہیں اور جو باری تعالیٰ سے تمام زمین کے برابر گناہ لے کر ملے گا بشرطیکہ وہ شرک نہ کرتا ہو تو باری تعالیٰ اس سے اسی کی مثل مغفرت کے ساتھ ملیں گے۔ اس حدیث میں بطور تمثیل اللہ تعالیٰ کی رحمت وعطاء کی وسعت کو بیان کیا گیا ہے کہ وہ بندہ کی کوشش وجستجو سے زیادہ اسکے ساتھ کرم ومہربانی کا معاملہ کرتا ہے۔

❹ ھَرْوَلَةً کے نصب کی وجہ: ـ آتَیْتُہٗ فعل کے فاعل سے حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۴۱ھ

**الشق الاوّل** ---- عن ابی سعید عبد الرحمٰن بن سمرة قال قال لی رسول اللّٰہ ﷺ یا عبد الرحمٰن بن سمرة لا تسأل الإمارة فإنك إن اعطیتها عن غیر مسألة أُعِنت علیها وإن أُعطِیتها عن مسألة وُكِّلت إلیها وإذا حلفت علیٰ یمین فرأیت غیرها خیرا منها فائتِ الذی هو خیر وکفِّر عن یمینك. (حدیث:۳۷۶)

حدیث کا ترجمہ کریں۔ حکومتی منصب کا تقاضا کرنا کیسا ہے؟ حدیث کی روشنی میں تحریر کریں۔ وإذا حلفت علیٰ یمین الخ کا مطلب تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① حدیث کا ترجمہ ② حکومتی منصب کا تقاضا کرنے کی وضاحت ③ جملہ کا مطلب۔

جواب ...... ❶ حدیث کا ترجمہ: ـ حضرت ابو سعید عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اے عبدالرحمٰن بن سمرہ! امارت وسرداری کا سوال نہ کرنا کیونکہ اگر تجھے سرداری تیرے مانگنے کے بغیر عطا کی گئی تو اس پر تیری مدد

کی جائے گی اور اگر تیرے مانگنے سے تجھے سرداری دی گئی تو تو اس کے سپرد کر دیا جائے گا اور جب تو کسی بات پر قسم اٹھائے پھر تو اس کے علاوہ میں اس سے بہتری دیکھے تو تو وہی عمل سرانجام دے جو بہتر ہو اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر۔

❷ **حکومتی منصب کا تقاضا کرنے کی وضاحت:۔** کسی سرکاری عہدہ اور منصب کو طلب کرنا خاص صورتوں میں جائز ہے جیسے یوسف علیہ السلام نے خزائن ارض کا انتظام اور ذمہ داری طلب فرمائی۔ مگر اس میں یہ تفصیل ہے کہ جب کسی خاص عہدہ کے متعلق یہ معلوم ہو کہ کوئی دوسرا آدمی اس کا اچھا انتظام نہیں کر سکے گا اور اپنے بارہ میں یہ اندازہ ہو کہ عہدہ کے کام کو اچھا انجام دے سکے گا اور کسی گناہ میں مبتلا ہونے کا خطرہ نہ ہو تو عہدہ کا خود طلب کر لینا بھی جائز ہے بشرطیکہ حب جاہ و مال اس کا سبب نہ ہو بلکہ خلق خدا کی صحیح خدمت اور انصاف کے ساتھ ان کے حقوق پہنچانا مقصود ہو جیسے حضرت یوسف علیہ السلام کے سامنے صرف یہی مقصد تھا اور جہاں یہ صورت نہ ہو تو وہاں آپ ﷺ نے حکومت کا کوئی عہدہ خود طلب کرنے سے منع فرمایا ہے کیونکہ اگر تم نے خود سوال کر کے عہد امارت حاصل بھی کر لی تو اللہ تعالیٰ کی تائید نہیں ہوگی جس کے ذریعہ تم لغزشوں اور خطاؤں سے بچ سکو اور اگر بغیر درخواست اور طلب کے تمہیں کوئی عہدہ مل گیا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تائید و اعانت ہوگی جس کی وجہ سے تم اس عہدے کے پورے حقوق ادا کر سکو گے اور جس نے خود کسی عہدہ کی درخواست کی اس کو آپ ﷺ نے عہدہ نہیں دیا۔

اگر آج بھی کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ حکومت کا کوئی عہدہ ایسا ہے جس کے فرائض کو کوئی دوسرا آدمی صحیح طور پر انجام دینے والا موجود نہیں اور میں صحیح انجام دے سکتا ہوں تو اس کیلئے جائز بلکہ واجب ہے کہ اس عہدہ کی خود درخواست کرے مگر اپنے جاہ و مال کیلئے نہیں بلکہ خدمتِ خلق کیلئے، جس کا تعلق قلبی نیت اور ارادہ سے ہے جو اللہ تعالیٰ پر خوب روشن ہے۔ حضرات خلفائے راشدین کا خلافت کی ذمہ داری اٹھا لینا اسی وجہ سے تھا کہ وہ جانتے تھے کہ کوئی دوسرا اس وقت اس ذمہ داری کو صحیح انجام نہ دے سکے گا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جو اختلافات پیش آئے وہ سب اسی پر مبنی تھے کہ ان میں سے ہر ایک یہ خیال کرتا تھا کہ اس وقت فرائضِ خلافت کو میں اپنے مقابل سے زیادہ حکمت و قوت کے ساتھ پورا کر سکوں گا، جاہ و مال کی طلب کسی کا مقصد اصلی نہ تھا۔ (معارف القرآن ۵:۹۰)

❸ **جملہ کا مطلب:۔** کسی آدمی نے قسم کھائی کہ میں فلاں کام نہیں کروں گا پھر اس نے اُس کام کے کرنے کو بہتر جانا یا اُس کام کے کرنے میں اُسے بہتری نظر آئی تو اُس حالف کو چاہئے کہ اپنی قسم میں حانث ہو جائے اور وہ کام کرلے، پھر اس قسم کا کفارہ ادا کر دے۔

**الشق الثانی** ---- **عن ابی مسعود البدریؓ قال دعا رجل النبیّ ﷺ لطعام صنعه له خامس خمسة فتبعهم رجل فلما بلغ الباب قال النبی ﷺ إن هذا تبعنا فإن شئت أن تأذن له وإن شئت رجع قال بل آذن له يا رسول الله.** (حدیث:۴۳۹)

حدیث کا ترجمہ کریں۔ حدیث سے مستفاد آداب تحریر کریں۔ خامس خمسة ترکیب میں کیا واقع ہو رہا ہے؟۔

﴿خلاصہ سوال﴾ ..... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں: ① حدیث کا ترجمہ ② حدیث سے مستفاد آداب ③ خامس خمسة کی ترکیب

**جواب** ..... ❶ **حدیث کا ترجمہ:۔** حضرت ابو مسعود بدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی ﷺ کو کھانے کی دعوت دی جو کھانا اس نے تیار کیا تھا اور آپ ﷺ پانچوں میں پانچویں آدمی تھے، (راوی کہتے ہیں) آپ ﷺ کے

Maktaba Tul Ishaat.com

ساتھ ایک اور آدمی پیچھے چل پڑا جب آپ ﷺ دروازہ پر پہنچے تو آپ نے فرمایا یہ شخص بھی ہمارے پیچھے آ گیا ہے اگر تو چاہے تو اسے اجازت دیدے ورنہ یہ واپس لوٹ جائے، میزبان نے عرض کیا اے اللہ کے رسول میں اس کو اجازت دیتا ہوں۔

❷ حدیث سے مستفاد آداب:۔ اس حدیث سے متعدد آداب معلوم ہوئے: ① بن بلائے شخص کو دعوت میں لیکر نہیں جانا چاہئے ② اگر کوئی ایسا شخص دعوت میں آ جائے تو میزبان سے اسکے کھانے کی اجازت لینی چاہئے ③ مہمانوں کی تکلیف و کسی قسم کے ضرر کا اندیشہ نہ ہو تو میزبان ایسے شخص کو بھی کھانے کی اجازت دیدے۔ (روضۃ الصالحین ۳:۲۶۲)

❸ خامس خمسة کی ترکیب:۔ ① یہ جملہ منصوب ہے اور یہ ماقبل کی ضمیر مجرور سے حال ہے۔ ② یہ جملہ مرفوع ہے اور یہ ھُوَ (مبتدا محذوف) کی خبر ہے، پھر یہ پورا جملہ ماقبل سے حال ہے۔ (حاشیۂ بخاری)

## ﴿السوال الثالث﴾ ۱۴۴۱ھ

**الشق الاول** — عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَنْ قَعَدَ مَقْعَدًا لَمْ یَذْكُرِ اللّٰهَ تَعَالٰی فِیْهِ كَانَتْ عَلَیْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةٌ وَمَنِ اضْطَجَعَ مَضْجَعًا لَا یَذْكُرُ اللّٰهَ تَعَالٰی فِیْهِ كَانَتْ عَلَیْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةٌ۔ (حدیث:۸۲۷)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ حدیث سے مستفاد ادب تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں: ① حدیث پر اعراب ② حدیث کا ترجمہ ③ حدیث سے مستفاد ادب

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا.

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی جگہ بیٹھے اور وہاں اللہ کا ذکر نہ کرے تو وہ مجلس اللہ کی طرف سے اس کے لئے ندامت ہوگی اور جو شخص کہیں لیٹے اور وہاں اللہ کا ذکر نہ کرے تو وہ مجلس اللہ تعالی کی طرف سے اس کے لئے ندامت ہوگی۔

❸ حدیث سے مستفاد ادب:۔ اس حدیث سے مجلس کا یہ ادب مستفاد ہوا کہ کوئی بھی مجلس ذکر اللہ (اور درود نبوی ﷺ) سے خالی نہیں ہونی چاہئے، ورنہ ذکر اللہ سے خالی یہ مجلس حسرت، وبال، ندامت و شرمندگی کا باعث ہوگی۔ اور ترمذی کی روایت کے مطابق یہ عمل اللہ تعالی کی ناراضی کا سبب ہے، اگر اللہ تعالی چاہیں گے تو معاف کر دیں گے اور اگر چاہیں گے تو عذاب دیں گے۔

**الشق الثانی** ...... عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ لَا یَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ اِلَّا وَمَعَهَا ذُوْ مَحْرَمٍ وَلَا تُسَافِرُ الْمَرْاَةُ اِلَّا مَعَ ذِیْ مَحْرَمٍ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ امْرَاَتِیْ خَرَجَتْ حَاجَّةً وَاِنِّیْ اُكْتُتِبْتُ فِیْ غَزْوَةِ كَذَا وَكَذَا ؟ قَالَ انْطَلِقْ فَحُجَّ مَعَ امْرَاَتِكَ۔ (حدیث:۹۹۰)

حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ حدیث سے مستفاد ادب تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں: ① حدیث پر اعراب ② حدیث کا ترجمہ ③ حدیث سے مستفاد ادب

**جواب**...... ❶ حدیث پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا.

❷ حدیث کا ترجمہ:۔ حضرت ابن عباس ؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ کوئی شخص غیر عورت کے ساتھ تنہائی اختیار نہ کرے اور نہ کوئی عورت محرم کے بغیر سفر کرے، ایک شخص نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! میری بیوی حج کرنے جارہی ہے اور میرا نام فلاں فلاں لڑائی میں لکھا جاچکا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا واپس چلا جا اور اپنی بیوی کے ساتھ حج کر۔

❸ حدیث سے مستفاد ادب:۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسی بھی مرد کو کسی اجنبی عورت کے ساتھ علیحدگی و تنہائی اختیار نہیں کرنی چاہئے اور نہ سفر کرنا چاہئے، کیونکہ اس صورت میں شیطان مرد وعورت کے جذبات برانگیختہ کرتا ہے اور جنسی ہیجان کے غلبہ سے گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے۔

## ﴿الورقة الثالثة : فی الفقه﴾

## ﴿السؤال الاوّل﴾ ۱۴۴۱ھ

**الشق الاوّل** ---- **واذا قبض المشتری المبیع فی البیع الفاسد بامر البائع و فی العقد عوضان کل واحد منهما مال ملك المبیع و لزمته قیمته و لکل واحد من المتعاقدین فسخه فان باعه المشتری نفذ بیعه.**

عبارت کا ترجمہ کریں۔ بیع باطل، فاسد ومکروہ کی تعریف لکھیں۔ عبارت میں مذکور بیع فاسد کا حکم وضاحت سے تحریر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① عبارت کا ترجمہ ② بیع باطل، فاسد ومکروہ کی تعریف ③ مذکورہ بیع فاسد کا حکم۔ (باب البیع الفاسد)

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ جب بیع فاسد میں مشتری نے بائع کے حکم سے مبیع پر قبضہ کرلیا جبکہ عقد میں دو عوض ہیں اور ان میں سے ہر ایک مال ہے تو مشتری مبیع کا مالک ہوگا اور اس پر مبیع کی قیمت لازم ہوگی اور متعاقدین میں سے ہر ایک کو بیع فسخ کرنے کا حق ہوگا۔ اگر مشتری نے وہ مبیع فروخت کردی تو اس کی یہ بیع نافذ ہوگی۔

❷ بیع باطل، فاسد ومکروہ کی تعریف:۔ بیع باطل وفاسد: **کما مرّ فی الشق الاول من السؤال الاول ۱۴۳۸ھ.**

بیع مکروہ: وہ بیع جو ذات و وصف دونوں اعتبار سے جائز ہو مگر کسی فعل منهی عنہ کے متصل ہونے کی وجہ سے اس میں کراہت پیدا ہوجائے۔ مثلاً اذانِ جمعہ کے بعد بیع کرنا بذاتہ وبوصفہٖ صحیح ہے مگر وقتِ منهی عنہ کی وجہ سے اس میں کراہت پیدا ہوگئی ہے۔

❸ مذکورہ بیع فاسد کا حکم:۔ سوال میں مذکورہ صورت میں مشتری مبیع کا مالک ہوجائے گا کیونکہ بیع فاسد میں تین شرائط پائی جائیں تو مشتری مبیع کا مالک ہوجاتا ہے: ① مشتری نے مبیع پر قبضہ کرلیا ہو ② قبضہ بائع کی رضامندی سے ہو ③ مبیع وثمن دونوں مال ہوں۔ پس یہاں بھی مشتری مبیع کا مالک ہوجائے گا اور مشتری پر مبیع کی بازاری قیمت لازم ہوگی ثمن لازم نہ ہوں گے۔ البتہ بیع کے فاسد ہونے کی وجہ سے قبضہ سے پہلے اور قبضہ کے بعد متعاقدین میں سے ہر ایک کو بیع فسخ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔ (الخیر ی)

**الشق الثانی** ---- **و اذا تعدّی المودع فی الودیعة بِأنْ کانت دابة فرکبها او ثوبا فلبسه او عبدا فاستخدمه او اودعها عند غیره ثم ازال التعدی و ردّها الٰی یده زال الضمان فان طلبها صاحبها**

Maktaba Tul Ishaat.com

فجحده ایاها ضمنها فان عاد الی الاعتراف لم یبرأ من الضمان ۔ (کتاب الودیعة)

عبارت کا ترجمہ وتشریح کریں۔ودیعت، عاریت وہبہ کی تعریف لکھیں۔ودیعت ہلاک ہوجائے تو موزع پرضمان ہوگا یانہیں؟

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے:① عبارت کا ترجمہ ② عبارت کی تشریح ③ ودیعت، عاریت وہبہ کی تعریف ④ ودیعت ہلاک ہوجائے تو موزع پرضمان کا حکم۔

جواب...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ جب مودع نے ودیعت میں تعدی کی بایں طور کہ وہ جانور تھا اس نے اس پرسواری کرلی یا وہ کپڑا تھا اس نے اسکو پہن لیا یا وہ غلام تھا پس اس نے اس سے خدمت لی یا مودع نے وہ ودیعت کسی دوسرے شخص کے پاس ودیعت رکھ دی پھر موزع نے وہ تعدی ختم کردی اور وہ ودیعت واپس اپنے پاس لوٹا لی تو (تلف کی صورت میں) ضمان زائل وختم ہوگئی، پس اگر مالک نے ودیعت طلب کی اور موزع نے ودیعت کا انکار کردیا تو (تلف کی صورت میں) موزع ضامن ہوگا، پس اگر اس نے اعتراف واقرار بھی کرلیا تو وہ ضمان سے بری نہ ہوگا۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ موزع نے ودیعت میں کوئی تعدی وزیادتی کی مثلا ودیعت کوئی جانور تھا اس نے اس پرسواری کرلی یا ودیعت کوئی کپڑا تھا موزع نے اسکو پہن لیا یا ودیعت کوئی غلام تھا موزع نے اس سے خدمت لی یا موزع نے وہ ودیعت آگے کسی دوسرے شخص کے پاس ودیعت رکھ دی پھر مذکورہ تمام صورتوں میں موزع نے وہ تعدی ختم کردی اور آگے ودیعت رکھنے کی صورت میں وہ ودیعت واپس اپنے پاس لوٹالی پھر یہ ودیعت ہلاک وتلف ہوگئی تو موزع پرضمان لازم نہ ہوگی۔اسلئے کہ موزع نے ودیعت میں جو تعدی وزیادتی کی تھی وہ اسکی ہلاکت سے پہلے ہی ختم کردی ہے اور مال ودیعت صحیح سالم اسکے پاس واپس آگیا ہے لہٰذا اب ہلاکت کی صورت میں موزع پرضمان لازم نہ ہوگی۔ اگر مالک نے ودیعت طلب کی اور موزع نے ودیعت کا انکار کردیا کہ میرے پاس تمہاری کوئی چیز ودیعت نہیں ہے پھر یہ ودیعت ہلاک وتلف ہوگئی تو موزع پرضمان لازم ہوگی۔خواہ موزع نے انکار کے بعد اعتراف واقرار بھی کرلیا کہ آپ کی امانت میرے پاس ہے تب بھی وہ ضمان سے بری نہ ہوگا۔اسلئے کہ ودیعت کے مطالبہ کے بعد انکار کی وجہ سے امین کی امانت ہی ختم ہوگئی ہے،اب جب تک مالک دوبارہ امین نہیں بنائے گا تو وہ امین نہ ہوگا،اور یہاں مالک نے دوبارہ امین نہیں بنایا،لہٰذا تلف کی صورت میں ضمان لازم ہوگی۔

❸ ودیعت، عاریت وہبہ کی تعریف:۔کما مرّ فی السوال الاول ١٤٣٤ و١٤٣٦ھ وفی السوال الثالث ١٤٣٥ھ

❹ ودیعت ہلاک ہوجائے تو موزع پرضمان کا حکم:۔ودیعت موزع کے پاس امانت ہوتی ہے اور امانت تعدی کے بغیر ہلاک ہوجائے تو تاوان وضمان لازم نہیں ہوتی، ابن ماجہ کی حدیث میں ہے من اودع ودیعة فلا ضمان علیه (کسی نے کوئی چیز ودیعت رکھی تو موزع پرضمان لازم نہیں ہے)۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ١٤٤١ھ

الشق الاوّل ---واذا فسدت المزارعة فالخارج لصاحب البذر فان کان البذر من قبل رب الارض

فللعامل اجر مثله ، لايُزاد على مقدار ما شرط له من الخارج ۔ وقال محمد له اجر مثله بالغًا ما بلغ۔
وان كان البذر من قبل العامل فلصاحب الارض اجر مثلها ۔(کتاب المزارعة)

عبارت کا ترجمہ وتشریح کریں۔ مزارعت، مساقات ورہن کی لغوی واصطلاحی تعریف کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① عبارت کا ترجمہ ② عبارت کی تشریح ③ مزارعت، مساقات ورہن کی لغوی واصطلاحی تعریف۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ جب مزارعت فاسد ہو جائے تو پیداوار بیج والے کی ہوگی، پس اگر بیج زمین والے کا ہو تو عامل کیلئے اُجرت مثل ہوگی جو نہیں زائد ہوگی اس مقدار سے جو پیداوار میں سے عامل کیلئے مقرر کی گئی ہے۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ عامل کیلئے اُجرت مثل ہوگی خواہ وہ جس مقدار کو بھی پہنچ جائے۔ اور اگر بیج عامل کا ہو تو زمین والے کیلئے اُجرت مثل ہوگی۔

❷ عبارت کی تشریح:۔ کسی وجہ سے مزارعت فاسد ہو جائے تو زمین کی پیداوار بیج والے کی ہوگی، پس اگر بیج زمین والے کا ہو تو عامل کیلئے کام کی اُجرت مثل ہوگی اور اگر بیج عامل کا ہو تو زمین والے کیلئے زمین کی اُجرت مثل ہوگی۔ البتہ صاحبینؒ کے نزدیک یہ اُجرت مثل اس مقدار سے زائد نہیں ہونی چاہئے جو پیداوار میں سے عامل یا مالک کیلئے مقرر کی گئی ہے۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ عامل و مالک کیلئے اجرت مثل ہوگی خواہ وہ جس مقدار کو بھی پہنچ جائے، یعنی مشروط مقدار سے زائد بھی اُجرت مثل لازم ہو سکتی ہے۔

❸ مزارعت، مساقات ورہن کی لغوی واصطلاحی تعریف:۔ رہن: لغوی معنی کسی چیز کو روک لینا۔ اصطلاح میں کسی ایسی مالی چیز کو کسی حق یعنی دین کی وجہ سے روک لینا کہ اُس چیز کے ذریعے وہ بعض یا مکمل حق وصول کر لینا ممکن ہو۔

**الشق الثانی** ...... وَالشِّجَاجُ عَشَرَةٌ: اَلْحَارِصَةُ وَالدَّامِعَةُ وَالدَّامِيَةُ وَالْبَاضِعَةُ وَالْمُتَلَاحِمَةُ وَالسِّمْحَاقُ وَالْمُوْضِحَةُ وَالْهَاشِمَةُ وَالْمُنَقِّلَةُ وَالْاٰمَّةُ، فَفِي الْمُوْضِحَةِ الْقِصَاصُ اِنْ كَانَتْ عَمْدًا ۔(ص۱۸۰ امداديہ)

عبارت کا ترجمہ کریں۔ شجاج کسے کہتے ہیں؟ درج بالا دس شجاج کی تعریف لکھیں۔ حکومتِ عدل کی وضاحت کریں۔

**جواب** ــــ مکمل جواب کما مرّ فی الشق الثانی من السوال الثالث ١٤٣٧ھ۔

## ﴿السوال الثالث﴾ ١٤٤١ھ

**الشق الاوّل** ...... وَلَا يُجْبِرُ الْقَاضِيْ النَّاسَ عَلٰى قَاسِمٍ وَاحِدٍ وَ لَايَتْرُكُ الْقُسَّامَ يَشْتَرِكُوْنَ ۔ وَاَجْرُ الْقِسْمَةِ عَلٰى عَدَدِ رُؤُوْسِهِمْ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَقَالَا عَلٰى قَدْرِ الْاَنْصِبَاءِ ۔(کتاب القسمة)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ امام ابوحنیفہ وصاحبین رحمہم اللہ کا اختلاف تفصیل سے ذکر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں: ① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ ائمہ کے اختلاف کی تفصیل

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ قاضی لوگوں کو ایک قاسم پر مجبور نہ کرے اور قاسموں کو شرکت میں کام کرنے کیلئے نہ چھوڑے۔ تقسیم کی

Maktaba Tul Ishaat.com

اجرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک حصہ داروں کی تعداد کے اعتبار سے ہوگی اور صاحبینؒ کے نزدیک حصوں کے اعتبار سے ہوگی۔

③ ائمہ کے اختلاف کی تفصیل:۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک تقسیم کی اجرت حصہ داروں کی تعداد کے اعتبار سے ہوگی یعنی جتنے لوگ حصہ دار ہیں قاسم کی اجرت ان سب پر برابر تقسیم ہوگی، خواہ کسی کا حصہ کم ہو یا زیادہ ہو، اسلئے کہ قاسم نے ہر ایک کا حساب کرنا ہے اور اس کا حصہ دوسروں سے جدا کرنا ہے اور اس کام میں سب کیلئے برابر محنت کرنی پڑے گی۔ صاحبینؒ کے نزدیک تقسیم کی اجرت حصوں کے اعتبار سے ہوگی یعنی جس کا حصہ زیادہ ہوگا وہ تقسیم کی اجرت بھی زیادہ ادا کرے گا اور جس کا حصہ کم ہوگا وہ تقسیم کی اجرت بھی کم ادا کرے گا، اسلئے کہ جس کو جتنا حصہ ملے گا قاسم کو اُسی کے اعتبار سے محنت کرنی پڑے گی۔ (التفسیر ی ص۳۰۵:م)

**الشق الثانی** ......وَيُكْرَهُ الْإِحْتِكَارُ فِي أَقْوَاتِ الْآدَمِيِّينَ وَ الْبَهَائِمِ..... وَلَا يَنْبَغِي لِلسُّلْطَانِ أَنْ يُسَعِّرَ عَلَى النَّاسِ وَيُكْرَهُ بَيْعُ السِّلَاحِ فِي أَيَّامِ الْفِتْنَةِ وَلَا بَأْسَ بِبَيْعِ الْعَصِيرِ مِمَّنْ يَعْلَمُ أَنَّهُ يَتَّخِذُهُ خَمْرًا۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ مسائل کی تشریح کریں۔ (كتاب الحظر والاباحة)

﴿خلاصہ سوال﴾.....اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں: ① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ مسائل کی تشریح۔

**جواب**..... ① عبارت پر اعراب:۔کما مرّ فی السوال آنفا۔

② عبارت کا ترجمہ:۔ آدمیوں اور چوپاؤں کی غذا کو روکنا اور ذخیرہ کرنا مکروہ ہے..... بادشاہ کیلئے مناسب نہیں ہے کہ لوگوں کیلئے بھاؤ مقرر کرے اور فتنہ کے ایام میں اسلحہ بیچنا مکروہ ہے اور انگور کا رس اس شخص کو بیچنے میں کوئی حرج نہیں ہے جس کے متعلق معلوم ہو کہ وہ اسکو شراب بنائے گا۔

③ مسائل کی تشریح:۔ آدمیوں اور چوپاؤں کی غذا کو بازار سے خرید کر ذخیرہ کرنا اور ضرورت کے باوجود لوگوں کو نہ بیچنا کہ مہنگی ہونے پر بیچوں گا یہ مکروہ ہے، دلیل آپ ﷺ کا ارشاد ہے: عن ابی امامة قال نهی رسول الله ﷺ ان يحتكر الطعام۔ بادشاہ کیلئے مناسب نہیں ہے کہ ہمیشہ کیلئے لوگوں کی کھانے پینے کی چیز کا بھاؤ مقرر کرے کیونکہ اس میں بائع کا نقصان ہے، یہ قدرت کا نظام ہے کہ اشیاء کی قیمتیں کم زیادہ کرتے رہتے ہیں۔ فتنہ کے ایام میں باغی یا حربی کو اسلحہ بیچنا مکروہ ہے کیونکہ وہ یہ ہتھیار مسلمانوں کے خلاف ہی استعمال کرے گا، گویا یہ اپنے پاؤں پر خود ہی کلہاڑی مارنا ہے۔ انگور کا رس ایسے شخص کو بیچنا جس کے متعلق معلوم ہو کہ وہ اسکو شراب بنائے گا، اس بیع میں کوئی حرج نہیں ہے، البتہ گناہ میں معاونت کی وجہ سے نہ بیچنا بہتر ہے۔

## ﴿الورقة الرابعة : فی اصول الفقه و الفرائض﴾

## ﴿السوال الاول﴾(نور الانوار) ١٤٤١ھ

**الشق الاول**.....وَإِنْ عُرِفَ بِالْعَدَالَةِ وَالضَّبْطِ دُوْنَ الْفِقْهِ كَأَنَسٍ وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ إِنْ وَافَقَ حَدِيْثُهُ الْقِيَاسَ عُمِلَ بِهِ وَإِنْ خَالَفَهُ لَمْ يُتْرَكْ إِلَّا بِالضَّرُوْرَةِ كَحَدِيْثِ الْمُصَرَّاةِ (ص١٩٠ رحمانیہ)

عبارت کی مکمل وضاحت کریں۔ حدیث مصراة کی وضاحت کریں۔ راوی کی خبر کو قیاس پر مقدم کرنے کیلئے راوی کے

فقیہ ہونے کی شرط میں عیسیٰ بن ابان، امام کرخی اور ان کے متبعین کا مسلک ذکر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور مطلوب ہیں: ① عبارت کی وضاحت ② حدیث مصراۃ کی تفصیل ③ مذکورہ ائمہ کا مسلک۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کی وضاحت:۔ اگر راوی عدالت اور ضبط حدیث میں معروف ہے مگر فقاہت میں معروف نہیں ہے جیسا کہ حضرت انس اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما اگر اُس کی حدیث قیاس کے موافق ہوگی تو اس پر عمل کیا جائے گا اور اگر وہ قیاس کے مخالف ہو تو اُس کو ضرورت کے بغیر ترک نہیں کیا جائے گا اور ضرورت یہ ہے کہ اگر اس صورت میں بھی خبر واحد پر عمل کیا گیا تو قیاس کا دروازہ مکمل طور پر بند ہو جائے گا اور آیت کریمہ فاعتبروا یاولی الابصار کی خلاف ورزی لازم آئے گی۔ اسلئے کہ فرض یہ کیا گیا ہے کہ راوی فقیہ نہیں ہے تو ممکن ہے راوی نے اپنی سمجھ کے مطابق وہ روایت بالمعنیٰ کی ہو اور مراد نبی کو سمجھنے میں غلطی کی ہو جس کی وجہ سے وہ روایت قیاس کے بالکل مخالف ہوگئی۔ اس ضرورت کے پیش نظر حدیث کو ترک کر دیا جائے گا اور قیاس پر عمل کیا جائے گا۔ (اشرف الانوار ۳:۱۲)

❷ حدیث مصراۃ کی تفصیل:۔ کما مرّ فی الشق الاول من السوال الثانی ١٤٣٥ھ۔

❸ مذکورہ ائمہ کا مسلک:۔ عیسیٰ بن ابانؒ اور اکثر متاخرین کے نزدیک اگر راوی کی عدالت اور ضبط حدیث معروف ہے مگر فقاہت معروف نہیں ہے تو اگر اُس کی حدیث قیاس کے موافق ہوگی تو اس پر عمل کیا جائے گا اور اگر وہ قیاس کے مخالف ہوگی تو اُس کو ضرورت کے بغیر ترک نہیں کیا جائے گا۔ گویا خبر واحد کے قیاس پر مقدم ہونے کیلئے راوی کا فقیہ ہونا شرط ہے۔

امام کرخیؒ اور ان کے متبعین کے نزدیک راوی کی خبر کے قیاس پر مقدم ہونے کیلئے راوی کا فقیہ ہونا شرط نہیں ہے بلکہ ہر عادل راوی کی خبر قیاس پر مقدم ہوگی بشرطیکہ وہ خبر کتاب اللہ اور سنتِ مشہورہ کے خلاف نہ ہو۔

**الشق الثانی** ...... وَالْمَرْوِيُّ عَنْهُ إِذَا أَنْكَرَ الرِّوَايَةَ أَوْعَمِلَ بِخِلَافِهِ بَعْدَ الرِّوَايَةِ مِمَّا هُوَ خِلَافٌ بِيَقِيْنٍ سَقَطَ الْعَمَلُ بِهِ وَإِنْ كَانَ قَبْلَ الرِّوَايَةِ أَوْ لَمْ يُعْرَفْ تَارِيْخُهُ لَمْ يَكُنْ جَرْحًا۔ (ص ۲۰۳۔ رحمانیہ)

عبارت کا ترجمہ کریں۔ ذکر کردہ ضابطوں کی دلیل ذکر کریں۔ پہلے قاعدہ کی مثال ذکر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں ① عبارت کا ترجمہ ② ضابطوں کی دلیل ③ پہلے قاعدہ کی مثال۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ راوی اگر اپنی روایت کا بالکل انکار کر دے یا روایت کے بعد اپنی ہی روایت کردہ روایت کے خلاف عمل کرے اور یہ عمل کا خلاف بالیقین ہے تو روایت پر عمل ساقط ہو جائیگا اور اگر راوی کے عمل کا اختلاف روایت لئے جانے سے قبل ہوا ہو یا تاریخ کا علم نہ ہو تو یہ چیز اس روایت کے لئے مضر نہیں ہے۔

❷ ضابطوں کی دلیل:۔ راوی کے روایت کا انکار کرنے کی صورت میں روایت کا ساقط العمل ہونا واضح ہے۔ راوی کے روایت کرنے کے بعد اپنی ہی روایت کردہ روایت کے خلاف عمل کرنے سے روایت پر عمل ساقط ہو جائے گا، دلیل یہ ہے کہ راوی کا جان بوجھ کر اپنی روایت کے خلاف عمل کرنا اس روایت کے منسوخ یا موضوع ہونے کی دلیل ہے، لہٰذا روایت قابلِ عمل نہیں ہے۔ اور اگر

Maktaba Tul Ishaat.com

راوی قلتِ رغبت یا غفلت کی وجہ سے اس پر عمل نہیں کر رہا تو اس صورت میں وہ فاسق یا مغفل ہے، اس سے اسکی عدالت ختم ہو جائے گی، لہٰذا اسکی روایت قابلِ عمل نہیں ہے۔ اگر راوی کا عمل روایت لئے جانے سے قبل اس روایت کے خلاف ہوا ہو تو یہ چیز اس روایت کیلئے مضر نہیں ہے، دلیل یہ ہے کہ یہ اختلافی عمل راوی کے روایت کرنے سے پہلے تھا جب حدیث آ گئی تو راوی نے سابقہ اختلافی عمل کو ترک کر دیا۔ اگر اختلافی عمل و روایت کرنے کی تاریخ کا علم نہ ہو تو یہ چیز بھی اس روایت کیلئے مضر نہیں ہے، دلیل یہ ہے کہ حدیث اصالۃً حجت ہے اور راوی کا عمل اس کے خلاف ہے مگر تاریخ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے اس میں شک وارد ہو گیا اور محض شک کی وجہ سے عمل بالحدیث ساقط نہ ہوگا۔

③ پہلے قاعدہ کی مثال:۔کما مرّ فی الشق الاول من السوال الاول ۱۴۳۶ھ۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۴۱ھ

**الشق الاول** ......وقیل یشترط للاجماع اللاحق عدم الاختلاف السابق عند ابی حنیفة ..... ولیس کذٰلك فی الصحیح .... و الشرط اجماع الکل۔

عبارت کا ترجمہ کریں۔عبارت کی تشریح کریں۔وخلاف الواحد مانع کخلاف الاکثر کا مطلب واضح کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں:① عبارت کا ترجمہ ② عبارت کی تشریح ③ جملہ کا مطلب۔

**جواب** ...... ① عبارت کا ترجمہ:۔ اور یہ بات بھی کہی گئی ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اجماع لاحق کیلئے شرط یہ ہے کہ اختلاف سابق نہ پایا جائے....قولِ صحیح کے مطابق یہ صحیح نہیں ہے....اور تمام اہلِ اجماع کا اجماع کرنا شرط ہے۔

② عبارت کی تشریح:۔ اگر اہلِ عصر اہلِ اجتہاد کا کسی مسئلہ میں اختلاف ہوا اور اسی دوران ان کا انتقال ہو گیا اسکے بعد علماءِ وقت نے ارادہ کیا کہ ان میں سے کسی امام کے قول پر اجماع کر لیں تو بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ اجماع صحیح نہیں ہے اسلئے کہ اجماع کی شرط معدوم ہے۔قولِ صحیح کے مطابق امام صاحب کی طرف یہ نسبت صحیح نہیں ہے۔اصح قول کے مطابق متاخرین کا یہ اجماع معتبر ہوگا اور درمیان سے اختلاف ختم ہو جائے گا۔اسکی مثال ام ولد کی بیع کا مسئلہ ہے جو کہ حضرت عمر و حضرت علی رضی اللہ عنہما کے درمیان مختلف فیہ تھا بعد کے متاخرین مجتہدین کا اس پر اجماع ہو گیا کہ اسکی بیع ناجائز ہے۔اب کسی قاضی کا اسکی بیع کے جواز کا فیصلہ نافذ نہ ہوگا۔(قوت الاخیار ۲:۹۶)

③ جملہ کا مطلب:۔ اجماع میں تمام اہلِ اجتہاد کا اجماع کرنا شرط ہے، اگر ان میں سے کسی ایک نے اختلاف کیا تو یہ اختلاف انعقادِ اجماع کیلئے ایسے ہی مانع ہے جیسے اکثر اہلِ اجتہاد کا اختلاف انعقادِ اجماع کیلئے مانع ہے۔اسلئے کہ ارشادِ نبوی لا تجتمع امتی علی الضلالۃ (میری امت گمراہی پر جمع نہیں ہو سکتی) میں الامۃ کُل کے مفہوم پر مشتمل ہے لہٰذا کسی نے اختلاف کیا تو اس میں یہ احتمال ہے کہ اس مخالف کا قول ہی صحیح ہو۔(ایضاً)

**الشق الثانی** ......ثم ھو (ای الاجماع) علٰی مراتب....فالاقوٰی اجماع الصحابۃ نصًا.... فلله مثل

الآية و الخبر المتواتر.... ثم الذى نص البعض وسكت الباقون....ثم اجماع من بعدهم.... علیٰ حکم لم يظهر فيه خلاف من سبقهم .... ثم اجماع علیٰ قول سبقهم فيه مخالف۔

عبارت کا ترجمہ کریں۔والامة اذا اختلفوا علیٰ اقوال كان اجماعا منهم علیٰ ان ماعداها باطل کا مطلب واضح کریں۔اجماع کے مراتب تفصیل سے لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾.....اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں:① عبارت کا ترجمہ ② عبارت کا مطلب ③ اجماع کے مراتب۔

جواب ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ اجماع کے متعدد مراتب ہیں،سب سے زیادہ قوی اجماع صحابہ کرام ﷢ کا وہ اجماع ہے جو نصاً ہو.....یہ اجماع آیت اور خبر متواتر کی مثل ہے.....پھر صحابہ کرام ﷢ کا وہ اجماع ہے جسمیں بعض صحابہ نے نص کی ہو اور باقی صحابہ خاموش رہے ہوں.....پھر صحابہ کرام ﷢ کے بعد والے لوگوں کا اجماع ہے .....بشرطیکہ صحابہ کرام ﷢ کے دور میں اس حکم کا خلاف ظاہر نہ ہوا ہو.....پھر کسی ایسے مسئلہ میں صحابہ کرام ﷢ کے بعد والے لوگ اتفاق کرلیں جو پہلے دور میں مختلف فیہ تھا۔

❷ عبارت کا مطلب:۔ كما مرّ فى الشق الثانى من السوال الاول ۱۴۳۸ھ۔

❸ اجماع کے مراتب:۔كما مرّ فى الشق الاول من السوال الثانى ۱۴۴۰ھ۔

## ﴿السوال الثالث﴾(سراجی) ۱۴۴۱ھ

الشق الاول .....امـا الاب فـلـه احـوال ثلاث: الفرض المطلق وهو السدس.... والفرض والتعصيب معا.... و التعصيب المحض.... والجد الصحيح كالاب الّا فى اربع مسائل .....

ذوی الفروض اور عصبہ کی تعریف کریں۔خط کشیدہ جملہ کی وضاحت کریں۔والد کے کتنے اور کون کون سے احوال ہیں؟۔اگر کسی عورت کا انتقال ہو جائے اور اس کے پسماندگان میں شوہر، والد، والدہ اور چھ بیٹیاں ہوں تو ترکہ کی تقسیم کس طرح ہوگی؟۔

﴿خلاصۂ سوال﴾.....اس سوال میں چار امور مطلوب ہیں:① ذوی الفروض وعصبہ کی تعریف ② خط کشیدہ جملہ کی وضاحت ③ والد کے احوال ④ مسئلہ کی تخریج۔

جواب ...... ❶ ذوی الفروض وعصبہ کی تعریف:۔ ذوی الفروض: وہ ورثہ جن کا حصہ شریعت کی طرف سے وراثت میں متعین ہو۔ عصبہ: كما مرّ فى الشق الاول من السوال الثالث ۱۴۳۷ھ۔

❷ خط کشیدہ جملہ کی وضاحت:۔ جس طرح والد کی تین حالتیں ہیں اسی طرح والد کی غیر موجودگی میں جدِ صحیح کی بھی تین حالتیں ہیں،گویا جدِ صحیح کے احوال بعینہٖ والد کی طرح ہیں مگر چار مسائل میں والد اور جدِ صحیح کے درمیان فرق ہے:

① حقیقی وعلاتی بھائی وبہن والد کی موجودگی میں بالاتفاق ساقط ہو جاتے ہیں مگر دادا کی موجودگی میں صاحبینؒ کے نزدیک ساقط نہیں ہوتے جبکہ امام صاحبؒ کے نزدیک یہاں بھی ساقط ہو جاتے ہیں۔تو صاحبینؒ کے قول کے مطابق یہاں والد ودادا کی حالت میں فرق ہے۔② ورثاء میں زوجین میں سے کوئی ایک ہو اور ماں کے ساتھ باپ بھی ہو تو ماں کو میاں یا بیوی کا حصہ نکالنے

Maktaba Tul Ishaat.com

کے بعد مابقیہ کا ثلث ملے گا، مگر باپ کی جگہ دادا ہو تو طرفینؒ کے نزدیک کُل مال کا ثلث ملے گا اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک یہاں بھی مابقیہ کا ثلث ملے گا۔ تو طرفینؒ کے قول کے مطابق یہاں والد و دادا کی حالت میں فرق ہے۔ ④ والد کی موجودگی میں دادی ساقط ہو جاتی ہے اور دادا کی موجودگی میں دادی ساقط نہیں ہوتی۔ ⑤ میت نے ورثاء میں مولی عتاقہ (معتِق) کا باپ اور بیٹا چھوڑا ہو تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک باپ کو سدس اور بقیہ بیٹے کو ملے گا، لیکن اگر ورثاء میں مولی عتاقہ (معتِق) کا دادا اور بیٹا ہو تو کُل مال معتِق کے بیٹے کو ملے گا اور طرفینؒ کے نزدیک دونوں صورتوں میں کُل مال معتِق کے بیٹے کو ہی ملے گا۔ تو امام ابو یوسفؒ کے قول کے مطابق یہاں والد و دادا کی حالت میں فرق ہے۔ (طرازی)

③ و ④ والد کے احوال و مسئلہ کی تخریج:۔کما مرّ فی الشق الثانی من السوال الثالث ۱۴۳۵ و ۱۴۴۰ھ۔

**الشق الثانی** ......الرد ضد العول.... ثم مسائل الباب علی اقسام اربعة: احدها ان یکون فی المسائل جنس واحد ممن یرد علیه عند عدم من لا یرد علیه.... کما لو ترک بنتین.... والثانی اذا اجتمع فی المسئلة جنسان او ثلاثة اجناس ممن یرد علیه عند عدم من لا یرد علیه....اعنی من الاثنین اذا کان فی المسئلة سدسان.... و الثالث ان یکون مع الاول من لایرد علیه کزوج و ست بنات.... والرابع ان یکون مع الثانی من لایرد علیه کزوجة واربع جدات و ست اخوات لام ....الخ۔

رد کی لغوی و اصطلاحی تعریف کریں۔ رد کے مسائل کی چاروں قسموں کی مثالوں سے وضاحت کریں۔ اگر کسی عورت کا انتقال ہو جائے اور اس کے پسماندگان میں شوہر اور پانچ بیٹیاں ہوں تو ترکہ کی تقسیم کس طرح ہوگی؟۔

﴿خلاصہ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں: ① رد کی لغوی و اصطلاحی تعریف ② رد کے مسائل کی چاروں اقسام کی وضاحت ③ مسئلہ کی تخریج۔

**جواب** ...... ① رد کی لغوی و اصطلاحی تعریف:۔کما مرّ فی الشق الاول من السوال الثالث ۱۴۳۴ھ۔

② رد کے مسائل کی چاروں اقسام کی وضاحت:۔ رد کے مسائل کی چار اقسام ہیں: ① ورثاء میں مَن یُرَدُّ علیہ کی صرف ایک جنس ہو اور مَن لایُرَدُّ علیہ میں سے کوئی وارث نہ ہو تو یہ مسئلہ مَن یُرَدُّ علیہ ورثاء کی تعداد سے بنایا جائے گا، مثلاً ورثاء میں صرف دو بیٹیاں ہیں تو مسئلہ دو سے بنے گا، ورثاء میں صرف تین بہنیں ہیں تو مسئلہ تین سے بنے گا، ورثاء میں صرف چار دادیاں ہیں تو مسئلہ چار سے بنے گا، سب کو ایک ایک حصہ ملے گا۔ ② ورثاء میں مَن یُرَدُّ علیہ کی متعدد اجناس ہوں اور مَن لایُرَدُّ علیہ میں سے کوئی وارث نہ ہو تو یہ مسئلہ مَن یُرَدُّ علیہ ورثاء کے مجموعۂ سہام سے بنایا جائے گا، مثلاً سہام میں صرف دو سدس (جدہ۔ اُخت لام) ہیں تو مسئلہ دو سے بنے گا، سہام میں ثلث و سدس (اخ لام۔ ام) ہیں تو مسئلہ تین سے بنے گا، سہام میں نصف و سدس (بنت۔ بنت الابن) ہیں تو مسئلہ چار سے بنے گا، سہام میں ثلثان و سدس (بنتان۔ ام) ہیں، یا سہام میں نصف و سدسان (بنت۔ بنت الابن۔ ام) ہیں، یا سہام میں نصف و ثلث (اخت۔ ام) ہیں تو مسئلہ پانچ سے بنے گا۔ ③ ورثاء میں مَن یُرَدُّ علیہ کی ایک جنس کے ساتھ مَن لایُرَدُّ علیہ میں سے بھی کوئی وارث ہو تو یہ مسئلہ مَن لایُرَدُّ علیہ کے سہام سے بنا کر اُسے دے دیا جائے، پھر اگر بقیہ سہام مَن یُرَدُّ علیہ کی تعداد کے برابر

ہوں تو ان کو وہی بقیہ سہام دے دیئے جائیں گے جیسے ورثاء میں ایک زوج (ربع) اور تین بیٹیاں (ثلثان) ہیں تو یہ مسئلہ چار سے بنے گا، زوج کو ربع دینے کے بعد بقیہ تین سہام تین بیٹیوں پر برابر تقسیم ہو رہے ہیں۔ اگر بقیہ سہام من یرد علیہ کی تعداد کے برابر نہ ہوں تو مابقیہ سہام اور من یرد علیہ کی تعداد میں نسبت دیکھیں گے اگر توافق یا تداخل کی نسبت ہو تو من یرد علیہ کے وفق یا دخل کو اصل مسئلہ میں ضرب دیں گے مثلاً

مسئلہ بقیہ ۳ اصل مسئلہ ۴ مضروب چھ کا دخل ۲ تصحیح ۸

میـــــــــــــــت

| زوج | ٦ بنات |
| --- | --- |
| ربع | ثلثان |
| ۱x۲=۲ | ۳x۲=٦ |

اگر بقیہ سہام من یرد علیہ کی تعداد کے برابر نہ ہوں اور مابقیہ سہام اور من یرد علیہ کی تعداد میں تباین کی نسبت ہو تو من یرد علیہ کے کل کو اصل مسئلہ میں ضرب دیں گے مثلاً

مسئلہ بقیہ ۳ اصل مسئلہ ۴ مضروب ۵ تصحیح ۲۰

میـــــــــــــــت

| زوج | ۵ بنات |
| --- | --- |
| ربع | ثلثان |
| ۱x۵=۵ | ۳x۵=۱۵ |

④ ورثاء میں من یرد علیہ کی متعدد اجناس ہوں اور من لا یرد علیہ میں سے بھی کوئی وارث ہو تو من یرد علیہ اور اور من لا یرد علیہ دونوں قسم کے ورثاء کے الگ الگ مسئلے بنائے جائیں گے پھر اگر من لا یرد علیہ کو دینے کے بعد اسکے مابقیہ اور من یرد علیہ کے مسئلہ میں تماثل کی نسبت ہو تو مابقیہ من یرد علیہ کو دے دیا جائے گا اور من لا یرد علیہ کا مخرج ہی من یرد علیہ کا مخرج ہو گا مثلاً

مسئلہ بقیہ ۳ اصل مسئلہ ۴ مضروب ۱۲ تصحیح ۴۸

میـــــــــــــــت

| زوجہ | ۴ جدات | ۱٦ اخوات لام |
| --- | --- | --- |
| ربع | سدس | ثلث |
| ۱x۱۲=۱۲ | ۱x۱۲=۱۲ | ۲x۱۲=۲۴ |

اگر من لا یرد علیہ کو دینے کے بعد اسکے مابقیہ اور من یرد علیہ کے مسئلہ میں تماثل کی نسبت نہ ہو تو من یرد علیہ کے مسئلہ کو من لا یرد علیہ کے مسئلہ میں ضرب دیں گے، حاصل ضرب سے مسئلہ بنے گا مثلاً

مسئلہ بقیہ ۷ مسئلہ ٦ رد ۵۔ ۸ مضروب ۵ = ۴۰۔ ۴۰x۳٦ = تصحیح ۱۴۴۰

میـــــــــــــــت

Maktaba Tul Ishaat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۳ازوجہ | ۹بنات | ۲جدات |
| ثمن | ثلثان | سدس |
| ۱×۵=۵ | ۴×۷=۲۸ | ۱×۷=۷ |
| ۵×۳۶=۱۸۰ | ۲۸×۳۶=۱۰۰۸ | ۷×۳۶=۲۵۲ |
| فی زوجہ ۶۰ | فی بنت ۱۱۲ | فی جدہ ۱۲۶ |

❸ مسئلہ کی تخریج:۔کما مرّ فی الشق الثانی من السوال الثالث ۱۴۳۴ھ۔

## ﴿الورقة الخامسة : فی البلاغة﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ ۱۴۴۱ھ

**الشق الاوّل**.....وَيُعْرَفُ التَّنَافُرُ بِالذَّوْقِ وَمُخَالَفَةُ الْقِيَاسِ بِالصَّرْفِ وَ ضَعْفُ التَّالِيْفِ وَالتَّعْقِيْدُ اللَّفْظِيُّ بِالنَّحْوِ وَالْغَرَابَةُ بِكَثْرَةِ الْإِطِّلَاعِ عَلٰى كَلَامِ الْعَرَبِ وَالتَّعْقِيْدُ الْمَعْنَوِيُّ بِالْبَيَانِ وَالْاَحْوَالُ وَ مُقْتَضَيَاتُهَا بِالْمَعَانِيْ فَوَجَبَ عَلٰى طَالِبِ الْبَلَاغَةِ مَعْرِفَةُ اللُّغَةِ وَالصَّرْفِ وَالنَّحْوِ وَالْمَعَانِيْ وَالْبَيَانِ مَعَ كَوْنِهٖ سَلِيْمَ الذَّوْقِ كَثِيْرَ الْاِطِّلَاعِ عَلٰى كَلَامِ الْعَرَبِ۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔درج ذیل شعر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، محلِ استشہاد و وجہ استشہاد کی تعیین بھی کریں:

جزا بنوه ابا الغيلان عن كبر ......و حسن فعل كما يجزى سنمار

﴿ خلاصۂ سوال ﴾.....اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے:① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ شعر پر اعراب، ترجمہ، محلِ استشہاد و وجہ استشہاد کی تعیین۔

**جواب**..... ❶ عبارت پر اعراب:۔کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ تنافر پہچانا جاتا ہے ذوقِ سلیم سے اور مخالفتِ قیاس لغوی علم صرف سے اور ضعفِ تالیف و تعقیدِ لفظی علم نحو سے اور اور غرابت فی اسمع کلام عرب کا بکثرت مطالعہ کرنے سے اور تعقیدِ معنوی علم بیان سے اور احوال و احوال کے مقتضیات علم معانی سے پہچانے جاتے ہیں، پس علم بلاغت کے طالب پر لغت، صرف و نحو، علم معانی و علم بیان کی معرفت لازم ہونے کے ساتھ طالب کا سلیم الذوق اور کلام عرب کا بکثرت مطالعہ کرنے والا ہونا لازم ہے۔

❸ شعر پر اعراب، ترجمہ، محلِ استشہاد و وجہِ استشہاد کی تعیین:۔کما مرّ فی الشق الثانی من السوال الاول ۱۴۳۴ھ

**الشق الثانی**.....وَلِلتَّمَنِّيْ اَرْبَعُ اَدَوَاتٍ: وَاحِدَةٌ اَصْلِيَّةٌ وَهِيَ لَيْتَ وَ ثَلَاثَةٌ غَيْرُ اَصْلِيَّةٍ وَهِيَ هَلْ نَحْوُ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَا وَ لَوْ نَحْوُ فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَعَلَّ نَحْوُقَوْلِهٖ:

أَسِرْبَ الْقَطَا هَلْ مَنْ يُعِيْرُ جَنَاحَهٗ ......... لَعَلِّيْ اِلٰى مَنْ قَدْ هَوِيْتُ أَطِيْرُ

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ خبر وانشاء کی تعریف کے بعد مذکورہ شعر میں محلِ استشہاد و وجہِ استشہاد کی تعیین بھی کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ خبر و انشاء کی تعریف ④ شعر میں محلِ استشہاد و وجہِ استشہاد کی تعیین۔

جواب ...... ❶ عبارت پر اعراب: کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ: ادوات تمنی چار ہیں۔ ایک اصلی ہے اور وہ لیت ہے اور تین غیر اصلی ہیں، ان میں سے ایک هل ہے جیسے فهل لنا من شفعاء فيشفعوا لنا (اے کاش ہمارے لئے سفارش کرنے والے ہوتے کہ وہ ہماری سفارش کرتے) دوسرا حرف لَوْ ہے جیسے فلو ان لنا كرة فنكون من المؤمنين (کاش کہ ہمیں دنیا میں آنا دوبارہ نصیب ہوتا تو ہم ایمانداروں میں سے ہوتے) اور تیسرا حرف لَعلّ ہے جیسے شاعر کا یہ شعر ہے (اے قطا نامی پرندوں کی جماعت ! کیا کوئی مجھے اپنا پَر عاریت پر دے گا کاش کہ میں اپنے محبوب کے پاس اڑ کر پہنچ جاؤں)

❸ خبر وانشاء کی تعریف: کما مرّ فی الشق الاول من السوال الاول ۱۴۴۰ھ۔

❹ شعر میں محلِ استشہاد و وجہِ استشہاد کی تعیین: اس شعر میں محلِ استشہاد لَعلّ کا استعمال ہے یہ لفظ اپنے حقیقی معنی (ترجّی) میں مستعمل نہیں ہے کیونکہ ترجّی میں محبوب چیز کا ممکن بلکہ متوقع الحصول ہونا ضروری ہے اور یہاں محبوب چیز (پرندہ کا اپنے پَر انسان کو عاریۃً دینا اور اور پھر انسان کا وہ پَر لگا کر اڑنا) متوقع تو کیا ممکن ہی نہیں ہے۔ لہٰذا یہاں یہ حرف تمنّی کیلئے مستعمل ہے۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ۱۴۴۱ھ

الشق الاوّل ...... وَاَمَّا الْمَوْصُوْلُ فَيُؤْتٰى بِهٖ اِذَا تَعَيَّنَ طَرِيْقًا لِاِحْضَارِ مَعْنَاهُ كَقَوْلِكَ : اَلَّذِيْ كَانَ مَعَنَا اَمْسِ مُسَافِرٌ. اَمَّا اِذَا لَمْ يَتَعَيَّنْ طَرِيْقًا لِذٰلِكَ فَيَكُوْنُ لِاَغْرَاضٍ اُخْرٰى كَالتَّقْلِيْلِ نَحْوُ..... وَاِخْفَاءِ الْاَمْرِ عَنْ غَيْرِ الْمُخَاطَبِ نَحْوُ..... وَالتَّنْبِيْهِ عَلَى الْخَطَاِ نَحْوُ .............................

عبارت کا مطلب واضح کریں۔ محذوف مقامات پر امثلہ درج کریں۔ کلام کب معرفہ اور کب نکرہ لایا جاتا ہے؟ ضمیر اور علم کی غرضِ اصلی ذکر کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① عبارت کا مطلب ② محذوف مقامات پر امثلہ کا اندراج ③ کلام کو معرفہ و نکرہ لانے کا موقعہ محل ④ ضمیر اور علم کی غرضِ اصلی کی وضاحت۔

جواب ...... ❶ و ❷ عبارت کا مطلب و امثلہ کا اندراج: کما مرّ فی الشق الاول من السوال الثانی ۱۴۳۷ھ

❸ کلام کو معرفہ و نکرہ لانے کا موقعہ محل: جب متکلم کو یہ سمجھانا مقصود ہو کہ کلام کسی معیّن چیز کے ساتھ مربوط اور ملا ہوا ہے تو ایسی جگہ پر معرفہ کو ذکر کیا جاتا ہے اور جب متکلم کو یہ بات سمجھانا مقصود نہ ہو تو ایسی جگہ پر نکرہ کو ذکر کیا جاتا ہے۔

❹ ضمیر اور علم کی غرضِ اصلی: کما مرّ فی الشق الاول من السوال الثانی ۱۴۳۴ھ و فی السوال الاول ۱۴۳۷ھ

Maktaba Tul Ishaat.com

**الشق الثانی**۔۔۔۔ وینقسم باعتبار الطرفین ایضا الی ملفوف و مفروق فالملفوف ان یؤتی بمشبھین او اکثر ثم بالمشبه بھا نحو ے كَأَنَّ قُلُوْبَ الطَّيْرِ رَطْبًا وَيَابِسًا لدیٰ وَكْرِهَا الْعُنَّابُ وَالْحَشَفُ الْبَالِيْ۔
و المفروق ان یؤتی بمشبه ومشبه به ثم آخر و آخر نحو ے
اَلنَّشْرُ مِسْكٌ وَالْوُجُوْهُ دَنَا نِيْرُ وَأَطْرَافُ الْاَكُفِّ عَنَمٌ۔
تشبیہ ملفوف ومفروق، تسویہ و جمع کی تعریف کریں۔ دونوں اشعار پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، محل استشہاد و وجہ استشہاد کی تعیین کریں۔

**جواب** ...... تشبیہ تسویہ و جمع کی تعریف:۔ تشبیہ تسویہ: تشبیہ میں مشبہ بہ ایک ہو مگر اسکے مشبہ متعدد ہوں یعنی متعدد اشیاء کو ایک ہی شئی سے تشبیہ دی جائے، جیسے رشید الدین الوطواط کا شعر ہے ے صُدْغُ الْحَبِيْبِ وَ حَالِيْ كِلَاهُمَا كَاللَّيَالِيْ
(محبوب کی زلف اور میرا حال، یہ دونوں رات کی طرح سیاہ ہیں) اس شعر میں مشبہ بہ (لیالی) ایک ہی چیز ہے اور مشبہ (صدغ حبیب، حال شاعر) دو چیزیں ہیں۔ تشبیہ جمع: تشبیہ میں مشبہ ایک ہو مگر اسکے مشبہ بہ متعدد ہوں یعنی متعدد اشیاء کے ساتھ ایک ہی شئی کو تشبیہ دی جائے، جیسے بحتری کا شعر ہے ے كَأَنَّمَا يَبْسِمُ عَنْ لُؤْلُؤٍ مُنَضَّدٍ أَوْ بَرَدٍ أَوْ أَقَاحِ
(گویا کہ وہ (محبوب) ہنستا ہے بالترتیب موتیوں سے یا اولوں سے یا گل بابونہ سے) اس شعر میں مشبہ صرف ایک ہی چیز (دانت) ہے اور مشبہ بہ (لؤلؤ، برد، اقاح) متعدد اشیاء ہیں۔

(**نوٹ**: بقیہ جواب کما مرّ فی الشق الثانی من السوال الثانی ١٤٣٨ھ)

## ﴿السوال الثالث﴾ ١٤٤١ھ

**الشق الاوّل**۔۔۔۔ اَلْاِسْتِعَارَةُ هِيَ مَجَازٌ عَلَاقَتُهُ الْمُشَابَهَةُ، كَقَوْلِهٖ تَعَالٰی: ﴿كِتَابٌ أَنْزَلْنٰهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّوْرِ ﴾أَيْ: مِنَ الضَّلَالِ إِلَى الْهُدٰى فَقَدِ اسْتُعْمِلَتِ الظُّلُمَاتُ وَ النُّوْرُ فِيْ غَيْرِ مَعْنَاهُمَا الْحَقِيْقِيِّ، وَ الْعَلَاقَةُ الْمُشَابَهَةُ بَيْنَ الضَّلَالِ وَ الظَّلَامِ وَ الْهُدٰى وَ النُّوْرِ وَ الْقَرِيْنَةُ مَا قَبْلَ ذٰلِكَ۔
استعارہ کی تعریف اور مثال کی وضاحت کریں۔ استعارے کی اقسام کی تعریف مثالوں سے واضح کریں۔ و أصل الاستعارة تشبية حذف أحد طرفيه ووجه شبهه وأداته کی تشریح کریں۔

**جواب** ...... مکمل جواب کما مرّ فی الشق الاول من السوال الثانی ١٤٣٩ھ وفی الشق الثانی من السوال الثالث ١٤٤٠ھ

**الشق الثانی**۔۔۔۔ الجناس هو تشابه اللفظين في النطق لا في المعنى ويكون تاما و غير تام فالتام ما....وهو متماثل.... ومستوفى.... ومتشابه.... ومفروق....وغير التام ما....وهو محرف.... ومطرف....ومذيل....ومضارع....ولاحق....وجناس قلب....
جناس کی لغوی واصطلاحی تعریف مثال سے واضح کریں۔ جناس کی مذکورہ اقسام کی تعریف مثالوں سمیت لکھیں۔ درج ذیل شعر میں محل استشہاد واضح کریں ے لَمْ نَلْقَ غَيْرَكَ إِنْسَانًا يُلَاذُ بِهٖ فَلَا بَرِحْتَ لِعَيْنِ الدَّهْرِ إِنْسَانًا

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① جناس کی لغوی و اصطلاحی تعریف ② جناس کی مذکورہ اقسام کی تعریف مع امثلہ ③ شعر میں محلِ استشہاد کی وضاحت۔

**جواب**...... ❶ **جناس کی لغوی واصطلاحی تعریف:۔** لغوی معنی مشابہ وہم جنس ہونا۔ اصطلاح میں جناس یہ ہے کہ دو الفاظ لفظ وتلفظ میں یکساں ہوں مگر معنی میں مخالف ہوں۔

❷ **جناس کی مذکورہ اقسام کی تعریف مع امثلہ:۔** جناس کی ابتداءً دو اقسام ہیں:

① **تام:** ایسے دو یکساں الفاظ جن کے حروف کی ہیئت، نوع، عدد اور ترتیب میں موافقت ہو۔ پھر اسکی چار اقسام ہیں:

**متماثل:** (مماثل) ایسا جناس جس کے دو لفظ ایک ہی نوع کے ہوں یعنی دونوں اسم یا فعل یا حرف ہوں، جیسے معری کا شعر ہے ؎ لَمْ نَلْقَ غَيْرَكَ إِنْسَانًا يُلَاذُ بِهٖ فَلَا بَرِحْتَ لِعَيْنِ الدَّهْرِ إِنْسَانًا (ہم نے آپ کے علاوہ کوئی ایسا شخص نہیں پایا جسکی مدد و پناہ طلب کی جائے، ہماری دعا ہے کہ آپ ہمیشہ اہلِ زمانہ کی آنکھ کی پتلی اور ان کے منظورِ نظر بنے رہیں)

**مستوفی:** ایسا جناس جس کے دو لفظ دو الگ الگ نوع کے ہوں یعنی ان میں سے ایک فعل اور دوسرا اسم ہو، جیسا ابن خفاجہ کا شعر ہے ؎ فَدَارِهِمْ مَا دُمْتَ فِيْ دَارِهِمْ وَأَرْضِهِمْ مَا دُمْتَ فِيْ أَرْضِهِمْ (جب تک تو ان کے دیار میں رہے تو ان کے ساتھ حسنِ سلوک سے رہ اور جب تک تو ان کی بستی میں رہے تو ان کو خوش رکھ)

**متشابہ:** ایسا جناس جس کے دو لفظ میں سے ایک مرکب اور دوسرا مفرد ہو اور وہ دونوں لکھنے میں یکساں ہوں، جیسا ابو الفتح بستی کا شعر ہے ؎ إِذَا مَلِكٌ لَمْ يَكُنْ ذَاهِبَةٍ فَدَعْهُ فَدَوْلَتُهٗ ذَاهِبَهْ (جب کوئی بادشاہ داد و دہش والا نہ ہو تو اُسے چھوڑ دو اسلئے کہ اسکی حکومت جانے والی ہے)

**مفروق:** ایسا جناس جس کے دو لفظ میں سے ایک مرکب اور دوسرا مفرد ہو اور وہ دونوں لکھنے میں یکساں و موافق نہ ہوں، جیسے ابو الفتح بستی کا شعر ہے ؎ كُلُّكُمْ قَدْ أَخَذَ الْجَامَ وَلَا جَامَ لَنَا مَا الَّذِيْ ضَرَّ مُدِيْرَ الْجَامِ لَوْ جَامَلَنَا (تم میں سے ہر شخص نے جام لے لیا اور ہمیں جام نہ ملا، اس ساقی کا کیا نقصان ہوتا اگر وہ ہمارے ساتھ بھی اچھا برتاؤ کرتا)

② **غیر تام:** ایسے دو یکساں الفاظ جن کے حروف کی ہیئت، نوع، عدد اور ترتیب میں سے کسی ایک میں اختلاف اور باقی تین میں موافقت ہو۔ پھر اسکی چھ اقسام ہیں:

**محرف:** ایسا جناس جس کے دو لفظوں میں صرف ہیئتِ حروف (حرکات و سکنات) کے اعتبار سے اختلاف ہو، جیسے عربی کا مقولہ ہے: جُبَّةُ الْبُرْدِ جُنَّةُ الْبَرْدِ (اُونی جبہ سردی و جاڑے کیلئے ڈھال ہے) اس میں بُرْد، بَرْد کی حرکت میں اختلاف ہے۔

**مطرف:** ایسا جناس جس کے دو لفظوں میں حروف کی تعداد کے اعتبار سے اختلاف ہو یعنی ایک کے حروف کم اور دوسرے کے زیادہ ہوں اور یہ زیادتی طرفِ اول یعنی کلمہ کے شروع میں ہو، جیسے شاعر کا شعر ہے ؎ إِنْ كَانَ فِرَاقُنَا مَعَ الصُّبْحِ بَدَا لَا أَسْفَرَ بَعْدَ ذَاكَ صُبْحٌ أَبَدَا (اگر صبح ہوتے ہی ہمارے درمیان فراق ہونے والا ہو تو خدا کرے اسکے بعد کبھی صبح ہی طلوع نہ ہو) اس میں بَدَا کے مقابلہ میں أَبَدَا کے شروع میں الف زائد ہے، بقیہ تین اشیاء میں یکسانیت ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مذیل: ایسا جناس جس کے دولفظوں میں حروف کی تعداد کے اعتبار سے اختلاف ہو یعنی ایک کے حروف کم اور دوسرے کے زیادہ ہوں اور یہ زیادتی کلمہ کے اخیر میں ہو، جیسے ابوتمام کا شعر ہے ؎ وَيَمُدُّوْنَ مِنْ اَيْدٍ عَوَاصٍ عَوَاصِمٍ تَصُوْلُ بِاَسْيَافٍ قَوَاضٍ قَوَاضِبِ (وہ لوگ لڑائی کیلئے ایسے دست و بازو بڑھاتے ہیں جو دشمن پر لاٹھی چلانے والے اور دوستوں کی حفاظت کرنے والے ہیں اور ایسی تلواروں کے ذریعے حملہ کرتے ہیں جو ہلاکت کا فیصلہ کرنے والی اور کاٹنے والی ہیں) اس میں قَوَاضٍ کے مقابلہ میں قَوَاضِبِ کے آخر میں باء زائد ہے، بقیہ تین اشیاء میں یکسانیت ہے۔

مضارع: ایسا جناس جس کے دولفظوں کے تمام حروف میں یکسانیت ہو صرف ایک حرف میں فرق ہو اور یہ فرق والے دونوں حروف قریب المخرج ہوں جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے: يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَ يَنْئَوْنَ عَنْهُ (یہ لوگ آپ ﷺ کی اتباع سے دوسروں کو بھی روکتے ہیں اور خود بھی اس سے دور رہتے ہیں) اس میں يَنْهَوْنَ و يَنْئَوْنَ میں صرف ہاء و ہمزہ کا فرق ہے جو کہ ایک ہی مخرج (اقصائے حلق) سے نکلنے والے حروف ہیں، بقیہ سب اشیاء میں یکسانیت ہے۔

لاحق: ایسا جناس جس کے دولفظوں کے تمام حروف میں یکسانیت ہو صرف ایک حرف میں فرق ہو اور یہ فرق والے دونوں حروف بعید المخرج ہوں جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے: اِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ وَ اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ (یہ کافر انسان اپنی ناشکری پر خود زبان حال سے گواہ ہے اور یہ مال کی محبت میں بہت سخت ہے) اس میں لَشَهِيْدٌ و لَشَدِيْدٌ میں صرف ہاء و دال کا فرق ہے جو کہ بعید المخرج (اقصائے حلق۔ زبان کی نوک و ثنایا علیا کی جڑ) حروف ہیں۔

قلب: ایسا جناس جس کے دولفظوں کے تمام حروف کی ہیئت، تعداد و نوع میں تو یکسانیت ہو صرف حروف کی ترتیب بالکل برعکس ہو، جیسے نيل و لين (مشہور دریا و نرمی) سلق و قلس (چغلی و قساوت والا آدمی) (مفتاح البلاغہ)

③ شعر میں محلِ استشہاد کی وضاحت:۔ لَمْ نَلْقَ غَيْرَكَ اِنْسَانًا يُلَاذُ بِهٖ فَلَا بَرِحْتَ لِعَيْنِ الدَّهْرِ اِنْسَانًا

اس شعر میں انسانا کا لفظ دو مرتبہ استعمال کیا گیا ہے، ان دونوں میں ہیئت، نوع، عدد اور ترتیب میں موافقت و یکسانیت ہے۔

## ﴿الورقة السادسة : فى الادب العربى و العقيدة﴾

## ﴿السوال الاوّل﴾ (مختارات) ۱۴۴۱ھ

**الشق الاول** ...... وَغَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ تِلْكَ الْغَزْوَةَ حِيْنَ طَابَتِ الثِّمَارُ وَالظِّلَالُ وَتَجَهَّزَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهٗ فَطَفِقْتُ اَغْدُوْ لِكَيْ اَتَجَهَّزَ مَعَهُمْ فَاَرْجِعُ وَلَمْ اَقْضِ شَيْئًا فَاَقُوْلُ فِيْ نَفْسِيْ وَاَنَا قَادِرٌ عَلَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ يَتَمَادٰى بِيْ حَتّٰى اشْتَدَّ الْجِدُّ فَاَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهٗ وَلَمْ اَقْضِ مِنْ جِهَازِيْ شَيْئًا فَقُلْتُ اَتَجَهَّزُ بَعْدَهٗ بِيَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ ثُمَّ اَلْحَقُهُمْ فَغَدَوْتُ بَعْدَ اَنْ فَصَلُوْا لِاَتَجَهَّزَ فَرَجَعْتُ وَلَمْ اَقْضِ شَيْئًا ثُمَّ غَدَوْتُ فَرَجَعْتُ وَلَمْ اَقْضِ شَيْئًا۔ (ص-۱ مجلس اشرات اسلام) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز الفاظ مخطوطہ کی صرفی تحقیق کریں۔

**جواب** ...... مکمل جواب کما مرّ فی الشق الاول من السوال الاول ۱۴۳۱ھ۔

**الشق الثانی** ---حَكٰى اِبْنُ حِبَّانَ الْبُسْتِيُّ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ اَحْمَدَ الْقَطَّانِ الْبَغْدَادِيِّ بِتُسْتَرَ قَالَ كَانَ لَنَا جَارٌ بِبَغْدَادَ كُنَّا نُسَمِّيْهِ طَبِيْبَ الْقُرَّاءِ كَانَ يَتَفَقَّدُ الصَّالِحِيْنَ وَ يَتَعَاهَدُهُمْ فَقَالَ لِيْ دَخَلْتُ يَوْمًا عَلٰى اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ فَإِذَا هُوَ مَغْمُوْمٌ مَكْرُوْبٌ فَقُلْتُ مَالَكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ خَيْرٌ قُلْتُ وَ مَا الْخَيْرُ؟ قَالَ اُمْتُحِنْتُ بِتِلْكَ الْمِحْنَةِ حَتّٰى ضُرِبْتُ ثُمَّ عَالَجُوْنِيْ وَ بَرَأْتُ اِلَّا اَنَّهُ بَقِيَ فِيْ صُلْبِيْ مَوْضِعٌ يُوْجِعُنِيْ هُوَ اَشَدُّ عَلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ الضَّرْبِ قَالَ قُلْتُ اكْشِفْ لِيْ عَنْ صُلْبِكَ فَكَشَفَ لِيْ فَلَمْ اَرَ فِيْهِ اِلَّا اَثَرَ الضَّرْبِ فَقَطْ. (استقامة الامام احمد بن حنبل وکرمہ)

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز الفاظ مخطوطہ کی صرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں: ① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ الفاظ مخطوطہ کی صرفی تحقیق

**جواب**...... ❶ عبارت پر اعراب: کما مرّ فی السوال آنفا۔

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ ابن حبان بستی نے اسحاق بن احمد قطان بغدادی سے تستر میں نقل کیا، فرمایا کہ بغداد میں ہمارا ایک پڑوسی تھا جس کا نام ہم طبیب القراء رکھتے تھے، وہ نیک صالح لوگوں کو تلاش کرتا تھا اور ان کا خیال رکھتا تھا، اس نے مجھ سے کہا کہ میں ایک دن امام احمد بن حنبل کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ اس وقت غمگین و بے چین تھے، میں نے عرض کیا کہ اے ابوعبداللہ! آپ کو کیا (تکلیف) ہے؟ انہوں نے کہا کہ خیریت ہے، میں نے عرض کیا کہ پھر بھی خیریت کے ساتھ (آپ کو کوئی تکلیف ہے؟) فرمایا کہ مجھے اس آزمائش میں آزمایا گیا حتی کہ مجھے مارا گیا، پھر انہوں نے میرا علاج کیا اور میں تندرست ہو گیا مگر میری پشت میں ایک جگہ باقی ہے جو مجھے تکلیف دیتی ہے جو میرے لئے اس مار سے بھی زیادہ سخت ہے، میں نے عرض کیا کہ میرے لئے اپنی پشت سے کپڑا کھولو (ہٹاؤ) انہوں نے کپڑا دور کیا تو مجھے مار کے نشان کے علاوہ کچھ نظر نہیں آیا۔

❸ الفاظ مخطوطہ کی صرفی تحقیق:۔ نُسَمِّيْهِ: صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر تَسْمِيَةٌ (تفعیل۔ناقص) بمعنی نام رکھنا۔

يَتَفَقَّدُ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر تَفَقُّدًا (تفعل) بمعنی تلاش کرنا۔

يَتَعَاهَدُ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر تَعَاهُدًا (تفاعل) بمعنی حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔

مَكْرُوْبٌ: صیغہ واحد مذکر بحث اسم مفعول از مصدر كَرْبًا (نصر) بمعنی غمگین ہونا۔

عَالَجُوْنِيْ: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر مُعَالَجَةٌ (مفاعلہ) بمعنی علاج کرنا۔

يُوْجِعُنِيْ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر اِيْجَاعًا (افعال۔مثال) بمعنی تکلیف دینا۔ خونریزی کرنا۔

لَمْ اَرَ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی جحد بلم معلوم از مصدر رُؤْيَةٌ (فتح۔مہموز) بمعنی دیکھنا۔

## ﴿السوال الثانی﴾ ١٤٤١ھ

**الشق الاوّل**......قيل فما الذى يبرّد غليلك؟ قال الظفر بالملك قيل فاطلبه قال لا يطلب الّا بالاهوال قيل فاركب الاهوال قال العقل مانع قيل فما تصنع؟ قال ساجعل من عقلى جهلًا و احاول به خطرًا لا

Maktaba Tul Ishaat.com

ینال الّا بالجہل و ادبر بالعقل ما لا یحفظ الّا بہ فانّ الخمول اخو العدم فنظرت الی حال ھٰذا المسکین فاذا بہ قد ضیّع اھمّ المھمّات و ھو جانب الآخرۃ و انتصب فی طلب الولایات . (ملا الہمۃ)

عبارت کا ترجمہ کریں نیز الفاظ مخطوطہ کی صرفی تحقیق کریں۔ساجعل من عقلی جھلًا کی ترکیب کریں۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز الفاظ مخطوطہ کی صرفی تحقیق کریں۔

﴿خلاصہ سوال﴾.....اس سوال میں تین امور مطلوب ہیں: ① عبارت کا ترجمہ ② الفاظ مخطوطہ کی صرفی تحقیق ③ جملہ کی ترکیب۔

**جواب**..... ① عبارت کا ترجمہ:۔ ان (ابومسلم خراسانی ") سے کہا گیا کہ آپ کی سخت پیاس کو کون سی چیز ٹھنڈا کرے گا؟ انہوں نے کہا حکومت کے حصول میں کامیاب ہونا،ان سے کہا گیا کہ پھر حکومت طلب کرو انہوں نے کہا کہ یہ مصائب کے بغیر حاصل نہیں ہوسکتی، ان سے کہا گیا کہ مشقت برداشت کرو، انہوں نے کہا کہ عقل روکتی ہے، ان سے کہا گیا کہ پھر آپ کیا کریں گے؟ انہوں نے کہا کہ عنقریب میں اپنی عقل سے جہالت برتوں گا اور اسکے ذریعہ ایسا بلند مرتبہ حاصل کروں گا جو جہل کے بغیر حاصل نہ ہوسکتا ہو اور عقل کے ذریعہ ایسی تدبیر کروں گا جس کی حفاظت صرف عقل کے ذریعہ ہی ہوسکتی ہو اسلئے کہ گمنامی فقر و مفلسی کا بھائی ہے، پس میں نے اس مسکین کے حال کی طرف دیکھا (غور کیا) تو معلوم ہوا کہ اس نے سب سے اہم مقصد کو ضائع کردیا اور وہ آخرت کی جانب ہے اور وہ حکومتوں کے حصول میں کھڑا رہا۔

② الفاظ مخطوطہ کی صرفی تحقیق:۔ اَلْخُمُوْلُ : یہ باب نصر کا مصدر ہے بمعنی پوشیدہ و کمزور ہونا۔

غَلِیْلٌ : یہ اسم ہے بمعنی کینہ۔ سخت پیاس۔ مصدر (ضرب۔مضاعف) بمعنی کینہ و دھوکہ فریب والا ہونا۔

اَلْاَھْوَالُ : یہ جمع ہے اس کا مفرد ھَوْلٌ ہے بمعنی خوف۔ مصدر ھَوْلًا (نصر۔اجوف) بمعنی گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوفناک ہونا۔

اُحَاوِلُ : صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از مصدر مُحَاوَلَۃً (مفاعلہ۔اجوف) بمعنی حیلہ سے طلب کرنا۔

ضَیَّعَ : صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر تَضْیِیْعًا (تفعیل۔اجوف) بمعنی ضائع و تلف کرنا۔

اِنْتَصَبَ : صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر اِنْتِصَابًا (افتعال) بمعنی کھڑا ہونا۔ بلند ہونا۔

③ جملہ کی ترکیب:۔ س علامت فعل برائے استقبال قریب اجعل فعل وفاعل من جارہ عقلی مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور، جار و مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے، جھلا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل متعلق و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

**الشق الثانی**.....اِعْلَمْ اَنَّ الْعَجَمَ وَالرُّوْمَ لَمَّا تَوَارَثُوا الْخِلَافَةَ قُرُوْنًا كَثِيْرَةً وَ خَاضُوْا فِیْ لَذَّةِ الدُّنْيَا وَنَسُوا الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَاسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ تَعَمَّقُوْا فِیْ مَرَافِقِ الْمَعِيْشَةِ وَتَبَاهَوْا بِهَا وَوَرَدَ عَلَيْهِمْ حُكَمَاءُ الْاٰفَاقِ يَسْتَنْبِطُوْنَ لَهُمْ دَقَائِقَ الْمَعَاشِ وَمَرَافِقَهٗ فَمَازَالُوْا يَعْمَلُوْنَ بِهَا وَيَزِيْدُ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَيَتَبَاهَوْنَ بِهَا حَتّٰى قِيْلَ : اِنَّهُمْ كَانُوْا يُعَيِّرُوْنَ مَنْ كَانَ يَلْبَسُ مِنْ صَنَادِيْدِهِمْ مِنْطَقَةً اَوْ تَاجًا قِيْمَتُهَا دُوْنَ مِائَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ (ص ۱۳۳۔مجلس اشراف اسلام)

عبارت کا ترجمہ کریں۔خط کشیدہ کلمات کی صرفی تحقیق کریں۔تاجًا منصوب کیوں ہے؟

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① عبارت کا ترجمہ ② خط کشیدہ کلمات کی صرفی تحقیق ③ تَاجًا کے نصب کی وجہ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت کا ترجمہ:۔ کما مرّ فی الشق الاول من السوال الاول ۱۴۲۹ھ۔

❷ خط کشیدہ کلمات کی صرفی تحقیق:۔ یُعَیِّرُوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از مصدر تَعْیِیْرًا (تفعیل۔ اجوف) بمعنی عار کی طرف نسبت کرنا۔ عار دلانا۔

تَوَارَثُوا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر تَوَارُثًا (تفاعل۔ مثال) بمعنی باہم وارث ہونا۔

خَاضُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر خَوْضًا (نصر۔ اجوف) بمعنی داخل ہونا و گھسنا۔

نَسُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر نَسْیًا و نِسْیَانًا (سمع۔ ناقص) بمعنی بھولنا۔

اِسْتَحْوَذَ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر اِسْتِحْوَاذًا (استفعال۔ اجوف) بمعنی غالب ہونا۔

تَعَمَّقُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر تَعَمُّقًا (تفعل) بمعنی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کرنا۔

تَبَاهَوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مصدر مُبَاهَاةً (مفاعلہ۔ ناقص) بمعنی باہم فخر کرنا۔

❸ تَاجًا کے نصب کی وجہ:۔ یہ لفظ یلبس فعل کا مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

## ﴿السوال الثالث﴾ (عقیدہ طحاویہ) ۱۴۴۱ھ

**الشق الاول** ...... خَلَقَ الْخَلْقَ بِعِلْمِهٖ وَ قَدَّرَ لَهُمْ اَقْدَارًا وَ ضَرَبَ لَهُمْ آجَالًا وَ لَمْ يَخْفَ عَلَيْهِ شَيْءٌ مِنْ اَفْعَالِهِمْ قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَهُمْ وَ عَلِمَ مَا هُمْ عَامِلُوْنَ قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَهُمْ.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ تقدیر کسے کہتے ہیں؟ مسئلۂ تقدیر پر مختصر نوٹ لکھیں۔

﴿خلاصۂ سوال﴾......اس سوال کا حل تین امور ہیں: ① عبارت پر اعراب ② عبارت کا ترجمہ ③ تقدیر کا معنی و مسئلۂ تقدیر پر نوٹ۔

**جواب** ...... ❶ عبارت پر اعراب:۔ کما مرّ فی السوال آنفا.

❷ عبارت کا ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو اپنے علم کے ساتھ پیدا کیا اور ان کیلئے تقدیر بنائی اور ان کیلئے عمریں مقرر کیں اور انکی پیدائش سے پہلے ہی ان کے افعال میں سے کوئی چیز اس پر مخفی و پوشیدہ نہ تھی اور انکی پیدائش سے پہلے ہی اس کو معلوم تھا کہ وہ کیا عمل کریں گے۔

❸ تقدیر کا معنی و مسئلۂ تقدیر پر نوٹ:۔ قدر کا لغوی معنی اندازہ کرنا اور قضاء کا لغوی معنی فیصلہ کرنا ہے اور اصطلاح میں اللہ تعالیٰ کے حکم کلی اجمالی ازلی کو قضاء کہتے ہیں اور اس حکم کی جزئیات و تفصیلات کو قدر کہتے ہیں اور بعض حضرات نے دونوں کو مترادف کہا ہے۔ حضرت نانوتویؒ نے فرمایا کہ معاملہ اسکے برعکس ہے احکام اجمالیہ کا علم قدر ہے اور احکام تفصیلیہ کا علم قضاء ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ قضاء و قدر دونوں آپس میں لازم و ملزوم ہیں اسلئے کہ قدر بمنزل بنیاد کے ہے اور قضاء بمنزل عمارت کے ہے اور امام راغب فرماتے ہیں کہ قضاء قدر سے خاص ہے اور قدر قضاء سے عام ہے اور بعض حضرات نے کہا ہے کہ قدر اس تقشے

Maktaba Tul Ishaat.com

کا نام ہے جو مصور کے ذہن میں اولاً ہوتا ہے اور قضا اس صورت خارجیہ کا نام ہے جو مصور خارج میں تیار کرتا ہے۔ (تکمیل الدین ص۱۱۰)

**نوٹ:** تقدیر پر ایمان لانا فرض اور لازم ہے یعنی وجود ایمان کیلئے یہ اعتقاد رکھنا ضروری ہے کہ بندوں کے تمام اعمال خواہ وہ نیک ہوں یا بد، ان کے پیدا ہونے سے پہلے ہی لوح محفوظ میں لکھ دیئے گئے ہیں، بندہ سے جو عمل بھی سرزد ہوتا ہے وہ اللہ کے علم و اندازہ کے مطابق ہوتا ہے، لیکن اللہ نے انسان کو عقل و دانش کی دولت سے نواز کر اس کے سامنے نیکی اور بدی دونوں راستے واضح کر دیئے ہیں اور ان پر چلنے کا اختیار دے دیا اور بتا دیا کہ اگر نیکی کے راستہ کو اختیار کرو گے تو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا باعث ہوگا جس پر جزا و انعام سے نوازے جاؤ گے اور اگر بدی کے راستہ کو اختیار کرو گے تو یہ اللہ کے غضب اور اس کی ناراضگی کا باعث ہوگا جس کی وجہ سے سزا اور عذاب کے مستحق گردانے جاؤ گے۔ اب اس واضح اور صاف ہدایت کے بعد جو آدمی نیکی و بھلائی کے راستہ کو اختیار کرتا ہے تو وہ ازراہ فضل و کرم اللہ کی رحمت سے نوازا جائے گا اور اس پر اللہ کی جانب سے فلاح و سعادت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور اگر کوئی عقل کا اندھا اپنے کسب و اختیار سے برائی کے راستہ کو اختیار کرتا ہے تو وہ ازراہ عدل سزا کا مستوجب ہوگا اور اسے عذاب و تباہی کے غار دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔ (توضیحات ۱:۲۹۴)

ہدایت و گمراہی، سعادت و شقاوت، نیکی و بدی، غربت و امیری، تندرستی و بیماری ہر چیز اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت کے تحت تقدیر میں لکھ دی ہے اسی میں دنیا کی عمر اور اس کے فنا کا وقت بھی ہے جو قیامت کی صورت میں ظاہر ہوگا۔ (معارف القرآن کاندھلوی ۳۹۴:۱)

**الشق الثانی** ...... **و نؤمن بالبعث و جزاء الاعمال یوم القیامة و العرض و الحساب و قراءة الكتاب والثواب و العقاب و الصراط و الميزان.... والجنة والنار مخلوقتان لا تفنيان ابدا ولا تبيدان .**

ترجمہ کریں۔ عبارت میں ذکر کردہ ایمانیات کی وضاحت کریں۔ مخطوطہ جملہ کی ایسی وضاحت کریں کہ جنت و جہنم کے غیر موجود و فانی ہونے کے نظریہ کی نفی ہو جائے۔

﴿خلاصۂ سوال﴾ ...... اس سوال میں درج ذیل امور کا حل مطلوب ہے: ① عبارت کا ترجمہ ② مذکورہ ایمانیات کی وضاحت ③ مخطوطہ جملہ کی وضاحت۔

**جواب** ...... ① عبارت کا ترجمہ:۔ ہم مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کئے جانے پر، قیامت کے دن اعمال کی جزاء پر، اعمال نامے پیش کئے جانے پر، حساب پر، اعمال نامے پڑھے جانے پر، ثواب و عذاب پر، پل صراط اور اعمال کے میزان پر ایمان رکھتے ہیں۔ جنت و جہنم پیدا کی ہوئی ہیں، یہ دونوں فنا و ہلاک نہ ہوں گی۔

② مذکورہ ایمانیات کی وضاحت:۔ اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ ہے کہ ہم مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کئے جائیں گے، اعمال نامے پیش کئے جائیں گے، حساب و کتاب ہوگا، اعمال نامے پڑھے جائیں گے، اعمال ناموں کا وزن بھی ہوگا، اعمال کے مطابق نیک لوگوں کو ثواب ملے گا اور فاسق و فاجر اور گنہگار و کافر لوگوں کو عذاب ملے گا، پل صراط سے گزر ہوگا، کامیاب و نیک لوگ گزر جائیں گے آگے جنت ہوگی، ناکام لوگ نیچے گر جائیں گے اور نیچے جہنم ہوگی۔ جنت و جہنم پیدا کی جا چکی ہیں، یہ دونوں فنا و ہلاک نہ ہوں گی۔ کامیاب لوگ جنت میں پہنچ جائیں گے اور فاسق و فاجر اور گناہگار و کافر لوگ جہنم میں جائیں گے البتہ گنہگار مسلمان بھی

سزا پانے کے بعد جنت میں پہنچ جائیں گے، پھر یہ لوگ ہمیشہ ہمیشہ وہیں رہیں گی، پھر کسی کو فنا نہ ہوگی۔

(۳) مخلوطہ جملہ کی وضاحت:۔ اہل حق (اہل السنۃ والجماعۃ) کے نزدیک اللہ تعالیٰ نے جنت وجہنم پیدا کی ہوئی ہیں، یہ دونوں فناء وہلاک نہ ہوں گی، یہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گی۔ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی تخلیق سے پہلے ہی جنت وجہنم کو پیدا کیا اور جنت وجہنم کے اہل بھی پیدا کیے، اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گے محض اپنے فضل وکرم سے جنت میں داخل کریں گے اور جس کو چاہیں گے عدل وانصاف کے تحت جہنم میں داخل کریں گے۔ اکثر معتزلہ کہتے ہیں کہ جنت اور جہنم ابھی موجود نہیں ہیں قیامت کے دن انکو پیدا کیا جائیگا۔

اہل حق کی پہلی دلیل حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حواء علیہا السلام کا قصہ اور ان کو جنت میں ٹھہرانا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان اُسْكُنْ آنْتَ وَ زَوْجُكَ الْجَنَّةَ یہ دلیل ہے کہ جنت اور جہنم پیدا کیے جاچکے ہیں اور موجود ہیں اسی لئے جنت میں ٹھہرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

دوسری دلیل: وہ آیات ہیں جن میں جنت اور جہنم کے تیار کیے جانے کی خبر دی گئی ہے جیسے جنت کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ اور جہنم کے متعلق اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ اس بات پر دلیل ہیں کہ دونوں پیدا کی جاچکی ہیں۔

معتزلہ کی دلیل: اللہ تعالیٰ کا ارشاد تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِى الْاَرْضِ وَ لَا فَسَادًا ہے اس آیت میں نَجْعَلُهَا استقبال کا صیغہ ہے اور آیت کا معنی ہے "یہ دار آخرت ہے جس کو ہم ان لوگوں کیلئے بنائیں گے جو زمین میں نہ تو سرکشی کا ارادہ رکھتے ہیں نہ فساد کا" پس معلوم ہوا کہ ابھی تک جنت اور دوزخ تیار نہیں کی گئیں۔

جوابات: (۱) ہم اس کو تسلیم ہی نہیں کرتے کہ نَجْعَلُهَا یہ صیغہ استقبال کیلئے ہے بلکہ ہم کہتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ یہ حال یا استمرار کیلئے ہو لہٰذا یہ آیت ماضی والی آیات کے معارض نہیں ہوسکتی (۲) اگر مان لیا جائے کہ آیت میں مضارع برائے استقبال ہے تو پھر نَجْعَلُ کا لفظ اس جگہ تملیک اور تخصیص کیلئے ہے آیت کا معنی یہ ہے کہ ہم اس کا مالک بنائیں گے (۳) اگر نَجْعَلُ کو معنی خلق کے بھی مان لیا جائے اور اس بناء پر اس کو ان آیات کے معارض مانا جائے جن میں بصیغہ ماضی جنت کی تیاری کی خبر دی گئی ہے تو پھر جواب یہ ہے کہ آدم علیہ السلام کا قصہ تو بہر حال معارضہ سے محفوظ ہے۔ لہٰذا ہم اسی کو دلیل بنا کر کہتے ہیں کہ جنت پہلے سے موجود ہے اور پیدا کی جاچکی ہے۔

ختم بالخیر

Maktaba Tul Ishaat.com

## ہماری دیگر مطبوعات





**مکتبہ زکریا**

بالمقابل جامعہ خیر المدارس ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان

0300-6357913, 0313-6357913